حسین سحر سب سے پہلے 1963ء میں اسلامیہ ہائی سکول حرم گیٹ میں ایک استاد کے طور پر اپنی ملازمت کا آغاز کیا کیونکہ اس زمانے میں پرائیویٹ ایم اے کی عام اجازت نہیں تھی اس کے لئے کسی سکول میں باقاعدہ استاد ہونا ضروری تھا اس لئے میں نے یہ ملازمت اختیار کرلی۔ 1965ء میں فیملی پلاننگ کے محکمے میں آگیا، 1967ء میں پنجاب پبلک سروس کمیشن کی جانب سے بطور لیکچرر انتخاب ہوگیا اور میں محکمہ تعلیم میں آگیا سب سے پہلے گورنمنٹ ایس ای کالج بہاولپور میں میرا تقرر ہوا اس کے بعد میرا تبادلہ گورنمنٹ انٹر کالج ملتان ہوا جو بعد میں ڈگری کالج سول لائنز کے نام سے معروف ہوا یہاں میں نے 22 سال تک خدمات سرانجام دیں 1992ء میں گورنمنٹ ولایت حسین اسلامیہ ڈگری کالج میں بطور پرنسپل میرا تقرر ہوا اور میں ریٹائرمنٹ تک وہیں فرائض سرانجام دیتا رہا، ریٹائرمنٹ میں نے 1997ء میں چار سال پیشتر حاصل کی اور اس کے بعد اپنے بچوں کے پاس سعودی عرب چلا گیا، آج کل ریٹائرڈ زندگی گزار رہا ہوں۔

☆ ادب کی طرف کب اور کیسے آئے؟ کس نے انسپائر کیا اور کیا کیا لکھا؟

حسین سحر ادب کا ذوق وشوق بچپن ہی سے تھا میرے والد مرحوم میاں برکت علی پنجابی میں شعر کہتے تھے ورے میں یہ ذوق مجھے بھی ملا چنانچہ میں نے 3/4 جماعت میں ہی شعر موزوں کرنا شروع کر دیئے شروع میں بچوں کے لئے لکھا اور پھر آہستہ آہستہ بڑوں کے ادب کی طرف آگیا ، اتفاق سے میرے لڑکپن کے دوستوں میں بھی کچھ ایسے دوست تھے جو شاعری سے دلچسپی رکھتے تھے ان میں اسلم انصاری، انوار انجم مرحوم اور اقبال رشد جنہوں نے بعد میں ادب کی دنیا میں بڑا نام پیدا کیا یہ میرے دوست تھے اس زمانے میں ملتان میں صابر دہلوی، عاصی کرنالی گلچین، کرنالی، پرواز جالندھری اور آغا خاموش مرحوم ملتان کی ادبی فضا پر چھائے ہوئے تھے، علامہ اقبال، اسماعیل میرٹھی اور کرشن چندر کو پڑھ کر لکھنے کی تحریک ہوئی نرو نظم کی تمام اصناف سخن میں طبع آزمائی کی۔

☆ اقبال ارشد کے ساتھ آپ کی جوڑی بڑا عرصہ قائم رہی اب صورتحال کیا ہے؟

حسین سحر' 1952ء میں جب میں پانچویں جماعت میں تھا اقبال ارشد سے میری ملاقات ہوئی اقبال بھی بچوں کے لئے نظمیں لکھتے تھے اور میں بھی ، اور ہماری یہ نظمیں ہندو پاک کے بچوں کے رسائل واخبارات میں باقاعدگی سے شائع ہوتی تھیں اس زمانے میں میں سحر رومانی کے نام سے لکھا کرتا تھا بعد میں 1974ء میں رومانی کو ہٹا کر اپنا نام حسین سحر رکھ لیا ، اقبال ارشد کے ساتھ میری دوستی کو 50 سال سے زیادہ کا عرصہ گزر رہا ہے وہ میرے بہترین دوست بھی ہیں اور بھائی بھی ۔میری ہر تخلیق (تحریر) کے پہلے سامع وہی ہوتے ہیں اور اسی طرح ان کی ہر تحریر کا پہلا قاری میں ہوتا ہوں ۔ یہ دوستی اب تک بغیر کسی رکاوٹ کے چل رہی ہے اور انشاءاللہ آخری دم تک چلے گی ہمارے مزاج اگرچہ کچھ مختلف ہیں لیکن اس کے باوجود ہماری دوستی جاری وساری رہے میں اقبال ارشد کے بغیر نہیں رہ سکتا اور اقبال ارشد میری بغیر، ہم دونوں لازم وملزوم ہیں کسی زمانے میں ہماری اسی دوستی کو دیکھتے ہوئے لوگ ہمیں ادب کی چھوٹی بڑی سوسائیٹیاں یا ادب کے نزاکت علی سلامت علی بھی کہا کرتے تھے۔

☆ بچوں کا شعری ادب جاندار ہے یا نثری ادب؟

حسین سحر' ہمارے یہاں بچوں کے ادب کی طرف ویسے ہی توجہ بہت کم ہے پھر آپس میں شعری اور نثری ادب کی کیا تخصیص البتہ نثر کے مقابلے میں ہمارے ہاں بچوں کے لئے شاعری کی طرف رجحان زیادہ ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ بچوں کے لئے جہاں اچھی شاعری کی جائے وہاں نثر میں بھی زیادہ سے زیادہ لکھا جائے۔

☆ پنجابی اور سرائیکی ادب سے آپ کی دلچسپی ہے اس سلسلہ میں آپ نے کیا کیا ہے؟

حسین سحر' پنجابی اور سرائیکی ادب سے بھی میری دلچسپی پرانی ہے 60 کی دہائی میں میں نے پنجابی میں لکھنا شروع کیا اور اس وقت میری چار پنجابی کتابیں آچکی ہیں جہاں تک سرائیکی ادب کا تعلق ہے اس سے بھی میری دلچسپی اتنی ہی پرانی ہے جتنی پنجابی سے چنانچہ میں آج بھی پنجابی کے ساتھ ساتھ سرائیکی میں بھی لکھتا لکھاتا رہا ہوں ، بلکہ ملتانی زبان کا نام جب سرائیکی رکھا گیا میں اور اقبال ارشد اس اجلاس میں بھی موجود تھے یعنی ہم اس کے چشم دید گواہ ہیں ہوا یوں کہ 1961ء میں سرائیکی پبلک سکول میں میر حسان الحیدری کی دعوت پر ملتان ڈیرہ غازیخان اور بہاولپور کے نمائندہ ادیبوں کا اجلاس ہوا جس میں ملتانی اور بہاولپوری زبان کو ایک مشترکہ نام دینے کے لئے سرائیکی کا لفظ اپنایا گیا سندھی میں سرائیکی کے لفظی معنی ''شمال کی زبان'' کے ہیں چونکہ یہ علاقہ سندھ کے شمال میں ہے اس لئے اس کی زبان کو وہاں سرائیکی کہا جاتا ہے چنانچہ اسی کو یہاں اپنایا گیا اور یہ نام آہستہ آہستہ مقبولیت کے اس درجے پر پہنچا کہ اب اس زبان کے اصلی نام (ملتانی) کو لوگ بھولتے جارہے ہیں، اس وقت اجلاس میں جو لوگ شامل تھے ان میں ارشد ملتانی، کیفی جام پوری، رفیق خاور جسکانی، ریاض انور وغیرہ خاص طور پر قابل ذکر ہیں ۔(اتفاق سے یہ تمام ہستیاں مرحوم ہو چکی ہیں)۔

☆ بچوں کے ادب کی طرف آپ آئے؟ پاکستان میں بچوں کے ادب کا معیار کیا ہے؟ ملتان میں بچوں کے ادب کی صورتحال کیا ہے؟

حسین سحر' میں بچوں کے ادب کی طرف 52-51 میں آ گیا تھا ملتان میں بچوں کے ادب کے سلسلہ میں میرے علاوہ اقبال ارشد' خادم کیتھلی مہر ادسحر اور مظہر کلیم اور خالد پرویز خاص طور پر لکھ رہے ہیں، اس سلسلہ میں 3/4 کتابیں اقبال ارشد کی نوبہار، ایار، چاندنی کی جھیل اور میری کتابیں پھول اور تارے' پیارے رسول' ہم کلیاں ہم پھول' ننھی منی نظمیں سپنوں کی وادی' ننھا تیر انداز شائع ہو چکی ہیں اس کے علاوہ مہر ادسحر کی ایک کتاب ''بدحواسیاں ''خالد پرویز کی 3/4 کتابیں (نری) اور مظہر کلیم کی بیسیوں کتابیں منظر عام پر آ چکی ہیں

-

☆ ادب کی تخلیق کے حوالے سے ملتان کہاں کھڑا ہے، یہاں کونسی صنف ادب زیادہ تخلیق ہوئی یہاں کا ادبی افق اور مستقبل کیسا ہے؟

حسین سحر' ملتان بلا مبالغہ ایک ادبی دبستان ہے جو صدیوں سے علوم وفنون اور ادب وشعر کا مرکز رہا ہے قیام پاکستان سے پہلے بھی یہاں کے ادبا، اور شعراء پورے برصغیر میں جانے جاتے تھے قیام پاکستان کے بعد جب کچھ لوگ ہجرت کر کے یہاں پہنچے تو اپنے ساتھ اپنی تہذیب وثقافت اور زبان ادب کے سرمایے کو بھی ساتھ لائے ان لوگوں کی شرکت سے یہاں ادب کو فروغ حاصل ہوا چنانچہ 1947ء کے بعد ادبی لحاظ سے ملتان نے کافی ترقی کی اور یہاں ہر صنف ادب میں طبع آزمائی کی گئی بے شمار شعری مجموعے شائع ہوئے اور نثر کی لاتعداد کتابیں یہاں سے شائع ہوئیں اور اب تک یہ سلسلہ جاری ہے مرحومین میں صابر دہلوی، کشفی ملتانی، عرش صدیقی، ارشد ملتانی، حزیں صدیقی، آغا خاموش، ڈاکٹر مہر عبدالحق، علامہ عتیق فکری، حسن رضا گردیزی اور علامہ طالوت خاص طور پر قابل ذکر ہیں کیفی جام پوری دور حاضر میں بزرگ اہل قلم کے علاوہ نوجوانوں کا ادبی شعور بھی روز افزوں ارتقاء پذیر ہے اس ساری صورتحال کو دیکھ کر یہ کہا جا سکتا ہے کہ ملتان کا ادبی مستقبل روشن اور تابناک ہے۔

☆ آپ کی اپنی پسندیدہ تخلیق' نمونہ کے طور پر کچھ سنائیں؟

حسین سحر' میں نے ہر صنف سخن میں طبع آزمائی کی ہے ماں حمد نعت منقبت اور سلام کے علاوہ نظم و غزل نہ میں بھی لکھتا رہا ہوں لیکن میری پسندیدہ صنف غزل ہے اپنی ایک غزل کے دو شعر پیش کر رہا ہوں۔

میں لہلہاتی شاخ کو سمجھا تھا زندگی
پتہ گرا تو درس فنا دے گیا مجھے
میرے لئے تو سانس بھی لینا محال ہے
یہ کون زندگی کی دعا دے گیا مجھے

☆ شعراء' ادیب' افسانہ نگار اور ناول نگار میں سے کون پسند ہیں؟

حسین سحر' پسند کا معاملہ ہر شخص کا ذاتی معاملہ ہے ظاہر ہے مجھے بھی کچھ لکھنے والے زیادہ پسند ہیں دور حاضر کے ادیبوں اور شاعروں میں جوش، فیض، ساحر، ندیم، کرشن چندر، اشفاق احمد، ناصر کاظمی، اور وزیر آغا مجھے زیادہ پسند ہیں۔

☆ ادب میں فکری ونظری جمود پایا جاتا ہے؟ وہ!

حسین سحر' مجھے اس معاملے میں آپ سے اختلاف ہے میرے خیال میں ادب میں کبھی فکری ونظری جمود نہیں پایا جاتا۔ ادب تو آب رواں کی مانند ہے جو ہر دور میں برابر محو سفر رہتا ہے۔ اس میں جمود کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ البتہ زمانے کے نشیب وفراز کا اس پر اثر ضرور ہوتا ہے لیکن اس کا اصل دھارا ہمیشہ رواں دواں ہی رہا ہے کہ اس کا تعلق زندگی کے ساتھ ہے اور زندگی آپ جانتے ہیں مسلسل سفر ہی کا نام ہے۔

☆ اردو زبان کا پاکستان میں مستقبل کیا ہے؟ یہ قومی زبان کے طور پر ہنوز کیوں نافذ نہ ہو سکی، ادبی دنیا اس سلسلہ میں فعال کیوں نہیں؟

حسین سحر' اردو زبان کا مستقبل اگر کہیں ہے تو پاکستان میں کہ یہ ہماری قومی زبان بھی ہے اور رابطے کا ذریعہ بھی۔ قومی زبان کے طور پر یہ اب تک اس لئے نافذ نہ ہو سکی کہ اس میں جہاں ہماری بیوروکریسی ذمہ داری ہے وہاں سیاستدان بھی شامل ہیں۔ ادبی دنیا کا بھی قصور ہے کہ وہ

بھی سیاست کا شکار ہے یہ اہل قلم کے لئے بھی لمحہ فکریہ ہے لیکن مایوسی کی کوئی بات نہیں جوں جوں میڈیا ترقی کرے گا ہمیں اپنی زبان کی اہمیت کا اندازہ ہوتا جائے گا اور انشاءاللہ ایک روز پوری دنیا میں تیسری بڑی زبان ہونے کی حیثیت سے یہ اپنے وطن میں بھی اپنی حیثیت منوالے گی۔

☆ آپ کے دونوں بیٹوں شہزاد سحر اور مہزاد سحر اور بھتیجے شاکر حسین شاکر نے اپنی شناخت شاعری کی بجائے نثر کو بنایا ہے، کیا آپ ان کی کارکردگی سے مطمئن ہیں؟

حسین سحر: الحمدللہ میرے دونوں بیٹے شہزاد اور مہزاد اور بھتیجے شاکر باقاعدگی سے لکھ رہے ہیں اور میں ان کی کارکردگی سے مطمئن ہوں۔ اللہ ان کے زور قلم میں اضافہ فرمائے۔

☆ کیا ادب کا عملی پہلو بھی ہے؟ کیا شاعری، ناول نگاری، افسانہ نویسی کل وقتی کام ہیں اور کیا یہ انسان کا پیٹ بھر سکتے ہیں؟

حسین سحر: میں سمجھتا ہوں کہ ادب انسان کا پیٹ نہیں بھر سکتا، یہ ذوق کا مشغلہ ہے پیٹ بھرنے کے لئے اور دھندے تھوڑے ہیں جو اس کو پیشہ بنا دیا جائے، چنانچہ جتنے بڑے ادیب اور شاعر گزرے ہیں ان میں چند ایک کو چھوڑ کر اکثریت کسی اور ذریعہ معاش سے منسلک رہی ہے البتہ دور حاضر میں کچھ لوگوں نے ادب سے خوب کمایا بھی ہے لیکن یہ استثناء ہے اور اسے اصول نہیں بنایا جا سکتا۔

☆ آپ کے خیال میں ادب کی تواناترین صنف کونسی ہے؟ نظم، غزل، مرثیہ یا نعت آپ نے ان سب اصناف سخن میں طبع آزمائی کی ہے؟

حسین سحر: میرے خیال میں کوئی ایک صنف بھی الگ سے توانا اور زندہ صنف نہیں ہوتی تمام اصناف میں توانائی اور زندگی ہوتی ہے صرف یہ لکھنے والوں کے رویئے پر منحصر ہے مثلاً پاکستان میں غزل زیادہ مقبول ہے جبکہ ہندوستان میں نظم، اسی طرح ہمارے یہاں افسانہ کا زیادہ رواج ہے اور وہاں تنقید کا رہا مرثیہ یا نعت تو وہ دونوں جگہ اپنے اپنے حلقے میں زندہ ہیں البتہ نعت کو پاکستان میں زیادہ فروغ حاصل ہے۔

☆ آپ کو ترجمے سے بھی دلچسپی ہے؟ سنا ہے آپ نے حال ہی میں قرآن پاک کا اردو میں منظوم ترجمہ کیا ہے، کچھ اس سلسلہ میں بتائیں؟

حسین سحر: ترجمے میں بھی میری دلچسپی پرانی ہے چنانچہ میں نے پنجابی، سرائیکی، انگریزی، فارسی اور عربی زبان کے بہت سے فن پاروں کو اردو میں منتقل کیا ہے اس سلسلہ میں ایک شاعر کا ترجمہ ''نظمیں'' کے نام سے منظر عام پر آ بھی چکا ہے اس کے علاوہ میں نے الحمدللہ قرآن پاک کا اردو میں منظوم ترجمہ بھی مکمل کیا ہے جو عنقریب شائع ہو رہا ہے، یہ ترجمہ میں نے نظم آزاد میں کیا ہے، علاوہ ازیں میں نے 20 کتب تصنیف کیں جن کے نام یہ ہے پھول اور تارے، پیارے رسولؐ تقدیس، تخاطب، تطہیر، دو جگ داوائی، تحسین، کتب نما، سوچ و چار، تجلی، سعادت حمد و نعت، صورت، پھل کلیاں، ستارہ و ہلال دھیاں چھانواں تنویر، ہم کلیاں ہم پھول، نظمیں (ترجمہ) کہر میں دھنک (نظمیں)۔

☆ اعزازت وغیرہ کی پوزیشن؟

حسین سحر: الحمدللہ عوامی اور سرکاری سطح پر میرے فن کی پذیرائی بھی ہوئی چنانچہ اس سلسلہ میں میری نعتوں کی کتاب ''تقدیس'' کو صدارتی ایوارڈ 1889ء میں ملا، جبکہ 1988ء میں بچوں کے لئے سیرت کی کتاب ''پیارے رسولؐ'' پر ''قومی سیرت'' انعام ملا یہ کتاب الحمدللہ اردو میں بچوں کے لئے سیرت کی مقبول ترین کتاب ہے جسے Best Seller کہتے ہیں جو کیر تعداد میں شائع ہو چکی ہے جسے سنگ میل لاہور نے شائع کیا ہے اس کے علاوہ بچوں کے لئے کتاب پھول اور تارے پر رائٹرز گلڈ انعام اور بچوں ہی کیلئے ایک کتاب ''ننھی منی نظمیں'' پر نیشنل بک فاؤنڈیشن کا انعام ملا علاوہ ازیں ورلڈ ہوا زہو کے تحت امریکہ اور برطانیہ کی یونیورسٹیوں میں میرا نام شامل کیا گیا، یونیسیف 1992ء کی شعراء اور ادبا کی ڈائریکٹری میں میرا نام بھی شامل کیا گیا جس میں آپ کا نام بھی شامل ہے۔

☆ میں روزنامہ ''پاکستان'' ملتان کی جانب سے آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے ہمیں وقت دیا۔

حسین سحر: آپ کا بھی شکریہ۔ (مطبوعہ: روزنامہ ''پاکستان'' ملتان)

کتابوں پر تبصرے

باب العلم

ملک بھر میں پندرہویں صدی ہجری کے آغاز کے سلسلے میں جہاں سرکاری سطح پر دینی اور علمی ادبی کام ہوئے وہاں مختلف شہروں کی مختلفعلمی وادبی مجلسوں اور انجمنوں نے بھی خاطر خواہ حصہ لیا ہے۔ ملتان عرصہ دراز سے علمی وادبی سرگرمیوں کا مرکز چلا آرہا ہے اور یہاں گذشتہ برسوں میں علم وادب کی تحقیق کے سلسلے میں بہت سا کام ہوا ہے۔

مجلس اہل قلم نے پندرہویں صدی ہجری کا استقبال زیر نظر کتاب ''باب العلم'' کی اشاعت سے کیا ہے۔ کتاب کی ترتیب کا کام حسین سحر نے بڑی جانفشانی سے سرانجام دیا ہے۔ کتاب کا نام ''باب العلم'' سنتے ہی ہر مسلمان ذی شعور کا ذہن حضرت علی ابن ابی طالبؑ کی طرف مائل ہوتا ہے کہ متفقہ حدیث نبوی ہے۔انا مدینة العلم و علی بابها (میں علم کا شہر اور علیؑ اس کا دروازہ ہیں) حسین سحر نے ایسی بہت سی منقبتیں یکجا کی ہیں جن میں مولائے کائنات حضرت علیؑ کا تذکرہ موجود ہو اور اس مجموعے کو باب العلم کے نام سے موسوم کیا ہے۔ اکانوے شعراء کا کلام زیر نظر مجموعہ کی زینت ہے۔ چند ایک بزرگان دین اور اساتذہ کرام کا کلام تبرکا۔ مجموعے کے آغاز میں شامل کیا گیا ہے۔ حسین سحر کا یہ کام لائق ستائش ہے کہ انہوں نے مناقب علیؑ کو یکجا کرنے میں اولیت حاصل کی ہے۔

ماہنامہ تخلیق لاہور۔ مبصر: اصغر مہدی

لُہو لُہو

امام حسینؑ کی شخصیت میں عظمت کے کئی پہلو پوشیدہ ہیں چنانچہ چودہ سو سال سے ادیب اور شاعر ان کی تلاش میں سرگرداں ہیں۔ واقعہ کربلا کے بارے میں بے شمار شعر کہے گئے ہیں۔ مگر اب بھی اس کے ایسے انداز موجود ہیں جو دعوت فکر دیتے رہتے ہیں۔ کربلا کے میدان میں امام صاحب کے ساتھ بہتر ساتھی تھے ان کی رعایت سے حسین سحر نے زیر تبصرہ کتاب میں 72 شعراء کے کلام کا انتخاب پیش کیا ہے۔ ان کے علاوہ شروع میں حضرت معین الدین چشتی اور علامہ اقبال

کے اشعار بھی بطور تبرک شامل کئے گئے ہیں۔اس انتخاب سے تشنگی کچھ بڑھ جاتی ہے مگر یہ ضرور معلوم ہو جاتا ہے کہ شعراء نے امام عالی مقام کے بارے میں کیا کچھ تحریر کیا ہے۔

مبصر: ڈاکٹر حسن اختر

اشتیاق اظہر فن اور شخصیت

اشتیاق اظہر معروف شاعر اور ادیب ہیں۔معروف اور خوش فکر شعراء کے فن اور شخصیت پر کتابوں کی اشاعت کا سلسلہ مستحسن ہے۔اسی طرح فن کار کی شخصیت کا جامع تعارف بھی ہو جاتا ہے اور نگارشات بھی محفوظ ہو جاتی ہیں۔پچھلے سال ارباب ملتان نے اشتیاق اظہر کے ساتھ ایک شام کا اہتمام کیا تھا۔اس شام میں اظہر کی شاعری اور شخصیت پر مضامین پڑھے گئے تھے۔یہ تمام مضامین چناب اکادمی ملتان نے کتابی صورت میں شائع کئے ہیں۔اس کتاب کے مرتب اقبال ارشد، اور سحر رومانوی ہیں۔مرتب خود بھی اچھے شاعر ہیں۔اس لئے اس کتاب کو بڑے سلیقے سے ترتیب دیا ہے۔ کتاب کے تمام مضامین معیاری اور دلچسپ ہیں اور اشتیاق اظہر کی شخصیت نیز فن کے تمام پہلوؤں کو اجاگر کرتے ہیں۔یہ کتاب شخصیتوں پر کام کرنے والوں کے لئے مثالی حیثیت رکھتی ہے۔

''نئی قدریں'' خاص نمبر مئی 1970ء (حیدرآباد)

مبصر۔اختر انصاری اکبرآبادی

خالد۔شخص و شاعر

خالد۔شخص و شاعر: جیسا کہ نام سے ظاہر ہے ہمارے عہد کے ایک ممتاز شاعر عبدالعزیز خالد کی شخصیت اور شاعری پر لکھے جانے والے مضامین کا منتخب اور قابل ذکر مجموعہ ہے۔ جسے حسین سحر نے ترتیب دیا ہے۔ 192 صفحات کا یہ نثری مجموعہ تیرہ مبصروں اور ادیبوں کی نگارشات پر مشتمل ہے۔لکھنے والوں میں ڈاکٹر سید عبداللہ۔شاہد احمد دہلوی مرحوم۔ڈاکٹر فرمان فتح پوری اور ڈاکٹر حسرت کاسگنجوی جیسے مشاہیر اہل قلم بھی شامل ہیں۔تاہم نمائندگی کرنے والے دوسرے ادیبوں کی تحریریں بھی مواد اور پیشکش کے لحاظ سے یقیناً اپنا ایک اہم مقام رکھتی ہیں۔

حسین سحر نے خالد کے شخصی مرتبے اور شعری مقام کا تعین کرنے والے ان تمام اچھے مضامین کو جمع کر دیا ہے جنہیں ''خالدیات'' کے سلسلے میں کسی نہ کسی طرح کوئی اہمیت حاصل تھی۔

منتشر اور متنوع تحریروں کے انبار میں سے جس تمیز اور تفریق سے انہوں نے قابل قدر مواد کو چھانٹا ہے وہ ان کے حسن مذاق کا جیتا جاگتا ثبوت ہے۔جناب خالد ہمارے درمیان زندہ ہیں۔زندہ شخصیت کے بارے میں نقد و نظر کے منصب کو نبھانا آسان نہیں ہوتا۔تنقید کی میزان عموماً اپنا توازن کھو دیتی ہے اور اگر اس زندہ شخصیت سے قلبی دوستی بھی ہو تو عقیدت مندی فیصلے کی معروضیت اور غیر جانبداری پر ضرور اثر انداز ہوتی ہے اور سچ کے ساتھ جھوٹ کا کچھ نہ کچھ عنصر ضرور خلط ملط ہو جاتا ہے تاہم یہ مجبوری بھی ہے جس سے پوری طرح مفر ممکن نہیں۔

مجموعے میں سب سے پہلے مرتب کا دیباچہ ہے جس کی آخری سطر بہت معذرت خواہانہ ہے اس نے لکھا ہے کہ میں ان کے بکھرے ہوئے ادبی جواہر ریزوں کو صرف یکجا کرنے کا گنہگار ہوں میرے خیال میں جناب حسین سحر کا یہ صرف انکسار ہے۔فرد فرد مضامین میں یکجائی اور ترتیب میں بھی ان کا ذوق تخلیق شامل ہے۔شاہد احمد دہلوی کا خاکہ لفظی مصوری کا ایک شاہکار ہے انہوں نے خالد کی نئی تشکیل پرانے حوالوں سے کی ہے۔ارشاد احمد حقانی نے خالد کو ایک بے حد عظیم اور مخلص فنکار بتایا ہے۔انہوں نے خالد کو قریب ترین مقام سے دیکھا ہے اور ان کی فن سے گہری وابستگی اور پر خلوص لگن کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔سید مقصود زاہدی نے خالد کو بہت خلاق بہت منفرد اور بہت بڑا نظریاتی شاعر قرار دیا ہے۔ان کے خیال میں وہ کٹر پاکستانی ہے اور علامہ اقبال کے خواب دگر دانائے راز کی عملی تعبیر ہے۔ڈاکٹر سید عبداللہ کی رائے میں خالد ایک اختراع پسند نعت نگار ہے۔انہوں نے اس کی فنی قدروں کو ادب کی جدید تحریکوں مثلاً تاثریت۔اظہاریت اور تجریدیت کے حوالوں سے اجاگر کیا ہے۔انہوں نے خالد کے افکار کا ماخذ اسلام قرار دیا ہے۔ ڈاکٹر فرمان فتح پوری نے خالد کی روش فکر و سخن پر روشنی ڈالی ہے اور ان کی کتابوں ''منحنا'' ''لحن صریر'' اور دوسری تصانیف کے حوالے سے ان کے ہاں غالب و اقبال کے اثرات کی نشاندہی ہے، عفت موہانی نے خالد کو عاشق رسول کی حیثیت سے پڑھا اور سنا ہے۔ان کا خیال ہے کہ خالد اقبال کی

نعتیہ شاعری کا متولی اور وارث ہے، جعفر طاہر کا مضمون تاثراتی ہے اور انہوں نے خالد کو ملک الکلام یعنی فرمانروائے سخن قرار دیا ہے اور تخلیقی پیرائے میں خالد کے ہاں جمالیاتی قدروں مثلاً تشبیہ واستعارہ اور کنائیہ وغیرہ سے پیدا ہونے والی جمالیاتی فضا اور شعر کے ڈرامائی عناصر آہنگ اور درد بست الفاظ سے پیدا ہونے والے صوتی اثرات کو واضح کیا ہے۔ ڈاکٹر حسرت کاسگنجوی نے ان کے ہاں انجیل، تورات، زبور اور اقوام عالم کی تاریخ کے مطالعہ سے حاصل ہونے والے افکار کو شعر میں ڈھالنے کی صلاحیت کا اعتراف کیا ہے اور اس کے شعری اسلوب کی قرۃ العین حیدر کے نثری اسلوب سے مماثلت قائم کی ہے۔ عاصی کرنالی نے اپنے تاثراتی مضمون میں خالد کو تیز رفتار پر جوش اور تیز موج سمندر کہا ہے اور ان کی زبان کو ایک ایسا وسیع دائرہ قرار دیا ہے جس میں کائنات بھر کی تہذیبیں اور زبانیں اپنی تمام تواناروایتوں اور احیائی امکانات کے ساتھ سمٹ آئی ہیں۔ خالد بزمی نے خالد کی لفظی ثقالت اور مشکل پسندی کو رد کر کے صرف اس کی آسان شاعری کو پیش کیا۔ اس کا خیال ہے کہ مشکل سے آسان کی طرف یہ سفر خالد نے ماحول کے اشارے پر کیا ہے۔ کمار پاشی نے خالد کی شاعری میں سنسکرت ادب کے اس رس کو دریافت کیا ہے جو عورت کی جسمانی مصوری اور لمسی کیفیت سے پیدا ہونے والی جمالیاتی مظاندوزی اور مسرت آفرینی کا دوسرا نام ہے خالد کی شاعری کا یہ زمینی اور ارضی پہلو اس کی شاعری کے مذہبی اور آسمانی عنصر کے متوازی چلتا ہے۔ وزیری پانی پتی نے خالد کی شاعری میں بلحاظ موضوع ماضی حال اور مستقبل کے پورے پھیلاؤ کو سمٹے ہوئے دیکھا ہے۔ ان کے ہاں سیفو اور دلائلہ کا ذکر اس انداز سے آیا ہے کہ بعد زمانی کا ذرا احساس نہیں ہوتا۔ ان کے خیال میں ''فارقلیط'' دنیا کی وہ طویل ترین نظم ہے کہ صرف اس کے پیش نظر خالد کو وحید عصر اور یکتائے روزگار کہا جا سکتا ہے۔ سب سے آخر میں حسین سحر نے اپنے مضمون میں خیال ظاہر کیا ہے کہ گزشتہ بیس پچیس سال میں خالد نے اپنے شعری سرمائے کے ساتھ اردو کو سب سے زیادہ مالا مال کیا ہے وہ صاحب طرز شاعر ہے اور اس کا اسلوب عالمانہ پر شکوہ اور رفیع ہے۔ وہ غالب اور اقبال سے متاثر بھی ہے اور مختلف بھی۔ یہ تھا مضامین کا جائزہ مختصراً یہ کہا جا سکتا ہے کہ مقامات کا یہ گراں قدر مجموعہ یقیناً بڑی افادیت کا حامل ہے۔ ایک پڑھے لکھے قاری کے لئے جہاں یہ ایک حوالہ بن سکتا ہے وہاں عام قاری کے لئے بھی اپنے اثر اور کیفیت

کے لحاظ سے یقیناً سودمند ہے۔

ماہنامہ ''کتاب'' لاہور۔ جولائی 1977ء مبصر:۔ پروفیسر تاثیر وجدان

منزل کی طرف

یہ کتاب ایک سہ بابی تمثیل ہے جس کا نام ''منزل کی طرف'' ہے اور مصنف سحر رومانی اور اقبال ارشد۔ یہ سہ بابی تمثیل، اس طرح لکھی گئی ہے جس طرح اسٹیج ڈرامے لکھے جاتے ہیں، اس کا اہم موضوع وہ اہم حالات ہیں جن سے عموماً ہر طبقہ دوچار رہتا ہے۔ مثلاً یہ کہ آمدنی کم ہے، اخراجات زیادہ رہنے کے لئے معقول انتظام نہیں، اولاد میں اضافہ برابر ہوتا ہے اور تعلیم کے ذرائع مفقود یہ مسائل ایسے ہیں جو غریب طبقے کا مقدر بن چکے ہیں۔ اس ڈرامے میں کوشش کی گئی ہے کہ ان تمام خرابیوں کو سامنے لانے کے بعد ان کے سدباب کی تلاش کی جائے، اس میں اہم نکتہ یہ بھی ہے کہ اولاد کی زیادتی بھی بعض اوقات مشکلات کا باعث بن جاتی ہے۔ ڈرامے میں یہ رخ بہت ہی خوبصورت طریقے سے آتا ہے۔ اگر یہ احتیاط نہ کی جاتی تو یہ ڈرامہ اشتہار بن جاتا اس ڈرامے میں کوئی اشتہاری یا سطحی بات نہیں ہے بلکہ موضوع کو دلائل کے ساتھ اس انداز میں پیش کیا گیا ہے کہ یہ ڈرامہ اصلاح کا سبب بن سکے اور وہ طبقہ جو عموماً دشواریوں کا شکار رہتا ہے۔ اپنے لئے کوئی مناسب راہ اختیار کر سکے۔

اس سہ بابی تمثیل کا ایک رخ یہ بھی ہے کہ زبان ادبی اور معیاری ہے اور یہ کہ ڈرامے کا کوئی حصہ کمزور نہیں ہے کہیں بھی بے ربطی اور بے کیفی کا احساس نہیں ہوتا، یہ مصنفین کی ذہانت کی دلیل ہے۔

(بشکریہ ریڈیو پاکستان حیدرآباد)

مبصر اختر انصاری اکبرآبادی

''نئی قدریں'' حیدرآباد۔ اکتوبر 1971ء

اختر مہران

مردہ پرست معاشرے میں جیتے جی کسی شخصیت پر مضامین لکھ کر پڑھنے کے بعد کتابی شکل میں شائع ہو جائیں تو ایسے حیرت انگیز واقعہ کو بجا طور پر معجزہ کہا جا سکتا ہے ''اختر مہران'' ایسی

ہی ایک کتاب کا نام ہے۔ زیرِ نظر کتاب میں پندرہ مضامین شامل کئے گئے ہیں جو اردو کے معرف شاعر ادیب اور نقاد اور صحافی اختر انصاری اکبرآبادی کی شخصیت اور فن کے بارے میں لکھے گئے ہیں ۔ یہ مضامین ادبی جریدے ''نئی قدریں'' کی سلور جوبلی کے موقع پر پڑھے گئے تھے۔

اختر انصاری اکبرآبادی ''نئی قدریں'' کے مدیر ہیں اور گذشتہ پچیس برس سے اس ادبی جریدے کی شمع کو جلائے ہوئے ہیں ۔ ڈاکٹر وزیر آغا کے مطابق اختر انصاری اکبرآبادی ایک اچھے انسان اور ایک مدیر ہی نہیں ایک خوش گفتار شاعر اور سوجھ بوجھ رکھنے والے تبصرہ نگار بھی ہیں ۔ جن لوگوں نے حیدرآباد ریڈیو سے ان کے تبصرے سنے ہیں وہ ان کی کشادہ نظری اور تنقیدی سوجھ بوجھ کے معترف ہیں ۔ اسی طرح جن لوگوں نے ان کی غزلیں سنیں ہیں وہ جانتے ہیں کہ اختر صاحب نے کلاسیکی رکھ رکھاؤ کو حرزِ جاں بنا رکھا ہے اور اپنی غزل میں غزل کی نغمگی کو بطور خاص ملحوظ رکھا ہے۔

زیرِ نظر کتاب میں ڈاکٹر وزیر آغا، سلیم احمد، عاصی کرنالی، سجاد باقر رضوی، اقبال ساغر صدیقی اور جان کاشمیری کے مقالات خاص اہمیت کے حامل ہیں ۔

ماہنامہ تخلیق لاہور، مبصر سام لاہوری

تخاطب

حسین سحر ان شاعروں میں سے ہیں جو بدلتے وقت کے تقاضوں سے آگاہ ہوتے ہیں اور ان کی شاعری انہی سانچوں اور لہجوں میں ڈھلتی رہتی ہے ۔ گویا وہ ایک مقام پر رک نہیں جاتے ۔ ان پر جمود طاری نہیں ہوتا اور وہ اس زعم میں بھی نہیں رہتے کہ زمانہ پلٹ کر ان کی طرف دیکھے گا ۔ عصری شعور انہیں اس کرب سے آگاہ رکھتا ہے جس میں معاشرہ اور انسانیت مبتلا ہوتے ہیں ۔ مگر ان جیسے دھیمے لہجے کے شاعر کا کمال یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے جذبوں کو نعرہ نہیں بناتے اور ان پر وقت کے فیشن کے مطابق کسی نظریے کی مہر بھی ثبت نہیں کرتے ۔ یہی وجہ ہے کہ وہ کسی چھاپ کے بغیر شعر و ادب کے ہر حلقے میں یکساں مقبول ہیں ۔

حسین سحر کی شاعری کا سفر ربع صدی سے بھی زیادہ عرصے پر پھیلا ہوا ہے ۔ غزل کے علاوہ ان کے کئی نعت کے مجموعے بھی چھپ چکے ہیں اور وہ ملتان سے اہل قلم کے نام سے ایک معیاری ادبی رسالہ بھی جاری رکھے ہوئے ہیں ۔ تخاطب ان کا پہلا مجموعہ کلام ہے اور اس میں

وقت کے آشوب اور ذات کے کرب کا بہت خوب صورت امتزاج ہے ۔ ان کی غزل جہاں کلاسیکی روایات کی امین ہے وہیں سوچوں میں ندرت اور جدت بھی ہے یہ شعر ملاحظہ کریں ۔

تمام شہر ہے خاموش جاگتا ہوں میں
اندھیری رات میں جلتا ہوا دیا ہوں میں

نظر کو خیرہ کیا اس قدر شعاعوں نے
کہ ہم نے چاند کی رنگت بھی سرمئی دیکھی
جس سے شب کی تاریکی کچھ اور بڑھے
اس جگنو کو صبح کا تارا مت کہنا

تغزل کے حوالے سے رومانوی خیالات کا پرتو بھی ملتا ہے اور وصل اور ارسائی کی کیفیات کا اظہار بھی جھلکتا دکھائی دیتا ہے۔

''روزنامہ امروز'' مبصر اظہر جاوید

تقدیس

حسین سحر ملتان کے ممتاز اہل قلم اور معروف دانش ور ہیں ۔ وہ ماہر تعلیم بھی ہیں، لیکن انہوں نے اپنا مشغلہ محض درس و تدریس تک محدود نہیں رکھا بلکہ شعر و ادب کی ہر صنف میں انہوں نے اپنی تخلیقات پیش کی ہیں ۔ غزل ہو یا نظم، نعت ہو یا منقبت، افسانہ ہو یا خاکہ انشائیہ ہو یا تبصرہ، مقالہ ہو یا تنقید غرض کہ انہوں نے ہر صنف میں طبع آزمائی کی ہے حتیٰ کہ بچوں کے لئے بھی نظمیں لکھی ہیں جو دلچسپ اور سبق آموز ہیں ۔ جناب عاصی کرنالی نے ''پیش حرف'' میں لکھا ہے کہ میرا یہ ادبی عقیدہ ہے کہ تمام اصناف سخن شعری مشق کے بل پر معرض وجود میں آسکتی ہیں ۔ لیکن نعت صرف عشق کے بطن سے ظہور کرتی ہے اگر انسان کا سراپا آتشِ عشق سے گزرا نہ ہو تو نعت وجود ہی میں نہیں آسکتی ۔ یہ کسی رسم و رواج کی تکمیل نہیں ۔ نعت سوچ سے اظہار تک صادق جذبوں کا ایک چراغاں ہے جس کی حرارت اور شعلگی کی اصل عشق اور صرف عشق ہے'' نعت نگاری میں

'' کچھ ادھر کا اشارہ' لازمی ہے ورنہ بات نہیں بنتی اور نعت نعت نہیں ہو سکتی۔
حسن سحر خوش نصیب ہیں کہ ان کے نعتوں میں بھی '' کچھ ادھر کا بھی اشارہ موجود ہے''

مرے دل میں ہے شمع عشق روشن
مجھے کیا واسطہ تاریکیوں سے
مرے نزدیک آ سکتی نہیں تاریکیاں غم کی
مرا سینہ چراغ عشق احمد ؐ سے فروزاں ہے

اسی طرح جب تک نبی اکرم ﷺ کا قرب اور وسیلہ حاصل نہ ہو خدا تک رسائی اور اس کی معرفت بھی ممکن نہیں، سعدی ہو یا جامی، غالب ہو یا اقبال، سبھی تقرب الٰہی کی بنیاد معرفت رسول کو قرار دیتے ہیں۔ حسین سحر نے بھی اسی زینہ اور ذریعہ کا اعتراف کیا ہے۔

جب ان کو دیکھا تو ہم نے خدا کو پہچانا
خدائے پاک کا دیدار ہے حضور کی ذات

حسین سحر نے نعت سے سیرت نگاری کا کام بھی لیا ہے انہوں نے نعت کو سرور کائنات کے محاسن فضائل اور اخلاق و کردار کی تجلیات بیان کرنے کا وسیلہ بنایا ہے۔ اسی طرح انہوں نے مسلمانوں کی اخلاقی تربیت کا فریضہ بھی سرانجام دیا ہے۔

زیست محروم کرم تھی کتنی
آپ ؐ کی شانِ عطا سے پہلے
آگہی، علم، شعور و عرفاں
کچھ نہ تھا نور ہدیٰ سے پہلے
ہر طرف پھیلی ہوئی ہے اب بھی
آپ ؐ کے دست کرم کی خوشبو

حسین سحر کے نعتیہ اشعار میں علامہ اقبال کا رنگ اور مفاہیم موجود ہیں۔ غرضیکہ حسین سحر نے نعت کو محض حضور اکرم ؐ کے سراپا کے بیان تک ہی محدود نہیں رکھا بلکہ ان کی تعلیمات اور اس کے نتیجے میں ظہور پذیر ہونے والے فوائد اور برکات و حسنات کو بھی موضوع سخن بنایا ہے اور یہی وہ کام ہے جو

عصر حاضر کی اشد ضرورت ہے۔ نعت نگاری کو زندہ رہنا ہے تو اس میں نئے مضامین اور نئے مفاہیم کو داخل کرنا ہوگا اور عصر حاضر کے نعت نگاروں نے جن میں حفیظ تائب، عارف، عبدالمتین، حافظ لدھیانوی، بے چین رجپوری بدایونی نظیر لدھیانوی منیر قصوری راجا رشید محمود شامل ہیں۔ نعت کی صف کو بہت وسعت دی ہے اور اس میں دور جدید کے مسائل کا حل پیش کیا ہے۔ اور بتایا ہے کہ اگر انسانیت فوز و فلاح چاہتی ہے تو وہ اسوہ رسول مقبول پر عمل کر کے تمام جسمانی و روحانی اور قومی و بین الاقوامی مسائل سے نجات پا سکتی ہے۔

گر تو می خواہی مسلمان زیستن
نیست ممکن جز بہ قرآن زیستن

حسین سحر کی نعت گوئی میں نئے مضامین و مفاہیم بھی موجود ہیں۔ ندا ت اور جدت بھی ہے علم و شعور کی آگہی بھی۔

(روزنامہ امروز لاہور، مبصر:۔ سعید بدر)

تطہیر

زیر نظر کتاب معروف شاعر اور ادیب، ممتاز ماہر تعلیم حسین سحر کے مناقب و سلام پر مشتمل ہے۔ اس سے قبل تقدیس کے عنوان سے ان کا نعتیہ مجموعہ بھی شائع ہو چکا ہے۔
''پیش حرف'' اسداد یب نے لکھا ہے جو ممتاز ادیب ہیں وہ اپنے مقدمے میں لکھتے ہیں۔
''حسین سحر اس دور کے ان ممتاز شعرا میں سے ہیں جنہوں نے مختلف اصناف سخن پر مکمل دسترس حاصل کی ہے۔ غزل نظم، نعت، قصیدہ کی مختلف اور متنوع ہیئتوں میں نئے نئے تجربے کئے ہیں لیکن سن و سال کی اس پختہ کاری کے دوران اب جب کہ وہ نصف صدی کا کامیاب سفر کر چکے ہیں۔ خانوادۂ اہل بیت کی مدح و تذکار میں ''تطہیر'' کے سلام و مناقب سامنے لا رہے ہیں''
''یہ سلام اس روایت کا حصہ ضرور ہیں جو روایت ہمارے صدیوں پرانے احساسات سے عبارت ہے مگر اس میں اظہار خیال کی ایسی تازگی ہے جس کی ایک ایک رگ معانی اور رشتہ انفاس میں نئے زمانے کی خوشبو رچی ہے۔ یہ سلام معنوی قرینوں اور تفکر کے لحاظ سے اردو میں بیسویں صدی کے

شعری ارتقا کا مکمل مظہر ہیں"

حسین سحر نے زیرِ نظر "تطہیر" میں سلام و مناقبت کے سلسلہ میں نئے شعری تجربے بھی کئے ہیں۔ رباعی، قطعے اور مسدس بند کے مقابلے میں انہوں نے ثلاثی کی تشکیل کی ہے لیکن چوتھا مصرعہ ترکیب بند کے طور پر استعمال کیا ہے۔

آپ قرآنِ ناطق کی تصویر ہیں
آپ نہج البلاغہ کی تحریر ہیں!
آپ دروازہ شہر علم نبیؐ
یا علیؑ، یا علیؑ یا علیؑ یا علیؑ

اسی طرح انہوں نے "حسینی بائیکوز" کی نئی اصطلاع کے تحت لکھا ہے۔

آگہی کی علامت زندہ،
استعارہ ہے عشق محکم کا
کربلا درس گاہ ایمان ہے

انہوں نے نئے تجربات میں شعریت کو مجروح نہیں ہونے دیا بلکہ اسے مزید جاندار تابدار اور پر کشش بنا دیا ہے مزید براں حسین سحر نے غم زندگی کا مقابلہ کرنے کے لئے نور حسین سے درس حکمت لیا ہے۔

غم نہیں ہے جو مصائب ہیں مری رہ میں سحر
راہ برماتا ہوں حق کے پرستاروں کو

مختلف مقامات پر انہوں نے تاریخی حوالوں اور استعاروں کو بڑی خوبصورتی سے استعمال کیا ہے اور حسین ابن علی کے سانحہ کربلا کو حضرت ابراہیم خلیل اور حضرت اسماعیل ذبیح کے تناظر میں دیکھا ہے اس طرح ایمان و ایقان اور عرفان و آگہی کے سلسلہ کی تصویر واضح ہو کر سامنے آ گئی ہے وہ کہتے ہیں۔

فدیہ ذی شان اسماعیل تو!
ہے شعاعِ فکر کی قندیل تو!
صبر کی ہے ساختہ تمثیل تو

منزل عرفان کا سنگ میل تو

اے حسین ابن علی تجھ پر سلام مزید براں حسین سحر نے اپنے سلام و مناقبت کی زمینوں کا انتخاب خود کیا ہے ان کے قوافی اور ردیفیں طبع زاد ہیں ان کے ذاتی عقیدے کی آتش پنہاں نے ان سلام و مناقب میں سوز و گداذ کے ساتھ ساتھ فکر و فن کے جمالیاتی عنصر کو نکھارا اور سنوار کر پیش کیا ہے۔

(روزنامہ امروز لاہور، مبصر:۔ سعید بدر)

تجلی:

حسین سحر نے اپنے شعری کمالات سے ایک طویل عرصے تک ادب پسندوں کو مبہوت کئے رکھا ہے۔ وہ پچھلے کئی برس سے ریاض (سعودی عرب) میں مقیم ہیں۔ لیکن ان کے فن کی خوشبو ہمیں یہاں بھی محسوس ہوتی ہے۔ حسن سحر بارہ تیرہ سال کی عمر سے شعر کہہ رہے ہیں ایک مذہبی گھرانے کے فرد ہونے کے باعث انہوں نے نعت و منقبت و سلام سے اپنے شعری سفر کا آغاز کیا تھا۔ ان کے مختلف مجموعوں کی اشاعت کے بعد تازہ ترین مجموعہ تجلی ہے۔

تجلی میں پانچ حمدیہ نظموں، 34 نعتوں، 10 منقبتوں اور 17 سلاموں پر مشتمل۔ دینی شاعری کا مجموعہ ہے۔ حسین سحر، حمد میں ایک شکر گزار بندہ خدا، نعت میں ایک عاشق رسول ﷺ، منقبت میں محب اہل بیت اور سلام میں امام عالی مقام حسین علیہ السلام کا ایک مداح خواں نظر آتے ہیں۔ ان کی شاعری کا بنیادی موضوع بھی دراصل توحید و رسالت و امامت ہے۔

یہ درست ہے کہ پچھلے بیس برسوں میں نعت گوئی پر خصوصی توجہ دی گئی ہے اور ملتان میں یہ صنف زیادہ پھلی پھولی ہے ہمیں اس کے پس منظر میں حسین سحر کی ذات بڑی فعال و متحرک نظر آتی ہے۔ حسین سحر کی دینی شاعری عقیدت اور احترام کے ساتھ ساتھ پاک اور مطہر جذبات کا آئینہ بھی ہے اسے ہم معمول سے بڑھ کر سمجھنے پر مجبور ہیں کیونکہ اس میں شاعر اپنی تمام تر حسیات و توجہات کے ساتھ شامل ہے اور جو کچھ کہتا ہے وہ اس کے عقیدے کا اظہار ہے۔ تجلی کی شاعری اپنے نام کی مناسبت سے روشن ہے، آنے والے دنوں میں اس کا اجالا دور دور تک پھیلے گا۔ اور اس شاعری میں

پیش کیے گئے جذبے پڑھنے والوں کے دلوں میں بھی آباد ہو جائیں گے۔

صحرا میں گلاب

مرتب: حسین سحر، شمشاد علی صدیقی، سجاد ظہیر

ناشر: پاکستان رائٹرز فورم۔ ریاض

''صحرا میں گلاب'' سعودی عرب میں مقیم ادیبوں اور شاعروں کی تخلیقات کا دس سالہ نمائندہ خطاب ہے۔ میری رائے میں یہ صحرا میں گلاب نہیں بلکہ گلستان کا گلاب ہے، کیونکہ سعودی عرب، خلیجی ریاستوں اور بعض دوسرے ممالک نے دیکھتے ہی دیکھتے اردو کے گلستان کی حیثیت اختیار کر لی ہے۔ یہ مجموعہ سات اجزاء پر مشتمل ہے۔ جس میں دین و وطن، مضامین، نظمیں، افسانے، غزلیں، طنز و مزاح اور پنجابی نظم و نثر کا انتخاب شامل ہے۔

''صحرا میں گلاب'' معتبر اور معروف لکھنے والوں کی تخلیقات کے ساتھ ساتھ نئے ناموں پر بھی مشتمل ہے لیکن جو بات قابل ذکر ہے وہ ان سب لکھنے والوں کی وطن دوستی، پاک وطن کی سوندھی مٹی سے محبت اور اپنی ثقافت کا بھرپور اظہار ہے۔ پاکستان کے یہ غیر سرکاری سفیر اپنی تخلیقات کے ذریعے سے بڑی بھرپور ادبی اور ثقافتی خدمت انجام دے رہے ہیں۔

ڈاکٹر اسلم فرخی ''رابطہ'' کراچی

ستارہ و ہلال

حسین سحر معروف شاعر اور نثر نگار ہیں۔ اردو اور پنجابی دونوں زبانوں میں لکھتے ہیں۔ حمد، نعت، مناقب، سلام، غزلوں اور بچوں کے لیے نظموں کے متعدد مجموعے شائع کر چکے ہیں۔ ان کے بعض مجموعوں پر قومی اداروں کی جانب سے انعام بھی دیئے گئے ہیں۔ ستارہ و ہلال، حسین سحر کی قومی اور ملی نظموں کا مجموعہ ہے۔ یہ ساری نظمیں جوش، جذبے، محبت اور خلوص میں ڈوبی ہوئی ہیں۔ انداز بیان سادہ اور پراثر ہے۔ ان نظموں کے مطالعے سے قاری کے دل میں وطن اور اکابر وطن کی محبت کا جذبہ بیدار ہوتا ہے حسین سحر نے ملت اسلامیہ کے حوالے سے بھی پراثر نظمیں لکھی

ہیں۔ فلسطین، صحرائے عرب، ایران اور جنگ خلیج کے بارے میں ان کی نظمیں قابل قدر ہیں۔ ستارہ و ہلال کے بارے میں ڈاکٹر عاصی کرنالی نے لکھا ہے کہ یہ مجموعہ ایک پیکر جمال ہے اور بقدر ذوق ہم اس سے اثر پذیر ہو سکتے ہیں۔ میری رائے میں یہ 'ستارہ و ہلال' پر بہترین تبصرہ ہے۔

ڈاکٹر اسلم فرخی ''رابطہ'' کراچی

پھلکاری

اردو زبان میں پاکستان کی دوسری زبانوں کے تراجم کا سلسلہ شروع سے چلا آ رہا ہے اور اس میدان میں بہت سے ادیبوں شاعروں نے کام کیا ہے۔ پنجابی، سرائیکی، پشتو، بلوچی، سندھی، کشمیری وغیرہ کئی زبانوں کے ادب کے تراجم ہوتے آ رہے ہیں، جن میں شاعری کے ساتھ ساتھ نثری تخلیقات بھی ہیں۔ ان تراجم میں کلاسیکی ادب کے علاوہ جدید عہد کی تخلیقات بھی شامل ہیں۔ پیش نظر کتاب ''پھلکاری'' بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ حسین سحر نثر و نظم میں جانا پہچانا نام ہے، اپنی اس کتاب میں انہوں نے پنجاب اور سرائیکی ادب پاروں کو اردو میں منتقل کیا ہے۔ اس میں ایک سو اہل قلم کی تخلیقات شامل ہیں جن میں 84 شعراء اور 16 افسانہ نگار شریک ہیں۔ مترجم نے بتایا ہے کہ یہ تراجم انہوں نے گزشتہ پچاس برس کے عرصہ میں کیے ہیں۔ جہاں تک ترجمے کا تعلق ہے، ظاہر ہے اصل تو اصل ہی ہوتی ہے تاہم حسین سحر کے تراجم قابل تعریف ہیں۔ آخر میں یہ بھی جان لیں کہ کتاب کا نام ''پھلکاری'' ہے اور پھلکاری پنجابی زبان میں وہ چادر نما دوپٹہ ہوتا ہے جس پر رنگارنگ اور طرح طرح کے پھول کڑھے ہوتے ہیں اور مترجم نے پھول بوٹوں کی نسبت سے مختلف زبانوں کے تراجم کو یہ نام دیا ہے۔

روزنامہ ''جنگ کراچی'' مبصر: شفیع عقیل

فانوس حرم

پروفیسر حسین سحر ادیب بھی ہیں اور شاعر بھی ہیں۔ اردو میں بھی لکھتے ہیں اور پنجاب زبان کو بھی ذریعہ اظہار بناتے ہیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے بعض دیگر زبانوں کے اردو میں

تراجم بھی کیے ہیں اور میں انہیں اس زمانے سے پہچانتا ہوں جب وہ بچوں کے لیے سحر رومانی کے نام سے نظمیں لکھا کرتے تھے۔ یہ 1960ء کی دہائی کا ابتدائی زمانہ تھا اور میں ماہنامہ ''بھائی جان'' کا ایڈیٹر تھا جو ادارہ ''جنگ'' کی طرف سے شائع ہوتا تھا۔ ''فانوس حرم'' حسین سحر کا غالباً ساتواں مجموعہ ہے۔ جس میں نعتیہ اور حمدیہ کلام شامل ہیں۔ ایک بات میں متعدد بار لکھ چکا ہوں کہ حمدیہ اور نعتیہ کلام کسی تنقید وتبصرے کا محتاج نہیں ہوتا کیوں کہ یہ تو محبت وعقیدت کا اظہار ہوتا ہے جس پر تبصرے کی گنجائش نہیں ہوتی۔

روزنامہ ''جنگ کراچی'' مبصر: شفیع عقیل

پھول اور تارے

بچوں کے لئے اور بچوں کی سطح پر آ کر لکھنا بظاہر ایک آسان لیکن اصل میں نہایت ذمہ داری اور تجربے اور مہارت کا کام ہے۔ کیونکہ بچہ ہر نصابی کتاب کے علاوہ دوسری عام مطالعے کی تمام کتابیں اور رسائل محض رضا کارانہ طور پر اور بے جبر پڑھتا ہے اور پڑھنا چاہتا ہے لیکن اگر بچوں کی عام مطالعے کی کتابوں میں بھی نصابی کتابوں کی طرح ہی لفظی اور معنوی جبر ہو تو بچے ایسی کتابوں کو بالکل نہیں پڑھتے۔ لیکن نظم ونثر کے جو شاعر اور مصنف بچوں کو خیالات میں نہ تو کسی جبر کا شکار کرتے ہیں اور نہ بچوں پر ہمیشہ نصیحتوں کے ڈونگرے برساتے ہیں۔ وہی ہمیشہ بچوں میں مقبول ہوتے ہیں جناب حسین سحر صاحب بھی بچوں کے ایسے ہی شاعر ہیں کہ وہ بچوں کے زیادہ قریب ہو کر اور بالکل بچوں کے قریب کی بات کرتے ہیں، پھول اور تارے حسین سحر صاحب کا بچوں کیلئے قریباً ساٹھ نظموں کا ایک پھولوں اور تاروں بھرا خوب صورت مجموعہ ہے۔

ماہنامہ ''کتاب'' لاہور۔۔ندیم ظفر

فرقان عظیم

تبصرہ نگار:.....خالد یزدانی

فرقان عظیم، قرآن کریم کے مطالب ومفاہیم کو اردو میں منظوم پروفیسر حسین سحر نے کیا

ہے۔ حسین سحر کا نام علم وادب کی دنیا میں محتاج تعارف نہیں۔ وہ محکمہ تعلیم میں تیس سال ملازمت کے بعد سعودی عرب چلے گئے تھے۔ وہ عرض مترجم کے عنوان سے رقم طراز ہیں ''میں نے جب علوم اسلامیہ میں ایم اے کرنے کا ارادہ کیا تو اس عظیم الہامی کتاب کے مطالعے میں میری دلچسپی اور بڑھ گئی۔ اس دوران مختلف تراجم اور تفاسیر کا تقابلی مطالعہ کرتے ہوئے ضرورت محسوس ہوئی کہ کوئی ایسا ترجمہ بھی ہونا چاہیے جس میں تمام اہم مکاتب فکر کے تراجم کی خصوصیات موجود ہوں چنانچہ اس کاوش کا بنیادی محرک بھی یہی احساس ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ قرآن کریم کی آیات کا نثر میں ترجمہ بھی مشکل ہے چہ جائے کہ نظم میں اسے بیان کیا جائے اور اس کے مفہوم کی ترجمانی کسی حد تک ممکن ضرور ہے''۔ زیر نظر فرقان عظیم میں حسین سحر نے بھی حتی الامکان یہ کوشش کی ہے کہ زبان سلیس، عام فہم اور رواں ہو اور اس میں وہ کامیاب رہے ہیں اور قرآن کے الہامی پیغام کی ہر سورہ کے ترجمے میں ایک تسلسل اور روانی دکھائی دیتی ہے۔ یہی مترجم کے فن کا کمال ہے اسے کتاب نگر حسن آرکیڈ ملتان سے منگوایا جا سکتا ہے۔

بشکریہ روزنامہ نوائے وقت

تحسین اور کتب نما

1997ء میں شائع ہونے والی تنقیدی مضامین پر مشتمل ان دونوں کتابوں کے مصنف پروفیسر حسین سحر ہیں۔ جن کا نام اردو ادب کے کسی بھی قاری کیلئے نا آشنا نہیں۔ انہوں نے عمر عزیز کی کئی دہائیاں تدریسی سرگرمیوں کی مصوفیات کے باوجود مسلسل تخلیقی ادبی سرگرمیوں کی نذر کیں اب کہ وہ تدریسی منصب سے سبکدوش ہو چکے ہیں یقیناً ان کی ادبی خدمات کا سلسلہ وسعت اختیار کریگا اب تک وہ کئی شعری ونثری کتابوں کے مصنف کی حیثیت سے ادبی حلقوں میں اپنا ایک منفرد مقام بنا چکے ہیں اور ان دنوں وہ مدینہ الریاض، سعودی عرب میں قیام پذیر ہیں بلا شبہ ان کا یہاں قیام سعودی عرب کے اردو ادبی حلقوں کیلئے ایک بیش بہا اضافہ ہے۔ ملتان میں قیام کے دوران پروفیسر حسین سحر ''اہل قل'' کے نام سے ایک ممتاز اور معتبر ادبی جریدہ بھی نکالتے

رہے ہیں جسے پاکستان اور ہندوستان کے اہل قلم کے علاوہ بیرون ملک ادبی حلقوں اور شخصیات کا بھرپور تعاون بھی میسر تھا اور جس نے معیاری ادبی تخلیقات شائع کر کے بڑی مقبولیت پائی تھی۔

زیر نظر کتابیں ''تحسین'' اور ''کتب نما'' پروفیسر حسین سحر کے ان ادبی مضامین کے دو مجموعے ہیں جو انہوں نے وقتاً فوقتاً مختلف کتابوں یا موضوعات پر لکھے اور جو ادبی جریدوں بالخصوص ''اہل قلم'' میں شائع ہوئے۔ کتابوں پر تبصرہ جس سنجیدگی، مطالعے کی گہرائی اور موضوع پر گرفت کا تقاضا کرتا ہے اس کا اندازہ مصنف کی ان دونوں کتابوں کے مضامین کا مطالعہ کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔

ادبی تخلیقات کے حوالے سے ان مضامین کا ایک مثبت پہلو یہ ہے کہ جیسا کہ ان دونوں کتابوں کے عنوانات ''تحسین'' اور ''کتب نما'' سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان مضامین کا مقصد لکھنے والوں کی دل شکنی یا ان پر بے جا تنقید و تنقیص نہیں ہے۔ مصنف نے ان کے ذریعے صرف اچھے ادب کی جانب قاری کی رہنمائی کی ہے جن کتابوں پر مضامین لکھے گئے ہیں وہ بھی مکانی یا زمانی طور پر کسی ایک صنف ادب یا ادیبوں کے کسی ایک گروہ تک محدود نہیں اور ان مضامین کا مطالعہ کرنے سے جہاں کتابوں کے مندرجات کا پتہ چلتا ہے وہاں پر وفیسر حسین سحر کے کثیر الجہتی مطالعہ اور غیر جانبداری کا اعتراف بھی کرنا پڑتا ہے۔

''تحسین'' میں شامل زیادہ تر مضامین شاعری کے مجموعوں کے حوالے سے لکھے گئے ہیں اور ان میں جن اصناف ادب پر تنقید کرتے ہوئے خود مصنف کی رائے بھی سامنے آتی ہے ان میں حمد و نعت، نظم، غزل، قومی و ملی شاعری، ہائیکو کے علاوہ ایک مضمون اردو میں بچوں کے ادب کے حوالے سے ہے۔ تین مضامین علامہ اقبال کے بارے میں ایک اور مضمون پنجابی اور سرائیکی ادب میں مرثیہ کے عنوان پر ہے۔ اس کتاب میں اردو، پنجابی، سرائیکی ادیبوں کی ادبی خدمات پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے جبکہ زمانی لحاظ سے میر انیس، خواجہ فرید، علامہ اقبال سے لیکر عصر حاضر کے شعراء تک کا احاطہ کیا گیا ہے۔ علامہ اقبال کے چند اشعار کی تشریح پر مشتمل مضمون خاص طور پر مصنف کی صحت فکر اور فنی بصیرت کا ثبوت دیتا ہے۔

''کتب نما'' میں شامل تمام مضامین مختلف موضوعات پر شائع ہونے والی کتابوں پر تبصرے پر

مشتمل ہیں اور اصناف ادب کے لحاظ سے اس میں دینی و ملی شاعری، سفرنامہ، افسانوی ادب، طنز و مزاح، تنقید، شاعری، تراجم، علاقائی ادب اور بچوں کا ادب کے ذیلی عنوانات کے ساتھ ان اصناف میں شائع ہونے والی کتابوں پر تبصرے یا مختصر مضامین شامل ہیں۔ پروفیسر حسین سحر نے کہیں بھی اختصار کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا مگر کسی بھی تبصرے یا مضمون کو پڑھ کر تشنگی کا احساس بھی نہیں ہوتا کہ وہ اپنا مافی الضمیر واضح انداز میں ادا کرنے کا ہنر جانتے ہیں یہ ہنر طویل ادبی اور فنی ریاضت کے ساتھ ساتھ اخلاص و دیانتداری کی خصوصیات کی دین ہے۔

اردو نیوز۔ جدہ۔ مبصر: ۔نسیم سحر

شاعری عمومی تاثرات

ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفی

حسین سحر صاحب کے مجموعۂ کلام کے نام سے ہی یہ اندازہ ہو جاتا ہے کہ وہ غزل کی ماہیت سے پوری طرح باخبر ہیں۔غزل کی مقبولیت کا بنیادی سبب ہی یہ ہے کہ اس میں شاعر کا رشتہ اپنی ذات' انسانوں' کائنات اور خود خالقِ کائنات سے نہیں ٹوٹتا۔شاعر ذرے سے خطاب بھی کرتا ہے اور اس کی گفتگو سنتا بھی ہے۔یہی نہیں وہ دلِ ذرہ میں خورشید کے لہو کی روانی کا بھی نظارہ کرتا ہے۔

حسین سحر کی غزل میں زندگی اور روایت کا تسلسل بھی ہے۔ان کی انفرادیت کا اظہار بھی' اور روایت کی توسیع بھی۔نئے مضامین یا پُرانے مضامین میں نئے پہلوؤں کو روایت کی توسیع کہنا ہی مناسب معلوم ہوتا ہے' مثلاً یہ شعر ملاحظہ ہو۔

رقص کرتے ہیں بگولے ہی بگولے چار سُو
خاک وہ اُڑنے لگی صحرا نظر آتا نہیں

نظر اور نظر کا اعتبار ہی آج کا بنیادی مسئلہ ہے۔ہم کہ فریبِ نظر کے دور میں زندہ ہیں اور یوں کہ ریت ہماری آنکھوں میں کھٹک رہی ہے۔ایسے دور میں جس اس مسئلے کا احساس اور ادراک ہو اُس کی آواز اور ذات سے صرفِ نظر نہیں کیا جا سکتا۔حسین سحر کی غزل اسی مسئلے کا شاعرانہ بیان ہے۔ جو آدمی مسائل کو ذہن کے ساتھ ساتھ دل کی فضا کا حصہ بنا دے وہ یقیناً شاعر ہے اور اچھا شاعر ہے۔ شاعری ہمارے پورے وجود کا بیان ہے جس میں ذہن اور دل دونوں شامل ہیں۔اور شاعری اس مرتبہ تک اُسی وقت پہنچتی ہے۔جب بصارت اور بصیرت دونوں ہم آغوش ہو جائیں۔

پروفیسر سحر انصاری

''تخاطب'' کی غزلیں میرے سامنے ہیں ۔ان کے مطالعے سے حُسین سحر کے تخلیقی مزاج اور شاعرانہ معیار کی پہچان ہوتی ہے۔حسین سحر ایک جانا پہچانا ادبی نام ہے ادبی رسالوں میں سحر کی تحریریں تواتر سے شائع ہوتی رہتی ہیں ۔لیکن جب کلام یکجا ہو کر شعری مجموعے کی صورت میں آتا ہے تو اس سے مجموعی طور پر لُطف اُٹھانے اور اس کی مختلف کیفیات کو سمجھنے کی راہ نکلتی ہے حسین سحر کا ''تخاطب'' اپنی ذات سے بھی ہے ۔اس کو جمالیاتی احساس سے ہمکنار کرنے والے وجود سے بھی ہے اور گردوپیش کے اس ماحول سے بھی جہاں دھوپ چھاؤں کے منظر زندگی کی بدلتی ہوئی اقدار کا پتا دیتے ہیں ۔حسین سحر نے ان مختلف کیفیات کو شاعری کا پیکر دے دیا ہے اور اپنی بات اپنے انداز میں کہنے کی سعی کی ہے۔سحر کے چند اشعار جو مجھے خصوصیت کے ساتھ پسند آئے یہ ہیں ۔

رقص کرتے ہیں بگولے ہی بگولے چار سُو
خاک وہ اُڑنے لگی صحرا نظر آتا نہیں

.....

جدھر سے گزریں جہاں جائیں سب نگر اُن کے
مسافر اپنی کوئی سرزمیں نہیں رکھتے
بصارتوں کے لئے چاہئے بصیرت بھی
یہی شعور مرے نکتہ چیں نہیں رکھتے

.....

کس نے دیکھی ہے لبوں کی خوشبو
کون سنتا ہے نظر کی آہٹ

.....

میں علامت ہوں اُجالوں کی سحر
میرے ماتھے پہ لکھا ہے سورج

.....

جب سفر کی گرد چھٹ جائے تو پھر یہ سوچنا
ہم تمہارے راستے میں نقشِ پا کیوں ہو گئے
اِک کرن آواز کی ڈوبی تھی دشتِ شام میں
شہر کے سارے دریچے بے صدا کیوں ہو گئے
اس حقیقت سے ہے واقف میرے دشمن کا ضمیر
خود بخود لب میرے مصروفِ دُعا کیوں ہو گئے
وہ جو سائے کی طرح ہمراہ تھے اپنے سحر
حادثوں کی دھوپ میں ہم سے جُدا کیوں ہو گئے
جہاں جاتا ہے میرا ذکر کرتا ہے وہ نفرت سے
یہ اس کی مہربانی ہے مجھے بھی ساتھ رکھتا ہے

''تخاطب'' میں ایسے پُراثر اشعار کی کمی نہیں ۔ان اشعار میں جذبے کی سچائی اور تجربے کی حرارت موجود ہے جسے زندگی کے بدلتے موسموں میں سانس لینے والے حساس انسان بہت قریب سے محسوس کر سکتے ہیں ۔حسین سحر اپنے اظہار میں کامیاب ہیں ۔اور ان کی شاعری اپنے عہد کے ساتھ چلنے کا حوصلہ بھی رکھتی ہے اور دوسروں کو اپنے ساتھ چلنے کا موقع بھی فراہم کرتی ہے۔ مجھے حسین سحر کا یہ شعری مجموعہ بہت پسند آیا۔

ڈاکٹر فرمان فتح پوری

''تخاطب'' کو اور حسین سحر کے ''تخاطب'' کو جب کہ وہ نگارِ فن بن کر حرف و صوت کے خوب صورت پیکر میں' لب کشا ہو۔ اپنے مخاطب کے لئے ''فردوس گوش'' و سحر آفریں ہونا ہی چاہئے تھا۔ سو' وہ ہے۔ لیکن اس سے آگے بڑھ کر اس ''تخاطب'' میں انسان کے ذہن کو چونکانے۔ اس کے احساس کو جگانے' قوتِ فکر و تامل کو مہمیز کرنے اور گرد و پیش کی زندگی کو آئینہ تمثال بنانے کا جو ایک عنصر پوشیدہ ہے وہ حیرت انگیز ہے۔

''تخاطب'' کے جن گنے چنے اشعار سے میرا واسطہ رہا ان کی روشنی میں کہنا پڑتا ہے کہ ''تخاطب'' کے ایک ایک لفظ' ایک ایک مصرع اور ایک ایک شعر سے حسین سحر کی عصری آگہی' تخلیقی صلاحیت' فنکارانہ مہارت اور اپنے گرد و پیش کی زندگی سے سچی آشنائی اور پختہ وابستگی کا سُراغ ملتا ہے۔ یہ آشنائی و وابستگی بظاہر ایک فرد کی ذات سے ہم رشتہ ہے لیکن غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ ذات کے دامن میں کائنات بھی بڑی حد تک سمٹ آئی ہے اگر ایسا نہ ہو تو شاید حسین سحر اس قسم کے اشعار نہ کہہ سکتے اور کہہ بھی سکتے تو میں کراچی کے خوں چکاں ماحول میں بیٹھ کر ان اشعار کی داد دینے پر خود کو مجبور نہ پاتا۔ دو چار شعر آپ بھی سن لیجئے۔

بجھتا ہوا دیا یہ سزا دے گیا مجھے
میں شعلۂ جنوں تھا ہوا دے گیا مجھے
میرے لئے تو سانس بھی لینا محال ہے
یہ کون زندگی کی دُعا دے گیا مجھے

.....

گنبدِ شب کا کوئی در وا نظر آتا نہیں
آسماں پر ایک بھی تارا نظر آتا نہیں

رقص کرتے ہیں بگولے ہی بگولے چار سُو
خاک وہ اُڑنے لگی صحرا نظر آتا نہیں

.....

پتھر کا اُسے نقش بنا کیوں نہیں دیتے
اس دل کو دھڑکنے کی سزا کیوں نہیں دیتے
ہر سمت ہیں نفرت کے اندھیرے ہی اندھیرے
اِک شمع محبت کی جلا کیوں نہیں دیتے

.....

دیکھتے ہی دیکھتے نا آشنا کیوں ہو گئے
وہ جو نزدیک رگِ جاں تھے جُدا کیوں ہو گئے؟
سوچتا ہوں قربتوں کا کیا یہی انجام تھا
زندگی کے رَس بھرے لمحے سزا کیوں ہو گئے؟

حسین سحر اپنی تلاش میں

پروفیسر مشکور حسین یاد

مجھ سے اکثر انٹرویو لینے والے پوچھتے ہیں۔ مشکور آپ اردو کے بڑے بڑے شعرا مثلاً میر تقی میر، غالب اقبال فیض وغیرہم میں سے کس سے زیادہ متاثر ہیں، یا ان میں سے کوئی شاعر آپ کو زیادہ پسند ہے۔ اس کا جواب میں سب کو ایک ہی دیا کرتا ہوں کہ میں اردو کے ہر اچھے اور بڑے شاعر سے متاثر ہوتا ہوں۔ اور جب مجھ سے پوچھنے والا یہ پوچھتا ہے کہ آپ کی تخلیقات ادب یعنی شاعری اور نثر پر کسی اہل قلم کا اثر نمایاں ہے تو میں جواب میں کہتا ہوں کہ میں چاہتا تو یہ ہوں کہ میری نظم ونثر پر میرے سوا کسی کا اثر نہ ہو لیکن لاشعوری طور پر ہو سکتا ہے کہ ہر بڑے شاعر ونثر نگار کا اثر میری تحریروں میں موجود ہو۔ لیکن میں اتنا ضرور جانتا ہوں کہ میں بہ حیثیت صاحب قلم اپنی تلاش میں مسلسل لگا ہوا ہوں۔

حسین سحر کی تحریروں سے صاف پتا چلتا ہے کہ انہوں نے اپنے طور پر اپنے آپ کو پا لیا ہے۔ میرا مطلب یہ ہے کہ وہ مجھے اپنی طرح اپنی تلاش میں سرگرداں نظر نہیں آتے۔ ہر لکھنے والا خواہ وہ چھوٹا ہو یا بڑا سب سے پہلے اپنی تلاش میں شعوری یا لاشعوری طور پر نکلتا ہے۔ بہت سے لکھنے والے اپنے آپ کو جلدی پا لیتے ہیں۔ بہت سے مجھ ایسے اہل قلم اپنی تلاش میں مسلسل لگے رہتے ہیں اور ان کی تلاش کا یہ عمل جاری رہتا ہے۔

حسین سحر صاحب کی میں نے غزلیں بھی پڑھی ہیں۔ مناقب کا بھی مطالعہ کیا ہے۔ ان کی حمد ونعت بھی میرے زیر مطالعہ رہی ہیں اور سب سے بڑھ کر انہوں نے جو ایک کاوش یہ کی ہے کہ قرآن پاک کا مفہوم لوگوں کی سمجھ میں آجائے ایک الگ نوعیت کی کوشش ہے۔ حسین سحر نے یہ نہیں دعوی کیا کہ انہوں نے قرآن پاک کا ترجمہ کیا ہے بلکہ واضح طور پر یہ بتایا ہے کہ موصوف نے قرآن پاک زبان اردو کے ذریعے سمجھنے اور سمجھانے کی کوشش کی ہے ورنہ آپ جانتے ہیں۔ ترجمہ ویسے ہی مشکل کام ہے اور قرآن پاک کے ترجمے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ ترجمہ کے بارے میں ایک معیار یہ ہے کہ

ترجمہ اصل عبارت سے نہ اونچا ہونا چاہئے اور نہ نیچا۔ قرآن پاک کے ضمن میں یہ بات ممکن ہی نہیں ہے۔ گویا قرآن پاک کے ترجمے کا دعوئی کرنا سراسر ایک غلط بات ہے۔ اس لئے حسین سحر اس منزل سے بھی نہایت خوبی کے ساتھ عہدہ برآ ہوئے ہیں۔

اسی طرح وہ غزلیں مناقب اور حمد ونعت بھی اپنے انداز سے کہتے ہیں۔ لاشعوری طور پر آپ کہہ سکتے ہیں کہ ان کی شاعری پر بڑے شعرا کا اثر ہو لیکن بغور دیکھیں تو معلوم ہوتا ہے۔ حسین سحر اس معاملے میں بھی بہادر اہل قلم میں سے نکلے کہ اپنے کلام میں وہ خود بولتے محسوس ہوتے ہیں۔ آپ ان کی شاعری کے بارے میں ہرگز نہیں کہہ سکتے کہ موصوف کی فلاں غزل یا فلاں حمد اور فلاں نعت یا منقبت فلاں بڑے شاعر سے متاثر ہو کر کہی گئی ہے۔

حسین سحر کی جیسی غزل ہے ان کی اپنی ہے۔ حسین سحر کی جیسی حمد ہے ان کی اپنے انداز کی حمد ونعت ہے۔

میں نمونے کے طور پر جیسا کہ عموماً تبصرہ نگار کرتے ہیں۔ حسین سحر کا کوئی شعر پیش نہیں کر رہا جو کچھ عرض کیا ہے وہ حسین سحر صاحب کا کلام پڑھ کر۔ خود فیصلہ کیجئے کہ میں نے کہاں تک سچی بات کہی ہے۔

جس حسین سحر سے آپ عام زندگی میں ملتے ہیں۔ ان کی شاعری بھی آپ کو ان سے متعارف کرائے گی۔ یہ ایک الگ بحث کہ آپ حسین سحر کی شاعری سے کس طرح متاثر ہوتے ہیں کیونکہ قاری سے بڑھ کر کسی شاعری کے متن کا دوسرا کوئی نقاد نہیں ہو سکتا۔ اس نے آپ حسین سحر کی شاعری کا مطالعہ کیجئے۔

میری آپ سے یہی درخواست ہے تا کہ آپ کو معلوم ہو کہ حسین سحر نے خود کو کہاں تک تلاش کیا ہے۔

حسین سحر کا شعری رنگ

ڈاکٹر عاصی کرنالی

ایک موسم خزاں کا ہے ایک بہار کا ان دو موسموں سے زندگی نے دو رویے پیدا کئے ایک رویہ ہے بہار کے بعد خزاں آئے گی دوسرا یہ ہے خزاں کے بعد بہار آئے گی پہلے کا نام ہے یاسیت دوسرے کا امید پرستی' اسی طرح اندھیرا اور اجالا یا رات اور صبح اسی طرح فراق اور وصال اسی طرح غم اور مسرت اب یہ زندگی کے سفر کا رخ ہے کہ وہ اندھیرے سے اجالے کی طرف پیش رفت کرتی ہے یا اجالے سے اندھیرے کی جانب پسپائی اختیار کرتی ہے اس کی پیش قدمی مسرت کی جانب ہے یا اس کی مراجعت غم کی سمت وہ فراق کے نقطے پر جامد ہو جاتی ہے یا وصال کی فضاؤں میں متحرک ہوتی ہے زندگی تاریک بین یا روشنی دوست' منفی روش رکھتی ہے یا مثبت' کسی شاعر کی تخلیقات بھی انہی دو رویوں میں سے ایک رویے کی آئینہ دار ہوتی ہیں۔

آیئے حسین سحر کی غزلیات میں ان کے رویے کا سراغ لگائیں حسین سحر خزاں کو ایک موسم ضرور سمجھتے ہیں اور اس میں چند لمحے بسر بھی کرتے ہیں لیکن اس پڑاؤ میں خیمہ زن نہیں ہوتے خزاں کے اس لمحاتی قیام کے فوراً بعد ان کا سفر منزل بہار کی جانب شروع ہو جاتا ہے وہ اس منزل پر سکونت اختیار کرتے ہیں کبھی کبھار ذرا ذائقہ بدلنے کے لئے وہ موسم خزاں کو محض چھونے کی خاطر ادھر آ نکلتے ہیں لیکن ان کے سفر کا تسلسل بلکہ دوام بہار ہی کے رخ رہتا ہے جب خزاں کو چھونے آتے ہیں تو دل بہار ہی میں پڑا رہتا ہے اور اضطراراً کہتے ہیں۔

اس قدر عام ہوا حبس ہوا۔ چپ ہے خوشبو کے نگر کی آہٹ

اس حالت اضطرار میں بھی ذہن میں بہار کی فضا آباد ہے۔

نصیب آج ہیں کانٹے اگر تو کیا غم ہے
نئی رتوں کے شگفتہ گلاب میرے ہیں

اور پھر نئی رت کے شگفتہ گلابوں کی جانب تیز رفتاری سے سفر کا آغاز کر دیتے ہیں حسین سحر کا یہی معاملہ فراق و وصال کے سلسلے میں ہے فراق کے مرحلے سے گزرتے ہیں تاکہ تغزل کے لئے جو گداز شرط ہے وہ قلب میں پیدا ہو جائے لیکن ذہن کو فراق کا روگ نہیں لگاتے بلکہ خیال محبوب سے ذہن کا اٹکاؤ رکھتے ہیں جو شخص ہجر میں بھی خیالی وصل میں گم رہتا ہو ہجر اس کی صحت کا کیا بگاڑ لے گا اور اس عاشق کے تر و تازہ اور حسین و جمیل چہرے کی تر و تازگی میں کیا کمی آئے گی آپ میرے اس جملے کی توثیق کے لئے حسین سحر کے حسن اور صحت کے معیار کو دیکھ سکتے ہیں۔ لمحات ہجر میں ان کا شعر۔

خیال اس کا دل ناشاد رکھنا
گھر اس کی یاد سے آباد رکھنا

جیسے کوئی انگلی پکڑ کر کلائی پر پوری گرفت حاصل کر لیتا ہے اسی طرح حسین سحر محبوب کے خیال سے جست لگا کر پہلے اس کی آنکھوں تک پہنچتے ہیں پھر اس کے پورے چہرے پر قبضہ کر لیتے ہیں اور اس طرح وصال کی منزل پر متمکن ہو جاتے ہیں دو اشعار حاضر ہیں۔

اب میں ہر مرحلہ غم سے گزر جاؤں گا
مل گیا آپ کی آنکھوں کا اشارا مجھ کو

ترے چہرے کا اک اک نقش دنیائے معانی ہے
پڑھوں گا میں یہ سربستہ کتاب آہستہ آہستہ

غم اور مسرت کے ساتھ بھی ان کا یہی رویہ ہے غم کا ہجوم ان کے راستے میں آتا ہے لیکن وہ کیونکہ منزل مسرت کی جانب رواں ہیں اس لئے ٹھہرتے ہیں اور غم کو ایک قافلے کے طور پر قبول کرتے ہیں اور پھر اس قافلے کو پیچھے چھوڑ کر خود مسرت کی منزل پر پرچم گاڑ دیتے ہیں۔

اک کاروان درد و الم ساتھ ہے سحر
کہنے کو یوں تو دل میرا تنہا سفر میں ہے

کبھی وہ درد و الم کو سیلاب قرار دیتے ہیں یعنی وہی سیلاب غم کو تیزی سے گزار کر پرسکون

ہو جانے کا رویہ!!

آ ہی جانے کا سکوں پر یہ لہو کا دریا
درد سیلاب کی مانند گزر جائے گا

اور نشاط و مسرت سے اپنے دائمی تعلق کا اقرار وہ یوں کرتے ہیں۔

دیکھے ہوئے ہیں ہم نے دھنک کے تمام رنگ
منظر کوئی ہمارے لئے اجنبی نہیں

اندھیرے اجالے کے بارے میں بھی وہ اس روشن رویے کے علم بردار ہیں ان کا ایک مشاہدہ ماحول کے حوالے سے یہ ہے۔

گنبد شب کا کوئی دروا نظر آتا نہیں
آسماں پر ایک بھی تارا نظر آتا نہیں

اب وہ اس تاریک ماحول کو روشن کرنے کے لئے پہلے تو اپنی ذات کے اندر روشنی کا سراغ لگاتے ہیں دل میں ایک دیا جلتا ہوا دیکھتے ہیں اور دعوت عام دیتے ہیں۔

روشنی کی ہو جسے بھی خواہش
وہ میرے دل کا دیا لے جائے

پھر ہر فرد کو کرن کرن اجالا بانٹنے کے بعد پورے ماحول کے روبرو اعلان کرتے ہیں۔

میرا ماحول اندھیروں کا جہاں
میری مٹھی میں چھپا ہے سورج
میں علامت ہوں اجالوں کی سحر
میرے ماتھے پہ لکھا ہے سورج

ہماری غزل کی ایک طویل روایت ہے جس میں آہ و بکا نالہ و فریاد حرماں نصیبی اور شکستہ دلی کی شکل میں ایک گورستانی ماحول ملتا ہے اس گورستان میں تاریکی یاسیت سناٹے اور ویرانی کی ہیبت طاری ہے۔

حسین سحر اور ان جیسے روشن ضمیر روشن خیال اور روشن نظر شعراء نے غزل کو گورستانی ماحول سے نکال کر ہنستی مسکراتی پر رونق اور پر امید زندگی کے ہنگامے عطا کئے ہیں نگار غزل سے اور اس کے حوالے سے دکھی انسانیت کی آنکھوں سے آنسو پونچھ کر اس کے ہونٹوں کو ایک دوامی تبسم بخشا ہے میرے نزدیک ایسی شاعری عبادت سے کم نہیں ہے عبادت کا اصلی منشا حقوق العباد ہے اور ہمارے دکھ بھرے تاریک زمانے میں بندگان الٰہی کا سب سے بڑا حق یہ ہے کہ ان کے دلوں کو محبت خود اعتمادی پر امیدی اور راحت و آسودگی کی روشنیوں سے معمور کر دیا جائے۔

ہر سمت ہیں نفرت کے اندھیرے ہی اندھیرے
اک شمع محبت کی جلا کیوں نہیں دیتے

اور حسین سحر نے بڑی ذمہ داری سے یہ حق ادا کیا۔

ذہن جب تاریک ہو جائیں مشینوں کے طفیل
جذب دل کی روشنی کو عام کرنا چاہئے

حسین سحر کی غزل پر سرسری نظر

وزیری پانی پتی

پروفیسر حسین سحر کی غزلیہ شاعری پر اظہار خیال سے قبل میرے لئے یہ ضروری تھا کہ میں پہلے صنف غزل کی قدر وقیمت کا بھی تعین کردوں۔

پروفیسر حسین سحر کے مزاج میں وہ معصومیت اور خلوص پوری طرح موجود ہے جس کے بغیر صنف غزل کی خدمت اور ترقی ناممکن ہے۔

سحر صاحب گذشتہ ۱۹۴۸ء سے ۱۹۶۴ء تک پاک وہند کے ممتاز رسائل وجرائد میں ملیح شہلائی، سحر رومانی، اور دیگر اسی قسم کے مختلف ناموں سے بچوں کی بہترین اور کامیاب نظمیں لکھتے رہے ہیں۔ نیز بچوں کے شاعر کی حیثیت سے کافی معروف رہ چکے ہیں اور صاحب علم جانتے ہیں کہ بچوں کے لئے شعر کہنا ''کار طفلاں'' نہیں ہے۔ اس کے لئے بیدار ذہن، بالغ نظر اور بچوں جیسی معصومیت کا حامل ہونا لازمی ہے اور غزل گو کے لئے بھی انہیں صفات سے متصف ہونا ضروری ہے۔ یہ مضمون چونکہ سحر صاحب کی غزل گوئی سے متعلق ہے اس لئے ان کی شاعری کی دیگر اصناف پر گفتگو بے محل ہوگی۔

سحر کی غزل محض الفاظ کا گورکھ دھندا نہیں ہے۔ اس میں حسن وعشق کے تجرباتی شعور اور تجربوں کی آنچ نے ایک عجیب دل آویزی پیدا کردی ہے۔

جوان خون کی گردش ہے جسم کی سرخی
یہ وہ نشہ ہے جو ملتا نہیں شرابوں میں
ترے لبوں کی مہک کے قریب میں آ کر
الجھ گیا ہوں کئی کاغذی گلابوں میں

سحر، خلوص سے معریٰ تعلقات سے، جو عموماً سیاست کی زبان میں ''تعلقات عامہ'' کہلاتے ہیں، بیزار ہیں۔ اور اس بیزاری کا وہ کتنے قرینے سے اظہار کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو۔

ہمیں تو شہر کا ماحول بھی نہ راس آیا
خوشا وہ لوگ جو آباد ہیں خرابوں میں

سحر صاحب کی غزل میں، نکہت وجمال کی فراوانی ہے۔ ان کی ہر غزل ''سید گل'' کی طرح مہکتی دکھائی دیتی ہے۔

تمام جسم مہکتا ہے پھول کی صورت
لبوں کا رنگ بھی تازہ گلاب جیسا ہے
چھلک رہا ہے بدن کا ہر ایک پیمانہ
مئے شباب کا نشہ شراب جیسا ہے

اس کے علاوہ سحر صاحب کی غزل میں شعور وحکمت کے موتی بھی جابجا بکھرے ہوئے نظر آتے ہیں۔ ایک شعر ملاحظہ ہو۔

کسی نے غور سے اس خاک کو نہیں دیکھا
ہر ایک ذرہ یہاں آفتاب جیسا ہے

حسین سحر کے ہاں اساتذۂ سخن سے اخذ و استفادہ کا بھرپور عمل دکھائی دیتا ہے۔ اور ان کا عکس و اثر بھی اس کے متعدد شعروں میں نظر آتا ہے۔ جو روائت سے اس کے مضبوط رشتے اور بھرپور مطالعہ کی نشاندہی کرتے ہیں۔ حسین سحر نے غزل کے روائتی انداز کو انتہائی سلیقے اور قرینے کے ساتھ نئے دور کے تقاضوں اور عصری آگہی کے تناظر میں پیش کیا ہے۔ فکر کی تازگی کی بدولت پرانے موضوعات میں بھی نیا پن اور تنوع ملتا ہے۔

حسین سحر ذات کا اسیر نہیں بلکہ ذات کو تو اس نے اپنی اجتماعی سوچ کا اسیر بنا رکھا ہے۔ بات اگرچہ وہ ذات کے حوالے سے کرتا ہے مگر اجتماع کا عنصر شعر کے بطون سے صاف ظہور پذیر نظر آتا ہے۔ پروپیگنڈے سے وہ نالاں ہے۔ مگر حق بات کہنے سے خوف نہیں کھاتا جو کچھ محسوس کرتا ہے لفظوں کا دیدہ زیب جامہ پہنا کر شعر کے قالب میں ڈھال دیتا ہے۔ سماجی حالات اور عصری مسائل کے بیان میں بھی حسین سحر نے اپنی غزل سے تغزل کو محو نہیں ہونے دیا۔ بناوٹ تصنع اور تکلف کے بجائے بے ساختہ پن اس کے یہاں موجود ہے۔ زندگی کی اچھی اقدار کے انحطاط کا دکھ حسین سحر کو بھی ہے۔ عصر حاضر کے انسان کے ذہنی انتشار' بے اطمینانی' خیالات کی پراگندگی کا اسے شدید احساس ہے۔ لحہ بہ لحہ بڑھتی ہوئی گھٹن اور جان لیوا حبس سے وہ خود بھی پریشان ہے۔ وہ وقت کے اندھے کنویں میں جھانکتا ہے تو چیخ اٹھتا ہے۔ نظریات و مسالک کی آلودہ فضا میں سانس لینے میں دقت محسوس کرتا ہے۔ وہ روحانیت سے مادیت کی طرف سفر کرتے ہوئے انسان کی قابل

رحم حالت پر آنسو بہاتا ہے.....نوحہ لکھتا ہے۔اقتصادی استبداد معاشی زبوں حالی اور مختلف نظام ہائے فکر کا کھوکھلا پن اس کے پیش نظر ہے۔اور ''تخاطب'' اسی ہیجان کے تجزیئے اور زندگی کے بنیادی حقائق کو تسلیم کرنے اور سمجھنے سمجھانے کی ایک کامیاب اور قابل قدر شعری کاوش ہے۔

گنبدِ شب کا کوئی در وا نظر آتا نہیں
آسماں پر ایک بھی تارا نظر آتا نہیں
یوں تو ہر جانب نظر آتے ہیں چہروں کے ہجوم
ڈھونڈتا ہوں جس کو وہ چہرا نظر آتا نہیں
اس قدر خوفِ سفر میں لوگ ہیں الجھے ہوئے
منزلیں ہیں سامنے رستا نظر آتا نہیں
فیصلہ مشکل بہت ہے اس اندھیرے میں سحر
کیا نظر آتا ہے مجھ کو کیا نظر آتا نہیں

اس قدر عام ہوا حبس ہوا
چپ ہے خوشبو کے نگر کی آہٹ

ہر سمت ہیں نفرت کے اندھیرے ہی اندھیرے
اِک شمع محبت کی جلا کیوں نہیں دیتے

یہ کیسا شہر ہے خاموش موت کی صورت
ہر آدمی یہاں پتھر دکھائی دیتا ہے

عجب نظارہ دکھائی دیا فضاؤں میں
زمیں طلوع ہوئی چاند کے خلاؤں میں

میں سوچتا ہوں کہاں کھو گئی مری آواز؟
بس ایک شور سا ملتا ہے سب صداؤں میں

سورج سفر میں ہے نہ ستارا سفر میں ہے
اپنا وجود اپنا ہی سایا سفر میں ہے
چاروں طرف سلگتے بگولے ہیں رقص میں
محسوس ہورہا ہے کہ صحرا سفر میں ہے

تمام شہر ہے خاموش جاگتا ہوں میں
اندھیری رات میں جلتا ہوا دیا ہوں میں
کبھی تو کوئی سنے گا مجھے توجہ سے
ہوا کے دوش پہ اڑتی ہوئی صدا ہوں میں
ہے میرے چاروں طرف اِک ہجوم چہروں کا
حصارِ ذات میں اس طرح کھو گیا ہوں میں
وفا کو شہرِ جفا میں تلاش کرتا ہوں
چراغ تیز ہوا میں جلا رہا ہوں میں

ذرے سسک رہے ہیں ظلمت کی انتہا پر
الزام آ نہ جائے خورشید کی ضیا پر
روحِ زمیں سکوں سے محروم ہوگئی ہے
شائد یہ دولتِ دِل ہاتھ آئے اب خلا پر

یہ اور اس قسم کے متعدد شعر جو ''تخاطب'' میں شامل ہیں' شاعر کے بھرپور عصری اور

سماجی شعور کا پتہ دیتے ہیں۔ ''شہر'' ''بگولے''، ''صحرا''، ''وقت''، ''پھول''، ''سورج''، ''روشنی''، ''رات''، ''چراغ''۔ جیسے استعارے اور علامتیں حسین سحر کے معروف استعارے اور علامتیں ہیں۔ جن کے ذریعے وہ اپنی شاعری کو شاعرانہ بلاغت اور فصاحت سے آراستہ کرتا ہے۔

اس میں شک نہیں کہ حسین سحر کے لہجے میں توانائی اور رعنائی کا شکوہ و طمطراق بھی ملتا ہے جس کی طرف عاصی کرنالی نے اشارہ کیا۔ خوش کُن امر یہ ہے کہ شاعر اپنے لہجے اور اپنے صوت و صدا کے تخلیقی نظام سے صرف نظر نہیں کرتا۔ حسین سحر نے سید قمر زیدی کے بارے میں ایک مضمون (مطبوعہ ماہنامہ رعنائیاں سید قمر زیدی نمبر) میں ایک جگہ رقمطراز ہیں کہ۔

> ''سید قمر زیدی نے زندگی اور محبت کے سبھی رویوں میں اقدارِ
> زیست کی بازیافت کے عمل کو سامنے رکھا ہے اور اس کی کوشش یہی ہے کہ
> زندگی کے معاملات و معمولات میں منفی رویوں کے بجائے مثبت سوچ اور
> عمل کا دخل ہو۔''

ہم عصر شاعر کے بارے میں مذکورہ بالا رائے خود حسین سحر کے فکر و نظر پر بھی صادق آتی ہے وہ راست فکر اور جادۂ مستقیم پر چلنے والا شاعر ہے۔ اقبال ارشد نے اس کی شاعری کو ایک شائستہ اور مہذب انسان کی شاعری قرار دیا ہے۔ ڈاکٹر انور سدید رقمطراز ہیں کہ۔

> ''حسین سحر اپنی خواہشات کا اسیر بن جانے کے بجائے ایسے حواس
> پر غالب آجانے کی سعی کرتے ہیں جن سے خواہشیں پیدا ہوتی ہیں اور
> شاعری سے عبادت کا عنصر معدوم ہو جاتا ہے۔''

حسین سحر کے لہجے میں جو اعتماد ہے وہ فن شعر پر اس کی کامل گرفت کی دین ہے۔ اس کا تخاطب اپنی ذات سے ہے اور یہ ذات پھیل کر بالآخر کائنات بن جاتی ہے اور یوں اپنی ذات کے راستے وہ پوری کائنات سے مخاطب ہوتا ہے اور اپنے گرد و پیش جو کچھ دیکھتا ہے۔ جو محسوس کرتا ہے انہیں لفظوں کا حسین جامہ پہنا کر دوسروں کے سامنے لا کھڑا کرتا ہے۔ اور یوں حسین سحر کی بصارت اور بصیرت یکجا ہو کر پڑھنے والوں کو اسی طرح متاثر کرتی ہیں جس طرح اس کے یہاں روایت اور جدت کا خوبصورت امتزاج ملتا ہے۔

فطرت سے اکتساب اور اقدام امن

ڈاکٹر اقبال واجد

حسین سحر کی نظمیں فطرت سے اکتساب اور اقدام امن کا داعیہ ہیں وہ فطرت کو ایسی گہرائی اور علم کے ساتھ دیکھتے ہیں کہ انہیں اس میں آدمیت کی ہر تخریب کا جامع حل نظر آتا ہے۔ قدرت کے قوانین اس کے اظہار اور اس کی وجودی زبان حسین سحر کو زندگی کے قطعی واسطوں پر ٹھہرانے کی بجائے خاموش، کالموں اور پر سکون ٹھکانوں کی طرف لے جاتی ہے۔ اس ترتیب میں فطرت سے استفادے کی ایک صورت تو یہ ہے کہ انسان فطرت سے استفادے کی نیت بھی کرے اور وقتی طور پر کسی اہم یا غیر اہم ضرورت کے تحت اس سے ممکنہ حد تک رجوع بھی کر سکے۔ فطرت سے ایسے استفادے میں اس کے خاموش اشاروں کا سراغ لگا لینا اور ان پر اس طرح عمل کرنا کہ اس سے جمال یا ذوق جمال کی تسکین کے ساتھ ساتھ اقدام امن کی صورت بھی پیدا ہو، مشکل ہی نہیں بلکہ محال ہے۔

فطرت سے استفادے کی دوسری صورت فطرت سے صلح اور اقدام امن ہے۔ فطرت سے استفادے کی دوسری صورت حسین سحر کی نظم نگاری میں اپنے موضوعی تعبیرات کے ساتھ موجود ہے یہ تعبیرات ان کی نظموں کو ان شعراء اور شوں تاریخ کے ایسے ماموراساء اور صفات کی صفّ میں شامل کرتی ہیں جو بیسویں صدی کی دہائیوں میں اپنے معیار کو حاصل کر چکے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ حسین سحر کے یہاں فطرت سے اکتساب کا عمل کن بنیادوں پر قائم ہے؟ اور اس کی توضیح کے لئے شعر اور نقد شعر کے درمیان کیوں کر فصل قائم کیا جا سکتا ہے۔ جواب یہ ہے کہ حسین سحر کے یہاں فطرت سے اکتساب کے جو اشارے ملتے ہیں وہ تحیر کی بجائے تیقن اور تشہیر کی بجائے تنظیم کی طرف چلتے ہیں۔ کائنات کے مظاہر اور اسرار سے حیرت طلب کرنا تیقن اور وجد کے منافی ہے اس لئے کہ حیرت کا طالب ہمیشہ مخلوق میں غرق رہتا ہے اور تیقن کا طالب خالق کے ساتھ مشغول ہو جاتا ہے۔ وہ حیرت اور حیرانی سے نکل آتا ہے۔ حیرت بھی ابتدائی منازل میں حقیقت کے معمول کا ذریع بنی

ہے مگر صرف حیرت ہی حیرت ہو اور استعجاب دور نہ ہو تو کہا جائے گا کہ یہ استعجاب اگر چہ خالق کے ساتھ رشتہ استوار کرنا چاہتا ہے مگر جب تک خود یہ استعجاب ختم نہیں ہوتا خالق کیساتھ حجاب برقرار رہے گا۔ ظاہر ہے کہ جب حیرت پر حیرت جمتی چلے جائے گی تو محسوس کے مشاہدے سے فرصت ہی نہیں ملے گی اور حواس محسوسات کو اپنا نشان سمجھ لیں گے اس لئے وجدانی اور شعوری دونوں سطح پر جو سب سے بڑا فرق تحیر اور تیقن میں پایا جاتا ہے وہ اسی تمام صورتوں اور احوال کے منافی ہے جو تحیر اور تیقن کو ادنی درجہ کی چیز سمجھتے ہوں۔ تحیر خود حجاب ہے اور تیقن حجاب کو توڑ کر اعلی ظرفی یا طمانیت حاصل کر لیتا ہے۔ حسین سحر نے اپنی نظموں میں ایسے اسلوب کو اختیار کیا ہے جو مظاہر کو دیکھ کر حیرت کا شکار نہیں ہوتا بلکہ اس میں انسانی زندگی کیلئے ایک نظام اخذ کرتا ہے۔ اسی عمل کو ہم نے گذشتہ سطور میں فطرت سے اکتساب کا نام دیا ہے۔ یہاں یہ بات واضح ہوگئی کہ حسین سحر نے بھی کثرت سے مظاہر کائنات کے مختلف جلووں اور ایک سے دوسرے منظر کا الحاق، ایک صورتحال کے بننے اور بگڑنے میں شامل مختلف امور اور شؤن (شان کی جمع) کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسے موجودات اور حوادث کی اصل شرح قرار دیا ہے پھر ہر صورت منظر سے وہ انسانی زندگی کیلئے نظام ضرور کشید کرتے ہیں۔ اس قدر نظم اور گہرائی کے ساتھ ہر صورت منظر سے معانی کسب کرنا جوکار زار حیات میں حرکت و عمل پیدا کرتے ہوں میری نظر میں شعری تحفظات کا ایک رفیع اور ممتاز تجربہ ہے جو مناظر فطرت بیان کرنے والی شاعری کے مقابلے میں کہیں زیادہ وقیع ہے۔ حسین سحر کا یہ شعری نسخہ ہمیں ایسی تحفظات کی طرف لے چلتا ہے جہاں زندگی اپنے مدار میں ہوتے ہوئے ایسے راستوں کو اختیار کرتی ہے جو فطرت سے ہر پل نظریہ، مشورہ اور فیصلہ کشید کرتے چلے جاتے ہوں امر واقع یہ ہے کہ ایسے شعری نسخوں کے ذریعہ ہمیں اوامر و نواہی اور ہدایات کے نشانات تلاش کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی بلکہ یہ نشانات خود بخود ظاہر ہو کر ابدیت کی طرف مائل ہوتے رہتے ہیں۔ حسین سحر سب سے پہلے اسی نشان کو اختیار کرنے کی کوشش کرتے ہیں جو اپنے ہر سفر میں نظم نگاری کیلئے قبول کیا گیا ہو بلکہ نظم نگاری کیلئے معاون بنتا چلا گیا ہو۔ اس صورتحال میں ان کے یہاں فطرت کی کوئی چیز حال و مقام سے خالی نہیں ہوتی۔ ٹھوس اور مجرد اشیاء کے علاوہ وہ محض

احساسات کی سطح پر قبول کی جانے والی چیزوں کو بھی اپنی اسی مخصوص نگاہ کا پابند بنا دیتے ہیں جو نگاہ انہیں فطرت کی ہر عبادت کا قاری بنا دیتی ہے۔ نظموں میں یہ صورتحال بظاہر صرف خارجی پہلو لئے ہوئے ہے۔ اس داخلیت اور باطنی اسرار کا مطالعہ ایسے تمام غیر ضروری اثرات اور آفات سے ہمیں محفوظ رکھتا ہے جو غیر فطری اور غیر منطقی سوچ کا نتیجہ ہوں۔ اس لئے اس بات میں کوئی شبہ نہیں کہ حسین سحر کو فطرت کے اسرار کو سمجھنے میں کسی اضافی شے کا تصور درپیش ہے یا ان کی فکر کی راہ میں ایسے پیچیدہ مسائل پیدا ہو رہے ہیں جو عنقریب ان کی فکر اور ان کے عمل کے درمیان حائل ہو سکتے ہیں۔ ایسا اس لئے نہیں ہو سکتا کہ نظم نگاری، دوسری اصناف کے مقابلے میں کسی انتشار کی متحمل نہیں۔ یہاں ایک مرکزی نقطہ یا خیال ہمیشہ پیش نظر رکھنا ہوتا ہے۔ حسین سحر کے یہاں سب سے پہلا عمل فطرت سے کشید کا عمل ہے۔ یہ عمل ان کے یہاں اس قدر پر رسوخ ہے کہ اس پہلو کو نظر انداز کرنا ان کے رنگ و عمل سے خارج ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ موجودات کے تنوع میں بھی وہ اپنے قریب اور دور رہنے والے شعوری عمل کو تازہ دم رکھتے ہیں گویا وہ اس حقیقت کو پا چکے ہیں کہ قدرت کے کارخانے میں کوئی چیز بھی بے کار یا لغو نہیں ہے۔ ہر شے کسی نہ کسی تناظر میں اپنا واقعی مفہوم رکھتی ہے۔ شاید اسی ایقان کا نتیجہ ہے کہ حسین سحر کو مظاہر سے معنی نکالنے میں کوئی دشواری پیش نہیں آتی۔

ذیل میں ہم یہ دیکھنے کی کوشش کریں گے کہ حسین سحر نے مظاہر کے مختلف سالیب سے کون کون سے معنی اخذ کئے ہیں اور ان معانی کا انسانی زندگی پر کس حد تک انطباق ہو سکتا ہے۔ دوسرا پہلو اس امر میں ہمیں یہ بھی تلاش کرنا ہے کہ حسین سحر کے ماخوذ معانی زندگی کے دوسرے ذرائع کو کس حد تک متاثر کرتے ہیں یا یہ معانی دوسرے مطالب سے کس حد تک قریب یا بعید ہیں۔

مظاہر کے مجرد اور غیر مجرد اشاروں اور تمثیلات کی طرح حسین سحر کی نظموں میں موضوعات کا تنوع پایا جاتا ہے۔ اس قدر تنوع موضوعات ایک ہی بڑی تمثیل میں کسی ایک شاعر کے یہاں مشکل سے ملتے ہیں۔ اس لئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ حسین سحر کے تنوع نے انہیں ایک ممتاز نظم نگار شاعر کی حیثیت عطا کی ہے۔ ذیل میں ان موضوعات کا اشاریہ استفادے کے لئے پیش کیا

جاتا ہے کیونکہ آئندہ صفحات میں اسی تنوع کے پس منظر میں گواہی پیش کی جائے گی۔ حسین سحر کی نظموں میں فطرت سے اخذ کئے گئے درج ذیل موضوعات خروج کرتے ہیں۔

ہستی کی تصویر، عدم و وجود کو ذات کا اعجاز قرار دینا، زندگی کو تنقید کا ہدف بنانا، ہر شے کا ایک ہی حقیقت ہونا، پیچیدہ مسائل یا عوامل کی نشاندہی کرنا، قنائیت، تصور وقت، وحدت الشہود، اسلامی دعوت، فطرت کی جمالیات، اعادہ شہود، جبر وقدر، خواب کے اسرار، حیات کی آبیاری، کسی مصلح کا انتظار، صلح کیلئے اٹھنا، سوئے خلق کی آفات، انسان کی گمشدگی، امن عالم، انسانیت کی موت پر نوحہ وغیرہ وغیرہ یہ تمام موضوعات جن کا اوپر ذکر کیا گیا ہے خود حسین سحر کی نظموں سے وضع کئے گئے ہیں اب آئندہ صفحات میں ہم ایک ایک موضوع کو بیان کرتے ہوئے آگے بڑھنے کی کوشش کریں گے۔

سب سے پہلا موضوع ان کے یہاں ہستی کی تصویر اور عدم و وجود کو ذات کا اعجاز ٹھہرانا ہے اور یہی صورت واقع بھی ہے۔ ہستی کی تصویر بذات خود ایک وسیع موضوع ہے جس میں خود ہستی کا بیان بھی شامل ہے۔ اس لئے کہ کائنات کا ذرہ ذرہ کسی نہ کسی زاویے سے کائنات کی تمام تر حقیقت کا اظہار کرتا ہے مگر ہستی کے بیان کے باوجود بعض انسانی طبیعتیں اس بین اشارے کو نہیں سمجھتیں۔ ایسی ہی طبیعتوں کو سمجھانے یا اثر انداز کرنے کیلئے ہستی کے اس بیان کو سادہ اور انسانی طرز پر مکرر بیان کیا جاتا ہے۔ حسین سحر نے یہی کام کیا ہے اور اس کام میں بہت سے ایسے امور بیان میں آگئے ہیں جو موثر ہونے کے ساتھ ساتھ پراسرار اور بے مثل ہیں۔ بات حسین سحر کی نظم نگاری کی ہو رہی ہے اس لئے بہتر یہ تھا کہ چند اشعار جستہ جستہ نقل کرنے کی بجائے پوری نظم نقل کی جاتی تاکہ قاری بھی مضمون نگار کے دعوے کے ساتھ شریک ہو پاتا، مگر طوالت کے خوف سے یہاں اختصار سے کام لیا جاتا ہے۔ تاہم نظم ''آسمان کتنا نیلا ہے'' اپنے اختصار کی وجہ سے مکمل نقل کی جاتی ہے:

آسمان کتنا نیلا ہے
نیلاہٹوں کا یہ پھیلا سمندر

افق تا افق موجزن ہے
چمکتے ہوئے چاند کا مرمریں جسم تابندہ تر ہے
ستاروں میں رخشندگی جلوہ گر ہے
فضا کی جبیں پر کہیں تیرگی کا نشاں تک نہیں ہے
خلاؤں کے رستے جو صدیوں سے بے نور تھے
آج نیلاہٹوں سے منور ہیں
یہ روشنی اس کے نقش کف پا کا اعجاز ہے
جس کی ذات گرامی ہر ایک روشنی کا خود اک راز ہے
ورنہ پہلے کبھی آسمان اتنا نیلا نہیں تھا

یہ نظم حسین سحر کی نظموں کے مجموعہ ''کہرے میں دھنک'' کی پہلی نظم ہے جو ہمارے سامنے ہستی کی خوبصورت تصویر پیش کرتی ہے۔ پھر اس تصویر سے پیدا ہونے والے مفاہیم کو سمیٹتی ہوئی ہمیں ایک آفاقی جمالیاتی لذت سے ہم کنار کرتی ہے۔ پھر ہر روشنی کی روشنی اور ہر نور کے نور سے ہمارے احساسات کو منور کر دیتی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شاعر نے واقعتاً آسمان کو دیکھا ہے اور جیسا دیکھا ہے ویسا ہی دکھانے کی کوشش کی ہے۔ آسمان نیلاہٹوں کے سمندر میں شاعر کو وہ سب کچھ نظر آجاتا ہے جو ایک باشعور اور بے پردہ ذہن کو نظر آنا چاہئے۔ اس لئے جب وہ یہ کہتے ہیں

یہ روشنی اس کے نقش کف پا کا اعجاز ہے
جس کی ذات گرامی ہر اک روشنی کا خود ایک راز ہے

تو گویا وہ آسمان کو دیکھ کر بھی نہیں دیکھتے بلکہ یہ سمجھنا چاہئے کہ اس عرفان میں آسمان آسمان نہیں رہ جاتا بلکہ سمٹ کر ایک نقطہ بن جاتا ہے اور یہ نقطہ اس ذات گرامی کے سامنے (جس کی ذات ہر ایک روشنی کا راز ہے) نقطہ سے گھٹ کر اور بھی بے نشان ہو جاتا ہے۔ چنانچہ بین السطور یہ اشارہ بھی ہے کہ ایسی ذات کو مفہوم اور معلوم بنانا کتنا مشکل ہے؟ ایسی ذات تو صرف

ایقان کے ذریعے سمجھ میں لائی جا سکتی ہے۔ حسین سحر نے اس افہام وتفہیم میں بہت سی منزلیں عبور کی ہیں۔

اسی ضمن میں ایک دوسری نظم ''کہرے میں دھنک'' ہے اس کا موضوع بھی ساختیاتی اعتبار سے وہی ہے مگر اس نظم میں DENSITY زیادہ ہے۔ یہ نظم گہرے گاڑھے اور شیریں مواد کی طرح ہے جو طشت پر پھیل رہا ہے۔ یہ ایک دوگنی معیاری نظم ہے جس میں زمان و مکاں اور ارض وسماوات کی تفصیلی حکایت ایک نقطہ پر لمحہ بھر کو ٹھہرتی ہے اور یوں محسوس ہوتا ہے گویا شعور اپنے ادراک میں، قلب اپنے اعماق میں اور وجود اپنے اسرار میں خاموش سمندر کی طرح، پرسکون اور سطح آب کی مانند ٹھہرا ہوا، موجودات سے اپنی ذات کا مفہوم اخذ کرنے میں مشغول ہے۔ ایسی صورتحال میں گویا سب کچھ منجمد ہے یا کہر میں ڈوبا ہوا ہے مگر اس کہرے میں اچانک روشنی کی ایک کرن نمودار ہوئی ہے جس سے خوابوں کے ساتوں رنگ جاگ اٹھتے ہیں پھر کہرے میں دھنک پھیل جاتی ہے اور شاعر دل کی دھڑکنوں کو تیز کر دینے کے بعد اسی فکر تمثیل میں محو حیرت بن جاتا ہے۔ کہرے میں دھنک گرچہ ایک مختصر نظم ہے مگر اسے حسین سحر کی شاہکار نظم سمجھنا چاہئے اس نظم میں واقع اور واقعیت سے پرے بھی ایک شے بیان کی گئی ہے جو انسانی تجربے میں تو آتی ہے مگر اس کا ارتکاز ایک سے زیادہ سمتوں اور رنگوں میں ہوتا ہے نظم ''کہرے میں دھنک'' کا رنگ ملاحظہ ہو:

سرمئی کہرے کی چادر آسمانوں پر تنی ہے
صبح کے چہرے کے خدوخال گم ہیں اس نقاب تیرگی میں
نرم آغوش افق میں آفتاب نو کی آنکھیں بند ہیں
اس آئینے میں عکس لرزاں ہیں ٹھٹھرتے جگنوؤں کے
یک بہ یک کرنیں چمک اٹھیں ہیں میرے پردہ افکار میں
ذہن کے کہرے میں یا دجانفزا کس کی یہ چمکی ہے
کہ ساتوں رنگ خوابوں کی دھنک کے جاگ اٹھے ہیں

ذہن کے کہرے میں جس کی یاد جانفزا جاگ اٹھی ہے اور جس کی وجہ سے خوابوں کی دھنک کے ساتوں رنگ جاگ اٹھے ہیں۔ وہ ذات یقیناً ایسی ذات ہوگی جو ہر تاریکی میں روشنی میں وسعت اور ہر جہل میں علمیت پیدا کرنے والی ہو۔ ایسی ذات کے اشاروں اور اشاروں سے فائدہ حاصل کرنا انسانی زندگی کا معراج ہو اور ایسا اسی لئے ممکن ہو کہ کہرے میں بغیر کسی غیر اضافی برتر اور متناہی ہدایات کے کوئی شے اپنے خواب وعمل کو سمیٹنے کی طاقت نہیں رکھتی ہو۔

حسین سحر کی شعوری تعبیرات میں ان کی نظموں کے عرفان نے ایسے عمیق معنوی اور عمودی اشارے پیش کئے ہیں جو زندگی کے وسیع اعماق میں فضل اور عطا کی نشاندہی کرتے ہیں اور اس عطا اور فضل کے واسطے سے ایسی شعری صورتوں کو جنم دیتے ہیں جو وسیع فکری تمازت کے ساتھ ساتھ شعری ذوق کے اندر ابال پیدا کر دیں اور اس ابال کو بامعنی اور بامقصد بنائیں۔ اس غرض و غایت نے ان کی نظم نگاری میں ایسے ابواب قائم کئے ہیں جو بسا اوقات ارادے اور فہم کو کوئی واضح تر صورت عطا کئے بغیر بھی اپنی راہ میں نمایاں نظر آتے ہیں۔ ایسی شعری صورتوں میں ایک بڑی صورت یک موضوعیت ہے۔ یک موضوعیت ایک دن یا ایک ساعت میں پیدا نہیں ہوتی یہ زندگی بھر کے تجربے کا نچوڑ ہوتی ہے۔ ایک طرف یک موضوعیت خود اپنے آپ میں ایک ایسی حقیقت ہے جو تمام مادی اور غیر مادی موضوعات کو اپنے محیط میں حباب بنا لیتی ہے۔ دوسری طرف یہ صرف ایسے اذہان کو نشانہ بناتی ہے جو زندگی کی قدر و قیمت پہچانتے ہوں اور اس کی توصیل میں کسی حجاب کے طالب نہ ہوں۔ ورنہ ایسے اذہان جو زندگی کی قدر و قیمت کی جانب محجوب ہوں یک موضوعیت کے قالب کو نہیں سمجھ سکتے یہ فلسفہ بہت سے اسرار اور معانی کو محیط ہے۔ یہاں بڑی بڑی فکروں، بڑے بڑے نظریوں اور بڑے بڑے فلسفوں کو بے دست و پا ہونا پڑتا ہے۔ یہ موضوع خود بتا دیتا ہے کہ اس پر قلم اٹھانے والا شخص زندگی کے مجموعی اعشارات کی تحدید سے آگے نکل گیا ہے۔ ذرا اور کھل کر بات کی جائے تو یہ سمجھنا چاہئے کہ اس علم میں اول و آخر اور ظاہر و باطن کا ہر معیار و مفاد پوشیدہ ہے۔ یہ موضوع ان کی نظم ''آئینہ'' سے حد درجہ عیاں ہے جس میں حسین سحر نے اس حقیقت کو لفظوں کے ساتھ مربوط کرنے کی کوشش کی ہے۔

تمام چہرے ہیں ایک جیسے
تمام ناموں کا ایک ہی نام مشترک ہے
تمام شہروں میں ایک سے لوگ رہ رہے ہیں
تمام گلیوں میں ایک سا شور اٹھ رہا ہے
تمام نوحے، تمام نغمے، تمام نعرے ہیں ایک جیسے
تمام لوگوں کا ایک ہی نقطۂ نظر ہے
تمام باتوں کا ایک ہی حاصل سخن ہے
تمام راہوں پہ ایک ہی قافلہ رواں ہے
تمام رنگوں کا ایک ہی عکس
غم کے یک رنگ آئینے میں ابھر رہا ہے
کبھی اگر آئینہ یہ ٹوٹے
تو ریزہ ریزہ ہزار عکسوں میں
دل کا یہ آبلہ بھی پھوٹے

حسین سحر کی نظم ''مقتل'' پر کچھ کہنا نہیں چاہتا تھا اس لئے کہ اس کا موضوع اپنی اصل میں بہت عمیق پر اسرار اور لطیف تر ہے۔ اس موضوع پر قلم اٹھانے میں سر قلم ہونے کا اندیشہ ہے تاہم اس نظم کو بار بار پڑھنے کے بعد یہ احساس ہوا کہ اس موضوع پر کچھ بیان کیا جائے۔ آرٹ اور شعر کی طرح کبھی کبھی تنقید بھی ایسے احوال و آثار کو سمیٹتی ہے اور ایسے منظر نامے پیش کرنے کی جرأت کرتی ہے جو شاعر کے اپنے افہام و تفہیم میں دیدہ و نادیدہ یا احوال نارسیدہ کی صورت میں موجود ہوں۔ شاعری اور کبھی کبھی اعلیٰ شاعری اس دور سے گزرتی ہے یعنی شاعری میں جو کچھ بیان ہوتا ہے وہ بسا اوقات عرض و بحث سے بلند تر بھی ہوتا ہے یعنی شاعر کبھی کبھی صرف محسوسات میں شامل ہو کر اسرار پیدا کر دیتا ہے اور قاری اس اثر کو اپنے اہداف میں شامل کر کے اسے اور زیادہ لطیف بنا دیتا ہے۔ حسین سحر کی نظم ''مقتل'' انسانی قتل گاہ بن کر نہیں ابھری ہے بلکہ یہ قتل گاہ انسانوں

کے ساتھ ساتھ سورج، چاند اور ستاروں کی بھی قتل گاہ ہے۔ یہاں تک کہ اس نظم میں قتل مہر و ماہ کو ایک رسم قدیم کا نام دیا گیا ہے۔

قتل مہر و ماہ ایک رسم قدیم
جو ازل سے جاری و ساری
جاری و ساری ازل سے ہے یہ دستور عمل

پھر آسمانوں کو ظلمتوں کا ریگ زار کہنا، اس کو ایک صحرائے بسیط سے تشبیہ دینا بنیادی طور پر ایسے جذبات اور رسائی کی کیفیات کو ظاہر کرتا ہے جو راز درون میخانہ بنا ہوا ہے حسین سحر نے اس راز سے اس قدر پردہ تو ضرور اٹھایا ہے کہ اسے آماجگاہ قتل مہر و ماہ قرار دیا ہے۔ اس کے بعد نظم میں ان پر کچھ اور اسرار وا ہوتے ہیں اور یہاں آ کر وہ اضافی کیفیات سے دو چار ہوتے ہیں۔ یہ اضافی کیفیات انہیں آسمانوں کے وسیع، تاریک اور سرد صحرا میں زندگی کو سمجھنے کا حوصلہ عطا کرتی ہیں۔ اس طرح واقع اور نا واقع دونوں مل کر یہاں ایک ہی مفہوم عطا کرتا ہے۔ وہ ایسا مفہوم ہے جو چراغ رہ گزر بھی ہے اور ظلمتوں کا امین بھی۔ وہ حیرت اور حسرت کے ساتھ کائنات کو دیکھنا سکھاتا ہے اور خوف اور ہیبت سے مغلوب بھی کر دیتا ہے وہ ظلمتوں کے ریگ زار کو بھی وسیع تر خلاؤں کی فراخی میں خاروزبوں کر دیتا ہے وہ حرکت و سکون کے دائمی مفہوم تک رسائی بھی حاصل کرتا ہے اور اپنے اطراف سے بے خبر بھی رہتا ہے وہ شعور و عقل کو اپنے محور پر قائم بھی رکھتا ہے اور اس محور کو دوسرے محور کی طرف مرکوز بھی کر دیتا ہے اس طرح ظلمتوں کے ریگ زار کی توجیہی اشاریت شاعر کو ایک ایسا احساس توانائی عطا کرتی ہے جو ہر موضوع کو درگزر کرتی ہوئی فقط ذات کو سامنے رکھتی ہے۔ شعور و عقل کے محور میں بھی اسی ذات کی تلاش، اسی ذات کی محبت اور اسی ذات کی تمثیل موجود ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایسے فکری لمحات میں کوئی چراغ اپنے اجالے کو نہیں سمیٹ سکتا۔ حسین سحر کی اس تازہ کار، عارفانہ نظم میں جو موضوع محل نظر ہے وہ ان کے بیان اور رمز و کنایہ کی ترکیب میں اور تابناک ہو کر ابھرا ہے۔ اس احساس کے ساتھ جینا واقعاتی سطح پر زندگی کا فروغ ہے۔ انہیں وجوہات کے پیش نظر شاعر نے اس نظم کا عنوان ''مقتل'' مقرر کیا ہے تاکہ تمام مشاہدوں اور

کیفیات کا وافر حصہ شاعر کیلئے مقتل بن جائے، اس طرح اب کسی اور جانب دیکھنے کی حاجت باقی نہ رہے اور شاعر اس مقتل میں اپنی زندگی تلاش کر لے۔ نظم کا یک حصہ ملاحظہ ہو:

منظر رنگ شفق ہے خون کی ہزاروں
مقتل خورشید و مہتاب و نجوم
مغرب سے ہے شرق تک بس، ایک ہی قاتل کا دور
شب زدہ، خونیں قبا، خنجر بکف
منجمد حد نظر تک ہیں لہو کے دائرے
کس قدر ویران ہے دشت خلا
اک کرن بھی نور و خورشید کی کہیں پیدا نہیں
روشنی ہے کس قدر بے دست و پا

نظم اس جگہ آ کر ختم ہو جاتی ہے" مقتل"، حسین سحر کی کامیاب ترین نظموں میں ہے۔ اس نظم کا دائرہ بہت وسیع ہے اپنے عمیق، پیچیدہ وجودی مسائل کے سبب اس نظم کا شمار اردو کی چند معیاری نظموں میں ہونا چاہئے۔ حسین سحر کے یہاں ہستی کی تصویر اور عدم و وجود کو ذات کا اعجاز ٹھہرانے کے علاوہ تصور وقت اور وحدت الشہود کا مسئلہ بھی ملتا ہے۔ وقت کے شور پر ان کی نظم "دائرہ" اہمیت کی حامل ہے اس میں انہوں نے وقت کے مطلق اور مسلسل دونوں تصورات کو بیان کیا ہے ان کے یہاں وقت کے دونوں تصور ایک ہی حقیقت سے متصل ہیں۔ ازل سے ابد کے تصور کو حسین سحر نے اس طور پر محسوب کیا ہے کہ یہ دونوں ابعاد ان کے یہاں ایک دوسرے سے متقدم اور متاخر نہیں ہیں بلکہ وقت کی ایک ہی بساط پر جلوہ نما ہیں۔ وہ ابد کے آخری نقطے کو ازل ہی کی ابتداء تصور کرتے ہیں۔

ابد کا آخری نقطہ بھی شاید ہے ازل کا اولیں لمحہ

اب اس حقیقت کی روشنی میں یہ سمجھنا بہت آسان ہو جاتا ہے کہ زمان مطلق جسکو حقیقی زمانہ کہا گیا ہے وہاں ماضی اور مستقبل کوئی چیز نہیں ہے بلکہ ماضی اور مستقبل تو حقیقی زمانے سے نکلی

ہوئی ایک رو ہے۔ اس لئے زمان مطلق کے پاس ماضی اور مستقبل کو پھیر نہیں۔ وہاں جو کچھ ہے یا ہوگا (واللہ اعلم) وہ حال اور صرف حال ہے۔ اس لئے کہ حقیقی زمانے میں سب زمانے موجود ہیں اور جب سارے زمانے ایک جگہ موجود ہوں گے تو ان کا زمانہ حال کے علاوہ دوسرا کیونکر ہو سکتا ہے۔ زمانے کے ایسے تصور کو مفکرین نے بھی راجح قرار دیا ہے۔ خود علامہ اقبال کے یہاں بھی زمان مطلق کے تصور میں ماضی و مستقبل نہیں پایا جاتا۔ حسین سحر کے درج بالا مصرعے میں بات واضح ہے۔

ابد کا آخری نقطہ بھی شاید ہے ازل کا اولیں لمحہ

یہاں پر ازل و ابد ایک ہی زمانے کی حقیقت بن گئے ہیں۔ اس طرح ایک مشکل مضمون بہت آسانی سے بیان میں آ گیا ہے۔ اس اجمالی اظہار کے بعد حسین سحر نے زمان مسلسل کے تصور کو واضح کرنے کی کوشش کی ہے اور تمام زمانوں اور تمام اشیاء کو انہوں نے اسی ازل و ابد کے ایک دائرے سے جوڑنے کی کوشش کی ہے۔ نظم درج ذیل ہے:

ابد کی آخری نقطہ بھی شاید ہے ازل کا اولیں لمحہ
کہ اس سے متصل ہے
زندگی کا بحر بے پایاں
روانی جس کی موجوں میں بلا کی ہے
کبھی جب حرف کن کی گونج
ٹکراتی ہے ان موجوں سے
تو تخلیق کا در
دائرہ در دائرہ کھلتا ہے
اس موج دریا میں
جسے ہم وقت کہتے ہیں
ازل کی صبح کا وہ اولیں نقطہ

سمٹ کر پھیلتا ہے جب ابد کی شام کی جانب
تو صدائے کن
ابد سے پھر ازل کی سمت بڑھتی ہے
محیط وقت کی تکمیل کرنے
یہ سفر جاری ہے اور جاری رہے گا
جانے کب تک؟

تصور وقت کے سلسلے میں اس نظم میں دو اہم نقطے بیان کئے گئے ہیں ان میں ایک تو یہ ہے کہ اس میں تخلیق کو زمان و مکاں کے اتصال کا نتیجہ قرار دیا گیا ہے یعنی جب زندگی کے بحر بے پایاں سے حرف کن کی گونج ٹکراتی ہے تب انہیں موجوں میں تخلیق کا در، دائرہ در دائرہ کھلتا چلا جاتا ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ خود تخلیق بھی حرف کن کی گونج ہی کا نتیجہ ہے جو زندگی کے بحر بے پایاں سے ٹکرا کر پیدا ہوئی ہے۔ اس طرح حسین سحر کے یہاں تخلیقی عمل کا سرا زندگی اور زمانے کے نقطہ اتصال سے جڑا ہوا ہے۔ دوسرا اہم نکتہ یہ ہے کہ ازل سے ابد تک زمانے کا جو پھیلاؤ ہے اور زمانہ جہاں اپنا اظہار تسلسل کے ساتھ یا ماضی و مستقبل کے تناظر میں کرتا ہے وہاں بھی زمانہ کسی اضافی حیثیت میں نہیں ہے بلکہ شروع سے آخر تک پورا زمانہ اور تمام مرور مسلسل حسین سحر کے خیال میں دراصل صبح ازل کا اولین نقطہ ہے۔ جس کے پھیلاؤ کے اثر سے زمان مسلسل کا وجود سمجھ میں آتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ زمان مسلسل، دراصل زمان مطلق ہی کی ایک رو ہے جو کائنات میں جاری و ساری ہے۔ یہی خیال عام طور پر فلسفیوں کے یہاں پسندیدہ ہے۔ علامہ اقبال بھی اسی طرف گئے ہیں۔ بہر حال یہ نظم جس موثر فکر کے ساتھ پیش کی گئی ہے وہ بہت اہم ہے۔ عام طور پر زمانہ اور تخلیق کی حقیقت پر عصری شعری ادب میں خالص مواد کی کمی نظر آتی ہے حسین سحر نے اس پہلو پر اردو میں ایک بہترین نظم کا اضافہ کیا ہے۔

تصور وقت کی طرح حسین سحر نے نظریہ وحدت الشہود کو بھی اس داخلیت کے ساتھ پیش کیا ہے کہ موضوع اور بیان کا حسن شعور و نظر پر پھیل گیا ہے۔ واقعہ، منظر یا اظہار کوئی بھی ہو اس

میں تاثیر بیان اور شاعر کی داخلی کیفیات مل کر ایک اندرونی ربط پیدا کرتی ہیں اور واقعات کے تناسب اور تخلیق میں شاعر کو ایسا وجدانی شعور حاصل ہوتا ہے جو ہر شے میں ہر شے کو موجود بھی دکھتا ہے اور غائب بھی۔

اس سلسلے میں انکی نظم ''کبھی تم نے دیکھا؟'' غیر معمولی اہمیت کی حامل ہے۔ نظم اپنے اظہار اور اثر میں زندگی کی جملہ شناخت کو سمیٹتے ہوئے آگے بڑھتی ہے اس میں شعوری اور وجدانی سطح پر ہر وہ احساس پایا جاتا ہے جو مظاہر کے پردے میں کسی غیر معمولی واقعہ یا اظہار کا احساس دلاتا ہے۔ نظم کے اشعار میں انتہائی سادگی میں اصل بات بیان کر دی گئی ہے اور ذوق و عمل کے پردے میں اس اصلیت کو اور زیادہ گرانمایہ بنا دیا گیا ہے۔ نظم واقعی پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے اس نظم کو داخلی سطح پر دو حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں پہلی سطح میں کائنات کو دیکھنے کی دعوت دی ہے۔ اس کے بعد زمیں و آسماں کے مختلف مناظر اور مظاہر کے مشاہدے میں حقیقت تک پہنچنے کی کوشش پر زور دیا گیا ہے۔ یہ دعوت خود ظاہر کرتی ہے کہ مظاہر کے افہام و تفہیم میں آزاد غور و فکر کی اپنی اہمیت ہے۔ آزادی کے ساتھ کچھ اختذار بھی شامل کر لیا جائے تو مظاہر پر غور سے ہر شخص کو فائدہ حاصل ہو سکتا ہے۔ نظم کے پہلے حصے میں صرف یہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ یہ مظاہر کس قدر دلنشیں ہیں۔

کبھی تم نے دیکھا؟
درختوں پہ کھلتے ہوئے رنگ کتنے حسیں ہیں
سر شاخ اڑتی ہوئی تتلیوں کی قطاریں
افق پر لچکتی ہوئی یہ دھنک کی کمانیں
مہکتے ہوئے پنچھیوں کی اڑانیں
چمکتے ہوئے سرخ اور زرد پھولوں کی بیلیں
فلک سے برستے ہوئے شبنمی آئینوں کی پھوہاریں
چمکتے ہوئے نیلگوں آسماں کے افق پر

ابھرتے ہوئے شوخ سورج کی کرنیں
دمکتی ہوئی نیلی نیلی فضائیں
بدلتے ہوئے موسموں کی ہوائیں
اچھلتے ہوئے سبز روپانیوں کی ردائیں
یہ سب کس قدر دلنشیں ہیں

یہاں آکر نظم کا ایک حصہ مکمل ہو جاتا ہے۔ دوسرے حصے میں حسین سحر نے سوچنے کی دعوت دی ہے اس لئے نظم کے دوسرے حصے کا آغاز ''کبھی تم نے سوچا؟'' سے شروع ہوتا ہے سوچنے کی دعوت انسانی شعور اور عقل کو انہیں حوادث کی طرف لوٹا دیتی ہے جن کی طرف سے اس نے اول بار صرف نظر کیا ہو۔ لہٰذا انسان جب دوبارہ اپنی چھوڑی ہوئی منزل کو اختیار کرتا ہے تب اسے اس کے اسرار اور معانی کا پتہ چلتا ہے۔ شاعر کی حیثیت یہاں پر غیر محسوس طریقے سے ایک رہنما جیسی بن جاتی ہے جو اپنے مشاہدے اور عرفان کے جمال کو اپنے شعری افکار کے ذریعہ قاری تک پہنچانا چاہتا ہے۔ گویا اشیاء کے دیکھنے اور ان سوچنے کے درمیان شاعر ایک واسطہ بن جاتا ہے۔ قاری ایسی صورت میں اپنے ذوق جمال اور ظرف کے مطابق شاعر کی وجدانی کیفیات کا اندازہ لگانے کی کوشش کرتا ہے۔ یہ سارا سلسلہ نظم کے دوسرے حصے میں پیدا ہوتا ہے:

کبھی تم نے سوچا؟
کہ یہ سارے منظر کیا ہیں؟
ایک تصویر ہیں زندگی کی
چمکتی ہوئی دودھیا روشنی کی
مہکتی ہوئی سرمئی تازگی کی
یہ تصویر اب دیکھنا تو کھلی آنکھ سے دیکھنا
اس کا نقاش اس کا مصور
تمہارے ہی اندر چھپا ہے

تمہارے ہی رنگوں میں وہ اپنا خون جگر گھولتا ہے
تمہاری ہی آواز میں بولتا ہے

اس نظم کے دوسرے حصے میں وحدت الشہود سے استفادے کی کوشش کی گئی ہے اور یہ خیال کیا گیا ہے کہ وحدت عظمیٰ نے اپنے اظہار کیلئے جن وسائل اور مناقب کو واسطہ بنایا ہے ان میں اظہار کی وہ تمام صورتیں شامل ہیں جو انسانی ادراک میں آسکتی ہیں۔ اس بنیاد پر انسانی ادراک بھی کبھی کبھی یہ فیصلہ لے لیتا ہے کہ حواس میں آنے والی اشیاء دراصل وحدت ہی کا مشاہدہ ہیں اور حواس کے ذریعہ جن کیفیات کا ہم ادراک کرتے ہیں یا جن معانی پر مطلع ہوئے ہیں وہی اصل ہیں اور ان کی یہ اصلیت ان کی وحدت میں پوشیدہ ہے۔ اس لئے وجدانی سطح پر گویا اشیاء کا مشاہدہ شاہد، شہود اور مشہود تینوں کو اپنی وحدت اور عکس میں میں شامل کر لیتا ہے۔ ایسی صورت میں جو چیز اصلاً موضوع بحث تھی وہ التواء میں پڑ جاتی ہے شاعر کو صرف اپنے ذوق کی تربیت کا سامان کرنا ہے اور کسی ذریعہ یا طلب پر مرکوز کئے بغیر اپنی بات بیان کر کے آگے بڑھ جانا ہے۔ اس طرح اس ضمن میں جو ترجیحات مشاہدے کے ذریعہ بیان کی جائیں گی ان کو محسوسات ہی کی سطح پر محبوب کر کے وحدت عظمیٰ کی جستجو کو شہود کے پردے میں دیکھا جائے گا۔ یہی طریقہ کار وحدت الشہود کو بیان کرنے میں عام طور پر پیش کیا جاتا ہے اور یہی راج بھی ہے۔ حسین سحر نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے۔ اس لئے جب وہ کہتے ہیں:

یہ تصویر اب دیکھنا تو کھلی آنکھ سے دیکھنا
اس کا نقاش اس کا مصور
تمہارے ہی اندر چھپا ہے
تمہارے ہی رنگوں میں وہ اپنا خون جگر گھولتا ہے
تمہاری ہی آواز میں بولتا ہے

تو ہمیں یہ محسوس ہوتا ہے کہ اس بیان میں انا الحق کی بجائے انا من الحق کا نعرہ مستانہ گونج رہا ہے۔

حسین سحر فطرت کے جمال و جلال، اس کی تمثیر، اس کے بیان، اس کی یاددہانی، اس کے احتساب، اس کی تہداریت، اس کی نمود، اس کی اشاریت، اس کی آگاہی اور اس کی تمثیل سے حد درجہ متاثر ہیں، اس لئے اکثر مقامات پر وہ اپنی طرف سے کوئی اضافی بیان نہیں چاہتے۔ حسین سحر کی وہ نظمیں جس میں انہوں نے فطرت کو مختلف فائلوں کی صورت میں محفوظ کیا ہے اور ان پر کسی قسم کا کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے بلکہ صرف صورت واقع بیان کر کے اسے اسی حال پر رہنے دیا ہے انکی بہترین نظمیں ہیں۔ ایک اعتبار سے یہ فطرت کا اعلیٰ سطحی تبصرہ ہے کہ اس کو بلا تبصرہ رہنے دیا جائے اس لئے فطرت کے مناظر جہاں جہاں ان کی نظموں میں بلا تبصرہ پیش کئے گئے ہیں وہاں وہاں انکی شاعری کا حسن اور نمایاں ہوتا گیا ہے۔ فطرت پر تبصرہ کیلئے شاعری کی زبان کو گنگ کر لینا ان کے یہاں اپنی مثالوں میں شاعری کا مزاج بن گیا ہے۔ ایسی نظمیں جس میں فطرت کے مناظر بلا تبصرہ پیش کئے گئے ہیں بہت کم ہیں مگر اپنے اثر اور حسن میں بے مثال حیثیت کے مالک ہیں۔ انکی چار مصرعوں کی نظم جس کا عنوان ''ایک منظر'' ہے صرف اس قدر ہے:

آسماں پر بادلوں کا اک ہجوم
بادلوں میں چاند کی کشتی رواں
چاند کی کشتی پر ٹوٹا بادباں
بادباں کے پاس آوارہ نجوم

نظم ان چار مصرعوں میں مکمل ہو جاتی ہے اس نظم میں فطرت کے ایک منظر کی ایک فائل کھولی گئی ہے۔ اس پر کوئی تبصرہ نہیں کیا گیا ہے نظم پڑھ کر لمحہ بھر کیلئے سکتہ کی سی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ برصغیر کے ایک نوبل انعام یافتہ شاعر کی ایک نظم کا اردو ترجمہ یاد آ رہا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں اور اس کیفیت کو جو اس نظم کے مطالعہ سے طاری ہوتی ہے ذرا توقف کے ساتھ سمجھنے کی کوشش کریں تو اس میں حسین سحر کی درج بالا نظم سے مماثلت کے پہلو نکل آئیں گے:

مجھے بھی اس جشن گاہ دنیا میں نوید شرکت ملا ہے
میں بہت مسرور ہوں

میری آنکھوں نے دیکھا
میرے کانوں نے سنا

پیش کردہ نظم میں صرف تناعرض کیا گیا ہے کہ شاعر بہت مسرور ہے۔ اس لئے کہ اسے جشن گاہ دنیا میں شریک کیا گیا ہے۔ اس جشن کو وہ اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہے اور کانوں سے سنتا ہے شاعر کا نام آپ سمجھ گئے ہوں گے۔ آپ محسوس کریں گے کہ اس فکر میں کتنی طاقت ہے۔ یہ فطرت سے محبت اور محویت کی معراج ہے کہ ایک شخص فطرت کے وجود اور اس کے نظارے کو اپنے تمام تر جذبات پر غالب کر کے اور اس نظارے سے تمام مسائل اور آلام کے مقابل مسرت حاصل کرے۔ یہ نظم انسانی نفسیات کو دنیا بھر کی پیچیدگیوں کو مسائل سے مٹاتی ہے اور اسے واقعی مسرت کی طرف لے چلنے والی ہے۔ اسی کیفیت سے حسین سحر کی وہ نظم ملاحظہ فرمائیں جو درج بالا سطور میں نقل کی گئی ہے:

آسماں پر بادلوں کا اک ہجوم
بادلوں میں چاند کی کشتی رواں
چاند کی کشتی پہ ٹوٹا بادباں
بادباں کے پاس آورہ نجوم

اس نظم میں پہلی نظم کے مقابلہ میں صرف اتنا فرق ہے کہ اس میں میری آنکھوں نے دیکھا اور میرے کانوں نے سنا والے مصرعے چھپے ہیں ٹیگور کے ساتھ مماثلت کے پہلو نکالنے کی وجہ سے بعض طبیعتیں مضطرب ہو سکتی ہیں مگر گہرائی کے ساتھ باطن کو وا کر کے دیکھا جائے تو لامحالہ اس حسن تک نگاہ ضرور چلی جائے گی۔

حسین سحر کی نظموں میں ایک اہم پہلو انسانیت کا درد، اس کے زوال پر افسوس اور اس کے احیاء کا عزم بھی پایا جاتا ہے۔ انہوں نے انسانیت کو اخلاقی پہلو سے بھی سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ اس افہام و تفہیم میں انکے یہاں رواداری، قدر دانی اور ہمت افزائی کا بھی جذبہ پایا جاتا ہے مگر بار بار کے تجربے کے بعد جب وہ اس اخلاقی پہلو کو اچھی طرح سمجھ لیتے اور اس کو مثبت

صورتحال میں تبدیل کرنے کا ذوق جب مسدود ہوتا ہوا دیکھتے تو وہ بھی انسانیت کے زوال سے رنجیدہ ہو جاتے ہیں ۔ پھر ان پر وہ طریقہ کار بھی مختلف ہوتا ہے جو زوال کو کمال میں بدل دے انکی بعض نظموں میں اخلاق کے منفی اور غیر مثبت پہلوؤں کی طرف نشاندہی ملتی ہے اس نشاندہی کی وجہ سے انکی نگاہ میں تحفظ پیدا ہو جاتا ہے ۔ اس طرح وہ خود اپنی نشاندہی سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور اس میں کسی تقلیل کے قائل نہیں ۔ واقع یہ ہے کہ شعوری اور غیر شعوری دونوں سطح پر اخلاق کی منفی کمزوریاں ہمیں ضروری حد تک فعال بنا دیتی ہیں ۔ اس سلسلے میں ان کی چار نظمیں ''آلودگی''، ''قطرہ قطرہ زندگی''، ''تلاش گمشدہ'' اور ''ضرورت ہے'' پیش کی جا سکتی ہیں ۔ یہ تمام نظمیں اپنے انفرادی تیور کے باوجود یکساں معنوی تاثیر پیدا کرتی ہیں ''آلودگی'' دراصل اخلاقی زوال کی آلودگی ہے جس کی وجہ سے چہار سو ظلمت کاری ہوتی جا رہی ہے اور یہ ظلمت شاعر کی روح کے چاند کو آہستہ آہستہ گہنا رہی ہے ۔

دم بدم پھیلتا جا رہا ہے دھواں نفرتوں کا
خموشی کی اک دھند سی ہے کراں تا کراں
شور ہے حسرتوں کا آرزوؤں کا ہر سو
تمنا کی دھول اڑتی ہے سینے میں
حرص و ہوس زہر بن کر رگوں میں اترنے لگی ہے
مجھے ریزہ ریزہ جو اندر سے گرنے لگی ہے
گھنی ظلمتوں کے حوالے مجھے لحظہ لحظہ کئے جا رہی ہے
مری روح کے چاند کو
رفتہ رفتہ یہ گہنا رہی ہے

اسی طرح نظم ''تلاش گمشدہ'' میں دراصل آج کے انسان کی گمشدگی بیان کی گئی ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ معاش کی فکر میں انسان سب کچھ بھول چکا ہے ۔ شاعر کی زبان میں اب نہ اس کا کوئی نشانہ ہے نہ کوئی منزل ہے ۔ نہ کوئی کارواں ہے ۔ یہاں آکر شاعر کے یہاں انسان کی تلاش

کا جذبہ عود کرتا ہے وہ چاہتا ہے کہ کوئی اسے تلاش کرے اور بتائے کہ وہ کون ہے؟ اور اس کی منزل کیا ہے؟ واحد متکلم کے صیغہ میں بیان کی گئی یہ نظم انسان کی ذاتی گمشدگی کے حوالے سے اس کے تمام مسائل کا احاطہ کرتی ہے ''قطرہ قطرہ زندگی'' میں بھی یہی موضوع بیان ہوا ہے شاعر کے خیال میں انسانیت اب دم توڑ رہی ہے اور اس کو اب خون کی ضرورت ہے اس کے معالج کہتے ہیں کہ اس کا مرض خطرناک ہے اور اس کو انسان کا گرم خون ہی بچا سکتا ہے اس لئے یہ نظم اسی حسرت پر ختم ہوتی ہے ۔

کوئی تو ہو
جو اس بیمار کو اپنا جوان و گرم خون دے کر
رگ تیرہ کو اس کی جرعہ جرعہ روشنی بخشے
تن مردہ کو اس کے قطرہ قطرہ زندگی بخشے

نظم ''ضرورت ہے'' امن عالم کے قیام کے لئے وہ محبت، اخوت اور قناعت کی اہمیت پر زور دیتے ہیں تا کہ ان کے ذریعہ دنیا میں امن کی فضاء قائم ہو ۔ اس نظم کا آخری بند درج ذیل ہے :

ضرورت ہے جہاں میں
پھر سے ساری نوع انساں کو
محبت کی قناعت کی اخوت کی
کہ دنیا میں فضائے امن قائم ہو

یہاں پر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ شاعر نہ صرف دنیا میں قیام امن کا خواہاں ہے بلکہ یہ تمنا اس کے اندر درد اور اضطراب بن کر مچل رہی ہے تا کہ اس کے ذریعہ انسانیت کے حقیقی مفاد کی حفاظت کی جا سکے ۔ یہ کام اپنی نوعیت، غرض اور عمل میں بے مثال ہو اور اس کا دائرہ بہت وسیع ہو ۔ اس میں مختلف قسم کے اختلافات کو جمع کرنے کی صلاحیت بھی ہو اور اسے ایسے تمام انسانی اقدار کا لحاظ ضروری ہو جو انسانیت کے حقیقی مفاد کے تحفظ میں کام آتے ہوں ۔ اس نوعیت اور

مقصد کا کام کسی ایک مقام پر ٹھہرا ہوا نہ ہو بلکہ اس کے ہر لمحہ وسیع تر ہوتے رہنے کی صلاحیت ہو۔ دراصل یہ انسانیت کا ایک ایسا حقیقی مفاد ہو جو لامتناہی مسرت کی طرف چلتا ہو۔

غرض ہم دیکھتے ہیں کہ حسین سحر اردو کے 70ء کی دہائی میں ابھرنے والے اہم شاعر ہیں۔ انکی شاعری نے غزلوں اور نظموں کے حسین پیرائے میں اپنا سفر جاری رکھا ہے ان کی نظموں میں ایک طرف تو کائنات اور اظہار کائنات ایک ایسا وسیع داخلی اور جمالیاتی موضوع بن کر ابھرا ہے جو موجودات میں معدومات کا وجود بھی دیکھتا ہے۔ فطرت کے مظاہر سے حسین سحر کا تعلق بہت ذاتی اور جمالیاتی قسم کا ہے۔ اس موضوع یا احساس پر وہ کہیں اور دیکھنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتے وہ اس احساس سے خود ہی اس قدر سرشار ہیں کہ اس جمال سے ان کا دل غنی ہو گیا ہے موجودات کے نظم، جمال اور افکار پر گرچہ ہر شاعر کچھ نہ کچھ کہتا ہوگا مگر حسین سحر کے بیان میں جو اہم نکتہ ہے وہ انکی Feeling ہے جو اس تناظر میں بہت پر معنی اور حسین ہے۔ ان نظموں کے حوالے سے حسین سحر فطرت کے ایک عاشق کی صورت ہمارے سامنے آتے ہیں۔ ہوسکتا ہے عشق صرف فطرت کا عشق نہ ہو بلکہ ایسے مفاہیم اور نتائج کا عشق ہو جو ان حدود کے درمیان رہ کر بھی توسع اختیار کرسکتا ہو۔

حسین سحر فطرت کے ہر مظہر سے الگ الگ معنی بھی کشید کرتے ہیں اور تمام مظاہر کا ایک مطلب بھی بیان کرتے ہیں اکثر اوقات وہ فطرت کے مناظر کی فائل فوٹو بنا لیتے ہیں اور اس پر کوئی تبصرہ نہیں کرتے ہیں۔ گذشتہ اوراق میں کسی جگہ عرض کیا گیا ہے کہ فطرت کے جمال وجلال اور اس کے اسرار پر وسیع تر تبصرہ یہ ہے کہ اسے بلا تبصرہ چھوڑ دیا جائے۔ اس کے باوجود حسین سحر نے فطرت سے جو معانی اکتساب کئے ہیں وہ ان کے اپنے ہیں۔ ان معانی سے زندگی کا جو مفہوم نکلتا ہے وہ ہر شے کو محیط ہے۔ حسین سحر کی شاعری، فطرت کی تعمیل بھی ہے اور اس کی تشریح بھی فطرت کے غیر معمولی، وسیع اور لامتناہی جمال وجلال اور اس کی تخلیقی اشاریت نے حسین سحر کو وہ سب کچھ سمجھنے دیا ہے۔ جو انہیں سمجھنا چاہئے تھا فطرت کے اس اکتساب نے ان کی شاعری کو مختلف جہات میں ظاہر کیا ہے اس طرح زندگی اور فطرت کے بہت سے پہلو اس میں شامل ہوتے چلے گئے ہیں

اور یہ سب مل کر حسین سحر کی شاعری توسعطا کرنے والے ہیں۔

فطرت سے موضوع کشید کرنے کا عمل ان کے یہاں بہت نمایاں ہے اور بہت ساری صورتوں کو محیط ہے۔ ان صورتوں میں ہستی کی تصویر کے علاوہ عدم و وجود کو ذات کا اعجاز ٹھہرانا، زندگی کو تنقید کا ہدف بنانا، ہر شے کا ایک ہی حقیقت میں شامل ہونا، قنائیت، تصور وقت، وحدت الشہود، اعادۂ شہود، جبر وقدر، صلح اور ایقان اور اس طرح کے بہت سے موضوعات ان کے یہاں نمایاں ہیں۔ مجموعی اعتبار سے غیر معمولی تیقن اور اعتماد کی طرف لے چلتی ہے۔ انہوں نے با مقصد شاعری کی ہے اور شاعری کو زندگی سے قریب کیا ہے۔ انکی شاعری نے عصری شعری مزاج کے ساتھ ہم آہنگ ہو کر صلح و نقد کی وہی ذمہ داری انجام دی ہے جو اردو شاعری کے بعض اہم نام انجام دیتے رہے ہیں۔ حسین سحر ان ہی اسلاف کے ایک تبع کی حیثیت سے سامنے آتے ہیں۔ ان کی شاعری کو اسی زاویے سے سمجھنا چاہئے۔ ان کی شاعری فطرت سے اکتساب اور اقدام امن کی شاعری ہے۔

حسین سحر اور ہیئتی تجربوں کی فسوں کاریاں

ڈاکٹر شفیق ندوی.....ریاض

کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو ہر سطح پر اپنے ملنے والوں کو متاثر کرتے ہیں۔انہیں میں ایک نام ہمارے محترم جناب پروفیسر حسین سحر کا بھی ہے،سحر صاحب سے میری ملاقات بہت پرانی تو نہیں لیکن جتنی بھی ہے،وہ ہے بہت ہی بے تکلف۔نام سے تو میں آشنا تھا ہی لیکن ملاقات ایک مقامی مشاعرہ میں ہوئی جو بہت جلد بے تکلفی میں تبدیل ہوگئی۔شاعری میں ہم خیال ہونے کے باوجود مسلکی وفاداریوں میں ہم دونوں میں بعدالمشرقین ہےاور یہی دوری ہماری قربت کا بنیادی سبب بھی۔

سحر صاحب سے ملنے کے بعدان کی بزم سے جانے کو جی نہیں چاہتا،بالخصوص جب وہ محو گفتگو ہوں،اردو کا ایک مشہور محاورہ ہے(بات کرتا ہےتو پھول جھڑتے ہیں)کبھی سنا تھا،شنیدہ ہی رہا۔دیدنی سحر صاحب سے ملنے کے بعد ہوا۔شاید یہی وجہ ہے کہ جس بزم شعروسخن میں سحر صاحب ہوں اس میں صدارتی گفتگوانہیں کے حصے میں آتی ہے بلکہ ان کے ہوتے ہوئے کسی میں منصب صدارت کا یارا ہی نہیں ہوتا اور ہو بھی کیسے ان کی شخصیت کی فسوں کاری کچھ اس قدر ہمہ گیر ہوتی ہے کہ ان کے ہوتے ہوئے کسی کو اپنے وجود کا احساس نہیں ہوتا اور اس میں کوئی مبالغہ بھی نہیں۔سحر صاحب کی ہشت پہلو شخصیت میں جہان شش جہات نہاں ہے۔شاعری میں محاوروں، روزمرہ،مضمون کی ندرت۔ومعنی آفرینی،زبان کی چاشنی اور اسلوب کی شگفتگی کچھ اس طرح ایک دوسرے سے وابستہ و پیوستہ ہوگئی ہے کہ بے ساختہ کہنا پڑتا ہے۔ نظارہ دامن دل میکشد کہ جاء اینجاست۔سحر صاحب اس وقت آٹھویں دہائی کے پیٹے میں ہیں لیکن مذہبی اور اخلاقی رکھ رکھاؤ نے انہیں ہر طرح کی آفات زمانہ سے محفوظ رکھا ہے۔دور ہی سے ان کی پرکشش شخصیت آپ کو اپنا گرویدہ بنا لیتی ہے۔سحر صاحب نے اپنی 55 سالہ فنی سفر میں اردو کے سرمایے میں گراں قدر اضافہ کیا ہے۔شاعری کی مختلف اصناف سخن میں طبع آزمائی کی۔کم ہی رائج الوقت کوئی صنف سخن

ہوگی جو ان کی توجہ سے محروم رہی ہو۔ان کے نام سے منسوب بیشتر مجموعہ کلام قارئین وشائقین شعرو سخن کی توجہ کا مرکز رہے ہیں جن میں سے چند کے نام کچھ یوں ہیں۔پھول اور تارے،تقدیس، تخاطب،تطہیر،تجلی،سعادت،مودت،ستارہ ہلال،تنویر،ہم کلیاں ہم پھول،نظمیں اور کہرے میں دھنک۔ان میں سے کچھ تو ایسے ہیں جنہیں باوقار انعامات سے بھی سرفراز کیا گیا ہے۔بطور مثال پھول اور تارے رائٹر گلڈز سے جبکہ تقدیس صدارتی ایوارڈ یافتہ تصنیف ہےاور اتنا ہی نہیں بلکہ سحر صاحب سے کچھ ہیئتی تجربے بھی منسوب ہیں۔آزاد غزل میں تو انہیں غیروں پر اولیت حاصل ہے۔یہ الگ بات ہے کہ مختلف وجوہات کے سبب اولیت کا یہ اعزاز تنقیدی حوالوں میں ہندوستانی شاعر مظہر امام سے منسوب ہےاور یہی وہ پہلو ہے جو اس طویل تعارفی تمہید کا بنیادی محرک ہے۔ قصہ کوتاہ میرے پیش نظر ان کا مجموعہ کلام ''کہرے میں دھنک'' ے جوان کی شاعری کی عام افتاد سے مختلف،آزاد نظموں پر مشتمل مجموعہ کلام ہے۔

جن اردو شعراء نے اس ہیئت کو اپنا وسیلہ اظہار بنایا ان کی گرفت اردو کے کلاسیکی سرمایے پر ہی نہیں بلکہ فارسی شعروشاعری سے ان کا رشتہ بہت ہی مضبوط تھا۔وہ چاہے میراجی ہوں یا راشد،فیض ہوں یا منیب الرحمٰن،اختر الایمان ہوں یا جعفری،اگر میں کہوں کہ ہمارے سحر صاحب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہیں تو کچھ بے جا نہیں ہوگا۔

سحر صاحب کی نظموں کا عام آہنگ ایک دوسرے سے ملتا جلتا ہےلیکن ایک چیز جو سحر صاحب کو عام آزاد نظم نگاروں سے مختلف کرتی ہے۔وہ اشعار میں وزن کا فنی التزام جوان کی صنف سخن سے واقفیت کی دلیل ہے۔کم لوگ جانتے ہیں کہ آزاد نظم کہنے کو آزاد ہوتی ہے۔ورنہ وہ بھی ایک حد تک وزن کی پابند ہوتی ہے۔ہاں یہ الگ بات ہے کہ اردو شاعری کے اوزان ارکان کی ترکیب سے وجود میں آتے ہیں جبکہ مغربی شاعری کے اوزان حروف پر مبنی ہوتے ہیں۔عرب ناقدین اسے(قدم/اقدام) کا نام دیتے ہیں جس کی طوالت واختصار کا پیمانہ بقول ان کے کم سے کم ایک (حرف) ہوتا ہےاور زیادہ سے زیادہ بارہ (حرف)،آزاد نظم چاہے (Blank Verse)ہو یا (Verse Libre)دونوں کا اس قاعدہ کا پابند ہونا ضروری ہےلیکن دونوں میں

فنی فرق ہے۔سحر صاحب کی نظم بندی ملاحظہ کیجئے۔

اندھیری شب میں
بلند مرمریں پہاڑوں کی سرد، تاریک چوٹیاں
برف سے ڈھکی تھیں
ہر ایک ذرہ مہیب خوابوں کے تیرہ غاروں میں کھو چکا تھا
مگر فلک نے جو آنکھیں کھولی
دمکتے سورج کی پہلی کرنوں کا گرم و بیدار لمس پا کر
جو برف پگھلی
تو وادیوں کے گلاب ہونٹوں پر نرم خوشبو کے گیت ابھرے
زمین انگڑائی لے کے جاگی
تو سبز پتوں کی چوڑیوں سے کھنکھناتی شاخوں کی صندلیں باہیں لہلہائیں
سیاہ زلفوں کے ابر لہرائے آسماں پر
تو نیم وا آنکھیں جگمگائیں
لبوں کی کلیاں چٹک اٹھیں
گلشنوں کے سانسوں میں زیر و بم تھا
جو برف پگھلی تو زندگی در آئی
کہ اس کے خوابیدہ ان چھوئے ریشمی بدن کی خنک رگوں میں

اس مختصر مضمون میں صرف ان امکانات کی نشاندہی مقصود تھی جن سے ان کی شاعری عبارت ہے۔امید ہے کہ کل کے ناقدین سحر صاحب کی فنی قدر و قیمت کے تعین میں دیانتداری سے کام لینگے۔

سحر صاحب کے تخلیقی سرمایے میں آزاد نظم کا حصہ خاصا ہے۔''کہرے میں دھنک'' میں کل ان کی چھوٹی بڑی 30 تا 35 نظمیں شامل ہیں۔ان میں کچھ مشاہداتی نظمیں ہیں کچھ

موضوعاتی لیکن آتی سب ہیں۔مختصر نظموں کی دائرے میں ہاں کچھ نظمیں ایسی ہیں جنہیں ہم نیم طویل نظموں میں شمار کر سکتے ہیں جیسے درج ذیل نظم:

رات کی بات ہے
ماحول تھا اس درجہ مرے قریہ جاں کا شبگوں
تھی فضائے چمنستان زبوں
ظلمت شب تھی کہ امڈی ہوئی گھنگھور گھٹا
سائے ہی سائے نظر آتے تھے ہر سو گہرے
خوفناک اور عجیب
کسی عفریت کی مانند غضبناک و مہیب
ظلم اور جبر کا پہرہ تھا دل و جاں پہ محیط
ذہن پر طاری خزاں کا طلسم
روح پابند سلاسل تھی جو آزاد تھا جسم
ابر تھا چھایا ہوا درد و الم کا ہر سُو
کوئی آہٹ نہ کوئی رنگ نہ کوئی خوشبو
زرد تھا چہرہ ا شجار غبار غم سے
اور پژمردہ نظر آتی تھی ہر ایک کلی
برگ بے رنگ و نمو
شاخ بے برگ و ثمر
حبس تھا قریہ جاں کا موسم
ہر طرف چھایا تھا شب کا عالم
در و دیوار پہ سایوں کا ہجوم
شب کی شدت میں اضافہ جو اچانک ہوا

دل زور سے دھڑکا میرا
نکل آیا فق جاں پہ نیا مہر درخشاں ایسے
جیسے یکدم تن بے جان میں جاں آ جائے
جیسے بے صوت وصدا کو بھی زباں آ جائے
جیسے بھولے ہوئے کو یاد نشاں آ جائے
اس نئے مہر درخشاں سے ہے وابستہ بہار
جس کے موسم بے رنگ وصدا کے رخ پر
زیست کی زندہ علامت کی پکار
گنگناتی ہے نئی شان سے خوشبو کی دلہن
صبح کی پہلی کرن
صبح کی پہلی کرن
مرگ زدہ موسم میں
سانس لینے کیلئے
تازہ ہوا کا جھونکا

کہرے میں دھنک

اسلام عظمی

اجنبی شہروں میں اجنبی لوگ اکثر ملتے رہتے ہیں ۔ میں کون؟ آپ کون؟ کی قسم کا رسمی سا تعارف چلتا رہتا ہے۔ آئیں کہیں بیٹھ کر چائے پئیں کہہ کر یعنی اب اپنی اپنی راہ لیں کا اشارہ کتنے ہی لوگ ہر روز ایک دوسرے کو دیتے رہتے ہیں ۔ جتنا بڑا شہر ہو اتنی ہی اس کے راستے اور اس کی سڑکیں صاف ستھری ہوتی ہیں ۔ ان صاف ستھرے راستوں اور سڑکوں پر ہر روز لاتعداد لوگ چلتے ہیں مگر ان کے نقوش پا کوئی نشان نہیں چھوڑتے ۔ اچھی صورتیں ہوں یا برے چہرے سب ذہن کی سلیٹ سے اتنی جلدی محو ہو جاتے ہیں کہ صحراؤں کی وحشی ہوا بھی گزرنے والوں کے قدموں کو اتنی جلدی کہاں مٹاتی ہوگی؟

''میں حسین سحر ہوں''

''میں اسلام عظمی ہوں''

جیسے ویرانے میں چپکے سے بہار آ جائے کے مصداق دوبئی کی بھیگتی ہوئی شب میں جناب حسین سحر سے میری ملاقات بالکل اچانک اور غیر متوقع تھی ۔

''میں نے آپ کا نام سنا ہے''

''میں نے آپ کا نام سنا ہے''

''یہاں کہاں؟''

''الخبیر سعودی عربیہ میں مقیم اپنے بیٹے سے اپنے دوسرے بیٹے کے پاس دوبئی میں وزٹ پر آیا ہوں حسین سحر نے میرے سوال کے جواب میں بتایا ۔ تب تک شاہ زمان کوثر اور منظور طارق بھی ہماری بات چیت میں شامل ہو چکے تھے۔ جمعرات کی رات بھیگنے لگی تھی اور برسوں سے جمنے والی ہماری محفل کا وقت گزرا جا رہا تھا ۔ ''کہاں ہو بھئی؟ میں اور شفیق سلیمی کب سے انتظار کر رہے ہیں ۔''

ڈاکٹر زبیر فاروق کا فون بار بار آ رہا تھا ۔

''ہم کچھ دوست ہر جمعرات کو اکٹھے بیٹھتے ہیں ۔آپ بھی ہمارے ساتھ چلیں ۔'' نہ تو ہماری دعوت رسمی تھی اور نہ ہی حسین سحر کا جواب رسمی تھا۔انہوں نے کوئی وقت ضائع کئے بغیر اپنے بیٹے کو ہمارے ساتھ چلنے کے بارے میں مطلع کیا اور ہم ڈاکٹر زبیر فاروق کے گھر پہنچ گئے ۔

''کہرے میں دھنک'' کی کچھ کاپیاں حسین سحر کے بیٹے کی گاڑی میں تھیں جو انہوں نے بیٹے کی گاڑی سے نکال کر ہمیں تھما دی تھیں ۔ میں نے بے ارادہ کتاب کھول لی ۔ دوبئی کی رات کو دن بنانے والی سڑکوں کی روشنی میں نظم لمس میرے سامنے تھی ۔

(لمس)

مدتوں بعد تجھے آج جو چھو کر دیکھا
یہی محسوس ہوا ہے کہ مری پوروں میں
ریشم و اطلس و کمخواب کی اک نرمی ہے
شعلۂ لالہ و نسرین کی اک نرمی ہے
مری رگ رگ میں کوئی برق سی لہرائی ہے
سنسناہٹ سی مری روح میں در آئی ہے
ایسے محسوس ہوا ہے کہ مرا خانۂ دل
یک بیک درد کی خوشبو سے مہک اٹھا ہے
ایک مدت سے جو خاموش تھا ویرانۂ دل
طائرِ غم کی صداؤں سے چہک اٹھا ہے

(لمس صفحہ 70)

بولتی ہوئی سطریں مگر حسین سحر دیکھنے میں تو ایک مطمئن اور کامیاب شخص لگتا ہے اور ہے ۔پھر ایسی سطریں کیوں؟ یہ سوال اکثر و بیشتر ذہنوں میں اٹھتا ہے اور کسی حد تک جائز بھی ہے۔ لکھنے والا بھی ان کی طرح کا آدمی ہے غرق اتنا ہے کہ لکھنے والے کے اندر ایک اور آدمی بھی ہے۔

غور سے تو نے اسے دیکھا ہے؟
وہ مرے ہی پیکرِ بیتاب کا اک عکس ہے

(پہچان صفحہ ۶۹)

میں نے اپنے پاس بیٹھے ہوئے حسین سحر کو دیکھا ۔ سونے اور پیتل کے فرق کو محسوس کرنے کے لئے کسی ڈپلومے یا ڈگری کی ضرورت نہیں پڑتی ۔ سامنے سونا ہے یا پیتل' پل بھر میں پتہ چل جاتا ہے۔حسین سحر دوسری گاڑی میں تھا مگر میں اسے کسی دیوار کے پیچھے سے آتی ہوئی یا پھر بھیگی رات میں بہت دور سے خواجہ فرید کی گائی جانے والے کافی کے بولوں کی طرح محسوس کر سکتا تھا۔

اچیاں تے لمیاں لال کھجوراں پتر جنہاں دے ساوے ہو

دور ہو کر بھی میرے پاس بیٹھے ہوئے حسین سحر کے لہجے میں کوئی کھوٹ نہیں تھا ۔ وہ سونے کی طرح ایک سچا اور کھرا شخص تھا ۔اس کی شخصیت میں وہ ٹھہراؤ تھا' جو نا پید ہوتی ہوئی وضعداری کا خاصہ ہے۔آدمی مادی ترقی کی منزلیں یوں ہی طے کرتا رہا تو ''نفرتوں میں ادھورے اور محبتوں میں پورے لوگ'' لیزر کی شعائیں لے کر گھومنے سے بھی شاید نہ ملیں ۔ میں لمحہ بھر میں ساٹھ کی دہائی کے بہاولپور میں پہنچ گیا تھا۔

میں جانا کس دیس؟

لفظوں کا رشتہ بہت معتبر رشتہ ہے ۔ صدیوں کی مسافت لمحوں میں طے کرا دیتا تھا۔ دکھوں سے آشنا کراتا ہے مگر دکھ دیتا نہیں ہے۔سفر کیسا بھی مشکل کیوں نہ ہو؟ اپنائیت کی ''خوشبو کا جھونکا'' دبے پاؤں' ہم قدم ہو جاتا ہے۔محبتیں کرنے اور محبتیں پانے والوں کے بیچ میں دکھ کا رشتہ سورج کی روشنی اور چاند کی چاندانی کی طرح مشترک ہے۔دنیا بھر کی راحتیں مل کر بھی اہل وفا کے بدصورتیوں کو خوبصورتیوں میں بدل دینے کے جنوں کو ٹھنڈا نہیں کر سکتیں۔

اہل جنوں خود الاؤ کا اہتمام کرتے ہیں اور خود ہی اس میں جلتے ہیں تا کہ جبر کی بھٹی میں جلائے جانے والوں کی اذیت سے آگاہ ہو سکیں ۔ سب اچھا ہے کا اعلان کرنے اور لمبی تان کر سونے والوں کو آئینہ دکھا سکیں ۔

یہ جنوں انہیں وہ شناخت عطا کرتا ہے کہ لفظ لکھنے والا کہیں بھی چلا جائے' بے چہرہ نہیں رہتا ۔ وہ انسانی قدروں کا ایسا سفیر بن جاتا ہے' جسے وقت کے حاکم سے سند حاصل کرنے کی

ضرورت نہیں رہتی ۔ وہ خود اپنا اعتبار بن جاتا ہے ۔کسی صاحب اعتبار کو کسی بے اعتبار کا دامن تھامنے کی ضرورت ہی کیا ہے؟ لکھنے والا وہ جرنیل ہے جو شیخون کے ہنر سے نا آشنا ہوتا ہے۔ وہ اپنی فتح وشکست کے معیار خود بناتا ہے اور اپنی کامیابیوں اور ناکامیوں کی داستان خود تحریر کرتا ہے۔ وہ ایسا سدا بہار پودا ہے جو موسموں کی تمازت کے باوجود مرجھانا نہیں جانتا۔ اصل بات خود پر یقین کی ہے۔ جبھی تو حسین سحر ببانگ دہل اعلان کرتا ہے کہ

رنگوں کو پانے کی تمنا میں لپکتا ہوں
نکل جاتا ہوں میں خوشبو کی لہروں کے تعاقب میں
فقط اک حسرت ناکام ہے جو ہاتھ آتی ہے
مگر یہ حسرت ناکام بھی اک کامیابی سے مجھے سرشار رکھتی ہے
کہ خود سے برسرپیکار رکھتی ہے۔

(پچپن میں بچپن)

لفظ لکھنے والا اپنا احتساب خود کرنے کی جرات رکھتا ہے ۔ وہ دوسروں سے سوال و جواب کرنے سے پہلے خود سے مکالمہ کرتا ہے۔

اے مری بیخواب آنکھو!
کبھی تم نے دیکھا؟
کہ آسمان کتنا نیلا ہے؟
سبز پھولوں کا پیغام کیا ہے؟

حسین سحر کا اپنا کلر بکس ہے۔ وہ اپنی کلر سکیم خود ترتیب دیتا ہے۔ سبز درخت' گلابی کلیاں' نیلی جھیل' پیلا چاند اور نیلگوں رنگ کا پانی اور ایسے دوسرے استعارے روز ازل سے موجود ہیں مگر حسین سحر نے انہیں دریافت کر کے نئی جہت عطا کر دی ہے۔

چہکتے ہوئے سرخ اور زرد رنگوں کی بیلیں
دمکتی ہوئی نیلی نیلی فضائیں

اچھلتے ہوئے سبز روپانیوں کی ردائیں
اک تصویر ہیں زندگی کی
چمکتی ہوئی دودھیا روشنی.....(کبھی تم نے دیکھا صفحہ 25)

نیلگوں رنگ پانی کا
خشک مٹی کا خاکستری رنگ
مٹی کا آخری رنگ ہے.....(آخری رنگ صفحہ 21)

زمین انگڑائی لے کے جاگی
تو سبز پتوں کی چوڑیوں سے کھنکھتی شاخوں کی صندلیں بانہیں لہلائیں ۔۔۔(ندی صفحہ 36)

حسین سحر ہمیں ان فطری حقیقتوں کا ادراک کراتا ہے' جو آج کی روز و شب میں ایک قصہء پارینہ بنتی جا رہی ہیں اور المیہ یہ ہے کہ نئی مصروفیات کے ساتھ جنم لینے والی نسل کے پاس تو اسے محسوس کرنے کی فرصت بھی نہیں ہے ۔انسان انجانے میں اپنی بنائی ہوئی دنیا کا اسیر ہوتا چلا جا رہا ہے۔ وہ انسان سے زیادہ روبوٹ بنتا چلا جا رہا ہے۔

کیا یہی جبر ہے مثبت کا
ہنسنا چاہیں تو ہنس نہیں سکتے
رونا چاہیں تو رو نہیں سکتے (جبر صفحہ 38)

''کہرے میں دھنک'' خوبصورت خواب پالنے اور دیکھنے والوں کے لئے حسین سحر کی طرف سے ایک خوبصورت تحفہ ہے۔

تطہیر

ڈاکٹر اسد اریب

جب میں ''بچوں کے ادب'' پر تحقیق کر رہا تھا۔ یہ کوئی ۶۳ ۔۱۹۶۲ء کی بات ہے جناب حسین سحر سے میرا ادبی تعلق قائم ہوا۔ مگر یہ آشنائی محض کام اور نام کی حد تک تھی۔ مجھے کیا معلوم تھا کہ کوئی ۲۵ برس (یعنی ایک ربع صدی) بعد میرا یہ رابطہ اس قدر استوار ہو جائے گا کہ میں اب ۱۹۸۹ء میں ان کی تصنیف ''تطہیر'' کا مقدمہ نگار بن جاؤں گا۔ یہ زمانے کی نیرنگیاں ہیں اور بالیقین یہی وہ نیرنگیاں ہیں جس سے ذات ''اپنی قبائے صفات بناتی ہے۔ وہ بچوں کے مقبول شاعر تو پہلے ہی تھے اب مدحت و سلام' نعت اور منقبت کے میدان رزم میں بھی بڑے بڑے شہہ زوروں سے پنجہ آزما اور معرکہ آراء ہیں۔ یہ مجموعہ مناقب و سلام کا ''تطہیر'' ان کے روحانی تفکر کا آئینہ دار بھی ہے۔ اور اُن کے احساس جمالی کا شاعرانہ عکس بھی۔

جناب حُسینی سحر اس دور کے اُن ممتاز شعراء میں ہیں جنہوں نے مختلف اصناف سخن پر مکمل دسترس حاصل کی ہے۔ غزل' نظم' سلام' نعت' قصیدہ کی مختلف اور متنوع ہیئتوں میں نئے نئے تجربے کئے ہیں۔ ان اصناف میں انہوں نے ہیئت کی تبدیلیوں کے ساتھ ساتھ کئی معنوی تصرفات بھی کئے ہیں۔ قومی نظمیں' ملی گیت' بچوں کے ترانے اور منظوم تمثیلچے (ٹیبلوز) بھی لکھے ہیں۔ لیکن سن دسال کی اس پختہ کاری کے دوران (اب جبکہ وہ نصف صدی کا کامیاب سفر طے کر چکے ہیں) خانوادہ اہل بیت کی مدح و ثنا کار ''میں تطہیر'' کے سلام و مناقب لا رہے ہیں۔

یہ سلام' سلام کی اُس روایت کا حصہ ضرور ہیں جو روایت ہمارے صدیوں پرانے احساسات سے عبارت ہے۔ مگر اِس روایت میں اظہار خیالات کی ایسی تازگی ہے' جس کی ایک ایک رگ معانی اور رشتۂ انفاس میں نئے زمانے کی خوشبو رچی ہوئی ہے۔ یہ ایسے سلام نہیں جو مقرر اصطلاحات اور سکہ بند لفظی سانچوں میں ڈھلے ڈھلائے معلوم ہوں۔ بلاشبہ یہ سلام لفظی ہیئت کے اعتبار تک تو ہماری روایت کا پرتو ہیں لیکن معنوی قرینوں اور تفکر کے لحاظ سے یہ اردو میں بیسویں

صدی کے شعری ارتقاء کا مکمل مظہر ہیں۔

لکھنوی عہد واقعی ہمارے ثقافتی ورثے کی ایک ایسی شناخت ہے جس سے ہماری پہچان' بہت دیر اور بہت دور تک باقی رہے گی۔ اس عہد نے شاعری کو اور بالخصوص تذکار اہل بیت کو جو نئے نئے سانچے دیئے' ان سانچوں میں سلام ایک ایسی ہیئت شعری ہے جو اردو میں اپنے مخصوص امتیاز کے ساتھ ابھری۔ جناب حسین سحر نے سلام کے ان مخصوص امتیازات کو نظر انداز کئے بغیر اپنے بعض معاصر شعراء کی طرح اس جہت میں نئی حکمتوں کے سراغ لگائے خاص طور پر یہ بات کہ سلام اور منقبت کے غزلیہ پیرایہ اظہار اور اُس کے متعین خدوخال سے ہٹ کر آہنگ' صورت اور خیال کا نیا زاویہ مثلثہ قائم کیا۔ اس کی واضح مثال اس مجموعہ کی پہلی ہی منقبت ہے۔

آپ قرآن ناطق کی تصویر ہیں
آپ نہج البلاغہ کی تحریر ہیں
آپ دروازۂ شہر علم نبی
یا علی یا علی۔ یا علی یا علی

اس شعری تجربے کو یہاں نقل کرنے کا مدعا محض آپ کو یہ باور کرانا ہے کہ شاعر نے اس صنف سخن میں جو نئے تجربے کئے ہیں ان کا مابہ الامتیاز کیا ہے؟

پہلی بات تو یہ ہے کہ فی الحقیقت یہ تجربے ہیں اور منقبت کی ہیئت میں بالکل نئے ہیں۔ رباعی' قطعے اور مسدس کے بند کے مقابلے میں یہ ثلاثی ہیں چوتھا مصرع محض ترکیب بند کی حیثیت رکھتا ہے۔ اور اس کا معنوی قرینہ' صرف مخاطبے لفظ (آپ) کو فائدہ پہنچانا ہے۔ دوسری بات یہ کہ تیسرے مصرع کو پہلے شعر (دو مصرعوں) سے جدا کر کے' ایسے صوتیے کا انتخاب کرنا ہے جو تکرار پانے والے مصرع سے ہم آہنگ ہو سکے۔ تیسرے یہ کہ: اس تمام تر نظم خیالات میں جو لفظیات استعمال کی گئی ہیں وہ سماعی' معنوی اور صوری' تینوں اعتبار سے معروف' مستعمل اور مروج عام ہیں۔ یہ اور اس طرح کے کئی دوسرے تشکیلات مثلاً

1۔ طلوع مہر ایمانی۔ فروغ نور قرآنی

2 ۔ہر سمت ہے آہ و بکا ۔کانپ اٹھی ارض نینوا

3 ۔صاحب دل صاحب کردار تو۔

شاعر نے اس صنف سخن میں معانی کی صورت برقرار رکھ کر خیالات کو مختلف اشکال میں ڈھالنے کی جو بارور کوشش کی ہے وہ اس کتاب کا ایک نمایاں پہلو ہے۔''حسینی ہائیکو'' کا یہ تجربہ بھی اسی نئی روایت کا ایک تسلسل ہے' ملتان کی ادبی فضاؤں میں تخلیق کا جو نیا لب ولہجہ ابھر رہا ہے اور تخلیقی جمالیات کے حوالے سے کچھ نئی اصطلاحیں وضع کی جارہی ہیں یہ ''حسینی ہائیکوز'' کی اصطلاح بھی اسی وضع اصطلاحات کا ایک عمل ہے۔ جناب حُسین سحر کے حسینی ہائیکوز سے ایک اقتباس کی نقل کر رہا ہوں۔

آپ سبط نبی ہیں ابن علی
آپ لخت جگر ہیں زہرا کے
آپ سردار اہل جنت ہیں

.....

آگہی کی علامت زندہ
استعارہ ہے عشق محکم کا
کربلا درس گاہ ایماں ہے

.....

بہہ رہی ہے اگرچہ نہر فرات
لب ترستے ہیں قطرے قطرے کو
زندگی ہے کہ پیاس کا صحرا؟

اس مجموعے کا ایک وصف اضافی یہی ہے کہ شاعر نے جہاں جہاں سلام ومنقبت کی ہیئت میں نئے تصرفات سے کام لیا ہے۔ وہاں شعریت اور تخیل کو زیادہ جاندار' متحرک اور پر کشش بنا دیا ہے۔ یہ مختصر بحراور موزوں لفظوں والے مصرعے اپنے لئے تراشے گئے مخصوص زحافات کے

ساتھ ایک عجیب لطف دیتے ہیں۔

ہے رُخ تاریخ کا اجلال تو
حریت کی عزت و اقبال تو
قاطع ہر جبرو استحصال تو
بادشاہ عزم و استقلال تو

اے حسین ابن علی تجھ پر سلام

فدیہ ذی شان اسمٰعیل تو
ہے شعاع فکر کی قندیل تو
صبر کی بے ساختہ تمثیل تو
منزل عرفاں کا سنگ میل تُو

اے حسین ابن علی تجھ پر سلام

حسین سحر پاکستان کی اردو شاعری کے لئے کوئی نیا نام نہیں ۔اسی نام کے ساتھ شہرت بھی پیچھے پیچھے چلی آتی ہے۔ (سحر رومانی کی تلبیس شخصی جو حسین سحر کے نام سے کی گئی' گو کہ اسے بھی معرض ظہور میں آئے' کوئی اٹھارہ برس گزر رہے ہیں) یہ ایک ایسی طویل مدت ہے جس میں ایک میوں میوں اور پیوں پیوں چلتا بچہ جواں جہاں ہو جاتا ہے' یہ سب عرصہ شمار کر کے حسین سحر کی ریاضت فکر کا زمانہ کوئی اڑتیس چالیس برسوں پر محیط ہے یہ طویل دورانیہ کسی فکری جہت کی پختہ کاری اور حکیمانہ فلسفے کی شہر باری کیلئے بہت کافی ہے۔ حسین سحر نے اپنی اسی ریاضت کے طفیل اب روحانی تفکر اور دینی تبحر کو اپنے شعری تجربوں کی آماج گاہ بنایا ہے۔ یہ مناقب وسلام کا مجموعہ اس دور کے ایسے کئی نئے مجموعوں کے مقابل ایک امتیازی حیثیت رکھتا ہے۔ اس میں شاعر نے حسین ابنِ علی اور دیگر اہل بیت کو محض ایک انقلابی شخصیت کے آئینے میں محدود کر کے نہیں دیکھا ہے۔ حسین ابنِ علی اس کے لئے قطع نظر پیغامبر حریت کے اس کے سلسلہ ہدایت کی ایک کڑی بھی ہیں ۔حسین ابن علی جناب علی مرتضٰی اور خانوادہ اہل بیت سے اس کا یہ تمسک ذاتی اَن بہت سے

شاعروں کے مقابلے میں اُسے زیادہ ممتاز بنا دیتا ہے جنہوں نے خانوادہ اہل بیت کی ظلم و جبر سے پنجہ آزما ان شخصیتوں اور واقعہ کربلا جیسے باطل شکن رویوں سے محض درس انقلاب لیا ہے۔

غم نہیں ہے جو مصائب ہیں مری رہ میں سحر
راہ بر مانتا ہوں حق کے پرستاروں کو

''تطہیر'' کے تمام تر اشعار آیۂ تطہیر کے مصداق کرداروں سے شدید عشق، وابستگی اور والہانہ محبت کا ثمر ہیں۔ ان کرداروں سے جذباتی وابستگی اور موضوع کے ساتھ شاعر کی فنکارانہ شیفتگی کے نتیجے میں بعض ایسے شعروں نے جنم لیا ہے جو تا ابد زندہ رہیں گے (ایسے کئی شعروں سے صرف پانچ شعر بطور نمونہ درج کرتا ہوں)

ہوائے شام جو گزری ہے سسکیاں لے کر
ضرور اُس نے سنی ہے۔ حسین کی آواز

مری نگاہ میں کیا ہے جہان استبداد
کہ میری آنکھ کا سرمہ ہے خاک پائے حسین

تین روز کا پیاسا یہ رسول کا کنبہ
ظلم کے بیاباں میں صبر کا سمندر ہے

خنجر شمرِ جفا جو اور حلقوم حسین
آسماں تجھ سے یہ منظر کس طرح دیکھا گیا؟

جان دے کر کیا تعمیر وفا کا کعبہ
یاد رکھے گا جہاں عشق کے معماروں کو

اس مجموعے کے مناقب سلام تنقید کے اس زاویے سے اور زیادہ مستحکم مضبوط اور فنی بنیاد کے حامل ہیں کہ شاعر نے انہیں اپنے شعری شعور کی پختہ کاری کے زمانے میں تخلیق کیا ہے۔ ورنہ عموماً ہوتا یوں ہے کہ شاعری کے آغاز سفر ہی میں تبرکاً اور تیمناً حمد و نعت اور سلام و منقبت کے مضامین پر طبع آزمائی کر لی جاتی ہے، لیکن جناب حسین سحر کا معاملہ اس سے بالکل مختلف ہے انہوں نے اپنی یہ تخلیق اُس وقت مکمل کی جب وہ زندگی کی پچاس باون بہاریں دیکھ چکے اور اپنے فن کی کوئی اڑتیس چالیس سالہ مسافت طے کر چکے، گویا انہوں نے اس طویل عرصے میں ہر طرح کی صنف سخن پر مشق کر لی، کے طرحی اور غیر طرحی دونوں معرکے سر کیے، ملی نغمے لکھے، بچوں کی شاعری کی (اور اس شاعری پر انہیں قومی اعزاز بھی ملا) تراانے نظم کیے، قومی شاعری تخلیق کی۔ مسدس، مخمس، ترکیب بند، رباعی، قطعہ، سہرا، کوئی ہیئت اور موضوع ایسا نہ تھا، جسے انہوں نے ہاتھ نہ لگایا ہو، اس کامیاب مشق و ممارست کے بعد تکمیل فن کے اعتبار سے یقیناً اب تطہیر کے یہ مناقب و سلام، موسیقی کی اصطلاح میں گلِ نغمہ اور پردۂ ساز کے مترادف قرار پائیں گے۔

اس مجموعے کے سلام و مناقب کے پس منظر میں ابھرنے والی ایک نہایت اہم اور قابل ذکر بات یہ ہے کہ ان سلام و مناقب کی بنیادیں اُن زمینوں پر رکھی گئی ہے جو خود کاشت ہیں۔ ان زمینوں کی فکر ثمر بار سے جو سپر حاصل ہوتی ہے اس کا ذائقہ از خود بتلاتا ہے کہ یہ زمینیں یا تو بالکل غیر آباد تھیں یا کم کاشت تھیں۔ ان کے قوافی ردیف اور لفظی تصرفات اور خیالات کے سانچے اِن معنوی تجربوں کے طبع زاد ہونے کی دلالت کرتے ہیں، یہ سلام آزمائشی مصرعوں پر جبراً تشکیل پانے والا تنظیم خیالات کا ایسا شعری پیکر نہیں، جس کا تانا بانا عموماً بحر، ردیف، قوافی کی قید کے ساتھ، مشاعروں کے داد گیر اور شاعرانہ اکھاڑوں کے شہ زور خلیفہ فراہم کرتے ہیں۔

ان مناقب میں عقیدے کی حرکت کے ساتھ فکر و فن کا ایسا جمالیاتی عنصر بھی شامل ہو گیا ہے جو مصوری کے عمل کو پاک دامن مریم کی ایسی شبیہ بنانے پر اکساتا ہے جو کیسا کے تقدس اور جمالیاتی آرٹ کو باہم شیر و شکر کر سکے۔

تقدیس اور نورِ اوّل کے مظاہر

ڈاکٹر شمیم ترمذی

یکا یک زمیں کے جہالت کدے میں
خدا کی طرف سے
ازل اور ابد کی علیم و بصیر
اک نئی روشنی کا اجالا ہوا
یہ نئی روشنی
رنگ و خوشبو کی بارش لئے اپنے اطراف میں
ساری دنیا پہ چھانے لگی

اس روشنی نے دنیا کی ظلمتوں کو صبحِ درخشاں کا جمال بخشا۔ اسی روشنی سے مہر و ماہ نے اکتساب کیا۔ اسی روشنی نے آئینۂ کائنات کو آب بخشی۔ اسی روشنی سے کُن فکاں کا باب کُھلا۔ اسی روشنی سے تخلیق کے عمل کا آغاز ہوا۔ اسی روشنی نے انسان کو زمین پر معجزات اور آسمان پر تجلیات دیکھنے کے قابل بنایا۔ اسی روشنی میں خلقِ خدا کو ذات اور صفات کے مظاہر نظر آئے ہیں۔ گویا نورِ اوّل ہی خدا، انسان اور کائنات کی معرفت کا وسیلہ ہے۔ یہی نور شعور و آگہی کا مبدا ہے۔ یہی نور شرفِ آدمیت اور معراجِ انسانیت کا مرجع ہے۔

ہے جہاں ربِ لامکاں کا نور — ہے وہاں شاہِ اِنس و جاں کا نُور
آپ کی ذات عکسِ حُسنِ ازل — آپ کی ذات کُن فکاں کا نُور
ایک بے سایہ کا سایہ ہے رخِ کونین پر — ایک انساں نے دکھائی ہے خدا کی روشنی
قلب و نظر کی صبحِ درخشاں کے رُوپ میں — پھیلا ہوا ہے نور اسی آفتاب کا
روشن اسی سے آئنہ ہے کائنات کا — اس کا جمال عکسِ رُخِ بے مثال ہے
آپ احمدؐ بھی ہیں، محمدؐ بھی — عکسِ آئینۂ صفات ہیں آپ

حُسین سحر نے تقدیس کی نعت کے وسیلے سے نورِ اول کے مظاہر کو بڑی محنت اور احتیاط سے شعر کے قالب میں ڈھالا ہے۔ وجہِ تخلیقِ کائنات کے معجزات و کمالات کو تخلیق کے کینوس پر اس طرح پینٹ کیا ہے کہ حُسنِ تقدس اور رفعت کے سارے معیار بھی قائم رہیں اور مدحت کا حق بھی ادا ہو جائے۔ شاعر کا عقیدہ ہے کہ عشقِ رسولؐ اس کی تخلیق کا محرک بھی ہے اور معیار بھی۔ اسی لئے کہ شاعر پیرایۂ اظہارِ ثنا کی خیرات شہِ لولاک ہی سے مانگتا ہے۔ اسی ذاتِ اقدس کو اپنے افکار کا مرکز مانتا ہے۔ اسی ذاتِ والا تبار کو قلم کی حرمت کی ضمانت سمجھتا ہے۔ وہ شعورِ نعت کو نورِ مجسم کی نظرِ کرم کا معجزہ سمجھتا ہے۔ وہ مودتِ رسولؐ کو جہانِ لفظ و معنی کی تسخیر کا ذریعہ سمجھتا ہے۔ شعر کے اس مقدس حوالے کا احساس اُسے نازاں اور سرشار رکھتا ہے اور اُسے ہر وقت اپنے دامنِ تخلیق میں گلاب ہی گلاب نظر آتے ہیں۔

یہ آپ ہی کی چشمِ کرم کا ہے معجزہ — ورنہ شعور نعت کہاں اور سحر کہاں
سحر جب نعتِ شاہِ پاک کہنے کا ارادہ ہو — جہانِ لفظ و معنی کیوں نہ پھر تسخیر ہو جائے
ہم نعت گو ہیں سیّد والا تبار کے — ہم ہی سے رسمِ عظمت و تقدیس فن چلی
سحر نعتِ شہِ لولاک کا احسان ہے مجھ پر — قلم میرا مری تقدیر کی رفعت پہ نازاں ہے
آئی ہے جب بھی لب پہ مرے مدحتِ رسولؐ — رحمت کے پھول دامنِ عصیاں میں آ گئے
جب بھی ہوا ہے شعر کوئی نعت کا سحر — گلزارِ جاں میں پھول کھلا ہے گلاب کا

حُسین سحر مدحت کے پارس سے اپنے شعر کو کندن بنانے کے ساتھ ساتھ مودتِ محمدؐ و آلِ محمدؐ کو اپنی ذات کی تطہیر اور تہذیب کا بھی وسیلہ کہتا ہے۔ اسی محبت کی تنویر سے اس نے اپنی اندر کی دنیا کو روشن کیا ہے۔ اسی عشق کی طاقت سے اس نے جینے کا ڈھنگ سیکھا ہے۔ گویا محبوبِ خدا کی محبت نے صرف سحر کی شاعری کو رفعت نہیں دی بلکہ اس کی شخصیت و کردار پر بھی مثبت اثرات مرتب کئے ہیں۔ حُسین سحر نے تقدیس کی نعتوں میں اس پہلو کو شعوری سطح پر جس قدر اہمیت اور جگہ دی ہے کسی دوسرے شاعر کے ہاں نظر نہیں آتی۔

اپنے دشمن سے کبھی بدلہ میں لے سکتا نہیں — فاتحِ مکہ کا ہے کردار میرے سامنے
میں زمانے کے اندھیروں میں بھٹک سکتا نہیں — میری آنکھوں میں ہے اُن کے نقشِ پا کی روشنی

عشق کے دم سے ہی دِل زندہ ہے آئنہ کیا تھا' جلا سے پہلے
میرے نزدیک آ سکتی نہیں تاریکیاں غم کی مرا سینہ چراغِ عشقِ احمد سے فروزاں ہے
باطل کے مقابل مری گردن نہ جھکے گی نظروں میں مری راہِ حسین ابن علی ہے
حُبِ اہلِ بیت ہی کا نام تو اسلام ہے اب بھی ہے ایماں کا یہ معیار میرے سامنے
اِس در کی غلامی ہے سحر شاہی سے بڑھ کر کونین کی دولت مجھے اِس در سے ملی ہے

اپنی ذات سے ہٹ کر دیکھتا ہے تو حُسین سحر کو سید المرسلین کے احسانات کی چادر کے نیچے پوری انسانیت نظر آتی ہے۔ تاریخِ بشریت' نورِ اول کی رحمت سے مستنیر ہے۔ علم و آگہی' شعور و عرفان معلم اول کی عطا ہے۔ شبِ غم کی تیرگی' آفتابِ صبحِ عالم کا سامنا کرنے سے گریزاں ہے۔ ہر زمین اور ہر زمانہ کی ہدایت کے لئے سراجِ منیر کی ضوفشانیاں عام ہیں۔ آج بھی نبیؐ آخر کا ہر فرمان' ہدایت کی علامت اور آپ کا ہر فعل' عظمتِ کردار کا نشان ہے۔ آج بھی حرا کی روشنی سب سے دلکش روشنی اور فاران کی آواز' سب سے دل گداز آواز ہے۔ آج بھی فتح مکہ بے عیب ضابطۂ اخلاق اور خطبۂ آخر' عالمی منشورِ حیات ہے۔ آج بھی طائف کا واقعہ' مظلوم کی فتح کا حوالہ اور ہجرتِ حبشہ' ضعیف کی قوت کا استعارہ ہے۔ آج بھی بنی معجز نما کے لاریب ہاتھوں میں کنکریاں' ہاتھ ہے اللہ کا' بندہ مومن کا ہاتھ کی شہادت ہیں اور معراجِ مصطفیٰ' بشری استعداد کے لئے ہدف اور چیلنج ہے۔ آج بھی ہجرتِ مدینہ معاشرت کے استحکام کی دلیل اور صلحِ حدیبیہ' سیاست کی کامرانی کا ثبوت ہے۔ حُسین سحر بھی ختمی مرتبت کے اتباع کو حسین زندگی کا وسیلہ سمجھتے ہیں اور رحمتِ عالم سے تمسک کو دنیا اور آخرت کی سرخروئی کا موجب گردانتے ہیں۔

آج بھی ہے پیام آپ کا' رہنما ہے ضرورت ہمیں آج بھی آپ کی
علم کی رُوح ' عرفان ہے آپ کا آگہی کی ہے جاں ' آگہی آپ کی
ظلمتوں میں بھٹکتے ہوؤں کے لئے مشعلِ راہ ہے ' زندگی آپ کی
ان کے شرف سے' ذاتِ بشر کو ملا شرف ان ہی کی عظمتوں سے ہے انساں بڑا ہوا
اے راہبرِ اعظم' تری ایک ایک ادا سے سیکھا ہے زمانے نے چلن راہبری کا

امنِ عالم کو ضرورت ترے افکار کی ہے وقت ہے پھر ترے پیغام کو دُنیا سمجھے
حشر کے دن' ان کی جانب' دیکھتے ہیں اُمتی سارے پروانوں کا رُخ ہے شمعِ محفل کی طرف

یہ واقعہ ہے کہ ''تقدیس'' تخلیق کر کے حُسین سحر نے دنیا اور عقبیٰ دونوں کو جاگیر بنالیا ہے۔ خیر الانام کی مدحت سے شاعر کے قلم کو دوام حاصل ہوگیا ہے۔ شاعر نے محبوبِ خدا کے خیال کو امام بنا کر اپنی نماز کو خدا کے ہاں مستجاب کروالیا ہے۔ سحر نے آقائے دو جہاں کی بندگی کر کے خدا کی بندگی کا حق ادا کر دیا ہے۔ حُسین سحر مدحتِ رسولؐ کے راستے قربِ خداوندی کی منزل پانے کا طلب گار ہے کیونکہ اُسے یقین ہے کہ رسولؐ کا عشق اور عرفان' دراصل خدا کا عشق اور عرفان ہے۔

ان کی ولا ہے' ان کی محبت ہے' ان کا عشق جانِ یقین و حاصلِ ایماں کہیں جسے
جس کو عشق شہِ لولاک لما مل جائے لازمی ہے کہ اسے قربِ خدا مل جائے
جس پہ خدائے پاک کو بھی افتخار ہو تم حُسنِ کائنات کا وہ شاہ کار ہو
کوئی دیکھے اگر دل کی حقیقت بیں نگاہوں سے بشر کے آئنے میں جلوہ فرما نورِ یزداں ہے
حضور آپ کا ہر لفظ آیۂ یزداں جو آپ کہہ دیں' خدا کا کلام ہو جائے

میں سمجھتا ہوں کہ حُسین سحر نے ''تقدیس'' کے وسیلے سے شاعری نہیں کی' عبادت کی ہے' ایسی عبادت جس میں دل' ہر دم حالتِ سجود میں رہتا ہے۔ سحر نے نعت نہیں کہی' نمازِ عشق ادا کی ہے' ایسی نماز جس کی رُوح میں نیاز اور نیاز دونوں بہم ہوتے ہیں۔ سحر نے مداحی نہیں کی' صرف دُعا کے لئے ہاتھ اٹھائے ہیں' ایسی دعا جو لبوں پر آنے سے پہلے قبول ہو جاتی ہے۔ اور یہی حقیقی اندازِ عبادت ہے۔

عقیدتوں کے جو موتی لٹا رہا ہوں میں
حضوریٔ شہِ لولاک میں کھڑا ہوں میں
مرے لئے ہیں یہ لمحات عمر کا حاصل
کہ بارگاہِ نبی میں سخن سراہوں میں

حسین سحر کی تخلیقی سحر کاری اور شہر خواب

حسن عسکری کاظمی

غزل سے دل بستگی اور اس صنف سخن کی مقبولیت کا گراف مسلسل بلند سے بلند ہوتے رہنا اس بات کا ثبوت ہے کہ غزل میں انسانی بطون سے متعلق ہر قسم کی آفاقی سچائی کے اظہار کا امکان موجود ہے، یہی وجہ ہے کہ ہر عہد کے رجحانات کا عکس جمیل غزل کے آبگینے میں اپنی جھلک دکھاتا ہے، معاشرے کی بدلتی قدروں اور تخلیقی قوتوں کے حسین امتزاج کا آئینہ دیکھنا مقصود ہو تو غزل کا مطالعہ ہمارے اندر غیر محسوس طریقے سے اس کا ادراک ایک اور جہان معانی پہنچا دیتا ہے غزل کہنے کا ہنر بظاہر مشکل نہیں، قوافی اور ردیف کا شعور اور مخصوص بحور برتنے کا سلیقہ کافی تصور کر لینا بہت سے مغالطے پیدا کرتا ہے جب کہ غزل کا ہر شعر ہیئت اور معانی کی ترسیل کے علاوہ شاعر کے ذہنی افق اور میلان طبع کی نوعیت کا پتہ دیتا ہے، اس کی فکری جستجو کے نتیجے میں وہی باتیں نوک قلم پر آتی ہیں کہ پڑھنے والا اپنے ذاتی تجربے کی بنیاد پر اس کی تصدیق کرتا اور غزل کا ناقد اس کے تخلیقی جوہر اور لب و لہجے کی ندرت کا اعتراف کرتے ہوئے غزل کے حق میں وہی ایک بات دہرائے گا کہ اس صنف شاعری کی مقبولیت کا راز یہ ہے کہ اس میں دروں بینی، نفسیات انسانی اور عالمگیریت پر مبنی حقائق کو ایجاز و اختصار کے ساتھ پیش کرنے کا دعویٰ سچائی کی کوکھ سے جنم لیتا ہے، غزل کا شعر موضوعات کی رنگارنگی اور فکری تعبیر میں اپنی انفرادیت برقرار رکھنے کی بھرپور کوشش کرتا ہے اس سلسلے میں شہر خواب کے شاعر حسین سحر موضوعات کے انتخاب اور فکری تعبیر کے باب میں جتنے محتاط نظر آتے ہیں وہ اتنے ہی اپنی منفرد شخصیت کے حوالے سے قاری کے دل میں جگہ بناتے چلے جاتے ہیں۔

پروفیسر حسین سحر نے جس خطۂ زمین میں آنکھ کھولی وہاں محبت کی فراوانی ہر ذی روح کی پیشانی پر سورج کی طرح جگمگاتی نظر آئی، اولیائے کرام کے مزارات اور ان پر عقیدت مندوں کے ہجوم، گلیوں اور بازاروں میں خوبصورت چہروں سے پھوٹتی ہوئی روشنی اور باکمال ہنر مندوں کے ہاتھوں کی صنعت کے نمونوں سے سجی دکانوں میں لوگوں کی آمدورفت، ملتان کی تہذیبی

روایات کی امین ہمہ جہت تجلیات اور تقدیس حرم میں ڈوبی مودت کی تنویریں کیا کچھ نہیں کہ حسین سحر نے جس کا مشاہدہ نہیں کیا۔ ان کی سعادت مندی نے تطہیر نفس کے مراحل طے کئے، ان کی غزل ایک گوہر آبدار کی طرح ان کی پاکیزگی کردار کا مرقع ہونے کے علاوہ غزل کی فنی اور معنوی خوبیوں کی بدولت حسین سحر کی زندگی بھر کی ریاضت کا اظہار اور بازار ادب میں یہ ''شہر خواب'' ایک شاہکار بھی ہے یہ مجموعہ غزل قریباً ڈیڑھ سو غزلوں اور تین سو بیس صفحات پر مشتمل ہے۔ اگر حسین سحر چاہتے کہ اس ضخیم مجموعے سے دو مجموعوں کی صورت گری پیدا کی جائے تو یوں بھی ''شہر خواب'' اور ''شہر بے خواب'' جیسے ناموں سے دو شعری مجموعے تیار ہو جاتے، حسین سحر اپنے تخلیقی کارناموں کو سمیٹنے اور اس خیر عمل کی طرف بھرپور توجہ دینے کے حق میں ہیں، یہی وجہ ہے سعودی عرب سے پاکستان واپس آکر انہوں نے نئے انداز سے کام کا آغاز کیا۔ سعودی عرب کے دوران قیام میں انہوں نے قرآن پاک کا آزاد منظوم ترجمہ کیا اور ''فرقان عظیم'' کی شکل میں یہ گراں قدر تحفہ مرحمت کیا، جس پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا، فرقان عظیم کے اعلیٰ معیار کے حوالے سے ان کے ذوق سلیم اور آزاد نظم نگاری میں ان کی صلاحیتوں کا برملا اعتراف کیا گیا۔ حسین سحر نے پنجاب اور سرائیکی زبان کے مستند کلاسیکی شعراء کے کلام میں سے منتخب حصوں کا اردو میں منظوم ترجمہ کیا، ''پھلواری'' میں قدیم اور جدید شعراء کو شامل کیا۔ اردو میں اس منظوم ترجمے سے پنجابی اور سرائیکی شعراء کی تخلیقات میں رسیلا پن، عرفان و آگہی، علاقائی تہذیب و ثقافت اور اعلیٰ معیار سے متعلق ہندو پاک میں اردو دان طبقے کی رسائی ممکن ہوئی۔ اسی طرح ''پھلواری'' میں چند افسانوں کے تراجم بھی اس مقصد کے پیش نظر رکھے کہ نثری ادب میں اردو اور پنجابی زبانوں میں صرف ذریعہ اظہار کا فرق ہے ورنہ معیار ایک ہے۔

حسین سحر کی تعلیم و تربیت ایسے ماحول میں ہوئی جہاں اعلیٰ اخلاقی قدروں اور دینی تحف کی ضرورتوں کا لحاظ رکھا جاتا ہے۔ چنانچہ فانوسِ حرم مجموعہ نعت اور ''توصیف'' مناقب اور سلاموں پر مشتمل مجموعہ بھی ان کی تخلیقی کارگزاریوں کا تسلسل ہے۔ اسی طرح ان کی غزل سے والہانہ محبت ہمہ جہت کامرانیوں کا ایک جاذب نظر پہلو ہے اور ان کی غزل میں کلاسیکیت کا رچاؤ

اورموضوعات میں تنوع سے لگاؤ تاری کیلئے وجہ انبساط کا دروا کرتا ہے۔ چنانچہ غزل میں معتدل فضا اور رکھ رکھاؤ کا مطالعہ کرتے ہوئے یہ اندازہ کرنا مشکل نہیں کہ حسین سحر غزل کی نفاست اور نزاکت کا گہرا شعور رکھتے ہیں۔ ان کی کمان حرف سے نکلا ہوا تیر دل میں ترازو ہو جاتا ہے، وہ شعر کے کرافٹ اور اظہار پر خصوصی توجہ مرکوز رکھتے ہیں۔

دل اسیر گردش افلاک کیسے ہو گیا
سوچتا ہوں یہ گہر تھا خاک کیسے ہو گیا
دل سے اک اک کر کے ساری خواہش رخصت ہوئیں
یہ صنم خانہ بتوں سے پاک کیسے ہو گیا

ان کے ہاں دل سے وابستہ نت نئے مضامین کے انبار ان کی قادرالکلامی کا بین ثبوت ہے اور ''شہر خواب'' میں ہجر و وصال کی پر کیفیت کو ذاتی تجربے کی روشنی میں شعریت کا جامعہ پہنایا گیا ہے محبت میں ایسے مراحل سے گزرنا اور اس آفاقی سچائی کو ندرت فکر کے ساتھ بیان کرنا غزل کی آبرو میں اضافہ کرنے کے مترادف ہے، حسین سحر نے انسانی عمومی رویوں کا ادراک حاصل کرنے کے بعد اسے غزل کی زبان دے کر بحیثیت غزل نگار حرف وصوت کا حسن اور نغمگی و پرکاری کی امثال سے شہر خواب کے اوراق پر پھول بکھیرے ہیں۔

وصال و ہجر کی ہر کیفیت محبت ہے
کوئی بھی وقت ہو اس دائرے میں رہتا ہے
حرف جونہی زبان سے نکلا
تیر گویا کمان سے نکلا
بُت گروں نے بہایا خون جگر
تب کہیں بُت چٹان سے نکلا

حسین سحر نے شہر خواب کی مناسبت سے خواب و خیال کو علامت کے طور پر برتا، خواب ہماری نا آسودہ تمناؤں کا نام ہے یا ان خواہشوں سے عبارت ہے جنہیں ہم زندگی بھر عزیز رکھتے ہیں،

ہر آدمی بقدر ظرف خواب دیکھتا ہے۔ سب سے اہم خواب اپنی شخصیت کی تشکیل وتعمیر ہے اور محبت جیسا پاکیزہ جذبہ بھی اپنی تکمیل کی خاطر خواب میں پروان چڑھتا ہے۔ انسانی فطرت میں یہ خود پرستی کہ'' آئینہ دیکھ کے اپنے پہ فدا ہوتا ہے'' کوئی بری چیز نہیں مگر یہ خود پرستی یا خود پسندی کسی اعلیٰ مقصد کے حصول یا اپنے سے برتر پر قربان ہونے پر راغب کرتی ہے تو یقیناً لائق تحسین ہے۔ اس کے برعکس کسی ادنی مقصد پر نظر ٹھہرنا موجب ہلاکت بن جاتا ہے، یہی سبب ہے کہ دنیا کی عظیم شخصیتوں کے پیش نظر ہمیشہ اعلیٰ وارفع مقصد حیات رہا، حسین سحر کے ہاں ترسیل فکر میں یہ التزام موجود ہے کہ وہ جو بھی خواب دیکھتے ہیں اس خواب کی تعبیر ان کی وسعت نظر کی صورت میں سامنے آجاتی ہے۔

چلے چلو اسی رستے پہ قافلے والو
دکھائی دیتی ہے منزل غبار سے آگے
جنہیں شعور نہیں منزل و مسافت کا
ستم ہے راہ نمائی کے خواب دیکھتے ہیں
نہیں ہے اپنے مسائل کی بھی خبر جن کو
جہاں کی عقدہ کشائی کے خواب دیکھتے ہیں
مایوس ہو نہ دیکھ کے شمعوں کا یہ دھواں
ہر رات کی جبیں پہ نشان سحر بھی ہیں
میں نے تو کاغذ پہ اس کا نام لکھا تھا سحر
حرف سارے اوڑھ کر خوشبو کہاں سے آگئے

حسین سحر کے ہاں حرمت لفظ اور اس کے پس پردہ وہ فلسفہ کہ حرف حق کی بنیاد پر معاشرہ زندہ رہتا ہے، اسی بنیادی نکتے کو پیش نظر رکھتے ہوئے وہ غزل میں سچے اور کھرے جذبوں کی ترسیل کا اہتمام کرتے ہیں، حسین سحر نے شاعری میں ہمعصر شعراء کے ہمقدم رہ کر غزل کی تزئین وترتیب میں ان محرکات کا لحاظ رکھا جن کی رو سے غزل کو معنوی اعتبار سے آگے بڑھایا گیا، ان کی نظر میں الفاظ بھی زندہ ہیں، بشرطیکہ ان کے استعمال میں کردار اور برتنے والے کا وقار قائم ہے تو یہی الفاظ معاشرے کی تقدیر بدل سکتے ہیں۔

قوت ہے کہاں قوت کردار سے بڑھ کر
وار ایسا نہیں کوئی بھی اس وار سے بڑھ کر
الفاظ کی دولت سے نہیں بڑھ کے کوئی شے
نعمت نہیں کوئی لب ِ گفتار سے بڑھ کر

غزل میں داخلی کیفیات کے اظہار میں خارجی استعارے اور تشبیہات برتنے کا ملکہ شاعر کیلئے فطرت کا انعام خاص ہے۔ ان سے کام لینے کا ہنر شاعر کی چابکدستی اور مہارت کی بدولت آسان ہو جاتا ہے۔ حسین سحر نے غزل میں جس طرح استعارے برتے اور ان سے غزل کے حسن و جمال میں اضافہ کیا اسے چند مثالوں سے پیش کرنا ضروری ہے مثلاً ''شہر خواب'' میں ان کی غزل جو اس کتاب کی پشت پر ان کے ہاتھ کی تحریر کا اعلیٰ نمونہ بھی ہے اس غزل کے مطلع سے مقطعے تک ہر شعر میں تراکیب کا حسن اور استعاروں کی کہکشاں ترتیب دی گئی ہے، یاد کے جگنو، روح کا صحرا، دل کا ریگستان، گرداب بلا وغیرہ اور اسی طرح تشبیہات کا تسلسل آخر تک برقرار ہے، یہاں صرف دو تین اشعار کی گنجائش ہے۔

دل میں اس کی یاد کے جگنو کہاں سے آ گئے
شہر میں یہ دشت کے آہو کہاں سے آ گئے
روح کے صحرا میں لہرائے ہیں اب نو بہار
دھوپ کے عالم میں یہ گیسو کہاں سے آ گئے
میں نے تو کاغذ پہ اس کا نام لکھا تھا سحر
حرف سارے اوڑھ کر خوشبو کہاں سے آ گئے

ڈاکٹر عاصی کرنالی نے حسین سحر کی غزل پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ان کے یہاں ایک لفظ بھی ایسا مشکل نہ ملے گا جس کے لئے، قاری کو لغت دیکھنا پڑے، یہ سلاست ان کی شاعری میں ابلاغ کی ضامن ہے۔ اس میں شک نہیں کہ ان کی غزل میں نفس مضمون کی گہرائی اور گہرائی کے باوصف سادگی کا حسن موجود ہے۔ اسی طرح ان کے ہاں سہل ممتنع کا وصف خاص اس صورت

میں در آیا ہے کہ چھوٹی زمین میں شعری آہنگ عجب کیف طاری کر دیتا ہے۔

دل میں حسرت دبی رہ گئی
بات پھر ان کہی رہ گئی
سوچتا ہوں کہ تیرے بغیر
زندگی میں کمی رہ گئی
گرچہ ہر سو تھا دریا رواں
پھر بھی ایک تشنگی رہ گئی

اس قبیل کے اشعار جا بجا ملتے ہیں جو ''شہر خواب'' میں اس طور سجائے گئے ہیں کہ ہم شہر خواب کی بوقلمونی سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور افق نا افق فضاؤں میں تازگی کا احساس حسین سحر سے ملاقات کے اوقات کو بڑھا دیتا ہے کہ ہم ''شہر خواب'' کی سحر کاری میں خود سے بیگانہ ہو جاتے ہیں، ان کے وسیع ادبی عرصہ زندگی میں شوق آوارگی کا عمل دخل ایسے حرف ریزے تلاش کرنے کا سبب بنا کہ وہ اپنے دامن خیال میں کائنات حسن و جمال سمیٹ کر بیٹھے نہیں بلکہ ان کا تخلیقی سفر عہد شباب کی منازل سر کر رہا ہے۔

وہ کیسا شوق تھا آوارگی کا
کہ جس نے عمر بھر بیتاب رکھا
سحر تازہ رکھا ذہن و نظر کو
کھلا یوں روح کا ہر باب رکھا
ہوں شہر کے رستوں پہ رواں کب سے مسلسل
حیرت ہے ابھی تک وہ گلی کیوں نہیں آتی
سحر بھٹکتے ہوئے ہر گلی میں پھرتے ہیں
ہم اپنے شہر میں اپنا مکان بھول گئے

مختصر یہ ہے کہ پروفیسر حسین سحر کی شاعری اور ان کی جادو بیانی غزل میں نئے در کھولتی

اور تازہ ہوا کے جھونکے کی طرح لطافتوں سے لبریز ہے۔ڈاکٹر سید اقبال احمد واجد کے بقول حسین سحر کی شاعری کا یہ وسیع کینوس جدید اسلوب میں پرشکوہ، بلند، وقیع اور صالح روایات وآثار کا متحمل ہے، اس کے ساتھ زندگی کے بہت سارے مسائل ان کی شاعری کے سفر میں پیش پیش ہیں۔

حسین سحر اپنی ذات کا عرفان پا کر بھی مطمئن نہیں، دراصل ان کا طرز احساس اور زاویہ نظر اضطراب کی موج صدرنگ میں انہیں ہر لحظہ ڈبونا چاہتا ہے اور وہ اپنی ذات کی پہنائیوں میں خود اپنی جستجو کرنا پسند کرتے ہیں اور ان کی تمنائے صادق یہی ہے کہ من عرف نفسہ فقد عرف ربہ ہوا وریوں حسین سحر عرفان وآگہی میں اپنی ذات کو ہدف تصدیق بنا کر کامیابی سے ہمکنار ہونا چاہتے ہیں۔

دشت خطا کی وسعت بے پایاں کیا کروں
مجھ کو تو اپنی ذات کی پہنائی چاہئے

تمام عمر تخاطب مرا مجھی سے رہا
سوال میں نے کئے ہیں جواب میرے ہیں

ترے جمال کی تابش میں رہنا چاہتے ہیں
ہمیشہ ہم تری خواہش میں رہنا چاہتے ہیں

ہستی رب کا بھی عرفان نہیں ہے ممکن
جب تلک معرفت ذات نہیں ہو سکتی

مرے پہلو میں ہے اک مہر جہاں تاب سحر
مری دنیا میں کبھی رات نہیں ہوسکتی

حسین سحر کا نعتیہ مجموعہ ''فانوسِ حرم''

مختار احمد کاشف۔ دبئی

جناب حسین سحر صاحب ادبی حلقے کی ممتاز اور معروف شخصیت ہیں ان کی شیریں سخنی کا یہ عالم ہے کہ ان کی زبان دہن اور لسان قلم دونوں میں مٹھاس ہے۔انداز فکر، اسلوب تقریر اور طرز تحریر تینوں میں انکے محبوب انسانی رویے کی چھلکیاں نمایاں طور پر موجود ہیں۔ادبی قرینے میں اگر عشق رسول مقبول (ﷺ) کو شامل کرلیا جائے تو لوح تصور پر ابھرنے والی شخصیت کو ہم وہ نام دے سکتے ہیں جو فانوس حرم کے اس نعتیہ کلام کے شاعر کا ہے اور جس کی خواہش ہے کہ:

نعت پڑھتے روبرو ان کے سحر
رہبرِ حرفِ ثناء کو دیکھتے

اور پھر یہ شاعر غالب سے بڑھ کر اپنے علو پایہ منبر پہ ناز بھی کرتا۔

سحر صاحب کی یہ بھی اک ادائے نازش وافتخار ہے کہ وہ اپنے آپ کو شاعرانِ بارگاہ رسالت مآب (ﷺ) کی صفوں میں کہیں دیکھنے کیلئے بے تاب نظر آتے ہیں۔

کعبؓ وحسانؓ، رضاؒ، سعدیؒ وجامیؒ، اقبالؒ
کتنی عزت کے سحر اہل یہ شاعر ہوں گے

رسول اکرم (ﷺ) کی محبت کے بغیر کسی بھی انسان کی زندگی مکمل اور خوبصورت نہیں ہوسکتی۔الحمدللہ! ہر مسلمان اس شراب طہور کے نشے میں سرشار نظر آتا ہے، یہ وہ مے ہے جسے ظرف قدح خوار دیکھ کر نہیں دیا جاتا چنانچہ ''فی انفسکم'' کے نہاں خانوں میں جھلکنے والی یہ وہ شمع عقیدت ومحبت ہے جو ہماری دنیائے فکر ونظر کو ابد تک اجالا فراہم کرتی رہے گی اور یہ وہ اجالا ہے جس سے خود شمس وقمر اپنے آپ کو محروم پاتے ہیں اس حقیقت ثابتہ کا اعتراف سحر صاحب نے قرآنی آیت نور میں موجود مشکوۃ کے حوالے سے کیا ہے چنانچہ انہوں نے نعت کے اپنے اس شعری مجموعے کو فانوسِ حرم کا نام دیا ہے انہوں نے یہ عنوان اپنے اس شعر سے اخذ کیا ہے جو اس

کتاب کا آخری شعر ہے۔

ہے رشک مہ و مہر سحر اس کی تجلی
سینے میں مرے دل ہے کہ فانوسِ حرم ہے

آپ اس شعر میں مہر کی ''را'' کو اضافت کے ساتھ اور اس کے بغیر بھی پڑھ سکتے ہیں، مفہوم دونوں طرح سے واضح ہے لیکن اس کی معنوی لذت کا شعور و احساس یقیناً یہاں پر اپنے اپنے پیمانہ صفات کے مطابق بلکہ موافق ہی ہوگا چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ سحر صاحب عقیدت کے نشے میں بے تاب مگر دیوانہ فرزانہ کی طرح حرم مدینہ کی جانب لپکتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

میں رواں ہوں شوق سے کچھ یوں مدینے کی طرف
اک تہی داماں بڑھے جیسے خزینے کی طرف

اس لئے کہ رضا بریلویؒ نے اس حرم کو'' کعبے کا کعبہ'' کہا ہے گویا ''لُفُوِیٓ اِلَیۡھِمۡ'' کی ابراہیمی آرزو کو اللہ پاک نے شاہِ مدینہ (ﷺ) کے ذریعے پورا کیا ہے اور اس احسان عظیم پر خالق کائنات اور اس کے حبیب کی جس قدر حمد اور جتنا شکر بجالایا جائے وہ بہت کم ہے۔

اہل مکہ اگر ایک دوسرے رخ سے دعوت اسلامی کا جائزہ لیتے تو شاید وہ یہ نہ کہتے کہ بھلا مرنے کے بعد جب انکی ہڈیوں کا سفوف بن جائے گا تو قیامت کے دن ان کو کیسے دوبارہ اور وہ بھی خلق جدید کا لباس پہنا دیا جائے گا اس دوسرے رخ کو سحر صاحب نے رسول اکرم (ﷺ) کے ابدی پیغام اور آپ کی حیات آفریں تعلیمات کا ذکر کرتے ہوئے اس طرح نمایاں کیا ہے۔

کاش موت آئے مدینے کی فضاؤں میں مجھے
ایسا مرنا اک قدم آگے ہے جینے کی طرف

اور جن قدسی نفوس نے آپ (ﷺ) کے اس پیغام کو تہ دل سے مان لیا ان کو اللہ کے نور ہدایت سے رہنمائی پانے والے علماء کا درجہ نصیب ہوا اور آج تک بلکہ ابد تک کے لئے ان کا یہ جذبہ اطاعت دیدہ وروں کی پہچان بن گیا۔ سحر فرماتے ہیں:

تجلیوں کی وہ بارش ہے ان کے در پہ سحر
نظر کی بھیک لئے دیدہ در نظر آئے

حسین سحر صاحب رسول اکرم (ﷺ) سے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہوئے ہمیں بڑے فخر کے ساتھ یہ بتاتے ہیں کہ وہ اس راستے کو ہمیشہ اپنے پیش نظر رکھتے ہیں جو رسول ختمی مرتبت (ﷺ) کا ہے۔ اظہار کے اس پیرائے میں وہ اس راستے پر چلنے کی ہمیں تلقین بھی کرتے ہیں اس لئے کہ آپ (ﷺ) کے دکھائے ہوئے راستے پر چلنے والا کبھی بھٹک نہیں سکتا۔

میں بھٹک سکتا نہیں ہرگز سحر
آپ کا رستا ہے میرے سامنے

حسین سحر صاحب نے فانوس حرم کے اشعار میں اپنے قارئین کرام کو یہ تبلیغ کی ہے کہ ہمارے نبی (ﷺ) اللہ کے آخری رسول و نبی (ﷺ) ہیں۔ لہٰذا آپ (ﷺ) کی تعلیمات کو کسی صورت میں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا آپ (ﷺ) کا پیغام آفاقی ہے اور آپ (ﷺ) گلوبل، بین الاقوامی اور عالمی و بین المملکی پیغمبر الٰہی (ﷺ) ہیں۔ آپ (ﷺ) کا پیغام انسانی سوچ کی پیدا کردہ ہر قسم کی حدود و قیود سے بے نیاز ہے اور آپ (ﷺ) کی بارگاہ میں حاضر ہونے والا انسان بھی خود کو دنیا و مافیہا سے بلند تر محسوس کرتا ہے۔

ان کے دربار میں ہوں میں حاضر
ماورائے زمان و مکاں ہوں

آپ کا پُرامن مرقد مرکز تجلیات اور مہبط انوار ہے۔ طیبہ کی فضاؤں میں اڑتے ہوئے نظر آنے والے پرندے ملکوتی ارواح ہیں یہ وہ فرشتے ہیں۔ جو اپنے فرائض کی ادائیگی پر مامور ہیں۔

اڑتے پھرتے ہیں جو طیبہ کی فضا میں ہر سو
وہ فرشتے ترے دربار کے طائر ہوں گے

ہر شاعر غزل، نظم پابند اور آزاد شاعری کو ذریعہ اظہار آسانی سے بنا لیتا ہے اور اس میں اکثر کامیاب تجربے بھی کر لیتا ہے لیکن جب نعت گوئی کا مرحلہ پیش آئے تو قلم سوکھنے لگتے ہیں فکر رسا کی ترکیب غالب کے بیان کے مطابق مضمون کی غلطی بن کر دکھائی دیتی ہے۔ سحر صاحب کو بھی یہاں ہمت نہیں پڑتی۔ فرماتے ہیں کہ قصیدۂ نبوی (ﷺ) کے لئے نہایت حزم و احتیاط چاہئے۔

نعت کے میدان میں محتاط رہ
اے مری فکر رسا! آہستہ چل

سبز گنبد کی جالیوں کو دیکھ کر اپنے اوپر طاری ہونے والی کیفیت کو وہ یوں بیان کرتے ہیں۔

وہ موتیوں میں رحمت یزداں کے ڈھل گئیں
بوندیں سب آنسوؤں کی جو صرف دعا ہوئیں

یہاں ہمیں علامہ اقبال کا یہ شعر یاد آ گیا جسے انہوں نے التجا کے کچھ ایسے ہی کیف ندامت میں تخلیق کیا تھا:

موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چن لئے
قطرے جو تھے مرے عرقِ انفعال کے

حسین سحر صاحب پھر نہایت ادب سے اپنی دلی آرزو اور مراد کی ترجمانی اس شعر میں کرتے ہیں۔

سدا قریب رکھیں مجھ کو اپنے قدموں کے
اے شاہِ دیں! مرے دل کی مرادیں مجھ کو

اس شعر میں دل کی مراد اپنے اندر جو گداز رکھتی ہے اسے ہم محسوس تو کر سکتے ہیں مگر اس کو لفظوں میں بیان نہیں کر سکتے۔ اس کے بعد سحر صاحب نے بارگاہ ختم المرسلین (ﷺ) سے وہ شے مانگی ہے جس سے آج ہر طبقے کے مسلمانوں کو شدید ضرورت ہے۔

میں گھر چکا ہوں بہت جہل کے اندھیروں میں
برائے فکر و نظر اجتہاد دیں مجھ کو

سحر کی ایمانی پختگی کا یہ عالم ہے کہ وہ سرکار مدینہ (ﷺ) کے کسی بھی سائل کو نامراد لوٹتا ہوا نہیں دیکھتے۔ چنانچہ ان کا ایمان ہے کہ وہ بھی دوسروں کی طرح زیارت گاہ رحمت مآب و سخاوت نصاب (ﷺ) سے خالی ہاتھ نہیں لوٹے۔

وہ فخر سے کہتے ہیں:

ہوگیا انوار کا مرکز گریبانِ سحر
ان کے دامن سے جو روز و شب ہوئی وابستگی

اور وہ یہ بھی چاہتے ہیں کہ اللہ پاک انہیں اگر جناب رحمۃ للعالمین (ﷺ) کے جوار و دامن میں جگہ دے دے تو یہ جنت الخلد کا بہترین بدل ہوگا۔

خواہش مری یہی ہے تمنا یہی سحر
خاک مدینہ چاہئے مجھ کو بجائے خلد

سحر صاحب کی انتہائی آرزو یہ ہے کہ وہ رسول پاک (ﷺ) کی آنکھ کا تارا بن جائیں اور آپ (ﷺ) ان سے خوش ہو جائیں۔

لطف جب ہے کہیں وہ محشر میں
اے سحر! ہم بہت ہیں خوش تم سے

اور اپنے اوپر اس لطف و کرم کے خواہشمند ہونے کے باوجود وہ مانتے ہیں کہ

جو یہ سوچیں تو ہوتی ہے خوشی کم
کہ ہے عشق نبی کو زندگی کم

مجھے ذاتی طور پر حسین سحر صاحب کے ذیل میں درج شعر کی سچائی نے بہت متاثر کیا ہے جو رسول پاک (ﷺ) کے اس ارشاد کی نہایت مضبوط تشریح بھی ہے: ''جو مجھ پر ایک بار صلوۃ وسلام بھیجے گا، اللہ پاک اس پر اپنی رحمتیں دس گنا بنا نازل کرے گا''۔

اب وہ شعر ملاحظہ فرمائیں:

نبیؐ و آلِ نبیؐ پر درود بھیج کے ہم
خود اپنے آئینہ دل کو آب دیتے ہیں

ہم امید کرتے ہیں اور دعا بھی کہ اہل بیت کی کشتی نجات میں اپنی جگہ کو یقینی بنانے کیلئے سحر صاحب نے اپنے ابیات میں جو مختلف انداز سے بارگاہ رحمت ایزدی (ﷻ) میں درخواست کی ہے وہ ہرگز رائیگاں نہیں جائے گی۔

یہ فانوس حرم نعتوں کا ایک ایسا مجموعہ ہے جس کی شاعرانہ مہارت، تراکیب الفاظ کی سادگی، مفہوم کی وضاحت، موضوع کی اہمیت ومقصدیت، لہجے کی سلاست، بیان کی روانی، خاتم الانبیاء (ﷺ) کے پیغام کی ترجمانی اور پھر جوش عقیدت ومودت کی فراوانی جیسے اوصاف اس کی شان کو قارئین کی نظر میں مزید بڑھا دیتے ہیں اور ان کے قلب ودماغ پر بھرپور اثر مرتب کرتے ہیں گویا فانوس حرم واقعی پڑھے جانے کے لائق کتاب ہے۔

فانوس حرم کے زیادہ تر اشعار چھوٹی بحروں میں ہیں جو شاعر کی قادرالکلامی کی صریح شہادت ہیں اس لئے کہ چھوٹی بحر میں لکھنا سہل ممتنع کی ذیل میں آتا ہے اور مشکل کو آسان بنانے کا یہ عمل خود ایک مشکل کام ہے۔ جسے ہر کوئی انجام نہیں دے سکتا۔

فانوسِ حرم

ڈاکٹر خان محمد ساجد

پروفیسر حسین سحر کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ ملتان کے علمی حلقوں میں ان کی مقبولیت اظہر من الشمس ہے وہ ایک محقق، شاعر، ادیب اور عالم دین ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بہت بڑے معلم ہیں۔ شاعری میں انکی تخلیقات منفرد ہیں۔ ان کا سب سے بڑا ادبی کارنامہ قرآن کریم کا منظوم اردو ترجمہ ہے۔ ایک ایسا ترجمہ جو مسلمانوں کے تمام مکاتب فکر کو قبول ہے۔ آپ فرقہ وارانہ ذہنیت کے سخت خلاف ہیں اور بین الاقوامی انسانی بھائی چارے پر ایمان رکھتے ہیں۔ میری ان سے ملاقات غالباً 2001ء میں شفیق آصف صاحب کے ہمراہ ہوئی ان سے مل کر مجھے احساس ہوا کہ آپ ایک شفیق، مہربان اور علم کی پیاس رکھنے والے انسان ہیں۔ جوں جوں ان سے میری ملاقاتیں بڑھتی گئیں ان سے میری عقیدت ومحبت میں اضافہ ہوتا گیا۔ وہ انگریزی، اردو، عربی، فارسی اور پنجابی پر مکمل دسترس رکھتے ہیں۔ گذشتہ سال جب وہ سعودی عرب سے واپس آئے تو ان سے ملاقات ہوئی انہوں نے مجھے مشورہ دیا کہ میں پنجابی زبان میں جو میری مادری زبان ہے کچھ لکھوں لیکن پنجابی میں ادب تخلیق کرنے میں بہت سی مشکلات ہیں میں نے اپنی مجبوریاں بتائیں تو انہوں نے کچھ اس انداز سے مجھے حوصلہ دیا کہ میں پنجابی لکھنے پر کمربستہ ہوگیا اور جب اس مرتبہ وہ سعودی عرب سے واپس آئے تو میں نے ''درداولے'' کا مسودہ انکو پیش کیا۔ دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور فوراً شائع کرنے کا مشورہ دیا لیکن ساتھ ہی بچوں کی کہانیوں پر مشتمل پنجابی میں ایک کتاب ''اک سی بادشہ'' جو انہوں نے حال ہی میں چھپوائی تھی عنایت کی اور اس کے کچھ عرصہ بعد اپنی کتاب ''پھلکاری'' عنایت فرمائی یہ کتاب مختلف شاعروں اور ادیبوں کی پنجابی اور سرائیکی میں شائع ہونے والی نظموں، غزلوں اور نثری تخلیقات کا اردو ترجمہ ہے شعری تخلیقات کا انہوں نے اسی بحر میں منظوم ترجمہ کیا ہے جس میں وہ لکھی گئی ہیں۔ ترجمہ اس قدر خوبصورت ہے۔ کہ اصل تخلیق اس کے مقابلے میں کم نظر آتی ہے۔ یہ کمال بہت کم دیکھنے میں آتا ہے۔ انکی اس ادبی رفتار نے میری ادبی کاوشوں کے لئے مہمیز کا کام کیا اور یکے بعد دیگرے میری دو کتابیں منظر عام پر آگئیں میں اپنی کاوشوں پر دل ہی دل میں خوش ہو رہا تھا کہ انہوں نے اپنی تین مزید کتابیں فانوس حرم،

توصیف اور شہر خواب عنایت دیں اور میں حقیقت ہے کہ ان کی ادبی کاوشوں کو دیکھ کر دنگ رہ گیا۔ کئی بار ذہن میں آیا کہ ان سے اس عمر میں اتنی توانائی کا راز پوچھوں۔ بہر حال میری تخلیقی کاوشوں میں بھی ان کا علمی اور تکنیکی تعاون میرے شامل حال رہا جس کیلئے میں ان کا شکر گزار ہوں۔

میں ان کی تینوں کتابوں کا جو مجھے انہوں نے عنایت کیں مطالعہ کر چکا ہوں لیکنا س مضمون میں ان تمام کا جائزہ لینا بہت مشکل ہے لہٰذا فانون حرم پر اپنے خیالات کا اظہار کرتا ہوں۔

فانوس حرم سحر صاحب کا نعتیہ مجموعہ ہے۔ وہ ایک سچے عاشق رسول ہیں لیکن ان کی حضور سے عقیدت محض ایک مذہبی وجذباتی عقیدت نہیں بلکہ ان کی عقیدت کی بنیاد عقل وبصیرت پر ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ انہوں نے اپنے مذہبی عقائد بڑی سوچ بچار کے بعد اختیار کئے ہیں تبھی۔ ان کے قلم سے حضور کی سیرت طیبہ کے ایسے گوشے سامنے آتے ہیں جو عوام الناس سے پوشیدہ ہیں ہم عام مسلمان یہ سمجھتے ہیں کہ اللہ اور رسول کا رشتہ کچھ ذاتی قسم کا ہے اور یہ کہ کسی نامعلوم وجہ سے آپ اللہ کو پیارے ہیں۔ جیسے نصاریٰ یہ نظریہ رکھتے ہیں کہ حضرت مسیح چونکہ اللہ کے فرزند تھے۔ اس لئے ان کو پیارے تھے۔ قرآنی تعلیم اس سے قطعاً مختلف ہے۔ اللہ کی حضور سے محبت کی بنیادی وجہ ان کی اعلیٰ وارفع سیرت ہے۔ قرآن میں جہاں کہیں حضور کی تعریف کی گئی ہے وہیں ان کی سیرت کے کسی خاص پہلو کی طرف اشارہ ہے۔ حسین سحر نے اس حقیقت کی طرف بہت توجہ دی ہے یہی وجہ ہے کہ جہاں ایک عاشق صادق کی طرح وہ ہجر رسول میں گریہ کرتے نظر آتے ہیں وہیں وہ آپ (ﷺ) کی سیرت کا کوئی دلنشیں پہلو بھی بیان کرتے ہیں۔ مدحت رسول (ﷺ) بہت وسیع موضوع ہے اور اس میں قدم قدم پر ڈگمگانے کا خطرہ ہے کیونکہ خدا اور حضور کی ذات کے درمیان کوئی دوسری مخلوق نہیں۔ اس لئے غلو کے بہت امکانات ہیں لیکن یہ دیکھ کر حیرانی ہوتی ہے کہ حسین سحر اس مشکل گھاٹی کو بڑی خوبصورتی سے عبور کرتے ہیں اور مدحت رسول کے دوران کہیں بھی ان کا قلم افراط وتفریط کا مرتکب نہیں ہوتا۔ ان کی نعت میں تین رجحانات واضح ہیں حضور سے محبت، ان سے قریب ہونے کی خواہش اور سیرت ختم رسل (ﷺ) سے مسلمانوں اور انسانوں کے تمام مسائل کا حل دریافت کرنا انکی تقریباً ہر نعت میں یہ تین باتیں ضرور موجود ہیں نعتوں میں اہل بیت سے بھی ان کی عقیدت کا اظہار ہوتا ہے لیکن نعت اور منقبت دونوں میدانوں میں وہ احتیاط کا دامن نہیں چھوڑتے اور ان کا قلم کہیں بھی فرقہ وارانہ تعصب سے آلودہ نہیں ہوتا

اور نہ ہی کسی گستاخی کا پہلو ان کی تحریر میں دخل پاتا ہے چنانچہ وہ کہتے ہیں

نعت کے میدان میں محتاط رہ
اے مری فکر رسا آہستہ چل

ان کی حضورت سے محبت کا اچھوتا رنگ دیکھئے:

یہ ہر اک سمت جو دیوانے ہی دیوانے ہیں
شمع عشق شہ لولاک کے پروانے ہیں

آپ چاہیں تو انہیں رشک بہاراں کردیں
دل وگرنہ یہ ہمارے جو ہیں ویرانے ہیں

ان کے قدموں کی خاک ہو جاؤں
میں گناہوں سے پاک ہو جاؤں

مری آنکھوں میں جو ضوباریاں ہیں
یہ ان کے ذکر کی سرشاریاں ہیں

سحر یادِ نبی دل میں بسالو
اگر جینے میں کچھ دشواریاں ہیں

عشق سرکار کا ہم کو بھی یہ معیار ملے
فکر بوذرؓ، دم سلمانؓ، دل عمارؓ ملے

آپ کی سیرتِ اقدس پر عمل ہو تو ہمیں
حسنِ گفتار ملے خوبیٔ کردار ملے

287

اپنے تو خیر اپنے پرائے ہیں فیضیاب
انسانیت کے سب سے بڑے مہربان سے

یوں تو سحر خدا کے ہیں انعام بے شمار
لیکن میں خوش ہوں مجھ کو شعورِ ثناء ملا

تاریکیوں میں بھٹکا ہوا ہے جو آدمی
اس مسئلے کا حل ہے اطاعت حضور کی

انسان کے اندر نعت کہنے کی اہلیت کے بارے میں انکے نظریات دیکھئے:

خدا مداح جس ذات مقدس کا ہے قرآں میں
بشر اس کا کوئی مدحت سرا ہو ہی نہیں سکتا

ثنائے مصطفےٰ کس قدر کٹھن ہے اس کا اندازہ اس شعر سے لگائیے:

ڈھونڈ لیئے ان کی ثناء کو روشنائی نور کی
اور لکھنے کے لئے جبریل کا پر چاہئے

ان کا حضور سے عشق ہی انہیں نعتیں کہنے پر اکساتا ہے:

سحر عشقِ شہ لولاک محور ہے مرے فن کا
جو بن کر رنگ و خوشبو میری نعتوں میں سمایا ہے

اور دیکھئے نعت کہنے کی تمنا انہیں کس طرح بے چین کئے ہوئے ہے:

لکھے نہ نعت نبی کے سوا کوئی بھی حرف
مرے قلم کو سحر وہ شعور آجائے

ہجر رسول میں تڑپ اور تمنائے قرب کے انداز دیکھئے:

ہوائے کوئے مدینہ نصیب ہو جائے
تو رحمتوں کا خزینہ نصیب ہو جائے

288

بھلا کہاں وہ غریب الوطن رہے گا کبھی
کہ جس کا شہر محمد دیار ہو جائے

میں جہاں بھی رہوں مسافر ہوں
میرا اصلی وطن مدینہ ہے

لیکن وہ اس تڑپ میں بھی ایک سکون پاتے ہیں:

کریں شہر محمد کا تصور
اگر دل کو کبھی بے چین دیکھیں

ایسی بے قراری پر سو قرار ہوں قرباں
کیفیت سکوں کی ہے دل کی ناصبوری میں

مدینہ دیکھ کے کیف و سرور آجائے
ہماری آنکھ میں جنت کا نور آجائے

شہر نبی کی عظمت کا بیان دیکھئے:

جہاں کے چہرۂ رنگیں پہ گویا تل مدینہ ہے
کہ زیب و زینت دنیائے آب و گل مدینہ ہے
فضا کچھ اور ہے شہر نبی کی
کسی جنت کا یہ منظر نہیں ہے

وہ عطائے رسول کو مانگنے سے شروط نہیں سمجھتے:

زبان سے کبھی نوبت نہ آئی کہنے کی
عطاء کیا مرے آقا نے بے طلب مجھ کو

سیرت رسول کے جگمگ جگمگ کرتے موتی دیکھئے:

289

ان کی محفل میں گنہگار بھی ابرار بھی ہیں
ہے مگر لطف و کرم ان کا سبھی کی جانب

ان سے بڑھ کر کریم ہوگا کون؟
دشمنوں کو بھی کردیا ہے معاف

پڑھا ہے غور سے قرآن پاک کو ہم نے
حضور ہی کا قصیدہ دکھائی دیتا ہے

ہے جس میں کوئی اندھیرا نہ پیچ و خم کوئی
ہمیں حضور کا رستہ دکھائی دیتا ہے

وہ جس نے رہ دکھائی قافلوں کو
قریب اس نے کیا ہے منزلوں کو

کیا ہے چاند کو دو نیم جس نے
اسی ہستی نے جوڑا ہے دلوں کو
بنائے خوں کے پیاسے بھائی بھائی
مٹا ڈالا دلوں کے فاصلوں کو

کہہ رہا ہے خطبہ حج الوداع
ایک امی پر فصاحت ختم ہے

290

دشمنوں کے واسطے بھی ہے دعا
آپ پر فیضانِ رحمت ختم ہے

نبی کے حسن تبسم کا استعارہ ہے
کہیں کلی کہیں جگنو کہیں ستارہ ہے

سدا بہار ہے سیرت کے حسن کی خوشبو
یہ ایسا پھول ہے جس میں کہ کوئی خار نہیں

اہل بیت سے محبت کا اظہار ملاحظہ ہو:

ہو اہل بیت میں اک اک کی معرفت حاصل
تو اوج زینہ بہ زینہ نصیب ہو جائے

نہیں میرے لئے اب کوئی مشکل
غلام درگہ شاہ نجف ہوں

نعت گو شعراء کی عظمت کے وہ معترف ہیں:

کعبؓ و حسانؓ، رضاؒ، سعدیؒ و جامیؒ، اقبالؒ
کتنی عزت کے سحر اہل یہ شاعر ہوں گے

اور آخر میں وہ شعر جس میں سے کتاب کا نام ماخوذ ہے

ہے رشک مہ و مہر سحر اس کی تجلی
سینے میں مرے دل ہے کہ ''فانوسِ حرم'' ہے

تراجم

کلام سمو الامیر خالد الفیصل

کے منظوم مترجم الاستاذ، الفاضل پروفیسر حسین سحر

ڈاکٹر صادق رضاوی ۔ریاض(سعودی عرب

اس سے پہلے کہ میں سموالا امیر خالد الفیصل کے کلام اور فن پر لب کشائی کروں میں اپنی بے بضاعتی ۔تہی دامنی اور اپنے قلم کی خستگی کے سبب شرمندہ ہوں ۔مرے دماغ کے کسی گوشہ سے انوار کی لو پھوٹی ہے اور اس میں ؟؟ کے کئی رنگا رنگ پہلو ابھر تے ہیں اور ان گوشوں سے ہی کچھ کاوش کرنا چاہونگا۔ایک زاویہ سے وہ مجھے ابوالفراس الحمدانی نظر آئے ہیں ۔وہی وارفتگیٔ شوق وعشق، وہی بے مثیل فارس الاصیل العربی ، صاحب السیف ،صاحب لوح وقلم اور کہیں کہیں مجھے ان کی ذات،ان کے شعر، ان کی سطوت میں عنتر ابن شداد کے تیور اور پھر حالی نبی خانوادۂ ملک فیصل جو آل سعود مین ذرا علحدہ اور سب کے سرخیل عبداللہ الفصیل سب ہی خوبیوں کے مالک ہیں سموالامر خالد الفیصل سے مراد درد وا حساس کا رشتہ بھی ہے اور جب میں بسلسلۂ تعلیم آکسفورڈ پہنچا تو ان کے علمی تدبر اور فن کا چرچا تھا ۔میں خصوصاً صفدر حسین صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے ایک عظیم فن پارے کو بمعہ ترجمہ اردو نشر کروانے کی ہمت کی اور مجھے بھی شہیدوں میں شامل ہونے کا موقع دیا ورنہ مری بساط کیا ۔من آنم کہ من دانم ، رب العزت صفدر حسین کو صحت مند طویل زندگی دے کہ وہ اس دنیا میں مثبت کام کر رہے ہیں اور آسمان ادب پر اس خستہ جان بلب دو میں بھی شمع ادب اٹھائے ہوئے ہیں ۔خالد الفیصل کا ہر شعر احساس کی گیرائی اور گہرائی ، درد کی کسک اور ٹیس، راستہ کی طوالت اور تنہائی کا کرب ،تاب سفر، ارفع واعلیٰ منازل کا حصول اور وہ مقام اعلیٰ جو خود آجہانی ملک فیصل نے حاصل کیا، امیر خالد بھی وہی منزل حاصل کرنا چاہتے ہیں مگر اپنے دست وبازو سے ۔

سموالا امیر کے قصائد خصوصاً ''عمی شاھین ۔سلطان''ندرت فن، اخلاص وجذبہ،محبت ووابستگی ۔عزت واحترام کا اعلیٰ نمونہ ہے ۔قریباً ہر شعر میں عشق ومحبت کا والہانہ انداز ۔قربتیں و

دوریاں ۔ وصال وجدائی ۔ وقت فراق چھلکتے آنسو اور اس کے بعد وقت رحیل آخری دزدیدہ نظر پہ صرف خالد الفیصل ہی قلمبند کر کے حیات جاودان عطا کر سکتے ہیں ۔ان کے احساس کا کینوس بے حد وسیع ،جنبش موقلم بے حد چابکدست اور با اثر کہ الفاظ ذہن میں پیوست ہو جاتے ہیں اور لذت تیر نیم کش ہر ایک کے بس کا روگ نہیں ۔محبوب سے اولین ملاقات کا پس منظر۔ رخ محبوب کے نقاب کا آہستہ کھسکنا ۔حسن کا جلوہ افروز ہونا ۔ وہ ایک اچٹتی قاتل نظر ۔ جہاں دل دیوانہ نذر بھی ہوا ۔لٹ بھی گیا ۔ دو دن کی قربت بھی ملی اور پھر لمبی جدائی ۔ پنجابی زبان کا مصرعہ کیا خوب ہے" چار دنا دا پیار ہے رہا ۔ بڑی لمبی جدائی"

اب رہی تصویر دن کے فن کی بات" جیسے نیند میں مدہوش حسینہ، اپنی زلفوں کے بھنور میں ہچکولے کھاتی دوشیزہ" حور ا خلد میں بری صورت اگر ملے" مدھم مدھم رنگ ۔ نازک سے خطوط عبدالرحمٰن چغتائی کی جھلک۔

ان ساری نظموں ۔قصیدوں ۔ تصویروں کا احاطہ میرے بس کی بات کرلیں ۔میری کم مائیگی ۔عمر ت علم ۔نقد ونظر کیلئے علم کی کمی ۔ان سب کے لئے نہ میرا علم کافی ہے نہ میری عمر ۔ہاں مجھے فخر ہے کہ مجھے اس عالم پاک سے نسبت ہے ۔میں نے بھی آکسفورڈ کی دیواروں کو ہاتھ لگایا ہوا ہے اور فاضل پروفیسر حسین سحر سے بھی نسبت خاص ہے کہ ملتان کا نشتر کالج مرا گہوارہ رہ چکا ہے اور مدتوں صحرانوردی کی ہے ۔ جوانی یہیں کہیں کھوئی تھی اور بڑھاپے نے ان گلیوں میں دستک دی تھی اور احساس خود و جودیت یہیں کہیں پرورش پایا تھا ۔ملتان کے قلعہ سول لائنز اور ملتان کینٹ اور ملتان کلب سے متعدد یادیں وابستہ ہیں جب میں پچھلی صدی کی پانچویں دھائی میں ملتان پہنچا تو یہ شعر صادق آیا ۔ چہار چیز است تحفۂ ملتان گرد، گرما، گدا، گورستاں اور جب میں ملتان سے روانہ ہوا تو سارا صحرا ۔منظر پس منظر گلستان سے عبادت تھا اور میرے جو سینکڑوں دوست، حوادث اور یادوں کی یلغار تھی ۔

حسین سحر صاحب کی کتاب

''نظمیں، از خالد الفیصل'' پر سرسری تبصرہ

مختار احمد کاشف ۔ دبئی

محترم المقام جناب حسین سحر صاحب تدریسی، علمی اور ادبی دنیا کی ایک قد آور شخصیت ہیں ۔ان کے متعدد شعری مجموعے اہل فن کے ہاں خاصی پذیرائی حاصل کر چکے ہیں ۔تدریس کے علاوہ ادبستان اردو کے لئے حسین سحر صاحب کی ذاتی خدمات ہی ان کا بہترین تعارف ہیں ۔

غزل نگاری، نظم نویسی ، سلام گوئی اور نعت سرائی جیسے ادبی اسالیب میں ان کی کاوشوں کو اہل ادب نے ہمیشہ سراہا ہے ۔ یہاں تک کہ ان کے پہلے نعتیہ مجموعے پر ان کو صدارتی انعام بھی مل چکا ہے ۔''تقدیس'' اور ''تطہیر'' کے نام سے ان کے دو معروف نعتیہ مجموعے ہیں جبکہ نظم میں انکی مقبول شعری کاوش، کہرے میں دھند، اپنے نام کی طرح بالکل اچھوتی تخلیق ہے جہاں غزل میں ان کے دو مجموعے ''تخاطب'' اور ''نہر خواب'' بھی منفرد مقام رکھتے ہیں ۔

ایک خصوصی ادبی و تنظیمی منصوبے کی ذمہ داریوں کے سلسلے میں سعودی عرب میں اپنے بارہ سالہ قیام کے دوران حسین سحر صاحب نے نہ صرف عرب کی مطلی زبان میں سعودی عرب کے شہزادہ خالد الفیصل کی لکھی ہوئی نظموں کا منظوم ترجمہ کیا بلکہ قرآن مجید کا آزاد منظوم ترجمہ کرنے کی سعادت بھی حاصل کی ۔ سردست ہمیں حسین سحر صاحب کی ادبی کاوش ''نظمیں از خالد الفیصل'' پر تبصرہ کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے ۔ راقم الحروف اگرچہ خود کو اس اہم فریضے کی ادائیگی کا متحمل نہیں پاتا تاہم جناب حسین سحر کے حکم کی نافرمانی بھی اس کی نظر میں کسی ادبی یا اخلاقی کوتاہی سے کم نہیں اس لئے ان کے حکم کی بجا آوری ہی کو باعث افتخار سمجھ کر چند سطور لکھنے کی یہ سعی کی جارہی ہے

گر قبول افتدز ہے عزہ و شرف

جناب حسین سحر صاحب نے ''نظمیں، از خالد الفیصل'' کی صورت میں شہزادہ خالد الفیصل کی نظموں کا منظوم ترجمہ کر کے مطلی زبان اور اردو زبان دونوں کی ایک ساتھ خدمت کی ہے یہ

ترجمہ اردو ادب میں ایک وقیع اور لائق ستائش اضافہ ہے جس میں عرب کے کلاسیکل ادب کے اس شہ پارے کی ترجمانی کا کام نہایت علمی مہارت اور فنی براعت کے ساتھ واضح طور پر نظر آتا ہے۔

شہزادہ خالد الفیصل کی یہ نظمیں اگرچہ عربی شاعری کا روایتی غزلیاتی آہنگ لئے ہوئے ہیں اس کے باوجود ان پر جدت کا رنگ غالب ہے حسین سحر صاحب نے بھی اپنے ترجمے میں ان نظموں کی بھرپور ترجمانی کرتے ہوئے ان کی اصل ادبی وفنی روح کو زندہ رکھا ہے اور ایک منجھے ہوئے شاعر اور ماہر مترجم ہونے کی بناء پر انہوں نے اظہار کے جملہ اسالیت کو اپنے اس منظوم ترجمے میں شروع سے آخر تک ملحوظ رکھا ہے۔

حسین سحر صاحب نے خالد الفیصل کی مذکورہ نظموں میں بطی زبان روایتی انداز کے علاوہ عربستان کے بدوی ماحول کی ترجمانی اس کی غزلیاتی نواریزیوں سے متاثر ہوکر کی ہے اور غالباً یہی وہ اصل محرک ہے جس کے سبب حسین سحر صاحب نے اس مشکل مہم کو بخوبی سر کرلیا ہے۔ یوں حسین سحر صاحب نے اردو ادب میں نئی شعری قدروں کے اضافے کے ساتھ ساتھ اس بات کو بھی یقینی بنا دیا ہے کہ ہجر ووصال اور فرقت وقربت کے احساس کی سچائی ایک عالمگیر سچائی ہے جو آج بھی ہمیں عرب کی بدوی اور خانہ بدوش صحرائی زندگی کے لئے امر لازم کی حیثیت میں نظر آتی ہے۔

عربی شاعری پہلے ہی روز سے آغوش فطرت میں پلتی بڑھتی چلی آرہی ہے۔ اگر اس سے فطرت کے مناظر اور فطری حوالوں کو نکال دیا جائے تو اس کا تمام تر حسن ختم ہو جائے۔ ایک خانہ بدوش عرب زندگی سے متعلق اس سے زیادہ فطری اسلوب غزل آپ کو دنیا کے کسی ادب میں نہیں مل سکتا ہے جو غم فراق کی شدت اور لطف وصال کی لذت کو ایک ساتھ اتنا بھرپور لہجہ دے سکے۔

أُحِبُّهَا وَ تُحِبُّنِیْ وَيُحِبُّ نَاقَتَهَا بَعِيْرِیْ.

ترجمہ: میں اس کو چاہتا ہوں اور وہ مجھے چاہتی ہے اور میرا اونٹ بھی اس کی اونٹنی سے مانوس ہوگیا ہے۔

حسین سحر صاحب نے اپنے اس منظوم ترجمے میں خالد الفیصل کی نظموں میں موجود ان کے ایسے ہی جذبات کی عکاسی اس قدر سچائی کے ساتھ کی ہے کہ بعض اوقات یہ گماں سا ہونے لگتا

ہے کہ حسین سحر کے صریر قلم میں بھی صحرائے عرب کی قطاؤں، فاختاؤں اور کبوتریوں کی وہی افسردہ تانیں چھپی ہوئی ہیں جو خالد الفیصل کی پرسوز لے سے متناغم ہوکر رنج فراق کا نوحہ کررہی ہیں۔

میں یہاں پر یہ کہنے میں فخر محسوس کررہا ہوں کہ حسین سحر صاحب کے اس منظوم ترجمے میں وہی جوش وجذبہ، وہی حسن تغزل اور وہی شوکت الفاظ ہے جس کا مشاہدہ ہم خود خالد الفیصل کی نظموں میں کرتے ہیں۔ یہ منظوم ترجمہ اردو زبان کی چاشنی اور عربی زبان کے کلاسیکل ادب کا حسین امتزاج ہے اور اس قدر کامیاب کوشش ہے جس کے لئے حسین سحر صاحب واقعی تعریف بسیار کے صحیح حق دار ہیں۔

ذیل میں ہم ''نظمیں از خالد الفیصل'' سے حسین سحر صاحب کے منظوم ترجمے کے چند شواہد اور کہیں کہیں خالد الفیصل کے کلام کو بھی نمونے کے طور پر پیش کریں گے تاکہ قارئین اس امر کا اندازہ کرلیں کہ ہم نے بطی اشعار کے ترجمے کے اوصاف بیان کرنے میں کسی قسم کے بخل سے کام نہیں لیا۔

(۱) خالد الفیصل نے اپنی نظموں کے اس مجموعے کا انتساب جس شخصیت سے کیا ہے اس کا نام نہیں لیا لیکن وہ یہ ضرور چاہتے ہیں کہ وہ شخصیت ان کے اس منظوم کلام کو چشم قبول کے ساتھ ایک بار ہی دیکھ لے تو کافی ہوگا اور اگر وہ دوسری بار بھی اسے دیکھ لے تو ان کی خوشی کی کوئی انتہاء نہ ہوگی۔ فرماتے ہیں:

يكفى قصيدى نظرة لو مرة وش لون عاد النظر به ثانى

ترجمہ سحر:

ہے اک نگاہ بھی کافی مرے لئے اس کی
خوشا نصیب جو وہ دوسری نظر ڈالے

(۲) خالد الفیصل مرحوم شاہ فیصل کو اپنی محبوب ترین شخصیت تسلیم کرتے ہیں اور خود کو ان ہی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے دیکھنا پسند کرتے ہیں، فرماتے ہیں:

ماهمنى جمع الاموال زهاد بالمال واصحابه

من فیصل اعیش بامثالی　　ادرس وادرس من کتابه

ترجمہ سحر:

بے شک کنارہ کش ہوں مال و دولت دنیا سے
کوشاں ہوں پانے کے لئے عز و شرف
جینا ہے مجھ کو راستے پر شاہ فیصل کے
انہی کے علم سے میں سیکھتا ہوں اور سکھاتا ہوں

ادبی اور فنی اعتبار سے حسین سحر صاحب کا یہ انداز ترجمانی یقیناً قابل تعریف ہے۔

(۳)　خالد الفیصل اپنے چچا شہزادہ سلطان کی سیرت کی تعریف ان الفاظ میں کرتے ہوئے انکی تقلید کا گویا جواز پیش کرتے ہیں:

عمی صلیب الراس عمی　　عمی علی کتب النوامیس
کحیلان　　ضاری

ترجمہ سحر:

صائب الرائے ہے وہ طاقت و حشمت والا
وہ تنومند و توانا بھی ہے فعال بھی ہے

مرا شاہین چچا!

(۴)　چھلک پڑی آنکھیں: اس عنوان سے حسین سحر صاحب نے خالد الفیصل کی جس آزاد نظم کا ترجمہ کیا ہے اس میں شاعر نے اپنے محبوب کے دیدار کو سب سے زیادہ قیمتی متاع نظر قرار دیا ہے اور حسین سحر صاحب نے خالد الفیصل کے اس جمال پرست جذبے کی جس طرح ترجمانی کی ہے اس سے بہتر مثال کا ملنا اتنا آسان نظر نہیں آتا آپ چاہیں تو درج ذیل اصل عربی اشعار اور انکے اردو ترجمے کا بھی تقابل کر سکتے ہیں:

رمشه الفتاک وعیون وساع
صوروا بالقلب له رسم حسین

شوفتی له ساعة عندی متاع
متعة الدنیا نظر عین لعین

ترجمہ سحر:

سوچئے گر حسین پلکوں کو
دل کے زخموں کا کیجئے اندازہ
اک نظر اس کو دیکھنا میرا
ہے متاع عزیز میرے لئے
اور نظر سے نظر جو مل جائے
تو یہ سب سے بڑا خزانہ ہے

(۵)　خالد الفیصل نے عرب کے قدیم کلاسیکل شعراء مثلاً کعب بن زہیرؓ عمر بن ابی ربیعہ، قیس ابن الملوح مجنون اور جدید کلاسیکل شعراء مثلاً امیر الشعراء شوقی وغیرہ کی طرح اپنے محبوب کی کمر، آنکھوں اور گردن کو خاص طور پر نازک بدن ہرنیوں سے تشبیہ بھی دی ہے فرماتے ہیں:

خشف طعن قلبی وعنده　　ماله سلاح غیر عینه وجیده
علاجه

ترجمہ سحر:

وہ ایسی ہرنی ہے جس نے پہنا ہے حسن کا تاج
اور رہتی ہے دور مجھ سے
اس نے نیزہ زنی کی دل پہ میرے کچھ ایسی کہ اب علاج اس کا صرف وہ
ہے، ہو خیر اسکی نگاہوں کی اور گردن کی، اس کے ہتھیار ہیں یہ دونوں۔

(۶)　حسین سحر صاحب نے اس کتاب میں ان دو نظموں کا ترجمہ بھی شامل کیا ہے جن میں ایک کے خالق متحدہ عرب امارات کے نائب صدر اور حاکم دبئی شیخ محمد بن راشد المکتوم

ہیں ۔انہوں نے بنطی زبان میں لکھی ہوئی اپنی اس نظم کے ذریعے خالد الفیصل کو اپنے قلبی عواطف سے آگاہ کیا جس کے جواب میں دوسری نظم کو خالد الفیصل نے بنطی زبان ہی میں لکھ کر ان کے نام ارسال کیا ہے۔ حسین سحر صاحب نے دونوں نظموں کے ترجمے میں ان کے خالق شعراء کے جذبات کی خوب ترجمانی کی ہے۔

شیخ محمد کی نظم کا عنوان ہے ''حسینوں کا حسین'' اس کے چند اشعار کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں:

ترجمہ سحر:

میں نے چاہی تھی وفاداری مگر اس کے عوض
کیا ملا مجھ کو کہ میں اس تک پہنچ نہیں سکتا
میں نے رکھا ہے قدم اک کھردرے میدان میں
پا برہنہ ہی میں اس میدان میں چلتا گیا
عشق کی سوزش جلاتی ہے مجھے
اپنے اندر جل رہا ہوں میں جہنم کی طرح
چارہ گر! چارہ کوئی دل کا
کہ تیرے پاس ہی اس کی دوا ہوگی
وہ ہرنی نیل گایوں کی ہے ملکہ
اور کھڑی ہے اک کھلے میدان کے ایسے کنارے پر
شکاری ہیں جہاں پر تاک میں اس کی
صراحی دار گردن موڑ کر جب چونکتی ہے خوف سے
تو دیدنی ہوتی ہیں اس کی سرمئی آنکھیں

شیخ محمد کی اس نظم کے جواب میں خالد الفصل یوں اپنے خیالات و جذبات کا اظہار کرتے ہیں:

ترجمہ سحر:

خدا معاف کرے میرے ناتواں دل کو
کہ جس سے ختم کبھی ہو سکی نہ الفت و مہر
نگاہ شیخ کی ہے تیز، اس کا دل شعلہ
تمام لوگ ہیں سوتے مگر وہ جاگتا ہے

اے میرے دوست محمد!

تجربہ کارا گرچہ بہت ہے تو لیکن ہوا جو ہونا تھا بیکار ہے شکایت اب
اگرچہ خود ہے بہت تو بھی صائب الرائے
مگر تجھے بھی ضرورت ہے رہنمائی کی
محمد اے مرے بھائی! یہ عزت افزائی جو تو نے کی ہے
تو یہ نظم بھیجتا ہوں تجھے

(۷) حسین سحر صاحب نظم ''وقت کے کنارے پر'' میں اپنی صلاحیتوں کی کرشمہ سازیوں سے قاری کو حیرت میں ڈال دیتے ہیں، فرماتے ہیں:

ترجمہ سحر:

کھڑا ہوں میں یوں وقت کے کنارے پر
کہ دیکھتا ہوں زمانے کی عبرتوں کے نشاں
غروب ہوتا ہے بحر حیات میں سورج
دراز ہوتی ہوئی رات دیکھتا ہوں جب
تو دن پگھلتا ہوا تیرگی میں آئے نظر
غروب ہونے کا لمحہ ہے غمزدہ لمحہ

(۸) خالد الفیصل نے اس حقیقت کا اعتراف بڑی سادگی اور خوبی سے کیا ہے کہ انسان کیلئے نسیان بھی اللہ کی نعمت ہے چنانچہ حسین سحر صاحب نے ''بھولنا بھی نعمت ہے'' کے

301

عنوان سے خالد الفیصل کی یوں ترجمانی کی ہے:

اے خدائے بخشندہ!
بھولنا بھی نعمت ہے
میں کبھی نہ کرسکتا، کچھ بھی تو بغیر اس کے
یاد رکھتا اگر زندگی کی باتوں کو
اک گھڑی بھی راحت کی مجھ کو مل نہیں سکتی

گویا خالد الفیصل متشائم انداز فکر پر متفائل طرز نگارش کو ترجیح دیتے ہیں اور یہی وہ مثبت انسانی رویہ ہے جس کی سچائی درج ذیل دو مختلف شعروں کے باہم تقابل کے نتیجے میں مزید ابھر کر سامنے آجاتی ہے۔

(۱) یادِ ماضی عذاب ہے یارب
چھین لے مجھ سے حافظہ میرا
(اختر انصاری)

یاد ماضی حسین ہے یارب!
(۲) بخش دے مجھ کو حافظہ میرا
(رمضان صائب)

غراب البین، حمامۃ الایک، صحرائی کوئی (قطا) اور جنگلی کبوتری (قمری) ایسے پرندے ہیں جن کی چلاہٹ یا درد میں ڈوبی ہوئی پرسوز غمگین فریاد کی نغمہ ریزیوں میں بے چین اور مضروب تنہائی عاشق کو یک گونہ راحت یا فکری انسجام کا احساس ہوتا ہے۔ اس لئے عربی شعراء نے ہمیشہ ان صحرائی طیور کو اپنا ہمنوا اور ہمدرد محسوس کیا ہے اور انہیں اپنے دکھ درد کا سچا ترجمان اور مخلص پیام بر پایا ہے۔ خالد الفیصل کا نام بھی ان عرب شعراء کی فہرست میں شامل ہے جنہوں نے عربی شاعری کی اس روایت کو قائم رکھا ہے، فرماتے ہیں:

ترجمہ سحر:

302

اے جنگلی فاختہ! اٹھا اور گا اپنی سریلی لے میں
ہوسکتا ہے تیرا گیت خوش کردے مرے محبوب کے دل کو
پکاری فاختہ جب
اور ہوا نے چھیڑی نہیں کہیں بھی بانس کی شاخ
گزرتی ہی رہی ی عمر
جیسے کچھ نہ ہوا
خدائے وقت!
تو مجھ کو بچا لے مٹنے سے
کہ میں تو بے بس ہوں

(۹) خالد الفیصل اپنی زندگی کے اہم واقعات سے سبق حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور دوسروں کی رہنمائی بھی کرتے ہیں۔ آج کے انسانی معاشرے میں کتنے ایسے لوگ ہیں جو اپنی سالگرہ کا ذکر کرتے ہوئے اپنے معاشرے کو کم از کم یہ پیغام دیتے ہوں کہ اگر انسان کی عمر بڑھتی ہے تو اسے یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ گزرے ہوئے دن کبھی لوٹ کر نہیں آتے اور یہ کہ انسان کی زندگی کے دن ہر روز ایک ایک کر کے کم بھی ہو رہے ہیں۔ خالد الفیصل کو گویا یہاں کی چند روزہ زندگی کے ایک ایک لمحے کی قدر و قیمت کا خوب احساس ہے، چنانچہ ''میری سالگرہ'' نظم میں لکھتے ہیں:

ترجمہ سحر:

میرا یوم ولادت ہر برس آتا ہے
خیال آتا ہے جن کا ہے یہ یوم پیدائش
بہت حیران ہوں لیکن میں خوش بھی ہوں
بہت ہی مختلف ہے یہ
کہ اس دن عمر کا اک سال گھٹ جاتا ہے چپکے سے

اے مینہ برسانے والے!
کیا مری قسمت بھی چمکے گی کبھی؟
یہ زندگی کا پھول کھل اٹھے ترے ہاتھوں کی شبنم سے

(۱۰) خالد الفیصل کو بھی اچھی طرح معلوم ہے کہ ہر عرب بچے کے لئے ضروری ہے کہ وہ بڑا ہو کر خود کو کاملین کی صف میں پائے یہ اس کی سب سے بڑی کامیابی ہے جاہلی عرب کی تاریخ کے مطابق جو شخص تیراکی، گھڑسواری، تیر و تیغ زنی، نیزہ بازی اور لکھنا پڑھنا جانتا تھا اس کو کامل کہا جاتا تھا۔ خالد الفیصل کے اشعار میں کسی نہ کسی اعتبار سے یہ روایت آج بھی زندہ ہے ان کو گھڑسواری بہت پسند ہے ''دختران ہوا کی جانب'' نظم میں انہوں نے اپنی خوبصورت گھوڑی کُحیلہ کی بہت تعریف کی ہے۔ اس کے آگے کئی شہسواروں نے اپنے سر جھکا دیئے ہیں۔ خالد الفیصل کو اپنی اس گھوڑی سے بہت محبت ہے۔ ذیل میں خالد الفیصل کی ''دختران ہوا کی جانب'' نظم کی نواؤں سے ہم آہنگ حسین سحر صاحب کے قلم کی صریر شیریں سے قارئین کی سماعت کا سامان ضیافت کیا جاتا ہے:

ترجمہ سحر:

پاس ہے میرے اِک حسین گھوڑی، جو ہرن کی طرح بدکتی ہے
ایک سمندر کی لہر کی صورت
آگے بڑھتی ہے جب بہت آگے، شہسواروں کو وہ جھکاتی ہے
میں نے دیکھی نہیں کبھی اب تک
ایسی گھوڑی کوئی بھی دنیا میں، اس سے بڑھ کر جو خوبصورت ہو
بھاگتی ہے مری کُحیلہ جب
سائے سے ڈر کے دشت کی جانب، شہسوار اپنا یاد رکھتی ہے

یہاں پر راقم الحروف کو ایک عرب شاعرہ کی وہ رزمیہ نظم یاد آ رہی ہے جس کا پہلا شعر کچھ اس طرح ہے:

فدت نفسی وما ملکت یمینی
فوارس صدقت فیهم ظنونی

میں 1985ء وچ ملتان آیاں ساں۔ اتھے آون تو پہلا اپنی ملازمت دے سلسلے وچ سندھ ساں۔ ملتان آون دا مقصد وی ملازمتی ذمہ داریاں سن۔ پر ملتان نال میرا تعلق اپنے شہر دے حوالے نال وی اے جہڑا ملتان ڈویژن دا اک حصہ اے۔ ایس لحاظ نال میں پیدائشی ملتانی آں۔ کیوں جے ملتان اک شہر یا زبان داناں نئیں اک تہذیب تے فکر داناں اے۔ جس دیاں بنیاداں وچ شیخ فریدالدین مسعود شکر گنج ملتانیؒ، بابا بہاءالدین زکریا ملتانیؒ، خواجہ فریدؒ، بابا وارث شاہؒ، بابا بلھے شاہ شتاریؒ، بابا سری گرو نانک دیو جی مہاراج تے بہت سارے ولیاں تے بھگتاں دے زہد تے فقر نیں۔ جہاں دی فکر دا بنیاد ی محور انسانی محبت تے بھائی چارہ ہی۔ ادب دے نال میری دلچسپی میرے بچپنے توں اے۔ پر شاید ایہہ ملتان دی ہوا دا اثر ہی کہ اتھے آ کے مینوں ادب نال کوئی زیادہ ہی دلچسپی پیدا ہوئی تے میں ادب دے اسمان ول تکنا شروع کر دتا۔ میری نظر جہاں چن تاریاں تے پئی انہاں وچ حسین سحر دا ناں بہت نمایاں سی۔ گو اونہاں دے میں کوئی ایناں قریب نہیں رہیا پر میرے دل وچ اونہاں دی کشش ودھ دی رہی۔ ایس کشش وچ اونہاں دی کتاب ''فرقان عظیم'' نے ایناں اضافہ کیتا کہ میں اونہاں نوں باقاعدگی نال ملن تے پڑھن لگ پیا۔ اونہاں دی ہر ملاقات نے اک الگ تاثر میرے ذہن تے دل تے چھڈیا۔ تے ہر بیٹھک نے اک نواں گوشہ اونہاں دی شخصیت دا میرے اُتے کھولیا۔ اونہاں نال ملاقات توں بعد مینوں ایویں لگیا کہ اوہ میرے وجود دا ہی حصہ نیں کیوں جے اونہاں دا آبائی تعلق وی اوس علاقے نال اے جتھوں میرا خمیر اٹھیا۔ اونہاں نال ہر ملاقات توں بعد مینوں اپنی فکری محرومی دا بڑی شدت نال احساس ہویا۔ اک دن جدوں اوہ سعودی عرب جا رہے سن، اونہاں نے مینوں بڑی اہم نصیحت کیتی۔ کہن لگے ساجد صاحب تساں کجھ اپنی ماں بولی (پنجابی) وچ وی لکھیا کرو۔ اوس دن توں میں پنجابی زبان تے ادب نوں کھوجن لگ پیا۔ تے اک پنجابی شعری مجموعے تے کم کرنا شروع کر

دتا۔ کجھ دن پہلاں جد اونہاں نال میری ملاقات ہوئی تاں اونہاں نے میرے پنجابی کم دے بارے پچھیا تے میں اونہاں نوں دسیا کہ مسودہ تقریباً مکمل اے۔ اوہ بڑے خوش ہوئے تے نال ای اپنا پنجابی نعتاں دا مجموعہ بڑی محبت نال عطا کیتا۔ ایس پنجابی مجموعے نے میرے اندر سوچاں دی ایک نویں دنیا روشن کر دتی۔ مینوں ایہ کتاب پڑھ کے ہی ایہ گل سمجھ آئی کہ حسین سحر ایناں عظیم کیوں اے۔ اونہاں دے ایس شعر نے تے میرے اندر ان گنت دیوے بال دتے۔

روضہ ویکھاں تے یاد طور آوے
میری اکھیاں دے وچ اوہ نور آوے

حضور نبی کریمؐ دی رحمت نوں ایس توں بہتر کس طراں بیان کیتا جا سکدا اے:

طائف اچ پتھراں دی بارش نال
آپ دا سی لہولہان بدن
فروی کوئی نہ بددعا کیتی

حسین سحر دا طبعی حسن تے اونہاں دے فن دا نور انسان نوں بار بار اونہاں ول ویکھن تے مجبور کر دیندا اے۔ اونہاں دا جسمانی حسن تے خدا دا عطیہ اے۔ پر اونہاں دے فن دے نور وچ عطائے خداوندی تو علاوہ اونہاں دی مسلسل محنت، مطالعہ، حب رسول تے ثنائے رسول دا وی حصہ اے۔ بلکہ جے ایہ کہیا جاوے کہ اونہاں دی فکری تکون توحید الٰہی، حب رسول تے ثنائے رسول نال ترتیب پاندی اے تے غلط نہ ہووے گا۔ یا رکانِ ثلاثہ اونہاں دی سب لکھتاں وچ اپنی پوری آب تے تاب نال موجود نیں۔ حقیقت ایہ وے کہ کوئی انسان اوس وقت تک دنیا تے آخرت وچ اُچا مقام حاصل نہیں کر سکدا جد تک اوہ اوس ذاتِ بابرکات توں فیض حاصل نہ کرے۔ حسین فرماندے نیں۔

ایہ کرامت ہے نعت مرسل دی
چھا گیا اے سحر دے فن دا نور

انسانی تریخ دے ورقے پھرولئے تے سانوں پتہ لگدا اے کہ دنیا دا کوئی مہان آدمی ایسا نئیں جہدے

حضور نبی کریم دی ذات توں شعوری یا غیر شعوری طور تے فیض نہ لیا ہووے، اس چیز دا جدید تحقیق توں وی ثبوت ملدا اے۔ جہدے وچ ایس حقیقت دا اعتراف موجود اے کہ حضور نبی کریم دی ذات نے سب توں زیادہ انسانی تاریخ تے تہذیب نوں متاثر کیتا اے۔ حسین سحر ایس حقیقت تے مکمل ایمان رکھدے نیں فرماندے نیں:

نقش سارا عظمت انسان دا
مصطفےٰ دی عظمتاں دا عکس اے

اک ہور جگہ فرماندینیں:

دشمناں نے وی من لیا دل توں
کیسا کردار پاک روشن اے
آپ صادق وی نیں امین وی نیں

حسین سحر دے تصور دین وی اساس اس عقیدے تے ہے کہ حضور نبی کریم دی ذات قرآن دا مکمل نمونہ ہی بلکہ اصل قرآن حضور ای سن۔ قرآن وی ایس حقیقت دی تصدیق کردا اے مثلاً قرآن وچ تحریر اے "یہ رسول اپنی خواہش نال گل نئیں کردا بلکہ جو کچھ کہندا اے اوہ وحی اے جہڑی رب دی طرفوں آندی اے" حسین سحر ایس اٹل حقیقت نوں ایس طراں نکھار کے سامنے لیاندے نیں:

جو آپ دا ہے عمل اوہ ہے آیۂ یزداں
جو کہن آپ خدا دا کلام ہو جائے

حسین سحر دیا جنیاں وی تحریراں پڑھن دا اتفاق ہویا اے اونہاں توں اک چیز جیہڑی نکھر کے سامنے آؤندی اے اوہ اے وے کہ اوہ اک غیر فرقہ وارانہ ذہن رکھن والے مسلمان نیں۔ اسلامی وحدت بلکہ انسانی وحدت تے اونہاں دا ایمان کامل ہے۔ اونہاں دی ایہ کتاب ایس حقیقت دا مکمل اظہار اے۔ ویکھو کنی خوبصورتی نال ایس حقیقت نوں واضح کردے نیں:

مخلوق خدا دی تے خدا سوہنے نبی دا

کونین چ رتبہ اے بڑا سوہنے نبی دا

اونہاں دے نزدیک انسانیت نوں جوڑن دا صرف اکو ای نسخہ اے۔ یعنی نبی سوہنے دی محبت نوں عام کیتا جاوے۔ تے اونہاں دی کتاب چ ایس حقیقت دا بھرپور اظہار موجود اے۔ میری دعا اے کہ رب اونہاں دے قلم نوں قیامت تک حرکت وچ رکھے تاں جے ایس طراح دیاں لکھتاں دے تخمے سانوں ملدے رہن۔

اونہاں دی کتاب دی منفرد خصوصیت اونہاں دا خالص پنجابی لب ولہجہ اے۔ جہدے وچ اوس مٹی دی خوشبو اے جس تے آ کے تیمور جیہے ظالم تے جابر وی اپنی تلوار نیویں کر لیندے سن۔ میری مراد بابا فریدؒ تے بابا وارث دا خطہ اے جتھوں اج وی محبت تے معرفت دے چشمے پھٹ رہے نیں تے قیامت تک پھٹدے رہن گے۔ مینوں امید اے کہ پنجابی جیہڑی اولیاء، بھگتاں تے سنتاں دی زبان اے اوہدے خزانے وچ ایہ کتاب اک بے بہا اضافہ ثابت ہووے گی۔

Kulliat-E-Hussain Sahar---V

THE DAILY JANG &
PUNJAB GROUP OF COLLEGES
PRESENT
TALENT AWARD-93.
IN RECOGNITION OF YOUR
OUSTANDING ACHIEVEMENT
IN THE FIELD OF PERFORMANCE
CERTIFICATE OF MERIT
DICTIONARY OF
INTERNATIONAL
BIOGRAPHY
ESPERANTO-KLUBO
E
MEK

فانوسِ حرم

Kulliat-E-Hussain

حسین تحر

فانوسِ حرم

(حمد و نعت)

حُسین سحؔر

سحؔر سنز .....لاہور / ملتان

ضابطہ

(جملہ حقوق محفوظ)

اشاعت اوّل 2008

اہتمام .....الکتاب گرافکس پل شوالہ ملتان

عکاسی تصویر سرورق: .....شہروز حسین

ناشر .....سحر سنز لاہور/ملتان

قیمت .....-/200 روپے

یو ایس ڈالر: .....10$

اماراتی درہم: 25

ملنے کا پتا

کتاب نگر .....حسن آرکیڈ ملتان چھاؤنی

ابو میسون اللہ بخش نے عائشہ پرنٹرز سے چھپوا کر الکتاب گرافکس ملتان سے شائع کی

ISBN-978-969-9337-12-3

www.furqaneazeem.com.

انتساب

اپنی پیاری بیٹیوں

فوزیہ طاہر اور عافیہ مظاہر

کے نام

تشکیل

حمد و مناجات:

۱۔ خدا وا حد بھی ہے اور ہے احد بھی 10

۲۔ ممکن ہی نہیں ہر گز جب حق ہوا دا تیرا 11

۳۔ اے خداوند و قاضی الحاجات 13

۴۔ خدا کی معرفت کا حق ادا ہو ہی نہیں سکتا 15

۵۔ نہ شوکت اور نہ سیم و زر عطا ہو 17

نعتیں:

۱۔ میں رواں ہوں شوق سے کچھ یوں مدینے کی طرف 21

۲۔ مری دعاؤں میں اتنا اثر نظر آئے 23

۳۔ ہوائے کوئے مدینہ نصیب ہو جائے 25

۴۔ یوں ہوں میں محوِ سفر شہرِ نبیؐ کی جانب 27

۵۔ راہِ طیبہ پہ یوں میں رواں ہوں 29

۶۔ منزلِ طیبہ کی جانب رہ گزر ہے سامنے 31

۷۔ شہرِ طیبہ کی ہوا آہستہ چل 33

۸۔ رواں یوں شہرِ احمدؐ کی طرف ہوں 35

۹۔ کتنے خوش قسمت و خوش بخت مسافر ہوں گے 37

۱۰۔ یوں غلام حاضر ہے آستانِ رحمت پر 39

۱۱۔ گنبدِ خضرا ہے میرے سامنے 41

۱۲۔ جمالِ جلوۂ دارین دیکھیں 43

۱۳۔ کربِ و رنج و غم جو تھا شہرِ جاں سے دوری میں 45

۱۴۔ فشارِ ہجر میں دیکھا جو جاں بلب مجھ کو 47

۱۵۔ آیا ہے ان کا نام تو نکہت فزا ہوئیں 49

۱۶۔ درِ شمعِ ہدا ہے میرا مطاف 51

۱۷۔ ثناگروں میں جو ان کے شمار ہو جائے 53

۱۸۔ یوں ہم ان کا آستاں دیکھا کیے 55

۱۹۔ نہیں کچھ اور فقط اپنی یاد دیں مجھ کو 57

۲۰۔ رحمتیں ہیں دم بہ دم شہرِ نبیؐ کی طرف 59

۲۱۔ نورِ حق کی کرن مدینہ ہے 61

۲۲۔ مل جائے گا جنت کا پتا شہرِ نبیؐ سے 63

۲۳۔ جہاں کے چہرۂ رنگیں پہ گویا تل مدینہ ہے 65

۲۴۔ مقدر کا ستارہ سامنے ہے 67

۲۵۔ کسے یہ علم کیا ہے شوکت و رفعت مدینے کی 69

۲۶۔ اس طرح جام و درِ شہرِ پیمبر دیکھئے 71

۲۷۔ جو چاہتا ہو جاننا آب و ہوائے خلد 73

۲۸۔ یہ کیسا نور طیبہ کی فضاؤں میں سمایا ہے! 75

۲۹۔ کہاں دہن میں زباں ہے حضورؐ کے در پر؟ 77

۳۰۔ جلوۂ شمس الضحیٰ کو دیکھتے 79

۳۱۔ شہرِ نبیؐ کی آب و ہوا لے کے جاؤں گا 81

۳۲۔ اک عمر عقیدت کی جو لو دل میں پلی ہے 83

۴۳۔	ہماری سمت چشمِ نور کیجے	85
۴۴۔	آپ کی دہلیز سے جو ہے مری وابستگی	87
۴۵۔	آسماں پر بھلا وہ کہاں رفعتیں	89
۴۶۔	کبھی جو سامنے وہ رشکِ طور آ جائے	91
۴۷۔	چلو پھر سبز گنبد کا نظارہ دیکھ لیتے ہیں	93
۴۸۔	دل میں خوشبوئے درود اپنے بسا کر دیکھنا	95
۴۹۔	ہمیں طیبہ کی چھاؤں سے نوازا	97
۵۰۔	غلام ان کے ورائے حدِ امکاں دیکھ لیتے ہیں	99
۵۱۔	جمالِ گنبدِ خضرا دکھائی دیتا ہے	101
۵۲۔	سوائے نامِ شہ لب پر نہیں ہے	103
۵۳۔	یہ ہر اک سمت جو دیوانے ہی دیوانے ہیں	105
۵۴۔	سایۂ روضۂ سرکار میں آ کر دیکھو	107
۵۵۔	میں نے آہوں سے اپنی جو دیں دستکیں	109
۵۶۔	ان کے قدموں کی خاک ہو جاؤں	111
۵۷۔	مری آنکھوں میں جو ضو باریاں ہیں	113
۵۸۔	صدر شکِ گلستانِ ارم پر ٹھہر گئی	115
۵۹۔	جب عیاں وہ ذات ہو گئی	117
۶۰۔	ہر طرف رحمتوں کی گھٹا چھا گئی	119
۶۱۔	پھول کھلتے ہیں اِک تبسم سے	121
۶۲۔	صد شکر مصطفےٰ سا ہمیں رہنما ملا	123
۶۳۔	جو یہ سوچیں تو ہوتی ہے خوشی کم	125

۶۴۔	وہ جس نے رہ دکھائی قافلوں کو	127
۶۵۔	نوازا جو شہِ ذی شان تو نے	129
۶۶۔	چشمِ رحمت ہو سدا خیر البشر	131
۶۷۔	زیست میں گر نمو چاہیے	133
۶۸۔	دہر میں وہ شہِ بے نظیر آپ ہیں	135
۶۹۔	عزت و شان رسالت ختم ہے	137
۷۰۔	عشقِ سرکار کا ہم کو بھی یہ معیار ملے	139
۷۱۔	ان کا چہرہ روشنی ان کا سراپا روشنی	141
۷۲۔	ہماری زیست کی خاطر نصاب دیتے ہیں	143
۷۳۔	دل میں گر روشنی چاہیے	145
۷۴۔	ریاضِ ہستی میں ایسے آئے امین و صادق	147
۷۵۔	نسبت ہوئی ہے جب سے شہِ والا شان سے	149
۷۶۔	دیکھے کوئی یہ شان یہ شوکت حضور کی	151
۷۷۔	نبیؐ کے حُسنِ تبسم کا استعارہ ہے	153
۷۸۔	صفاتِ ذاتِ نبیؐ کا شمار کوئی نہیں	155
۷۹۔	بس اک یہی علاج ہے مجھ تشنہ کام کا	157
۸۰۔	کیا عزت و اکرام ہے کیا جاہ و حشم ہے!	159

10

حمد

خدا واحد بھی ہے اور ہے احد بھی
اُسی کی ذاتِ والا ہے صمد بھی

علائق سے وہ ہستی ہے مبرا
وہی ہے لَم یَلِد اور لَم یُو لَد بھی

وہی آقا و مولیٰ ہے سبھی کا
اُسی کے نیک بھی ہیں اور بَد بھی

وہی قہار بھی جبار بھی ہے
نہیں اُس کے کرم کی کوئی حد بھی

وہی خالق ازل کی ہے سحؔر کا
وہی ہے مالکِ شامِ ابد بھی

11

حمد

ممکن ہی نہیں ہرگز جب حق ہو ادا تیرا
پھر کیسے کوئی بندہ ہو حمد سرا تیرا؟

معلوم نہیں مجھ کو توصیف ہے کیا تیری؟
بس نام مرے لب پر ہے صبح و مسا تیرا

مہر و مہ و انجم ہیں تسبیح کناں ہر دم
دم بھرتے ہیں ہر ساعت یہ ارض و سما تیرا

کونین میں ہر جانب تیری ہی حکومت ہے
محکوم ہے ہر ذرہ اے فرماں روا! تیرا

جتنے بھی سہارے ہیں بیکار سہارے ہیں
بس ایک سہارا ہے دنیا میں بڑا تیرا

میں بندۂ فانی ہوں تقدیر فنا میری
دائم ہے تری ہستی ہے دارِ بقا تیرا

کیا اس سے بھلا بڑھ کر نسبت بھی کوئی ہوگی؟
بندہ ہے سحؔر عاجز اے میرے خدا تیرا

مناجات

اے خداوند و تاضی الحاجات
تجھ سے مخفی نہیں مرے حالات

کیا ضروری ہے میں زباں سے کہوں
تجھ پہ ظاہر ہے میری اک اک بات

میری کیا حیثیت ترے آگے؟
میں ہوں اک بے نشان و بے اوقات

ہے ترا ذکر وجہِ اطمینان
ہے تیرا نام رشکِ قند و نبات

یوں ترے آستاں پہ آیا ہوں
آنکھ میں آنسوؤں کی ہے سوغات

کی جو پہلی نگاہ کعبے پر
دل سے نکلے تمام لات و منات

میں جو محوِ طوافِ کعبہ ہوں
میرے ہر سو ہے نور کی برسات

ترے محبوب کے نقوشِ قدم
ہیں مرے واسطے صراطِ نجات

مجھ کو مالک! مرا پتا دے دے
کر عنایت مجھے شعورِ حیات

بخش دے علم و آگہی کا نور
دُور کر مجھ سے جہل کی ظلمات

کر مری زندگی کو رشکِ سحر
روح پر چھا گئی ہے گہری رات

حمد و نعت

خدا کی معرفت کا حق ادا ہو ہی نہیں سکتا
جو آ جائے سمجھ میں وہ خدا ہو ہی نہیں سکتا

ہے کون اُس کے سوا خالق بھلا دونوں جہانوں کا؟
کوئی بھی صاحبِ عرشِ علیٰ ہو ہی نہیں سکتا

اُسی کی بارگہ میں زیب دیتے ہیں سبھی سجدے
کوئی معبودِ حق اس کے سوا ہو ہی نہیں سکتا

خدا مداح جس ذاتِ مقدس کا ہے قرآں میں
بشر اس کا کوئی مدحت سرا ہو ہی نہیں سکتا

نہایت غور سے دیکھی ہے تاریخِ بشر ہم نے
محمد مصطفیٰؐ سا دوسرا ہو ہی نہیں سکتا

محمدؐ خاتمِ پیغمبراں ہیں رحمتِ عالم
کسی کو مرتبہ ایسا عطا ہو ہی نہیں سکتا

چمکتا ہے سحرؔ جو چاند بن کر خاکِ طیبہ پر
کسی بھی اور کا یہ نقشِ پا ہو ہی نہیں سکتا

دعا

نہ شوکت اور نہ سیم و زر عطا ہو
دلِ بیدار ، چشمِ تر عطا ہو

ہو میرے سامنے جلوہ حرم کا
نظر کو بس یہی منظر عطا ہو

نہیں کچھ چاہتا اس کے سوا میں
ولائے آلِ پیغمبرؐ عطا ہو

ہو عشقِ مصطفیٰ ؐ کا جس میں سودا
الٰہی مجھ کو ایسا سر عطا ہو

پہنچ جاؤں سحؔر جس سے میں طیبہ
مجھے پرواز کو وہ پر عطا ہو

نعتیں

میں رواں ہوں شوق سے کچھ یوں مدینے کی طرف
اک تہی داماں بڑھے جیسے خزینے کی طرف

دیکھتے ہی نقشِ پا ان کا جھکا دیتا ہوں سر
راستہ جاتا ہے یہ رحمت کے زینے کی طرف

ان کی یاد آئی تو کیسے جگمگا اُٹھا ہے دل
دیکھتے ہیں مہر و مہ بھی اس نگینے کی طرف

نامِ نامی آپؐ کا دہرا رہی ہیں دھڑکنیں
بارشِ انوار ہے اک میرے سینے کی طرف

کاش موت آئے مدینے کی فضاؤں میں مجھے
ایسا مرنا اک قدم آگے ہے جینے کی طرف

جستِ اعلیٰ کی خوشبوئے حیات افروز بھی
دیکھتی ہے رشک سے ان کے پسینے کی طرف

موجِ طوفاں سے بچاتی ہے ولائے اہل بیتؑ
کیوں نہ بڑھ جاؤں میں بخشش کے سفینے کی طرف

محوِ مدحت ہٹ کے میں دنیا و ما فیہا سے ہوں
دھیان میرا جامِ کوثر کے ہے پینے کی طرف

ہیں بفیضِ ساقیٔ رحمت سحرؔ سرشار دل
ہے توجہ اُن کی اک اک آبگینے کی طرف

24

کوئی جو غور سے دیکھے حقیقتِ معراج
مقامِ عرش سے آگے بشر نظر آئے

تجلیوں کی وہ بارش ہے ان کے در پہ سحر
نظر کی بھیک لئے دیدہ ور نظر آئے

23

مری دعاؤں میں اتنا اثر نظر آئے
کہ آنکھ کھولوں تو بس ان کا در نظر آئے

یہی نظارہ مجھے چشمِ تر ! نظر آئے
کہ سامنے مجھے ان کا نگر نظر آئے

ستون مسجد طیبہ کے جب بھی دیکھے ہیں
ریاضِ خلد کے مجھ کو شجر نظر آئے

25

ہوائے کوئے مدینہ نصیب ہو جائے
تو رحمتوں کا خزینہ نصیب ہو جائے

بہیں جو آنکھ سے بیساختہ مرے آنسو
تو بندگی کا قرینہ نصیب ہو جائے

رہے نہ خوف مجھے معصیت کے طوفاں کا
نجات کا جو سفینہ نصیب ہو جائے

ملے جو آپؐ کے قدموں کی خاک کا ذرہ
تو نورِ وادیٔ سینا نصیب ہوجائے

26

ہو جس میں عشقِ رسولؐ انام کی گرمی
وہ قلب اور وہ سینہ نصیب ہوجائے

مہک اُٹھے گی زمیں عطر بیز پھولوں سے
جو مصطفیٰؐ کا پسینہ نصیب ہوجائے

ہو اہل بیتؑ میں اک اک کی معرفت حاصل
تو اوج زینہ بہ زینہ نصیب ہوجائے

تمام شعر سحرؔ نعت کے چمک اُٹھیں
جو حرف حرف نگینہ نصیب ہوجائے

یوں ہوں میں محوِ سفر شہرِ نبیؐ کی جانب
موجِ مضطر ہو رواں جیسے ندی کی جانب

ساقیِ کوثر و تسنیم سے ہوں عرض گزار
چشمِ رحمت ہو مری تشنہ لبی کی جانب

ان کی محفل میں گنہگار بھی ابرار بھی ہیں
ہے مگر لطف و کرم ان کا سبھی کی جانب

درِ رحمت کے گداؤں کو نہیں فکرِ طلب
سب کے سب دیکھتے ہیں دستِ سخی کی جانب

آپؐ چاہیں تو یہ معمور ہو اک لمحے میں
اک نظر ہو مرے دامانِ تہی کی جانب

ڈھونڈ نے نقشِ کفِ پائے شہِ دو عالمؐ
قدم اُٹھتے ہیں سحرؔ ان کی گلی کی جانب

راہِ طیبہ پہ یوں میں رواں ہوں
جیسے جبریلؑ کا ہم عناں ہوں

ان کے نقشِ قدم پر جبیں ہے
خاک ہو کر بھی میں آسماں ہوں

خاکِ طیبہ ہے چہرے پہ میرے
رشکِ مہر و مہ و کہکشاں ہوں

ان کے دربار میں ہوں میں حاضر
ماورائے زمان و مکاں ہوں

سبز گنبد کے سائے میں رہ کر
میں مکینِ ریاض جناں ہوں

سود مندی مری آپؐ سے ہے
ورنہ میں تو زیاں ہی زیاں ہوں

اے سحرؔ یہ بھی ان کا کرم ہے
میں جو آج ان کا اک مدح خواں ہوں

32

خاک ہے ان کے قدم کی میری پیشانی کا نور
میری دیرینہ دعاؤں کا اثر ہے سامنے

ہے زمانے کی نظر معراج کی شب پر سحر
انتہائے عظمتِ نوعِ بشر ہے سامنے

31

منزلِ طیبہ کی جانب رہ گزر ہے سامنے
آج میری آرزوؤں کا ثمر ہے سامنے

رحمتیں ہی رحمتیں ہیں جس کے چار اطراف میں
رحمت اللعالمیں کا وہ نگر ہے سامنے

یہ نظارہ اس نے دکھلایا خدا کا شکر ہے
گنبدِ خضرا وہ روضہ اور وہ در ہے سامنے

شہرِ طیبہ کی ہوا! آہستہ چل
تو ہے میری رہنما! آہستہ چل

مدتوں کے بعد پہنچا ہوں یہاں
میری بے چینی بجا آہستہ چل

اس میں شامل ہیں مہ و مہرو نجوم
خاک ہے یہ کیمیا آہستہ چل

دیکھ ہو جائے نہ کچھ سوئے ادب
سامنے ہے نقشِ پا آہستہ چل

رکھ تقاضائے ادب پیشِ نظر
اے دلِ سیماب پا! آہستہ چل

بے تحاشا دھڑکنوں کے شور سے
ہو نہ اک محشر بپا آہستہ چل

ہے کہاں روضہ کہاں محراب ہے؟
مجھ کو اک اک شے دکھا آہستہ چل

یہ ہے طیبہ کی فضائے مستجاب
مانگنے دے اک دعا آہستہ چل

نعت کے میدان میں محتاط رہ
اے مری فکرِ رسا ! آہستہ چل

یہ ہے شہرِ خواجۂ شام و سحر
گردشِ ارض و سما! آہستہ چل

35

رواں یوں شہر احمدؐ کی طرف ہوں
کہ میں لرزہ بجاں ہوں سربکف ہوں

بچا لیجے مجھے اے میرے آقا!
میں دنیا کے مصائب کا ہدف ہوں

نظر سے آئنہ مجھ کو بنا دیں
وگرنہ میں تو کم مایہ خزف ہوں

نہیں مجھ میں کسی گوہر کی خوبی
کہ میں بے آب اک خالی صدف ہوں

36

نہیں میرے لئے اب کوئی مشکل
غلامِ درگہِ شاہِؑ نجف ہوں

ڈرائے گا مجھے کیسے زمانہ؟
سحرؔ جب میں امینِ لاتخف ہوں

کتنے خوش قسمت و خوش بخت مسافر ہوں گے
آستانِ شہِ والا پہ جو حاضر ہوں گے

اڑتے پھرتے ہیں جو طیبہ کی فضا میں ہر سو
وہ فرشتے ترے دربار کے طائر ہوں گے

جو نظر آتے ہیں جنت کی خنک چھاؤں میں
بالیقیں گنبد خضرا کے وہ زائر ہوں گے

دیکھنے دو مجھے جی بھر کے حرم کے جلوے
پھر نصیبوں میں کہاں ایسے مناظر ہوں گے؟

اشک ہی حالتِ دل در پہ کریں گے ظاہر
میرے الفاظ تو اظہار سے قاصر ہوں گے

اپنی آنکھوں سے جو دیدار نبیؐ کرتے تھے
کس قدر ان کے حسیں باطن و ظاہر ہوں گے

ان سے پہلے نہ کوئی بعد میں ان کے ہے نبی
وہی اول ہیں سبھی سے وہی آخر ہوں گے

آسرا جن کا رہا ہے ہمیں اس دنیا میں
حشر کے دن بھی وہی حامی و ناصر ہوں گے

کعبؓ و حسانؓ، رضاؒ، سعدیؒ، و جامیؒ، اقبالؒ
کتنی عزت کے سحرؔ اہل یہ شاعر ہوں گے

یوں غلام حاضر ہے آستانِ رحمت پر
جیسے ذرۂ خاکی آسمانِ رحمت پر

ہے بہشت کا جلوہ عکسِ گنبدِ خضرا
خلد رشک کرتی ہے اِس نشانِ رحمت پر

دو جہاں کے خالق کی ہے رضا کے وہ تابع
حرف جو بھی آیا ہے اُس زبانِ رحمت پر

ڈر ہو کیوں سفینے کو موجۂ تلاطم کا
جب ہمیں بھروسہ ہے بادبانِ رحمت پر

گرمیٔ قیامت کے یہ ستائے ہیں شاید
اک ہجوم سا جو ہے سائبانِ رحمت پر

جھوم جھوم اُٹھتے ہیں قدسیوں کے دل سن کر
رحمتیں برستی ہیں مدح خوانِ رحمت پر

ایک جان ہے میری اِس کی حیثیت کیا ہے؟
ہوں نثار سو جانیں ایک جانِ رحمت پر

حشر میں سحرؔ میری وجہِ مغفرت ہوگا
اک نیا قصیدہ ہے جو یہ شانِ رحمت پر

42

آنکھ میں ہے مہر و مہ کی روشنی
کس کا نقشِ پا ہے میرے سامنے؟

میں بھٹک سکتا نہیں ہرگز سحرؔ
آپؐ کا رستا ہے میرے سامنے

41

گنبدِ خضرا ہے میرے سامنے
عرش کا سایہ ہے میرے سامنے

روح میری کیوں نہ پھر سیراب ہو
فیض کا دریا ہے میرے سامنے

جس پہ قرباں ہوں دوعالم کے چمن
ایک وہ صحرا ہے میرے سامنے

43

جمالِ جلوۂ دارین دیکھیں
حریم خواجۂ کونین دیکھیں

کریں شہرِ محمدؐ کا تصور
اگر دل کو کبھی بے چین دیکھیں

جو چاہیں باغِ جنت کی زیارت
در و منبر کے وہ مابین دیکھیں

جو چاہیں دیکھنا تاجِ شہی کو
وہ ان کے پاؤں کے نعلین دیکھیں

44

جو دیکھیں سبز گنبد کا نظارہ
وہ نورِ جلوۂ قوسین دیکھیں

سحرؔ فکر و نظر کی روشنی کو
درِ پاکِ شہِ کونین دیکھیں

45

کربِ رنج و غم جو تھا شہرِ جاں سے دوری میں
دل سے مٹ گیا یکسر آپ کی حضوری میں

بارگاہِ انور میں جو تجلیاں دیکھیں
ہے کہاں جھلک ان کی جلوہ گاہِ طوری میں

جب سے ہو کے آیا ہوں میں ریاضِ جنہ سے
جی نہیں مرا لگتا گلستانِ حوری میں

ایسی بیقراری پر سو قرار ہوں قرباں
کیفیت سکوں کی ہے دل کی ناصبوری میں

46

زیرِ گنبدِ خضرا نعت ہے سدا جاری
قدسیوں کے ہونٹوں پر لہجۂ زبوری میں

میکدے میں دنیا کے وہ کبھی نہیں ملتی
کیفیت سحرؔ جو ہے بادۂ طہوری میں

48

ضرور خواب میں دیکھا ہے جلوۂ طیبہ
نہیں نظر کا ملا کیف بے سبب مجھ کو

ہو جس میں یادِ نبیؐ کی شعاعوں کا جلوہ
عزیز بڑھ کے سحر سے بھی ہے وہ شب مجھ کو

47

نشارِ ہجر میں دیکھا جو جاں بلب مجھ کو
شہِ عربؐ نے مدینے کیا طلب مجھ کو

میں ننگ و نام و نشاں سے تھا مطلقاً عاری
غلامِ شہؐ کا دیا عشق نے لقب مجھ کو

زبان سے کبھی نوبت نہ آئی کہنے کی
عطا کیا مرے آقا نے بے طلب مجھ کو

آیا ہے ان کا نام تو نکہت فزا ہوئیں
سانسیں مری تمام ہی محوِ ثنا ہوئیں

کس کس کا ذکر ہو بھلا کس کس کا شکر ہو؟
جو نعمتیں کہ ان کی بدولت عطا ہوئیں

توبہ کے واسطے جو مرا دل جھکا کبھی
آغوش ہائے رحمتِ غفار وا ہوئیں

وہ موتیوں میں رحمتِ یزداں کے ڈھل گئیں
بوندیں سب آنسوؤں کی جو صرفِ دعا ہوئیں

ان ہی سے مستنیر رُخِ آفتاب ہے
کرنیں تمام آپؐ کا جو نقشِ پا ہوئیں

بابِ حرم کو دیکھا تو سجدے میں تھا سحرؔ
یوں عمر بھر کی ساری قضائیں ادا ہوئیں

درِ شمعِ ہُدا ہے میرا مطاف
مثلِ پروانہ کررہا ہوں طواف

سایہ تک بھی نظر نہیں آتا
اُن کا پیکر ہے کس قدر شفاف

ہیں وہی آشنائے ذاتِ خدا
وہی اسرارِ حق کے ہیں کشاف

ان سے بڑھ کر کریم ہوگا کون؟
دشمنوں کو بھی کردیا ہے معاف

وجہِ رشکِ پیمبراں ہیں وہ
باعثِ فخرِ آلِ عبدِ مناف

آپؐ نے خود دکھا دیا چل کر
کس قدر حق کا راستہ ہے صاف

اُن کا مدحت نگار ہوں میں سحرؔ
اُن کے مجھ پر ہیں بے حساب الطاف

ثنا گروں میں جو ان کے شمار ہوجائے
تو ہم پہ رحمتِ پروردگار ہوجائے

رواں جو اُن کی سواری ہو جانب معراج
تو کہکشاں بھی سفر کا غبار ہو جائے

کوئی جو نام پکارے حضورؐ کا دِل سے
بھنور میں ڈوبتی کشتی بھی پار ہوجائے

جو چشمِ رحمتِ عالم کا اِک اشارہ ہو
علاجِ گردشِ لیل و نہار ہوجائے

نہیں ہے کوئی بھی شے آپؐ کے لئے مشکل
جو آپ چاہیں خزاں بھی بہار ہوجائے

ملے جو آپؐ کے نقشِ قدم کی خاک کہیں
یہ دل یہ جاں مری اس پر نثار ہوجائے

بھلا کہاں وہ غریب الوطن رہے گا کبھی
کہ جس کا شہرِ محمدؐ دیار ہوجائے

جو آنکھ گنبدِ خضرا کو دیکھ لے اک بار
بصارت اس کی سحرؔ بے کنار ہوجائے

55

یوں ہم ان کا آستاں دیکھا کئے
جیسے جنت کا سماں دیکھا کئے

سامنے تھا روضۂ شاہِ عرب
حاصلِ عمرِ رواں دیکھا کئے

ان کے نقشِ پائے انور دیکھ کر
دیر تک ہم کہکشاں دیکھا کئے

سبز گنبد تھا ہمارے روبرو
دھوپ میں اک سائباں دیکھا کئے

56

عرش پر تشریف لائے شاہِ دیں
وجد میں کون و مکاں دیکھا کئے

نذر کی جب نعت میں نے اے سحرؔ
رشک سے سب مدح خواں دیکھا کئے

نہیں کچھ اور فقط اپنی یاد دیں مجھ کو
رہِ حیات میں یہ زحمتِ و زاد دیں مجھ کو

سدا قریب رکھیں مجھ کو اپنے قدموں کے
اے شاہؐ دیں!مرے دل کی مراد دیں مجھ کو

یہی ہے آرزو میری اے سیّدِ کونینؐ!
غمِ جہاں نہیں ، فکرِ معاد دیں مجھ کو

مجھے ہو مرتبۂ آلِ پاکؑ کا عرفاں
وہ آگہی اے شہِؑ خوش نہاد دیں مجھ کو

بلالؓ و بوذرؓ وسلمانؓ کو جو بخشا تھا
وہی یقین وہی اعتماد دیں مجھ کو

عطا کریں مجھے خاک اپنے آستانے کی
نہ مالِ جم نہ زرِ کیقبادؔ دیں مجھ کو

میں گھر چکا ہوں بہت جہل کے اندھیروں میں
برائے فکر و نظر اجتہاد دیں مجھ کو

مزا تو جب ہے سناؤں میں اُن کی نعت اُن کو
اور اس کو سن کے سحرؔ خود وہ داد دیں مجھ کو

59

رحمتیں ہیں دم بہ دم شہر نبیؐ کی طرف
عام ہے لطف و کرم شہر نبیؐ کی طرف

آئی استقبال کو رحمت حق کی ہوا
جب اٹھے میرے قدم شہر نبیؐ کی طرف

صرف زمیں ہی نہیں سجدۂ تعظیم میں
ہے فلک کا سر بھی خم شہر نبیؐ کی طرف

امنؑ امانؑ عافیتؑ خیرؑ سکونؑ آشتی
ہو گئے ہیں سب بہم شہر نبیؐ کی طرف

60

حد سے بڑھ جائیں اگر دہر کے ظلم و ستم
کیوں نہ پھر دیکھیں گے ہم شہر نبیؐ کی طرف

کب بلاوا ہو سحرؔ ان کی جانب سے ہمیں
ہے ہماری چشم نم شہر نبیؐ کی طرف

61

نورِ حق کی کرن مدینہ ہے
چار سو ضوفگن مدینہ ہے

رحمتیں ہر طرف برستی ہیں
رحمتوں کا چمن مدینہ ہے

اس سے بڑھ کر مقام کیا ہوگا؟
شہرِ شاہِ زمن مدینہ ہے

رنگِ جنت بھی عکس ہے اس کا
رشکِ باغِ عدن مدینہ ہے

62

میں جہاں بھی رہوں مسافر ہوں
میرا اصلی وطن مدینہ ہے

میرا موضوعِ فن یہی ہے سحرؔ
میری جانِ سخن مدینہ ہے

ل جائے گا جنت کا پتا شہرِ نبیؐ سے
ہو کر کبھی آؤ تو ذرا شہرِ نبیؐ سے

جو رحمتِ حق کا ہو طلبگار وہ آئے
آتی ہے مسلسل یہ صدا شہرِ نبیؐ سے

شاید ہے یہ سرکار کی جانب سے بلاوا
مہکی ہوئی آئی ہے ہوا شہرِ نبیؐ سے

میں شدتِ حالات سے مایوس نہیں ہوں
ہر درد کی ملتی ہے دوا شہرِ نبیؐ سے

کیونکر نہ منور در و دیوار ہوں اس کے
دنیا سے اندھیرا ہے ہٹا شہرِ نبیؐ سے

یہ میرے خیالات جو ہیں روشن و تاباں
پائی ہے مرے دل نے ضیا شہرِ نبیؐ سے

وہ کیف وہ خوشبو وہ سرور اور وہ مستی
فردوس کی ملتی ہے فضا شہرِ نبیؐ سے

میں نعت نگاروں میں جو شامل ہوں سحرؔ آج
مجھ کو ہے یہ اعزاز ملا شہرِ نبیؐ سے

65

جہاں کے چہرۂ رنگیں پہ گویا تِل مدینہ ہے
کہ زیب و زینتِ دنیائے آب و گِل مدینہ ہے

ہے رو میں کشتیٔ عمرِ رواں ساحل مدینہ ہے
سفر میں ہوں مسلسل اور مری منزل مدینہ ہے

جہاں دکھ درد ہو جاتے ہیں سب زائل مدینہ ہے
کوئی مشکل نہیں رہتی جہاں مشکل مدینہ ہے

نہ کیوں اُتریں فرشتے آسماں سے صف بہ صف ہر دم
کہ نورِ جلوۂ تقدیس کا حامل مدینہ ہے

66

یہاں آب و ہوا میں ذائقہ ہے باغِ جنت کا
اگر رہنے کے کوئی شہر ہے قابل مدینہ ہے

فقط اہلِ زمیں ہی کا نہیں یہ مرکزِ محور
فرشتوں کی بھی جمتی ہے جہاں محفل مدینہ ہے

جہاں کی زندگانی ہے اسی کے دم سے وابستہ
جہاں ہے جسم گویا اور اس کا دل مدینہ ہے

یہی شام و سحر کہتی ہے گردش آسمانوں کی
کہ اس گردش کا کوئی ہے اگر حاصل مدینہ ہے

67

مقدر کا ستارہ سامنے ہے
مدینے کا نظارہ سامنے ہے

قصیدہ پڑھ رہا ہوں شاہِ دیں کا
ہر اک قرآں کا پارہ سامنے ہے

گنہ مٹنے لگے اک ایک کرکے
وہ رحمت کا اشارہ سامنے ہے

نہیں میں ڈوب سکتا بحرِ غم میں
کرم کا وہ کنارہ سامنے ہے

68

مدینہ چھوڑ کر جاؤں کہاں میں؟
مرے ہر غم کا چارہ سامنے ہے

سحرؔ اک مرتبہ دیکھا تھا جس کو
وہی جلوہ دوبارہ سامنے ہے

کسے یہ علم کیا ہے شوکت و رفعت مدینے کی؟
خدائے پاک کو معلوم ہے عظمت مدینے کی

مری ہر سانس میں ہے موجزن نکہت مدینے کی
مرے دل کی ہر اک دھڑکن میں ہے الفت مدینے کی

میں اس کے ذرے ذرے پر کروں قربان جاں اپنی
مرے دل میں چھپی ہے اس قدر چاہت مدینے کی

تمنا اس کو جنت دیکھنے کی پھر نہیں رہتی
کھلی آنکھوں سے جس نے دیکھ لی جنت مدینے کی

بھلا اس کے مکینوں کو نہ خود پر ناز ہو کیونکر
کہ ساری نسبتوں سے بڑھ کے ہے نسبت مدینے کی

رچی ہے جو فضاؤں میں بسی ہے جو ہواؤں میں
ہے باغ خلد سے بڑھ کر کہیں نکہت مدینے کی

برستی ہے اسی ابر کرم سے رات دن بارش
زمانے بھر پہ ہے چھائی ہوئی رحمت مدینے کی

جھکا جاتا تھا جب دل بھی ہمارا ساتھ سجدوں کے
بیاں ہم کر نہیں سکتے وہ کیفیت مدینے کی

قدم جب تک نہ آئے آپؐ کے یہ شہر تھا یثرب
قدم جب آپؐ کے آئے بڑھی عزت مدینے کی

مرے ممدوح کو محبوب ہے جب شہر یہ دل سے
تو لب پر کیوں نہ ہو شام و سحر مدحت مدینے کی

اس طرح بام و در شہر پیمبرؐ دیکھئے
ایک اک ذرے میں عکس مہر انور دیکھئے

یوں کھلی آنکھوں کو ہرگز تابِ نظارہ نہیں
روضۂ پُر نور کو بادیدۂ تر دیکھئے

جنتیں قربان ہیں اس جلوہ زارِ نور پر
گنبدِ خضرا کا جاں پرور وہ منظر دیکھئے

اب بھی یوں محسوس ہوتا ہے وہ ہیں محوِ خطاب
مسجد سرکار کے محراب و منبر دیکھئے

سنگِ کعبہ نصب کرنے کا شرف جن کو ملا
بولتے ہیں کیسے ان ہاتھوں میں کنکر دیکھئے

ڈھونڈیئے ان کی ثنا کو روشنائی نور کی
اور لکھنے کے لئے جبریلؑ کا پر دیکھئے

مدحتِ خیرالوریٰ سے حرف سب معمور ہیں
غور سے آیاتِ قرآن منور دیکھئے

سانس لیتا ہوں مدینے کی فضائے پاک میں
بخت میرا دیکھئے میرا مقدر دیکھئے

دو جہاں کی نعمتیں دامن میں بھر جائیں سحرؔ
آستان پاک کا سائل تو بن کر دیکھئے

جو چاہتا ہو جاننا آب و ہوائے خلد
آئے رہے مدینے میں دیکھے فضائے خلد

شرمائے جس سے روشنی مہر و نجوم کی
خاکِ حرم میں ہے وہ طلوعِ ضیائے خلد

پائے نبیؐ کی خاک کا رتبہ نہ پوچھئے
ذرہ ہر ایک اس کا ہے گویا بنائے خلد

جنت سے بزمِ مدحتِ سرکار کم نہیں
ہر مدح خواں ہے طائرِ نغمہ سرائے خلد

جس کو تلاش نکہت باغ جناں کی ہے
طیبہ وہ آئے سینے میں اپنے بسائے خلد

دیکھا ہے میں نے گنبد خضرا کو بار بار
کیونکر نہ آنکھ میں مری آ کر سمائے خلد

خواہش مری یہی ہے، تمنا یہی سحرؔ
خاکِ مدینہ چاہئے مجھ کو بجائے خلد

یہ کیسا نور طیبہ کی فضاؤں میں سمایا ہے!
اجالا ہی اجالا ہے جو ذروں میں سمایا ہے

مرے دل پر ہوا ہے ثبت نقشِ گنبدِ خضریٰ
مدینے کا نظارہ میری سانسوں میں سمایا ہے

مری دنیا میں محشر تک کبھی شب ہو نہیں سکتی
کہ طیبہ کا سویرا میری صبحوں میں سمایا ہے

یہ کس کی خاکِ نقشِ پا مری پلکوں نے ہے چومی؟
ستاروں کا اجالا میری آنکھوں میں سمایا ہے

سحرؔ عشقِ شہِ لولاکؐ محور ہے مرے فن کا
جو بن کر رنگ و خوشبو میری نعتوں میں سمایا ہے

77

78

فلک سے بڑھ کے ستاروں کا نور ہے جس میں
اک ایسی کاہکشاں ہے حضورؐ کے در پر

سحرؔ بھلا مری کیا حیثیت یہاں تنہا
یہاں تو ایک جہاں ہے حضورؐ کے در پر

کہاں دہن میں زباں ہے حضورؐ کے در پر؟
ہمارا عجزِ بیاں ہے حضورؐ کے در پر

گراں ہے دولتِ کونین سے کہیں بڑھ کر
جو ایک اشکِ رواں ہے حضورؐ کے در پر

ہے جس میں ماہتِ ایماں بھی رنگِ ایقاں بھی
فضا وہ رشکِ جناں ہے حضورؐ کے در پر

79

جلوۂ شمس الضحیٰ کو دیکھتے
کاش ہم بدر الدجیٰ کو دیکھتے

ہم بھی دربار نبیؐ میں بیٹھ کر
آپؐ کے حُسنِ ادا کو دیکھتے

نُور کن کا جلوہ گر ہے ہر طرف
کاش ہم اہلِ کسا کو دیکھتے

80

گردشِ ارض و سما کیا چیز ہے؟
مرکزِ ارض و سما کو دیکھتے

نعت پڑھتے روبرو ان کے سحرؔ
رتبۂ حرفِ ثنا کو دیکھتے

81

شہرِ نبیؐ کی آب و ہوا لے کے جاؤں گا
آیا ہوں اب تو دل کی دوا لے کے جاؤں گا

روشن یہ دل ہے گنبدِ خضرا کے نور سے
اس آئنے کی ساری جلا لے کے جاؤں گا

جو والہانہ پن سے ہے روضے کو چھو رہی
سانسوں میں اپنی موجِ صبا لے کے جاؤں گا

مل جائے بس غلامیٔ سرکار کی سند
اپنی عقیدتوں کا صلہ لے کے جاؤں گا

82

درکار مستقل ہے مجھے سرمۂ نظر
خاکِ درِ حبیبؐ خدا لے کے جاؤں گا

ظلمت سے دور کا بھی تعلق نہ ہو مرا
شمعِ حرم کی دل میں ضیا لے کے جاؤں گا

ماتھے پہ تاج بن کے سدا جو رہے سحرؔ
وہ نقشِ پائے شاہِ ہدیٰ لے کے جاؤں گا

اک عمر عقیدت کی جو لو دل میں پلی ہے
بے ساختہ آج آنکھ کے اشکوں میں ڈھلی ہے

رشک آتا ہے مجھ پر مہ و انجم کی ضیا کو
خاک آپ کی دہلیز کی جو رخ پہ ملی ہے

شیرینیاں گھلتی ہیں میرے کام و دہن میں
نام ان کا لبوں پر ہے کہ مصری کی ڈلی ہے

اعجاز ہے یہ ذکر شہِ کون و مکاں کا
ہر گردشِ ایام مرے سر سے ٹلی ہے

کونین میں ہے اس کی شعاعوں کا اجالا
وہ مشعلِ رحمت جو مدینے میں جلی ہے

کی خون کے پیاسوں کو عطا عام معافی
یہ رسم زمانے میں فقط اُن سے چلی ہے

ہر گوشے سے آتی ہے سحر خلد کی خوشبو
جنت کی گلی ہے کہ مدینے کی گلی ہے

86

کہاں پھرتے رہیں گے مارے مارے
نہ اپنے در سے ہم کو دور کیجے

مقابل ہے سحؔر طیبہ کا جلوہ
نظر کو نور سے معمور کیجے

85

ہماری سمت چشمِ نور کیجے
ہمارے دل کو رشکِ طور کیجے

ہمیں بھی اذن دیجے حاضری کا
شگفتہ یوں دلِ رنجور کیجے

سدا وابستۂ دربار ہوں ہم
ہماری عرض یہ منظور کیجے

87

آپ کی دہلیز سے جو ہے مری وابستگی
ہے مری جان اور میری روح کی وابستگی

آپؐ کے در سے نہیں کوئی نئی وابستگی
ہے ازل کے روز سے قائم مری وابستگی

خاک کے ذرے نہ کیوں ہوں رشکِ ماہ و کہکشاں
آپؐ کے نقشِ قدم سے جب ہوئی وابستگی

آستانِ پاک سے نسبت نہیں ہے عام شے
دین و دنیا میں ہے یہ سب سے بڑی وابستگی

88

آپؐ کی ہستی سے یوں سب رحمتیں ہیں منسلک
جیسے ہو قرآن سے آیات کی وابستگی

روضۂ سرکار پر تو ہے جمالِ عرش کا
عبد کی معبود سے ہے دائمی وابستگی

ہو گیا انوار کا مرکز گریبانِ سحرؔ
ان کے دامن سے جو روز و شب ہوئی وابستگی

89

آسماں پر بھلا وہ کہاں رفعتیں
جو ہیں ان کے سرِ آستاں رفعتیں

ماہ و انجم کو بھی وہ میسر نہیں
ان کے قدموں کا ہیں جو نشاں رفعتیں

خاک طیبہ کی کیا عظمتیں ہوں بیاں؟
رشک سے دیکھتی ہیں جہاں رفعتیں

رات دن ہو جو مصروف ذکر نبیؐ
کیوں نہ پائے گی ایسی زباں رفعتیں

90

ان کی دہلیز پر ہے جھکا میرا سر
سامنے ہیں مرے بیکراں رفعتیں

عرشِ اعظم سے رکھتی ہیں نسبت سحرؔ
گنبد سبز پر سائباں رفعتیں

92

شرابِ عشقِ نبیؐ سے ہے روح میں مستی
ہمارے ہاتھ میں جامِ طہور آجائے

لکھے نہ نعت نبیؐ کے سوا کوئی بھی حرف
مرے قلم کو سحرؔ وہ شعور آجائے

91

کبھی جو سامنے وہ رشکِ طور آجائے
ہماری آنکھ میں جنت کا نور آجائے

مدینہ دیکھ کے کیف و سرور آجائے
قرار تجھ کو دل ناصبور! آجائے

سر ایک بار جھکے آپؐ کے جو قدموں میں
تو بندگی کا سلیقہ حضور! آجائے

چلو پھر سبز گنبد کا نظارہ دیکھ لیتے ہیں
یہ جنت واپسی میں ہم دوبارہ دیکھ لیتے ہیں

سعادت حاضری کی جن کو ملتی ہے مدینے میں
بلندی پر وہ قسمت کا ستارہ دیکھ لیتے ہیں

تمنا جن کو بھی ہے آپؐ کے رخ کی زیارت کی
تلاوت کے لئے قرآں کا پارہ دیکھ لیتے ہیں

بھروسہ نا خدائے دہر کی رحمت پہ ہے جن کو
وہ طوفان بلا میں بھی کنارا دیکھ لیتے ہیں

سر محشر سحرؔ کس کا کرم آواز دیتا ہے؟
گنہگاروں کو یہ کس نے پکارا؟ دیکھ لیتے ہیں

دل میں خوشبوئے درود اپنے بسا کر دیکھنا
روشنی یہ روح کے رُخ پر سجا کر دیکھنا

رفعتیں عرش معلی کی نظر آجائیں گی
نقش پائے مصطفےٰؐ پر سر جھکا کر دیکھنا

روشنی چھا جائے گی سینے کے اندر چارسو
دل میں ان کی یاد کی شمعیں جلا کر دیکھنا

مل ہی جائے گا دلِ مضطر کو جیسے اک سکوں
جالیوں پر حالِ دل اپنا سنا کر دیکھنا

خلد کی رنگت سمٹ آئے گی آنکھوں میں وہیں
گنبدِ خضرا تصور میں سجا کر دیکھنا

رحمت بے پایاں کیا ہے سیدِ کونین کی
دیکھنا چاہو اگر طیبہ میں جاکر دیکھنا

اور بھی بڑھ جائے گا شوق زیارت اے سحرؔ
اپنے گھر اک مرتبہ طیبہ سے آ کر دیکھنا

ہمیں طیبہ کی چھاؤں سے نوازا
خدا نے کن فضاؤں سے نوازا

برستی ہیں جو ہم پر قطرہ قطرہ
کرم کی ان گھٹاؤں سے نوازا

دکھا کر گنبدِ خضرا کا جلوہ
نظر کو کہکشاؤں سے نوازا

یہ ساری روشنی ہے اُن کے در کی
کہ سینے کو ضیاؤں سے نوازا

شعور و آگہی، ایمان و عرفاں
ہمیں کیسی عطاؤں سے نوازا

تڑپ اٹھے تھے محشر کی فضا میں
ہمیں کملی کی چھاؤں سے نوازا

یہ ہے احسان اُن کا عاصیوں پر
کہ بخشش کی ہواؤں سے نوازا

یہی ہے عظمت کردار ان کی
عدو کو بھی دعاؤں سے نوازا

تبسم، درگزر، الفت، محبت
کرم کی سب اداؤں سے نوازا

سحرؔ اللہ کی ہے یہ خاص رحمت
ہمیں اُن کی ثناؤں سے نوازا

غلام ان کے ورائے حدِ امکاں دیکھ لیتے ہیں
خزاؤں میں بھی وہ عکسِ بہاراں دیکھ لیتے ہیں

جمال گنبد خضرا نے بخشی ہے نظر ایسی
کہ ہم جس وقت چاہیں باغِ رضواں دیکھ لیتے ہیں

ارادہ ہوشہؔ والا کی جب مدحت سرائی کا
تو ہم بے ساختہ آیاتِ قرآں دیکھ لیتے ہیں

خیال آتا ہے ان کی خاک پا کے جب بھی ذروں کا
فلک پر ہم ستاروں کا چراغاں دیکھ لیتے ہیں

شہِ لولاک کا اسم گرامی لب پہ آتے ہی
کوئی مشکل ہو، ہم لمحوں میں آساں دیکھ لیتے ہیں

بیان غم سحرؔ کرنے کی کچھ حاجت نہیں ہم کو
ہمارے دل کا وہ حال پریشاں دیکھ لیتے ہیں

102

ہے جس میں کوئی اندھیرا نہ پیچ وخم کوئی
ہمیں حضورؐ کا رستا دکھائی دیتا ہے

نگاہِ اہلِ وفا میں ہے رشکِ صد گلشن
سحرؔ عرب کا جو صحرا دکھائی دیتا ہے

101

جمالِ گنبدِ خضرا دکھائی دیتا ہے
کہ رنگ و نور کا دریا دکھائی دیتا ہے

فلک پہ جب بھی نظر آئے چودھویں کا چاند
ہمیں حضور کا چہرہ دکھائی دیتا ہے

پڑھا ہے غور سے قرآن پاک کو ہم نے
حضورؐ ہی کا قصیدہ دکھائی دیتا ہے

103

سوائے نامِ شہؑ لب پر نہیں ہے
مصائب کا مجھے کچھ ڈر نہیں ہے

لکھوں کیسے قصیدہ آپؑ کا میں؟
قلم جبریل کا شہپر نہیں ہے

فضا کچھ اور ہے شہرِ نبیؐ کی
کسی جنت کا یہ منظر نہیں ہے

104

برابر ہیں یہاں شاہ و گدا سب
کسی سلطان کا یہ در نہیں ہے

سحر ہوں رحمت عالم کے در پر
مرے قابو میں چشمِ تر نہیں ہے

106

موجزن آنکھ میں میری یہ نہیں ہیں آنسو
یہ درودوں کے چھلکتے ہوئے پیمانے ہیں

نعت گوئی ہے سحرؔ عشق نبیؐ کا اظہار
میرے اشعار نہیں شوق کے افسانے ہیں

105

یہ ہر اک سمت جو دیوانے ہی دیوانے ہیں
شمعِ عشقِ شہِ لولاک کے پروانے ہیں

دل ہے مینائے محبت تو نظر شیشۂ شوق
چلتے پھرتے ہوئے یہ عشق کے میخانے ہیں

آپؐ چاہیں تو انہیں رشکِ بہاراں کر دیں
دل وگرنہ یہ ہمارے جو ہیں ویرانے ہیں

107

سایۂ روضۂ سرکار میں آ کر دیکھو
خلد کو ان کے چمن زار میں آ کر دیکھو

باغ فردوس سے بھی بڑھ کے ملے گی تسکیں
دامنِ سیدِ ابرار میں آ کر دیکھو

کیسے مٹتے ہیں گناہوں کے اندھیرے دل سے
ایک دن قریۂ انوار میں آ کر دیکھو

108

کیسی کیسی ہیں تمنائیں قدم بوسی کی
کاش تم سینۂ زوار میں آ کر دیکھو

رحمتیں کیسے سحر ملتی ہیں آگے بڑھ کر
شہِ لولاک کے دربار میں آ کر دیکھو

110

کھل ہی جائے گا بابِ قبول ایک دن
دے رہی ہے مسلسل جبیں دستکیں

ذرہ ذرہ تھا وقفِ سماعت سحرؔ
آنسوؤں نے مرے جب بھی دیں دستکیں

109

میں نے آہوں سے اپنی جو دیں دستکیں
جالیوں پر ہوئیں جاگزیں دستکیں

ان کی خاک قدم بھی دھڑکنے لگی
میری پلکیں جو دیتی رہیں دستکیں

ارض طیبہ پہ تھا میں جو سجدہ کناں
عرش پر دے رہی تھی زمیں دستکیں

111

ان کے قدموں کی خاک ہو جاؤں
میں گناہوں سے پاک ہو جاؤں

سبز گنبد ہے سامنے میرے
میں ہمہ انہماک ہو جاؤں

چھوڑ کر ان کا آستانِ کرم
کس لئے میں ہلاک ہو جاؤں؟

112

جس میں جذبہ ہو عشق احمدؐ کا
وہ گریبانِ چاک ہو جاؤں

نعت سرورؐ ثمر ہو جس کا سحرؔ
میں وہی شاخِ تاک ہو جاؤں

114

ہمیں کیا حشر کی گرمی ستائے؟
کرم کے ابر کی گلباریاں ہیں

سحرؔ یادِ نبیؐ دل میں بسا لو
اگر جینے میں کچھ دشواریاں ہیں

113

مری آنکھوں میں جو ضوباریاں ہیں
یہ ان کے ذکر کی سرشاریاں ہیں

کبھی ہوگا نہ خوابیدہ مقدر
اگر آنکھوں میں شب بیداریاں ہیں

فقط عشقِ نبیؐ سے دور ہوں گی
یہ جتنی روح کی بیماریاں ہیں

115

صد رشکِ گلستانِ ارم پر ٹھہر گئی
میری نگاہ بابِ حرم پر ٹھہر گئی

لائق نہیں وہ عشقِ رسالتمآب کے
جن کی نگاہ جاہ و حشم پر ٹھہر گئی

میری نظر کو خلد بریں کی تلاش تھی
دیکھا تو ان کے نقشِ قدم پر ٹھہر گئی

116

گھبرا گئے جو حشر کی گرمی کو دیکھ کر
ان کی نظر سحابِ کرم پر ٹھہر گئی

لکھنے لگا جو نعت کے اشعار میں سحرؔ
خوشبو سی ایک نوکِ قلم پر ٹھہر گئی

117

جب عیاں وہ ذات ہوگئی
ظلمتوں کو مات ہوگئی

حق کے آئنے میں ان کی ذات
پرتوِ صفات ہوگئی

ان کے رخ سے صبح کا ظہور
گیسوؤں سے رات ہو گئی

ان کے در پہ لب کہاں ہلے؟
آنسوؤں میں بات ہو گئی

118

اہل دل کو سیرت آپؐ کی
مقصدِ حیات ہو گئی

اہل بیت کی ولا سحرؔ
کشتی نجات ہو گئی

ہر طرف رحمتوں کی گھٹا چھا گئی
آپؐ تشریف لائے بہار آ گئی

آپؐ کے دم سے دنیا منور ہوئی
جہل کی ظلمتوں سے تھی گہنا گئی

ہم کو احساس طیبہ میں آ کر ہوا
زندگی اپنے مفہوم کو پا گئی

گنبدِ سبز کی سرمدی روشنی
دل کے آئینہ خانے کو چمکا گئی

ان کے روضے کے دیوار و در دیکھ کر
ہم کو گلزارِ جنت کی یاد آ گئی

لب پہ نامِ محمدؐ کی خوشبو سحرؔ
دیر تک میری سانسوں کو مہکا گئی

پھول کھلتے ہیں اک تبسم سے
اے شہؐ دیں؟ ترے تکلم سے

دیکھ کر نقشِ پا کی تنویریں
چاند سورج ہوئے ہیں گم سم سے

سانس لیتی ہیں صبح کی کرنیں
شاہؐ بطحا! ترے تبسم سے

خوں کے پیاسوں کو بھی پناہ ملی
رحمتِؐ کل! ترے ترحم سے

آپؐ کے لطف کے طفیل انساں
بچ گئے باہمی تصادم سے

اک اشارہ نگاہِ رحمت کا
کشتیاں پار ہوں تلاطم سے

اب بھی سیراب ہو رہا ہے جہاں
رحمتوں کے بسیط قلزم سے

ان کی الفت یقین ہے یکسر
جس کا رشتہ نہیں توہُّم سے

آشکارا ہے نعتِ شاہؐ امم
بلبلوں کے حسیں ترنم سے

لطف جب ہے کہیں وہ محشر میں
اے سحرؔ ہم بہت ہیں خوش تم سے

صد شکر مصطفیٰؐ سا ہمیں رہنما ملا
جن کے طفیل ہم کو خدا کا پتا ملا

انسانیت حضورؐ کی احسان مند ہے
انسانیت کو آپؐ سا درد آشنا ملا

ہم نے پڑھا ہے غور سے قرآن پاک کو
ایک ایک حرف آپ کا مدحت سرا ملا

اصحابؓ و اہل بیتؑ ہیں کس درجہ خوش نصیب
جن کو جمالِ قربِ شہِ انبیاء ملا

اپنے تو خیر ان کے کرم سے ہیں فیضیاب
غیروں کو بھی حضورؐ سے فیضِ دعا ملا

دیکھا ہے ہم نے گنبدِ خضرا قریب سے
منظر یہی تو محور ارض و سما ملا

بے ساختہ وہیں مری جھکتی گئی جبیں
ان کا جہاں جہاں بھی مجھے نقشِ پا ملا

یوں تو سحرؔ خدا کے ہیں انعام بے شمار
لیکن میں خوش ہوں مجھ کو شعورِ ثنا ملا

125

جو یہ سوچیں تو ہوتی ہے خوشی کم
کہ ہے عشقِ نبیؐ کو زندگی کم

غلامانِ شہِؐ ابرار ہیں ہم
نہیں ہوگی ہماری سروری کم

ہمارا سانس لینا ہے عبادت
کبھی ہوتی نہیں یہ بندگی کم

نظر کے روبرو ہے حُسنِ طیبہ
مگر ہوتی نہیں ہے تشنگی کم

126

جلائیں اپنے حصے کے دیئے ہم
جہاں سے کچھ تو ہوگی تیرگی کم

مہکتا ہے گلستان مدینہ
نہیں ہوگی کبھی یہ تازگی کم

جن آنکھوں نے ہے دیکھا سبز گنبد
کبھی ہوگی نہ ان کی روشنی کم

جبیں پر ہے سحرؔ خاکِ مدینہ
نظر میں ہے مری تاج شہی کم

127

وہ جس نے رہ دکھائی قافلوں کو
قریب اس نے کیا ہے منزلوں کو

اسی کی ذات حق کا آئنہ ہے
کہاں عرفان اس کا جاہلوں کو؟

کیا ہے چاند کو دو نیم جس نے
اسی ہستی نے جوڑا ہے دلوں کو

بنائے خوں کے پیاسے بھائی بھائی
مٹا ڈالا دلوں کے فاصلوں کو

128

اسی کی ذات نے پیغمبری کے
کیا ہے ختم سارے سلسلوں کو

سحرؔ دامن بھرے گا کیوں نہ میرا؟
نوازا خوب جس نے سائلوں کو

نوازا جو شہِ ذی شان! تو نے
ہمیں دی دولتِ ایمان تو نے

کیا ہے ہم پہ یہ احسان تو نے
بنا ڈالا ہمیں انسان تو نے

تزلزل جس میں آ سکتا نہیں کچھ
ہمیں بخشا ہے وہ ایمان تو نے

ہوا پیغام سارا نقش دل پر
سنایا اس طرح قرآن تو نے

ہمیں طاعت سکھائی ذات حق کی
کیا ہے تابعِ فرمان تو نے

مٹایا ظلم کے ہر اک نشاں کو
دکھائی عدل کی میزان تو نے

شعور و آگہی کی روشنی دی
ہمیں حق کا دیا عرفان تو نے

سحرؔ کو نعت کی توفیق دے کر
عطا کی ہے سخن کی جان تو نے

چشم رحمت ہو سدا خیرالبشر!
آپ ہی ہیں آسرا خیرالبشر

کس قدر اونچی ہے شان مصطفےٰؐ
مرتبہ ہے کیا بڑا خیرالبشر

آپؐ ہی کے پیکر انوار میں
آدمیت کو ملا خیرالبشر

عزت و عظمت بڑھی انسان کی
جب ہوئے جلوہ نما خیرالبشر

مژدۂ راحت ہے ہر غم کے لئے
نامِ نامی آپؐ کا خیرالبشر

ذرہ ذرہ کائناتِ دہر کا
ورد کرتا ہے سدا خیرالبشر

لب پہ میرے ہے درودوں کی بہار
دل سے آتی ہے صدا خیرالبشر

جگمگا اٹھے ہیں کاغذ پر حروف
جب سحرؔ میں نے لکھا خیرالبشر

زیست میں گر نمو چاہئے
آپؐ کی آرزو چاہئے

عشق کو بندگی کے لئے
آنسوؤں سے وضو چاہئے

جس میں گرمی ہو ایمان کی
وہ رگوں میں لہو چاہئے

ہم کو گلزارِ جنت میں بھی
باغ طیبہ کی بو چاہئے

بادۂ عشق سرکار سے
پُر یہ دل کا سبو چاہئے

ان کے پیغام کی روشنی
کو بہ کو سُو بہ سُو چاہئے

نکہت حُب شاہِ ہُدیٰ
اے سحرؔ مُو بہ مُو چاہئے

دہر میں وہ شہِ بے نظیر آپؐ ہیں
جو امیری میں بھی ہیں فقیر آپؐ ہیں

اور کس کو بھلا مرتبہ یہ ملا؟
یعنی محبوبِ ربِ قدیر آپؐ ہیں

خیر و شر سے جنہوں نے کیا آشنا
وہ بشیر آپ ہیں وہ نذیر آپ ہیں

روشنی جن کی پھیلی ہے دارین میں
ایک ایسے سراجِ منیر آپؐ ہیں

آپؐ کے دم سے مہکے ہیں دونوں جہاں
رشکِ عنبر ہیں رشکِ عبیر آپؐ ہیں

سلسلہ ختم جن پر ہدایت کا ہے
وہ رسول و نبیٔ اخیر آپؐ ہیں

آپ خیرالبریہ ہیں خیر البشر
خیرِ کل آپ خیرِ کثیر آپؐ ہیں

آپ کے در پہ بیٹھے ہیں شام وسحؔر
بے سہارا ہیں ہم دستگیر آپؐ ہیں

عزت و شانِ رسالت ختم ہے
آپؐ پر ساری نبوت ختم ہے

اک امیں پر سب امانت ختم ہے
ایک صادق پر صداقت ختم ہے

آنہیں سکتا کوئی ان سا کبھی
اک بشر پر ساری عظمت ختم ہے

کوئی ان کے در سے خالی کب گیا؟
اک سخی پر سب سخاوت ختم ہے

کہہ رہا ہے خطبۂ حج الوداع
ایک اُمی پر فصاحت ختم ہے

دشمنوں کے واسطے بھی ہے دعا
آپؐ پر فیضانِ رحمت ختم ہے

یہ شبِ معراج کہتی ہے سحرؔ
عرش کی انساں پہ رفعت ختم ہے

139

عشقِ سرکار کا ہم کو بھی یہ معیار ملے
فکرِ بوذرؓ دمِ سلماںؓ، دلِ عمارؓ ملے

دل کی آنکھوں سے جو دیکھا ہے مدینہ ہم نے
ہر طرف خلد کے انوار ہی انوار ملے

جس طرف نکلے مدینے کے گلی کوچوں میں
ہر قدم پر ہمیں فردوس کے آثار ملے

زندگی میں مری ہر سمت چراغاں ہو جائے
خواب میں ان کا اگر جلوۂ ضو بار ملے

140

سیرتِ پاک کو دیکھیں جو کتابِ حق میں
رحمتوں کا ہمیں اک تلزمِ زخار ملے

جس قدر دیکھا ہے محشر میں گنہگاروں کو
سب کے سب ان کی شفاعت کے طلبگار ملے

سارے نبیوں میں فقط آپؐ ہی کا حصہ ہیں
شبِ معراج خدائی کے جو اسرار ملے

آپؐ کی سیرتِ اقدس پہ عمل ہو تو سحرؔ
حُسنِ گفتار ملے خوبیٔ کردار ملے

141

اُن کا چہرہ روشنی ان کا سراپا روشنی
جس نے بھی دیکھا ہے اُن کو وہ پکارا روشنی

روشنی ہی روشنی ہے چار سو پھیلی ہوئی
شہرِ طیبہ کا ہے جیسے ذرہ ذرہ روشنی

ان کا جو پیغام ہے وہ روشنی کا ہے پیام
ان کی باتیں روشنی ہیں ان کا لہجہ روشنی

کوئی گوشہ بھی نہیں مخفی جہاں کی آنکھ سے
اُن کی عمرِ پاک کا ہے لمحہ لمحہ روشنی

142

آپؐ کا پیکر رہا جب ہالۂ انوار میں
کیوں نہ ہو پھر آپؐ کی ہستی کا سایہ روشنی

آ گیا ان کا تصور میری آنکھوں میں سحرؔ
جب بھی میرے ذہن میں اک لفظ آیا روشنی

ہماری زیست کی خاطر نصاب دیتے ہیں
نبیؐ خدا کی طرف سے کتاب دیتے ہیں

ہو جب بھی دھوپ غموں کی تو رحمتِ عالمؐ
ہمارے سر پہ کرم کا سحاب دیتے ہیں

یہ اور بات ہمارے نہ کان سن پائیں
سلام کا وہ ہمارے جواب دیتے ہیں

نبیؐ و آلِ نبیؐ پر درود بھیج کے ہم
خود اپنے آئنۂ دل کو آب دیتے ہیں

یہ مصطفیٰ کے پسینے کی اک کرامت ہے
جو بھینی بھینی سی خوشبو گلاب دیتے ہیں

ہے اس سے خاکِ حرم کی چمک کہیں بڑھ کر
جو روشنی کہ مہ و آفتاب دیتے ہیں

سحرؔ جو اہلِ سخن نعت کے کہیں اشعار
صلہ خود ان کا رسالتمآبؐ دیتے ہیں

146

مشعلِ ذکر روشن رہے
ختم تیرہ شبی چاہئے

مدحِ سرکارؐ عالم سحرؔ
مقصدِ زندگی چاہئے

145

دل میں گر روشنی چاہئے
شمعِ عشقِ نبیؐ چاہئے

ذکرِ شاہِؑ امم کے لئے
آنکھ میں اک نمی چاہئے

جس میں اُن کے ہوں نقشِ قدم
مجھ کو بس وہ گلی چاہئے

147

ریاضِ ہستی میں ایسے آئے امین و صادق
کہ ساتھ اپنے بہار لائے امین و صادق

زمانہ گم ہو چکا تھا عصیاں کی ظلمتوں میں
مثالِ مہتاب جگمگائے امین و صادق

کوئی شرف اس سے بڑھ کے ہوگا بھلا جہاں میں؟
بنے ہیں دونوں جہاں برائے امین و صادق

ورق ورق مصحفِ مبیں کا ہے عین شاہد
ادائے حق ہے ہر اک ادائے امین و صادق

اطاعتِ حق کا اور حُسنِ کمال کیا ہے؟
رضائے حق میں ہے گم رضائے امین و صادق

148

لہو کے پیاسوں کو زندگی کی دعائیں بخشیں
ردائے رحمت بنی ردائے امین و صادق

سوائے ان کے کوئی بھی ہادی نہیں ہمارا
کوئی بھی رہبر نہیں سوائے امین و صادق

انہی کا اب ذکر پاک دھڑکن کا ہے وظیفہ
ہیں اس طرح میرے دل پہ چھائے امین وصادق

ہر اک طرف ان کے نام کا نور موجزن ہے
جہاں میں پھیلی ہے یوں ضیائے امین و صادق

کروں میں خوش قسمتی پہ جتنا بھی ناز کم ہے
مرے لبوں پر جو ہے ثنائے امین و صادق

سحرؔ بناؤں میں سُرمۂ چشم خاکِ پا کو
اگر ملے مجھ کو نقشِ پائے امین و صادق

149

نسبت ہوئی ہے جب سے شہِ والا شان سے
رفعت میں بڑھ گئی ہے زمیں آسمان سے

حق تو یہ ہے کہ بعدِ خداوندِ ذوالجلال
بڑھ کر نہیں کوئی شہِ کون و مکان سے

اللہ کا کلامِ مقدس تھا ہو بہو
وہ لفظ جو ادا ہوا ان کی زبان سے

اپنے تو خیر اپنے پرائے ہیں فیضیاب
انسانیت کے سب سے بڑے مہربان سے

150

محشر میں عاصیوں کی نظر ہے حضورؐ پر
سب کو کرم کی آس ہے اس سائبان سے

دنیا و دیں کا صرف سہارا وہی تو ہیں
وہ کیوں ہمیں عزیز نہ ہوں اپنی جان سے

گرداب کا ہے خوف نہ طوفاں کا ڈر کوئی
وابستہ ہیں جو آپؐ کے ہم بادبان سے

کیونکر سحرؔ نہ مدح پر اُن کی مجھے ہو ناز
کوئی بیاں حسین نہیں اس بیان سے

151

دیکھے کوئی یہ شان یہ شوکت حضورؐ کی
قوسین کا مقام ہے رفعت حضورؐ کی

روشن ہے اُن کے نام سے ہر ذہن کا چراغ
ہر لوحِ دل پہ ثبت ہے عظمت حضورؐ کی

دنیا و آخرت کا سہارا ہے ان کی ذات
دونوں جہاں پہ چھائی ہے رحمت حضورؐ کی

شاہد ورق ورق ہے کتابِ مبین کا
مدحت سرا ہے ایک اِک آیت حضورؐ کی

تاریخ دے رہی ہے گواہی یہ بار بار
انسانیت کا اوج ہے سیرت حضورؐ کی

152

تاریکیوں میں بھٹکا ہوا ہے جو آدمی
اس مسئلے کا حل ہے اطاعت حضورؐ کی

سو فلسفوں کا ایک ہی حاصل ہے دوستو!
سرمایۂ نجات ہے الفت حضورؐ کی

بیٹھا ہوا ہوں گنبدِ خضرا کی چھاؤں میں
سایہ فگن ہے مجھ پہ عنایت حضورؐ کی

ہونٹوں پہ میرے نام ہے ان کا کھلا ہوا
سانسوں میں ہے بسی ہوئی نکہت حضورؐ کی

راہوں کے پیچ وخم کا مجھے خوف کچھ نہیں
منزل کی رہنما ہے محبت حضورؐ کی

کیسے لکھوں میں مدح کسی اور کی سحرؔ
میرے قلم کا ناز ہے مدحت حضورؐ کی

153

نبیؐ کے حُسنِ تبسم کا استعارہ ہے
کہیں کلی کہیں جگنو کہیں ستارہ ہے

نثار اس پہ بہشتِ بریں کے ہوں جلوے
جمالِ گنبدِ خضرا کا کیا نظارہ ہے !

مجھے تلاش اگر ہے تو خاکِ طیبہ کی
کہ بس یہی مرے درد و الم کا چارہ ہے

بھنور میں ہے مری کشتی تو خوف کیا مجھ کو
کہ ان کا نام مرے واسطے کنارہ ہے

154

بروزِ حشر جو بخشش کے ہم حصار میں ہیں
یہ ان کی چشمِ عنایت کا اک اشارہ ہے

انہی کا ذکر خدا کے کلام میں ہے سحرؔ
ثنا انہی کی ہے قرآں کا جو بھی پارہ ہے

صفاتِ ذاتِ نبیؐ کا شمار کوئی نہیں
کہ ایسا بحرِ رواں بے کنار کوئی نہیں

فضائے گنبدِ خضریٰ کی کیفیت ہے اور
سرِ بہشت بھی ایسی بہار کوئی نہیں

سدا بہار ہے سیرت کے حُسن کی خوشبو
یہ ایسا پھول ہے جس میں کہ خار کوئی نہیں

جہاں میں گردشِ دوراں سے بچ نکلنے کو
سوائے شہرِ پیمبرؐ حصار کوئی نہیں

دل ان کی خاکِ قدم سے چمک اُٹھا ہے یوں
اس آئنے پہ غموں کا غبار کوئی نہیں

درِ نبیؐ کی گدائی بھی بادشاہی ہے
میں مانگتا ہوں یہاں مجھ کو عار کوئی نہیں

سحرؔ مدینہ مرا مستقل ٹھکانہ ہو
اب اور آرزوئے قلبِ زار کوئی نہیں

بس اک یہی علاج ہے مجھ تشنہ کام کا
مل جائے ایک گھونٹ ہی کوثر کے جام کا

چاروں طرف ہے بارش انوارِ سرمدی
میں ذکر کر رہا ہوں رسولِ انامؐ کا

خوشبوئیں رحمتوں کی بکھرنے لگیں وہیں
لب پر کھلا جو پھول درود و سلام کا

ہمراز ہو جو ذات مقاماتِ عرش کی
دنیا کو کیسے علم ہو اس کے مقام کا؟

اک روشنی قلم سے مرے پھوٹنے لگی
اعجاز ہے سحرؔ یہ محمدؐ کے نام کا

159

کیا عزت و اکرام ہے کیا جاہ و حشم ہے!
چوکھٹ پہ تری تاج سلاطین کا خم ہے

اپنے تو ہیں خیر اپنے مخالف کیلئے بھی
ہر دم جو کشادہ ہے ترا دستِ کرم ہے

وہ خاک نہ کیونکر ہو بھلا عرش کی ہمسر
جس خاک کی قسمت میں ترا نقشِ قدم ہے

شاید کہ قریب آئے ہیں آثارِ مدینہ
دل زور سے دھڑکا ہے مرا آنکھ جو نم ہے

160

آسودگیٔ گنبد خضرا کے مقابل
کیا چیز بھلا سایۂ گلزار ارم ہے

اعجاز ہے یہ رحمت عالمؐ کی ثنا کا
خوشبو سے معطر جو مری نوکِ قلم ہے

ہے رشکِ مہ و مہرِ سحرؔ اس کی تجلی
سینے میں مرے دل ہے کہ فانوسِ حرم ہے

کلیاتِ حسین سحر

Kulliat-E-Hussain

صدارتی ایوارڈ یافتہ

تقدیس

(حمد و نعت)

حُسین سحؔر

کتاب نگر ملتان

ضابطہ

(جملہ حقوق محفوظ)

اشاعت اول	ستمبر 1989ء
ناشر	کتاب نگر
	حسن آرکیڈ ملتان چھاؤنی
طابع	روحانی آرٹ پریس ملتان
کتابت	فیاض احمد
ہدیہ	پچاس روپے

انتساب

اپنے پیارے بیٹے شہزاد حسین کے نام

پیش حرف

حسین سحر کی تخلیقات کا دائرہ بہت وسیع ہے ۔ شاعری میں غزل، نظم، نعت، منقبت، سلام اور نثر میں افسانہ، خاکہ، انشائیہ، تبصرہ، مقالہ اور تنقید بچوں کے ادب کی نگارش میں بھی تخصیص رکھتے ہیں۔ ان کے مزاج کی سطح کے مطابق دل چسپ اور درس آموز نظمیں اور کہانیاں لکھی ہیں۔ ایک موقر و دقیع رسالہ ''اہلِ قلم'' بھی ایڈٹ کرتے ہیں ۔ایک مکتبہ قائم کر رکھا ہے۔ جس کے وسیلے سے بہت سے معتبر اور نامور اہل قلم کی تصانیف چھاپتے ہیں۔ یہ میں تخلیقات سے ہٹ کر ان کی قلمی فتوحات کا ذکر کر رہا ہوں۔ قلم کے علاوہ دوسرا وسیلہ اظہار یعنی زبان کا حق بھی سلیقۂ گفتار سے ادا کرتے ہیں۔ انہیں ریڈیو کے مذاکروں اور ادبی محفلوں میں فرائض نظامت کی ادائی کے وقت دیکھنا اور سننا چاہیے۔ الغرض خدائے جواد نے انہیں بہت سے محاسن وفضائل سے نوازا ہے۔

اُن کی نعت گوئی میرے نزدیک انکے چمنستانِ فضیلت کا گُل سرسبد ہے!

نعت یعنی مدحِ رسولؐ خدا کائنات کا ایک ازلی و ادبی وظیفہ ہے خدا کے صحائفِ مرسلہ خصوصاً قرآن مجید حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام کے مدحت نامے ہیں۔ ملائکہ حضور کے درود و سلام میں ہمہ وقت مشغول و منہمک ہیں۔ جن و انس۔ طیور و اشجار، فرش و فلک، خشک و تر، بحر و بر، جمادات، نباتات، حیوانات، الغرض موجودات کا ذرہ ذرہ اپنے پیرائے اور آئین میں نعت و مدح کے فرض میں مصروف ہے۔ دنیا کے تمام ذخائر شعری و ادبی میں اور کائنات میں تمام خزائنِ فکری و علمی میں حضورؐ کی مدح و ثنا کے لولوئے لالا پڑے جگمگا رہے ہیں۔ ہر دور اس مدح طرازی سے معمور ہے۔ تمام قرون، تمام شہود و

سنین، تمام لیالی و ایام، تمام ساعتیں، حتیٰ کہ ہر لحظے اور ہر ثانیے کا دامن درود و سلام اور نعت و ثنا کے گلہائے ہمیشہ بہار سے معطر اور نکہت افشاں ہے یہ وہ سلسلہ ہے کہ جس کا نقطۂ آغاز تو ہے لیکن حدِ اختتام اور خطِ انتہا نہیں ہے۔

خدا نے حسین سحر کو بھی یہ سعادت عطا کی کہ وہ بھی تقدیس کے حوالے سے مدح گویانِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سلسلۂ نور سے منسلک ہو گئے۔

جب کوئی شاعر نعت کہنے کا ارادہ کرتا ہے تو سب سے پہلے جو احساس اس کے دامن گیر ہوتا ہے۔ وہ عجزِ فن ہے، میری فکر ناقص ہے۔ میرا دامنِ اظہار کوتاہ ہے میری زبان و بیان میرے خیالات و محسوسات، میرے الفاظ، میرے معانی سب نارسا، ناتمام اور ناکارہ ہیں۔ مجھے میں یہ دم کہاں کہ میں ممدوحِ خدا کی توصیف کی جرأت کر سکوں۔ وہ ہستی جو وجہِ تخلیق دو عالم ہے جو صدرِ محفل تکوین ہے جو محبوبِ خدائے ذوالجلال ہے جو سید الانبیا ہے جو خیر الانام ہے جو مصدرِ ہر کمال اور مطلع ہر جمال ہے جو خدا کے بعد سب سے بزرگ و برتر ذاتِ گرامی ہے۔ اس کی مدحت کا حوصلہ وظرف مجھ میں کہاں۔ یہ احساس حسین سحر پر بھی طاری ہوا۔ اور مختلف پیرایوں میں ادا ہوا۔

کسی انسان سے توصیف اس کی ہو نہیں سکتی
خدائے پاک جس حُسنِ مجسم کا ثنا خواں ہے
کچھ نہیں چاہتا میں حرف و ثنا کے مالک
مجھ کو پیرایۂ اظہارِ ثنا مل جائے
یہ آپ ہی کی چشم کرم کا ہے معجزہ
ورنہ شعورِ نعت کہاں اور سحرؔ کہاں
شہ انام کی مقصود ہے ثنا مجھ کو
لطافتِ دل حسان ہو عطا مجھ کو

نعت کہنے کے لئے دل میں سحرؔ
عشقِ رومی سوزِ جامی چاہیے
آپ کی مدح کا اعزاز ملا ہے اس کو
کیوں سحرؔ اپنے مقدر کو نہ اونچا سمجھے
سحرؔ میں اپنے مقدر پہ ناز کرتا ہوں
کہ میرا مرکزِ افکار ہے حضورؐ کی ذات

الغرض حسین سحر کے یہاں نعت گوئی عجزِ فن کے احساس سے شروع ہوتی ہے۔ توفیقِ خداوندی اور التفاتِ سرکارؐ کے سائے میں آنکھ کھولتی ہے اور اعزازِ مدح کے مفتخر جذبے کے ساتھ نشو ونما پاتی ہے۔ ..... میرا یہ ادبی عقیدہ ہے کہ تمام اصنافِ شعری مشق کے بل پر معرضِ وجود میں آ سکتی ہیں لیکن نعت صرف عشق کے بطن سے ظہور کرتی ہے۔ اگر انسان کا سراپا آتشِ عشق سے گداز نہ ہو تو نعت وجود میں آ ہی نہیں سکتی۔ یہ کسی رسم و رواج کی تکمیل نہیں ہے، پُرتصنع جذبے اور نمود و نمائش کی خواہشیں اور اصناف کو تو جنم دے سکتی ہیں۔ لیکن نعت سوچ سے اظہار تک صادق جذبوں کا ایک چراغستان ہے جس کی حرارت اور شعلگی کی اصل عشق اور صرف عشق ہے خدا نے حسین سحر کو اس سوزِ عشق سے نوازا ہے۔ وہ شکرانہ نعمت کے طور پر یوں اعتراف و اظہار کرتے ہیں

جلوہ گر ہے یہ دل کی گلی آپؐ کی
اس مدینے میں ہے روشنی آپؐ کی
مرے دل میں ہے شمعِ عشق روشن
مجھے کیا واسطہ تاریکیوں سے؟
مرے نزدیک آ سکتی نہیں تاریکیاں غم کی
مرا سینہ چراغِ عشقِ احمدؐ سے فروزاں ہے

اور اگر انسان کے قلب میں اُس ذاتِ گرامی کا عشق نہیں ہوگا جو محبوبِ کبریا اور مرکز و محورِ ارض و سما ہے تو پھر اس خسران و محرومی کو کیا کہیئے؟ اس لیے کہ اس عشق کے پس منظر میں (حسبِ توفیق اور حسبِ ظرف) معرفت رسولؐ اور عرفانِ رسالت کا شعور جھلکتا ہے۔ حضورؐ کی عظمتوں کی کوئی حد و انتہا نہیں ہے۔ حضور کے محامد و شیم اور برکات و احسانات لامتناہی ہیں۔ اس اندازِ فکر کے ساتھ دل و دماغ کی پرتیں کھلتی چلی جاتی ہیں۔ اور خود انسان کے باطن سے امواجِ نور ابھرتی ہیں۔ اور وہ تالابِ شعر اختیار کر کے منور نعتوں میں ڈھل جاتی ہیں۔ حسین سحر کی نعتوں میں موضوعات و مضامین کا تنوع اور کثرت جا بجا نظر آتی ہے۔ گویا ایک باغ ہے جو خوش رنگ اور خوشبو پھولوں سے آراستہ ہے۔ جسے دیکھ کر نظر کو فرحت اور ذوق کو راحت ملتی ہے۔ اور جسے پڑھ کر روح میں بالیدگی اور شگفتگی کا احساس ہوتا ہے۔ آیئے ہم حسین سحر کے گلزارِ نعت کی سیر کریں۔ اور حسبِ ذوق وظرف گل چینی کریں۔

1۔ خدا تک رسائی ممکن نہیں ہے جب تک حضورﷺ کا وسیلہ درمیان نہ ہو۔ تقربِ الٰہی کی بنیاد تمسک و توسلِ حضورﷺ پر استوار ہے۔ حضورؐ ہی کا عشق خدا تک زینۂ رسائی ہے۔

جب اُن کو دیکھا تو ہم نے خدا کو پہچانا
خدائے پاک کا دیدار ہے حضور کی ذات
جس کو عشقِ شہِ لولاک لما مل جائے
لازمی ہے کہ اسے قربِ خدا مل جائے

2۔ حضور ہی کی ذات وجۂ تخلیقِ عالم امکان ہے اور حضور ہی تمام مظاہر و مناظر کا سرچشمۂ حقیقی ہیں۔ اگرچہ یہ اہم مضمون شروع ہی سے نعت گویانِ رسول کا اساس اور کلیدی موضوع رہا ہے لیکن حسین سحر نے اپنے پیرایۂ ادا سے اسے

حسین وجمیل صورتوں میں پیش کیا ہے۔

ان کا وجود باعثِ تزئینِ رنگ و بو
ہر پھول، ہر کلی میں مہکتا ہے ان کا نام
ان کے لبوں کا حسنِ تبسم ہے یہ سحرؔ
صبحِ ظہورِ عالمِ امکاں کہیں جسے
آپ سے خوشبو، آپ سے رنگت
آپ سے نور ہے آپ سے طلعت
آپ کی ذات ہے جانِ گلستان
صلی اللہ علیہ وسلم

3۔ ظہورِ قدسی سے پہلے انسان اپنے پیدا کرنے والے سے نا آشنا تھا۔ اللہ کا واضح تصور اسے نہ تھا۔ توحید شرک آمیز اور سرچشمہ وحدت اس کی نظر میں غبار آلود تھا۔ وہ اپنے تراشیدہ بتانِ خاک و سنگ کو پوجتا تھا۔ تارے، چاند، سورج، آگ اور دیگر مظاہر فطرت اس کے معبود تھے۔ وہ جاہلیت، وحشت، غفلت اور عشرت کے طلسم میں جکڑا ہوا تھا۔ وہ جسے خدا نے اشرف المخلوقات بنایا تھا۔ ارذلِ خلائق اور اسفلِ کائنات تھا۔ کفر، شرک، طغیان، معصیت اور فسق و فجور نے اسے بدترین پستی کے غارِ عمیق میں دھکیل رکھا تھا۔

ہادیٔ انسانیت اور رہبرِ آدمیت کا سب سے بڑا احسان یہ ہے کہ حضورﷺ نے انسان کو عز و شرف کے مقام پر لا بٹھایا۔ بشر کو عظمتِ بشری کے جوہر سے آراستہ کیا۔ اس کے افکار و اعمال کو سنوارا اس کے اخلاق کو مرتب و مہذب کیا۔ اس میں خدا شناسی اور خود شناسی کی صلاحیت پیدا کی۔ المختصر آدمی کو انسان بنانا حضورﷺ ہی کی نگاہِ التفات کا صدقہ اور حضورﷺ کی رحمت کا وسیلہ ظہور ہے۔

عظمت بشری کے افکار و مضامین حسین سحر کی نعتوں میں۔ آسماں کے ستاروں کی طرح جگمگا رہے ہیں۔

ان کے شرف سے ذاتِ بشر کو ملا شرف
انہی کی عظمتوں سے ہے انسان بڑا ہوا
ان کا نام ہماری عزت، ان کا ہماری عظمت
ان کے نام سے ہم سب زندہ ﷺ

4۔ نعت گوئی میں توصیفِ جمال باقاعدہ ایک نعتیہ روایت رہی ہے۔ لیکن کچھ زمانہ گزرنے کے بعد ایک اور رویہ ابھرا جس میں نعت کو سیرت نگاری کے لیے برتا جانے لگا اور حضورﷺ کی سیرتِ طیبہ کے حوالے سے اسے تبلیغ و دعوت کا ذریعہ قرار دیا گیا۔ حضورﷺ کی سیرت مبارکہ کی ایک ایک ادا آدم گر اور انسان ساز ہے۔ حضورﷺ کا ایک ایک لفظ اقدس اور ایک ایک عملِ مطہر فرد اور معاشرے کی تشکیل و تہذیب فرماتا ہے۔ حضور کے ہر ارشاد کے پس منظر میں ذاتی عمل کا نقش جلوہ بار ہوتا ہے۔ اس لیے سیرت نگاری کے رویے سے ایک ایسی بھرپور روایت نے ظہور کیا جو فلاحِ انسانیت کی علمبردار ہے۔ حسین سحر نے دونوں رویوں کو اختیار کیا ہے۔ ان کی نعت توصیفِ جمالِ محمدی کی آئینہ داری بھی کرتی ہے اور سیرت نگاری کا مقدس فریضہ بھی انجام دیتی ہے۔ بعض نعتوں میں وہ پہلو بہ پہلو دونوں رویوں سے کام لیتے ہیں اور متصل شعروں میں توصیف و تبلیغ کے مضامین لاتے ہیں۔ مثلاً

ملتی ہی نہیں کوئی مثال آپ کے رُخ کی
ہیں سارے جہانوں کے حسیں سے حسیں آپؐ

اور

ہے باغِ جہاں آپ کی خوشبو سے معطر
ہر شاخ میں، ہر برگ میں، ہر گل میں مکیں آپؐ

یا

کہکشاں سے بھی ہیں نقشِ کفِ پا رخشندہ
مشک و عنبر سے فزوں تر ہے پسینہ اُن کا

اور

بوریا مسندِ شاہی سے کہیں ہے بڑھ کر
فقر کی دولتِ سادہ ہے خزینہ ان کا

5۔ بنیادی طور پر حسین سحر سیرت نگاروں کے زمرے میں آتے ہیں وہ اپنی نعتوں کو حضورؐ کے محاسن و فضائل اور اخلاق کی تجلیات سے منور کرتے ہیں جیسا کہ میں نے اوپر کہا کہ ہر ادائے سیرت آدم گر ہے، چنانچہ حسین سحر کوئی نہ کوئی وصف مبارکہ لیتے ہیں اور اسے ابلاغ و تبلیغ کے جذبے کے ساتھ بیان کرتے ہیں مثلاً

شانِ عطا: زیست محرومِ کرم تھی کتنی
آپ کی شانِ عطا سے پہلے

نورِ ھدا: آگہی، علم، شعور و عرفاں
کچھ نہ تھا نورِ ھدا سے پہلے
ظلمتِ جہل تھی چھائی ہر سو
اے سحرؔ صبحِ حرا سے پہلے

فقر: بوریا مسندِ شاہی سے کہیں ہے بڑھ کر
فقر کی دولتِ سادہ ہے خزینہ اُن کا

کرم: ہر طرف پھیلی ہوئی ہے اب بھی
آپ کے دستِ کرم کی خوشبو

عدل: اس نظر کا ہر اشارہ عدل کا معیار ہے
جس نظر میں کچھ نہیں فرق آجر و مزدور میں

عظمت کردار: ہے دشمنوں کی زبان پر بھی آپ کی توصیف
نشانِ عظمتِ کردار ہے حضور کی ذات

امن و آشتی: دیا ہے انسانت کو اس نے
پیام امن اور آشتی کا

راہ بری: نوعِ انساں بھٹک نہیں سکتی
رہبر منزل نجات ہیں آپؐ

افکارِ مطہرہ: امنِ عالم کو ضرورت ترے افکار کی ہے
وقت ہے پھر ترے پیغام کو دنیا سمجھے

6۔ نعت میں حضورﷺ سے اپنی داستان الم کہنے کا اور حضورؐ کی نگاہِ التفات طلب کرنے کا مضمون قدیم سے ہے۔ اپنی معصیت پر ندامت، اپنی کوتاہی عمل پر شرمساری حضور کے عفو و کرم سے استمداد و استعانت اور یہ سب کچھ صرف اس دنیا کے لیے ہی نہیں بلکہ اس شفیع المذنبین سے عقبیٰ میں بھی شفاعت کی التجا اس انداز کے مضامین میں حسین سحر کے یہاں جذبے کی سچائی، دل کے گداز اور رقت واثر کے ساتھ بیان ہوئے ہیں۔

بڑھ رہے ہیں غم کے طوفانِ بلاول کی طرف
پھیر دیجئے رُخ مری کشتی کا ساحل کی طرف
مری ہستی بکھر کر ریزہ ریزہ ہو گئی آقا

نگاہِ لطف ہو جائے مری تعبیر ہو جائے
حشر کے دن ان کی جانب دیکھتے ہیں اُمتی
سارے پروانوں کا رُخ ہے شمعِ محفل کی طرف
ڈوب جائے گا مری فردِ گنہ کا حرف حرف
موجِ زن جب ہو گا رحمت کا سمندر دیکھنا

7۔ نعت گوئی کے سفر میں ایک نعت گو ایسے مرحلوں سے بھی گزرتا ہے جہاں اس کی نعت بہت زیادہ ذاتی (پرسنل) ہو جاتی ہے۔ راز و نیاز کے اس مقام پر صرف دو ہستیاں رہ جاتی ہیں۔ مطلوب اور طالب، سخی اور سائل، رحمت اللعالمین اور بارِ گناہ سے بوجھل اُمتی ان مرحلہ ہائے نیاز و مقاماتِ سوز و دردمندی میں شاعر اپنے نہایت ذاتی جذبوں کو بیان کرتا ہے جن میں آتشِ ہجر و فراق کی تپش، غمِ محرومی و مہجوری کی شعلگی، دوری و نامسوری کا کرب آتشیں، اشتیاقِ دید کی بے تابی اور حاضری و حضوری کے مضطربانہ مضامین شاعر کی زبان و قلم سے ادا ہوتے ہیں۔ حسین سحر کے ہاں ایسے درد بھرے اور پُر اشتیاق اشعار کی کمی نہیں ہے اور کیونکہ ان کا ماخذ باطنی صداقت ہے اس لیے ایسے اشعار شعلوں اور بجلیوں کی تاثیر رکھتے ہیں۔ اور یہاں ان کی برقِ سخن کو چھو کر قاری یا سامع یہ کہنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ اک لرزشِ خفی مرے سارے بدن میں تھی۔ چند برق پارے ملاحظہ ہوں:

پلکوں پر لرزتے ہیں چمکتے ہوئے تارے
میں ہوں شبِ تنہائی ہے اور یادِ نبیؐ ہے
جمالِ گنبدِ خضرا مری شبوں کا ہے چاند
جو یادِ رحمتِ عالم میں جاگتا ہوں میں
قدموں میں مجھے اپنے بلا لو مرے آقا
ہے تم پہ عیاں حال مری دربدری کا
میں مثلِ شمع ہوں بجھنا مرا مقدر ہے
درِ نبی پہ ہوائے سحر بجھا مجھ کو

8۔ طالبِ صادق کے دل سے نکلنے والی دعا ضرور بامِ اثر تک پہنچتی ہے اور مجیب الدعوات ایسی سچی دعا کو شرفِ قبول ضرور عطا کرتا ہے۔ ہجر میں دل کو بریاں اور آنکھ کو گریاں کرنے والا شخص بالآخر اذنِ طلب وصول کرتا ہے اور بارگاہِ معلیٰ کی دہلیز پر حاضر ہو جاتا ہے حسین سحر کو بھی فرمانِ حاضری ملا اور ذوقِ حضوری کی تسکین کے سامان فراہم ہو گئے۔

کیفِ حضوری کے مضامین حسین سحر کی نعت کی اصلی بزن گاہ ہیں۔ یہاں شاعر نے شعروں کے پردے میں ہمارے دلوں پر تیرافگنی کی ہے۔ ایک ایک حرف سامع اور قاری کے دل و ذہن میں پیوست ہو جاتا ہے۔ کیسی کیسی کیفیتیں ساعت ہائے حاضری میں گزرتی ہیں ایک تمنا کی تکمیل، عمر بھر کی تشنگی کی سیرابی، ایک جلالِ تقرب، ایک نشاطِ حضوری، دل و دماغ پر ادب اور مرعوبیت کا تسلط لبوں پر تبسمِ شادکامی۔ آنکھوں میں اشک ہائے تشکر اپنی بے مائگی کا احساس، اپنی کوتاہیِ عمل کے اندیشے، حضور کی رحمت اور عفو و درگزر کا آسودگی بخش احساس، مدینہ منورہ کی حدود میں آداب کا خیال۔ گنبدِ خضرا کی دید و وادید سے بےخودی و سرشاری اور پھر حضورﷺ کے قدموں میں پہنچ کر قلب کی وہ کیفیتیں جو کسی بھی صلاحیتِ اظہار سے ادا نہیں ہو سکتیں۔ پھر اس اعزازِ زیارت کے بعد مدینے سے مراجعت کے وقت جذبوں کا تنوع، پھر شہرِ نبیؐ کی یادیں، پھر دیدار کی آرزوئے مکرر ان ساری لہروں کو حسین سحر نے جس طرح نعتوں میں پرویا ہے وہ انہیں ایک بڑے درجے کا نعت گو قرار دینے کے لیے مایۂ اصلی ہیں۔ آیئے حسین سحر کی کیفیتوں کو پڑھ کر انہیں اپنے

قلوب کی سطح پر نازل کریں اور ان کے جذبوں میں جذب ہو جائیں۔ میں اس انداز کے شعروں کو ایک خاص ترتیبِ مدارج سے لکھتا ہوں۔

یہ مدینہ ہے یہ ہے شہرِ ادب
اس میں آہستہ خرامی چاہیے
یہ کس کی بارگاہِ معلّٰی ہے سامنے
ایک ایک سانس پر جو ادب کا خیال ہے
سبز گنبد کی ضیاء ہے دیدۂ پُرنور میں
گلشنِ طیبہ کی خوشبو ہے دلِ مہجور میں
نگاہوں میں مری طیبہ کا منظر
حسیں تر ہے ہزاروں جنتوں سے
سانسوں میں کچھ اس طرح ہے خوشبوئے مدینہ
جیسے کوئی جنت مرے سینے میں کھلی ہے
آنکھوں کے سامنے ہے درِ روضہ رسول
کیا اس سے بڑھ کے ہو گا مقدر نگاہ کا
میں حضور سرورِ عالم ہوں محوِ کسبِ نور
میرے گردا گرد ہے اک سلسلہ انوار کا
عقیدتوں کے جو موتی لٹا رہا ہوں میں
حضوریٔ شہِ لولاک میں کھڑا ہوں میں
مرے لیے ہیں یہ لمحات عمر کا حاصل
کہ بارگاہِ نبی میں سخن سرا ہوں میں

اس سلسلۂ خیال میں وہ نعتِ مسلسل بھی لائق مطالعہ ہے جس کی ردیف ہے

میرے سامنے اور مطلع ہے۔

مرحبا ہیں گنبد و مینار میرے سامنے
جگمگاتے ہیں عجیب انوار میرے سامنے
قدموں پہ مرے دھول ستاروں کی جمی ہے
آیا ہوں ابھی لوٹ کے طیبہ کے سفر سے
جمالِ رحمتِ حق کا خزینہ یاد آتا ہے
وطن میں آ گئے لیکن مدینہ یاد آتا ہے

(یہ بھی نعت مسلسل ہے)

اس یادِ مسلسل کی برکت سے حسین سحرؔ کو دوسری بار اذنِ طلب ملا اور انہوں نے تجلیات سے کسبِ مکرر کیا۔ میرے خیال میں یہ بھی ان کی نعتوں کی سچائی ہے۔ جس کی قدر ہوئی اور وہ دوبار دیدار و زیارت سے شرف یاب ہو چکے ہیں۔

حسین سحرؔ کی نعتوں میں فنی محاسن بہت ہیں۔ زبان و بیان کی لطافتیں بہت ہیں خیال کی تازگی اور لہجے کی تازگی جابجا نظر آتی ہے۔ وہ نہایت سادگی سے جس میں فن و معنی کا پورا تلازمہ ہوتا ہے بہت پُراثر خیال کو لباسِ اظہار پہنا دینے کی قدرت رکھتے ہیں۔ ان کی کوئی نعت پڑھ لیجئے لگاتار کئی نعتیں ایک نشست میں پڑھ ڈالئے آپ کو محسوس ہو گا جیسے آپ کی روح میں بالیدگی اور شگفتگی پیدا ہو رہی ہے۔ اور جیسے آپ کا ذوق شاداب اور آسودہ ہو رہا ہے۔ ان کے یہاں موزوں لفظوں کے چناؤ اور شعر میں ان کی ترتیب و تنظیم کا بہت سلیقہ ملتا ہے۔ ان کے لہجے میں عجز، ادب اور احتیاط و توازن ہر جگہ کارفرما ہے۔ ان کے یہاں جیسا کہ اوپر تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ افکار و مضامین کی بہت رنگا رنگی ملتی ہے۔ ان کی نعت کا حجم کم ہوتا ہے۔ بس پانچ سات اشعار، اس لیے کہ وہ اختصار، اجمال اور ایجاز کی سحرکاری سے آشنا ہیں۔ اگرچہ اکثر نعتیں عام زمینوں میں ہیں،

لیکن کافی نعتیں انہوں نے نئی زمینوں میں کہی ہیں۔ نو بہ نو ردیف وقوافی کے التزام کے ساتھ ہر زمین کو گُل زمین بنا دیا ہے۔ مثلاً صبا کی آواز، ثنا کی آواز+ حرم کی خوشبو، قلم کی خوشبو+ عطا کی روشنی، حرا کی روشنی + آیا ہے ان کا نام، مہکتا ہے ان کا نام+ مختار ہے حضور کی ذات، عظمتِ کردار ہے حضور کی ذات+ سوزِ جامی چاہئے، نامِ نامی چاہیے+ زمزم گنبد خضرا+ مرہم گنبدِ خضرا+ انوار میرے سامنے، مینار میرے سامنے وغیرہ انہوں نے اساتذہ کی بعض غزلوں میں نعتیں کہی ہیں۔ اور خوب کہی ہیں مثلاً حالی، خوب سے ہے خوب تر کہاں۔

میر: آفاق کی اس کارگہِ شیشہ گری کا وغیرہ

حسین سحر کی نعتوں میں جا بجا منقبت کے اشعار بھی ملتے ہیں۔ اس طرح وہ ذکرِ آنحضرت ﷺ کے ساتھ ساتھ تذکارِ اہل بیت سے بھی دامنِ قرطاس کی تقدیس بڑھاتے۔ اور قلم کی آبرو میں اضافہ کرتے ہیں۔ مثلاً:

مجھ پر بھی اک نگاہِ کرم اے شہِ عرب
میں بھی ہوں اک غلام درِ بو تراب کا

باطل کے مقابل مری گردن نہ جھکے گی
نظروں میں مری راہِ حسین ابنِ علی ہے

اہل بیت آپ کے ستارے ہیں
آسمانِ تجلیات ہیں آپؐ

حُبِ اہل بیت ہی کا نام تو اسلام ہے
اب بھی ہے ایمان کا یہ معیار میرے سامنے

میں بڑے اعتماد سے کہہ سکتا ہوں کہ حسین سحر نے اپنے خلوصِ دل، اپنے خونِ جگر، اپنے جذبے کی سچائی، اپنی تفکر آفرینی، اپنے علم وشعور کی آمیزش۔ اپنے خیال کی

تازگی اور اپنے لہجے کی شگفتہ کاری کے سبب نعت گوئی کی روایت اور تجربے کو آگے بڑھایا ہے۔ مدح گویانِ رسول ﷺ کی فہرست مکمل ہو ہی نہیں سکتی جب تک اس میں صاحبِ ''تقدیس'' جناب حسین سحر کا نام شامل نہ کیا جائے۔

عاصی کرنالی

ملتان ..... 12 ستمبر 1989ء

حمد

مرکزِ کائنات تیری ذات
خالقِ ممکنات تیری ذات

سب سے اُونچا ہے نام تیرا نام
سب سے اعلیٰ ہے ذات تیری ذات

قادرِ دو جہاں تری ہستی
حاصلِ ممکنات تیری ذات

ہے فنا آشنا جہاں سارا
اور رنگِ ثبات تیری ذات

جس سے زندہ ہے کائناتِ سحرؔ
ہے وہ روحِ حیات تیری ذات

☆☆☆

چاند کو زیبائی سورج کو دمک دیتا ہے کون؟
آسماں کو سات رنگوں کی دھنک دیتا ہے کون؟

حُسن ہے کس کا تجلی بار سطحِ خاک پر؟
ذرے ذرے کو ستاروں کی چمک دیتا ہے کون؟

ایک اک ٹہنی کے سر پر کون پہناتا ہے تاج؟
دامنِ گلشن کو پھولوں کی مہک دیتا ہے کون؟

اڑتے پھرتے ہیں فضامیں زندگی کے زمزمے
گنگناتے طائروں کو یہ چہک دیتا ہے کون؟

بانٹتا ہے کون یہ آب و ہوا کی نعمتیں
رزق سب کو از ثریا تا سمک دیتا ہے کون؟

احمد مرسلؐ کی ذاتِ پاک کس کا عکس ہے؟
پیکرِ بے سایہ کو اپنی جھلک دیتا ہے کون؟

ہو شبِ مہتاب یا دن کا اُجالا ہو سحر
ہر رُخِ فطرت کو نورِ مشترک دیتا ہے کون؟

نعت

عرب اور عجم آج سے چودہ سو سال پہلے
جہالت کے گہرے اندھیرے میں گم تھے
ہر ایک سو مظالم کا تھا دور دورہ
جہاں میں تمدن، ثقافت، شرافت کا خوں ہو رہا تھا
کہ اقدارِ انسانیت کا علم سرنگوں ہو رہا تھا
ہر اک سمت عفریت کا سحر طاری تھا
ہر آدمی تھا تعیش، تکبر، تمرد کا پیکر
خیالات مکڑی کے جالوں کی مانند اُلجھے ہوئے تھے
ہر اک زندگی تھی پریشان خوابوں کی صورت
بھٹکتی ہوئی بے درا، بے صدا
علم کے رنگ رس روشنی سے تہی
فکر کی روح سے بے خبر
الغرض صفحۂ دہر پر تھا
عجب انتشار و تنزل کا منظر ہویدا

یکا یک زمیں کے جہالت کدے میں
خدا کی طرف سے
ازل اور ابد کی علیم و بصیر
اک نئی روشنی کا اُجالا ہوا
یہ نئی روشنی
رنگ و خوشبو کی بارش لیے اپنے اطراف میں
ساری دنیا پہ چھانے لگی
زندگی اپنے تیرہ مناظر کی محبوس
خود اک کرن بن کے ماحول پر جگمگانے لگی
مسکرانے لگی

ساری انسانیت اپنے عرفان کے اور نزدیک آنے لگی
آخر کار
وہ جس کی آمد کا صدیوں سے ہر اہلِ حق منتظر تھا
وہ جس کا زبور اور تورات و انجیل کا ہر ورق منتظر تھا
زمانہ خود اپنے مظاہر کے ہمراہ
جس کے لیے پیش قدمی کو حاضر تھا
وہ نورِ اول
زمانے کی تیرہ شبی کو مٹانے
عرب کے مقدس ترین شہر مکہ میں
جلوہ فگن ہو گیا

☆☆☆

بشر ممتاز ہے جو قدسیوں سے
یہ سب عظمت ہے اُن کی عظمتوں سے

جو تسخیرِ مہ و انجم پہ خوش ہیں
نہیں آگاہ اُن کی رفعتوں سے

جو شمعیں آپؐ نے کی ہیں فروزاں
نہیں ممکن بجھیں وہ آندھیوں سے

وہ آئے روشنی بن کر جہاں میں
حرا کی جگمگاتی خلوتوں سے

وہ چھائے نقش بن کر لوحِ دل پر
وہ اُبھرے عکس بن کر آئنوں سے

انہی کا نامِ نامی ناخدا ہے
صدا یہ آ رہی ہے ساحلوں سے

مرے دل میں ہے شمعِ عشق روشن
مجھے کیا واسطہ تاریکیوں سے؟

میں یوں طیبہ کی راہوں پر رواں ہوں
کہ جیسے آشنا ہوں راستوں سے

میں جب بھی نعت کہنے بیٹھتا ہوں
تو بھر جاتا ہے دامن رحمتوں سے

درِ سُلطانِ دو عالم سے نسبت
بڑی نسبت ہے ساری نسبتوں سے

سحرؔ میں ہوں غلامِ شاہِ بطحا
مجھے کیا ڈر جہاں کی گردشوں سے؟

☆☆☆

ذرے نظر آئیں گے فزوں شمس و قمر سے
دیکھے تو کوئی خاکِ حرم میری نظر سے

قدموں پہ مرے دھول ستاروں کی جمی ہے
آیا ہوں ابھی لوٹ کے طیبہ کے سفر سے

اے پیکرِ انوار! تری ذات سے پہلے!
خالی تھا زمانے کا صدف آبِ گہر سے

جس نور سے روشن ہیں ستاروں کی نگاہیں
منسوب ہے وہ نور تری راہگزر سے

یہ چہرۂ و الشّمس کا اعجاز ہے سارا
بکھری ہے تجلّی جو گریبانِ سحرؔ سے

☆☆☆

دوستوں ہی کو نہیں اس نے عطا کی روشنی
دشمنوں کے واسطے بھی ہے دعا کی روشنی

جب بھی آتا ہے خیالِ عظمتِ نوعِ بشر
جگمگاتی ہے تصور میں حرا کی روشنی

یہ جو ہے پھیلا ہوا صبحِ درخشاں کا جمال
ہے یقیناً چہرۂ خیر الوریٰ کی روشنی

منزلِ حق و صداقت تک پہنچنے کے لیے
راہبر ہے سیرتِ خیر الوریٰ کی روشنی

ایک بے سایہ کا سایہ ہے سرِ کونین پر
ایک انسان نے دکھائی ہے خدا کی روشنی

آسمانوں پر چمکتے ہیں کہاں شمس و قمر
یہ ہے نعلین شہِ ہر دو سرا کی روشنی

عرش سے بڑھ کر نظارہ گنبدِ خضریٰ کا ہے
جلوہ گر ہے ہر طرف صلِ علیٰ کی روشنی

میں زمانے کے اندھیروں میں بھٹک سکتا نہیں
میری آنکھوں میں ہے ان کے نقشِ پا کی روشنی

میرے ہونٹوں پر مہک اٹھتے ہیں مدحت کے گلاب
جب چمکتی ہے مرے دل میں ثنا کی روشنی

مالکِ لوح و قلم! تجھ سے ہے یہ مری دعا
چار سو پھیلے مرے حرفِ ثنا کی روشنی

ایک اک ذرہ کرن بن کر چمکتا ہے سحرؔ
میرے سینے میں ہے شہرِ مصطفیٰؐ کی روشنی

☆☆☆

جب بھی مری زبان پر آیا ہے اُنؐ کا نام
افلاک پر فرشتوں نے چوما ہے اُنؐ کا نام

قوسِ قزح کے رُوپ میں اُبھرا ہے اُنؐ کا نام
لوحِ افق پہ آج بھی لکھا ہے اُنؐ کا نام

جن کی تجلیوں سے فروزاں ہے کائنات
آنکھوں میں نُور بن کے چمکتا ہے اُنؐ کا نام

ان کا وجود باعثِ تزئین رنگ و بو
ہر پھول ہر کلی میں مہکتا ہے اُنؐ کا نام

الفاظ ان کے حُسن کی توصیف کیا کریں؟
حق تو یہی ہے حق کا سراپا ہے اُنؐ کا نام

سچ تو یہی ہے خالق ارض و سما کے بعد
سب سے بڑا ہے سب سے اچھوتا ہے ان کا نام

قرآن جن کی مدح میں نازل ہوا سحرؔ
میرے جہانِ قلب پہ اترا ہے اُن کا نام

☆☆☆

محیطِ ثابت و سیار ہے حضورؐ کی ذات
تمام دہر کی مختار ہے حضورؐ کی ذات

جب ان کو دیکھا تو ہم نے خدا پہچانا
خدائے پاک کا دیدار ہے حضورؐ کی ذات

ہے دشمنوں کی زباں پر بھی آپ کی توصیف
نشانِ عظمتِ کردار ہے حضورؐ کی ذات

مشامِ فکر معطر ہے جس کی خوشبو سے
لطافتوں کا وہ گلزار ہے حضورؐ کی ذات

سحرؔ میں اپنے مقدر پہ ناز کرتا ہوں
کہ میرا مرکزِ افکار ہے حضورؐ کی ذات

☆☆☆

زخمِ دلِ مہجور کا مرہم گنبدِ خضرا
آنکھ کی ٹھنڈک روح کا زمزم گنبدِ خضرا

وابستہ ہے اس سے عشق کا سب سرمایہ
ایمان و ایقان کا پرچم گنبدِ خضرا

گلشنِ جاں کے پیاسے برگ و بار کی خاطر
نور و نکہت کی اک شبنم گنبدِ خضرا

ظلمتِ دوراں کی گھنگھور گھٹاؤں میں ہے
روشن روشن نیرِ اعظم گنبدِ خضرا

تیرے رُتبے کا اندازہ کون کرے گا؟
تو ہے مسکنِ شاہ دو عالم گنبدِ خضرا

مہر و ماہ سحرؔ اس کی کرنوں سے روشن
اسرارِ افلاک کا محرم گنبدِ خضرا

☆☆☆

بقا کے مطلب و معنی سے آشنا ہوں گے
وہ خوش نصیب جو اس خاک میں فنا ہوں گے

عجب سفر ہے یہ بطحا سے جانب طیبہ
قدم قدم پہ جو سجدے کریں روا ہوں گے

امید و آس لگائے رکھو اسی در سے
کہ دو جہاں کے خزانے یہیں عطا ہوں گے

جو تیرگی ہے نگاہوں کی وہ چھٹے گی یہیں
دلوں کے قفل اسی آستاں پہ وا ہوں گے

یہاں کی خاک ستاروں سے بڑھ کے روشن ہے
یہاں کے ذرے فلک سے گراں بہا ہوں گے

ہم عرضِ حال کریں گے تو روبرو اُن کے
وہ اور ہوں گے جو منت کِش صبا ہوں گے

اس آستانِ وفا پر ہے بندگی کا مزا
وفورِ شوق کے سجدے یہیں ادا ہوں گے

وہاں وہاں نیا اِک عرشِ نُور ہو گا سحرؔ
جہاں جہاں مرے آقا کے نقشِ پا ہوں گے

☆☆☆

جمالِ رحمتِ حق کا خزینہ یاد آتا ہے
وطن میں آ گئے لیکن مدینہ یاد آتا ہے

زمانے کے اندھیروں کے سیہ طوفان میں گھر کر
وہ نورِ قدرتِ حق کا سفینہ یاد آتا ہے

حرم کے صحنِ اقدس میں وفورِ شوق کے سجدے
وہ سوز و ساز وہ لطفِ شبینہ یاد آتا ہے

جہاں کوئی دعا بھی مانگی جائے رد نہیں ہوتی
وہ در عرشِ الٰہی کا وہ زینہ یاد آتا ہے

ہے جس کی سبز کرنوں سے فضائے جاں درخشندہ
ہمیں وہ خاتمِ دل کا نگینہ یاد آتا ہے

خوشا قسمت کبھی ہم بھی گئے تھے جانبِ بطحا
سحرؔ رہ رہ کے وہ حج کا مہینہ یاد آتا ہے

☆☆☆

جس کو عشقِ شہِ لولاک لما مل جائے
لازمی ہے کہ اسے قربِ خدا مل جائے

سخت مشکل ہے کہ عرفانِ نبیؐ حاصل ہو
عین ممکن ہے کہ عرفانِ خدا مل جائے

ڈھونڈتا پھرتا ہوں وہ نقشِ کفِ پا جس سے
میری قسمت کی سیاہی کو ضیا مل جائے

کچھ نہیں چاہتا میں حرف و صدا کے مالک!
مجھ کو پیرایۂ اظہارِ ثنا مل جائے

ہاتھ اٹھیں بھی نہ اور دل کی طلب حاصل ہو
کاش مجھ کو بھی وہ اسلوبِ دعا مل جائے

تیرگی جہل کی نابود ہوئی جس سے سحرؔ
میری آنکھوں کو بھی وہ نورِ حرا مل جائے

☆☆☆

دل کا ہر گوشہ ہے مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم
جگمگ جگمگ ذرہ ذرہ صلی اللہ علیہ وسلم

میرا سینہ نور سے روشن دھڑکن دھڑکن نغمہ ایمن
میری لوحِ دل پر کندہ صلی اللہ علیہ وسلم

شہرِ مدینہ کے کوچوں کو دل کی آنکھوں سے دیکھو تو
ذرہ ذرہ ہے مہ پارہ صلی اللہ علیہ وسلم

اپنا مولا اپنا ملجا ہم بندوں کا ہے وہ آقا
آقا کا وہ خاص ہے بندہ صلی اللہ علیہ وسلم

دونوں جہاں پر ان کی رحمت سایہ فگن ہے ابر کی صورت
سب پر سایہ خود بے سایہ صلی اللہ علیہ وسلم

ان کی بخشش خاک پہ بھی ہے ان کا کرم افلاک پہ بھی ہے
فرش اور عرش پہ ان کا جلوہ صلی اللہ علیہ وسلم

بحرِ مصائب کا ساحل ہے عمر گریزاں کا حاصل ہے
ان کی یاد کا لمحہ لمحہ صلی اللہ علیہ وسلم

ان کے نور سے روشن ہر سو دامنِ فطرت کا ہر پہلو
سورج چاند زمین ستارہ صلی اللہ علیہ وسلم

ان کا نام ہماری عزت ان کا نام ہماری عظمت
ان کے نام سے ہم ہیں زندہ صلی اللہ علیہ وسلم

ان کا ذکر عبادت میری ان کا ذکر ہے عادت میری
ان کا ذکر ہے میرا وظیفہ صلی اللہ علیہ وسلم

روئے سحر میں جو طلعت ہے گیسوئے شب میں جو نکہت ہے
سب ہے ان کے نام کا صدقہ صلی اللہ علیہ وسلم

☆☆☆

نور کا آسماں مدینہ ہے
رشکِ صد کہکشاں مدینہ ہے

خود بخود دل جھکے ہیں بہر سجود
کعبۂ عاشقاں مدینہ ہے

سفرِ شوق میں ہیں اہلِ طلب
منزلِ کارواں مدینہ ہے

ہر قدم پر ہے رحمتوں کا نزول
رحمتوں کا نشاں مدینہ ہے

آسماں سے ہے ارفع و اعلیٰ
سرزمیں وہ جہاں مدینہ ہے

ہم سے پوچھو تو ہم سمجھتے ہیں
حاصلِ دو جہاں مدینہ ہے

کیوں نہ ہر آن ہو تصور میں
میرا دل میری جاں مدینہ ہے

ذرہ ذرہ ہے جس کا رشکِ سحرؔ
وہ حسیں گلستاں مدینہ ہے

☆☆☆

جس پر خدائے پاک کو بھی افتخار ہو
تم حسن کائنات کا وہ شاہکار ہو

تم پر کھلی ہوئی ہیں جہاں کی حقیقتیں
اسرارِ کُن فکاں کے تمہی رازدار ہو

دشمن بھی جس کو دیکھ کے دشمن نہ کہہ سکے
تم وہ نشانِ رحمتِ پروردگار ہو

دل کے لیے پیام سکوں ہے تمہارا نام
تم ہی علاجِ گردشِ لیل و نہار ہو

اب حد سے بڑھ چکی ہے شبِ غم کی تیرگی
اے آفتابِ صبح ازل! آشکار ہو

دل میں اگر ہے کوئی تمنا تو یہ سحرؔ
جاں آپؐ ہی کے نقشِ قدم پر نثار ہو

☆☆☆

یوں علاجِ تشنہ کامی چاہیے
لب پہ اُن کا نامِ نامی چاہیے

اک جہاں کی بادشاہی کے لیے
آپؐ کے در کی غلامی چاہیے

ظلمتوں کو ہے ضرورت نور کی
آپؐ کا اسمِ گرامی چاہیے

گنبدِ خضریٰ سے جو منسوب ہے
دل کو وہ کیفِ دوامی چاہیے

یہ مدینہ ہے یہ ہے شہرِ ادب
اس میں آہستہ خرامی چاہیے

خاکِ طیبہ تیرے ذرے چوم کر
آسماں سے ہمکلامی چاہیے

نعت کہنے کے لیے دل میں سحرؔ
عشقِ رومیؔ سوزِ جامیؔ چاہیے

☆☆☆

جب سنی مَیں نے صبا کی آواز
آئی ہے صلِ علیٰ کی آواز

ہے ہر اک غنچہ و گل کے لب پر
آپؐ کی مدح و ثنا کی آواز

ذرے ذرے میں ہے اب بھی زندہ
دلِ محبوب خدا کی آواز

ظلم کی تیرہ شبی ختم ہوئی
کونج اٹھی ماہِ دنیٰ کی آواز

منزلیں زیست کی آسان ہوئیں
آئی جب راہ نما کی آواز

عکس فرما ہے کتابِ حق میں
اُن کی ایک ایک ادا کی آواز

کاش محراب حرم میں ہو سحرؔ
خیمہ زن میری دعا کی آواز

☆☆☆

بوئے ہستی نہ عدم کی خوشبو
میری جاں میں ہے حرم کی خوشبو

سانس لیتی ہے رہِ طیبہ میں
آپ کے نقشِ قدم کی خوشبو

ہر طرف پھیلی ہوئی ہے اب بھی
آپ کے دستِ کرم کی خوشبو

باغِ جنت سے کہیں ہے بڑھ کر
گلشنِ بابِ حرم کی خوشبو

ناکہتِ خاکِ حرم کے آگے
خاک ہے باغِ ارم کی خوشبو

فقر کی بو ہو اگر پیشِ نظر
کچھ نہیں جاہ و حشم کی خوشبو

عام ہے شاہ و گدا کی خاطر
رحمتِ شاہِ اممؐ کی خوشبو

نعتِ سرور کا ہے اعجاز سحرؔ
روشنائی ہے قلم کی خوشبو

☆☆☆

مہر و مہ ارض و سما سے پہلے
آپؐ تھے صبح و مسا سے پہلے

زیست محرومِ کرم تھی کتنی
آپؐ کی شانِ عطا سے پہلے

ہر طرف رات کی تاریکی تھی
رخِ محبوبؐ خدا سے پہلے

آگہی علم، شعور و عرفاں
کچھ نہ تھا نورِ ہُدا سے پہلے

عشق کے دم سے ہی دل زندہ ہے
آئینہ کیا تھا جلا سے پہلے

اُس درِ فیض سے مانگو تو سہی
مل ہی جائے گا دعا سے پہلے

حالِ دل اپنی زباں سے کہہ دوں
میں پہنچ جاؤں صبا سے پہلے

معتبر تھا نہ مرا ذوقِ سخن
آپؐ کے حرفِ ثنا سے پہلے

ظلمتِ جہل تھی چھائی ہر سو
اے سحرؔ صبحِ حرا سے پہلے

☆☆☆

مرحبا ہیں گنبد و مینار میرے سامنے
جگمگاتے ہیں عجب انوار میرے سامنے

بابِ جبریلؑ و ریاضِ جنہ و بیتِ بتولؑ
عہدِ نور آسا کے ہیں آثار میرے سامنے

آستانِ نور پر حاضر ہوں اس انداز سے
کھل رہے ہیں عرش کے اسرار میرے سامنے

چہرہ گاہِ قدس کی جانب جو میں نے کی نظر
روشنی کی آ گئی دیوار میرے سامنے

گنبدِ خضرا کے نظاروں میں ایسے محو ہوں
عرشِ اعلیٰ ہے تجلی بار میرے سامنے

حبِ اہل بیت ہی کا نام تو اسلام ہے
اب بھی ہے ایماں کا یہ معیار میرے سامنے

اپنے دشمن سے کبھی بدلہ میں لے سکتا نہیں
فاتحِ مکہ کا ہے کردار میرے سامنے

میں مدینہ سے چلا آیا تو ہوں لیکن سحرؔ
رات دن ہے روضۂ سرکار میرے سامنے

☆☆☆

وجہِ تخلیق ممکنات ہیں آپؐ
رونقِ محفلِ حیات ہیں آپؐ

آپ کے دم سے ہے بہارِ جہاں
باعثِ حسنِ کائنات ہیں آپؐ

سایہ کیسے ہو آپ کا ممکن؟
پرتوِ نورِ اسم ذات ہیں آپؐ

آپؐ کا نام زندگی کا پیام
چارۂ تلخیِ حیات ہیں آپؐ

آپؐ کا حرف حرف ہے قرآں
نورِ آیاتِ بیّنات ہیں آپؐ

اہلِ بیتؑ آپ کے ستارے ہیں
آسمانِ تجلیات ہیں آپؐ

آپؐ احمدؐ بھی ہیں محمدؐ بھی
عکسِ آئینۂ صفات ہیں آپؐ

نوعِ انساں بھٹک نہیں سکتی
رہبرِ منزلِ نجات ہیں آپؐ

ہے سحرؔ مشکلات میں محصور
غم نہیں حلِ مشکلات ہیں آپؐ

☆☆☆

جلوہ گہ ہے یہ دل کی گلی آپؐ کی
اس مدینے میں ہے چاندنی آپؐ کی

ساری دنیا پہ سکہ رواں آپؐ کا
سارے عالم میں ہے سروری آپؐ کی

خواب میں گنبدِ سبز کو دیکھ کر
آ گئی دل میں تابندگی آپؐ کی

علم کی روح عرفان ہے آپؐ کا
آگہی کی ہے جاں آگہی آپؐ کی

ظلمتوں میں بھٹکتے ہوؤں کے لیے
مشعلِ راہ ہے زندگی آپؐ کی

آج بھی ہے پیام آپؐ کا رہنما
ہے ضرورت ہمیں آج بھی آپؐ کی

تیرگی غم کی چھٹ جائے گی اے سحرؔ
میری آنکھوں میں ہے روشنی آپؐ کی

☆☆☆

ذہن پر چھایا ہے منظر گنبد و مینار کا
ہے نظر کے سامنے جلوہ ترے دربار کا

کوئی میرے دل سے پوچھے تو بتاؤں مرتبہ
شہرِ طیبہ کے درخشندہ در و دیوار کا

میں نے ان آنکھوں سے دیکھا ہے مدینے کا جمال
مجھ پہ لطفِ خاص ہے یہ بھی شہِ ابرار کا

یہ مدینہ ہے یہاں اے جذبۂ دل احتیاط
ایک اک ذرہ یہاں ہے عرش کے معیار کا

میری کیا ہستی کہ میں وصفِ شہِ والا کروں
میں تو اک ادنیٰ گدا ہوں آپؐ کی سرکار کا

میں حضورِ سرور عالم ہوں محوِ کسبِ نور
میرے گردا گرد ہے اک سلسلہ انوار کا

ہر قدم پر دل کی دھڑکن ہے سحرؔ محوِ درود
کیا سفر ہے عشق کی اس منزلِ ضو بار کا

☆☆☆

دل کا یہ شہر ہے اب شہرِ مدینہ اُن کا
اس انگوٹھی میں چمکتا ہے نگینہ اُن کا

کہکشاں سے بھی ہیں نقشِ کفِ پا رخشندہ
مشک و عنبر سے فزوں تر ہے پسینہ ان کا

بوریا مسندِ شاہی سے کہیں ہے بڑھ کر
فقر کی دولتِ سادہ ہے خزینہ ان کا

آج بھی وقت کی لہروں پہ ہے بے خوف رواں
بے نیازِ غمِ طوفاں ہے سفینہ ان کا

چاند سورج ہیں سحرؔ ان کے تبسم کی ضیاء
مرکزِ نورِ سرِ عرش ہے سینہ ان کا

☆☆☆

شہِ انام کی مقصود ہے ثنا مجھ کو
لطافتِ دلِ حسانؓ ہو عطا مجھ کو

نظر کے سامنے پھیلا ہے کیا غبارِ سفر؟
اُڑا کے طیبہ کو لے جائے یہ ہوا مجھ کو

میں اُڑ کے پہنچوں ترے روضۂ منور پر
بدن کی قید سے اللہ کرے رہا مجھ کو

نظر میں جذب کروں روشنی دو عالم کی
ملے کہیں پہ اگر تیرا نقشِ پا مجھ کو

میں سنگ ہوں تو نظر سے تری بنوں گا گہر
میں آئینہ ہوں تو مل جائے گی جلا مجھ کو

میں مثلِ شمع ہوں بجھنا مرا مقدر ہے
درِ نبیؐ پہ ہوائے سحرؔ! بجھا مجھ کو

☆☆☆

عقیدتوں کے جو موتی لٹا رہا ہوں میں
حضوریٔ شہِ لولاک میں کھڑا ہوں میں

مرے لیے ہیں یہ لمحات عمر کا حاصل
کہ بارگاہِ نبیؐ میں سخن سرا ہوں میں

ہیں خاکِ پاک کے ذرے مری نگاہوں میں
بلندیوں پہ ستاروں کو دیکھتا ہوں میں

یہ کہہ رہی ہیں مرے دل کی دھڑکنیں مجھ سے
قریب شہرِ تمنا کے آ گیا ہوں میں

ترا وجودِ مقدس محیط بے پایاں
مری بساط ہی کیا موجۂ ہوا ہوں میں

جمالِ گنبدِ خضریٰ مری شبوں کا ہے چاند
جو یاد رحمتِ عالمؐ میں جاگتا ہوں میں

مری جبیں کو ملا ہے جو نقشِ پا تیرا
مثالِ روئے سحرؔ جگمگا رہا ہوں میں

☆☆☆

جس کی کوئی نظیر نہ کوئی مثال ہے
وہ خالقِ حیات کا ایسا کمال ہے

روشن اسی سے آئینہ ہے کائنات کا
اس کا جمال عکسِ رخِ بے مثال ہے

اس رہ پہ اس کے نقشِ قدم ثبت ہیں جہاں
انسان کیا ملک کا گزر بھی محال ہے

یہ کس کی بارگاہِ معلےٰ ہے سامنے؟
ایک ایک سانس پر جو ادب کا خیال ہے

میری نظر میں ہیچ ہیں شاہوں کے مرتبے
میری نظر میں شانِ اویسؔ و بلالؔ ہے

جب سے پڑی ہے روضۂ سرکار پر نظر
آنکھوں کی روشنی میں سحرؔ کا جمال ہے

☆☆☆

شہر ایماں کا تجلی بار منظر دیکھنا
ذرہ ذرہ ہے یہاں سورج کا ہمسر دیکھنا

دور ہو جائیں گی رنج و غم کی سب تاریکیاں
دل میں انکی یاد کی شمعیں جلا کر دیکھنا

ڈوب جائے گا مری فردِ گنہ کا حرف حرف
موجزن جب ہو گا رحمت کا سمندر دیکھنا

میرے آقا کی شفاعت کام آئے گی مرے
یہ مرا ایمان ہے اے اہلِ محشر دیکھنا

دے گیا ہے میری آنکھوں کو مہکتی روشنی
خواب میں وہ گنبدِ خضرا کا منظر دیکھنا

روز و شب طیبہ کی گلیوں کا تصور ہے سحرؔ
اوج پر ہے ان دنوں میرا مقدر دیکھنا

☆☆☆

ہے سامنے آستاں نبیؐ کا
یہ لمحہ حاصل ہے زندگی کا

چمک اٹھا آفتابِ فاراں
ہوا جگر چاک تیرگی کا

دیا ہے انسانیت کو اس نے
پیام امن اور آشتی کا

نہیں ہے اس کی لغت کے اندر
کہیں پہ بھی لفظ دشمنی کا

پھر اس کا سایہ ہو کیسے ممکن؟
جب اس کا پیکر ہو روشنی کا

ہے گنبدِ سبز کا نظارہ
علاج دل کی فسردگی کا

خدا ہے جب نعت گوئے احمدؐ
کسے ہو دعویٰ سخنوری کا؟

سحرؔ یہ اعزاز کم نہیں ہے
کہ میں ہو ذرہ رہِ نبیؐ کا

☆☆☆

محشر میں جو سرکار کا داماں نظر آیا
سمجھیں گے ہمیں سایۂ یزداں نظر آیا

ہے دل کے گلستاں میں تری بوئے محبت
ہم کو تو یہی حاصلِ ایماں نظر آیا

تاریخ کا ایک ایک ورق غور سے دیکھا
کوئی نہ بڑا آپؐ سا انساں نظر آیا

آئی جو مرے لب پہ ثنا شاہِ عربؐ کی
آنکھوں کو ہر اک سمت چراغاں نظر آیا

ہے رشکِ سحرؔ خاکِ مدینہ کی تجلی
ہر ذرہ ہمیں نیّرِ تاباں نظر آیا

☆☆☆

اُن ہی کی اصلِ نور ہے یزداں کہیں جسے
بس ان کا التفات ہے انساں کہیں جسے

جنت جمالِ گنبدِ خضریٰ کا عکس ہے
اور اک گدائے طیبہ ہے رضواں کہیں جسے

ذرہ ہے خاکِ کوچۂ شہرِ رسولؐ کا
اوجِ فلک پہ مہرِ درخشاں کہیں جسے

ان کی وِلا ہے انکی محبت ہے ان کا عشق
جانِ یقین و حاصلِ ایماں کہیں جسے

ان کے لبوں کا حسنِ تبسم ہے وہ سحرؔ
صبحِ ظہورِ عالمِ مکاں کہیں جسے

☆☆☆

یوں سوئے رشکِ گل مری موجِ سخن چلی
گویا اک آفتاب کی جانب کرن چلی

ہر دل میں شمع عشق نبیؐ جگمگا اٹھی
جب بھی ہوائے ذکرِ شہِ ذوالمنن چلی

آیا ہے ان کی یاد کا جھونکا جو ذہن میں
محسوس ہو رہا ہے کہ بادِ چمن چلی

ہم نعت کو ہیں سید والاتبار کے
ہم ہی سے رسمِ عظمت و تقدیسِ فن چلی

یہ کس کے گیسوؤں کا تصور ہے اے سحرؔ؟
میرے دل و دماغ میں بوئے سمن چلی

☆☆☆

جب آپؐ کے احاطہ داماں میں آ گئے
ہم بارگاہِ رحمتِ یزداں میں آ گئے

کیسے چمک رہے ہیں مدینے کے بام و در!
گویا ہم ایک شہرِ درخشاں میں آ گئے

سورج ستارے چاند زمین آسماں ہوا
آپؐ آ گئے تو عالمِ امکاں میں آ گئے

آئی ہے جب بھی لب پہ مرے مدحتِ رسولؐ
جھونکے بہار کے دلِ ویراں میں آ گئے

اے ناخدائے دہر! ہدایت کی روشنی
ہم ظلمتوں کے حلقۂ طوفاں میں آ گئے

دیکھا جو ہم نے ان کو یقیں ہو گیا سحرؔ
انوار کیسے پیکرِ انساں میں آ گئے

☆☆☆

علاجِ قلبِ پریشان و چشمِ تر آئے
دلوں کی سُن کے دعا صورتِ اثر آئے

تھی انتظار میں جن کی نظر زمانے کی
ہزار شکر کہ وہ منتظر نظر آئے

نبیؐ آخرِ دوراں وہ مرسلؐ برحق
وہ روح کون و مکاں جانِ خشک و تر آئے

زمانہ ان کی تجلی سے جگمگا اٹھا
شبِ سیاہ میں وہ صورتِ قمر آئے

وہ پیشوائے زمانہ وہ جانِ عصر سحرؔ
حریمِ دل میں رہے تھے جو جلوہ گر آئے

☆☆☆

جو ترے کوچۂ انور کو ٹھکانا سمجھے
ذرۂ خاک مقام اپنا ثریا سمجھے

آسماں پر جو نظر آیا مہِ نو کا جمال
ہم تو اس کو بھی ترا نقشِ کفِ پا سمجھے

خواب میں آیا نظر عرش عُلےٰ کا جلوہ
ہم اسے روشنیٔ گنبدِ خضرا سمجھے

اس کی آنکھوں پہ زمانے کی بصارت قرباں
اپنی معراجِ نظر جو رہِ بطحا سمجھے

کیوں نہ نازاں ہو وہ دل بوذؔر و سلماںؔ کی طرح
دلِ سلطانِ مدینہ جسے اپنا سمجھے

امنِ عالم کو ضرورت ترے افکار کی ہے
وقت ہے پھر ترے پیغام کو دنیا سمجھے

روشنی کا بھی کہیں سایہ ہوا کرتا ہے؟
کیوں نہیں ہے بدنِ پاک کا سایہ سمجھے

آپ کی مدح کا اعزاز ملا ہے اس کو
کیوں سحرؔ اپنے مقدر کو نہ اونچا سمجھے

☆☆☆

حسن کی چاندنی ہے طیبہ میں
عشق کی روشنی ہے طیبہ میں

ایک اک ذرہ سانس لیتا ہے
زندگی زندگی ہے طیبہ میں

ان کے نقشِ قدم پہ سجدے ہیں
لذتِ بندگی ہے طیبہ میں

دل دھڑکتا ہے ہر نظر کے ساتھ
روح کی سر خوشی ہے طیبہ میں

کیا سکوں بخش ہے سحرؔ منظر
ہم کو جنت ملی ہے طیبہ میں

☆☆☆

ہو زعم جسے خود پہ بہت دیدہ وری کا
دیکھے تو وہ نظارہ تری جلوہ گری کا

اے رہبرِ اعظم تری ایک ایک ادا سے
سیکھا ہے زمانے نے چلن راہبری کا

مل جائے اگر سنگِ درِ شاہِ مدینہ
جاگ اٹھے مقدر مری آشفتہ سری کا

قدموں میں مجھے اپنے بلا لو مرے آقا
ہے تم پہ عیاں حال مری دربدری کا

آنکھوں میں مری خاکِ مدینہ کی ضیا ہے
جلوہ ہے مرے سامنے نورِ سحرؔی کا

☆☆☆

قدسی ہے آشنائے مقامِ بشر کہاں؟
رفعت کے اہل طائرِ سدرہ کے پَر کہاں؟

خوش ہوں کہ ایک نسبتِ اُلفت ہے آپ سے
آقا ترے غلام کو محشر کا ڈر کہاں؟

ذرے کی کیا بساط ہے سورج کے سامنے
میری جبیں کہاں وہ ترا سنگ در کہاں؟

طیبہ کی یاد آ گئی جنت کو دیکھ کر
وہ شہر وہ چمکتے ہوئے بام و در کہاں؟

یہ آپؐ ہی کی چشمِ کرم کا ہے معجزہ
ورنہ شعورِ نعت کہاں اور سحرؔ کہاں؟

☆☆☆

یوں عکس ہے نظر میں تری جلوہ گاہ کا
ہمسر دکھائی دیتا ہے ہر ذرہ ماہ کا

شاہانِ ذی وقار کے شاہِ گلیم پوش
ہمرتبہ ہے تیرا گدا بادشاہ کا

آنکھوں کے سامنے ہے درِ روضۂ رسولؐ
کیا ہو گا اس سے بڑھ کر مقدر نگاہ کا

دیکھا ہے میں نے گنبدِ خضرا کو خواب میں
چمکے گا بخت اب مرے قلب سیاہ کا

اب ہے دل سحرؔ میں یہی ایک آرزو
ہو جائے کاش نقشِ قدم تیری راہ کا

☆☆☆

سبز گنبد کی ضیا ہے دیدۂ پُرنور میں
گلشنِ طیبہ کی خوشبو ہے دلِ مہجور میں

جو تمہارے چیرۂ اقدس کے خال و خد میں ہے
ہے کہاں تابندگی اتنی چراغِ طور میں؟

اس نظر کا ہر اشارہ عدل کا معیار ہے
جس نظر میں کچھ نہیں فرق آجر و مزدور میں

کون ہے جو بندگی میں بھی خدائی کا ہے راز؟
کس کا جلوہ ہے عیاں اس جلوۂ مستور میں

آنکھ کے پردے پہ کس رشکِ سحرؔ کا عکس ہے؟
خطۂ دل سربسر ڈوبا ہے رنگ و نور میں

☆☆☆

کتنا عظیم ذکر ہے رحمت کا بابؐ کا
ہر لفظ نعت گو ہے خدا کی کتاب کا

قلب و نظر کی صبحِ درخشاں کے روپ میں
پھیلا ہوا ہے نور اُسی آفتاب کا

چمکا ہے اس ادا سے جمالِ محمدیؐ
سنولا گیا ہے رنگ رُخِ ماہتاب کا

مجھ پر بھی اک نگاہِ کرم اے شہِ عربؐ
میں بھی ہوں اک غلام درِ بوترابؑ کا

جب بھی ہوا ہے شعر کوئی نعت کا سحرؔ
گلزارِ جاں میں پھول کھلا ہے گلاب کا

☆☆☆

بڑھ رہے ہیں غم کے طوفان بلا دل کی طرف
پھیر دیجے رُخ مری کشتی کا ساحل کی طرف

یاد آ جاتی ہے روئے مصطفیٰؐ کی چاندنی
دیکھتا ہوں جب فلک پر ماہِ کامل کی طرف

حشر کے دن اُن کی جانب دیکھتے ہیں اُمتی
سارے پروانوں کا رُخ ہے شمعِ محفل کی طرف

راستے کی ہر صعوبت میں سکوں پاتا ہوں میں
جا رہا ہوں اس طرح طیبہ کی منزل کی طرف

اے کریم بے بدل کب سے سحرؔ ہے منتظر
اک نگاہِ لطفِ پرور اپنے سائل کی طرف

☆☆☆

علاجِ دردِ عصیاں ہے قرارِ دل کا ساماں ہے
حضورؐ پاک کا اسمِ گرامی راحتِ جاں ہے

یہ سب اس پیکرِ نکہت کے نقشِ پا کا احساں ہے
کہ صحرائے عرب کا ایک اِک ذرہ گلستاں ہے

کوئی دیکھے اگر دل کی حقیقت بیں نگاہوں سے
بشر کے آئینے میں جلوہ فرما نورِ یزداں ہے

کسی انسان سے توصیف اس کی ہو نہیں سکتی
خدائے پاک جس حُسنِ مجسم کا ثنا خواں ہے

مرے نزدیک آ سکتی نہیں تاریکیاں غم کی
مرا سینہ چراغِ عشقِ احمدؐ سے فروزاں ہے

اُسی کی ذاتِ اقدس ہے مرے افکار کی مرکز
عمل سب جس کا سنت گفتگو سب جس کی قرآں ہے

سحرؔ نعت شہِ لولاک کا احسان ہے مجھ پر
قلم میرا مری تقدیر کی رفعت پہ نازاں ہے

☆☆☆

جو محوِ مدحتِ خیر الانام ہو جائے
مرے قلم کو بھی حاصل دوام ہو جائے

جو ذرہ سرورِ عالم کے در سے ہو منسوب
بلندیوں میں وہ گردوں مقام ہو جائے

حضورؐ آپ کا ہر لفظ آیۂ یزداں
جو آپ کہہ دیں خدا کا کلام ہو جائے

مری نماز حقیقت میں ہو نماز اُس دم
ترا خیال جو میرا امام ہو جائے

مری جبیں کو جو مل جائے خاک طیبہ کی
تمام دہر مرے زیرِ دام ہو جائے

یہ آرزو ہے یہ خواہش ہے یہ تمنا ہے
کہ میری عمر کی طیبہ میں شام ہو جائے

پھر اس کے ہاتھ بھی آ جائے دولتِ کونین
سحرؔ جو آپ کے در کا غلام ہو جائے

☆☆☆

جب بھی زباں سے نامِ محمدؐ ادا ہوا
ہونٹوں کو جبرئیل گیا چومتا ہوا

خوابِ جمالِ گنبدِ خضریٰ کے نور سے
کاشانۂ خیال ہے کتنا سجا ہوا

ان کے شرف سے ذاتِ بشر کو ملا شرف
انہی کی عظمتوں سے ہے انساں بڑا ہوا

کیوں ناز ہو نہ اپنے مقدر پہ چاند کو
وہ آپؐ ہی کی راہ کا اک نقشِ پا ہوا

نعتِ حضورؐ پاک میں مشغول ہوں سحرؔ
اک گلشنِ خیال ہے دل میں کھلا ہوا

☆☆☆

مٹی بھی یہاں رشکِ مہ و مہر بنی ہے
افلاک سے رخشندہ مدینے کی گلی ہے

سانسوں میں کچھ اس طرح ہے خوشبوئے مدینہ
جیسے کوئی جنت مرے سینے میں کھلی ہے

پلکوں پہ لرزتے ہیں چمکتے ہوئے تارے
میں ہوں شبِ تنہائی ہے اور یاد نبیؐ ہے

باطل کے مقابل مری گردن نہ جھکے گی
نظروں میں مری راہ حسینؑ ابن علیؑ ہے

شاہی سے سحرؔ بڑھ کے ہے اس در کی غلامی
کونین کی دولت مجھے اس در سے ملی ہے

☆☆☆

کتابِ دل پہ ان کا نام گر تحریر ہو جائے
تو یہ دنیا ہی کیا عقبیٰ مری جاگیر ہو جائے

نگاہوں میں مری شب بھر رہا ہے عرش کا جلوہ
مدینے کا نظارہ خواب کی تعبیر ہو جائے

تمہاری یاد کی خوشبو بسے گر میری سانسوں میں
مرا ویرانۂ دل خُلد کی تصویر ہو جائے

مری ہستی بکھر کر ریزہ ریزہ ہو گئی آقا
نگاہِ لطف ہو جائے مری تعمیر ہو جائے

سحرؔ جب نعتِ شاہِ پاک کہنے کا ارادہ ہو
جہانِ لفظ و معنی کیوں نہ پھر تسخیر ہو جائے

☆☆☆

جس نور سے رخشندہ و تابندہ جہاں ہے
معمور اُسی سے یہ مرا قریۂ جاں ہے

آیا ہے ابھی لب پہ مرے نامِ محمدؐ
ہر سانس مرا عطر کی اک موجِ رواں ہے

تھم جاتی ہے طیبہ میں تو گردش بھی فلک کی
اس شہر میں کوئی نہ زماں ہے نہ مکاں ہے

طوبیٰ کی مہک ہے کہیں کوثر کا ہے جلوہ
اک ایک قدم پر یہاں جنت کا گماں ہے

جھکتے ہیں سلاطینِ زمانہ بھی ادب سے
یہ بارگہِ قدس ادب گاہِ جہاں ہے

کس طرح سحرؔ حالِ دلِ زار سناؤں؟
اشکوں میں کوئی حرف نہ آہوں میں زباں ہے

☆☆☆

دل پہ چھایا جو آگہی کا رنگ
چمک اٹھا ہے زندگی کا رنگ

آپؐ آئے تو یہ زمیں مہکی
نکھر آیا ہے آدمی کا رنگ

خلد کی روشنی بھی ہے مدھم
دیکھ کر کوچۂ نبیؐ کا رنگ

گنبدِ سبز کو جو دیکھا ہے
ہم نے دیکھا ہے روشنی کا رنگ

نعت کا ہے سحرؔ کرم کہ ہوا
معتبر میری شاعری کا رنگ

☆☆☆

ہے جہاں ربِ لا مکاں کا نور
ہے وہاں شاہِؐ انس و جاں کا نور

آپ کا آستانِ رخشندہ
اس زمین پر ہے آسماں کا نور

آپ کی ذات عکسِ حسنِ ازل
آپ کی ذات کن فکاں کا نور

کہکشاں سے بھی ہے کہیں بڑھ کر
قدمِ شاہؐ کے نشاں کا نور

نعتِ سرور کا معجزہ ہے سحرؔ
چار سو ہے مرے بیاں کا نور

دو جگ دا والی

Kulliat-E-Hussain

حسین سحر

دو جگ داوالی

(پنجابی نعتاں)

حسین سحر

سحر سنز .....ملتان

ضابطہ

(سارے حق راکھویں)

تاریخ اشاعت: .....دسمبر ۲۰۰۷ء

طابع: .....الکتاب گرافکس ملتان

ناشر: .....سحر سنز ملتان

ہدیہ: ..... ۱۲۵ روپے

ملن دا پتہ

کتاب نگر حسن آرکیڈ ملتان چھاؤنی

انتساب

اپنی پیاری ماں دے ناں

جنھاں مینوں جمدیاں سار

عشقِ رسولؐ دی گھٹی دِتی

فہرست

میری اکھیاں دا نور تیری ذات	۷
ہر ذرہ اے اس خاک دا اسمان دا تارا	۹
سوہنا سوہنا مٹھا مٹھا پاک نبیؐ داناں	۱۱
ہر ویلے ذکر نبیؐ دا اے ہر ویلے یاد نبیؐ دی اے	۱۳
ثنا جس نے کیتی شہِ دوسراؐ دی	۱۵
مرے جیہانیں کوئی سوالی	۱۷
بلاوو تے مدینے میں دی آواں یا رسول اللہؐ	۱۹
محمدؐ حبیب خدا کملی والے	۲۱
مدینے جاوندی وائے جیکر تیرا گزر ہووے	۲۳
نہ خلد بریں نہ بہشت ارم دا	۲۵
صبح اوہدے عارضاں دا عکس اے	۲۷
رات عجب اک سفنا ڈٹھا	۲۹
دلاں اتے ہے تیرا راج آقاؐ	۳۱
نبیؐ دے عشق وچ جو نم نہیں اے	۳۳
سب توں اچی ذات نبیؐ دی	۳۵

5

اچا اے کل جہان دے اذہان توں مدینہ	۳۷
مختار فقط فرش زمیں دے ای نئیں آپؐ	۳۹
جد آپؐ دی یاد آئی	۴۱
رحمت دی نگری اے مدینہ	۴۳
کیڈا عظیم ذکر اے رحمت دے باب دا	۴۵
آپؐ دے لب توں جو ہویا ارشاد	۴۷
جتھوں تیکر خدائی ہے خدا دی	۴۹
بلا اے تازہ رحمت دا	۵۱
ودھ رہنے نیں درد دے طوفان سب دل دی طرف	۵۳
چمکیا جد عرب دے چن دا نور	۵۵
جد دی لیناں تیراناں	۵۷
جو آستاں نبوتؐ دے نام ہو جائے	۵۹
جو آپؐ دا فران اے	۶۱
روضہ ویکھاں تاں یاد طور آوے	۶۳
شہر طیبہ دا تجلی بار منظر ویکھنا	۶۵
محمد محمدؐ وظیفہ اے میرا	۶۷
مدینے ہو کے آیاں واں	۶۹
کتاب دل تے اوہداناں جیکر تحریر ہو جائے	۷۱

6

علاج گردش حالات اے حضور داناں	۷۳
رحمت عالم رہبر دوراں صلی اللہ علیہ وسلم	۷۵
دل مرا تشنہ ءانوار رسول عربی	۷۷
مخلوق خدا دی تے خدا سوہنے نبیؐ دا	۷۹
سب تو سچی ہستی تیری	۸۱
ترے پیام نوں دل توں بھلائے بیٹھے آں	۸۳
انج ای سرکار دا مہمان بنایا جاواں	۸۵
اک نظر میں تے وی یا خیر البشر	۸۷
اے مدینے دی ہوا آہستہ چل	۸۹
آپؐ دا روضہ اے میرے سامنے	۹۱
جلوہ نور خدا نوں ویکھدے	۹۳
اک طرف کائنات دی خوشبو	۹۵
مری دعا واں چ ایناں اثر نظر آوے	۹۷
لامکاں دی وسعتاں دی جان اوہ	۹۹
نظر آون گے جد منظر سنہری جالیاں والے	۱۰۱
نعتیہ ماہیے	۱۰۳
نعتیہ ہائیکو	۱۰۶

8

مالک عرش و فرش و کرسی توں
خالقِ جن و حور تیری ذات

توں ای ظاہر ایں تو ای باطن ایں
سارا غیب و حضور تیری ذات

7

حمد

میری اکھیاں دا نور تیری ذات
میرے دل دا سرور تیری ذات

ذرے ذرے دے وچ اے عکس ترا
میرے نزدیک دور تیری ذات

تاب قوسین اے ترا جلوہ
شعلہ حسنِ طور تیری ذات

ہر ذرہ اے اس خاک دا اسمان دا تارا
جنت توں وی سوہنا اے مدینے دا نظارا

پتھر وی لگے کلمہ پڑھن ویکھ نبیؐ نوں
دو ٹوٹے ہویا چن جدوں ہو یا اشارا

اورحمتؐ عالم اے تے فرخوف کیہ سانوں
ہے حشر دے وچ اوہدی شفاعت دا سہارا

ٹٹے ہوئے دل جوڑ دتے کملی دی چھانویں
دنیا تے شہہؐ دین دا احسان اے بھارا

ویکھن گیاں اکھاں کدی سرکار دا روضہ
چمکے گا کدی میرے نصیباں دا وی تارا

ہن وقت مدد ہے کرو امداد سحرؔ دی
طوفان چ بیڑی اے تے ہے دور کنارا

12

کوئی وی مشکل آ جاوے خوف نئیں کچھ سانوں
ساڈے تے دل دا اے سہارا پاک نبیؐ دا ناں

دنیا دے ظلمت خانے وچ مہکیا پُھلاں وانگر
چمکیا بن کے قطبی تارا پاک نبیؐ دا ناں

اہدی حرمت ایہدی عزت توں ایہہ تن من صدقے
سانوں اپنی جان تو پیارا پاک نبیؐ دا ناں

11

سوہنا سوہنا مٹھا مٹھا پک نبیؐ دا ناں
سب توں اُچا سب توں سچا پاک نبیؐ دا ناں

حق دی گل اے اللہ پاک دے سوہنے ناں توں بعد
سارایاں نانواں وچوں اُچا پاک نبیؐ کا ناں

خوشبوآں دے بلے میرے تن من اندر جاگے
جد میرے ہونٹھاں تے آیا پاک نبیؐ دا ناں

14

اس جگ اتے اس جگ اسے ہے سایہ رحمت عالمؐ دا
اج وی ہر پاسے اچیائی سوہنے مکی مدنی دی اے

چن چودھویں داتارے سورج سب لوہدے نورتوں روشن نیں
اسمان زمین تے ہر پاسے سب رونق اوس گلی دی اے

13

ہر ویلے ذکر نبیؐ دا اے ہر ویلے یاد نبیؐ دی اے
ہن ہجر دے غم وچ وی سجنو کیفیت اک خوشی دی اے

طیبہ توں جدوے آئے آں دید ادوی ہوروی تانگھاں نیں
اک اک پل دسے گھڑیاں دہر گھڑی وی اک صدی دی اے

ایہہ علم شعور تے وڈیائی سب شمع حرا دیاں کرناں نیں
رشنائی جگ وچ ہن وی تے اوسے کالی کملی دی اے

16

تری ہر ادا آیۂ بینۂ اے
تری گفتگو ، گفتگو اے خدا دی

اسیں آں سحؔر راہ الفت دے راہی
ہے منزل اساڈی مدینے دی وادی

15

ثنا جس نے کیتی شہہ ؐ دوسرا دی
ملی ودھ کے اوہنوں محبت خدا دی

میرے رہنما جد محمد ؐ نیں مینوں
ضرورت نئیں فر کسے رہنما دی

ایہہ چن تارے سورج نیں پر چھاویں اوہدے
ہے رشنائی چک وچ رخ مصطفیٰ دی

18

تیری رحمت دا ہے مینوں سہارا
میری جھولی تے ہے عملاں تو خالی

اوہو دوناں جہاناں لئی اے رحمت
اوہو آقا ای اے دو جگ دا والی

عرب منگتا تیرے لطف و کرم دا
عجم وی ہے تیرے درد دا سوالی

17

مرے جیہا نئیں کوئی سوالی
ہے میرے سامنے روضے دی جالی

نبی سب تیرے درتوں خیر منگدے
رسولاں وچ ترا رتبہ اے عالی

زمانے وچ ہے اوہدا نور چانن
اوہو کملی جہدی رنگت اے کالی

دنیں راتیں گناہاں دی میں اگ وچ سڑدا بلدا ہاں
ملن طیبہ دیاں تازا ہوا واں یا رسول اللہ ؐ

میرے سر تے رہوے سایہ ہمیشہ تیری رحمت دا
تیرے روضے دیاں نیں ٹھنڈیاں چھاواں یا رسول اللہ ؐ

بلاؤ تے مدینے میں وی آواں یا رسول اللہ ؐ
مدینے آ کے فیر واپس نہ جاواں یا رسول اللہ ؐ

تیری خاک قدم چماں تے جالی سینے لاواں میں
مقدر اس طرح اپنا بناواں یا رسول اللہ ؐ

کویں گزری اے ترے باجھ میری جان تے آقا
ملے موقع تے حال دل سناواں یا رسول اللہ ؐ

میں جاواں مدینے تے آواں تے جاواں
اہہ ہر ویلے دل وچ اے چا کملی والے

کدی اپنے دیدار دی خیر بخشو
سحؔر اے تہاڈا گدا کملی والے

محمد حبیبِ خدا کملی والے
شہنشاہ ہر دوسرا کملی والے

ایہہ سدھر ہمیشہ ای دل وچ اے رہندی
کدی کول اپنے بلا کملی والے

میں پلکاں دے نال اوس دھرتی نوں چُماں
ملے جے تیرا نقشِ پاک کملی والے

اسیں وی آں تیرے در دے سوالی خیر منگدے آں
اساڈے تے کرم دا دسایہ رحمت دی نظر ہووے

قلم دی اس توں ودھ کے ہور کیہ اُچیائی ہووے گی
نبیؐ دی مدح وچ ڈبیا ہو یا شام وسحر ہو وے

مدینے جاؤندی دائے جیکر تیرا گزر ہووے
اساڈے حال دی سوہنے نبیؐ نوں وی خبر ہو وے

نہ میرے کول کوئی دولت نہ میرے کول زر ہووے
ایہو میری تمنا اے مرا طیبہ چ گھر ہو وے

جیکر ہو وے نبیؐ دے عشق دی دولت مقدر وچ
تاں فیر دنیا ای کیہ دیں وی مرے زیرِ اثر ہو وے

غریباں دی سب دین دنیا بدل گئی
ہے دو جگ تے احسان تیرے کرم دا

میں نعت نبیؐ وچ آں محو عبادت
ہے رتبہ بڑا اچا میرے قلم دا

❁

نہ خلد بریں نہ بہشت ارم دا
طلبگار ہاں تیرے نقش قدم دا

چلے سب جہاناں تے بس اوہدا سکہ
اوہ آقا اے سوہنا عرب تے عجم دا

بھلا خوف کیہ ہو وے محشر دا مینوں
کہ ادنیٰ غلام آں میں شاہ اُمم دا

نقش سارا عظمت انسان دا
مصطفیٰ دی عظمتاں دا عکس اے

جنتاں نیں عکس طیبہ دا سحر
تے ایہہ طیبہ جنتاں دا عکس اے

صبح اوہدے عارضاں دا عکس اے
شام اوہدے گیسو آں عکس اے

ایہہ فلک توں نور برساندی گھٹا
آپؐ ای دی رحمتاں دا عکس اے

فرش اہدی وسعتاں دا آئنہ
عرش اوہدی رفعتاں دا عکس اے

29

رات عجب اک سفنا ڈٹھا
سفنے وچ مدینے ڈٹھا

کیہ دساں کیہ کیفیت سی
جد اوہ گنبد ساوا ڈٹھا

ہر پاسے سن نوری کرناں
ہر ذرہ اک تارا ڈٹھا

30

سفنا سی یا سحر حقیقت
جاگیا انج نصیبا ڈٹھا

رحمت دی خوشبو سی کھلری
جنت دا نظارا ڈٹھا

ویس عرب داچن جو چڑھیا
سورج منہ لکاندا ڈٹھا

پاک نبیؐ دے در تے جھکدا
جن انسان فرشتہ ڈٹھا

دلاں اتے ہے تیرا راج آقاؐ
شفاعت تیرے سر دا تاج آقاؐ

سہارا رحمتاں نے ودھ کے دتا
جدوں دتی میں تینوں واج آقاؐ

ابد تک ہر زمانے دے شہنشہ
تینوں دیندے رہن گے باج آقاؐ

تسیں مشکل کشا دے وی او مولا
سنوارو میرے وگڑے کاج آقاؐ

دہاڑے حشر دے ہے نفسا نفسی
گنہگاراں دی رکھنا لاج آقاؐ

زباں کھولے سحرؔ تعریف وچ کیہ
رسولاں دے تسیں سرتاج آقاؐ

34

میری اکھاں چ ہڑا اے ہنجو آں دا
کیہہ ایہہ وی چشمۂ زم زم نئیں اے؟

سحؔر میں ہاں غلام شاہ طیبہ
کوئی محشر دا منیوں غم نئیں اے

33

نبیؐ دے عشق وچ جو نم نئیں اے
اوہ اکھ اسرار دی محرم نئیں اے

ملی اے جد وی تیرے غم دی راحت
میرے دل وچ کوئی وی غم نئ نئیں اے

نہ لاں کونینؐ تیرے غم دے بدلے
کسے دولت توں گھٹ ایہہ غم نئیں اے

سب توں اچھی ذات نبیؐ دی
سب توں سوہنی بات نبیؐ دی

دنیا وی اونہاندا صدقہ
دین وی اے سوغات نبیؐ دی

ساڈے لئی اے اک نمونہ
ساری پاک حیات نبیؐ دی

ساری عمراں لئی کافی اے
ساڈے تے اک جھات نبیؐ دی

سحرؔ ایہو اے دل دی خواہش
مدح کراں دن رات نبیؐ دی

اُچا اے دو جہاں دی ہر شان توں مدینہ
ودھ کے ہے مرتبے وچ اسمان توں مدینہ

ہر ویلے ذکر اوہدا ہر ویلے فکر اوہدا
پیارا بہت اے سانوں جند جاں تو مدینہ

جس نوں ہجوم سارا فردوس کہہ رہیا اے
دِسدا اے حشر والے میدان توں مدینہ

اکھاں نوں بند کیتا پہنچے نبیؐ دے در تے
کجھ دور وی نئیں اے ملتان توں مدینہ

مولا علی سحرؔ نیں در جسدا، شہر کیہ اے؟
واضح ہویا نبیؐ دے فرمان توں مدینہ

39

مختار فقط فرش زمیں دے ای نئیں آپؐ
افلاک دی محفل دے وی ہن صدر نشیں آپؐ

ملدی ای نئیں کوئی مثال آپ دے رخ دی
ہن سارے جہاناں دے حسیناں تو حسیں آپؐ

ہے باغِ جہاں آپ دی خوشبو توں معطر
ہر شاخ چ، ہر برگ چ، ہر گل چ مکیں آپؐ

40

کس طرح میں بھل سکدا واں رہ ظلمتِ شب چ
ہن میرے خیالاں دے لئی نور یقیں آپؐ

دنیا اے سحرؔ جہدی شعاواں توں منور
ہن ایس انگوٹھی دے وی رخشندہ نگیں آپؐ

42

احمدؐ دے غلاماں نے
عزت اے بڑی پائی

ثابت اے محمدؐ توں
انسان دی وڈیائی

41

جد آپ دی یاد آئی
رحمت دی گھٹا چھائی

معراج اے عرشاں تے
کیہ تیری اے اُچیائی

آپؐ آئے جو دنیا وچ
اک تازہ بہار آئی

44

چپے چپے حسن دا جلوہ
عشق دی سرگرمی اے مدینہ

حشر تائیں اے ساوا روضہ
حشر تائیں باقی اے مدینہ

کیہ دساں کیہ سحر میں آکھاں
سب کچھ میرے لئی اے مدینہ

43

رحمت دی نگرای اے مدینہ
چانن دی وستی اے مدینہ

نور و نور اے اک اک ذرہ
عرش دی اک جھلکی اے مدینہ

امن دیاں خوشبو آں اتھے
جنت دی دھرتی اے مدینہ

46

میں تے وی اک نگاہ کرم اے شہہ عربؐ
میں وی ہاں اک غلام در بُو ترابؑ دا

جد وی ہویا اے شعر کوئی نعت دا سحرؔ
دل دے چمن چ پھل اے کھڑیا گلاب دا

45

کیڈا عظیم ذکر اے رحمت دے باب دا
ہر لفظ نعت گو اے خدا دی کتاب دا

دل تے نظر دی صبح دے چانن دے روپ وچ
ہر پاسے نور چھایا اے اک آفتاب دا

چمکیا کجھ اس طرح اے جمال محمدیؐ
سنولا گیا اے رنگ دی بن ماہتاب دا

48

نھیری راتاں چ چن چمکدا اے
ساوا روضہ جدوں وی آوے یاد

جے تسیں وی نہ سن سکو آقاؑ
کون سنسی غلام دی فریاد

47

آپؑ دے لب توں جو ہویا ارشاد
میری بخشش دی بن گیا بنیاد

ساڈے ویرانیاں تے وی رحمت
شالا طیبہ رہوے ترا آباد

جیدے ہونٹاں تے ذکر ہے تیرا
ہر مصیبت توں اوہ رہوے آزاد

49

جتھوں تیکر خدائی ہے خدا دی
ہے اوتھے مصطفائی مصطفیٰ دی

زمیں توں لے کے ست اسماناں تائیں
ہے ساری روشنی شمع حرا دی

کوئی قطرہ جے منگے دیویں دریا
ایہہ وسعت ہے تیری شان عطا دی

50

کتابِ پاک دی اِک اِک آیت
گواہی ہے تیری اک اک ادا دی

مدینے میرا حال دل پچا وے
میں منتاں کر رہیاں بادِ صبا دی

52

اس در تے منگ کے ویکھو ناں
ہووے اندازہ رحمت دا

کونین دے روشن رخ اتے
طیبہ اے غازہ رحمت دا

51

بُلا اے تازہ رحمت دا
کھلیا دروازہ رحمت دا

میں جد وی نعت لکھن لگیا
آیا آوازہ رحمت دا

ہنجواں نے میرے چہرے تے
ملیا اے غازہ رحمت دا

رہ دی ہر تکلیف وچ اے اک سکوں میرے لئی
جارہیاواں اس طراں طیبہ دی منزل دی طرف

اے مرے بے مثل شاہا ہے سحرؔ وی منتظر
اک نگاہِ لطف اپنے ایس سائل دی طرف

ودھ رہے نیں درد دے طوفان سب دل دی طرف
آپ چاہون تاں ایہہ کشتی ہووے ساحل دی طرف

یاد آجاندی اے رخسار نبیؐ دی چاننی
دیکھناں واں جد فلک تے ماہ کامل دی طرف

حشر دے دن اوہناں پاسے ویکھدے نیں امتی
سارے پروانے نیں تکدے شمع محفل دی طرف

56

عمر دے نھیریاں لئی اے مثال
اوہدے کردا تے چلن دا نور

نعت معراج فن اے شاعر دی
نعت اے عظمت سخن دا نور

ایہہ کرامت اے نعت مرسلؐ دی
چھا گیا اے سحؔر دے فن دا نور

55

چمکیا جد عرب دے چمن دا نور
مہکیا خلد دے چمن دا نور

ہر طرف اے بہار رحمت دی
ہر طرف اے شہہِ زمن دا نور

سایہ ممکن اے کس طرح اوہدا ؟
جہدا اسمان اے بدن دا نور

58

زندگی اے صدقہ تیرا
توں تے ہیں کونینؐ دی جاں

بھانویں ملدی ہو وے جنت
طیبہ دے بدلے نہ لاں

57

جد وی لیناں تیرا ناں
ہُل ہُل پیندیاں خوشبو آں

ساریاں چھاواں نالوں کوڑھی
ساوے روضے دی اے چھاں

اتھے اوتھے دوہیں جہانیں
تیرا سکہ اے ہرتھاں

59

60

ایہہ آرزواے ایہ خواہش اے ایہہ تمنا اے
کہ میری عمر دی طیبہ چ شام ہو جائے

سحؔر دے ہتھ وی آ جاوے دولت کونین
سحؔر جے آپ دے در دا غلام ہو جائے

جو آستانِ نبوتؐ دے نام ہو جائے
بلند ہو کے اوہ عالی مقام ہو جائے

مری نماز حقیقت چ ہے نماز اس دم
ترا خیال جو میرا امام ہو جائے

جو آپ دا ہے عمل اوہ ہے آیۂ یزداں
جو کہن آپؐ خدا دا کلام ہوجائے

62

دو جگ اُتے شاہی اوہدی
دو جگ دا اوہ سلطان اے

روضہ جتھے سرکار دا
اونی زمیں اسمان اے

پہنچاں نبیؐ دے شہر میں
ایہہ دل دے وچ ارمان اے

61

جو آپؐ دا فرمان اے
اوہ سر بسر قرآن اے

عشق نبیؐ اے زندگی
میرا ایہو ایمان اے

اوس آستانِ نور دا
جبریل وی دربان اے

64

اوہدی کیہہ شان جہدی شاناں وچ
ساری توریت تے زبور آوے

آپؐ آون سحؔر جے خواب اندر
میری ظلمت دے وچ وی نور آوے

63

روضہ ویکھاں تے یاد طور آوے
میری اکھیاں دے وچ اوہ نور آوے

لیندیاں سار تیرا ناں سوہنا
میرے دل نوں عجب سرور آوے

آپؐ دی مدح میں بیان کراں
اوہ سلیقہ کدی حضورؐ آوے

66

میرے آقا دی شفاعت کم آوے گی میرے
ایہہ مرا ایمان ہے اے اہل محشر ویکھنا

رات دن طیبہ دی گلیاں دا تصور ہے سحرؔ
کنی اچیائی تے ہے میرا مقدر ویکھنا

65

شہر طیبہ دا تجلی بار منظر ویکھنا
ذرہ ذرہ ہے ٹھے سورج دا ہمسر ویکھنا

دے گیا اے میری اکھاں نوں مہکدی چانتی
خواب اندر ساوے گنبد دا اوہ منظر ویکھنا

ڈب ای جاوے گا میری فرد گنہ دا حرف حرف
ٹھاٹھاں مارے گا جو رحمت دا سمندر ویکھنا

68

دنیں راتیں ہجر نبیؐ وچ تڑفناں
بہت مختصر سارا قصہ اے میرا

مرا فن اے مدح و ثنائے محمدؐ
سحرؔ معترف اک زمانہ اے میرا

67

محمدؐ محمدؐ اے میرا
ایہو بخششاں دا ذریعہ اے میرا

محبت نبیؐ دی عقیدہ اے میرا
ایہو زندگی دا قرینہ اے میرا

میرے سینے اندر اے عشق محمدؐ
بڑا قیمتی ایہہ خزانہ اے میرا

70

مقدر آپنے دی سب
سیاہی دھو کے آیا واں

تصور وچ مدینہ اے
بہشتوں ہو کے آیا واں

69

مدینے ہو کے آیا واں
گناہ سب دھو کے آیا واں

شہہ کونین دے درتے
غماں نوں ڈھو کے آیا واں

خطاں واں مٹ گیاں نیں سب
میں ایناں رو کے آیا واں

72

میری ہستی کھلر کے ریزہ ریزہ ہو گئی آقا
نگاہِ لطف نال ویکھو میری تعمیر ہو جائے

سحر ہو وے ارادہ جد لکھن دا نعت اوہناں دی
تاں لفظاں دا جہاں کسراں نہ فر تسخیر ہو جائے

71

کتاب دل تے اوہدا ناں جیکر تحریر ہو جائے
تاں ایہہ دنیا ای کیہ عقبیٰ مری جاگیر ہو جائے

نگاہواں وچ مری راتیں رہیا اے عرش دا جلوہ
مدینے دا نظارہ خواب دی تعبیر ہو جائے

ہے اوہدی یاد دی خوشبو رچی ہن میرے سہاں وچ
مرا ویران دل ہن خلد دی تصویر ہو جائے

اساں تے جووی اے منگیا ایسے وسیلے توں
اساڈے لئی تے مناجات اے حضورؐ داناں

بغیر ایس توں کجھ وی نئیں قبول سحرؔ
تمام روحِ عبادات اے حضورؐ دا ناں

علاجِ گردشِ حالاتِ حضورؐ داناں
مرے لباں اُتے دن رات اے حضورؐ داناں

اساڈے قلب دی تسکین ذکر اوہناں دا
اساڈی روح دی سوغات اے حضورؐ داناں

خدا دی ساری صفت ایس شیشے وچ آئی
تے اوسے عکس دی اک جہات اے حضورؐ داناں

رحمت عالم رہبر دوراں صلی اللہ علیہ وسلم
ہادیٔ اعظم ، شاہ رسولاں صلی اللہ علیہ وسلم

آپ کتوں پہلے کیہ سی حالت دنیا وچ سی رات دی ظلمت
آپؐ لیائے نور دی رشماں صلی اللہ علیہ وسلم

آپؐ ای خوشبو آپ ای رنگت آپ ای نور تے آپ ای طلعت
آپؐ دی ذات اے جان گلستاں صلی اللہ علیہ وسلم

آپ دی مدح کرے کیہ انسان جد کہ خدا وی خود اے ثنا خواں
آپؐ دی الفت حاصل ایماں صلی اللہ علیہ وسلم

دل تے طاری ہووے جے غم چھائے جے پت جھڑ دا موسم
آپؐ دی یاد اے رشک بہاراں صلی اللہ علیہ وسلم

دل مرا تشنۂ انوار ، رسول عربیؐ
اکھاں ہِن طالب دیدار رسول عربیؐ

رشکِ صد خلد ہے دربار رسول عربیؐ
سب توں اچے تسیں سرکار رسول عربیؐ

قیصر و کسریٰ دی شوکت دی حقیقت کیہ اے
حاصل دہر نیں سرکار رسول عربیؐ

چن تے سورج تے ستارے نین جے اسماناں تے
سب تیرے پرتوِ انوار رسول عربیؐ

دو جہاناں دا خزانہ مرے ہتھ آ جا وے
جے کراں آپؐ دا دیدار رسول عربیؐ

چانن چ بدل دتے ہنیرے دے ٹکانے
کردار ہے اک شمع ہدا سوہنے نبیؐ دا

ویہل اینی تاں دے دے مینوں اے موت ٹھہر جا
میں ویکھ لواں روضہ ذرا سوہنے نبیؐ دا

مخلوق خدا دی تے خدا سوہنے نبیؐ دا
کونین چ رتبہ اے بڑا سوہنے نبیؐ دا

سب روشنی اکھاں دے میں کشکول چ بھرلاں
دیکھاں جو میں نقشِ کفِ پا سوہنے نبیؐ دا

ایہو ای تمنا اے مری ایہو ای خواہش
میں ذکر کراں صبح و مسا سوہنے نبیؐ دا

82

ہر پاسے تیری خوشبو اے
مہک پھلاں دی ہستی تیری

توں ای ہیں دو جگ دا والی
سب دی حامی ہستی تیری

81

سب توں سچی ہستی تیری
سب تو اچی ہستی تیری

پاک اے سارا ناں وی تیرا
پاک اے ساری ہستی تیری

تیتھوں دور وہئے نیں نھیرے
اک رشنائی ہستی تیری

84

جے تیتھوں دور ہوئے زندگی توں دور ہوئے
بھٹکدے پھرنے آں منزل بھلائے بیٹھے آں

ہے اس توں ودھ کے ستم ہور کیہ ستم کوئی
عمل دی شمع نوں آپے بجھائے بیٹھے آں

83

ترے پیام نوں دل توں بھلائے بیٹھے آں
ہزار حیف ستم خود تے ڈھائے بیٹھے آں

پرویا توں تے بھرپی دے رشتے وچ سانوں
مگر ایہہ رشتہ دلاں توں مٹائے بیٹھے آں

نہ اج تیک کی دل دے وچ اتار سکے
فقط زبان تے کلمہ سجائے بیٹھے آں

86

ساوے گنبد دی جو اک وار زیارت کرلاں
نارِ دوزخ دی میں گرمی توں بچایا جاواں

جا کے طیبہ مری بس اکو ایہو خواہش اے
میں فضا وچ مہک بن کے سمایا جاواں

85

انج ای سرکار دا مہمان بنایا جاواں
کاش ہر سال مدینے میں بلایا جاواں

خواب وچ آپؐ دا دیدار جیکر مل جاوے
تا قیامت نہ میں فرنیندوں جگایا جاواں

موت آجائے مدینے دی فضا وچ مینوں
حشر دے دن ایسے مٹی چوں اُٹھایا جاواں

88

چارے پاسے خوشبوآں نیں مہکیاں
جد کدی میں آکھیا خیرالبشر

ہے سحؔر جو آپ دا مدحت سرا
آپ ای دی ہے عطا خیرالبشر

87

اک نظر میں تے وی یا خیرالبشر
آپ بن عقدہ کشا خیرالبشر

آپ دی توصیف کیہ کریئے بیاں
آپ بن خیرالوریٰ خیرالبشر

ڈر نئیں سانوں کسے طوفان دا
ہین اساڈے ناخدا خیرالبشر

90

گنبدِ خضرا اے تیرے روبرو
آرہی اے ایہہ صدا آہستہ چل

سوچ کے رکھ ہر قدم اس شہر وچ
ایہہ ہے طیبہ دی فضا آہستہ چل

89

اے مدینے دی ہوا آہستہ چل
مینوں وی لے جا ذرا آہستہ چل

میری کیفیت دی اے تینوں خبر
اے مری درد آشنا آہستہ چل

شوق کہندا اے مرا جلدی پہنچ
دل اے کہندا اے مرا آہستہ چل

92

ہاں غمِ عشقِ نبی وچ مبتلا
کیہ غمِ دنیا اے میرے سامنے؟

دشماں نوں وی میں دیندا آں دعا
اُسوۂ آقا اے میرے سامنے

91

آپؐ دا روضہ اے میرے سامنے
جنتِ اعلیٰ اے میرے سامنے

تازگی ای تازگی اے ہر طرف
گنبدِ خضرا اے میرے سامنے

پڑھ رہیاواں آیتِ قرآن میں
آپؐ دا چہرہ اے میرے سامنے

93

جلوۂ نورِ خدا نوں ویکھدے
جے کدی شمس الضحیٰ نوں ویکھدے

جے اسی ہوندے نبیؐ دے عہد وچ
حُسنِ شاہِ انبیاء نوں ویکھدے

آپؐ دا خلق آپؐ دا حُسنِ کلام
آپؐ دی اِک اِک ادا نوں ویکھدے

94

ویکھدے نیں جو فلک تے کہکشاں
منظرِ غارِ حرا نوں ویکھدے

ویکھیا اے چن جنھاں ضوفشاں
آپؐ دے اوہ نقش پا نوں ویکھدے

95

اک طرف کائنات دی خوشبو
اک طرف اوس ذات دی خوشبو

عرش تے چھائی سی جو ہر پاسے
سی اوہ اسریٰ دی رات دی خوشبو

ساوے گنبد نوں ویکھ کے آئی
روح وچ اک حیات دی خوشبو

96

میری رگ رگ چ میری نس نس وچ
ہے درود و صلوٰۃ دی خوشبو

مدحِ سرکار دی عطا اے سحرؔ
ایہہ قلم تے دوات دی خوشبو

مری دعا واں چ انیاں اثر نظر آوے
اوہ آستانہ اوہ روضہ اوہ در نظر آوے

میں لبھ لواں گا قدم پاک دی تجلی نوں
جے مصطفیٰ ؐ دی کتے رہگزر نظر آوے

مدینے دے درودیوار وچ اے اپنا پن
جو چارے پاسے مینوں اپنا گھر نظر آوے

نبی دی یاد چ جدوی کدی میں ڈُبناں واں
تاں میری اکھاں دا ہنجو گوہر نظر آوے

ایہہ صرف فیض اے ونہاندا تھر بس ونہاندا کرم
جو وقف مدح و ثنا لئی سحؔر نظر آوے

99

عالمِ انسانیت دے واسطے
ہن خدا دی نعمتاں دی جان اوہ

شعر ہوندے نیں سحؔر جو نعت دے
ہین ساری مدحتاں دی جان اوہ

100

لا مکاں دی وسعتاں دی ای جان اوہ
عرش دی ہن رفعتاں دی جان اوہ

دشمناں دے واسطے ہن سائباں
دو جہاں دی رحمتاں دی جان اوہ

آدمیت دا ودھایا قد اوہناں
ہن بشر دی عظمتاں دی جان اوہ

101

نظر آون گے جد منظر سنہری جالیاں والے
کھلن گے رحمتاں دے در سنہری جالیاں والے

عطا کر روشنی سانوں عطا کر زندگی سانوں
اسیں آئے آں تیرے در سنہری جالیاں والے

حقیقت ہے ایہو بعدِ خدائے لم یزل توں ہیں
نئیں تیتھوں کوئی برتر سنہری جالیاں والے

102

بھلا ممکن اے کسراں تیری ذاتِ پاک دا سایہ
سراسر نور دے پیکر ! سنہری جالیاں والے

کدی جے آپ میرے خواب وچ جلوہ وکھا جاون
چمک اٹھے ایہہ میرا گھر سنہری جالیاں والے

103

نعتیہ ماہیے

اسمانیں تارے نیں
اِس جگ اُس جگ تے سرکار سہارے نیں

پھلاں اتے شبنم اے
سرکار دا کیہ کہنا اوہ رحمتِ عالمؐ اے

باغاں وچ کلیاں نیں
سوہنیاں سب جگ توں تیرے شہر دی گلیاں نیں

104

عرفان دے راہی نیں
تیری نبوت دی رکھ دیندے کوہی نیں

صدقے تن من ہویا
انگلی دے اشارے تے دوٹوٹے چن ہویا

گلاں نیں تول دیاں
آقا تیرے ہتھاں وچ کنکریاں بول دیاں

105

رحمت دی ہواواں نیں
طائف دے بزاراں وچ دشمن لئی دعاواں نیں

اوہ گئے نیں سیراں نوں
عرشاں نے چمیا اے سرکار دے پیراں نوں

انج چاک رفو کیتا
ہنجواں نے محبت وچ اکھیاں دا وضو کیتا

106

نعتیہ ہائیکو

سب خدائی دا ہے خدا مالک
تے خدا دا حبیبؐ اے احمدؐ
کیسی نسبت ایہہ خوبصورت اے

آپؐ دا شجرۂ نسب نوری
آپؐ دی جدتے آپؐ دی اولاد
نور دا اکو سلسلہ نیں سب

107

آپؐ ہن وجہ خلقت عالم
آپؐ ہن کائنات دا مقصد
آپؐ احمدؐ وی ہن محمدؐ وی

آپؐ یٰسین آپؐ طٰہٰ نیں
آپؐ دے سر تے سایۂ لولاک
آپ دا سایہ سارے عالم تے

108

جے جہدی ذات علم دا اک شہر
جہدا مولا علی اے دروازہ
اوس امی لقب توں میں قرباں

علم ، عرفان آگہی تے شعور
فکر ، ایمان ، بندگی ، اخلاق
اوس شمع حرا دی رشماں نیں

109

آپؐ آئے جو ایس دنیا وچ
ایس اجڑے ہوئے چمن اندر
رحمتاں دی نویں بہار آئی

کھڑے پئے پھل بخششاں والے
چارے پاسے کرم دی بارش نال
رخ کونین تے نکھار آیا

110

طائف اچ پتھراں دی بارش نال
آپؐ دا سی لہو لہان بدن
فروی کوئی نہ بددعا کیتی

آپؐ خلق عظیم دا مطلب
آپؐ خیر البشرؐ دا بن مفہوم
آپؐ دی ذات رحمت عالم

111

دشماں نے ون من لیا دل توں
کیسا کردار پاک روشن اے
آپؐ صادق وی نیں امین وی نیں

آپ غفار تے کریم و رحیم
آپؐ مکی و آپؐ مدنی وی
خاتم الانبیاء اے آپؐ دی ذات

رحمتاں دی پھوار دے صدقے
مرے دل دی سیاہی مٹ گئی اے
ہو کے آیاں واں میں مدینے توں

112

میرے سرتے ہے چھاں محبت دی
میر اکھاں چ نورِ ایمانی
میرے قدماں دے وچ ستارے نیں

معجزہ ایہہ وی اے عجب تیرا
تیری انگلی دے اک اشارے نال
چن دو ٹوٹے ہویا فلک اُتے

تیرا اعجاز ہے مرے مولا
ڈبدا سورج پچھاں پرت آیا
زمیں اسمان تیرے زیر نگیں

تنویر

Kulliat-E-Hussai

حُسین سحرؔ

تنویر

(دینی شاعری)

حُسین سحؔر

کتاب نگر حسن آرکیڈ، ملتان

ضابطہ

(جملہ حقوق محفوظ)

اشاعتِ اوّل	2000ء
کمپوزنگ	کمپوگرافکس، ملتان
طباعت	ملتان آرٹ پریس، ملتان
ناشر	کتاب نگر حسن آرکیڈ، ملتان
قیمت	-/100 روپے

انتساب

اپنے پیارے بیٹے
شہزاد حسین کے نام

ترتیب

حمد

۱۔ زمینوں میں تو آسمانوں میں تو
۲۔ میری آنکھوں میں روشنی تیری
۳۔ جبینِ صبح کو جو نور سے معمور کرتا ہے
۴۔ فرض جو ہم پر ہے کچھ ایسے ادا کرتے رہیں
۵۔ بے نیازی کی حد نہیں کوئی
۶۔ زمین تیری ہے یہ ہفت آسماں تیرے

نعت

۱۔ ان کی جانب سے نہ گر توفیق ہو
۲۔ جو ظلم و جہل کی دنیا میں تیرگی پھیلی
۳۔ رہا نہ قیصر و کسریٰ کا کچھ حشم باقی
۴۔ ان کی رہ کی جو دھول ہو جائے
۵۔ برگِ جہل خرد گرچہ تیرگی ہے بہت
۶۔ مجھ کو کرم کی ایسی ضیا دیجئے حضورؐ!
۷۔ قلم میرا کبھی جب مدحتِ سرکار کرتا ہے
۸۔ محمدؐ مصطفیٰ ہیں جانِ رحمت
۹۔ جب جوش بحرِ رحمتِ باری میں آ گیا
۱۰۔ جونہی ظلمت خانۂ دنیا میں آئے مصطفیٰؐ
۱۱۔ آپؐ کے در کی یہ غلامی ہے
۱۲۔ ظلمتِ زندگی میں ضیا چاہیئے
۱۳۔ جہاں کو ہے سائباں کی حاجت
۱۴۔ میں نے دیکھا جو خواب رحمت کا
۱۵۔ وہ چاندنی ہے مہِ دو جہاں کے سائے میں
۱۶۔ مدحت کو تری کون ثنا خواں نہیں نکلا؟
۱۷۔ خیال خلدِ شہِ ذوالمننؐ میں چھوڑ آئے
۱۸۔ چاندنی میں نہ وہ ضیا میں ہے
۱۹۔ نہ کہکشاں نہ کسی آسماں سے آیا ہے
۲۰۔ سیم و لعل و زر نہ گوہر چاہیئے
۲۱۔ میں مدحِ سرکار کر رہا ہوں
۲۲۔ یہ جو ہیں سرکار کے در پر منور سلسلے
۲۳۔ جس قدر ہیں رفتہ و موجود و آئندہ نقوش
۲۴۔ یہ آپؐ ہی کا ہے شہِ ہر دوسرا اشرف
۲۵۔ کسی بھی وصف کا ان کے حصار ناممکن
۲۶۔ ان کے دربار میں جو ہوئی حاضری
۲۷۔ کچھ نہیں چاہتا میں اُن کی زیارت کے سوا
۲۸۔ آپؐ ام الکتاب لائے ہیں
۲۹۔ کیسے ممکن ہے کہ امت ہو نبی کوئی نہ ہو
۳۰۔ جب کبھی صلِ علیٰ پڑھتے ہوئے ہم سو گئے
۳۱۔ چاہتا ہو جو بھی جینے کی بہار
۳۲۔ دل میں ان کا جو نور ہو جائے

۳۳۔ چارہ گرِ مصائب وآلام آپؑ ہیں
۳۴۔ حیات کچھ بھی نہیں اُن کی آرزو کے بغیر
۳۵۔ درِ اقدس پہ نظر محوِ تلاوت گزری
۳۶۔ چمکے کبھی جو میرا ستارہ نصیب کا
۳۷۔ مرے آقا مرے سلطان چلا آیا ہوں

منقبت

۱۔ پنجتنؑ
۲۔ قصیدۂ ولایت
۳۔ مولا علیؑ
۴۔ فاطمہؑ
۵۔ حسنؑ

سلام

۱۔ دینِ محمدیؐ کو بچایا حسینؑ نے
۲۔ دشت میں خاموش یوں اک بولتا قرآن ہے
۳۔ چاروں طرف ہے میرے فضائے غمِ حسینؑ
۴۔ دل میں مرے جو غم کا دجلہ گرتا ہے
۵۔ دشتِ بلا میں آج گلستاں اسی کا ہے
۶۔ دہر سے مٹائی یوں شب کی تیرگی تو نے
۷۔ آسمانِ کربلا میں کیا تھی پروازِ حسینؑ
۸۔ نقوشِ صحرا

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	۳۲
۳۳	۳۴	۳۵	۳۶	۳۷	۳۸	۳۹	۴۰
۴۱	۴۲	۴۳	۴۴	۴۵	۴۶	۴۷	۴۸
۴۹	۵۰	۵۱	۵۲	۵۳	۵۴	۵۵	۵۶
۵۷	۵۸	۵۹	۶۰	۶۱	۶۲	۶۳	۶۴
۶۵	۶۶	۶۷	۶۸	۶۹	۷۰	۷۱	۷۲
۷۳	۷۴	۷۵	۷۶	۷۷	۷۸	۷۹	۸۰
۸۱	۸۲	۸۳	۸۴	۸۵	۸۶	۸۷	۸۸
۸۹	۹۰	۹۱	۹۲	۹۳	۹۴	۹۵	۹۶
۹۷	۹۸	۹۹	۱۰۰	۱۰۱	۱۰۲	۱۰۳	۱۰۴
۱۰۵	۱۰۶	۱۰۷	۱۰۸	۱۰۹	۱۱۰	۱۱۱	۱۱۲
۱۱۳	۱۱۴	۱۱۵	۱۱۶	۱۱۷	۱۱۸	۱۱۹	۱۲۰
۱۲۱	۱۲۲	۱۲۳	۱۲۴	۱۲۵	۱۲۶	۱۲۷	۱۲۸

زمینوں میں تُو آسمانوں میں تُو
یہاں اور وہاں دو جہانوں میں تُو

تُو ہی لامکاں میں ہے جلوہ کناں
مکینوں میں تو ہے مکانوں میں تو

فقط ماضی و حال و فردا نہیں
ازل اور ابد کے زمانوں میں تو

سمندر کی بے انت گہرائی میں
فلک بوس سنگیں چٹانوں میں تو

سلگتے ہوئے دشت مسکن ترا
مہکتے ہوئے گلستانوں میں تو

تو حدِ نظر سے بھی آگے عیاں
پرندوں کی اونچی اڑانوں میں تو

برستی ہوئی دھند تیری ردا
دھنک کی چمکتی کمانوں میں تو

مری فکر کے زاویوں میں نہاں
خیالوں میں تو ہے گمانوں میں تو

ترا روپ چمکی ہوئی دھوپ میں
خنک ابر کے سائبانوں میں تو

کہاں ہے؟ نہیں ہے کہاں تیری ذات؟
حقیقت میں تو داستانوں میں تو

لبوں پر ترا نام شام و سحر
دلوں کے ہے مخفی خزانوں میں تو

میری آنکھوں میں روشنی تیری
میرے سانسوں میں زندگی تیری

تُو ہی ارض و سما کا مالک ہے

ملک تیرا ہے خسروی تیری

کوہ و صحرا سے دشت و دریا تک
ایک محفل سی ہے سجی تیری

تیرا سورج ترے ستارے ہیں
چاند تیرا ہے چاندنی تیری

دن کی سب رونقیں ترے دم سے
اور راتوں کی خامشی تیری

ندیوں میں تری روانی ہے
آبشاروں میں نغمگی تیری

مسکراہٹ ہے تیری کلیوں میں
کھلتے پھولوں میں ہے ہنسی تیری

پتے پتے کے لب پہ تیرا ذکر
دھوم ہر سمت ہے مچی تیری

عاجز و گنگ ہے زبانِ سحرؔ
حمد کچھ بھی نہ ہو سکی تیری

جبینِ صبح کو جو نور سے معمور کرتا ہے
وہی لوحِ افق سے تیرگی کافور کرتا ہے

بھلا وہ کون ہے سنتا ہے جو فریاد مضطر کی؟
اور اس کی ہر مصیبت کو جو بڑھ کر دور کرتا ہے

یہ اس کی بے نیازی ہے غنی ہے وہ دو عالم سے
کہ دیتا ہے کبھی غم اور کبھی مسرور کرتا ہے

سنے گا کیوں نہ اپنی بارگہ میں آرزو میری؟
دعا کو جو درونِ سینہ بھی منظور کرتا ہے

مری شامِ الم کو وہ سحرؔ سے کیوں نہ بدلے گا؟
جو اپنے نور سے ہر ذرہ رشکِ طور کرتا ہے

فرض جو ہم پر ہے کچھ ایسے ادا کرتے رہیں
اپنے خالق اور مالک کی ثنا کرتے رہیں

بخشتی رہتی ہے اس کی رحمتِ بے انتہا
لاکھ ہم عاصی خطاؤں پر خطا کرتے رہیں

گو ہمارے دل کے اک اک راز سے واقف ہے وہ
پھر بھی اس کی بارگہ میں ہم دعا کرتے رہیں

آتی جاتی سانس میں ہوں بندگی کی نکہتیں
نطق کو تسبیح سے ہم آشنا کرتے رہیں

زندگی کا ایک اک لمحہ امر ہو جائے گا
حمدِ رب العالمیں صبح و مسا کرتے رہیں

اس کا جلوہ بھی نظر آ جائے گا اک دن ہمیں
گاہے گاہے دیدۂ دل کو جو وا کرتے رہیں

حق ادا ممکن نہیں اس کی عبادت کا کبھی
رات دن گردش اگر ارض و سما کرتے رہیں

اس نے بھیجا ہے محمدؐ کو بنا کر پیشوا
جس قدر ہو شکر اس احسان کا کرتے رہیں

کونسی نعمت ہے جو بخشی نہیں اس نے سحرؔ
ذکر اس کا چاہیئے اہلِ وفا کرتے رہیں

بے نیازی کی حد نہیں کوئی
اس سے بڑھ کر صمد نہیں کوئی

اس کے ہر جا نشان ہیں لیکن
قد و رخ، خال و خد نہیں کوئی

ابتدائے ازل نہیں جیسے
انتہائے ابد نہیں کوئی

اس سمندر کا ایک قطرہ ہوں
جس کی وسعت کی حد نہیں کوئی

جو رواں ہے ہماری سانسوں میں
اس کی ہستی کا رد نہیں کوئی

اس کی یکتائی کہہ رہی ہے سحرؔ
ویسی ہستی احد نہیں کوئی

زمین تیری ہے یہ ہفت آسماں تیرے
نشاں ہیں میرے خدایا کہاں کہاں تیرے

یہ عرش و فرش یہ کرسی یہ لامکاں تیرے
زماں، مکاں یہ ملائک یہ انس و جاں تیرے

یہ برق و باد یہ ابرِ گہر فشاں تیرے
یہ موجِ آب یہ کشتی یہ بادباں تیرے

طیور زمزمہ پرداز ہیں ثنا میں تری
یہ جن و انس یہ قدسی ہیں مدح خواں تیرے

تری عطائیں افق در افق ہیں لامحدود
عنایتوں کے سمندر ہیں بیکراں تیرے

یہ کہہ کے ہو گئے خاموش اہلِ حال آخر
کہ وصف کر نہیں سکتی بیاں زباں تیرے

یہ شمس و نجم و قمر، روز و شب، یہ شام و سحر
دکھائی دیتے ہیں چاروں طرف نشاں تیرے

ان کی جانب سے نہ گر توفیق ہو
کس طرح پھر نعت کی تخلیق ہو؟

جسم سے پہلے مری ہو حاضری
روح کو حاصل اگر تشویق ہو

کس طرح حاصل نہ ہو سوزِ یقیں
دل اگر فاروق اور صدیق ہو

میرا فن شائستۂ عشقِ نبیؐ
میرا لہجہ کیوں نہ نستعلیق ہو؟

لطف تو جب ہے لبِ اعجاز سے
میرے اک اک حرف کی توثیق ہو

نام لیوا ہے اگر ان کا سحرؔ
کیسے دل یہ کافرو زندیق ہو؟

جو ظلم و جہل کی دنیا میں تیرگی پھیلی
تو ماہِ طیبہ کی ہر سمت چاندنی پھیلی

خموش وقت کی نبضیں تھیں آپؐ سے پہلے
حضورؐ! آپؐ کے آنے سے زندگی پھیلی

بشر ہوا تھا قتال و جدال کا عادی
جب آپؐ آئے زمانے میں آشتی پھیلی

سمجھ میں آیا ہے معبود و عبد کا رشتہ
حضورؐ! آپؐ سے خوشبوئے بندگی پھیلی

یہ آپؐ ہی کا ہے احسان آدمیت پر
کہ علم عام ہے دنیا میں آگہی پھیلی

ہماری آنکھ کا کاسہ ہے پُر تجلی سے
ہمارے دل میں تھی عرفاں کی تشنگی پھیلی

سحرؔ یہ فیض ہے تخلیقِ نعتِ سرورؐ کا
مرے قلم کی رگوں میں ہے روشنی پھیلی

رہا نہ قیصر و کسریٰ کا کچھ حشم باقی
مگر جہاں میں ہے جاہِ شہِ اُممؐ باقی

ہے آستانِ شہِ کائنات پائندہ
نہ تختِ جم ہے نہ ہے گلشنِ ارم باقی

رہے گا تا بہ ابد پر ضیا و رخشندہ
حضورؐ! آپؐ کا نقشِ کفِ قدم باقی

ہمارے سر پہ فقط رحمتِ دو عالم کا
رہے گا حشر تلک سایۂ کرم باقی

یہی دعا ہے ملوث نہ مدحِ غیر میں ہو
خدا کرے کہ رہے حرمتِ قلم باقی

ہلالِ نو جو چمکتا ہے آسماں پہ سحرؔ
یہ زلفِ صاحبِ واللیل کا ہے خم باقی

ان کی رہ کی جو دھول ہو جائے
رشکِ جنت وہ پھول ہو جائے

کیوں نہ فردوس کے ہو سائے میں
جو غلامِ بتول ہو جائے

شہرِ سرکارؐ کی فضاؤں میں
زندگی با اصول ہو جائے

میرا انجام ان کے در پر ہو
ساری محنت وصول ہو جائے

دین و دنیا مرے سنور جائیں
گر نگاہِ رسولؐ ہو جائے

حشر میں بھی پڑھوں میں نعت سحرؔ
یہ تمنا قبول ہو جائے

برنگِ جہلِ خرد گرچہ تیرگی ہے بہت
ہمارے دل میں عقیدت کی روشنی ہے بہت

نہیں ہے میری زباں کو ضرورتِ الفاظ
کہ میری آنکھوں میں اظہار کی نمی ہے بہت

عطا ہو ایک کرن ہم کو مہرِ رحمت کی
مسرتوں سے یہ محروم زندگی ہے بہت

خزاں کا وار چلے گا نہ دل کی کلیوں پر
کہ اس چمن میں محبت کی تازگی ہے بہت

حضورؐ! ابرِ کرم سے ہمیں کریں سیراب
ہماری زیست میں احساسِ تشنگی ہے بہت

نہیں ہے ہم کو کسی اور روشنی کی طلب
حضورؐ کے درِ اقدس کی روشنی ہے بہت

ہے دو جہاں کے سلاطین کا وہی سلطاں

کہ جس کے طرزِ تمدن میں سادگی ہے بہت
سحرؔ ہو نور سے معمور کیوں نہ ارضِ حرم
دعاؤں میں مہِ بطحا کی چاندنی ہے بہت

مجھ کو کرم کی ایسی ضیا دیجئے حضورؐ!
سب تیرگی غموں کی مٹا دیجئے حضورؐ!

مٹ جائے میرے سینے کا جس سے ہر ایک زنگ
اس آئنے کو ایسی جلا دیجئے حضورؐ!

ہے آپؐ ہی کے ہاتھ میں ہر درد کی دوا
میرے دلِ حزیں کو شفا دیجئے حضورؐ!

گردابِ غم کی موج ڈبو دے نہ زندگی
کشتی کو میری پار لگا دیجئے حضورؐ!

باغِ بہشت کی مجھے ٹھنڈک نصیب ہو
دامن کی مجھ کو ایسی ہوا دیجئے حضورؐ!

الفت کی روشنی کی ضرورت ہے پھر ہمیں
کردارِ جاں فزا کی ادا دیجئے حضورؐ!

سب اضطراب روح کے اندر کا دور ہو
کملی مجھے سکوں کی اڑھا دیجئے حضورؐ!

واقف نہیں ہے نعت کے آداب سے سحرؔ
اس کو شعورِ مدح و ثنا دیجئے حضورؐ!

قلم میرا کبھی جب مدحتِ سرکار کرتا ہے
تو جوئے حرف کو یہ قلزمِ زخّار کرتا ہے

جہاں پر گنگ ہو جائیں بلاغت کی زبانیں بھی
مرے آنسو کو قدرت ہے کہ یہ اظہار کرتا ہے

سنہری جالیوں کا ایک اک حلقہ مرے دل سے
لبِ جبریلؑ کے پیرائے میں گفتار کرتا ہے

نہیں ہے بڑھ کے نکہت خلد کی طیبہ کی خوشبو سے

ہوا کا ایک جھونکا فاش یہ اسرار کرتا ہے
اگر یہ آستانِ رحمت اللعلمیںؐ ہی ہے
تو مجرم اپنے ہر اک جرم کا اقرار کرتا ہے

مسیحائے دو عالم کے درِ اقدس پہ حاضر ہوں
شفایابی کا چارہ ہر دلِ بیمار کرتا ہے

جو داتا دو جہاں میں ہے عطا کا بحرِ بے پایاں
مرے دامانِ خالی کو وہ گوہر بار کرتا ہے

زمانہ دیکھتا ہے تیرگی جب جہل کی ہر سو
علاج اس کا فقط اک پیکرِ انوار کرتا ہے

درودِ پاک میں پنہاں ہے ایسی سرمدی قوت
کہ یہ حرفِ دعا کو عرش کے اس پار کرتا ہے

سحرؔ یہ نعت ہی کے شعر کو اعزاز ہے حاصل
کہ ظلمت میں ادا یہ نور کا کردار کرتا ہے

محمدؐ مصطفےٰ ہیں جانِ رحمت
کہ شایاں ہے انہی کے شانِ رحمت

مرے لب پر ہے ان کا نام نامی
ہے میرے چار سو بارانِ رحمت

دو عالم پر رواں ہے ان کا سکہ
دو عالم میں ہیں وہ سلطانِ رحمت

شفیعِ عاصیاں تشریف لائے
تو محشر بن گیا میدانِ رحمت

گنہگاروں کے حق میں روزِ محشر
جھکی جاتی ہے کیوں میزانِ رحمت؟

ہے ہر اک لفظ مدحِ رحمتِ کل
مرا دیوان ہے دیوانِ رحمت

کرو تم جس قدر جی چاہے حاصل
سحرؔ پھیلا ہوا ہے خوانِ رحمت

جب جوشِ بحرِ رحمتِ باری میں آ گیا
احمدؐ کا نور آدمِ خاکی میں آ گیا

طیبہ میں جونہی پہنچا تو محسوس یہ ہوا
جیسے میں ایک جنتِ ارضی میں آ گیا

تڑپا کچھ اس ادا سے دلِ زار یہ مرا
سینے سے سیدھا آپ کی جالی میں آ گیا

ہم آ گئے جو دامنِ رحمت کے سائے میں
لطفِ بہارِ حشر کی گرمی میں آ گیا

یہ ان کا فیض ہے کہ حصارِ کرم میں ہوں
پربت کا تھا جو حسن وہ رائی میں آ گیا

منظور ان کے نقشِ کفِ پا کا تھا ادب
سارا مدینہ درگہِ عالی میں آ گیا

مولا سحرؔ کو بھی ہو عطا اس کی اک جھلک
جو سوزِ عشق جامی و سعدی میں آ گیا

جونہی ظلمت خانۂ دنیا میں آئے مصطفیٰؐ
چودھویں کا چاند بن کر جگمگائے مصطفیٰؐ

کہکشاں کی حیثیت کیا ہوگی اس کے سامنے؟
خاکِ پائے مصطفیٰؐ ہے خاکِ پائے مصطفیٰؐ

کہہ رہا ہے خالقِ ہر دو سرا قرآن میں
یہ جہاں اور وہ جہاں سب ہیں برائے مصطفیٰؐ

ان کے دم سے روشنی بھی واقعی ہے روشنی
دو جہاں کے آئنے میں ہے جِلائے مصطفیٰؐ

اس سے بڑھ کر اور کیا ہو گی محبت کی ادا؟
خون کے پیاسوں کے حق میں ہے دعائے مصطفیٰؐ

کعب و بوصیری ہی تک مخصوص کیوں ہو یہ شرف
مجھ کو بھی مل جائے اے مالک! ردائے مصطفیٰؐ

اک قدم چلنے کی بھی مجھ میں نہیں ہمت ذرا
ہاں لیے جاتا ہے بس شوقِ لقائے مصطفیٰؐ

ہو نہ گر توفیق تو اک لفظ بھی ممکن نہیں
نعت گوئی ہے سحؔر میری عطائے مصطفےٰؐ

آپؐ کے در کی یہ غلامی ہے
کوئی سعدی ہے کوئی جامی ہے

آپؐ کے آستاں پہ ایک ہیں سب
کوئی ترکی نہ کوئی شامی ہے

دل کی دھڑکن ہے میری محوِ درود
خود کلامی سی خود کلامی ہے

آ کے طیبہ میں یہ ہوا معلوم
عشق کا رنگ ہی دوامی ہے

آپ کے ایک آسرے کے سوا
کون اپنا شفیع و حامی ہے

ہم کو سیراب کیجئے آقا!
تشنہ کامی سی تشنہ کامی ہے

شاعری کچھ نہیں سحؔر میری
عشقِ سرکار کی پیامی ہے

ظلمتِ زندگی میں ضیا چاہیئے
بس مجھے آپؐ کا نقشِ پا چاہیئے

کھل اٹھے جس سے افسردہ دل کی کلی
شہرِ طیبہ کی ٹھنڈی ہوا چاہیئے

لطف آ جائے گا بندگی کا ہمیں
خاکِ طیبہ پہ سجدہ ادا چاہیئے

باغِ جنت کی مجھ کو ضرورت نہیں
شہرِ سرکار کی بس فضا چاہیئے

نوعِ انسان کی رہبری کے لیے
اُسوۂ سیدِؐ انبیاء چاہیئے

آپؐ کا آستانہ سلامت رہے
بے کسوں کو یہی آسرا چاہیئے

گنبدِ سبز کے زیرِ سایہ ہوں میں
زندگی! اب بتا اور کیا چاہیئے؟

نعت کہتا رہوں نعت لکھتا رہوں
رات دن بس خیالِ ثنا چاہیئے

موجِ خوشبو سے سینہ مہکتا رہے
دل میں عشقِ شہِ دو سرا چاہیئے

آنکھ میں ان کی الفت کی ضو ہو سحرؔ
اور ہونٹوں پہ صلِ علیٰ چاہیئے

❁

جہاں کو ہے سائباں کی حاجت
زمیں کو ہے آسماں کی حاجت

نہیں کسی بھی زباں کی حاجت
مجھے ہے اشکِ رواں کی حاجت

حضورؐ کے نقشِ پا ہیں جس پر
مجھے ہے اس کہکشاں کی حاجت

مجھے ہے درکار خاکِ طیبہ
نہیں ہے باغِ جناں کی حاجت

ہے سامنے گلشنِ مدینہ
مجھے ہے اک آشیاں کی حاجت

ہوں آپؐ کے در کی جستجو میں
کہ سر کو ہے آستاں کی حاجت

وہ دل کی حالت کو جانتے ہیں
مجھے نہیں ہے بیاں کی حاجت

خشوع طاری ہو جس کو سن کر
فضا کو ہے اس اذاں کی حاجت

حضورؐ نے بھر دیا ہے دامن
کہاں کی خواہش کہاں کی حاجت؟

سحرؔ کو ہے روشنی کی خاطر
رخِ شہِ دو جہاں کی حاجت

میں نے دیکھا جو خواب رحمت کا
کِھل اٹھا ہر گلاب رحمت کا

میری آنکھوں میں آ گئے آنسو
کیا ملا ہے جواب رحمت کا!

میرے لب پر درود آتے ہی
مل گیا ہے ثواب رحمت کا

آپؐ آئے ہیں کوہِ فاراں پر
چھا رہا ہے سحاب رحمت کا

آپؐ کا ہر عمل کرم سے پُر
آپؐ کا ہر خطاب رحمت کا

ظلمتیں دور ہو گئیں غم کی
آیا جب آفتاب رحمت کا

چار سو اس کی چاندنی پھیلی
وہ ہے اک ماہتاب رحمت کا

کوئی اپنا ہو یا پرایا ہو
وا ہے سب پر وہ باب رحمت کا

جس کا نامِ کریم قرآں ہے
ہے مکمل نصاب رحمت کا

بحر وہ بے کنار کیا ہو گا؟
جب فلک ہے حباب رحمت کا

دیکھنا ہو تو آؤ طیبہ میں
جلوۂ بے حساب رحمت کا

خالقِ دو جہاں نے فرمایا
ان کے نام انتساب رحمت کا

نعت لکھی سحرؔ تو دل مہکا
یوں کیا اکتساب رحمت کا

وہ چاندنی ہے مہِ دو جہاں کے سائے میں
ہے سارا شہرِ نبیؐ کہکشاں کے سائے میں

عقیدتوں کے گلاب اور مدحتوں کے سمن
مہکتے ہیں مرے اشکِ رواں کے سائے میں

نظارہ گنبدِ خضرا کا ہے سکوں پرور
عجیب لطف ہے اس سائباں کے سائے میں

حقیقتاً شہِ معراج کا ہے سارا فیض
چمک رہی ہے زمیں آسماں کے سائے میں

درِ نبیؐ پہ عبادت کا لطف کیا کہنا!
درود پڑھئے صفِ قدسیاں کے سائے میں

دکھائی دیتا ہے میدانِ حشر میں ہر سُو
کہ دو جہاں ہیں شہِ انس و جاں کے سائے میں

ہمیں بھی آقا عطا ہو یقین کی صورت
تمام عمر ہے گزری گماں کے سائے میں

رہے ہم ایسے مدینے میں چند روز سحرؔ
رہے ہیں جیسے کہ باغِ جناں کے سائے میں

مدحت کو تری کون ثنا خواں نہیں لگا؟
اک حرف بھی لیکن تیرے شایاں نہیں لگا

ہو جس کے نہ دل میں کوئی سرکار کی الفت
ایسا تو کوئی صاحبِ ایماں نہیں لگا

جو اُن کی طرح موڑ دے رخ وقتِ رواں کا
تاریخ میں ایسا کوئی انساں نہیں لگا

آئے جو کوئی تیغِ محبت کے مقابل
اک ایسا مخالف سرِ میداں نہیں لگا

دیکھے ہیں بہت ہم نے مسیحائی کے دعوے
جُز ان کے کوئی درد کا درماں نہیں لگا

جاتا ہوں مدینے کو لیے شوقِ فراواں
میں گھر سے کوئی بے سر و ساماں نہیں نکلا

جی بھر کے مجھے دیکھنے دو گنبدِ خضرا
سچ تو ہے ابھی دید کا ارماں نہیں نکلا

جو سامنے آقا کے سحرؔ پیش کروں میں
اک شعر بھی ایسا سرِ دیواں نہیں نکلا

خیال خلدِ شہِ ذوالمننؐ میں چھوڑ آئے
دل اپنا طیبہ کے کوہ و دمن میں چھوڑ آئے

جو آئے طیبہ سے واپس تو یوں ہوا محسوس
کہ دھیان روضۂ شاہِ زمن میں چھوڑ آئے

شگفتگی ہے نہ سینے میں اب طراوت ہے
متاعِ نکہتِ گل ہم چمن میں چھوڑ آئے

نہیں ہے پاس ہمارے بیان کی قوت
زباں حضورؐ کی ہم انجمن میں چھوڑ آئے

کہاں ہیں نکہتِ روحِ حیات کی موجیں
جو خاکِ طیبہ کے ہم پیرہن میں چھوڑ آئے

اب آئے ہیں تو عجب حال ہے ہمارا بھی
کہ جیسے خود کو مسافر وطن میں چھوڑ آئے

نہیں نظر کا سکون و قرار اب باقی
سوادِ گنبدِ سایہ فگن میں چھوڑ آئے

حرم سے آنے کو ہم آگئے سحرؔ لیکن
نگاہ نورِ حرم کی کرن میں چھوڑ آئے

چاندنی میں نہ وہ ضیا میں ہے
نور جو اُن کے نقشِ پا میں ہے

عرشِ اعظم کی ساری رعنائی
رخِ سردارِ انبیاء میں ہے

ڈھونڈنے والو! خلد کی نکہت
شہرِ سرکار کی ہوا میں ہے

خالقِ کائنات کا جلوہ
آپ کی ایک اک ادا میں ہے

جب بھی پڑھتا ہوں میں درودِ پاک
روح شامل مری صدا میں ہے

یوں تو میں آ گیا ہوں طیبہ سے
دل مگر اب بھی اس فضا میں ہے

وہ تجلّی نہیں کہیں بھی سحرؔ
جو درِ شاہِ دو سرا میں ہے

❁

نہ کہکشاں نہ کسی آسماں سے آیا ہے
وہ رشکِ ماہ اسی خاکداں سے آیا ہے

غموں کی دھوپ میں دنیا سلگ رہی تھی بہت
سروں پہ سایہ اُسی سائباں سے آیا ہے

ملا ہے صلح کا کردار آدمیّت کو
پیامِ امن شہِ انس و جاں سے آیا ہے

شفیعِ روزِ جزا کی ہے حشر میں آمد
یقین اس کا رخِ عاصیاں سے آیا ہے

ضرور عکس ہے اس میں ہوائے طیبہ کا
یہ ایک جھونکا جو باغِ جناں سے آیا ہے

کیا ہے جس نے مرے قلب و روح کو سرشار
سُرور ایسا حرم کی اذاں سے آیا ہے

جمالِ گنبدِ خضرا جہاں ہے سایہ فگن
عجیب لطف نظر کو وہاں سے آیا ہے

طواف کرتی ہیں رحمت کی خوشبوئیں اس کا
ابھی ابھی جو ترے آستاں سے آیا ہے

انہی کے در کا یہ سب فیض ہے سحرؔ ورنہ
مجھے سخن کا سلیقہ کہاں سے آیا ہے؟

سیم و لعل و زر نہ گوہر چاہیئے
خاکِ دہلیزِ پیمبرؐ چاہیئے

میری پیشانی کو سجدوں کے لیے
ان کا نقشِ پائے اطہر چاہیئے

میری آنکھوں کی بصارت کے لیے
گنبدِ خضرا کا منظر چاہیئے

خوبیاں ان کی لکھے جب بھی قلم
روشنائی کو سمندر چاہیئے

صاحبِ اسرا کی مدحت کے لیے
طائرِ سدرہ کا شہپر چاہیئے

ان کا ذکرِ پاک ہو ہر ہر جگہ
روشنی یہ عام گھر گھر چاہیئے

شاہِ دیں کی نعت کی خاطر سحرؔ
قلبِ مضطر، دیدۂ تر چاہیئے

میں مدحِ سرکار کر رہا ہوں
کہ ذکرِ انوار کر رہا ہوں

ہے سامنے میرے سبز گنبد
نظر ضیا بار کر رہا ہوں

ہے ان کی مدحت مری زباں پر
لبوں کو گلبار کر رہا ہوں

میں سو رہا ہوں درود پڑھ کر
کہ بخت بیدار کر رہا ہوں

لیا ہے اسمِ عظیم کس کا؟
زباں کو سرشار کر رہا ہوں

شہِ مدینہ کا نام لے کر
میں پھول ہر خار کر رہا ہوں

میں دیکھتا ہوں یہ خوابِ طیبہ
کہ ان کا دیدار کر رہا ہوں

ہوں رحمتِ کُل کے سامنے مَیں
خطا کا اقرار کر رہا ہوں

سحؔر میں توصیف ان کی لکھ کر
قلم گہربار کر رہا ہوں

یہ جو ہیں سرکا کے در پر منور سلسلے
رنگ اور خوشبو کے ہیں مصدر منور سلسلے

آپؐ کے آبائے پاک اور آپؐ کے اجداد کے
کہکشاں سے ہیں کہیں بڑھ کر منور سلسلے

آپؐ کی اولادِ پاک اور آپ کے اصحابؓ کے
نور اور نکہت کے ہیں محور منور سلسلے

انبیاء و اولیاء و اصفیاء و اتقیاء
کیسے کیسے ہیں سرِ محشر منور سلسلے

طائرِ سدرہ کے زیرِ سایہ ہالہ نور کا
اور براقِ نور کے شہپر منور سلسلے

آسمانوں سے زمیں تک روشنی ہے جلوہ گر
ہیں محیطِ بزمِ بحر و بر منور سلسلے

لازم و ملزوم ہیں اک دوسرے کے واسطے
آپؐ کی دہلیزِ پُر انور، منور سلسلے

ہر طرف پھیلے ہوئے سیرت کے جو انوار ہیں
ہیں ہماری زیست کے رہبر منور سلسلے

ظلمتوں کے تنگ حلقے سے میں ڈر سکتا نہیں
ہیں سحؔر دل کو مرے ازبر منور سلسلے

جس قدر ہیں رفتہ و موجود و آئندہ نقوش
سب سے بڑھ کر دینِ احمدؐ کے ہیں تابندہ نقوش

حشر تک باقی رہیں گے عالمِ ایجاد میں
سب کے سب احکامِ قرآنی ہیں پائندہ نقوش

دہر کے ظلمت کدے میں آج بھی ضو ریز ہیں
سیرتِ شاہؐ دو عالم کے ہیں تابندہ نقوش

آپؐ کے اقوال اور افعال کی صورت میں ہیں
اہلِ دل کے واسطے اب بھی درخشندہ نقوش

خاکِ طیبہ کا ہر اک ذرہ ہے اب بھی مستنیر
آپؐ کے پائے مطہر کے ہیں وہ زندہ نقوش

مکہ و طیبہ، نجف مشہد دمشق اور کربلا
صفحۂ ہستی پہ ہیں حق کے نمائندہ نقوش

روشنی کی جب ضرورت ہو سحرؔ لکھا کریں
حمد و نعت و منقبت سارے ہیں رخشندہ نقوش

یہ آپ ہی کا ہے شہِ ہر دو سرا شرف
ہم کو ملا جو اشرفِ مخلوق کا شرف

معراج کی سعادتِ عظمیٰ گواہ ہے
انسانیت کا آپ کے دم سے بڑھا شرف

سارے پیمبروں سے جدا آپ کا مقام
سارے پیمبروں سے بڑا آپ کا شرف

ہے آستانِ سرورِ دیں پر مری جبیں
اللہ! مرتبہ یہ مرا یہ مرا شرف

ہو جاؤں کاش خاکِ قدم میں حضورؐ کی
بیشک یہ ہو گا میرے لیے بے بہا شرف

اعزاز میرے واسطے ہے ذکر آپ کا
میرے لیے ہے آپ کا حرفِ ثنا شرف

لکھتا رہوں مَیں مدحتِ خیر الوریٰ سحرؔ
میرے نصیب میں ہو یہ صبح و مسا شرف

کسی بھی وصف کا ان کے حصار ناممکن
ستارے کتنے ہیں ان کا شمار ناممکن

بغیر ذکرِ الٰہی بغیر ذکرِ رسولؐ

ملے بشر کو سکون و قرار ناممکن

نہ جب تلک ہو درود و سلام وردِ زباں
مٹے دلوں سے دُکھوں کا غبار ناممکن

گھری ہوئی ہے مری جاں غموں کے طوفاں میں
بغیر ان کے یہ کشتی ہو پار ناممکن

یہ آپؐ ہی کی توجہ کا اک کرشمہ ہے
وگرنہ رشکِ بہاراں ہو خار ناممکن

بغیر آپ کی موجِ تبسمِ لب کے
چمن میں آئے ہوائے بہار ناممکن

سوائے ارضِ مدینہ تمام عالم میں
دکھائی دے کوئی ایسا دیار ناممکن

یہ ایک لمحہ غنیمت ہے، عمر میں ورنہ
ہے حاضری کا شرف بار بار ناممکن

بغیر آپ کی رحمت کے اک اشارے کے
ملے کسی کو بھی عز و وقار ناممکن

مرے لیے یہ سحرؔ نعت گوئی کی عزت
سوائے رحمتِ پروردگار ناممکن

ان کے دربار میں جو ہوئی حاضری
بن گئی حاصلِ زندگی حاضری

ایک اک نقش اب تک ہے دل میں مرے
خواب میں بھی وہاں گر ہوئی حاضری

روح الفت کی خوشبو سے معمور تھی
پھول بن کر تھی دل میں کھلی حاضری

میں تھا ڈوبا ہوا غم کے ظلمات میں
کر گئی ہر طرف روشنی حاضری

میرے چاروں طرف ہالۂ نور تھا
کیوں نہ سمجھوں اسے نقرئی حاضری

اشک تھمتے نہ تھے ایک پل آنکھ سے
حاضری تھی وہ کیا شبنمی حاضری

مدتوں بعد دیدار ان کا ہوا
مدتوں بعد حاصل ہوئی حاضری

دل مدینے کی خاطر تڑپنے لگا
پھر مری روح میں جاگ اٹھی حاضری

چشمِ نم کے سوا اشکِ غم کے سوا
نامکمل رہے گی مری حاضری

جب تلک آنکھ محوِ زیارت نہ ہو
حاضری ہے کہاں واقعی حاضری

جس میں اپنا نہ کچھ ہوش خود کو رہے
حاضری اصل میں ہے وہی حاضری

ان کی دہلیز پر جا کے دیکھو سحرؔ
سب مٹا دے گی تیرہ شبی حاضری

کچھ نہیں چاہتا میں ان کی زیارت کے سوا
کوئی حسرت نہیں دیدار کی حسرت کے سوا

آپ کے در پہ چلا آیا ہوں اے شاہ امم
کچھ نہیں پاس مرے اشکِ ندامت کے سوا

جن و انسان کا اس کارگہِ ہستی میں
مقصدِ خلق بھلا کیا ہے عبادت کے سوا

موت برحق ہے کہ آنا ہے کسی دن اس کو
کچھ تمنا نہیں مومن کی شہادت کے سوا

بزمِ کونین کی آرائش و زیبائش کی
اور کچھ وجہ نہیں آپ کی خلقت کے سوا

یا نبیؐ امتِ اسلام کے پر دامن میں
کون سی چیز نہیں وحدتِ ملت کے سوا

کوئی نیکی ہی نہیں فردِ عمل کی زینت
نعت گوئی کی سحرؔ ایک سعادت کے سوا

آپؐ ام الکتاب لائے ہیں
زندگی کا نصاب لائے ہیں

آدمی کو بنا دیا انساں
آپؐ وہ انقلاب لائے ہیں

کبھی پیغام مٹ نہیں سکتا
جو رسالتمابؐ لائے ہیں

آئنے میں وہ ماند کیسے پڑے؟
آپؐ جو آب و تاب لائے ہیں

اپنے دشمن کے واسطے بھی آپؐ
شفقتوں کے گلاب لائے ہیں

ڈوب سکتا نہیں جو محشر تک
آپؐ وہ آفتاب لائے ہیں

رحمتِ کل لقب ہے جن کا سحرؔ
رحمتیں بے حساب لائے ہیں

❁

کیسے ممکن ہے کہ اُمت ہو نبی کوئی نہ ہو
ظلمتیں چاروں طرف ہوں روشنی کوئی نہ ہو؟

روشنی کی پیروی ہے لازمی اس کے لیے
جو یہ چاہے زندگی میں تیرگی کوئی نہ ہو

آپ کے حسنِ عمل کی روشنی ہے ہر طرف
کیسے ممکن چاند ہو اور چاندنی کوئی نہ ہو

کیسے ہو سکتا ہے تکمیل نبوت کے لیے
دورِ آخر میں نبی آخری کوئی نہ ہو

کیسے ممکن ہے نہ دیں ہو نوعِ انساں کے لیے
زندہ رہنے کو اصولِ زندگی کوئی نہ ہو

کس طرح ممکن سحرؔ ہے ہر زمانے کے لیے
آپؐ کے پیغام کی موجودگی کوئی نہ ہو

❁

جب کبھی صلِ علیٰ پڑھتے ہوئے ہم سو گئے
خواب میں ان کی زیارت سے مشرف ہو گئے

آ گیا دل میں ہمارے نارسائی کا خیال
جب نسیمِ صبح کے جھونکے مدینے کو گئے

اپنی آنکھوں سے رواں اشکِ ندامت جب ہوئے
دامنِ عصیاں کے جتنے داغ تھے سب دھو گئے

گلشنِ خلدِ مدینہ سے جدائی کے خیال
خارِ غم کتنے ہماری کشتِ جاں میں بو گئے

پھر کہاں زیرِ زمیں ظلمت رہی باقی سحرؔ
آپؐ محوِ خواب جب خاکِ زمیں میں ہو گئے

چاہتا ہو جو بھی جینے کی بہار
دیکھ لے جا کر مدینے کی بہار

اس کے آگے کیا بہارِ خلد ہے؟
جس نے دیکھی ہو مدینے کی بہار

فاطمہ، شبیر، شبر، مرتضٰی
آپ کے اپنے سفینے کی بہار

کر گئی ہے مشک و عنبر کو بھی ماند
ان کے عطر آگیں پسینے کی بہار

ہجرِ طیبہ میں جو میرے دل پہ ہیں
داغ ہیں یہ میرے سینے کی بہار

جگمگا اٹھی ہے ان کی یاد سے
خاتمِ دل کے نگینے کی بہار

گنبدِ خضرا کی صورت دیکھی لی
عرش کے پر نور زینے کی بہار

دیکھ لے خم خانۂ عشقِ نبیؐ
دیکھنا جو چاہے پینے کی بہار

دیکھتے ہیں رشک سے قدسی سحرؔ
میری نعتوں کے خزینے کی بہار

دل میں ان کا جو نور ہو جائے
رشکِ صد کوہِ طور ہو جائے

آپ کا نامِ پاک لیتے ہی
غم کا دریا عبور ہو جائے

چشمِ سرکار کی توجہ سے
تیرگی ساری دور ہو جائے

آپ کے آستانِ اقدس پر
حاضری پھر حضورؐ ہو جائے

آپ چاہیں تو حشر میں ہم پر
لطفِ ربِّ غفور ہو جائے

نعت پڑھئے سحرؔ لبِ کوثر
ایک جامِ طہور ہو جائے

چارہ گرِ مصائب و آلام آپؐ ہیں
یعنی علاجِ گردشِ ایام آپؐ ہیں

تازہ رہے گا جس کا ہر اک حرف تا ابد
اللہ کا وہ آخری پیغام آپؐ ہیں

بعد آپؐ کے نہ آئے گا کوئی پیامبر
پیغمبری کے باب کا اتمام آپؐ ہیں

سب سے بزرگ و برتر و اعلیٰ خدا کے بعد
سب سے عظیم سب سے بڑا نام آپؐ ہیں

ہم کو بچا دیا ہے بھٹکنے سے حشر تک
ہادی ہماری زیست کے ہر گام آپؐ ہیں

ساری حیاتِ طیبہ شاہد ہے آپؐ کی
اسلام آپؐ ہادیٔ اسلام آپؐ ہیں

حق تو یہ ہے کہ نوعِ بشر کے لیے سحرؔ
اقبال و جاہ و عزت و اکرام آپؐ ہیں

حیات کچھ بھی نہیں ان کی آرزو کے بغیر
اجاڑ دل ہے مرا ان کی جستجو کے بغیر

میں ان کا نام جو لوں میری آنکھ بھر آئے
نماز ہو نہیں سکتی کبھی وضو کے بغیر

ہے ان کی یاد مری زندگی کا سرمایہ
شگفتہ پھول نہیں کوئی رنگ و بو کے بغیر

نہیں بغیر خلوص آپ کی ثنا ممکن
کہ جیسے ہو نہیں سکتا جگر لہو کے بغیر

سحؔر نظر کے لیے لازمی مدینہ ہے
کہاں تصورِ مے ہے کسی سبو کے بغیر

درِ اقدس پہ نظر محوِ تلاوت گزری
ایک اک سانس مری وقفِ عبادت گزری

کوئی نیکی ہی نہیں میرے تہی دامن میں
زندگی ساری مری غرقِ ندامت گزری

سارا قرآں ہے قصیدہ شہِ دو عالم کا
ایک اک میری نگاہوں سے ہے آیت گزری

جب مدینے سے چلا یوں ہوا محسوس مجھے
جیسے یک لخت مرے دل پہ قیامت گزری

آج کی رات بھی وہ خواب میں آئے نہ سحؔر
آج کی رات بھی محرومِ زیارت گزری

چمکے کبھی جو میرا ستارہ نصیب کا
بن جاؤں ذرہ خاکِ دیارِ حبیب کا

عشقِ رسولِ پاک ہی وہ عشقِ خاص ہے
جس میں نہیں خیال کسی بھی رقیب کا

چاہے جسے خدا یہ سعادت عطا کرے
مدحِ رسول کام نہیں ہر ادیب کا

ہر دم ہمارے دل میں مدینے کی یاد ہے
ہرگز نہیں گمان بھی دور و قریب کا

اعزاز مجھ کو بخش دیا نعت کا سحؔر
احسان مند ہوں میں خدائے مجیب کا

پنجتنؑ

قرآن سے جو پوچھی کبھی شانِ پنجتنؑ
ہر آیۂ خدا ملی شایانِ پنجتنؑ

حسنینؑ اور بتولؑ علیؑ اور مصطفےٰؐ
اللہ کا انتخاب ہیں ارکانِ پنجتنؑ

خوشبو ہر ایک پھول کی تازہ ہے تا ابد
صبحِ ازل کھِلا جو گلستانِ پنجتنؑ

ان کے طفیل ارض و سما کی ہیں رونقیں
ہے ساری کائنات پہ احسانِ پنجتنؑ

منسوب ہے حدیثِ کسا ان کے نام سے
دنیا و دیں ہیں تابعِ فرمانِ پنجتنؑ

صبحِ مباہلہ ہی نہیں اس سے مستنیر
ہر دن رواں ہے چشمۂ فیضانِ پنجتنؑ

اس کی نظر میں ہیچ ہے مال و زرِ جہاں
حاصل جسے ہے دولتِ عرفانِ پنجتنؑ

اس کو بھلا ہو حشر کی گرمی کا خوف کیا؟
جس کو ملا ہو سایۂ دامانِ پنجتنؑ

ہو گا درِ نجات کھُلا اس کے واسطے
ہو جس کے حق میں حشر کو میزانِ پنجتنؑ

سرشار ہو جو بادۂ الفت کے جام سے
وہ کیوں نہ جان و دل سے ہوقربانِ پنجتنؑ

میرا قلم نہیں ہے کسی غیر کے لیے
صد شکر میں سحرؔ ہوں ثنا خوانِ پنجتنؑ

قصیدۂ ولایت

وا ہے غدیرِ خم میں میخانۂ ولایت
بھر بھر کے پی رہے ہیں سب بادۂ ولایت

مستِ مئے علیؑ ہے مستانۂ ولایت
دیوانۂ علیؑ ہے دیوانۂ ولایت

منبع ہے آگہی کا سرچشمۂ ولایت
ہے شخصیت علی کی سرمایۂ ولایت

ہے زندگی کا محور ہے روشنی کا محور
مرکز اُصولِ دیں کا ہے خیمۂ ولایت

نورِ ازل ہے اس میں نورِ ابد ہے اس میں
کتنا حسین و روشن ہے چہرۂ ولایت

ہے جلوہ ریز جس میں عکسِ رخِ حقیقت
ذاتِ علیؑ ہے ایسا آئینۂ ولایت

گردِ نبیؐ مرسل حق کے مدار میں ہے
گردش میں ہے مسلسل سیارۂ ولایت

ہے لہجۂ علیؑ کا گفتارِ حق میں پرتو
گفتارِ حق کا پرتو ہے لہجۂ ولایت

طیبہ ہو یا نجف ہو دونوں کی ایک منزل
وہ زینۂ رسالت یہ زینۂ ولایت

دونوں کی ایک عزت دونوں کی ایک حرمت
اک قریۂ رسالت اک قریۂ ولایت

فیضِ جہاں کی خاطر کب سے کھلا ہوا ہے
معمورۂ نجف میں دروازۂ ولایت

اس کی مہک ازل سے اس کی مہک ابد تک
شاخِ علیؑ پہ چٹکا جو غنچۂ ولایت

بوئے رسولؐ اس میں بارہ ہیں پھول اس میں
مہکا ہوا ہے اب تک گلدستۂ ولایت

دنیا و دیں ہیں اس کے بے انت دائرے میں
دونوں جہاں میں ظاہر ہے جلوۂ ولایت

ہم نے تو جب بھی سوچا ہم نے تو جب بھی دیکھا
قرآن سر بہ سر ہے اک آیۂ ولایت

لطفِ حیات اس میں لطفِ ممات اس میں
کیفِ وفا سے پُر ہے پیمانۂ ولایت

ایمان کا جہاں ہے، عرفان کا جہاں ہے
محرابِ بندگی میں اک سجدۂ ولایت

بے آسرا نہیں ہیں اہلِ جہاں ابد تک
سب کے سروں پہ قائم ہے سایۂ ولایت

کونین کی حدوں کا کرتا ہے یہ احاطہ
کتنا بلند و بالا ہے پایۂ ولایت

جو چاہے مانگ لیجے جتنا بھی مانگ لیجے
لعل و گہر سے پُر ہے گنجینۂ ولایت

کاسہ بدست کب سے میں منتظر ہوں مولا!
مجھ کو بھی بخش دیجے اک جرعۂ ولایت

دل میں علیؑ علیؑ ہے لب پر علیؑ علیؑ ہے
ہر سمت گونجتا ہے یہ نعرۂ ولایت

شام و سحر زباں پر نادِ علی رواں ہے
رخسارِ عشق پر ہے یہ غازۂ ولایت

مولا علیؑ

ہر مصیبت میں مرا مشکل کشا مولا علیؑ
میرا مرشد میرا ہادی رہنما مولا علیؑ

فاطمہ کے سر کا تاج اور والدِ حسنین ہے
سب سے بڑھ کر ہے وصیِ مصطفےٰؐ مولا علیؑ

آفتابِ فکر و حکمت، ماہتابِ معرفت
قصرِ ایمانی کی ہے محکم بنا مولاعلیؑ

خیبر و خندق ہو یا بدر و اُحد کا معرکہ
سرخرو ہر جنگ میں شیرِ خدا مولا علیؑ

شہرِ علم و فضل و دانش مصطفےٰؐ کی ذات ہے
در ہے ایسے شہرِ علم و فضل کا مولا علیؑ

بخش دی جس نے قطار اونٹوں کی سائل کے لیے
وہ سخاوت کا سمندر ہے مرا مولا علیؑ

جس کی خاطر ڈوبتا سورج پلٹ کر آ گیا
وہ امامِ انس و جاں ہے با خدا مولا علیؑ

یاد ہے فرمانِ ختم المرسلیںؐ اب بھی سحرؔ
جس کا مولا ہوں میں ہے اس شخص کا مولا علیؑ

حسنؑ

میں دیکھتا ہوں تصور میں جب بھی سوئے حسینؑ
دکھائی دیتا ہے ماہِ تمام روئے حسینؑ

عدو بھی آپؑ کے کردار کا دلی قائل
ہے عکسِ اُسوۂ شاہِؑ انام خوئے حسینؑ

رضا و ضبط کا معیارِ آخری ہیں وہی
تلاشِ حلم اگر ہے تو جاؤ کوئے حسینؑ

زمانہ چاہتا ہے فتنہ و فساد مٹے
جہانِ امن کو اب بھی ہے جستجوئے حسینؑ

ہیں صلح و جنگ گلستانِ زیست کے پہلو
جہاد رنگِ حسینؑ اور صلح بوئے حسینؑ

ہے سائلوں کا ہجوم ان کے آستاں پہ سحرؔ
بنامِ جود و سخا بہہ رہی ہے جوئے حسینؑ

دینِ محمدیؐ کو بچایا حسینؑ نے
گھر بار اپنا سارا لٹایا حسینؑ نے

یہ دیکھ کر فلک پہ فرشتے بھی جھک گئے
سجدے میں اپنا سر جو جھکایا حسینؑ نے

قرآن سے جدا نہ کبھی رہ سکے حسینؑ
قرآن نیزے پر بھی سنایا حسینؑ نے

صبر و رضا کی راہ پہ قربان ہو گئے
صبر و رضا کا مان بڑھایا حسینؑ نے

ہر ذرہ کربلا کا چمکتا ستارہ ہے
اس خاک کو ہے عرش بنایا حسینؑ نے

باطل نہ حق کے سامنے آئے گا حشر تک
باطل کا ہر نشان مٹایا حسینؑ نے

جس پر ہمیشہ چلتے رہیں گے خدا پرست
رستہ وہ زندگی کا دکھایا حسینؑ نے

انسانیت کے اجڑے ہوئے باغ کو سحرؔ
اپنے لہو کے ساتھ سجایا حسینؑ نے

دشت میں خاموش یوں اک بولتا قرآن ہے
سرخ خوں کی رحل ہے اور خاک کا جز دان ہے

سر کٹا کر تو نے زندہ کر دیا اسلام کو
دین پر ابنِ علیؑ! تیرا بڑا احسان ہے

کتنا مشکل ہے یہ غازی کے علم سے پوچھیے
یوں وفا کا نام لینا کس قدر آسان ہے

کیا یہی آدابِ مہمانی ہیں کچھ تو ہی بتا
کربلا اے کربلا! پیاسا ترا مہمان ہے

سسکیوں کی گونجتی ہے چار سو اب بھی صدا
ایک ننھی قبر ہے اور شام کا زندان ہے

آنکھ ہے تاریخِ انسانی کی اس سے خونچکاں
حلق میں معصوم کے جو ظلم کا پیکان ہے

کٹ تو سکتے ہیں مگر اہلِ وفا جھکتے نہیں
برسرِ نوکِ سناں یہ عشق کا اعلان ہے

زندۂ جاوید رہ کر اس نے ثابت کر دیا
راستہ ہے زیست کا جو موت کا میدان ہے

کٹ کے اک سر کس طرح محوِ تلاوت ہو گیا؟
عقلِ انساں آج تک اس بات پر حیران ہے

داستان ایسی بھی ہے اک داستانوں سے الگ
سرخیٔ خونِ وفا جس کا سرِ عنوان ہے

کربلا ہے خیر و شر کے درمیاں اک امتیاز
جس سے قائم عظمتِ آزادیٔ انسان ہے

میں شہیدانِ وفا کا ہوں سحرؔ اک مدح خواں
کربلا والوں کے غم سے پُر مرا دیوان ہے

چاروں طرف ہے میرے فضائے غمِ حسینؑ
ہر سو مہک رہی ہے ہوائے غمِ حسینؑ

خوشیاں نہیں قبول بجائے غمِ حسینؑ
غم بھی نہ دے الٰہی سوائے غمِ حسینؑ

صد شکر اب زمانے کا ہم کو نہیں ہے غم
سایہ فگن ہے سر پہ ردائے غمِ حسینؑ

آنکھوں میں آنسوؤں کی روانی نہیں ہے یہ
ضو بار و ضو فشاں ہے ضیائے غمِ حسینؑ

ہو گا ہمارا حامی و ناصر یہ حشر میں
بخشے کا ہم کو خلد کے سائے غمِ حسینؑ

جنت کے سایہ دار شجر جن کا مول ہیں
گوہر وہ معرفت کے لٹائے غمِ حسینؑ

ہر رنج ہر بلا میں سحرؔ مطمئن ہوں میں
یہ راحت و سکوں ہے عطائے غمِ حسینؑ

دل میں مرے جو غم کا دجلہ گرتا ہے
آنکھوں سے وہ قطرہ قطرہ گرتا ہے

ریزہ ریزہ ہو جائے گا پتھر بھی
اس انداز سے اک آئینہ گرتا ہے

تلواریں گرتی ہیں یوں تلواروں پر
شعلے پر جیسے اک شعلہ گرتا ہے

پیاس کی ایسی شدت طاری ہے ہر سُو
اک اک موج پہ نہر کنارہ گرتا ہے

دشتِ بلا کی دور ہو جس سے تاریکی
اک اک کر کے ہر مہ پارہ گرتا ہے

تیرِ ستم کھا کر وہ پھول گرا ایسے
ہاتھوں سے جیسے سیپارہ گرتا ہے

شاید قلم ہوئے ہیں بازو غازی کے
اک اک ننھے ہاتھ سے کوزہ گرتا ہے

زین سے یوں آیا وہ فرشِ مقتل پر
فلک سے جیسے ایک ستارہ گرتا ہے

یہ ہے کسی کے غم کا اک اعجاز سحرؔ
کاغذ پر خوں لمحہ لمحہ گرتا ہے

دشتِ بلا میں آج گلستاں اُسی کا ہے
ایک ایک گُل میں جوشِ بہاراں اسی کا ہے

جس نے لہو سے اپنے جلائے دیئے کئی
پلکوں پہ میری سارا چراغاں اُسی کا ہے

نوعِ بشر کو جبرِ غلامی سے دی نجات
انسانیت پہ آج بھی احساں اسی کا ہے

ہر صبح آسماں پہ جو سرخی ہے خون کی
دیکھو جو غور سے تو گریباں اسی کا ہے

لاکھوں کی فوج کا تو نشاں بھی نہیں رہا
تنہا و بے نوا تھا جو میداں اسی کا ہے

اشکِ عزا نے سارے گناہوں کو دھو دیا
جاری یہ اب بھی چشمۂ فیضاں اسی کا ہے

روشن اسی کے دم سے ہیں ظلمات جہل کے
دل جس سے جگمگائے وہ عرفاں اسی کا ہے

میں بھی سحرؔ غلام شہِ مشرقین ہوں
ہر اہلِ درد تابعِ فرماں اسی کا ہے

دہر سے مٹائی یوں شب کی تیرگی تو نے
عام کر دیا ہر سُو نامِ روشنی تو نے

اے حسینِ حق آثار ابنِ حیدر کرار
ذہنِ نوعِ انساں کو دی ہے آگہی تو نے

موت کو ہرایا ہے تو نے برسرِ میداں
زندگی کو بخشی ہے عمرِ دائمی تو نے

صبر کے تسلسل سے شدتِ تحمل سے
دھار کاٹ کر رکھ دی تیغِ جبر کی تو نے

صفحۂ زمانہ پر مثل ہے کہاں اس کی؟
داستان لکھی ہے خوں سے جو نئی تو نے

خاک کے مصلّے پر کر کے سجدۂ آخر
کی ہے خون سے اپنے شرحِ بندگی تو نے

موج موج دریا کی آج بھی تڑپتی ہے
دشت میں دکھایا وہ اوجِ تشنگی تو نے

تیرے ذکر نے مردہ لفظ کر دیئے زندہ
یوں سحؔر کے شعروں کی دی ہے زندگی تو نے

نقوشِ صحرا

وہ ایک صحرا
نقوش ہیں جس کے ثبت اب بھی
ابد کی تاریخ کے ورق پر
وہ ایک صحرا
ملوکیت کے ستم کی تشہیر بن گیا ہے
تو حریت کا نشانِ عظمت، نشانِ توقیر بن گیا ہے

وہ ایک دریا
کہ جس کا پانی تھا بند پیاسوں کے قافلے پر
وہ ایک دریا
جفا کی تحریر بن گیا ہے

وہ ایک لشکر
بہتر اصحابِ باوفا کا
نہیں ہے جس کی مثال اب بھی
وہ ایک لشکر
وفا و صبر و رضا کی تصویر بن گیا ہے

وہ ایک تیر ستم
جو معصوم کے گلے میں ہوا ترازو
وہ حلقِ انسانیت میں چبھتا ہوا ہے کانٹا

وہ ایک غنچہ
جو کھل نہ پایا
تو اپنے ہی خوں سے ایسے گلرنگ ہو گیا ہے
کہ جیسے کوئی گلاب مہکا

وہ ایک پرچم
کہ جس کی خاطر کٹے تھے مہر و وفا کے بازو
وہ اور بھی سربلند ہو کر نشانِ عزم و عمل بنا ہے

وہ ایک نیزہ
جو سینۂ نوجواں میں گڑ کے شکستِ دستِ اجل بنا ہے
ضعیف و ناچار اک پدر کا وہ امتحانِ وفا
کہ خوابِ خلیلؑ کی ترجمان تعبیر بن گیا ہے

وہ ایک خنجر
جو دستِ باطل میں تھا
رگِ حق کو قطع کرنے چلا تھا
لیکن خود اپنی ہی دھار سے اسی نے وجودِ باطل کو کاٹ ڈالا

وہ ایک سجدہ
جو تپتی ریتی پہ عشق نے جب ادا کیا
تو زمینِ کرب و بلا پہ تھا ہر طرف اُجالا
یہی اجالا ہے تا قیامت
جو حریت کے نشانِ منزل کی زندہ تقدیر بن گیا ہے

وہ ایک خیمہ
جو ظلم کی آگ میں جلا تھا
اُسی کی خاکسترِ نہاں سے
وفا و صبر و رضا کا قصرِ بلند تعمیر ہو گیا ہے

وہ ایک سر
جو بلند نیزے کی نوک پر تھا
کتابِ حق کی وہ زندہ تفسیر ہو گیا ہے

وہ ایک شامِ مسافرت
جس کی تیرگی پر تھا ظلم و جور و ستم کا سایہ
ہزار صبحوں کی زندگی کو طلوعِ تنویر بن گئی ہے

وہ اک طمانچہ
جو روئے معصوم پر لگا تھا
وہی طمانچہ ستم کے منہ پر
مہیب رسوائیوں کی کالک کو مل گیا ہے

وہ ایک آنسو
جو چشمِ معصوم سے بہا تھا
وہ ایک آنسو
وفا کے طوفاں میں ڈھل گیا ہے
رضا کے معنی بدل گیا ہے

وہ ایک چادر
جو چھن گئی تھی سرِ مقدس سے
آج وہ چادر مطہر
زمانے کی سربرہنگی ڈھانپنے کی خاطر
وسیع اک سائبانِ تطہیر بن گئی ہے

وہ ایک طوقِ گراں
جو اک مردِ حر کی گردن میں تھا
وہی طوق
آج جبر و ستم کے پاؤں کی سخت زنجیر بن گیا ہے

وہ ایک لہجہ
وہ ایک شعلہ، وہ ایک نعرہ
فضائے جبر و ستم میں گونجا
تو جرأتوں کی عظیم تقریر بن گیا ہے
ملوکیت کے مقابلے میں خدا کی تکبیر بن گیا ہے

آسمانِ کربلا میں کیا تھی پروازِ حسینؑ
جاننا چاہو تو دیکھو سوئے شہبازِ حسینؑ

تھیں کہاں زینبؑ فقط ہمشیر بھائی کے لیے
ان کی ذاتِ پاک تھی ہم کار و ہمرازِ حسینؑ

خود شہادت کے لیے سجدے میں سر کٹوا دیا
منفرد اور مختلف سب سے ہے اندازِ حسینؑ

دشمنانِ حق کا سارا شور کب کا دب چکا
گونجتی ہے آج بھی دنیا میں آوازِ حسینؑ

سر ہے مصروفِ تلاوت برسرِ نوکِ سناں
ہے جہانِ عشق میں اک یہ بھی اعجازِ حسینؑ

ایک اک نقشِ کفِ پا اس کا شاہد ہے سحرؔ
دینِ محکم کے لیے کیا تھی تگ و تازِ حسینؑ

فاطمہؑ

طیبہ ہیں فاطمہؑ اور طاہرہ ہیں فاطمہؑ
عابدہ ہیں فاطمہؑ اور زاہدہ ہیں فاطمہؑ

ان کی ہستی ہے خدیجہؓ ہی کا اک عکسِ جمیل
شخصیت دیکھو تو مثلِ آمنہ ہیں فاطمہؑ

عصمت و عفت میں ان کا کوئی ثانی ہی نہیں
رشکِ مریمؑ اور فخرِ ہاجرہؑ ہیں فاطمہؑ

ناز کرتی ہیں بجا جس شخصیت پر مومنات
اہلِ جنت کی وہ میرِ قافلہ ہیں فاطمہؑ

جس سے محکم ہے عمارت دینِ ابراہیم کی
اس عمارت کا اک ایسا زاویہ ہیں فاطمہؑ

جس میں پرتو ہے رسول اللہ کے کردار کا
سیرتِ اقدس کا ایسا آئنہ ہیں فاطمہؑ

اک سے بڑھ کر اک حیا کی ہوں گی تصویریں سحرؔ
حق مگر یہ ہے کہ ان میں فاطمہؑ ہیں فاطمہؑ

مرے آقا مرے سلطان چلا آیا ہوں
بن کے میں آپ کا مہمان چلا آیا ہوں

آپ نے یاد جو فرمایا تو کیسے رُکتا
چھوڑ کر سب سر و سامان چلا آیا ہوں

آپ کے در پہ ہی تسکین ملے گی اس کو
دل جو میرا تھا پریشان چلا آیا ہوں

آپ چاہیں تو اسے رشکِ بہاراں کر دیں
لے کے اپنا دلِ ویران چلا آیا ہوں

گرمئ روح تو ساری ہے مری طیبہ میں
ہو نہ جائے کہیں نقصان چلا آیا ہوں

ذوقِ نظارہ کا رہ رہ کے خیال آتا ہے
کھو نہ جائے کہیں وجدان چلا آیا ہوں

میں نہیں جانتا ایمان کے معنی کیا ہیں
جانبِ مرکزِ ایمان چلا آیا ہوں

ہر کسی کے تو مقدر میں نہیں یہ نعمت
مجھ پہ مولا کا ہے احسان چلا آیا ہوں

حاضری کی مجھے اک بار سعادت مل جائے
دل میں تھا بس یہی ارمان چلا آیا ہوں

سحؔر اس خطۂ جنت کو بھلا کیوں چھوڑا؟
کیوں مدینے سے میں ملتان چلا آیا ہوں

کیسے ہو سکتا ہے اُمت ہو نبی کوئی نہ ہو
ظلمتیں چاروں طرف ہوں روشنی کوئی نہ ہو؟

روشنی کی پیروی ہے لازمی اس کے لیے
جو یہ چاہے زندگی میں تیرگی کوئی نہ ہو

کیسے ممکن ہے بھٹکتی آدمیّت کے لیے
رہبرِ کامل برائے رہبری کوئی نہ ہو

جنگ میں اُلجھی ہوئی انسانیّت کے واسطے
کیسے ہو سکتا ہے راہِ آشتی کوئی نہ ہو

اس لیے وہ لے کے آئے ہیں ہدایت کا چراغ
تاکہ آئندہ جہاں میں تیرگی کوئی نہ ہو

آپ کے حسنِ عمل کی روشنی ہے چار سُو
کیسے ممکن چاند ہو اور چاندنی کوئی نہ ہو

کیسے ممکن ہے نہ دیں ہو نوعِ انساں کے لیے
زندہ رہنے کو اصولِ زندگی کوئی نہ ہو

کس طرح ممکن سحرؔ ہے ہر زمانے کے لیے
آپؐ کے پیغام کی موجودگی کوئی نہ ہو

Kulliat-E-Hussai

حسین بحر

تجلی

دینی شاعری

حسین سحر

کتاب نگر حسن آرکیڈ ملتان کینٹ

ضابطہ

جملہ حقوق محفوظ

اشاعت اول	1998
کتابت	کمپیوٹر ڈیز
طباعت	میڈیا پلس ملتان
ناشر	کتاب نگر حسن آرکیڈ۔ ملتان چھاؤنی
ہدیہ	-/100 روپے

انتساب

اپنے ہمدم و ہمقدم

اقبال ارشد کے نام

حمد

تیری ہی دید ہے جلوہ جلوہ
تیرا ہی نور ہے ذرہ ذرہ

تیرا ہی لطف ہے ہر عالم میں
تیرا ہی عدل ہے کوچہ کوچہ

تیرا ہی نقش ہے ہر صورت میں
تیرا ہی عکس ہے چہرہ چہرہ

تیری ہی فکر ہے سب ذہنوں میں
تیرا ہی ذکر ہے سجدہ سجدہ

از ازل تا بہ ابد پھیلی ہے
تیری خوشبو ہے کہ نافہ نافہ

کونجتا ہے جو سحر سے تا شام
تیرا ہی اسم ہے کوشہ کوشہ

الٰہی صاحبِ تمجید ہے تو
خدایا لائقِ تحمید ہے تو

یگانہ، منفرد، یکتا و تنہا
کہ اصلِ معنیِ توحید ہے تو

تری ہی کبریائی کو بقا ہے
کہ دائم زندہ جاوید ہے تو

نہیں ہے مثل تیری دو جہاں میں
خود اپنی ذات کی تائید ہے تو

ہے تو ہی لاشریک و لامکانی
سراسر صورتِ تجرید ہے تو

تری ہستی ہے منبع روشنی کا
کہ خلاقِ مہ و خورشید ہے تو

ابد کی شام کی تو انتہا ہے
ازل کی صبح کی تمہید ہے تو

ہماری زیست کا پہلا سہارا
ہماری آخری امید ہے تو

۞

خدایا فقط تو ہی معبود ہے
سوائے ترے کون مسجود ہے؟

سزا وارِ تعریف کوئی نہیں
جہاں میں مگر تو ہی محمود ہے

تو میری سمجھ میں بھلا آئے کیا؟
مرا خانۂ ذہن محدود ہے

کہاں تیری عظمت کو میں پا سکوں؟
مری راہِ ادراک مسدود ہے

اگرچہ نظر ہم کو آتا نہیں
مگر تو ہر اک سمت موجود ہے

اس آئینے کو روشنی کر عطا
یہ دل کس قدر گرد آلود ہے

ترا جلوہ ہر سمت شام و سحر
فقط حسن تیرا ہی مشہود ہے

شاخ در شاخ مہکتے گلِ تر تیرے ہیں
چمنِ دہر میں سب برگ و شجر تیرے ہیں

آسمانوں کی بلندی پہ ہیں رستے تیرے
طائروں کو جو اُڑاتے ہیں وہ پر تیرے ہیں

تو ہی گرداب اٹھاتا ہے رواں موجوں میں
سیپیوں میں جو چھپے ہیں وہ گہر تیرے ہیں

روز و شب کی یہ تجلی ہے ترا عکسِ جمال
جگمگاتے ہوئے یہ شمس و قمر تیرے ہیں

دل دھڑکتے ہیں تیرے نام کی آواز کے ساتھ
شاد و آباد جو سینوں میں ہیں گھر تیرے ہیں

تیری الفت کے سوا ان میں نہیں ہے سودا
تیری درگاہ میں جھکتے ہوئے سر تیرے ہیں

نور و ظلمت تری تخلیق ہیں اے خالق کل
حلقۂ وقت میں یہ شام و سحر تیرے ہیں

خانہ کعبہ

نہ کیسے ہم کو ہو عرفانِ خانۂ کعبہ
خدا کا گھر ہے، یہ ہے شانِ خانۂ کعبہ

بڑے ادب سے چلو، سوچ کر قدم رکھو
ہے جبرئیل بھی دربانِ خانۂ کعبہ

حرم کا نور ہے یا روشنی ہے جنت کی
کھلا ہوا ہے گلستانِ خانۂ کعبہ

ملا ہے عالم انسانیت کو اک مرکز
بشر پہ کیسا ہے احسانِ خانۂ کعبہ

بنا ہے آج بھی منشور امن عالم کا
مرے نبیؐ کا وہ اعلانِ خانۂ کعبہ

مرے قدم تو طواف حرم میں ہیں مصروف
یہ میری جان ہے قربانِ خانۂ کعبہ

ملی ہیں ہم کو دو عالم کی نعمتیں اس سے
وسیع کتنا ہے دامانِ خانۂ کعبہ

غلاف تھام کے مانگیں دعا سحرؔ ہم بھی
کرے قبول وہ سلطانِ خانۂ کعبہ

نعت

تیری توصیف ہے آیہ آیہ
مدح ہے تیری ہی پارہ پارہ

لوگ کہتے ہیں تو بے سایہ تھا
اور ترا سایہ ہے قریہ قریہ

ماہ و خورشید ستارے، سدرہ
تری معراج ہے زینہ زینہ

میرے ہونٹوں پہ گلِ تر کی طرح
تیرا ہی نام ہے تازہ تازہ

حاصلِ عمرِ رواں میرے لیے
ہے تری یاد کا لمحہ لمحہ

میرے دل کو بھی کھلا دے مولا
ہے تبسم ترا غنچہ غنچہ

میں کڑی دھوپ میں ہوں سر تا پا
اور ٹھنڈک تری سایہ سایہ

میں کہ ہوں تشنہ لب و تشنہ نظر
اور رحمت تری دجلہ دجلہ

آ مجھے پھر سے مرتب کر دے
یہ مری جان ہے ریزہ ریزہ

صبحِ نو کی ہو بشارت مجھ کو
مرا ماحول ہے تیرہ تیرہ

سبز گنبد کی خنک کرنوں سے
بارشِ نور ہو قطرہ قطرہ

بشر کی ساری عظمت ہے اس سے
یہ جانا ہم نے اپنی آگہی سے

خدا سے ہم نے پایا ہے نبیؐ کو
خدا کو ہم نے پہچانا نبیؐ سے

چمکتے ہیں ستارے بن کے ذرے
دیارِ مصطفیؐ کی روشنی سے

میسر ہے کہاں باغِ ارم کو
جو خوشبو آئی ہے شہرِ نبیؐ سے

ہمیں محشر کا کوئی ڈر نہیں ہے
کہ ہم منسوب ہیں تیری گلی سے

حضوری کا تو اک لمحہ ہے بہتر
جدائی کی حیاتِ دائمی سے

پہنچا میں سحرؔ اس آستاں تک
یہی شکوہ ہے مجھ کو زندگی سے

❁

ہے یہی اک نشاں حضوری کا
اشک ہے ترجماں حضوری کا

آنکھ ہے کہکشاں نظاروں کی
دل ہے اک آسماں حضوری کا

میرے چوگرد نور کی بارش
ہے عجب یہ سماں حضوری کا

میری ہر بات سن رہے ہیں وہ
ہو رہا ہے گماں حضوری کا

درد کی لہر دل میں جاری ہے
ہے یہ دریا رواں حضوری کا

ان کی یاد آئی اشک بہہ نکلے
چل پڑا کارواں حضوری کا

ان کے نقشِ قدم کو جب دیکھا
کھل گیا گلستاں حضوری کا

کر رہا ہوں میں خود کو بھی محسوس
لطف حاصل کہاں حضوری کا؟

ایک اک حرف میں ہے کیفیت
نعت ہے اک بیاں حضوری کا

گنبدِ سبز کا خنک سایہ
کیف ہے بیکراں حضوری کا

دل کی دھڑکن یہ کہہ رہی ہے سحرؔ
ہے یہی آستاں حضوری کا

۞

دیارِ مصطفےٰ کو سجدہ گاہِ قدسیاں کہیئے
مدینے کی درخشندہ زمیں کو آسماں کہیئے

جمالِ گنبدِ خضرا مری آنکھوں کی جنت ہے
سکونِ قلبِ مضطر ہے اسے تسکینِ جاں کہیئے

وہی نکہت وہی طلعت وہی حسن آفریں جلوہ
وہ نقشِ پا ہے کیا؟ خُلدِ بریں کا اک نشاں کہیئے

انہی کا نور ہے جو ذرے ذرے سے نمایاں ہے
انہی کے نور کو وجہِ ظہورِ دو جہاں کہیئے

یہ قرآن مبیں بھی آپ ہی کا اک قصیدہ ہے
خدائے لم یزل بھی آپ ہی کا مدح خواں کہیئے

مقدر میں اگر ہو حاضری اس آستانے کی
تو اشکوں کی زباں سے اپنے دل کی داستاں کہیئے

سحرؔ اہلِ جہاں کہتے ہیں جس کو نعتِ پیغمبرؐ
محبت کی زباں کہیئے عقیدت کا بیاں کہیئے

۞

ابر چھایا ہوا ہے رحمت کا
باغ سارا ہرا ہے رحمت کا

میرے لب چھو گئی ہے بادِ صبا
کیا خنک ذائقہ ہے رحمت کا

چار سو ہے صدائے صلِ علیٰ
زمزمہ گونجتا ہے رحمت کا

ایک اک حرف عکسِ سیرت ہے
نعت بھی آئینہ ہے رحمت کا

جب بھی قرآن کی تلاوت کی
اک قصیدہ پڑھا ہے رحمت کا

مصطفیٰؐ فاطمہؑ علیؑ حسنینؑ
ایک ہی سلسلہ ہے رحمت کا

سوئے طیبہ رواں ہیں اہلِ شوق
کارواں چل رہا ہے رحمت کا

جس کی خوشبو ہے دونوں عالم میں
پھول ایسا کھلا ہے رحمت کا

روشنی جس کی تا ابد ہو گی
وہ دیا جل رہا ہے رحمت کا

زاہدوں کو ہے زہد کا دعویٰ
اور ہمیں آسرا ہے، رحمت کا

آسماں پر سحرؔ کا نظارہ
باب رخشندہ وا ہے رحمت کا

آپ کا عشق جس انسان کی قسمت میں نہیں
قسم اللہ کی مسلماں وہ حقیقت میں نہیں

کیفِ جاں، کیفِ نظر، کیفِ بیاں، کیفِ خیال
کونسا کیف ہے جو آپ کی مدحت میں نہیں

آپ کے در کا سوالی نہیں جاتا خالی
نہیں کہنا تو کبھی آپ کی عادت میں نہیں

مانگنے ہی کا سلیقہ نہیں آتا ہم کو
ورنہ کیا شے ہے جو اس دامنِ رحمت میں نہیں

فقرِ سلمانؔ و ابوذرؔ میں جو تسکیں ہے سحرؔ
بخدا قیصر و جمشید کی دولت میں نہیں

جلوۂ شب جمالِ سحر آپؐ کا
نام لیتے ہیں شمس و قمر آپؐ کا

مالِ دنیا کی مجھ کو تمنا نہیں
چاہئے التفاتِ نظر آپؐ کا

میری آہ و فغاں نذر ہے آپؐ کی
میرے اشکوں کا اک اک گہر آپؐ کا

میری سانسوں میں خوشبو بسی آپؐ کی
میری آنکھیں مرا دل ہے گھر آپؐ کا

آپ کے ذکر سے ہے عبادت مری
میرے حرفِ دعا میں اثر آپؐ کا

سائلوں کو ملے گا جہاں بے طلب
سارے عالم میں ہے ایک در آپؐ کا

پتھروں کو سحرؔ آئینہ کر دیا
یہ صفت آپ کی یہ ہنر آپؐ کا

☆

مصطفیٰؐ سا کوئی دوسرا ہے کہاں؟
سید و سرورِ انبیاء ہے کہاں؟

ہے ازل سے جو محبوبِ ذاتِ خدا
ایسا کوئی خدا آشنا ہے کہاں؟

جانِ کونین و روحِ جہاں کے سوا
محورِ حسنِ ارض و سما ہے کہاں؟

جس سے سیراب اپنے پرائے ہیں سب
آپ سا کوئی بحرِ عطا ہے کہاں؟

نقشِ پائے شہِ دوسرا کے سوا
خلد کا اور کوئی راستہ ہے کہاں؟

جس میں آئے نظر عکسِ ربِ علیٰ
ایسا نور آفریں آئینہ ہے کہاں؟

آپ کے آستانِ کرم کے سوا
بے کسوں کا کوئی آسرا ہے کہاں؟

گنبدِ سبز میری نگاہوں میں ہے
ایسا نظارۂ بے بہا ہے کہاں؟

اشک ہی اشک میرا بیاں ہیں سحرؔ
کوئی مجھ سا بھی مدحت سرا ہے کہاں؟

☆

درِ نبیؐ ہے کہ ہے گلستاں ستاروں کا
ہے ذرہ ذرہ یہاں ہم عناں ستاروں کا

دیارِ طیبہ تری خاکِ پاک پر قرباں
زمیں گلوں کی ہو یا آسماں ستاروں کا

وہ رہگذار کہ روشن ہے کہکشاں کی طرح
وہ نقشِ پا ہے کہ ہے اک نشاں ستاروں کا

زمیں کی خاک نے چومے قدم محمدؐ کے
نصیب ایسا بھلا ہے کہاں ستاروں کا؟

تجلیاتِ نبیؐ تک نگاہ کیا پہنچے؟
حجابِ نور ہے اک درمیاں ستاروں کا

شبِ فراقِ مدینہ ہے روشنی کا سماں
ہے اشک اشک مرا ہم زباں ستاروں کا

انہی کی چادرِ رحمت کا عکس ہے گویا
ہمارے سر پہ جو ہے سائباں ستاروں کا

بلالؓ و بوذرؓ و سلمانؓ و میثمؓ و عمارؓ
رہِ وفا میں ہے اک کارواں ستاروں کا

زمیں کے رستوں سے بڑھ کر ہے آشنائے فلک
وہ رشکِ ماہ کہ ہے رازداں ستاروں کا

ہم ان کے امتی ہیں جو ہیں صاحبِ معراج
ہمارے سامنے کیا ہفت خواں ستاروں کا

حرا کی خلوتِ پُرنور کہہ رہی ہے سحرؔ
کہ اس زمیں پہ بھی ہے اک جہاں ستاروں کا

☆

تنویرِ سحر، نکہتِ شب آپؐ کے دم سے
ہیں زیست کی یہ رونقیں سب آپؐ کے دم سے

ہم کو ہے ملا اشرفِ مخلوق کا رتبہ
اپنا تو ہے سب نام و نسب آپؐ کے دم سے

جو رنج و مصیبت میں گرفتار تھا پہلے
انسان ہوا نغمہ بلب آپؐ کے دم سے

پتھر کے صنم اس کے تھے معبود ہزاروں
ہے نوعِ بشر واقف رب آپؐ کے دم سے

سلمانؔ ہوئے ذیجاہ ابوذرؔ ہوئے ذیشاں
ہے جاہِ عجم، شانِ عرب آپؐ کے دم سے

بے مایہ تہی دست تھے ہم آپؐ سے پہلے
معمور ہے دامانِ طلب آپؐ کے دم سے

ہم کو تو خود اپنا کوئی عرفان نہیں تھا
اور اب ہیں شناسائے ادب آپؐ کے دم سے

☆

سر چشمۂ انوار ہے خوشبو کا خزینہ
شہروں میں کوئی شہر اگر ہے تو مدینہ

ہے ختم رسل ذات تری اے شہِ بطحا!
تو تاجِ الٰہی کا درخشاں ہے نگینہ

ہر سانس ہے تیری دلِ کونین کی دھڑکن
اسرارِ الٰہی کا ہے مخزن ترا سینہ

رخشندہ ستاروں سے تری خاکِ قدم ہے
عنبر سے فزوں تیرے بدن کا ہے پسینہ

کیا گنبدِ خضرا کی ہے رفعت کا ٹھکانا
یہ عرشِ الٰہی کی تجلّی کا ہے زینہ

اعجاز ہے یہ رحمتِ عالم کی نظر کا
کافور ہوئی تیرگیٔ نخوت و کینہ

اشکوں سے وضو کر کے لکھوں نعتِ پیمبر
اللہ! عطا ہو مجھے مدحت کا قرینہ

شاید کہ درِ شہ پہ رسائی کا سبب ہو
یہ آہِ سحر میری، مرا سوزِ شبینہ

☆

زر و سیم کی ہے خواہش نہ بہشت کی طلب ہے
مرا مرکزِ تمنا درِ سیدِ عرب ہے

اسی آس پر ہوں زندہ کہ کبھی تو اک نہ اک دن
مرا ہجر دور ہو گا غمِ دل کا جو سبب ہے

ہے یہ وجہِ فخر و عزت کہ ہے آپ ہی سے نسبت
نہ کوئی حسب ہے میرا نہ کوئی مرا نسب ہے

وہ زمین پر ہے لیکن وہ ہے آسماں کا تارا
وہ بشر کی شکل میں ہے مگر انعکاسِ رب ہے

سرِ خاکِ معرفت تم بہ صد احتیاط چلنا
کہ یہی دیارِ دل ہے یہی قریۂ ادب ہے

یہ سحرؔ گدا ہے تیرا اے شہنشہِ زمانہ
فقط اک نظرِ کرم کی کہ یہ کب سے جاں بلب ہے

☆

آپ کی یادوں کا اوڑھا جب سے دوشالہ حضورؐ!
ہے مرے چاروں طرف اک نور کا ہالہ حضورؐ!

آپ چاہیں تو بنے پل میں یہ رشکِ انگبیں
زندگی میرے لیے ہے زہر کا پیالہ حضورؐ!

اور کوئی نام میرے دل پہ لکھا ہی نہیں
ہوں ازل سے آپ کا شیدائی ووالہ حضورؐ!

آپؐ کے اسمِ گرامی میں ستاروں کی چمک
آپؐ کے ذکرِ حسیں میں نکہتِ لالہ حضورؐ!

آپؐ کی چشمِ توجہ کا ہے کب سے منتظر؟
دل سحرؔ کا ہے جو وقفِ گریہ و نالہ حضورؐ!

☆

آنکھوں میں شب و روز مری خوابِ حرم ہے
سینہ مرا محراب ہے دل بابِ حرم ہے

ہر آن تجلی ہے نئی، ہے نیا جلوہ
دیکھے تو کوئی کیسی تب و تابِ حرم ہے

بارانِ کرم ہے یہاں اک ایک قدم پر
یوں روح کی کھیتی مری سیرابِ حرم ہے

دل سجدے میں جھکتے ہیں جہاں سر سے زیادہ
وہ گلشنِ جنت ہے کہ محرابِ حرم ہے

دربارِ محمدؐ میں دھڑکتا ہے تو کم کم
یہ دل بھی سحرؔ واقفِ آدابِ حرم ہے

☆

خوشبو سے معطر ہے فضا شہرِ نبیؐ میں
چلتی ہے محبت کی ہوا شہرِ نبیؐ میں

رکھتی ہے قدم سوچ کے ہر ایک روش پر
آہستہ ادب سے ہے صبا شہرِ نبیؐ میں

گردش میں اگرچہ ہیں ہر اک لمحہ مسلسل
ساکن ہیں مگر ارض و سما شہرِ نبیؐ میں

مانگو تو سہی زخمِ دلِ زار کا مرہم
ہر درد کی ملتی ہے دوا شہرِ نبیؐ میں

ہونٹوں پہ مرے صلِ علیٰ صلِ علیٰ ہے
یہ ورد ہے بس صبح و مسا شہرِ نبیؐ میں

وہ کیف ہے لفظوں میں بیاں ہو نہیں سکتا
دیکھو تو سہی چل کے ذرا شہرِ نبی میں

یہ ان کی نظر ان کی توجہ کا اثر ہے
مجھ ایسا ہوا نعت سرا شہرِ نبی کا

برسے گی ہر اک سمت سحرؔ تشنہ دلوں پر
اٹھی ہے جو رحمت کی گھٹا شہرِ نبی میں

☆

مرضیٔ خالقِ دو جہاں آپؐ ہیں
وجہِ تخلیقِ کون و مکاں آپؐ ہیں

سارے عالم پہ ہیں آپؐ چھائے ہوئے
سارے عالم کی روح و رواں آپؐ ہیں

جس کے سائے میں ہے ساری انسانیت
خلق کا وہ عظیم آسماں آپؐ ہیں

جس کی خوشبو ہے کونین میں چارسو
وہ مہکتا ہوا گلستاں آپؐ ہیں

رحمتِ دو جہاں ہے لقب آپؐ کا
امن اور عافیت کا نشاں آپؐ ہیں

سرِ حدت نہ کیوں آپؐ پر ہو عیاں
خلوتِ عرش کے رازداں آپؐ ہیں

آپ کا قول، قولِ خدا ہے سحرؔ
در حقیقت خدا کی زباں آپؐ ہیں

☆

جاگتی آنکھوں سے حاصل یہ سعادت کی ہے
شہرِ سرکار میں دیدِ رخِ جنت کی ہے

دل نے اس طرح بھی اللہ کی عبادت کی ہے
اس کے محبوب کی بے ساختہ مدحت کی ہے

جو بھی آیا ہے وہاں سے مرا دل اس پہ نثار
میں نے ہر زائرِ طیبہ سے محبت کی ہے

سایۂ گنبدِ خضرا میں درود اور سلام
میری سانسوں نے مسلسل یہ عبادت کی ہے

میرا بھی حق ہے تری خلدِ بریں پر مالک
ترے محبوب سے میں نے بھی محبت کی ہے

میرے آقا نے بلا کر مجھے اپنے در پر
اوجِ افلاک سے اونچی مری قسمت کی ہے

کیوں نہ ہو ناز مجھے اپنی بصارت پہ سحرؔ
میری آنکھوں نے مدینے کی زیارت کی ہے

☆

جنت جواں ہے گنبدِ خضرا کی چھاؤں میں
کیسا سماں ہے گنبدِ خضرا کی چھاؤں میں

ربِ جہاں کی رحمت و رافت کا ہر گھڑی
چشمہ رواں ہے گنبدِ خضرا کی چھاؤں میں

خوشبو سے جس کی دونوں جہاں عطر بیز ہیں
وہ بوستاں ہے گنبدِ خضرا کی چھاؤں میں

محشر کی تیز دھوپ میں بخشے گا جو سکوں
وہ سائباں ہے گنبدِ خضرا کی چھاؤں میں

اک آسماں تو عرش کے سر پر ہے جلوہ گر
اک آسماں ہے گنبدِ خضرا کی چھاؤں میں

اس آئینے میں ششدر و حیران ہے مکاں
گم سم زماں ہے گنبدِ خضرا کی چھاؤں میں

لگتا ہے جیسے اب بھی کوئی عاشقِ رسول
محوِ اذاں ہے گنبد خضرا کی چھاؤں میں

اس کیفیت کو کیسے زبانیں ادا کریں؟
عاجز بیاں ہے گنبدِ خضرا کی چھاؤں میں

حاصل ہے جس سے روح کو بالیدگی سحرؔ
وہ گلستاں ہے گنبدِ خضرا کی چھاؤں میں

☆

پہلے آنکھوں کو باوضو کیجے
خود کو پھر ان کے رو برو کیجے

سانس لے کر ریاضِ جنہ میں
زندگی اپنی مشک بُو کیجے

گنبدِ سبز کی فضاؤں میں
چاک تقدیر کے رفو کیجے

بارشِ اشکِ غم ہو آنکھوں سے
اس طرح شرحِ آرزو کیجے

چاہیے گر سراغ منزل کا
ان کے قدموں کی جستجو کیجے

روز و شب ہو تلاوتِ قرآں
روز و شب ان کی گفتگو کیجے

عشقِ سرکار روشنی ہے سحرؔ
روشنی عام چارسو کیجے

☆

دنیا کی روشنی ہے نہ عقبیٰ کی روشنی
پیشِ نگاہ صرف ہے بطحا کی روشنی

جس نے مٹائیں دل سے غموں کی سیاہیاں
وہ روشنی ہے گنبدِ خضرا کی روشنی

مجھ کو تلاش جلوۂ خلد آفریں کی ہے
میں ڈھونڈتا ہوں نقشِ کفِ پا کی روشنی

قرآں وہ نور کا ہے سمندر کہ جس میں ہے
یٰسیں کی روشنی کہیں طٰہٰ کی روشنی

جنت کی روشنی سے ہے خیرہ میری نظر
طیبہ کی روشنی تو ہے طیبہ کی روشنی

یہ کس کی خاکِ پا کی تجلی کے سامنے
بے آب پڑ گئی یدِ بیضا کی روشنی

آنکھوں میں کو غبارِ سفر ہے تو کیا سحرؔ
دل میں ہے میرے حرفِ تمنا کی روشنی

☆

خوابوں کی تیرگی جو ہٹی میرے سامنے
پھیلا ہوا تھا شہرِ نبیؐ میرے سامنے

سر پر مرے جو گنبدِ خضرا کی چھاؤں ہے
چادر ہے رحمتوں کی تنی میرے سامنے

اٹھنے لگا اک ایک قدم احتیاط سے
آئی ہے جب بھی ان کی گلی میرے سامنے

لگتا ہے زیبِ منبر و محراب آپؐ ہیں
ماضی کی ہے کتاب کھلی میرے سامنے

دیکھا تو آسمانِ دل و جاں پہ چھا گئی
رحمت کی اک گھٹا جو اٹھی میرے سامنے

☆

جو خدا وندِ عالم کا محبوب ہے
فخرِ یعقوبؑ ہے رشکِ ایوبؑ ہے

آپ کے عشق میں جو ہے ڈوبا ہوا
دو جہانوں کا مقصود و مطلوب ہے

جس میں شامل درودوں کی ہیں نکہتیں
ایسی آب و ہوا دل کو مرغوب ہے

حسن پر اس کے قربان ہیں جنتیں
شہرِ طیبہ کا منظر بھی کیا خوب ہے

اس سے بڑھ کر بھلا ہو گا کیا مرتبہ؟
یہ سحرؔ آپؐ کے در سے منسوب ہے

☆

میرا عرفان ہیں آپؐ اور مرا ایقان ہیں آپؐ
حق تو یہ ہے کہ مرا حاصلِ ایمان ہیں آپؐ

ہمیں انسان کے رتبے سے سرفراز کیا
ہم پہ اللہ کا سب سے بڑا احسان ہیں آپؐ

نوعِ انساں کو غلامی سے نجات آپؐ نے دی
نوعِ انسان کی آزادی کا اعلان ہیں آپؐ

آپؐ سا بندہ ہو جس کا وہ خدا کیا ہو گا؟
ذاتِ معبود کی سب سے بڑی پہچان ہیں آپؐ

کوئی خطرہ نہیں آلام کی طغیانی کا
ہم گنہگاروں کی کشتی کے نگہبان ہیں آپؐ

جن و انسان و ملک جن کے ہیں زیرِ فرماں
دو جہانوں کی قلمرو کے وہ سلطان ہیں آپؐ

در جنت پہ سحرؔ دیکھ کے بولا رضواںؔ
آیئے سرور عالم کے ثنا خواں ہیں آپ

☆

مری آنکھوں میں مکہ ہے مرے دل میں مدینہ ہے
حرم کے نور کی کرنوں سے روشن میرا سینہ ہے

ذرا کم ہو نہیں سکتا جو ہرگز روزِ محشر تک
مرے دل میں تو عشقِ مصطفیٰؐ کا وہ خزینہ ہے

جمالِ گنبدِ خضرا کی جگمگ یوں ہے عالم میں
کہ جیسے یہ زمانے کی انگوٹھی کا نگینہ ہے

رسائی چاہیے گر بارگاہِ ربِ کعبہ تک
تو دہلیزِ درِ خیر الوریٰ ہی ایک زینہ ہے

یہ ان کا ہے کرم میں بھی سحرؔ ہوں مدح خوانوں میں
وگرنہ نعت کہنے کا کہاں مجھ میں قرینہ ہے

☆

جس کے ہر اک نفس زیرِ فرمان ہے
وہ دلوں کی حکومت کا سلطان ہے

آپؐ ہی کا قصیدہ یہ قرآن ہے
خود خدائے دو عالم ثنا خوان ہے

حُبِ ختم الرسلؐ زندگی ہے مری
یہ مرا دیں یہی میرا ایمان ہے

دین و دنیا کا سرمایہ عشق آپؐ کا
آپؐ کا عشق ہی میری پہچان ہے

چودھویں رات کے چاند کی روشنی
خاک پر ان کے قدموں کی قربان ہے

جیسے تلوار کی دھار پر ہوں رواں
نعت کہنا کہاں اتنا آسان ہے؟

پاس میرے ہے کیا؟ چند نعتیں سحرؔ
آخرت کا یہی ایک سامان ہے

☆

دہر میں ہر کمال ان کا ہے
سارا حسن و جمال ان کا ہے

وہ خدائی کے کیوں نہ ہوں مالک
مالکِ ذوالجلال ان کا ہے

بامِ عرشِ علےٰ ہے زیرِ قدم
کیسا اوج و کمال ان کا ہے

ہر زمانہ ہے ان کے زیرِ نگیں
حلقہ ماہ و سال ان کا ہے

ہے ابد تک جو مشعلِ ہستی
اسوۂ لازوال ان کا ہے

ہر گھڑی ان کے روبرو ہوں سحرؔ
دل میں ہر دم خیال ان کا ہے

☆

بغیر ذکرِ خدا و بغیر ذکرِ نبیؐ
ہمارا سانس بھی لینا بڑی ہے بے ادبی

ہماری ساری عبادت بجا سہی لیکن
بغیر عشقِ نبیؐ ہے تمام بولہبی

یہ افتخار کہاں اکتساب سے حاصل؟
ثنائے خواجہ کی دولت ہے نعمتِ وہبی

جمالِ گنبدِ خضرا نے کر دیا سیراب
مٹی ہے کشتِ دلِ مضطرب کی تشنہ لبی

حضورِ شاہؐ میں اشکوں نے کر دیا اظہار
وگرنہ رہتی تمنائے دل دبی کی دبی

یہ کس کے نقشِ کفِ پا کی روشنی ہے سحرؔ
کہ جس سے دور ہوئی ہے نظر کی تیرہ شبی

☆

آپؐ آئے تو اجالا مل گیا
شب زدوں کو اک سویرا مل گیا

بے نوائی ناز کرتی ہے بہت
بے سہاروں کو سہارا مل گیا

جس کے ہاتھوں میں ہے نبضِ کائنات
زندگی کو وہ مسیحا مل گیا

ان کے قدموں کی اگر مل جائے خاک
ہم کو اوجِ دین و دنیا مل گیا

آ گیا اشک ندامت آنکھ میں
مغفرت کا ایک دریا مل گیا

حشر کے دن امتی بخشے گئے
چشمِ رحمت کا اشارا مل گیا

قابلِ رشک ان کی قسمت ہے سحرؔ
جن کو قربِ شاہِ بطحا مل گیا

☆

روشنی کا اک منارہ چاہئے
ان کی خاکِ پا کا ذرہ چاہئے

فکر میں رفعت ہو جذبوں میں خلوص
نعت کہنے کا سلیقہ چاہئے

سامنے ہو روضۂ اقدس کا نور
آنکھ کو یہ ایک جلوہ چاہئے

چاہئے گر باغِ جنگ کا سکوں
گنبدِ خضرا کا سایہ چاہئے

زندگی کے سارے زخموں کے لیے
بس ہوائے شہرِ طیبہ چاہئے

ظلمتوں میں ہم بھٹک سکتے نہیں
آپؐ کا پرنور اُسوہ چاہئے

نعت کہتا ہوں سحرؔ سرکار کی
اپنی بخشش کا ذریعہ چاہئے

☆

آپؐ ہی کی ذات اقدس ہے وہ ذات
بندگی میں بھی ہے جو مولا صفات

دسترس میں جن کی ہیں مہر و نجوم
آپؐ ہیں ایسے رسول کائنات

آپؐ کیا آئے اجالا ہو گیا
اہل دل کو مل گئی شب سے نجات

آپؐ کی چشمِ توجہ کے طفیل
گر گئے اوہام کے لات و منات

آپؐ کے نقشِ قدم کی روشنی
ڈھونڈتی ہے رات دن شمعِ حیات

دردِ مہجوری حضوری کا سرور
نعت بھی ہے عشق کی اک واردات

حسن کی دنیائے فانی میں سحرؔ
صرف عشقِ شاہؐ دیں کو ہے ثبات

☆

غارِ حرا

نظر کے سامنے ہے آب و تابِ غارِ حرا
زمانے بھر میں نہیں ہے جوابِ غارِ حرا

مہک ہے جس کی دو عالم کے لالہ زاروں میں
ہوا شگفتہ اک ایسا گلابِ غارِ حرا

ہمیشہ کے لیے کافور ہو گئی ظلمت
ہوا ہے جلوہ فگن ماہتابِ غارِ حرا

تمیزِ بندہ و آقا مٹانے کی خاطر
جہاں میں پھیل گیا انقلابِ غارِ حرا

مرے حضورؐ کے سانسوں کا لمس ہے اس میں
اسی لیے تو ہوا انتخابِ غارِ حرا

مرے حضورؐ کے قدموں کا نقش ہے اس میں
چمک رہا ہے جبھی آفتابِ غارِ حرا

فرازِ عرش سے نازل ہوا جہاں کے لیے
نصابِ زیست کہ اُم الکتابِ غارِ حرا

☆

فاران

میرے لب پر آیا ہے جو تذکرہ فاران کا
ذہن پر طاری ہوا پھر دبدبہ فاران کا

ثبت ہیں اس پر نشان پائے عظمت آپؐ کے
اہل دل ہی جانتے ہیں مرتبہ فاران کا

کفر و باطل کی سیاہی کو مٹانے کے لیے
جگمگاتا ہے جہاں میں آئینہ فاران کا

قافلے کتنے چلے اور راستے میں رک گئے
آج بھی جاری ہے لیکن قافلہ فاران کا

اہلِ حق لے کر چلے جو امنِ عالم کے لیے
چل رہا ہے آج بھی وہ سلسلہ فاران کا

ہے ضرورت اب بھی باطل سے نمٹنے کے لیے
ہو دلوں میں پھر سے پیدا ولولہ فاران کا

☆

گنبدِ خضرا

جو دیکھا ابرِ گہر بارِ گنبدِ خضرا
دل و نظر ہوئے سرشارِ گنبدِ خضرا

کشاں کشاں لیے جاتا ہے دل سوئے منزل
دکھائے دیتے ہیں آثارِ گنبدِ خضرا

جمالِ جنتِ اعلیٰ بھی رشک کرتا ہے
ہے ایسا حسنِ طرحدارِ گنبدِ خضرا

بہارِ حسنِ دو عالم کا عکس ہے گویا
مہک رہا ہے چمن زارِ گنبدِ خضرا

سحابِ رحمتِ عالم کا فیض ہے جاری
برس رہے ہیں جو انوارِ گنبدِ خضرا

☆

مسجدِ طیبہ

مرے ہونٹوں پہ آیا ہے جو نامِ مسجدِ طیبہ
جھکا دل جود بخود از احترامِ مسجدِ طیبہ

اسے ہے خاص نسبت آستانِ سرورِ دیں سے
دلِ اہلِ نظر میں ہے مقامِ مسجدِ طیبہ

ریاض خلد کی خوشبو در و دیوار سے آئی
جو دیکھے منبر و محراب و بامِ مسجدِ طیبہ

فقط انسان ہی شامل نہیں ہیں سجدہ ریزی میں
ملک بھی ہیں شریکِ ازدحامِ مسجدِ طیبہ

مناروں کی تجلی کو نظر میں جذب کرنے دو
مری آنکھیں ہیں کب سے تشنہ کامِ مسجدِ طیبہ

سحرؔ اس کو جہاں میں عام کرنے کی ضرور ہے
پیامِ آدمیت ہے پیامِ مسجدِ طیبہ

منقبت

قرآن واہلِ بیتؑ

قرآن وہ کتاب ہے جو ہے کلامِ حق
انسانیت کے واسطے یہ ہے پیامِ حق
ہے تشنگانِ نور کی خاطر یہ جامِ حق
بھٹکے ہوؤں کے واسطے یہ ہے نظامِ حق

کافور اس سے ظلمتِ لات و منات ہے
یہ روشنی شعورِ حیات و ممات ہے

نوعِ بشر کا مرکز و محور ہیں اہلِ بیت
ایماں کا آسمانِ منور ہیں اہلِ بیت
اسلام کا لباسِ معطر ہیں اہلِ بیت
اور سب سے بڑھ کے آلِ پیمبر ہیں اہلِ بیت

ہیں اہلِ بیت نور کا دھارا لیے ہوئے
ہر کوئی معرفت کا ستارا لیے ہوئے

قرآں اگر ہے نور تو عترت بھی ایک نور
قرآں اگر شعور ہے عترت بھی ہے شعور
قرآن و آل دونوں میں خالق کا ہے ظہور
دونوں کبھی رہے نہیں اک دوسرے سے دور

دونوں کی ہے گرفت رہِ صبح و شام پر
دونوں ہیں رہنمائے بشر ہر مقام پر

قرآں اگر ہے علم، عمل اہلِ بیت ہیں
قرآن ہے سوال تو حل اہلِ بیت ہیں
نورِ ابد ہیں نورِ ازل اہلِ بیت ہیں
جن کا نہیں ہے کوئی بدل اہلِ بیت ہیں

صامت اگر کتاب ہے ناطق ہیں اہلِ بیت
سچ تو یہ ہے کہ مرضیٔ خالق ہیں اہلِ بیت

اترا کلامِ نور جو قلبِ رسول پر
چھایا وہ کائنات کے سب عرض و طول پر
سایہ فگن ہے دیں کے فروع و اصول پر
یعنی حسنؑ حسینؑ و علیؑ و بتولؑ پر

آیات گر رسولؐ کی آنکھوں کا نور ہیں
تو اہلِ بیت آپ کے دل کا سرور ہیں

آیات بینات ہیں قرآن و اہلِ بیت
روح و روانِ ذات ہیں قرآن و اہلِ بیت
سرچشمۂ حیات ہیں قرآن و اہلِ بیت
مقصودِ کائنات ہیں قرآن و اہلِ بیت

ہر اہلِ دل نے راہ یہ پائی حیات کی
قرآن و اہلِ بیت ہیں کشتی نجات کی

ایمان و اہلِ بیت ہیں اک دوسرے کے ساتھ
ایقان و اہلِ بیت ہیں ایک دوسرے کے ساتھ
عرفان و اہل بیت ہیں ایک دوسرے کے ساتھ
قرآن و اہل بیت ہیں ایک دوسرے کے ساتھ

اک اک قدم پہ دونوں برابر ہیں ساتھ ساتھ
حد تو یہ ہے کہ نوکِ سناں پر ہیں ساتھ ساتھ

☆

شیرِ حق ہے قوتِ یزداں علیؑ
لافتیٰ الا شہِ مرداں علیؑ

خندق و بدر و اُحد کا شہسوار
فتح و نصرت کا سرو ساماں علیؑ

کہہ رہی ہے یہ سلونی کی صدا
علم کا ہے بحرِ بے پایاں علیؑ

واقفِ اسرارِ روحِ کائنات
نظمِ خشک و تر کی جانِ جاں علیؑ

حُسن اس کی ذات کا ہے ایک باب
داستانِ عشق کا عنواں علیؑ

تاجدارِ ہل اتیٰ ہے اس کا نام
صبر و استقلال کا سلطاں علیؑ

بائے بسم اللہ ہے اس کا مقام
سر بسر ہے پیکرِ قرآں علیؑ

مظہرِ حسنِ عجائب اس کی ذات
اور ہے سر چشمۂ عرفاں علیؑ

شان ہے اس کی امامت کا جلال
اور ایسی شان کے شایاں علیؑ

منبع ایقان اس کی شخصیت
ہے سراسر مصدرِ ایماں علیؑ

دیکھئے تو ہے محمدؐ کا غلام
سوچئے تو رشکِ انس و جاں علیؑ

ذکر جس کا ہے عبادت کی طرح
سارے عالم میں ہے وہ انساں علیؑ

مشکلوں میں ہے وہی مشکل کشا
ہے سحرؔ کے درد کا درماں علیؑ

☆

کھلتے ہیں ہونٹ میرے جب مدحتِ علیؑ میں
جھوم اٹھے ہیں دل و جاں ایماں کی سرخوشی میں

فکر و شعور اس کے در کے غلام ٹھہرے
جو ذات منتہی ہے عرفان و آگہی میں

شاہوں کو بھی میسر ہو گی نہ ایسی دولت
جو کیف ہم نے پایا اندازِ قنبری میں

انسان ہی نہیں ہیں حلقہ بگوش اس کے
جن اور ملائکہ بھی آتے ہیں حاضری میں

ذرے سحرؔ نجف کے ہیں آسماں کے تارے
ڈوبے ہوئے سراسر ہیں نورِ سرمدی میں

☆

میخانۂ توحید کی بنیاد علیؑ ہے
سرچشمۂ حق منبعِ ارشاد علیؑ ہے

جس ذات سے روشن ہے گلستانِ امامت
وہ فخرِ ہدیٰ نازشِ زہاد علیؑ ہے

دیتا ہے پلٹتا ہوا سورج یہ گواہی
ہر گردشِ افلاک سے آزاد علیؑ ہے

کونین کی دھڑکن ہے اسی نام سے جاری
حق یہ ہے دلِ عالمِ ایجاد علیؑ ہے

کیا اس کے بھلا علم کی وسعت کا بیاں ہو
حد یہ ہے کہ جبریلؑ کا استاد علیؑ ہے

ہے شام و سحر لب پہ مرے نام اسی کا
یوں دل کے نہاں خانے میں آباد علیؑ ہے

☆

جراتوں کا جگمگاتا آسماں عباسؑ ہے
حوصلوں کا مسکراتا گلستاں عباسؑ ہے

جس کی اک اک موج میں پنہاں ہے طوفانِ بلا
ہمتوں کا ایسا بحرِ بیکراں عباسؑ ہے

ناز ہے جس کی شجاعت پر شہِ شبیرؑ کو
خاندانِ ہاشمی کا وہ جواں عباسؑ ہے

جس میں ہے ایثار و خودداری رضا بھی صبر بھی
فکرِ شبیری کا ایسا ترجماں عباسؑ ہے

کس میں ہمت آنکھ اٹھائے آلِ اطہر کی طرف؟
آلِ اطہر کے لیے اک سائباں عباسؑ ہے

کس کی جرات خیمہ سادات کی جانب بڑھے؟
دشمنوں کے علم میں ہے درمیاں عباسؑ ہے

کہہ رہا ہے چار سو یہ آج بھی اڑتا علم
اب بھی دنیا میں وفا کا اک نشاں عباسؑ ہے

اب بھی اک دنیا پئے تعظیم جھکتی ہے سحرؔ
اب بھی تسلیم و رضا کا آستاں عباسؑ ہے

☆

جنت البقیع

خوشا نصیب میں ہوں مدح خوانِ جنت البقیع
مری زباں پہ آیا ہے بیانِ جنت البقیع

صحابہ کرامؓ بھی ائمۂ عظامؑ بھی
میں محوِ خواب آج بھی میانِ جنت البقیع

کئی ستارے اس زمیں پہ سو رہے ہیں اس طرح
کہ آسماں سے بڑھ گئی ہے شان جنت البقیع

دھڑک رہی ہیں کتنی تربتیں عظیم خاک میں
مزارِ فاطمہؑ مگر ہے جانِ جنت البقیع

جو سیم و زر سے قیمتی تھے لوگ اس میں دفن ہیں
چھپا ہوا ہے گنجِ بیکران جنت البقیع

صدائے خامشی میں عبرتوں کی داستان کو
سنا رہی ہے آج بھی زبانِ جنت البقیع

☆

قصیدہ امام زمانہؑ

نظر فگار ہے دل بیقرار ہے آجا
نہ جانے کب سے ترا انتظار ہے آجا

ترے فراق میں ہر دل تڑپتا رہتا ہے
ہر ایک چشمِ وفا اشکبار ہے آجا

تمام دستِ طلب پیش رب ہیں محو دعا
تمام ہونٹوں پہ بس اک پکار ہے آجا

ہمارا دل ہے تصدق ترے تقدس پر
ہماری جان بھی تجھ پر نثار ہے آجا

ولیِ عصر ہے تو حجتِ خدا ہے تو
امامتوں کا تو اک شاہکار ہے آجا

تری ہی ذات مسیحا ہے، تیرے ہاتھوں میں
علاجِ گردشِ لیل و نہار ہے آجا

تری نگاہِ حقیقت شعار کے آگے
ہمارا حالِ زبوں آشکار ہے آجا

ترا وجود ہے سرمایۂ گل و لالہ
یہ زیست اپنے لیے خارزار ہے آجا

ترا ظہور ہماری اداسیوں کا حل
خزاں کے واسطے تو اک بہار ہے آجا

حجابِ وقت سے مثلِ مہِ تمام نکل
سیاہ بخت بہت روزگار ہے آجا

جہاں پہ ظلم و ستم کی گھٹائیں چھائی ہیں
تو آفتابِ سحر آشکار ہے آجا

☆

عروسیہ☆سرکارِ دوعالمؐ

آج بطحا میں عجب جشنِ طرب برپا ہے
ہر طرف رنگ چمکتے ہیں سماں مہکا ہے

☆ایک نئی صنفِ سخن جس میں محمدؐ و آلِ محمدؐ کے جشنِ عروسی کا بیان ہوتا ہے۔

وجد میں آیا ہے افلاک کا اک اک تارہ
دف بجاتا ہے کوئی گیت کوئی گاتا ہے

رقص میں آیا ہے ہر شاخ کا اک اک غنچہ
مسکراتا ہے کوئی جھوم کے شرماتا ہے

اس کا یہ جشنِ عروسی ہے کہ جس کی خاطر
خالقِ کل نے جہاں خلق یہ فرمایا ہے

حور و غلمان و ملک جن و بشر اس کے غلام
کل خلائق کا حقیقت میں وہی آقا ہے

ابو طالبؑ کا ہے ممدوح خدا کا محبوب
صادق الوعد و امیں جس نے لقب پایا ہے

وہ خدیجہؑ کا ہے مقصود شرافت پیکر
میسرہ نے جسے دیکھا تو پکار اٹھا ہے

ایسا مہتاب کہ سورج بھی کرے رشک اس پر
ایسا اک پھول بہشتوں کا جو سرمایہ ہے

ابر ہے سایہ فگن اس کے سرِ انوار پر
جسم کے چاروں طرف نور کا اک ہالہ ہے

ایسے دولہا کے جلو میں ہیں نبی اور ولی
وہ براتی ہیں کہ انوار کا اک جلوہ ہے

ابن عبداللہ بھتیجا ہے ابوطالبؑ کا
ساری دنیا کے جوانوں میں یہی رعنا ہے

گر خدیجہؑ ہے دلہن سارے عرب کی ملکہ
سارے عالم کا شہنشاہ یہی دولہا ہے

دو ستاروں کا یہ اک عقد مثالی ہے سحرؔ
نور ہی نور ہے جو چار طرف پھیلا ہے

☆

عروسیہ مولائے کائناتؑ

گلزارِ سرمدی کی فضا ہی نئی ہے آج
ہر پھول ہر کلی پہ عجب تازگی ہے آج

طیبہ کی خاکِ پاک ستاروں سے بھر گئی
ذروں پہ اس کے اک نئی رخشندگی ہے آج

خوشبوئے معرفت میں بسی ہے گلی گلی
مہکا ہوا بہار سے شہرِ نبیؐ ہے آج

ہیں بام و در جمال سے معمور سربسر
عمرانؑ کے قصرِ نور میں وہ روشنی ہے آج

نازاں ہے شہرِ علم بھی بابِ العلوم پر
اس کی تجلیوں میں نئی زندگی ہے آج

اہلِ زمیں تو جھوم رہے ہیں خوشی کے ساتھ
اہلِ فلک کے دل کی کلی بھی کھلی ہے آج

عقدِ علیؑ و فاطمہؑ سعدین کا قِران
یہ ساعتِ سعید بھی خود جھومتی ہے آج

اک چندے آفتاب ہے اک چندے ماہتاب
اک دوسرے کے عکس میں کیا دلکشی ہے آج

دیوارِ کعبہ مرکزِ انوار ہے سحرؔ
اور چہرۂ نبیؐ پہ عجب سرخوشی ہے آج

☆

عروسیہ امام حسنؑ

مدینے میں یہ کیا خوشیاں بپا ہیں؟
کہ سب دیوار و در پُراز ضیا ہیں

حسنؑ کا آج ہے حسنِ عروسی
بہت شاداں علیؑ مشکل کشا ہیں

جبیں پر ان کی وہ سہرا ہے نوری
کہ کرنیں جس کی صد رشکِ سماء ہیں

ہے اس سہرے کا ہر گل جانِ رحمت
کہ جس کی پتیاں روحِ صباء ہیں

قبائے سبز کی وہ جگمگاہٹ
زمرد کی لویں جس پر فدا ہیں

خوشی سے رقص فرماتی ہیں حوریں
فضائے خلد میں نغمہ سرا ہیں

مبارک ہو حسنؑ کا جشنِ شادی
یہ گھڑیاں وقت کی رنگیں صدا ہیں

سلام

☆

عجب جہاں میں یہ جاہ حشم حسینؑ کا ہے
کہ اڑ رہا ہے جو ہر سو علم حسینؑ کا ہے

فلک پہ آج بھی ہے سربلند و سر افراز
زمینِ دشت پہ کو سر قلم حسینؑ کا ہے

ہر ایک موج جو اٹھتی ہے سر کو ٹکرائے
تو ذکر آج بھی یہ یم بہ یم حسینؑ کا ہے

فضائے جبر کی پھیلی ہوئی سیاہی میں
چمک رہا ہے جو نقشِ قدم حسینؑ کا ہے

زمانے بھر کی خوشی عارضی ہوئی ثابت
دوام ہے جسے حاصل وہ غم حسینؑ کا ہے

فلک کی آنکھ نے دیکھا نہیں جسے اب تک
وہ دودمانِ نبیؐ ہے حرم حسینؑ کا ہے

یزیدیت کے مقابل جو آئے یوں ڈٹ کر
بھرے جہاں میں فقط ایک دم حسینؑ کا ہے

جہاں ہو کوئی صداقت کا قافلہ جاری
تو جانئے کہ یہ لشکر بہم حسینؑ کا ہے

سحرؔ زباں ہے مری وقفِ مدحِ آلِ نبیؐ
یہ سارا فیض یہ سارا کرم حسینؑ کا ہے

☆

موت کو ہے زندگی کہنا ہے ہنر شبیرؑ کا
مختلف ہے کتنا اندازِ نظر شبیرؑ کا

عرشِ اعظم کے کنارے چھو رہے ہیں دونوں لب
اللہ اللہ کس بلندی پر ہے سر شبیرؑ کا

صبح وشام آنکھوں سے برساتا ہے خونناب شفق
آسمان سب سے بڑا ہے نوحہ گر شبیرؑ کا

جبر و استبداد کی طغیانیوں کے سامنے
ہاتھ ہے تلوار سینہ ہے سپر شبیرؑ کا

جس جگہ جھکتی ہے اہل دل کی پیشانی سحرؔ
پوری دنیا میں ہے ایسا ایک در شبیرؑ کا

☆

زندگی پیاسوں کی سایہ دھوپ کا
کربلا ہے ایک صحرا دھوپ کا

جل رہے ہیں پھول سے نازک بدن
ہے سوا نیزے پہ شعلہ دھوپ کا

کس کے ہاتھوں پر حنا ہے خون کی
کس کے ماتھے پر ہے سہرا دھوپ کا

تیر اک گردن میں یوں پیوست ہے
جیسے کملا یا ہو غنچہ دھوپ کا

شاہؑ کو اپنے لہو میں ڈوب کر
پار کرنا ہے یہ دریا دھوپ کا

قیدیوں کو سر برہنہ دیکھ کر
جل اٹھا ہے سارا خیمہ دھوپ کا

ایک سر نیزے پہ آتے ہی سحرؔ
جگمگا اٹھا ہے چہرہ دھوپ ہے

☆

کس کارواں غم کا گزر کربلا میں ہے
ایک ایک آنکھ اشک میں تر کربلا میں ہے

جور و ستم کے لشکرِ ظلمت کے سامنے
تنہا یہ کون سینہ سپر کربلا میں ہے

عونؑ و محمدؑ و علی اصغرؑ کو دیکھئے
ایک ایک چاند خاک بسر کربلا میں ہے

پھیلا ہے جس سے حق کا اجالا جہان میں
وہ نورِ سرمدی کا شجر کربلا میں ہے

وہ دولتِ سکونِ ابد غم کہیں جسے
ملتی نہیں کہیں بھی مگر کربلا میں ہے

مشکل جہاں کبھی کوئی مشکل نہیں رہی
کونین میں وہ ایک ہی در کربلا میں ہے

جا تو رہا ہوں خلد کی جانب مگر سحرؔ
میرا خیال میری نظر کربلا میں ہے

☆

موت کی کیا کچھ ہے ہستی ریت پر
سوچتی ہے زندگانی ریت پر

کس نے اپنے خون کی تحریر سے
روشنائی سی بہائی ریت پر؟

کس نے یہ جور و جفا کے سامنے
داستان صبر لکھی ریت پر؟

رشک سے تکتے ہیں اہلِ عرش بھی
کس نے یہ محفل سجائی ریت پر؟

ظلمتوں کا اب ٹھکانہ ہی نہیں
روشنی وہ ہے چمکتی ریت پر

کہکشاں کا شائبہ ہونے لگا
دشت شامِ کربلا کی ریت پر

بن گیا ہے حریت کا اک نشاں
آخری سجدہ وہ تپتی ریت پر

پیاس ہے دریا کنارے خیمہ زن
اور لہو بہتا ہے پیاسی ریت پر

اے سحرؔ مہکی رہے گی حشر تک
شہؑ نے جو کیاری اگائی ریت پر

☆

صبح عاشور جو افلاک پہ ابھرا سورج
ایک اک ذرہ بنا دشتِ بلا کا سورج

آئے عباسؑ تو موجوں کی نگہ خیرہ تھی
یوں نظر آیا کہ اترا لبِ دریا سورج

تیغ انوار لیے شب کے مقابل آیا
سینکڑوں سایوں کے نرغے میں وہ تنہا سورج

پیاس کی ایسی تھی شدت کہ سلگتے تھے بدن
تشنہ کاموں کا گلا تھا کہ تھا جلتا سورج

یوں لٹاتے نہ اگر اپنے مہ و مہر حسینؑ
صبح ہوتی نہ کبھی دن کو نکلتا سورج

جب سر شاہِ جناںؑ نوکِ سناں پر ابھرا
وہ قیامت تھی سوا نیزے پہ آیا سورج

روشنی ایک لہو کی بھی ہوا کرتی ہے
صبحِ غربت کی شفق اوڑھ کے نکلا سورج

حشر تک نور بکھیرے گا یونہی دنیا میں
خونِ اصغر ہے چمکتا ہوا ننھا سورج

جل رہا ہے کوئی شعلہ سرِ صحرائے خیال
نظر آیا ہے سحرؔ کرب و بلا کا سورج

☆

یوں شہ کرب و بلا ہیں ساتھیوں کے درمیاں
جیسے ہو قرآن اپنے قاریوں کے درمیاں

ایک اک چہرے پہ ہے رنگِ حسینؑ ابن علی
عکس تنہا ہے بہتر آئینوں کے درمیاں

ہے فروزاں شمعِ حق اور گرد پروانے کئی
مہرِ عالم تاب ہے سیارچوں کے درمیاں

رشک کرتے ہیں سمندر پیاس جس کی دیکھ کر
ایک ایسا شخص ہے تشنہ لبوں کے درمیاں

جس طرح خوشبو بکھیرے غنچۂ نورس کوئی
ایک ننھا سر دمکتا ہے سروں کے درمیاں

ایک دیا سا جھلملاتا ہے ہوا کے سامنے
ایک تنہا شخص ہے اور دشمنوں کے درمیاں

موت کا میدان جس کی منزل مقصود ہے
ایک ایسا قافلہ ہے قافلوں کے درمیاں

فی سبیل اللہ بنائے اجل کا ذائقہ
سب سے شیریں ذائقہ ہے ذائقوں کے درمیاں

ظلمتوں کے خوف سے معمور محشر خیز شب
اک شب عاشور ہے ساری شبوں کے درمیاں

آج تک لہرا رہا ہے ایک ہی انداز سے
پرچم عباسؑ سارے پرچموں کے درمیاں

فرش کیا برپا رہے گی عرش پر بھی حشر تک
مجلس شبیرؑ ساری مجلسوں کے درمیاں

سب غموں سے دائمی ہے ایک غم شبیرؑ کا
ایک ہی موسم ہے سارے موسموں کے درمیاں

گونجتا ہے آج بھی اعلان شاہ کربلا
ظلم ہے خود زندہ رہنا ظالموں کے درمیاں

ماہ کامل ہے کہ ہے نقش کف پائے حسینؑ
جگمگاتا ہے سحر جو ظلمتوں کے درمیاں

☆

آتشِ غم میں ایک زمانہ جلتا ہے
وقت سلگتا ہے ہر لمحہ جلتا ہے

دھواں دھواں سی باغِ رسالت کی ہے فضا
شاخِ علیؑ کا اک اک غنچہ جلتا ہے

تپتی ریت پہ جیسے سورج اترا ہو
اک اک ذرہ بن کر شعلہ جلتا ہے

ٹھاٹھیں مارتا ہے جس دریا کا پانی
اس دریا کا خشک کنارہ جلتا ہے

جس خیمے نے دنیا کو سایہ بخشا
صد افسوس کہ آج وہ خیمہ جلتا ہے

وہ بھی دن تھے سر پر ابر کا سایہ تھا
یہ بھی دن ہیں اپنا سایہ جلتا ہے

دشتِ بلا کی رحل ہوئی ریزہ ریزہ
اور قرآں کا اک اک پارہ جلتا ہے

شامِ سفر کے تیز بھڑکتے شعلوں میں
اصغرؑ کا خالی گہوارہ جلتا ہے

یوں بھی تلاوت ہوتی ہیں آیاتِ خدا
نیزے پر سورج کا لہجہ جلتا ہے

محرابِ تاریخ میں مشعل کی صورت
کرب و بلا کا اک اک چہرہ جلتا ہے

بن کے چراغ ایوانِ دہر کی ظلمت میں
خونِ شہیداں کا ہر قطرہ جلتا ہے

صدیاں گزریں برسی ظلم کی آگ جہاں
آج تلک وہ دشت وہ قریہ جلتا ہے

آتی ہے جب کرب و بلا کی یاد سحرؔ
آنکھ لہو روتی ہے سینہ جلتا ہے

☆

ہر زباں پر آج بھی ہے تذکرہ شبیرؑ کا
آج بھی جاری ہے جیسے قافلہ شبیرؑ کا

منزلوں میں منفرد ہے منزلِ کرب و بلا
سارے رستوں سے الگ ہے راستہ شبیرؑ کا

زندگی کو سب سمجھتے ہیں ہر اک شے سے عزیز
موت کو چننا عجب ہے فیصلہ شبیرؑ کا

آندھیوں کے سامنے جلتا رہا تنہا دیا
عزم یہ شبیر کا ہے حوصلہ شبیرؑ کا

اصغرؑ و قاسمؑ محمدؐ، اکبر و عباسؑ و عونؑ
اک سے اک بڑھ کر ہے رخشاں آئینہ شبیرؑ کا

کون دیکھے چہرۂ اقدس سرِ نوکِ سناں
اس قدر چھایا ہے رعب و دبدبہ شبیرؑ کا

ہیں کتابِ پاک کا متنِ جلی آیاتِ حق
خون سے لکھا گیا ہے حاشیہ شبیرؑ کا

حق کی خاطر جان دینے کا چلن باقی نہیں
اب کہاں پیدا دلوں میں ولولہ شبیرؑ کا

واقعہ یہ ہے سحرؔ تاریخ کے اوراق کو
کر گیا رنگیں لہو سے سانحہ شبیرؑ کا

☆

یاد کر کے ترا ہر رنج و الم روتا ہے
شہرِ ہستی ہی نہیں ملکِ عدم روتا ہے

فرش والے ہی نہیں شاہؑ کے غم میں گریاں
اہلِ افلاک کا بھی جاہ و حشم روتا ہے

سوگ میں کس کے سیہ پوش ہوا ہے کعبہ؟
ربِ عالم کی جلالت کی قسم روتا ہے

کس میں ہمت ہے رقم قصۂ شبیرؑ کرے؟
ہچکیاں لیتا ہے قرطاس قلم روتا ہے

خشک مشکیزے کی آنکھوں میں ہیں آنسو جاری
یاد کر کے تجھے عباسؑ! علم روتا ہے

یاد آتے ہی ستم پاؤں کے چھالے پھوٹے
سوئے کربل مرا اک ایک قدم روتا ہے

دل دھڑکتا ہے کوئی جس کے سحرؔ سینے میں
غمِ سرورؑ میں وہ بادیدۂ نم روتا ہے

☆

اک تیغِ ستم خیز سے دو نیم ہوا ہے
قاسمؑ تھا جو خود ٹکڑوں میں تقسیم ہوا ہے

ایماں ہے فقط آلِ پیمبر سے مودت
یہ قولِ پیمبر ہمیں تعلیم ہوا ہے

کردارِ حسینی ابنِ علیؑ ہے جو ابد تک
انساں کے لیے باعثِ تکریم ہوا ہے

صدقہ ہے یہ مظلومیٔ اربابِ وفا کا
مظلوم کا حق دہر میں تسلیم ہوا ہے

پیاسوں کی محبت میں تڑپتا ہوا ہر دل
حقدارِ مئے کوثر و تسنیم ہوا ہے

اس ذکر میں دل کیا ہے سحرؔ؟ میرا قلم بھی
آلام و غم و درد کی تجسیم ہوا ہے

☆

آنکھیں پر نم ہیں ہر سینہ زخمی ہے
شاہ کے غم میں اک اک چہرہ زخمی ہے

کس پیاسے نے دیکھا ہے خودداری سے
موجوں کا اک اک آئینہ زخمی ہے

کس کے بازو قلم ہوئے ہیں شانوں سے
بہتے خوں سے نہر کنارہ زخمی ہے

مہرِ قیامت یوں برساتا ہے شعلے
باغِ حرم کا اک اک غنچہ زخمی ہے

ہے قرآن بلند فلک کے نیزے پر
رحلِ زمیں پر اک اک پارہ زخمی ہے

خشک گلے میں کانٹے سے اگ آئے ہیں
لب فرات جو اک مشکیزہ زخمی ہے

جب سے پھول میں تیر ستم پیوست ہوا
اصغر کا خالی گہوارہ زخمی ہے

نیل طمانچوں کے دل پر محسوس ہوئے
جب یہ دیکھا گوشِ سکینہؑ زخمی ہے

رنگِ حنا دلہن کا خوں میں ڈوب گیا
جب دیکھا میدان میں نوشہ زخمی ہے

تلواروں نیزوں کی زد میں ہے ہر سو
دشت میں یوں سادات کا خیمہ زخمی ہے

صدیاں گزریں لیکن لگتا ہے ایسے
آج بھی کربل کا ہر ذرہ زخمی ہے

ان کے غم میں میری صدا ہے نم آلود
میرے سخن کا اک اک لہجہ زخمی ہے

ان کا نام سحرؔ ہے ڈھارس ہر دل کی
جن کے ذکر کا ہر پیرایہ زخمی ہے

☆

کون کہتا ہے فقط اک داستاں ہے کربلا
ظلمتوں میں روشنی کا اک نشاں ہے کربلا

حق و باطل میں ہے جو تفریق مٹ سکتی نہیں
حق و باطل کے لیے یوں درمیاں ہے کربلا

جس کے کرداروں پہ اب تک ناز ہے تاریخ کو
حق پرستوں کا اک ایسا کارواں ہے کربلا

سوچئے تو انقلاباتِ جہاں کی روح ہے
دیکھئے تو درد سے پر اک بیاں ہے کربلا

موت کا دستِ ستمگر اس کو چھو سکتا نہیں
عالمِ فانی میں نقشِ جاوداں ہے کربلا

جس میں روشن ہیں بہتر چاند تارے ساتھ ساتھ
اس زمیں پر ایک ایسا آسماں ہے کربلا

ابتداء بھی درد ہے اور انتہا بھی درد ہے
آہ سوزاں ہے اک اشک خونچکاں ہے کربلا

آج بھی جس سے ہے لرزہ جبر کے ایوان پر
عرصۂ ہستی میں اک ایسی اذاں ہے کربلا

ہے ازل کے روز سے یہ معرکہ جاری سحرؔ
ہے جہاں پر ظلم کی شدت وہاں ہے کربلا

☆

لہجہ علی کا گونجا ہے کوئی مقام ہو
کوفے کا ازدھام کہ دربارِ شام ہو

اک قافلہ رواں ہے مدینے سے کربلا
سالارِ کارواں کو ہمارا سلام ہو

ہنس کر گلے اجل کو لگاتے ہیں یوں شہید
جیسے کہ انگبیں سے بھی شیریں یہ جام ہو

محکومیت کی تیرہ شبی میں حسینیت
اک روشنی ہے ایسی جو ہر سمت عام ہو

مولا میں کچھ بھی اس کے سوا چاہتا نہیں
محشر میں زیرِ سایۂ داماں غلام ہو

یارب مرے سخن کو عطا ہو قبولیت
میرے ہر ایک حرف کو حاصل دوام ہو

اب تک حسینؑ سجدے کے عالم میں ہے سحرؔ
سجدے سے سر اٹھائے تو سجدہ تمام ہو

☆

جو حرفِ حق سرِ میدان کہہ نہیں سکتا
وہ کاروانِ حسینی میں رہ نہیں سکتا

چنا ہے اپنے لیے سب سے منفرد رستہ
حسینؑ وقت کے دھارے میں بہہ نہیں سکتا

جوابِ ظلم میں وہ پھول مسکرا اٹھا
زبان سے تو کوئی لفظ کہہ نہیں سکتا

فقط حسینؑ میں ہمت ہے ورنہ ہر کوئی
جوان بیٹے کی میت کو سہہ نہیں سکتا

غزل ہو نظم ہو میری سحرؔ قلم میرا
بغیر فکرِ حسینی کے رہ نہیں سکتا

☆

دیکھئے تو خاک پر سجدہ کناں شبیرؑ ہے
سوچئے تو رفعتوں کا آسماں شبیرؑ ہے

جس کا اک اک باب ہے رنگین اپنے خون ہے
عظمت و ایثار کی وہ داستاں شبیرؑ ہے

اکبر و عباس و قاسم ہیں ستاروں کی طرح
صبر و استقلال کی اک کہکشاں شبیرؑ ہے

در حقیقت ہے کتاب آسمانی خونچکاں
دیکھنے میں تو سرِ نوک سناں شبیرؑ ہے

جس کی آنکھوں پر عیاں ہیں پردہ ہائے معرفت
مرضیِ مولا کا ایسا رازداں شبیرؑ ہے

ظلمتِ باطل ہوئی کافور اس کے خون سے
حق تو یہ ہے دین حق کا ترجماں شبیرؑ ہے

وقت کے بت خانۂ وہم و گماں کے واسطے
گونجتی ایمانِ محکم کی اذاں شبیرؑ ہے

دہر میں آئے گئے کتنے ہی اہل تخت و تاج
آج بھی لیکن دلوں پر حکمراں شبیرؑ ہے

جس کی خوشبو ہے بہارِ جاودانی کا سبب
باغِ حق میں وہ ہوائے گلفشاں شبیرؑ ہے

جس کا ہر نقشِ قدم ہے رہنمائے راہِ حق
حق پرستوں کا وہ میرِ کارواں شبیرؑ ہے

حشر تک نوعِ بشر کو روشنی دے گا سحرؔ
حریت کا وہ درخشندہ نشاں شبیرؑ کا

☆

کربلا بعدِ کربلا

کربلا کے بعد بھی اک کربلا ہے
شامِ غربت سے دیارِ شام تک
کچھ جلے خیمے، اندھیرا اور کھلے سر بیبیاں

بیکسی سی بیکسی

بھوک کی شدت سے غش کھائے ہوئے بچے

کٹے لاشے، سکوت مرگ، بے آواز نوحے

سسکیاں لیتی ہوائیں خاک اڑاتی ہیں

یہ مقتل کی زمینِ خونچکاں پر بے کفن، پامال لاشے

بے زبانی کی زباں سے کہہ رہے ہیں

ظلم کی اک داستاں

قیدیوں میں سر برہنہ بیبیاں ہیں اور کچھ بچے بھی ہیں

سب رسیوں میں ہیں بندھے

ان قیدیوں کا قافلہ سالار زنجیروں میں ہے جکڑا ہوا

طوق ہے گردن میں اور پاؤں ہیں بیڑی سے فگار

بے کجاوہ اونٹ ہیں ان قیدیوں کے واسطے

راستے میں پتھروں کی بارشیں

قافلے کے آگے نیزوں پر شہیدوں کے ہیں سر

ایک سر ان میں تلاوت کر رہا ہے آیتیں

شام تک یہ پابرہنہ قافلہ چلتا رہا..... چلتا رہا

شام کے دربار میں

ایوان شاہی کے در و دیوار میں

آواز اک اٹھی ہے برق بے اماں بن کر

گرمی ہے کجکلاہی پر

ہے لرزہ تخت شاہی پر

یہ وہ آواز ہے

جو کربلا کے قافلہ سالار کی آواز کا پرتو ہے

یہ آواز حق ہے

اور حق کا سیل باطل کے خس و خاشاک سے یوں رک نہیں سکتا

ہمیشہ اہل ایماں سرخرو ہیں

ان کا سر تیغ ستم سے کٹ تو سکتا ہے

مگر یہ جھک نہیں سکتا

مَوَدَّت

Kulliat-E-Hussai

حسین بحر

مودّت

(مناقب و سلام)

حسین سحرؔ

کتاب نگر حسن آرکیڈ ملتان کینٹ

ضابطہ

(جملہ حقوق محفوظ)

اشاعت اول	1999ء
کمپوزنگ	کمپیوٹر ڈیز
طباعت	فیم ایڈ ملتان
ناشر	کتاب نگر حسن آرکیڈ ملتان کینٹ
ہدیہ	100/-

انتساب

صاحب العصر والزماں

حضرت **امام مہدی** علیہ السلام کی نذر

مناقب

ابو طالبؑ

عزم کی جاں ہے ابوطالبؑ کی ذات
روحِ ایقاں ہے ابوطالبؑ کی ذات

کوئی پوچھے تو دلِ اسلام سے
سرِ ایماں ہے ابوطالبؑ کی ذات

حفظِ ختم المرسلینؐ کے واسطے
اک نگہباں ہے ابوطالبؑ کی ذات

دشمنانِ دینِ حق کے سامنے
تیغِ بّراں ہے ابوطالبؑ کی ذات

بے یقینی کے اندھیروں کے لیے
اک چراغاں ہے ابوطالبؑ کی ذات

راہِ حق کانٹوں سے گر معمور ہے
گل بداماں ہے ابوطالبؑ کی ذات

خدیجہؑ

طیبہ خدیجہؑ ہیں طاہرہ خدیجہؑ ہیں
عابدہ خدیجہؑ ہیں زاہدہ خدیجہؑ ہیں

یہ سعادتِ عظمیٰ بس انہی کو حاصل ہے
دینِ پاک کی پہلی مومنہ خدیجہؑ ہیں

دل سے وہ محمدؐ کے فقر کی ہیں شیدائی
کو زر و جواہر کی مالکہ خدیجہؑ ہیں

ہیں رہِ مصائب میں غمگسار شوہر کی
ان کے چہرۂ حق کا آئینہ خدیجہؑ ہیں

صرف کر دیا سارا مال راہ مولا میں
کس قدر پیمبرؐ کی محسنہ خدیجہؑ ہیں

علیؑ

فخرِ ابراہیمؑ، رشکِ نوحؑ و آدمؑ ہے علیؑ
در حقیقت ذاتِ حق کا اسمِ اعظم ہے علیؑ

جس طرح ہارونؑ کی نسبت ہے موسیٰؑ کے لیے
اس طرح چشمِ محمدؐ میں مکرم ہے علیؑ

جس کی ہے اک اک ادا آیاتِ محکم کی دلیل
وہ سراپا علم، قرآنِ مجسم ہے علیؑ

کیوں عبادت ہو نہ اس کا ذکر پھر میرے لیے
قبلہ گاہِ بوذرؓ و عمارؓ و میثمؓ ہے علیؑ

جس کا سایہ دونوں عالم کے سروں پر ہے سحرؔ
دینِ قیم کا وہ سر افراز پرچم ہے علیؑ

مرتضیٰؑ

علم وحکمت کا چمن ہیں مرتضیٰؑ
نورِ عظمت کی کرن ہیں مرتضیٰؑ

بھائی احمدؐ کے ہیں زوجِ فاطمہؑ
بوالحسینؑ و بوالحسنؑ ہیں مرتضیٰؑ

دست و بازوئے رسولِؐ پاک ہیں
حامیِ شاہِ زمنؐ ہیں مرتضیٰؑ

ناز ہے ان پر شہِ لولاکؐ کو
افتخارِ پنجتنؑ ہیں مرتضیٰؑ

صفدر و حیدر انہی کا ہے لقب
غازی و خیبر شکن ہیں مرتضیٰؑ

ہر طرف چھائی ہے ان کی تمکنت
دہر پر سایہ فگن ہیں مرتضیٰؑ

ہے وہی تو اصل راہِ حق سحرؔ
راہ جس پر گامزن ہیں مرتضیٰؑ

فاطمہؑ

نورِ عصمت کی درخشاں کہکشاں ہیں فاطمہؑ
عفت و پاکیزگی کا آسماں ہیں فاطمہؑ

جس کی شاخوں پر کھلے رنگِ امامت کے گلاب
وہ خزاں نا آشنا اک گلستاں ہیں فاطمہؑ

کیوں نہ ان کی عزت و تکریم کو اٹھیں رسولؐ
انکی آنکھوں کی ضیا، تسکینِ جاں ہیں فاطمہؑ

اک نمونہ ہیں نساء العالمیں کے واسطے
سیدہ ہیں اور خاتونِ جناں ہیں فاطمہؑ

جیسے زیبِ سر ہے چادر آیۂ تطہیر کی
اس طرح کونین پر سایہ کناں ہیں فاطمہؑ

جن کے ہاتھوں پر ہیں چکی کی مشقت کے نشاں
صبر و استقلال کی وہ داستاں ہیں فاطمہؑ

جن کے ہونٹوں پر ہیں آیاتِ خدا شام و سحر
وہ عبادت کیش وہ تسبیح خواں ہیں فاطمہؑ

حسنؑ

امن و سکون و صلح کا مفہوم ہے حسنؑ
اک پیشوائے امتِ مرحوم ہے حسنؑ

دنیا کو جس نے قند و نباتِ سکوں دیا
اس کے ہی ہاتھوں دیکھئے مسموم ہے حسنؑ

ہر ظلم کا جواب دیا صبر سے سدا
بھائی کی طرح دہر میں مظلوم ہیں حسنؑ

تاریخ کے اک ایک ورق پر بصد حشم
اب بھی جلی حروف میں مرقوم ہے حسنؑ

دونوں جہاں میں میرا تعارف ہے بس یہی
خادم ہوں میں سحرؔ مرا مخدوم ہے حسنؑ

حسینؑ

حق کا سفیر مرضیٔ یزداں حسینؑ ہے
سلطانِ عشق فخرِ رسولاں حسینؑ ہے

قائم رہے گی تا بہ ابد اس کی روشنی
غم کے فلک کا نیرِ تاباں حسینؑ ہے

جاں دے کے اس نے ظلم و ستم کو شکست دی
مظلومیت کے درد کا درماں حسینؑ ہے

انسانیت کو ناز ہے جس حق شعار پر
تاریخ میں عظیم وہ انساں حسینؑ ہے

باطل کے ظلم و جبر کو ملتی نہیں پناہ
للکارتا ہوا سرِ میداں حسینؑ ہے

شوکت اسی کے دم سے ہے دینِ رسولؐ کی
دینِ رسولؐ کا سر و ساماں حسینؑ ہے

حیرت سے دیکھتا ہے زمانہ یہ معجزہ
رحلِ سناں پہ بولتا قرآں حسینؑ ہے

ڈوبا نہیں دلوں میں ابھی تک جو اے سحرؔ
وہ آفتابِ شامِ غریباں حسینؑ ہے

✡

عباسؑ

زورِ دستِ لافتیٰ عباسؑ ہے
قوتِ فوجِ خدا عباسؑ ہے

جس کو خود مانگا تھا مولا نے کبھی
وہ دعائے مرتضیٰ عباسؑ ہے

وہ علمبردارِ شاہِ مشرقینؑ
سرخیِ کرب و بلا عباسؑ ہے

کربلا میں ہے وہ عکسِ مرتضیٰؑ
شاہِ دیں کا نقشِ پا عباسؑ ہے

کوئی دیکھے تو کتابِ عشق میں
معنیِ حرفِ وفا عباسؑ ہے

زینبؑ

نقشِ گفتارِ مرتضیٰؑ زینبؑ
عکسِ کردارِ فاطمہؑ زینبؑ

بعدِ شبیرؑ دینِ حق کے لیے
بن گئی باعثِ بقا زینبؑ

داد دی جس کی سیدہؑ نے بھی
صبر کی وہ ہے انتہا زینبؑ

قصرِ شاہی ہلا دیا جس نے
وہ ہے اک شعلۂ نوا زینبؑ

کربلا پر اسی کا سایہ ہے
خود اگرچہ ہے بے ردا زینبؑ

قصیدہ امامِ زمانہؑ

صاحب العصر و الزماں ہیں آپؑ
رہبرِ نوعِ انس و جاں ہیں آپؑ

روحِ اسلام کی زباں ہیں آپؑ
دینِ احمدؐ کے ترجماں ہیں آپؑ

آپ ہیں روشنی کے ہالے میں
نور کا ایک آسماں ہیں آپؑ

دین زندہ ہے آپؑ کے دم سے
مذہبِ حق کے پاسباں ہیں آپؑ

دہر ہے آپ کے تصرف میں
مرضیِ حق کے راز داں ہیں آپؑ

کوہ و صحرا پہ آپ کا سکہ
اور دریاؤں میں رواں ہیں آپؑ

ظلم کو آپ ہی مٹائیں گے
عدل کا سرمدی نشاں ہیں آپؑ

ظاہراً کوئی بھی حکومت ہو
دل کی دنیا پہ حکمراں ہیں آپؑ

گرچہ غائب ہیں چشمِ دنیا سے
میرے دل میں مگر عیاں ہیں آپؑ

ڈھونڈتی ہے نظر زمانے کی
بے سہاروں کا سائباں ہیں آپؑ

چشمِ عالم پہ آشکارا ہوں
پردۂ غیب میں نہاں ہیں آپؑ

اک زمانہ تلاش کرتا ہے
حجتِ ربِ دو جہاں ہیں آپؑ

انتظار اور ہو نہیں سکتا
اب تو آ جایئے کہاں ہیں آپؑ؟

قطعہ

علیؑ امامِ مبیں، مظہرِ العجائب بھی
وصیِ سرورِ دیں ہے نبیؐ کا نائب بھی

پکارتے ہیں اسی کو ہر ایک مشکل میں
وہی ہے عقدہ کشا دافعِ مصائب بھی

سلام

وہ شخص کہ جو مثل تھا کردارِ نبیؐ کے
برسائے گئے تیر جنازے پہ اسی کے

قاتل کو بھی سیراب کیا جس کے پدر نے
تھا زہر مقدر میں اسی ابنِ سخیؑ کے

جس ذات میں ہو فقرِ علی عکس کی صورت
کیسے نہ مخالف ہو بھلا تاجِ شہی کے

جو گلشنِ جنت کے جوانوں کا ہو سردار
کیونکر وہ بھلا حق میں ہو دنیائے دنی کے

صرف اس لیے وہ صلح کا پیکر تھا جہاں میں
دشمن تھے جہاں والے حسنؑ ابنِ علیؑ کے

پیغامِ حسنؑ امن کا اک نور ہے اب بھی
قدموں کے نشاں ان کے کبھی ہوں گے نہ پھیکے

میں سرمہ سمجھ کر انہیں آنکھوں میں لگاؤں
ذرے جو ملیں مجھ کو سحرؔ ان کی گلی کے

۞

سلام

شفق ہے کہ ہے دیدۂ تر کی صورت
بلالِ محرم ہے خنجر کی صورت

روانہ ہیں شبیرؑ شہرِ نبیؐ سے
عجب سی ہے دیوار اور در کی صورت

بجھانے کو قندیلِ نورِ نبوت
بڑھیں ظلمتیں ایک لشکر کی صورت

وہ مرجھا گیا ظلم کی آندھیوں میں
جو چہرہ کھلا تھا گلِ تر کی صورت

وہ آئینہ ٹوٹا ہے سنگِ ستم سے
نظر جس میں آتی تھی سرورؔ کی صورت

ترستے تھے قطرے کو کوثر کے وارث
تھی خیموں میں ہر سمت محشر کی صورت

وہ پامالِ جور و ستم ہو گئے خود
بگڑنے نہ دی دینِ سرورؔ کی صورت

وہ ہے آفتابِ ہدایت جہاں میں
سناں پر جو ابھرا ہے اک سر کی صورت

دھڑکتا ہے دل میرا عشقِ علیؑ میں
الگ ہے زمانے سے بوذرؓ کی صورت

عَلَم دین کا سائباں بن گیا ہے
سرِ پاکِ زینبؑ کی چادر کی صورت

نہیں کوئی حد ان کے صبر و رضا کی
وہ ہیں بیکراں اک سمندر کی صورت

سبھی میں ہے رنگِ حسینؑ ابن حیدرؑ
سحرؔ ایک سی ہے بہتّر کی صورت

☆

نکلا ہے چاند محرم کا
آغاز ہے غم کے موسم کا

آنکھوں سے رواں ہیں اشکِ عزا
سینے پر داغ ہے ماتم کا

جنت اپنی جاگیر ہوئی
اعجاز ہے یہ تیرے غم کا

ہاتھوں میں ہیں ساغر کوثر کے
رتبہ ہے یہ دیدۂ پرنم کا

سایہ ہے زمانے پر اب بھی
عباسؑ کے اڑتے پرچم کا

تو رشکِ خلیلؑ ہے ابنِ علیؑ
تو فخر ہے نوحؑ و آدمؑ کا

ثانی ہی نہیں دنیا میں کوئی
شبیرؑ کے عزمِ مصمم کا

اسلام پہ رہتی دنیا تک
احساں ہے شہیدِ اعظم کا

میں حلقہ بگوش ہوں دل سے سحرؔ
عمارؓ و حبیبؓ و میثمؓ کا

☆

آنسو ہیں ہر اک آنکھ میں پرسوز ہے سینہ
اس طور سے آیا ہے محرم کا مہینہ

شبیرؑ! ترا ذکر ہے اک ایسا خزینہ
جاری ہے ہر اک دور میں جو سینہ بہ سینہ

تُو جا تو رہا ہے رہِ کربل کے مسافر
ترسے گا تری دید کو یہ شہرِ مدینہ

جاں نذر کو لے آیا محمدؐ کا نواسہ
گرداب میں اسلام کا دیکھا جو سفینہ

عباسؑ کہاں کھویا گیا ہے لبِ دریا
تکتی ہے تری راہ ابھی مشکِ سکینہ

گردن سے کٹا سر جو سرِ نوک سناں ہے
معراجِ بشر ہے یہ بلندی کا ہے زینہ

ہے جس کی چمک شامِ غریباں سے نمایاں
سجادؑ ہے وہ تاجِ امامت کا نگینہ

اشکوں سے کہاں صورتِ اظہار ہے ممکن
سینہ ہے مرا درد سے معمور دفینہ

ملتے ہی نہیں لفظ غمِ شاہ کے شایاں
پھر کیسے سحرؔ مجھ کو بیاں کا ہو قرینہ

☆

مہمان جو آغوشِ تقدس کے ہیں پالے
اے دشتِ بلا تیری فضاؤں کے حوالے

باطل کے اندھیروں کو زمانے سے مٹانے
لے آیا حسینؑ اپنے بھرے گھر کے اجالے

قاسمؑ ہے نہ اکبرؑ ہے نہ عباسِ علمدار
شبیرؑ کو جو نرغۂ اعدا سے نکالے

اے ابنِ علی! دین ہے طوفانِ بلا میں
جز تیرے بھلا کون سفینہ یہ سنبھالے؟

شبیرؑ کی مدحت کا صلہ اور سحرؔ کیا؟
جی بھر کے پیو بادۂ تسنیم کے پیالے

☆

کرنوں کا گماں ہوتا ہے ہر راہ گزر پر
سورج کوئی نکلا ہے اجالوں کے سفر پر

آتے ہیں ترا ذکر لبوں پر اے شہِ دیں!
جلتے ہیں دئے آج بھی ہر طاقِ نظر پر

ہوں اشک فشاں یادِ شہیدانِ وفا میں
تارے سے چمکتے ہیں مرے دیدۂ تر پر

روکی ہیں تنِ تنہا مظالم کی سنانیں
اے ابنِ علی! تو نے تحمل کی سپر پر

جاں دے کے اتارا ہے حسین ابنِ علیؑ نے
وہ بارگراں امت جد کا تھا جو سر پر

انساں کو غلامی کے شکنجے سے چھڑایا
احسان ہے شبیرؑ! ترا نوعِ بشر پر

کیونکر نہ ضعیفی کے ہوں آثار ہویدا
شبیرؑ جواں لاش کو لائے ہیں کمر پر

شبیرؑ کے ہاتھوں میں نہیں اصغرؑ معصوم
اک پھول ہے مرجھایا ہوا غم کے شجر پر

میں روضۂ مظلوم پہ ہوں ہاتھ اٹھائے
کیونکر نہ دعا ہو مری معراجِ اثر پر

دامن میں عطا ہو مجھے عرفان کی دولت
آیا ہوں حسینؑ ابنِ علیؑ! میں ترے در پر

میں اس کے سوا کچھ بھی نہیں چاہتا مولا
ہو ایک توجہ کی نظر اپنے سحرؔ پر

☆

صدیوں پر ہے حاوی پیاس
کرب و بلا والوں کی پیاس

دریا تھا پابندِ ستم
صحرا میں در آئی پیاس

کوثر کے جو مالک تھے
ان کے ہونٹوں پر تھی پیاس

سینوں میں زخموں کے داغ
ہونٹوں پر تھی جلتی پیاس

آنکھیں اشکوں سے سیراب
لب پر تین دنوں کی پیاس

دریا کے اندر پانی
دریا کے باہر تھی پیاس

ظرف سمندر ہے جن کا
رشکِ فرات ہے ان کی پیاس

درسِ وفا دنیا کے لیے
عباسِ غازی کی پیاس

حلق میں کانٹے ہی کانٹے
پھول سے ہونٹوں پر تھی پیاس

شرمندہ ہے دریا بھی
کربل میں تھی کیسی پیاس

ان کی پیاس کے آگے کیا؟
تیری پیاس اور میری پیاس

دریا بھی تھا مثلِ سراب
آنکھوں میں تھی کیسی پیاس

ڈھونڈتی ہے آبِ معنی
لب پہ سحرؔ لفظوں کی پیاس

☆

بھلا یہ کون ہے انسان نوکِ نیزہ پر
ہے دینِ حق کا نگہبان نوکِ نیزہ پر

دلوں پہ جس کی حکومت رہے گی حشر تلک
ہے کربلا کا وہ سلطان نوکِ نیزہ پر

نہیں ہے چہرۂ شبیر محوِ ذکرِ خدا
ہے ایک بولتا قرآن نوکِ نیزہ پر

اے اہلِ کوفہ! یہی طورِ میزبانی ہے؟
تمہارا آج ہے مہمان نوکِ نیزہ پر

"حسینؑ مجھ سے ہیں اور میں حسینؑ میں سے ہوں"
نبیؐ کا آج ہے فرمان نوکِ نیزہ پر

جو دین کا سرو سامان کر گئے پیدا
وہ خود ہیں بے سرو سامان نوکِ نیزہ پر

سرِ حسینؑ جو مشغول ہے تلاوت میں
تو محوِ ذکر ہے ایمان نوکِ نیزہ پر

زمانہ دیکھ لے آلِ رسولؐ اطہر سے
الگ ہوا نہیں قرآن نوکِ نیزہ پر

نہ کیسے قافلہ جائے بلندیوں کی طرف
ہے قافلے کا حدی خوان نوکِ نیزہ پر

بتا رہا ہے یہ کرب و بلا کا ہر کردار
کہ داستاں کا ہے عنوان نوکِ نیزہ پر

صدائے حق نہ کبھی دب سکے گی باطل سے
یہی تو حق کا ہے اعلان نوکِ نیزہ پر

ہر اہل دل کو سحرؔ کربلا کی صورت میں
ملا ہے دردکا عرفان نوکِ نیزہ پر

☆

خم ہو نہ سکے گا کبھی جرار کا پرچم
لہراتا ہے عباسِ علمدار کا پرچم

تسلیم کا ایمان کا ایثار کا پرچم
پرچم ہے یہی دین کے معیار کا پرچم

غازی کوئی آیا ہے یہ میدانِ وفا میں
ہاتھوں میں لیے سیدِ ابرار کا پرچم

رنگین ہے جو خونِ شہیدانِ وفا سے
ہے قافلۂ دین کے سالار کا پرچم

چادر کہ جو کل ظلم کے ہاتھوں سے چھِنی تھی
یہ آج ہے اس چادرِ اطہار کا پرچم

جو ظلم کے تیروں سے کبھی جھک نہ سکے گا
پرچم ہے وہ مظلوم کے کردار کا پرچم

ظلمت سے ڈریں کیوں کہ سروں پر ہے ہمارے
سایہ فگن اک لشکرِ انوار کا پرچم

ہوتے ہیں تو ہو جائیں قلم ہاتھ ہمارے
جھکنے نہ کبھی دیں گے مگر دار کا پرچم

شبیر کے غم میں سحرؔ اظہار کی خاطر
کھلتا ہے مرے ذہن میں اشعار کا پرچم

☆

اک سمت تو ہیں صرف بہتّر لبِ فرات
اک سمت ہے ہزاروں کا لشکر لبِ فرات

ہیں اک طرف تو اہلِ ستم کی شقاوتیں
اور اک طرف ہیں صبر کے پیکر لبِ فرات

کیسی یہ بے نیازیٔ قدرت ہے دیکھئے
تشنہ دہن ہیں وارثِ کوثر لبِ فرات

اصغر کو ایک بوند بھی پانی نہ مل سکا
مرجھا کے رہ گیا وہ گلِ تر لبِ فرات

مشک سکینہ خالی کی خالی ہی رہ گئی
نیزوں سے کٹ گیا ہے دلاور لبِ فرات

پانی کی بوند بوند کو ترسے ہیں اہلِ بیت
برپا رہا ہے پیاس کا محشر لبِ فرات

بچوں کی تشنگی کو مٹائے گا کون آج
عباسؑ ہیں نہ قاسمؑ و اکبرؑ لبِ فرات

پانی پہنچ نہ پائے خیامِ حسینؑ تک
یہ چاہتے ہیں سارے ستم گر لبِ فرات

پیاسوں کے ہونٹ چھونے کی حسرت ہی رہ گئی
موجیں پٹک پٹک کے گئیں سر لبِ فرات

یہ بھی فلک کی آنکھ نے دیکھا ہے سانحہ
چلتا ہے حلقِ شاہؑ پہ خنجر لبِ فرات

سیراب ہیں شرابِ شہادت سے تشنہ لب
ہاتھوں میں لے کے خلد کے ساغر لبِ فرات

صحرا کی تیز دھوپ کی کیا حیثیت سحرؔ
جبریلؑ کا ہے سایۂ شہپر لبِ فرات

☆

آنکھوں سے لہو روتی رہی شامِ غریباں
یوں ہمدم و ہمراز بنی شامِ غریباں

جب ڈوب گیا دشت میں عاشور کا سورج
تاحدِ نظر پھیل گئی شامِ غریباں

ویرانی سی ویرانی خموشی سی خموشی
رنج و غم و حسرت میں گھری شامِ غریباں

تنہائی سی تنہائی اداسی سی اداسی
وقفِ غم و آلام ہوئی شامِ غریباں

خیموں میں لگائی جو گئی دستِ ستم سے
اس آگ میں جلتی ہی رہی شامِ غریباں

آہوں کا دھواں بھی ہے لبوں پر ہے فغاں بھی
یوں دشتِ مصائب میں ہوئی شامِ غریباں

کچھ راکھ ہے خیموں کی تو کچھ بکھرا لہو ہے
کس کس سے کہے رنجِ دلی شامِ غریباں

جب خاک اڑی دشت کی کچھ ننگے سروں پر
کچھ اور المناک ہوئی شامِ غریباں

سر پر ہے ابھی رات نئی ظلم و ستم کی
یہ سوچ کے رک رک کے چلی شامِ غریباں

یاد آیا سحرؔ جب بھی سفر کرب و بلا کا
ہر موڑ پہ دیکھی ہے نئی شامِ غریباں

☆

اصغر کا خوں حسینؑ کی ہے آستین پر
لرزہ ہے طاری طائرِ سدرہ نشین پر

یہ کربلا ہے یہ ہے شہیدوں کی بارگہ
جنت بھی رشک کرتی ہے اس سرزمین پر

بنیادِ لاالہ کو کیا خوں سے مستقل
احسان ہے حسینؑ کا دینِ متین پر

زخموں سے لالہ فام ہے چہرہ امامؑ کا
بکھرا ہو جیسے خون کتابِ مبین پر

ہاتھوں میں ہے حسینؑ کے شمشیرِ حیدری
چھایا ہے ایک خوف یسارو یمین پر

اصغرؑ نہیں ہیں ناز میں پالے ربابؑ کے
شبیرؑ کو بھی ناز ہے اس نازنین پر

قربان ہو کے شاہؑ نے ثابت یہ کر دیا
ایسا کوئی ملے گا نہیں اس زمین پر؟

ذبحِ عظیم، رتبہ عالی نشاں کے بعد
لازم ہے احترامِ بشر عالمین پر

میدان میں حسینؑ کو کتنا ہے اعتماد
اپنے ہر اک حبیب و مغیث و معین پر

اے ذوالجناح! کچھ تو بتا ہے کہاں سوار؟
فرش زمین پر ہے نہ وہ تیری زین پر

عباس ایک شیر سا بیٹا اسی کا ہے
مولا کو کیوں نہ فخر ہو اُم البنین پر

بعدِ امام خیمۂ سادات دیکھئے
شبیرؑ کا گمان ہے ہر اک مکین پر

خطبہ علیؑ کی بیٹی کا دربارِ شام میں
سکتہ سا ایک طاری ہے سب سامعین پر

مجلس میں پرسہ لینے کو آتی ہیں فاطمہؑ
ان کی نگاہ ہوتی ہے سب حاضرین پر

وہ روشنی حسینؑ کے غم میں ملی سحرؔ
تارے چمک رہے ہیں قلم کی جبین پر

☆

سب سے سیدھا سب سے سچا راستہ
ہے حسینؑ ابن علیؑ کا راستہ

جس میں ہے رنگِ شہیداں کی بہار
ہے وہی خلدِ بریں کا راستہ

وہ مسافر تھا رہِ عرفان کا
اس نے اپنا خود بنایا راستہ

ایسا رشکِ موسیٰ عمراں ہے وہ
جس کو خود دیتا ہے دریا راستہ

جس پہ ہم چل کر بھٹک سکتے نہیں
اس نے ہم کو وہ بتایا راستہ

اس کی منزل لالہ زارِ سرمدی
اس مسافت میں ہے صحرا راستہ

جس کا مقصد تھا بنائے لاالٰہ
کس طرح اپنا بدلتا راستہ؟

جس پہ چلتے ہی رہیں گے اہلِ حق
اس نے ایسا اک دکھایا راستہ

حرؑ چلا آیا ہے اپنے آپ ہی
خلد کا جب اس نے دیکھا راستہ

اے حسینؑ ابن علیؑ! آساں نہیں
مشکلوں سے پر ہے تیرا راستہ

جگمگاتے ہیں ترے نقشِ قدم
روشنی سے پر ہے سارا راستہ

ہر قدم تیرے لہو کی ہے مہک
تیرا رستہ ہے مہکتا راستہ

جس پہ ہر اک شخص چل سکتا نہیں
اس کا رستہ ہے انوکھا راستہ

جو ہمیں لے جائے گا منزل تلک
مل گیا ہے ہم کو ایسا راستہ

چھوڑ کر دنیا کے سب رستے سحرؔ
ہم نے اپنایا ہے تنہا راستہ

☆

غیر ممکن ہے بھلا پائے یہ غم شبیرؑ کا
ہے کتابِ دل پہ نام اب بھی رقم شبیرؑ کا

منزلِ حق و صداقت کے لیے ہے سنگِ میل
کربلا کی راہ میں اِک اِک قدم شبیرؑ کا

کٹ تو سکتا ہے مگر ظلم و ستم کے سامنے
یہ نہیں ممکن کہ سر ہو جائے خم شبیرؑ کا

صبر و تسلیم و رضا کا وہ ہے اک کوہِ گراں
کیا بگاڑے گا بھلا سیل ستم شبیرؑ کا؟

ہاتھ کٹ سکتے ہیں عباسِ دلاور کے مگر
جھک نہیں سکتا کسی قیمت علم شبیرؑ کا

عترتِ ختم الرسلؐ ہے یہ ہے ناموسِ علیؑ
خیمہ گاہِ دشت میں جو ہے حرم شبیرؑ کا

آسماں کے سب مکینوں پر تھی طاری کپکپی
جب ہوا دشتِ بلا میں سر قلم شبیرؑ کا

میں جو ہوں آل نبیؐ کے مدح خوانوں میں سحرؔ
ہے سراسر مجھ پہ یہ لطف و کرم شبیرؑ کا

☆

کس کا خیمہ جلا ہے صحرا میں؟
آسماں رو رہا ہے صحرا میں

جو چمکتا ہے چاند کی صورت
کس کا یہ نقشِ پا ہے صحرا میں؟

نوکِ نیزہ پہ بھی یہ کس کا سر
آیتیں پڑھ رہا ہے صحرا میں

جو ہواؤں سے بجھ نہیں سکتا
دیپ ایسا جلا ہے صحرا میں

جس کو خدشہ نہیں خزاؤں کا
پھول ایسا کھلا ہے صحرا میں

حشر تک بھی جو مٹ نہیں سکتا
خون وہ جم گیا ہے صحرا میں

جس کے ہر فرد کی مثال نہیں
قافلہ وہ چلا ہے صحرا میں

وہ جو تھا شہسوارِ دوشِ نبیؐ
اس پہ خنجر چلا ہے صحرا میں

وہ جو ہم صورتِ پیمبرؐ تھا
بے کفن وہ پڑا ہے صحرا میں

یوں برہنہ ہیں بیبیوں کے سر
دھوپ ہی اب ردا ہے صحرا میں

پیاس جس کی نہیں بجھی اب تک
وہ سمندر رکا ہے صحرا میں

جس پہ چلتے رہیں گے اہلِ وفا
ایسا رستہ بنا ہے صحرا میں

اے سحؔر ہم نے شام کے لب سے
ایک نوحہ سنا ہے صحرا میں

☆

غمِ شبیر غمِ ماضی و آئندہ ہے
کربلا لمحۂ موجود میں بھی زندہ ہے

اس نے باطل کو ہمیشہ کے لیے للکارا
ہر زمانے میں وہی حق کا نمائندہ ہے

اس نے جاں دے کے بھی اپنی اسے رکھا جاری
کارِ اسلام کا بے مثل وہ کارندہ ہے

سر اٹھا کر نہیں چلتا کبھی دریائے فرات
پیاس پر اصغرؑ معصوم کی شرمندہ ہے

تو نے شبیرؑ! عطا کی ہے وہ سرخی اس کو
رخِ اسلام ترے خون سے تابندہ ہے

جگمگاتا ہے ستاروں کی طرح ہر ذرہ
کربلا آج بھی روشن ہے درخشندہ ہے

خونِ عباسِ علمدار نے بخشا ہے دوام
پرچمِ دینِ مبیں آج جو پائندہ ہے

خاکِ کربل سے میں اس طرح ہوں مانوس سحؔر
دل مرا جیسے اسی دشت کا باشندہ ہے

☆

صدیاں گزر گئی ہیں زمانہ اداس ہے
شبیرؑ! تیری یاد میں دنیا اداس ہے

گزرا تھا ایک قافلہ عزم و ثبات کا
اب تک کڑکتی دھوپ کا صحرا اداس ہے

پیاسا تھا کون کس نے کنارے پہ جان دی؟
موجیں ہیں بے قرار تو دریا اداس ہے

دیکھا جو نوکِ نیزہ پہ چہرہ حسینؑ کا
موسیٰ کا جلوۂ یدِ بیضا اداس ہے

حسرت برس رہی ہے دیارِ رسولؐ پر
شبیرؑ کے بغیر مدینہ اداس ہے

جھکتے تھے جس کے آگے فلک کے ملائکہ
بعدِ امامِ پاک وہ خیمہ اداس ہے

شبیرؑ تو نے زندہ کیا دینِ مصطفیٰؐ
تیرے بغیر روحِ مسیحاؑ اداس ہے

لوٹیں گے اب کبھی نہ علمدار نہر سے
اس سوچ میں ہے مشکِ سکینہ اداس ہے

کرب و بلا کے واقعۂ غم کے سامنے
تاریخِ کائنات کا چہرہ اداس ہے

شبیرؑ تجھ کو ڈوبا ہوا خوں میں دیکھ کر
اترا تھا تیرے گھر جو ستارہ اداس ہے

دشتِ بلا میں ظلم کی ایسی ہوا چلی
باغِ نبیؐ کا ہر گل و غنچہ اداس ہے

ہم چل سکے نہ ایک قدم تیری راہ میں
شبیرؑ تیرا نقشِ کفِ پا اداس ہے

غربت کی شام کا ہو بیاں کس طرح سحرؔ
میرا قلم ملول ہے لہجہ اداس ہے

☆

کب طمانچے ہیں سکینہ! تیرے رخساروں پر
تبصرے ہیں یہ کھلے ظلم کے کرداروں پر

ساقیٔ کوثر و تسنیم کے بچے پیاسے
بند پانی ہے محمدؐ کے جگر پاروں پر

ننھی شہزادی کے کانوں سے لہو رستا ہے
آزمائش کی گھڑی ہے یہ عزاداروں پر

کٹ گئے ہاتھ مگر مشکِ سکینہ نہ چھٹی
ناز دنیا کو ہے کچھ ایسے وفاداروں پر

سینہ شبیرؑ کا زخموں سے نہیں ہے چھلنی
خوں کے چھینٹے ہیں یہ قرآن کے سیپاروں پر

ہائے جو لوگ تھے پھولوں سے بھی بڑھ کر نازک
پا برہنہ ہی انہیں چلنا پڑا خاروں پر

سر برہنہ ہیں محمدؐ کے گھرانے والے
ایک سناٹا ہے چھایا ہوا بازاروں پر

خطبۂ بنتِ علیؑ سن کے ہے لرزہ طاری
کوفہ و شام کے آراستہ درباروں پر

وہ اندھیرا ہے کہ معصوم کا دم گھٹتا ہے
ایک وحشت سی ہے زندان کی دیواروں پر

بوڑھے کاندھوں پہ جو لایا ہے جواں کا لاشہ
پورا اترا ہے وہی صبر کے معیاروں پر

کربلا والے ہی دنیا میں وہ اہلِ حق ہیں
حرفِ حق لکھ گئے جو خون سے تلواروں پر

شامِ عاشور سحر ایسی چلی غم کی ہوا
اک خزاں چھائی رسالت کے چمن زاروں پر

☆

بعد حسینؑ دیں کی تقدیر بن گئی ہے
زینبؑ کہاں رہی ہے؟ شبیرؑ بن گئی ہے

بھائی نے خواب دیکھا اسلام کی بقا کا
اس خواب کی بہن اب تعبیر بن گئی ہے

ہر پا برہنہ قیدی کی سر برہنہ صورت
باطل کے سر کی خاطر شمشیر بن گئی ہے

ہر اشک ظلم پر ہے یوں احتجاج کرتا
ہر اک خموش صورت تقریر بن گئی ہے

میدانِ کربلا میں ہر لاش بے کفن کی
محکم حصارِ دیں کی تعمیر بن گئی ہے

معصوم کے لبوں پر خاموش مسکراہٹ
سینے میں حرملہ کے اک تیر بن گئی ہے

ماؤں کی بے ردائی بہنوں کی بے نوائی
سجادؑ کے قدم کی زنجیر بن گئی ہے

جو بوند بھی گری ہے دشت بلا میں خوں کی
وہ مصحفِ وفا کی تفسیر بن گئی ہے

صحراؤں کے سفر میں پہنچا جہاں جہاں وہ
اس کے قدم کی مٹی اکسیر بن گئی ہے

سورج کو ڈوبتے جب دیکھا ہے آسماں پر
آنکھوں میں کربلا کی تصویر بن گئی ہے

تاریخ کے ورق پر یہ خوں کی روشنائی
شام و سحرؔ جفا کی تشہیر بن گئی ہے

☆

خوابِ ابراہیمؑ کی تعبیر کو نیند آ گئی
کربلا کی خاک پر شبیرؑ کو نیند آ گئی

رحلِ صحرا پر پریشاں ہے ترا اک اک ورق
اے کتابِ حق، تری تفسیر کو نیند آ گئی

سنسناتا آیا تھا ننھے مجاہد کی طرف
حلقِ اصغر پر بالآخر تیر کو نیند آ گئی

اب کہاں دیکھے گی دنیا اکبرؑ مظلوم کو
احمدِؐ مختار کی تصویر کو نیند آ گئی

ساحلِ دریا پہ کیا سوئے ہیں عباسِ جری
موجِ مضطر کی ہر اک تحریر کو نیند آ گئی

کر گئے بیدار خفتہ آدمیت کا ضمیر
خود تو مقتل میں حرؑ دلگیر کو نیند آ گئی

ظلمتِ شامِ غریباں چھا گئی جب دشت میں
آسماں پر چاند کی تنویر کو نیند آ گئی

آلِ اطہرؑ کے سروں سے چادریں کیا چھن گئیں
مصحفوں میں آیۂ تطہیر کو نیند آ گئی

قید خانے میں کوئی آواز اب آتی نہیں
بیڑیوں کو طوق کو زنجیر کو نیند آ گئی

حشر تک بیعت کا اٹھے گا نہ اب کوئی سوال
زعمِ باطل کی ہر اک تدبیر کو نیند آ گئی

صبر اپنی شان سے جاگا رہا لیکن سحر
ظلم و استبداد کی تقدیر کو نیند آ گئی

☆

ہر زمانے کے لیے تازہ غمِ شبیر ہے
کربلا کا درس بھی اک درسِ عالمگیر ہے

خاکِ صحرا پر گماں ہوتا ہے لالہ زار کا
یہ شہیدوں کے مہکتے خون کی تاثیر ہے

اس کی قربانی بقائے دین کا باعث ہوئی
خوابِ ابراہیمؑ کی وہ آخری تعبیر ہے

اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگا قیامت کا سماں؟
پھول سے نازک گلے میں خار سا اک تیر ہے

مشک دانتوں میں بریدہ بازوؤں میں ہے علم
کربلا کے آئینے میں یہ بھی ایک تصویر ہے

خنجروں کے سائے میں سُبحانَ رَبِّی العلیٰ
سجدۂ آخر ہے کیا قرآن کی تفسیر ہے

عترتِ شہ سر برہنہ ہے بھرے بازار میں
کیا نبیؐ کے خانوادے کی یہی توقیر ہے؟

قافلہ سالار ہے کس قافلے کا یہ اسیر؟
طوق ہے جس کے گلے میں پاؤں میں زنجیر ہے

آج بھی صحراؤں میں جس کی اذاں ہے گونجتی
خاکِ پاک اس کے قدم کی آج بھی اکسیر ہے

موجِ دریا ڈھونڈتی ہے ایسے تشنہ کام کو
جس کے خونِ سرخ سے حرفِ وفا تحریر ہے

جبر و استبداد باطل کا مٹانے کے لیے
حق کے ہاتھوں میں رضا و صبر کی شمشیر ہے

نوکِ نیزہ پر ہے اک ایسا بھی سر محوِ کلام
روشنی جس کی سحرؔ اسلام کی تنویر ہے

☆

نوحہ

صغرا کا خط جو آیا مدینے سے کربلا
مقتل تھا اور تھے تن تنہا شہ ہدا
فرماتے تھے حسین کہ بیٹی لکھوں میں کیا

گزری ہے ہم پہ دشت میں جو ابتلا لکھوں
بیٹی! جوابِ خط میں تمہارے مَیں کیا لکھوں

پیاسا تھا تین روز کا اصغر کدھر گیا؟
عباس تھا چچا جو تمہارا وہ مر گیا
تم سن سکو گی؟ بھیا تمہارا گزر گیا

اب کیسے تم کو حرفِ تسلی بھلا لکھوں؟
بیٹی! جوابِ خط میں تمہارے مَیں کیا لکھوں

دنیا اندھیر ہے مری آنکھوں کے سامنے
اس بے کسی میں کون ہے جو آئے تھامنے
گھیرا ہے چار سو ہمیں افواج شام نے

غربت سے ہر کسی کو بچائے خدا، لکھوں
بیٹی! جوابِ خط میں تمہارے مَیں کیا لکھوں

خنجر جو ایک سینۂ نوشہ میں گڑ گیا
کیسے سہاگ پل میں دلہن کا اجڑ گیا
دریائے خاک و خون میں قاسم بچھڑ گیا

میں اس کے خونِ سرخ کو رنگِ حنا لکھوں
بیٹی! جوابِ خط میں تمہارے مَیں کیا لکھوں

کاغذ قلم دوات کہاں میرے پاس ہے؟
آہوں کا دل سے اٹھتا دھواں میرے پاس ہے
اکبر کا سرخ خونِ جواں میرے پاس ہے

اس خون سے جو چاہو تو سب ماجرا لکھوں
بیٹی! جوابِ خط میں تمہارے مَیں کیا لکھوں

نوحہ

آیئے شبیرؑ کا ماتم کریں
دل کو زخمی آنکھ کو پُرنم کریں

وہ شہِ مظلوم شاہِ کربلا
انبیاء کا رشک فخرِ اولیاء
سامنے اس کے سر اپنا خم کریں
آیئے شبیرؑ کا ماتم کریں

مہر و مہ ہوں یا زمین و آسماں
اس کے غم میں کیوں نہ ہوں گریہ کناں؟
جس کا ماتم شاہِ دو عالمؐ کریں
آیئے شبیرؑ کا ماتم کریں

اس کی ہر اک ضرب، ضربِ لاالہ
اس کا نعرہ، نعرۂ صبر و رضا
ہر نفس ہر ثانیہ ہر دم کریں
آیئے شبیرؑ کا ماتم کریں

یہ وظیفہ اس لہو کی یاد ہے
قصر الا اللہ کی جو بنیاد ہے
کیوں نہ اس بنیاد کو محکم کریں
آیئے شبیرؑ کا ماتم کریں

دے رہا ہے آج جو درسِ وفا
وہ علم ہے سطوتِ اسلام کا
پر کشا عباس کا پرچم کریں
آیئے شبیرؑ کا ماتم کریں

ذہن روشن ہے حسینی فکر سے
روح تازہ ہوتی ہے اس ذکر سے
روح کو اور ذہن کو باہم کریں
آیئے شبیرؑ کا ماتم کریں

حریت ہو عام انساں کے لیے
سارے محکوموں کو آزادی ملے
نظم استبداد کو برہم کریں
آیئے شبیرؑ کا ماتم کریں

یہ سعادت ہے ہر اک غمخوار کی
یہ ریاضت ہے ہر اک دیندار کی
اس ریاضت کو نہ ہرگز کم کریں
آیئے شبیرؑ کا ماتم کریں

ہو غمِ شبیرؑ کا حق کیا ادا؟
اس عبادت کی نہیں کوئی قضا
ہو سحر یا شام اسے پیہم کریں
آیئے شبیرؑ کا ماتم کریں

تطہیر

Kulliat-E-Hussai

تطہیر

(مناقب و سلام)

حُسین سحؔر

کتاب نگر، حسن آرکیڈ، ملتان

ضابطہ

(جملہ حقوق محفوظ)

اشاعتِ اول 1990ء

ناشر ..... کتاب نگر حسن آرکیڈ ملتان چھاؤنی

طابع ..... رُوحانی آرٹ پریس ملتان

کمپوزنگ ..... فیاض احمد

قیمت ..... پچاس روپے

انتساب

اپنے والدِ گرامی

حاجی برکت علی مرحوم و مغفور کے نام

پیش حرف

جب مَیں ''بچوں کے ادب'' پر تحقیق کر رہا تھا، یہ کوئی 63-1962ء کی بات ہے جناب حسین سحر سے میرا ادبی تعلق قائم ہوا۔ مگر یہ آشنائی محض کام اور نام کی حد تک تھی۔ مجھے کیا معلوم تھا کہ کوئی 25 برس یعنی ایک ربع صدی بعد میرا یہ رابطہ اس قدر استوار ہو جائے گا کہ مَیں اب 1990ء میں ان کی تصنیف ''تطہیر'' کا مقدمہ نگار بن جاؤں گا۔ یہ زمانے کی نیرنگیاں ہیں اور بالیقیں یہی وہ نیرنگیاں ہیں جس سے ''ذات'' اپنی قبائے صفات بناتی ہے۔ وہ بچوں کے مقبول شاعر تو پہلے ہی تھے۔ اب مدحت و سلام، نعت اور منقبت کے میدانِ رزم میں بھی بڑے بڑے شہ زوروں سے پنجہ آزما اور معرکہ آراء ہیں۔ یہ مجموعہ مناقبت و سلام کا ''تطہیر'' ان کے روحانی تفکر کا آئینہ دار بھی ہے اور اُن کے احساسِ جمال کا شاعرانہ عکس بھی۔

جناب حسین سحر اس دور کے اُن ممتاز شعراء میں ہیں جنہوں نے مختلف اصناف سخن پر مکمل دسترس حاصل کی ہے۔ غزل، نظم، سلام، نعت، قصیدہ کی مختلف اور متنوع ہیئتوں میں نئے نئے تجربے کئے ہیں۔ ان اصناف میں انہوں نے ہیئت کی تبدیلیوں کے ساتھ ساتھ کئی معنوی تصرفات بھی کئے ہیں۔ قومی نظمیں، ملّی گیت، بچوں کے ترانے اور منظوم تمثیلچے (ٹیبلوز) بھی لکھے ہیں۔ لیکن سن و سال کی اس پختہ کاری کے دوران اب جبکہ وہ نصف صدی کا کامیاب سفر طے کر چکے ہیں۔ خانوادۂ اہلِ بیت کی مدح و تذکار میں ''تطہیر''

کے سلام و مناقب لا رہے ہیں۔

یہ سلام، سلام کی اُس روایت کا حصہ ضرور ہیں جو روایت ہمارے صدیوں پرانے احساسات سے عبارت ہے۔ مگر اس روایت میں اظہارِ خیالات کی ایسی تازگی ہے جس کی ایک ایک رگ معانی اور رشتۂ انفاس میں نئے زمانے کی خوشبو رچی ہوئی ہے۔ یہ ایسے سلام نہیں جو مقرر اصطلاحات اور سکہ بند لفظی سانچوں میں ڈھلے ڈھلائے معلوم ہوں۔ بلاشبہ یہ سلام لفظی ہیئت کے اعتبار تک تو ہماری روایت کا پرتو ہیں لیکن معنوی قرینوں اور تفکر کے لحاظ سے یہ اُردو میں بیسویں صدی کے شعری ارتقاء کا مکمل مظہر ہیں۔

لکھنوی عہد واقعی ہمارے ثقافتی ورثے کی ایک ایسی شناخت ہے جس سے ہماری پہچان، بہت دیر اور بہت دور تک باقی رہے گی۔ اس عہد نے شاعری کو اور بالخصوص تذکارِ اہلِ بیت کو جو نئے نئے سانچے دیئے ان سانچوں میں سلام ایک ایسی ہیئت شعری ہے جو ادبِ اُردو میں اپنے مخصوص امتیاز کے ساتھ اُبھری۔ جناب حسین سحر نے سلام کے ان مخصوص امتیازات کو نظر انداز کئے بغیر اپنے بعض معاصر شعراء کی طرح اس جہت میں نئی حکمتوں کے سُراغ لگائے۔ خاص طور پر یہ بات کہ سلام اور منقبت کے غزلیہ پیرایۂ اظہار اور اس کے مُعین خد و خال سے ہٹ کر آہنگ، صورت اور خیال کا نیا زاویہ مثلثہ قائم کیا۔ اس کی واضح مثال آزاد نظم ''فرات کے کنارے'' کے علاوہ اس مجموعے کی پہلی ہی منقبت ہے:

آپ قرآن ناطق کی تصویر ہیں
آپ نہج البلاغہ کی تحریر ہیں
آپ دروازۂ شہرِ علمِ نبیؐ
یاعلیؑ یا علیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ

آپ حیدر بھی ہیں آپ صفدر بھی ہیں
آپ ہی فاتح بدر و خیبر بھی ہیں
آپ کے دم سے ایمان کی تازگی
یاعلیؑ یا علیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ
آپ کردارِ حق آپ معیارِ حق
آپ کا علم کشافِ اسرارِ حق
دیجئے ہم کو عرفان کی روشنی
یاعلیؑ یا علیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ

اس شعری تجربے کو یہاں نقل کرنے کا مُدعا محض آپ کو یہ باور کرانا ہے کہ شاعر نے اس صنفِ سخن میں جو نئے تجربے کئے ہیں اُن کا ما بہ الامتیاز کیا ہے؟

پہلی بات تو یہ کہ فی الحقیقت یہ تجربے سلام اور منقبت کی ہیئت میں بالکل نئے ہیں۔ رباعی، قطعے اور مسدس کے بند کے مقابلے میں یہ ثلاثی ہیں۔ چوتھا مصرع محض ترکیب بند کی حیثیت رکھتا ہے اور اس کا معنوی قرینہ صرف مخاطبے لفظ (آپ) کو فائدہ پہنچانا ہے۔

دوسری بات یہ کہ، تیسرے مصرع کو پہلے شعر (دو مصرعوں) سے جُدا کر کے ایسے صوتیے کا انتخاب کرنا ہے جو تکرار پانے والے مصرع سے ہم آہنگ ہو سکے۔

تیسرے یہ کہ، اس تمام تر نظم خیالات میں جو لفظیات استعمال کی گئی ہیں وہ سماعی، معنوی اور صوری، تینوں اعتبار سے معروف، مستعمل اور مروج عام ہیں۔ یہ اور اس طرح کے کئے دوسرے تشکیلات مثلاً

1۔ طلوعِ مہرِ ایمانی - فروغِ نورِ قرآنی
2۔ ہر سمت ہے آہ و بکا - کانپ اٹھی ارضِ نینوا

3۔ صاحبِ دل صاحبِ کردار تو

شاعر نے اس صنفِ سخن میں معانی کی صورت برقرار رکھ کر خیالات کو مختلف اشکال میں ڈھالنے کی جو بارآور کوشش کی ہے وہ اس کتاب کا ایک نمایاں پہلو ہے۔ ''حسینی ہائیکو'' کا یہ تجربہ بھی اس نئی روایت کا ایک تسلسل ہے۔ ملتان کی ادبی فضاؤں میں تنقید کو جو نیا لب ولہجہ اُبھر رہا ہے اور تنقیدی جمالیات کے حوالے سے کچھ نئی اصلاحیں وضع کی جا رہی ہیں۔ یہ ''حسینی ہائیکوز'' کی اصطلاح بھی اسی وضع اصطلاحات کا ایک عمل ہے۔ جناب حسین سحرؔ کے حُسینی ہائیکوز سے ایک اقتباس نقل کر رہا ہوں۔

آگہی کی علامت زندہ
استعارہ ہے عشقِ محکم کا
کربلا درس گاہ ایماں ہے

.....

اس مجموعے کا ایک وصف اضافی یہی ہے کہ شاعر نے جہاں جہاں سلام و منقبت کی ہیئت میں نئے تصرفات سے کام لیا ہے وہاں شعریت اور تخیل کو زیادہ جاندار، متحرک اور پُرکشش بنا دیا ہے۔ یہ مختصر بحر اور موزوں لفظوں والے مصرع اپنے لئے تراشے گئے مخصوص زحافات کے ساتھ ایک عجب لطف دیتے ہیں۔

ہے رُخِ تاریخ کا اجلال تو
حریت کی عزت و اقبال تو
قاطعِ ہر جبر و استحصال تو
بادشاہِ عزم و استقلال تو
اے حسینؑ ابنِ علیؑ تجھ پر سلام

فدیہ ذی شان اسمٰعیل تو
ہے شعاعِ فکر کی قندیل تو
صبر کی بے ساختہ تمثیل تو
منزلِ عرفاں کا سنگِ میل تو
اے حسینؑ ابنِ علیؑ تجھ پر سلام

حُسین سحر پاکستان کی اُردو شاعری کے لئے کوئی نیا نام نہیں اس نام کے ساتھ شہرت بھی پیچھے پیچھے چلی آتی ہے۔ (سحر رومانی کی تلبیسِ شخصی جو حسین سحر کے نام سے کی گئی گو کہ اُسے بھی معرضِ ظہور میں آئے کوئی اٹھارہ برس گزر رہے ہیں) یہ ایک ایسی طویل مدت ہے جس میں ایک پاؤں پاؤں چلتا بچہ جواں جہاں ہو جاتا ہے۔ یہ سب عرصہ شمار کر کے حسین سحر کی ریاضتِ فکر کا زمانہ کوئی تیس پینتیس برسوں پر محیط ہے۔ یہ طویل دورانیہ کسی فکری جہت کی پختہ کاری اور حکیمانہ فلسفے کی ثمر باری کے لئے بہت کافی ہے۔ حسین سحر نے اپنی اسی ریاضت کے طفیل اب روحانی تفکر اور دینی تبحر کو اپنے شعری تجربوں کی آماج گاہ بنایا ہے۔ یہ مناقب و سلام کا مجموعہ، اس دور کے ایسے کئی نئے مجموعوں کے مقابل ایک امتیازی حیثیت رکھتا ہے۔ اس میں شاعر نے حُسین ابن علی اور دیگر اہلِ بیت کو محض ایک انقلابی شخصیت کے آئینے میں محدود کر کے نہیں دیکھا ہے۔ حسینؑ ابنِ علیؑ اس کے لئے قطع نظر پیغامِ حریت کے، اس کے سلسلۂ ہدایت کی ایک کڑی بھی ہیں۔ حسینؑ ابن علیؑ جناب علی المرتضیٰ اور خانوادۂ اہلِ بیتؑ سے اس کا یہ تمسک ذاتی اُن بہت سے شاعروں کے مقابلے میں اُسے زیادہ ممتاز بنا دیتا ہے جنہوں نے خانوادۂ اہلِ بیت کی ظلم و جبر سے پنجہ آزما ان شخصیتوں اور واقعہ کربلا جیسے باطل شکن رویّوں سے محض درسِ انقلاب لیا ہے۔

غم نہیں ہے جو مصائب ہیں مری رہ میں سحرؔ
راہ بر مانتا ہوں حق کے پرستاروں کو

''تطہیر'' کے تمام تر اشعار آیۂ تطہیر کے مصداق کرداروں سے شدید عشق و وابستگی اور والہانہ محبت کا ثمر ہیں۔ ان کرداروں سے جذباتی وابستگی اور موضوع کے ساتھ شاعر کی فن کارانہ شیفتگی کے نتیجے میں بعض ایسے شعروں نے جنم لیا ہے جو تا ابد زندہ رہیں گے۔ ایسے کئی شعروں سے صرف تین شعر بطور نمونہ درج ہیں:

ہوائے شام جو گزری ہے سسکیاں لے کر
ضرور اس نے سُنی ہے حسینؑ کی آواز

مری نگاہ میں کیا ہے جہاں استبداد
کہ میری آنکھ کا سُرمہ ہے خاکِ پائے حسینؑ

تین روز کا پیاسا یہ رسولؐ کا کنبہ
ظلم کے بیاباں میں صبر کا سمندر ہے

اس مجموعے کے مناقب و سلام تنقید کے اس زاویے سے زیادہ مستحکم و مضبوط فنی بنیاد کے حامل ہیں کہ شاعر نے انہیں اپنے شعری شعور کی پختہ کاری کے زمانے تخلیق کیا ہے۔ ورنہ عموماً ہوتا یوں ہے کہ شاعری کے آغازِ سفر ہی میں تبرکاً اور تیمناً حمد و نعت اور سلام و منقبت کے مضامین پر طبع آزمائی کر لی جاتی ہے۔ لیکن جناب حسین سحر کا معاملہ اس سے بالکل مختلف ہے۔ انہوں نے اپنی یہ تخلیق اُس وقت مکمل کی جب وہ زندگی کی اڑتالیس بہاریں دیکھ چکے اور اپنے فن کی کوئی تیس پینتیس سالہ مسافت طے کر چکے۔ گویا انہوں نے اس طویل عرصے میں ہر طرح کی صنفِ سخن پر مشق کر لی۔ غزل کہیں، طرح اور بے طرح دونوں معرکے سر کئے۔ ملّی نغمے لکھے۔ بچوں کی شاعری کی (اور اس شاعری پر انہیں قومی اعزاز بھی ملا)۔ ترانے نظم کئے، قومی شاعری تخلیق کی۔ مسدس، مخمس، ترکیب بند، رباعی،

قطعہ، سہرا، کوئی ہیئت اور موضوع ایسا نہ تھا جسے انہوں نے ہاتھ نہ لگایا ہو۔ اس کامیاب مشق وممارست کے بعد تکمیلِ فن کے اعتبار سے یقیناً اب تطہیر کے یہ مناقب وسلام موسیقی کی اصطلاح میں گُلِ نغمہ اور ''پردۂ ساز'' کے مترادف قرار پائیں گے۔

اس مجموعے کے سلام ومناقب کے پس منظر میں اُبھرنے والی ایک نہایت اہم اور قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ ان سلام ومناقب کی بنیاد اُن زمینوں پر رکھی گئی ہے جو خود کاشت ہیں۔ ان زمینوں کی فکر ثمر بار سے جو سیر ..... حاصل ہوتی ہے۔ اس کا ذائقہ ازخود بتلاتا ہے کہ یہ زمینیں یا تو بالکل غیر آباد تھیں یا کم کاشت تھیں۔ ان کے قوافی ردیف اور لفظی تصرفات اور خیالات کے سانچے ان معنوی تجربوں کے طبع زاد ہونے کی دلالت کرتے ہیں۔ یہ سلام آزمائشی مصرعوں پر جبراً تشکیل پانے والا تنظیم خیالات کا ایسا شعری پیکر نہیں جس کا تانا بانا عموماً بحر ردیف، قوافی کی قید کے ساتھ، شاعروں کے دادا گیر اور شاعرانہ اکھاڑوں کے شہ زور خلیفہ فراہم کرتے ہیں۔

ان مناقب میں عقیدے کی حرمت کے ساتھ فکر وفن کا ایسا جمالیاتی عنصر بھی شامل ہوگیا ہے جو مصوری کے عمل کو پاک دامن مریم کی ایسی شبیہ بنانے پر اکساتا ہے جو کیسماء کے تقدس اور جمالیاتی آرٹ کو باہم شیر وشکر کر سکے۔

ڈاکٹر اسد اریب

مناقب

دروازۂ شہرِ علمِ نبیؐ

آپؑ قرانِ ناطق کی تصویر ہیں
آپؑ نہج البلاغہ کی تحریر ہیں
آپؑ دروازۂ شہرِ علمِ نبیؐ
یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ

آپؑ حیدر بھی ہیں آپ صفدر بھی ہیں
آپؑ ہی فاتح بدر و خیبر بھی ہیں
آپؑ کے دم سے ایمان کی تازگی
یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ

وہ لہو جو سرِ صحنِ مسجد بہا
وہ لہو جس سے سیراب ہے کربلا
اُس لہو سے ہے اسلام کی زندگی
یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ

فرش بھی سہمگیں ہے اس انداز سے
عرش بھی کانپتا ہے اس آواز سے
گراں بہا جہاں غم کا ہر اک نگینہ ہے

جلا ملے گی اسے آنسوؤں کے پانی سے
ہمارا دل کہ جو حساس آبگینہ ہے

قیامت اس سے بھلا اور بڑھ کے کیا ہو گی؟
طمانچے شمر کے اور عارضِ سکینہؑ ہے

مہک رہا ہے بہشت بریں کے پھولوں سے
حسینؑ کا جو یہ زخموں سے چور سینہ ہے

ملائکہ کے جلو میں جو لے گیا ہم کو
ہمارا اشک بھی عرشِ بریں کا زینہ ہے

سمٹ گئی ہیں سحرؔ اس میں کس قدر صدیاں
وگرنہ یوں تو محرم بھی اک مہینہ ہے

184

کچھ اس ادا سے مدحتِ آلِ عبا کروں
سدرہ پہ جبرئیل کو بھی ہم نوا کروں

میری ہر ایک رگ میں رواں ہے غمِ حسینؑ
کیسے نہ ان کا ذکر میں صبح و مسا کروں؟

شامِ مسافرت کی المناک یاد میں
میں چاہتا ہوں روح کو نوحہ سرا کروں

رشکِ حرم ہے ذات تری اے شہِ زمنؑ !
تیرے قدم کی خاک پہ سجدے ادا کروں

بخشا ہے تو نے منزلِ عرفان کا یقیں
راہِ عمل میں کیوں نہ تجھے رہنما کروں؟

اشکِ الم سے کر کے وضو فرشِ روح پر
شام و سحر ادا میں نمازِ وفا کروں

185

ہر اہلِ صدق درد کے مقتل میں ہے ابھی
شبیر جیسے عرصۂ کربل میں ہے ابھی

کیا ہو گا جب وہ سجدۂ ثانی میں جائے گا
ابنِ علیؑ تو سجدۂ اول میں ہے ابھی

کونجی تھی جو حسینؑ کے لب پر صدائے حق
وہ روشنی تو شعلۂ مشعل میں ہے ابھی

صدیاں گزر گئی ہیں مگر واقعہ یہ ہے
دنیا غمِ حسینؑ سے ہلچل میں ہے ابھی

مفہوم کیا ہے زندگی و موت کا سحرؔ
یہ مسئلہ تو مرحلہ حل میں ہے ابھی

186

فنا کا ہاتھ مری چشمِ نم کو چُھو نہیں سکتا
غمِ دنیا کبھی سروؑ کے غم کو چُھو نہیں سکتا

نشاں عباسؑ کا اہلِ وفا ہی بڑھ کے تھامیں گے
وفا ناآشنا کوئی علم کو چُھو نہیں سکتا

جوانانِ جناں کے ماننے والوں کو غم کیسا؟
جہنم کا کوئی جھونکا بھی ہم کو چُھو نہیں سکتا

درِ آلِ محمد کے گداؤں کو جو حاصل ہے
کوئی سلطان اس جاہ و حشم کو چُھو نہیں سکتا

بصیرت سے تہی دامن کوئی بھی بے بصر ہرگز
شہِ کونینؑ کے نقشِ قدم کو چُھو نہیں سکتا

کوئی کیسا بھی ہو جو دوستا کی انتہاؤں پر
علیؑ کے بحرِ الطاف و کرم کو چُھو نہیں سکتا

سحرؔ آلِ نبی ہی میرے فکر و فن کا محور ہیں
تصور غیر کا مرے قلم کو چُھو نہیں سکتا

187

قاری سناں پہ کوئی بھی سر ہو نہیں سکا
اس کے سوا یہ کام مگر ہو نہیں سکا

شبیر ہی نے موت کو دی ہے شکستِ فاش
پھر معجزہ یہ بار دگر ہو نہیں سکا

وہ راہ صرف زیرِ قدم ہے حسینؑ کے
جس راہ سے کسی کا گزر ہو نہیں سکا

جو لفظ اپنے خون سے شبیر نے لکھا
اک حرف بھی ادھر سے ادھر ہو نہیں سکا

طوفانِ جبر و ظلم و تشدد کے باوجود
وہ عزم کا پہاڑ تھا سر ہو نہیں سکا

188

نوعِ بشر کو آج تلک جس پہ ناز ہے
ابنِ علی سا کوئی بشر ہو نہیں سکا

زندہ ہیں بعد موت بھی یوں تو سبھی شہید
اس کی طرح کوئی بھی امر ہو نہیں سکا

گزرے ہیں کتنے حُسن کے پیکر جہاں میں
عباسؑ ایسا رشکِ قمر ہو نہیں سکا

فرزند ہے خلیلؑ کا اپنی جگہ مگر
اکبرؑ سا نوجوان پسر ہو نہیں سکا

فتح مبیں ہے خیر کی تقدیر میں فقط
فاتح کسی بھی حال میں شر ہو نہیں سکا

دنیا پرست دہر نے چاہا بہت مگر
دیں کا نظام زیر و زبر ہو نہیں سکا

چشمِ عزا میں تیرتے اک اشک کا سحرؔ
ہم مرتبہ کوئی بھی گہر ہو نہیں سکا

189

❁

روشن جو آج فکر و نظر کے چراغ ہیں
یہ اے حسینؑ ! تیرے ہنر کے چراغ ہیں

ہے صرف تیرے خونِ منور کی روشنی
جو آسماں پہ شمس و قمر کے چراغ ہیں

تاباں جو نقشِ پا ہیں ترے گام گام پر
منزل کی سمت راہ گزر کے چراغ ہیں

ایثار و عزم صبر و رضاؑ علم و آگہی
جتنے بھی ہیں کمالِ بشر کے چراغ ہیں

صدق و صفاء و ہمت و ایمان و بندگی
یہ سب چراغ تیرے ہی در کے چراغ ہیں

بجھ کر جنہوں نے روشنی بخشی ہے دہر کو
وہ سیدِ انام کے گھر کے چراغ ہیں

روشن ہیں یہ جو آنکھ میں اشکِ عزا سحرؔ
طاقِ دعا میں نورِ اثر کے چراغ ہیں

190

ہر ایک ذرہ یوں ہے خاکِ پاک کا قرینِ حق
کہ کربلا کا دشتِ غم بنا ہے سرزمینِ حق

شہید کے لہو کی بوند بوند میں ہے زندگی
کہ ہے خدا کی راہ میں یہی لہو امینِ حق

سناں کی نوک پر یہ کہہ رہا ہے سر حسینؑ کا
جھکی ہے اور نہ جھک سکے گی ظلم سے جبینِ حق

چمک دمک بکھر رہی ہے جس کی کائنات میں
حسینؑ خاتمِ حیات کا ہے وہ نگینِ حق

یہی مرا اصول ہے یہی مرا فروع ہے
کہ حُبِ اہلِ بیتؑ ہی سحرؔ ہے اصلِ دینِ حق

191

کسی کو دولتِ جہاں کسی کو سلطنت ملی
خدا کا شکر ہے ہمیں علیؑ کی معرفت ملی

جہاں کی ہر خوشی سے جس نے بے نیاز کر دیا
غمِ حسینؑ میں ہمیں عجب وہ کیفیت ملی

گواہی دے رہا ہے کربلا کا ایک اک ورق
رخِ بشر کو خون سے نکھر کے تمکنت ملی

ہے فیضِ کربلا کہ ایک ایک حق پرست کو
حسینؑ سے حسینیت تو حُرؑ سے حریت ملی

کسی کی آنکھ سے جونہی بہا ہے اشکِ غمِ سحرؔ
وہیں اسے بشارتِ نجاتِ آخرت ملی

شہیدوں کے مطہر خون کی تاثیر باقی ہے
کہ یوں خاکِ شفا کی شکل میں اکسیر باقی ہے

بیاں ہوتا چلا آیا ہے کب سے ذکر یہ پھر بھی
جہاں میں کربلا کی آج بھی تفسیر باقی ہے

نشاں عباس کا لہرا رہا ہے شان سے اب تک
وفا و عزم و استقلال کی تصویر باقی ہے

دلوں میں درد بن کر یاد اسکی چھا گئی ہر سو
وہ سورج بجھ گیا اس کی مگر تنویر باقی ہے

یہ ہے اسلام پر احسان ہمشکلِ پیمبرؐ کا
اذانوں میں مسلسل اب بھی جو تکبیر باقی ہے

حسین ابن علی کے خوں کا یہ اعجاز ہے دیکھو
شفق کے سرخ لفظوں میں جو اک تحریر باقی ہے

اثر ہے کربلا والوں کے آلام و مصائب کا
سحرؔ جو شاعری میں لہجۂ دلگیر باقی ہے

مخاطب

Kulliat-E-Hussai

حسین سحر

تخاطب

غزلیں

حُسین سحؔر

کتاب نگر، حسن آرکیڈ، ملتان

ضابطہ

(جملہ حقوق محفوظ)

اشاعتِ اول ..... جنوری 1990ء

ناشر ..... کتاب نگر حسن آرکیڈ ملتان چھاؤنی

طابع ..... رُوحانی آرٹ پریس ملتان

سرورق ..... نظامی

کمپوزنگ ..... فیاض احمد

قیمت ..... ساٹھ روپے

انتساب

اپنی شریکِ حیات کے نام

پیش حرف

حُسین سحؔر کو پڑھتے ہوئے مَیں نے ہمیشہ یہ محسوس کیا ہے کہ وہ نئے انداز کی تازہ اور توانا غزل ہی نہیں کہہ رہے بلکہ اس صنفِ ادب میں تخلیق کاری کرتے کرتے اس مقام پر بھی پہنچ گئے ہیں جہاں شاعر اپنا ذاتی تشخص قائم کرنا ضروری تصور نہیں کرتا بلکہ اس کے جذبے کی تطہیر جب شعر کا قالب اختیار کر لیتی ہے تو وہ جذباتی اور روحانی طور پر مطمئن ہو جاتا ہے کہ اس نے اظہار مکمل کر لیا ہے۔ اور شاعر تخلیق کے بطون میں سما گیا ہے۔ بالکل ایسے ہی جیسے بچہ پیدا ہو تو ماں باپ طمانیت محسوس کرتے ہیں کہ اب ان کی ذاتی شناخت مٹ بھی جائے تو ان کا سلسلۂ نسب ختم نہیں ہوگا۔ حسین سحؔر کی غزل بھی ان کے سلسلۂ نسب کو آگے بڑھانے والی غزل ہے۔ یہ ایسی غزل ہے جو پہلے اپنا تعارف خود کراتی ہے اور جب دل میں اتر جاتی ہے تو پڑھنے والا یہ جاننے کے لیے بیتاب ہو جاتا ہے کہ اس غزل کا خالق کون ہے؟

یہ مختصر سی تمہید مَیں نے اس لیے باندھی ہے کہ نئی غزل میں ایک امتیازی حیثیت رکھنے کے باوجود حسین سحؔر بہت زیادہ مشہور غزل نگار نہیں، بڑے شہر کا نقاد جب تعلقاتِ عامہ کا مدار وسیع کرنے کے لئے غزل گو شاعروں کی ایک لمبی کھتاونی بناتا ہے تو نثار اکبر آبادی پر پہنچ کر اس کا سانس پھول جاتا ہے اور پھر تنقید کا فرض کفایہ ادا کرتے کرتے وہ بھول جاتا ہے کہ اچھی غزل کراچی، لاہور، اسلام آباد اور پشاور ہی میں نہیں لکھی جا رہی بلکہ اس کو تازگی اور توانائی عطا کرنے والے ملتان، کبیر والہ، ساہیوال، مرید کے، فاروق

آباد، بھکر، کلورکوٹ، خانیوال، وہاڑی اور پتوکی میں آباد ہیں۔ اور ایسی غزل لکھ رہے ہیں جس کے لئے لوگ چشم بر آواز رہتے ہیں۔ یہ غزل لاہور کے ممتاز ادبی رسائل میں دیر سے چھپتی ہے لیکن اس کی خوشبو اشاعت سے پہلے ہی دیوارِ چمن عبور کر جاتی ہے اور بعض اوقات تو ثقہ غزل گو مفصلات سے آئی ہوئی نئی زمین اور نئی بحر میں اپنی غزل لکھ کر مشاعرے میں بھی پڑھ دیتے ہیں اور حسین سحؔر جیسے شاعر حدِ ادب سے یہ بات بھی نہیں کہہ سکتے کہ خوشہ چینی ان کے خرمن ہی سے کر لی گئی ہے۔

حُسین سحؔر ملتان کے ایسے ہی شاعر ہیں جو اخبار، ریڈیو اور ٹیلی ویژن کی ضرورت پوری کرنے کے لئے غزل نہیں کہتے۔ شعر کہنا ان کی داخلی اور فطری ضرورت ہے۔ یہ بوئے سحر کا مست بلاوا ہے جس کی صدا پر حسین سحؔر کے جذبات کا قافلۂ نوبہار چل پڑتا ہے اور جب ہمارا دل موسیقی کے نرم لہرے میں تیرنے لگتا ہے اور خوشبو محیطِ جان ہو جاتی ہے تو حسین سحؔر ہمیں نظر نہیں آتے ان کی شاعری کا مینی فیسٹو جو ان کی زندگی اور فن سے ماخوذ ہو کر ہمارے سامنے آ گیا ہے وہ کچھ یوں ہے:

کس نے دیکھی ہے لبوں کی خوشبو؟
کون سُنتا ہے نظر کی آہٹ؟

اور اس سے ہی خیال آتا ہے کہ حُسین سحؔر کے ہاں خود کو نمایاں کرنے یا اپنی ذات کو مرکزِ کائنات بنانے کا مفہوم موجود نہیں اور وہ اپنے داخل میں موجزن رہنے کے آرزومند ہیں۔ حسین سحؔر اپنی خواہشات کا اسیر بن جانے کے بجائے ایسے حواس پر غالب آ جانے کی سعی کرتے ہیں جن سے خواہش پیدا ہوتی ہیں اور شاعری سے عبادت کا عنصر معدوم ہو جاتا ہے۔ حُسین سحؔر نے بات استعارے میں کہی ہے لیکن دیکھئے وہ چکاچوند روشنی سے کیا خوف محسوس کرتے ہیں:

شام ہوتے ہی کہاں ڈوبے گا صبح سے سوچ رہا ہے سورج

جب دھوپ کی تلوار چمکتی ہے سروں پر ہر رنگ بکھر جاتا ہے مر جاتی ہے خوشبو

لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ حُسین سحؔر نے ظلمت اور تاریکی کو قبول کیا ہے یا اس کی تپسیا کی ہے۔ حسین سحؔر جس روشنی سے خائف ہیں وہ جسم و جاں کو جُھلسا دینے اور آنکھوں کو خیرہ کر ڈالنے والی روشنی ہے۔ صبحِ صادق سے قبل اندھیرے کی کوکھ سے پیدا ہونے والی ملگجی روشنی یا شام کی تیرگی سے پہلے ستارے سے بیدار ہونے والی روشنی کی مہین سی لکیر تو حسین سحؔر کو لطافت ہی نہیں قوتِ گویائی بھی عطا کرتی ہے۔ وقت کے یہ دونوں قطعے ایسے ہیں جب شور مدھم پڑ جاتا ہے اور سکوت سخن جوئی پر آمادہ ہوتا ہے۔ میرا جی نے اچھی شاعری کو انہی لمحات کی زائیدہ قرار دیا ہے۔ اس وقت شاعر اپنے اندر کی آواز سُنتا ہے۔ وہ فطرت کے ساتھ ہم کلام ہوتا ہے اور اس کا خیال لَو دینے لگتا ہے۔ ایسے لمحات میں حسین سحؔر پر شاعری کی دیوی مہربان ہوتی ہے اور وہ اپنی خلاقی کا مظاہرہ اپنے مخصوص اسلوب میں کرتے ہیں۔

تیرے خیال کی مشعل جلے اگر دل میں تو اس اندھیرے مکاں میں بھی روشنی آئے

شام کی تیرگی میں ایک ستارہ چمکا اجنبی شہر میں یہ کس نے پکارا مجھ کو

حُسین سحؔر کی غزل پڑھتے ہوئے مجھے یہ احساس بھی ہوتا ہے کہ وہ تاریکی اور روشنی، رات اور دن کے سنگم پر کھڑے ہیں اور دو مختلف دنیاؤں کا نظارہ کر رہے ہیں۔ چنانچہ ان کے ہاں جو خوف پیدا ہوتا ہے اس نے حبس کی کیفیت کو سطح پر اُبھارا ہے لیکن جب خوف چھٹ جاتا ہے تو کشادگی کا احساس ہوتا ہے۔ فضا کھل جاتی ہے، محدود تناظر کو لامحدودیت مل جاتی ہے۔ دھندلے نقوش داخلی قوتِ گویائی سے فیضیاب ہو جاتے ہیں اس ضمن میں پہلے خارج سے جمع کی ہوئی چند حقیقتیں دیکھئے جو شاعر کو گراں بار کر رہی ہیں۔

دھواں اگلتی ہوئی چمنیاں یہ کہتی ہیں حیات روز سلگتی ہے کارخانوں میں

آنکھ تو بے منظری کے خوف سے پتھرا گئی بے یقینی کی خزاں میں دل بھی مرجھانے لگا

شہروں کا بھی مستقبل محفوظ نہیں ہر اُجڑی ویراں بستی کچھ کہتی ہے

گرم جوشی تھی کل، سرد مہری ہے اب لوگ موسم کی صورت بدلنے لگے

اب کے چاروں سمت میں یوں برسا ہے تنہائی کا زہر شہر بھی ویراں نظر آیا مرے گھر کی طرح

اس قسم کے اشعار میں یوں لگتا ہے کہ حسین سحؔر کو زمانے کی نوکِ خار مسلسل کچوکے لگا رہی ہے لیکن اس لمحے کو دوام حاصل نہیں۔ جونہی یہ لمحہ گزر جاتا ہے حسین سحؔر کے اندر کائنات روشن ہو جاتی ہے اور وہ شاعری میں خود کلامی کرنے لگتے ہیں۔ تو پھول کی طرح لطیف اور معطر محسوس ہوتے ہیں اور صاف نظر آتا ہے کہ اب وہ خارج کی منفی قوتوں کا مقابلہ جواں مردی اور تنومندی سے کر رہے ہیں اور انہوں نے اس مقابلے کے لئے اپنے ماضی اور ماضی کی حسین یادوں سے بے پناہ قوت حاصل کر لی ہے۔

محرومیوں کی دھوپ کی پروا نہیں مجھے رقصاں ہیں تیری یاد کے سائے خیال میں

مَیں وہ ابرِ رواں ہوں کہ تیری زمیں کیلئے کتنے صحراؤں کی تشنگی چھوڑ آیا ہوں مَیں

ذہن جب تاریک ہو جائیں مشینوں کے طفیل جذبِ دل کی روشنی کو عام کرنا چاہیئے

پھیلی ہے کچھ اس طرح دھنک تیرے بدن کی رنگوں سے چمک اُٹھا ہے آنگن مرے گھر کا

اس کے چہرے کے شفاف آئینے میں خوشبوؤں کا عکس دکھائی دیتا ہے

گوشے گوشے میں ہے رنگا رنگ خوابوں کی دھنک
ذہن بھی اس کے خیالوں کا عجائب گھر نہ ہو

عجب نظارہ دکھائی دیا فضاؤں میں زمین طلوع ہوئی چاند کے خلاؤں میں

اس قسم کے اشعار پڑھ کر یہ احساس نہیں ہوتا کہ حُسین سحؔر نے اِک موجِ ہوا پیچاں کو دیکھ لیا ہے اور اب انہیں میر تقی میرؔ کے انداز میں زنجیر نظر آنے لگتی ہے۔ اس کے برعکس میرا اندازہ ہے کہ خارج کے جبر سے آزاد ہونے، معاشرے کی بند فضا سے نکلنے اور مشینوں کی میکانکیت سے گلو خلاصی پانے کے بعد جب وہ سیرِ لامکاں کے لئے نکل جاتے

ہیں تو ایک دائمی مسرت سے ہم کنار ہو جاتے ہیں۔ حُسین سحؔر کی غزل نے چونکہ صحرا کی کھلی فضا میں پرورش پائی ہے۔ اس لئے ان کی تمثالوں میں بھی وسعت اور تحرک کی فراوانی ہے۔ ابرِ رواں، آوارہ بگولے، آواز کی کرن، ظلمتِ شب، چراغ صدا، ریگِ دل پر یادوں کے نشاں جیسی ترکیبوں کو پیشِ نظر رکھیں تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ حسین سحؔر نے ایک ایسی چیز کو جو ساکن ہے دوسری ایسی چیز کے ساتھ وابستہ کر دیا ہے جو تحرک کی مظہر ہے اور جب اس ترکیب سے جو خیال غزل کے شعر سے طلوع ہوتا ہے وہ لکیرِ امر کی طرح رواں اور پرفشاں نظر آتا ہے۔ مثال کے طور پر حسین سحؔر شمعِ آرزو لے کر چلیں تو درد و غم کا اندھیرا سفر کرنے لگتا ہے۔ شدتِ احساس بڑھے تو پتھر کا خون کدال پر تیرنے لگتا ہے۔ چہرے کے شفاف آئینے میں عکس مجسم نہیں ہوتا بلکہ خوشبو کی طرح فضا میں پھیل جاتا ہے اور انہیں محبسِ دل سے رہائی ملے تو وہ زلفوں کی گھٹا بن جانے کی تمنا کرتے ہیں۔ حسین سحؔر کی غزل میں جب اس قسم کے موضوعات آتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ زمین کے ساتھ اپنا ناتا قائم رکھتے ہوئے پرواز کے آرزومند بھی ہیں اور دلچسپ بات یہ ہے کہ انہوں نے بگولوں کا ہم سفر بننے کی آرزو نہیں کی بلکہ اپنی راہ خود متعین کی ہے اور جس نگر سے گزرے ہیں اسی کو اپنا گھر بنا لیا ہے۔

جدھر سے گزریں، جہاں جائیں سب نگر اُن کے
مسافر اپنی کوئی سرزمیں نہیں رکھتے

مَیں نے عرض کیا ہے کہ حسین سحؔر کی شاعری ہمیں دو مختلف دنیاؤں کا نظارہ کراتی ہے۔ اس قسم کے سنگم پر حیرت بھی پیدا ہوتی ہے اور تجسس کا جذبہ بھی بیدار ہوتا ہے۔ زندگی کبھی سوال بن کر سامنے آتی ہے اور کبھی شاعر کا تجربہ ہی اس کا جواب بن جاتا ہے۔ حسین سحؔر کی غزل میں یہ دونوں صورتیں بے حد دلآویز انداز میں اُبھری ہیں یعنی کبھی وہ اپنی حیرت کو سوالیہ نشان بنا دیتے ہیں۔

اِک کرن آواز کی ڈوبی تھی دشتِ شام میں
شہر کے سارے دریچے بے صدا کیوں ہو گئے؟

یہ آئنہ مرے پہلو میں کیوں چمکتا ہے؟ — دیارِ سنگ میں رہ رہ کے سوچتا ہوں مَیں
یہ خاک اُڑاتے ہوئے آوارہ بگولے — مجھ کو میری منزل کا پتہ کیوں نہیں دیتے؟
گر اس کا چہرہ ہے شفاف آئینے کی طرح — تو میرا عکس مجھے کیوں نظر نہیں آتا؟
جو میرے رگ و پے میں سلگتی ہے مسلسل — اُس آگ کو کس نام سے تعبیر کیا جائے؟

اور کبھی اس قسم کے سوالات حسین سحؔر نے خود اپنے آپ سے کئے ہیں تو ان کا جواب بھی فراہم کیا ہے۔ ان کے مندرجہ ذیل شعر میں ان کے اس طرزِ عمل کی طرف واضح اشارہ موجود ہے۔

تمام عمر تخاطب مرا مجھی سے رہا
سوال مَیں نے کیے ہیں جواب میرے ہیں

حُسین سحؔر کے سوالات اضطراب آسا ہیں لیکن ان کے سوالات میں حرص و ہوس کا پرتو نظر نہیں آتا۔ وہ نفسِ مطمئنہ رکھنے والے انسان ہیں اور زندگی کو طمانیت آمیز نظروں سے دیکھتے ہیں۔

روح کے زخموں کی شادابی کہاں ہے مستقل؟
ایک دن یہ لہلہاتی فصل بھی کٹ جائے گی
صحرا کی سمت جایئے کیوں شہر چھوڑ کر؟
ویرانیوں کی دل کے نگر میں کمی نہیں

دلچسپ بات یہ ہے کہ حُسین سحؔر نے داخلی مسرت اور قلبی طمانیت حاصل کرنے کے لئے آرزوؤں کی جگمگاتی ہوئی کہکشاں مرتب نہیں کی۔ ان کی اُمیدیں ایسی نہیں ہیں کہ

ٹوٹیں تو پھر پیدا ہی نہ ہوں۔ انہوں نے تمنا کا دوسرا قدم اٹھانے اور عرش سے پرے ایک اور مقام حاصل کرنے کی خواہش بھی نہیں کی۔ ایک قانع انسان کی طرح انہوں نے چھوٹی چھوٹی خوشیوں کو زندگی کا حاصل قرار دیا ہے اور بحرِ حیات میں تنکے کی طرح بہنے کی تمنا کی ہے۔ حسین سحرؔ کا جہانِ آرزو نظر کو خیرہ نہیں کرتا بلکہ دل پر شبنم سی بکھیر دیتا ہے اور یہ رویہ ایک ایسے عام آدمی کا ہے جو عظیم انسان کہلانا پسند نہیں کرتا اور صحرا کی ریت پر ننگے پاؤں چلنے میں مُسرت محسوس کرتا ہے۔ حُسین سحرؔ کی سادہ، معصوم آرزوؤں کی ایک جھلک ان اشعار میں دیکھئے:

محبسِ دل سے رہا ہو جاؤں　　مَیں ترے لب سے ادا ہو جاؤں
تشنگی یوں نہ بجھے گی ہرگز　　تیری زلفوں کی گھٹا ہو جاؤں
اب تو دریا میں اُتر آیا ہوں
چاہے جس سمت بہا لے جائے
خودبخود پاؤں رُکے جاتے ہیں　　یہی شاید ترا رستہ ہو گا
اسی اُمید پہ کب سے ہوں چشم بر آواز　　سنائی دیتا ہے جو کچھ دکھائی بھی دے گا
آ ہی جائے گا سکوں پر یہ لہو کا دریا
درد سیلاب کی مانند گزر جائے گا

حسین سحرؔ کی غزلیں ہمارے لئے صرف شاعری پیش نہیں کرتیں یہ اس شاعر کو بھی منکشف کرتی ہیں جس کی شاعری اور شخصیت میں دوئی نہیں ہے۔ ان کی غزل اپنا ایک علیحدہ ''بلڈ گروپ'' رکھتی ہے۔ چنانچہ کئی لوگ جب ان کی وضع کردہ زمینوں میں شعر آزمائی کرتے ہیں تو صاف نظر آ جاتا ہے کہ انہوں نے حسین سحرؔ کے اُترے ہوئے کپڑے پہن لئے ہیں۔ بلاشبہ حسین سحرؔ نے شہرت کی خلعتیں عطا کرنے والے درباروں تک رسائی حاصل نہیں کی کیونکہ یہ ان کے مزاج کے خلاف ہے۔ اس کے باوجود ان کی غزل نے اس

دور کی فیشنی غزل سے الگ اپنا مابہ الامتیاز پیدا کیا ہے۔ پچھلے دنوں مجھے یہ دیکھ کر بڑی حیرت ہوئی کہ ایک ہندوستانی نقاد نے اپنے ایک مقالے میں اس دور کی غزل کے چند نمائندہ اشعار اقتباس کیے تو اس کڑے انتخاب میں حسین سحرؔ کے تین اشعار موجود تھے لیکن ان کے اپنے وطن میں منتخب اُردو غزل کا ایک ضخیم مجموعہ چھپا تو حسین سحرؔ کو اس میں شامل نہیں کیا گیا تھا۔ اگلے روز حسین سحرؔ اس ضخیم انتخاب کے مُرتب سے ''اہلِ قلم'' کے نئے پرچے کے لئے غزل منگوا رہے تھے تو انہوں نے مجھے اپنا یہ شعر سنایا:

ہم اسے یاد کیے جاتے ہیں
جس کی عادت ہے بھلائے رکھنا

اور پھر حسین سحرؔ بے اختیار کھلکھلا کر ہنس پڑے۔ ان کا قہقہہ میرے ذہن میں اب تک گونج رہا ہے۔

ڈاکٹر انور سدید
۱۷۲-ستلج بلاک، اقبال ٹاؤن لاہور

بُجھتا ہوا دیا یہ سزا دے گیا مجھے
مَیں شعلۂ جنوں تھا ہوا دے گیا مجھے

رنگوں میں جیسے چاند کا پیکر بکھر گیا
پانی میں اس کا عکس مزا دے گیا مجھے

مَیں لہلہاتی شاخ کو سمجھا تھا زندگی
پتا گرا تو درسِ فنا دے گیا مجھے

خوشبو کا ایک نرم سا جھونکا بہار میں
گزرے ہوئے دنوں کی صدا دے گیا مجھے

سورج کی چند جاگتی کرنوں کا قافلہ
خوابیدہ منزلوں کا پتا دے گیا مجھے

میرے لئے تو سانس بھی لینا محال ہے
یہ کون زندگی کی دُعا دے گیا مجھے؟

مَیں خامشی کا پیکرِ بے رنگ تھا سحرؔ
اِک شخص بولنے کی ادا دے گیا مجھے

گنبدِ شب کا کوئی دَر وا نظر آتا نہیں
آسماں پر ایک بھی تارا نظر آتا نہیں

یوں تو ہر جانب نظر آتے ہیں چہروں کے ہجوم
ڈھونڈتا ہوں جس کو وہ چہرا نظر آتا نہیں

رقص کرتے ہیں بگولے ہی بگولے چار سُو
خاک وہ اُڑنے لگی صحرا نظر آتا نہیں

ریت کی لہریں سی اٹھتی ہیں کنارے کی طرف
تشنگی اتنی بڑھی دریا نظر آتا نہیں

اس قدر خوفِ سفر میں لوگ ہیں اُلجھے ہوئے
منزلیں ہیں سامنے رستا نظر آتا نہیں

کس کو جا کر ہم سنائیں اپنے دل کا ماجرا
ایک بھی اس شہر میں اپنا نظر آتا نہیں

فیصلہ مشکل بہت ہے اس اندھیرے میں سحرؔ
کیا نظر آتا ہے مجھ کو کیا نظر آتا نہیں

✿

حصارِ چشم میں آنسو کہیں نہیں رکھتے
ہم اس مکان میں کوئی مکیں نہیں رکھتے

بس ایک در ہے ہماری عقیدتوں کا امیں
ہر آستاں پہ ہم اپنی جبیں نہیں رکھتے

جہاں بھی جائیں جدھر جائیں سب نگر اُن کے
مسافر اپنی کوئی سرزمیں نہیں رکھتے

کمال یہ ہے کہ قاتل کھڑے ہیں تیغ بکف
لہو میں ڈوبی ہوئی آستیں نہیں رکھتے

ہمارا خاک سے رشتہ ہو کس طرح محکم؟
ہم آسماں کے بھی نیچے زمیں نہیں رکھتے

بصارتوں کے لئے چاہیے بصیرت بھی
یہی شعور مرے نکتہ چیں نہیں رکھتے

وہ احترام ہے حاصل ترے فقیروں کو
جو احترام کہ مسند نشیں نہیں رکھتے

بصارتوں کے لئے چاہیئے بصیرت بھی
یہی شعور مرے نکتہ چیں نہیں رکھتے

جو اس کے دل میں اُتر جائے نغمگی بن کر
صدا ہم ایسی سحرؔ دل نشیں نہیں رکھتے

❁

کونج اٹھی جو سفر کی آہٹ
دب گئی شور میں گھر کی آہٹ

روز آتی ہے دیارِ دل میں
تیری یادوں کے سفر کی آہٹ

اس قدر عام ہوا حبس ہوا
چُپ ہے خوشبو کے نگر کی آہٹ

سُن رہا ہوں مَیں سکوتِ شب میں
طائرِ فکر کے پر کی آہٹ

مدتوں بعد تری یاد آئی
دشت میں آئی ہے گھر کی آہٹ

کس نے دیکھی ہے لبوں کی خوشبو؟
کون سُنتا ہے نظر کی آہٹ؟

ہوئیں مسدود وفا کی راہیں
اب کہاں آئے اُدھر کی آہٹ؟

ہمہ تن گوش ہے شب کا پیکر
آنے والی ہے سحرؔ کی آہٹ

دشتِ احساس کے رخشندہ سرابوں جیسی
تیری آنکھوں میں چمک ہے مرے خوابوں جیسی

یہ الگ بات وہ ہے بوئے وفا سے خالی
اس کے چہرے کی تو رنگت ہے گلابوں جیسی

اس کے سینے میں دھڑکتا ہے تو دل پتھر کا
جس کی رفتار میں نرمی ہے سحابوں جیسی

کوئی خوشبو نہ کوئی رنگ نہ کوئی نغمہ
وادیٔ ذہن کی حالت ہے خرابوں جیسی

دیکھ اے موجِ نفس! ٹھیس نہ لگ جائے کہیں
شیشۂ جاں میں نزاکت ہے حبابوں جیسی

ہے سحر خون مرا میری رگوں میں رقصاں
درد میں پھر وہی لذت ہے شرابوں جیسی

پتھر کا اسے نقش بنا کیوں نہیں دیتے؟
اس دل کو دھڑکنے کی سزا کیوں نہیں دیتے؟

کیوں اب بھی سرِ لوح مرا نام ہے کندہ؟
مَیں حرفِ غلط ہوں تو مٹا کیوں نہیں دیتے؟

مَیں دھوپ کے صحرا میں بھٹکتا رہوں کب تک؟
سائے تری زلفوں کے صدا کیوں نہیں دیتے؟

گر پھول ہوں مَیں لمس ملے حُسن کا مجھ کو
کانٹا ہوں تو رستے سے ہٹا کیوں نہیں دیتے؟

یہ خاک اڑاتے ہوئے آوارہ بگولے
مجھ کو مری منزل کا پتہ کیوں نہیں دیتے؟

ہر سمت ہیں نفرت کے اندھیرے ہی اندھیرے
اک شمع محبت کی جلا کیوں نہیں دیتے؟

خوشبو کے یہ جھونکے ہیں جو ایوانِ سحر میں
کرنوں کو تبسم کی ضیاء کیوں نہیں دیتے؟

ریزہ ریزہ ہو کر ایسے بکھرے خواب
جیسے سب تھے آرزوؤں کے شیشے خواب

جن خوابوں کی کوئی بھی تعبیر نہیں
دیکھنے والے دیکھ رہے ہیں ایسے خواب

ماضی کے اوراق شکستہ، پارینہ
مستقبل کے سارے خواب سنہرے خواب

چاہو تو یہ سودا ہے منظور مجھے
لے لو مجھ سے میرے دے دو اپنے خواب

مَیں یادوں کا بوجھ اٹھائے پھرتا ہوں
دن میرے بے چین مری راتیں بے خواب

ذروں کو بھی سورج کا ہمسر دیکھوں
دنیا بھر سے میرے خواب اچھوتے خواب

کیا رکھا ہے پاس مرے کیا رکھا ہے؟
خواب ہیں لیکن وہ بھی چند ادھورے خواب

جگمگ کرتے تاروں کی مانند سحرؔ
اس کی آنکھوں میں بستے ہیں میرے خواب

شام تک ساتھ رہا ہے سورج
میرے ہمراہ جلا ہے سورج

چاند ہے جس کے بدن کا پرتو
اُس کے چہرے کی ضیاء ہے سورج

دل کی دھڑکن بھی ہے مدھم مدھم
کن اندھیروں میں گھرا ہے سورج

شام ہوتے ہی کہاں ڈوبے گا؟
صبح سے سوچ رہا ہے سورج

مرا ماحول اندھیروں کا جہاں
میری مُٹھی میں چھپا ہے سورج

جس کے دشتِ خزاں دیدہ میں
پھول بن بن کے کِھلا ہے سورج

مَیں علامت ہوں اُجالوں کی سحرؔ
میرے ماتھے پہ لکھا ہے سورج

ہوا ہے جب بھی مرا سامنا ہواؤں سے
ملی ہے مجھے کو مری ہی صدا ہواؤں سے

مرے لہو کی تمازت نصیب ہے اس کو
بُجھے گا کیسے دیا درد کا ہواؤں سے؟

یہ اور بات کہ دیکھا نہیں تجھے اب تک
سُنا ہے مَیں نے ترا تذکرہ ہواؤں سے

رہے گا تازہ ہمیشہ یہ مہر و مہ کا سفر
کبھی رُکے گا نہ یہ قافلہ ہواؤں سے

چراغ بن کے فضائے جنوں میں روشن ہوں
ملا ہے مجھ کو نیا حوصلہ ہواؤں سے

لکھا ہے مَیں نے جو اِک نام ریت کے رُخ پر
سحرؔ وہ کیسے مِٹے گا بھلا ہواؤں سے؟

✿

کرن کرن کے درخشندہ باب میرے ہیں
تمام روشنیوں کے نصاب میرے ہیں

شبوں کے سبز جزیرے ہیں سب مری اقلیم
تمام جاگتی آنکھوں کے خواب میرے ہیں

مَیں ہوں تمام دھڑکتے دلوں کا شیدائی
یہ آبگینے یہ نازک حباب میرے ہیں

تمام عمر تخاطب مرا مجھی سے رہا
سوال مَیں نے کئے ہیں جواب میرے ہیں

خدائے دشت کی تقسیم پر مَیں راضی ہوں
کہ آب پارے ترے ہیں سراب میرے ہیں

نصیب آج ہیں کانٹے اگر تو کیا غم ہے
نئی رُتوں کے شگفتہ گلاب میرے ہیں

مَیں آفتاب کی مانند ہوں نقیبِ سحرؔ
سیاہیوں پہ بھی احتساب میرے ہیں

دیکھتے ہی دیکھتے ناآشنا کیوں ہو گئے؟
وہ جو نزدیکِ رگِ جاں تھے جُدا کیوں ہو گئے؟

خواب تھے تحلیل ہو کر رہ گئے کیوں آنکھ میں؟
آئنوں میں عکس تھے اُڑ کر ہوا کیوں ہو گئے؟

سوچتا ہوں قربتوں کا کیا یہی انجام تھا؟
زندگی کے رس بھرے لمحے سزا کیوں ہو گئے؟

جب سفر کی گرد چھٹ جائے تو پھر یہ سوچنا
ہم تمہارے راستے میں نقشِ پا کیوں ہو گئے؟

اِک کرن آواز کی ڈوبی تھی دشتِ شام میں
شہر کے سارے دریچے بے صدا کیوں ہو گئے؟

اس حقیقت سے ہے واقف میرے دشمن کا ضمیر
خود بخود لب میرے مصروفِ دُعا کیوں ہو گئے؟

وہ جو سائے کی طرح ہمراہ تھے اپنے سحرؔ
حادثوں کی دھوپ میں ہم سے جُدا کیوں ہو گئے؟

زباں پر تلخیوں کے ذائقے بھی ساتھ رکھتا ہے
وہ ملتا ہے محبت سے گِلے بھی ساتھ رکھتا ہے

تضاد اس شخص کے قول و عمل میں ہے عجب ایسا
کہ ظلمت بانٹتا ہے اور دیئے بھی ساتھ رکھتا ہے

جہاں جاتا ہے میرا ذکر کرتا ہے وہ نفرت سے
یہ اس کی مہربانی ہے مجھے بھی ساتھ رکھتا ہے

وہ اپنے آپ کا نظارہ کرنے میں ہے محو اتنا
کہ اپنی حیرتوں کے آئنے بھی ساتھ رکھتا ہے

وہ مدت بعد جب ملتا ہے بے خوفی سے ملتا ہے
بچھڑ جانے کے لیکن وسوسے بھی ساتھ رکھتا ہے

ملاقاتوں میں اس کی قربتوں کی ہے عجب صورت
دلوں کے درمیاں کچھ فاصلے بھی ساتھ رکھتا ہے

سحرؔ یہ دل اُمید و بیم کے طوفاں میں کھویا ہے
یقیں کے ساتھ کچھ کچھ واہمے بھی ساتھ رکھتا ہے

✿

کوئی لاکھ کہے تم ایسا مت کہنا
بھول کے بھی قطرے کو دریا مت کہنا

ذہن اگرچہ مان بھی لے اس کی باتیں
دل نہ کرے تسلیم تو اچھا مت کہنا

جس سے شب کی تاریکی کچھ اور بڑھے
اس جگنو کو صبح کا تارا مت کہنا

جو ہر وقت تمہاری یاد میں کھویا ہو
ایسے بزم آرا کو تنہا مت کہنا

مَیں تو غم کی دھوپ میں تنہا جلتا ہوں
اب تم خود کو میرا سایہ مت کہنا

اس کے حُسن کی یکتائی کہتی ہے سحرؔ
ہر چہرے کو اس کا چہرا مت کہنا

دھنک کی لوح پہ مرمر دکھائی دیتا ہے
تمہارے شہر کا منظر دکھائی دیتا ہے

وہ جس کو گرمیِ بازار کہہ رہے ہیں لوگ
مجھے تو حشر کا منظر دکھائی دیتا ہے

فلک سے سطحِ زمیں تک ہے چاند ہی روشن
جہاں بھی جاؤ یہی گھر دکھائی دیتا ہے

یہ کیسا شہر ہے خاموش موت کی صورت
ہر آدمی یہاں پتھر دکھائی دیتا ہے

قدم قدم پہ فصیلِ دیارِ خوشبو سے
ہوائے شہد کا لشکر دکھائی دیتا ہے

اُبھرنے لگتے ہیں جب شب کے کوہسارِ سحر
تو روشنی کا سمندر دکھائی دیتا ہے

اب تک رہا نہاں جو صدائے خیال میں
ممکن نہیں کہ حُسن وہ آئے خیال میں

چھوتے ہی انگ انگ ہو جن کا دھواں دھواں
لپٹے ہیں ایسے جسم ردائے خیال میں

محرومیوں کی دھوپ کی پروا نہیں مجھے
رقصاں ہیں تیری یاد کے سائے خیال میں

رنگوں کے قافلے ہیں افق تا افق رواں
اڑتے ہیں کتنے عکس ہوائے خیال میں

بے نور تھے جو خواب کی ظلمات میں سحؔر
روشن ہوئے وہ نقش ضیائے خیال میں

شہر کی گلیوں سے جب بھی ہم گزرے ہیں
خوشبو کی مانند فضا میں بکھرے ہیں

کتنے آنسو ضبطِ الم سے خشک ہوئے
کتنے چڑھتے دریا پل میں اترے ہیں

گلدانوں میں جب بھی تازہ پھول سجے
ذہن کی شاخ پہ سوکھے پتے اُبھرے ہیں

ربط اگر ہو، دوری کوئی چیز نہیں
سیپ کے موتی ابر کی آنکھ کے قطرے ہیں

جسموں کی بے داغ سجاوٹ پر مت جا
مَن کے میلے لوگ ہی تن کے ستھرے ہیں

چرخ کی نیلاہٹ سے فرش کے سبزے تک
سحؔر دھنک کے رنگ ہی ہر سُو بکھرے ہیں

بے رنگ فضاؤں میں بکھر جاتی ہے خوشبو
وہ شخص جدھر جائے اُدھر جاتی ہے خوشبو

یہ فیض ہے اُس نقشِ کفِ پا کی مہک کا
ہر ذرے کے سینے میں اُتر جاتی ہے خوشبو

ممکن نہیں جس رہ سے شعاعوں کا گزر بھی
اس راہ سے بے خوف گزر جاتی ہے خوشبو

لرزاں ہے تری یاد بہت غم کے اثر سے
جب سرد ہوا آئے تو ڈر جاتی ہے خوشبو

گلشن میں جو خاک اڑتی ہے روتی ہیں ہوائیں
یہ سوچنا پڑتا ہے کدھر جاتی ہے خوشبو؟

جب دھوپ کی تلوار چمکتی ہے سروں پر
ہر رنگ بکھر جاتا ہے مر جاتی ہے خوشبو

اُس زلفِ معطر کے سحرؔ لمس کو پا کر
پہلے سے بھی کچھ اور نکھر جاتی ہے خوشبو

✿

ہے برگ برگ دُعا کو ذرا نمی آئے
ہوا چلے تو شگوفوں پہ تازگی آئے

اُفق پہ اُبھرے جو سورج کا چہرۂ تاباں
سسکتی ریت کے ذروں میں زندگی آئے

کبھی تو دل میں تری یاد کا چمن مہکے
اس آئنے میں بھی احساسِ چہرگی آئے

ترے خیال کی مشعل جلے اگر دل میں
تو اس اندھیرے مکاں میں بھی روشنی آئے

اسی اُمید پہ ہوں شہر شہر آوارہ
اسی طرح کبھی شاید تری گلی آئے

عجب نہیں کہ مری آتشیں صداؤں سے
کسی کے برف سے پیکر میں شعلگی آئی

سحرؔ نظر کے دریچوں کو یونہی وا رکھنا
کسے خبر کبھی تازہ ہوا چلی آئے

برگِ تنہا ہوں اڑا لے جائے
جس طرف چاہے ہوا لے جائے

اب تو دریا میں اتر آیا ہوں
چاہے جس سمت بہا لے جائے

چل رہا ہوں کہ کبھی تو شاید
مجھ کو منزل پہ خدا لے جائے

روشنی کی ہو جسے بھی خواہش
وہ مِرے دل کا دیا لے جائے

کب سے مَیں خود سے ہوں روٹھا روٹھا
کوئی مجھ کو بھی منا لے جائے

اے سحر منظرِ شب سے پہلے
کوئی آنکھوں کی ضیا لے جائے

شاخ سے پھول جو ٹوٹا ہو گا
میرے ہی دل کا چھناکا ہو گا

خودبخود پاؤں رکے جاتے ہیں
یہی شاید ترا رستا ہو گا

مری ہر سمت ہیں کتنے چہرے
کوئی مجھ سا بھی نہ تنہا ہو گا

کوئی شہکار جو تخلیق ہوا
ہُو بہُو تیرا سراپا ہو گا

کس قدر یاد کیا ہے ہم نے
کس قدر اُس نے بُھلایا ہو گا

در و دیوار سے اٹھتا ہے دھواں
کہیں شعلہ کوئی بھڑکا ہو گا

اِک نہ اِک دن تو کرن پھوٹے گی
اِک نہ اِک دن تو اُجالا ہو گا

جس نے یہ رتجگے بخشے ہیں سحرؔ
وہ کوئی جاگتا لمحہ ہو گا

✿

پیاس کی شدت دکھاتی ہے عجب نیرنگیاں
جگمگاتی ریت پر ہوتا ہے پانی کا گماں

دل پہ جو گزرے اب اظہار تک لے آیئے
کوئی سمجھا ہے سمجھے گا خموشی کی زباں

ڈوبتا جاتا ہے دل بے نور سورج کی طرح
پھیلتی جاتی ہیں ہر سو شام کی تاریکیاں

تازگی کا نام تک اپنے مقدر میں نہیں
ذات کے بے رنگ صحرا کا سفر ہے رائیگاں

شاخچوں کے سر بریدہ ہیں تو گُل مصلوب ہیں
صحنِ گلشن میں منایا جائے گا جشنِ خزاں

رنگ لائی ہے ہوائے غم کی آشفتہ سری
مٹ چکے ہیں ریگِ دل پر تیری یادوں کے نشاں

ہیں سحرؔ برّاق مرمر کی طرح جن کے بدن
ان کے چہروں پہ لکھی ہے ظلمتوں کی داستاں

نازک سا التفاتِ صبا چاہیئے مجھے
مَیں پھول ہوں چمن کی ہوا چاہیے مجھے

تاجِ شہی نہ تختِ سلیماں کی ہے طلب
ٹوٹے ہوئے دلوں کی دُعا چاہیے مجھے

درپیش ہے شبوں کے طلسمات کا سفر
راہوں میں اِک چراغِ صدا چاہیئے مجھے

خوشبوئے گل کے راز سے ناآشنا ہوں مَیں
سنسان جنگلوں کی ہوا چاہیے مجھے

سر پر غم و اَلم کی کڑی دھوپ ہے سحؔر
شب رنگ گیسوؤں کی گھٹا چاہیے مجھے

عجب نظارہ دکھائی دیا فضاؤں میں
زمیں طلوع ہوئی چاند کے خلاؤں میں

چمکتی دھوپ کے آثار کی خبر پا کر
ہیں پھول لپٹے ہوئے شبنمی رداؤں میں

یہاں تو اپنی ہی خوبی ہے ذات کی دشمن
سلگ رہے ہیں کئی پیڑ اپنی چھاؤں میں

مَیں سوچتا ہوں کہاں کھو گئی مری آواز؟
بس ایک شور سا ملتا ہے سب صداؤں میں

اُسی کا رنگ چمکتا ہے ہر کرن میں سحؔر
وہ جس کی زلف کی مہکار ہے ہواؤں میں

کس نگر صبح کی روشنی چھوڑ آیا ہوں مَیں
اپنے بچپن کی سادہ دلی چھوڑ آیا ہوں مَیں

آ گہی کے سفر میں خدا جانے کس موڑ پر
اپنی چاہت کی دیوانگی چھوڑ آیا ہوں مَیں

میرے دم سے تھی آواز کی شعلگی چار سُو
اپنے پیچھے فقط خامشی چھوڑ آیا ہوں مَیں

مَیں وہ ابرِ رواں ہوں کہ تیری زمیں کے لئے
کتنے صحراؤں کی تشنگی چھوڑ آیا ہوں

بام و در جگمگاتے رہیں گے ہمیشہ سحرؔ
شہر میں ایسی تابندگی چھوڑ آیا ہوں مَیں

معمورۂ زمیں سے صحرائے آسماں تک
ہے رہروِ طلب کا نقشِ قدم کہاں تک؟

سوچو تو ان کی یادیں ہر دم ہیں دل میں رقصاں
ڈھونڈو تو رفتگاں کا ملتا نہیں نشاں تک

یلغار کر رہی ہیں کو چار سُو ہوائیں
خاموش کیوں ہیں پھر بھی کشتی کے بادباں تک؟

بے نام خواہشیں ہیں دل میں کچھ ایسے روشن
یہ شمعیں بُجھ بھی جائیں اُٹھتا نہیں دُھواں تک

رنگوں کا قافلہ ہی شام و سحرؔ رواں ہے
نورِ بہارِ گُل سے تاریکیٔ خزاں تک

سورج سفر میں ہے نہ ستارا سفر میں ہے
اپنا وجود اپنا ہی سایا سفر میں ہے

اِک روشنی ہے ذہن سے دل تک رواں دواں
گویا تمہارے درد کا دریا سفر میں ہے

چاروں طرف سلگتے بگولے ہیں رقص میں
محسوس ہو رہا ہے کہ صحرا سفر میں ہے

بہتر ہے ساتھ لے کے چلیں شمعِ آرزو
سُنتے ہیں درد و غم کا اندھیرا سفر میں ہے

اِک کاروانِ درد و الم ساتھ ہے سحرؔ
کہنے کو یوں تو دل مرا تنہا سفر میں ہے

رنگ و خوشبو کی نئی دنیا دکھائی دے مجھے
آنکھ جب کھولوں ترا چہرا دکھائی دے مجھے

وادیٔ دل میں چمک اٹھے تری یادوں کا چاند
اس اندھیرے میں کہیں رستا دکھائی دے مجھے

زیست کے لمبے سفر کی دھوپ کا کچھ غم نہیں
اَبر سی زلفوں کا گر سایا دکھائی دے مجھے

وہ جو خلوت میں بھی اپنی ذات میں ہے انجمن
کاش محفل میں کبھی تنہا دکھائی دے مجھے

ہر طرف ہیں اجنبی ہی اجنبی چہرے سحرؔ
کوئی تو اس شہر میں اپنا دکھائی دے مجھے

تمام شہر ہے خاموش جاگتا ہوں مَیں
اندھیری رات میں جلتا ہوا دیا ہوں مَیں

کبھی تو کوئی سُنے گا مجھے توجہ سے
ہوا کے دوش پہ اڑتی ہوئی صدا ہوں مَیں

ہے میرے چاروں طرف اِک ہجوم چہروں کا
حصارِ ذات میں اس طرح کھو گیا ہوں مَیں

شکست و فتح سے ہوں بے نیاز مَیں یکسر
کسی کی جنگ ہے جو آج لڑ رہا ہوں مَیں

وفا کو شہرِ جفا میں تلاش کرتا ہوں
چراغ تیز ہوا میں جلا رہا ہوں مَیں

یہ آئنہ مرے پہلو میں کیوں چمکتا ہے؟
دیارِ سنگ میں رہ رہ کے سوچتا ہوں مَیں

کبھی ستارہ کبھی شعلہ ہوں کبھی شبنم
سمجھ میں کچھ نہیں آتا سحرؔ کہ کیا ہوں مَیں

جب بھی آنکھوں نے ترا نقشِ کفِ پا دیکھا
دل کے آئینے میں اِک عکس لرزتا دیکھا

ابر چھایا تو تری زلفِ سیہ یاد آئی
چاند نکلا تو ترا رنگ چمکتا دیکھا

یاد آئی تری آواز کی موجِ رقصاں
شام کے وقت جو بہتا ہوا دریا دیکھا

ہم ہی محرومِ تماشا ہیں جہاں میں ورنہ
دیکھنے والوں نے ہر سُو ترا جلوہ دیکھا

خاک سی اُڑنے لگی دل کے بیاباں میں سحؔر
شاخ پر جب بھی کوئی پھول مہکتا دیکھا

دلوں میں زہر لبوں پر شگفتگی دیکھی
یہ رسم ہم نے عجب تیرے شہر کی دیکھی

جو بزمِ شب میں بہت قہقہے لگاتے تھے
انہی کی آنکھ دمِ صبح شبنمی دیکھی

تجھے دلوں کی سیاہی کی کیا خبر ہو گی
تری نظر نے تو جسموں کی چاندنی دیکھی

نظر کو خیرہ کیا اس قدر شعاعوں نے
کہ ہم نے چاند کی رنگت بھی سرمئی دیکھی

وہیں خیال کی وادی مہک اٹھی ہے سحؔر
جہاں بھی پھول سے چہروں پہ تازگی دیکھی

یوں وقت کے احساس کو تسخیر کیا جائے
ہر لمحۂ سیّال کو زنجیر کیا جائے

سوچا ہے کہ اب دِل سے بُھلا کر تجھے دیکھیں
یہ نقش بھی اس لوح پہ تحریر کیا جائے

جو میرے رگ و پے میں سُلگتی ہے مسلسل
اس آگ کو کس نام سے تعبیر کیا جائے؟

دل وقفِ غم و درد ہو یا غرقِ مسرت
اس خاک کو جیسے بھی ہو اکسیر کیا جائے

تسخیرِ فلک کی بھی سحر ہوتی رہے گی
پہلے دلِ انسان کو تسخیر کیا جائے

عکسِ دل ہے کہاں چشمِ پُر آب ہیں؟
شہر کا شہر ڈوبا ہے سیلاب میں

یہ مرے شعلۂ غم کا اعجاز ہے
آگ ایسی تپش ہے جو برفاب میں

جو ترے جلوۂ رُخ سے منسوب ہے
روشنی ہے کہاں ایسی مہتاب میں؟

آج دیکھا انہیں خاک اوڑھے ہوئے
وہ بدن تھے جو ملبوس کمخواب میں

اب تو یاد اس کی ساحل نما ہے سحر
گھِر گئی کشتیِ روح گرداب میں

یوں نظر آتا ہے غم دل میں اُتر جائے گا
وقت گزرے گا تو یہ زخم بھی بھر جائے گا

آ ہی جائے گا سکوں پر یہ لہو کا دریا
درد سیلاب کی مانند گزر جائے گا

ذہن کی جھیل میں اُبھرا جو کنول یادوں کا
ہجر کی تیز ہواؤں میں بکھر جائے گا

کیا خبر تھی کہ ترے ہجر کا اک اک لمحہ
زہر بن کر مری رگ رگ میں اُتر جائے گا

کسی چہرے کا گلِ تازہ سرِ شام سحرؔ
چاند نکلے گا تو کچھ اور نکھر جائے گا

❁

شام کے زرد سائے جو ڈھلنے لگے
طائرِ فکر کے پَر نکلنے لگے

گرم جوشی تھی کل سرد مہری ہے اب
لوگ موسم کی صورت بدلنے لگے

پھر بہار آ گئی وادیٔ روح میں
چشمۂ دل سے پھر غم اُبلنے لگے

دور سے آ رہی ہے جرس کی صدا
قافلے رُک گئے تھے جو، چلنے لگے

سخت بے حس تھے جو پتھروں کی طرح
درد کی آگ میں اب پگھلنے لگے

پھر ضرورت پڑی دوستوں کی سحرؔ
آستینوں میں پھر سانپ پلنے لگے

❁

غمِ جہاں تو بہر گام تیرگی دے گا
ترا خیال مگر دل کو روشنی دے گا

مجھے یقیں ہے بچھڑ جائے گا وہ ملتے ہی
خوشی جو دی ہے زمانے نے رنج بھی دے گا

کبھی تو دل میں کوئی عکس روشنی بن کر
اس آئنے کو بھی پوشاکِ چہرگی دے گا

اسی اُمید پر کب سے ہوں چشم بر آواز
سنائی دیتا ہے جو کچھ دکھائی بھی دے گا

غموں کی دولتِ بے پایاں جس نے بخشی ہے
سحرؔ کبھی تو مرے دل کو وہ خوشی دے گا

ہر رنگ میں وہ حُسنِ ادا کا امین ہے
جس زاویئے سے دیکھئے اس کو حسین ہے

تو آسماں پہ اڑتے ہوئے بادلوں کا عکس
میرا وجود درد کی بنجر زمین ہے

کچھ اور بھی سکون ہے دل کو ترے بغیر
تجھ سے ترا خیال زیادہ حسین ہے

انسانیت کا درد ہے سرمایۂ حیات
انسانیت ہی اہلِ محبت کا دین ہے

مَیں جس کی جستجو میں ہوں شام و سحرؔ رواں
وہ شخص میرے گوشۂ دل میں مکین ہے

تیز ہوا کا شور سنائی دیتا ہے
غنچہ و گل کا حشر دکھائی دیتا ہے

اس کانٹے کی عظمت کا کیا اندازہ
رہرو کو جو آبلہ پائی دیتا ہے

اس کے چہرے کے شفاف آئینے میں
خوشبوؤں کا عکس دکھائی دیتا ہے

دل کو محفل آرائی بھی بخشے گا
جو مجھ کو ذوقِ تنہائی دیتا ہے

مجھ کو سحرؔ اپنی ہی ذات کے زنداں سے
دیکھتا ہوں اب کون رہائی دیتا ہے

۞

ہر پھول پہ ہوتا ہے گماں آج شرر کا
آغاز ہے یہ طائرِ خوشبو کے سفر کا

پھیلی ہے کچھ اس طرح دھنک تیرے بدن کی
رنگوں سے چمک اٹھا ہے آنگن مرے گھر کا

شاخوں پہ جو سورج کا اثر یونہی رہے گا
سایہ بھی سلگتا ہوا دیکھو گے شجر کا

ہر رنگ ہے محفوظ مرے خانۂ دل میں
ہر نقش ہے قیدی مرے زندانِ نظر کا

احباب میں اظہارِ حقیقت سے حذر کر
کھل جائے نہ احوال ترے عیب و ہنر کا

دیکھا تو وہ اپنی ہی طرح خاک بسر تھا
شہرہ تھا سحرؔ یوں تو بہت چاند نگر کا

۞

محبسِ دل سے رہا ہو جاؤں
مَیں ترے لب سے ادا ہو جاؤں

تیرا نقشِ کفِ پا ہوتے ہی
محورِ ارض و سما ہو جاؤں

تشنگی یوں نہ بُجھے گی ہرگز
تیری زلفوں کی گھٹا ہو جاؤں

اس خموشی کا ہے بس ایک علاج
مَیں ہی خود نغمہ سرا ہو جاؤں

ظلم کی تیرہ فضاؤں میں سحرؔ
جلتے سورج کی ادا ہو جاؤں

ذرے سِسک رہے ہیں ظلمت کی انتہا پر
الزام آ نہ جائے خورشید کی ضیا پر

روحِ زمیں سکوں سے محروم ہو گئی ہے
شاید یہ دولتِ دل ہاتھ آئے اب خلا پر

اشکوں کی روشنی سے آہوں کی نغمگی سے
آباد ہو گیا ہے اِک شہر سا ہوا پر

سورج کے ساتھ دریا صورت بدل رہا ہے
کرنوں کی ہے حکومت موجوں کی ہر ادا پر

ہے تیرا عکس رقصاں آئینۂ سحرؔ میں
ہوتا ہے تیرا دھوکا ہر رنگ ہر صدا پر

سورج کی روشنی کو فلک سے پکار کر
رنگوں کے پیرہن کو نہ یوں تار تار کر

مَیں آنے والا وقت ہوں پیشِ نگاہ رکھ
تیرے لئے رُکوں گا مِرا انتظار کر

تیری سرشت میں نہیں شعلوں سے دوستی
تُو خاک ہے تو خاک کے ذرّوں سے پیار کر

آواز کا بھی عکس بہت دلفریب ہے
دیکھا ہے ہم نہ شیشۂ دل میں اتار کر

تنہا ہی ہو سکے گا سحرؔ ذات کا سفر
سایہ بھی اب تو اپنا سپردِ غبار کر

اگر شعاعوں کا دریا سراب جیسا ہے
تو جاگنے کا یہ منظر بھی خواب جیسا ہے

ہر ایک نقش کا مفہوم ڈھونڈتا ہوں مَیں
مری نظر میں وہ چہرہ کتاب جیسا ہے

کسی نے غور سے اس خاک کو نہیں دیکھا
ہر ایک ذرہ یہاں آفتاب جیسا ہے

حسین و تازہ خیالوں سے ذہن ہے خالی
یہ شہر بھی دلِ خانہ خراب جیسا ہے

سحرؔ یہ کہتی ہے امکاں کی بیکراں وسعت
فلک کا گنبدِ بے در حباب جیسا ہے

رنگ بن کر شاخساروں میں اترنا چاہیئے
نکہتِ گل کی طرح ہر سو بکھرنا چاہیئے

سیر کو شادابیِ دشتِ نظر کافی نہیں
ہو سکے تو شہرِ دل سے بھی گزرنا چاہیئے

یہ بھی ممکن ہے کہ دل ہو جائے تجھ سے بے نیاز
گردشِ حالات کی شدت سے ڈرنا چاہیئے

ذہن جب تاریک ہو جائیں مشینوں کے طفیل
جذبِ دل کی روشنی کو عام کرنا چاہیئے

ہر گھڑی ہیں موت کے سائے تعاقب میں سحرؔ
یہ اگر جینا ہے تو بے خوف مرنا چاہیئے

سورج نہیں زمین نہیں آدمی نہیں
مَیں اس مقام پر ہوں جہاں کوئی بھی نہیں

دیکھے ہوئے ہیں ہم نے دھنک کے تمام رنگ
منظر کوئی ہمارے لئے اجنبی نہیں

صحرا کی سمت جایئے کیوں شہر چھوڑ کر
ویرانیوں کی دل کے نگر میں کمی نہیں

فرصت ملے تو گوشۂ دل کی سیر کر
اس بحر کی کسی کو ابھی تہہ ملی نہیں

ہے نور ہی کا سایہ سحرؔ خود یہ تیرگی
وہ کون سی جگہ ہے جہاں روشنی نہیں

قریۂ دل عالمِ احساس میں کیا کیا ہوا
خاک تھا لیکن کبھی صحرا کبھی دریا ہوا

خلوتوں میں بھی اسے احساسِ تنہائی نہ تھا
دل سراپا انجمن تھا انجمن آرا ہوا

شام کے سورج کا نظارہ بھی کیا دلدوز ہے
شاخِ گردُوں پر ہے کوئی پھول مرجھایا ہوا

مَیں ہی زندانِ مشیت میں اسیرِ غم نہیں
وقت کا چہرہ بھی ہے کچھ غم سے سنولایا ہوا

یہ بھی شاید ایک بے منزل مسافر ہے سحرؔ
دل جو اک پتا سا دشتِ غم میں ہے اُڑتا ہوا

چمکا ہے داغ بن کر ردائے خیال پر
وہ پھول جو کڑھا ہے تری سرخ شال پر

شاید یہی ہے شدتِ احساس کا مقام
پتھر کا خون تیر رہا ہے کدال پر

اس کے لطیف جسم کی مہکار کے لئے
دل مطمئن نہیں ہے گلوں کی مثال پر

چہروں کے ازدحام سے فرصت اگر ملی
لکھوں گا ایک نظم ترے خد و خال پر

کرنوں کے تیز تیر برستے رہے سحرؔ
روکے رہا مَیں اپنے ہی سائے کی ڈھال پر

ڈوبتے جسموں کے سب طوفاں بپھر کر رہ گئے
چند بازو تھے جو پانی میں اُبھر کر رہ گئے

کوئی کرنا چاہے بھی یکجا تو اب ممکن نہیں
شاخ سے ٹوٹے ہوئے پتے بکھر کر رہ گئے

اس قدر راتوں کی تاریکی کے ہم عادی ہوئے
صبح کی پہلی کرن چمکی تو ڈر کر رہ گئے

ان کی قسمت میں کسی منزل کی آسائش نہ تھی
قافلے تھے کچھ جو راہوں سے گزر کر رہ گئے

گھر سے نکلے تھے سحرؔ ہم روشنی کی چاہ میں
تیرگی کے تیر آنکھوں میں اُتر کر رہ گئے

خیال اُس کا دلِ ناشاد رکھنا
گھر اُس کی یاد سے آباد رکھنا

اُسے بے شک سرے سے بھول جانا
پر اپنے آپ کو تو یاد رکھنا

قفس میں گھٹ کے مر جائیں نہ طائر
دِلوں کو درد سے آزاد رکھنا

گُلوں کے خواب تو جی بھر کے دیکھو
مگر اندیشۂ صیاد رکھنا

سحرؔ جب گھر بناؤ حسرتوں کا
نئے انداز کی بنیاد رکھنا

جب غبارِ غم فضائے ذہن پر چھانے لگا
دل کے آئینے میں تیرا عکس دھندلانے لگا

آنکھ تو بے منظری کے خوف سے پتھرا گئی
بے یقینی کی خزاں میں دل بھی مرجھانے لگا

تجھ سے اس دل کو تھی کتنی غمگساری کی اُمید
تو بھی میرا قصۂ غم سُن کے اُکتانے لگا

میرے رستے میں کسی کی زُلف کا سایہ بھی ہے
کس لئے مَیں دھوپ کے صحرا میں ستانے لگا؟

شہر میں وہ بے حسی کا زہر برسا ہے سحؔر
دیکھتے ہی دیکھتے ہر شخص پتھرانے لگا

خزاں کے دورِ ستم کی نشانیوں میں نہیں
ہوا کا ذکر گُلوں کی کہانیوں میں نہیں

کسی کی شبنمی آنکھوں میں کر تلاش اس کو
گہر وہ بھید ہے جو گہرے پانیوں میں نہیں

گئے دنوں کا عذاب آ گیا ہے یوں سر پر
کہ جیسے وقت کی کشتی روانیوں میں نہیں

ستم گری میں تو اس کا جواب مشکل ہے
اگرچہ رسمِ ستم کے وہ بانیوں میں نہیں

ہمارے عشق کا قصہ بہت نیا ہے سحؔر
سراغ اس کا پرانی کہانیوں میں نہیں

ہونٹ چپ ہوں مگر آنکھ تر چاہیئے
بات کرنے کا ایسا ہنر چاہیئے

آسماں کی بلندی ہے زیرِ قدم
اپنی ہستی کی بھی کچھ خبر چاہیئے

روشنی کی حقیقت کا عرفان ہو
میرے مالک مجھے وہ نظر چاہیئے

محبسِ دل کی تاریکیاں اَلاماں!
ایسی دیوار میں ایک در چاہیئے

مجھ کو لفظوں کے مفہوم سے ہے غرض
جوہری کو تو آبِ گہر چاہیئے

کتنی خاموش و تاریک ہے یہ فضا
دشتِ دل میں طلوعِ سحر چاہیئے

❁

دل کے داغوں کو جلائے رکھنا
لَو چراغوں کی بڑھائے رکھنا

جس قدر اشک بہیں اچھا ہے
ان خزانوں کو لٹائے رکھنا

تم اکیلے ہو تو کیا؟ یادوں کا
دل میں اِک شہر بسائے رکھنا

ہم اُسے یاد کئے جاتے ہیں
جس کی عادت ہے بھلائے رکھنا

جاگنے کا بھی یہی مطلب ہے
آنکھ میں خواب سجائے رکھنا

بے یقینی کے اندھیروں میں سحر
درد کی جوت جگائے رکھنا

اشکوں کو غم کی آگ سے تر کر رہا ہوں مَیں
پانی کی بوند بوند گہر کر رہا ہوں مَیں

مَیں روشنی کا جسم ہوں، مَیں روشنی کی جاں
سورج کے ساتھ ساتھ سفر کر رہا ہوں مَیں

چہرہ کوئی تو ہو جو مجھے میرا عکس دے
بے آب آئنوں پہ نظر کر رہا ہوں مَیں

چمکا ہے بن کے سیپ کا موتی مرا ہر اشک
چپکے سے اس کی آنکھ میں گھر کر رہا ہوں مَیں

اس انتظار میں کہ کبھی ہو گی روشنی
اپنی شبِ حیات سحر کر رہا ہوں مَیں

دھڑک رہا ہوں تری روح میں بُھلا نہ مجھے
مَیں لوحِ دل پہ تری نقش ہوں مِٹا نہ مجھے

جو کھو گیا تو نہ پھر عمر بھر ملوں شاید
مَیں ایک گوہرِ نایاب ہوں گنوا نہ مجھے

مَیں تیری بھیگتی پلکوں پہ اِک ستارہ ہوں
جو ہو سکے تو ابھی خاک میں مِلا نہ مجھے

مَیں یادگار ہوں گزری ہوئی بہاروں کی
زمیں پہ اے شجرِ زندگی! گرا نہ مجھے

کوئی کلی کہیں چٹکی تو دل میں ہُوک اُٹھی
ملا ہے شدتِ احساس کا خزانہ مجھے

اُمیدِ صبح ہے زندہ مرے ہی دم سے سحرؔ
چراغِ شامِ الم ہوں ابھی بُجھا نہ مجھے

چاہیئے اپنے ہی دشمن کا سہارا مجھ کو
گردشیں یہ بھی دکھائیں گی نظارا مجھ کو

شام کی تیرگی میں ایک ستارہ چمکا
اجنبی شہر میں یہ کس نے پکارا مجھ کو

سائے جسموں سے گریزاں سے نظر آتے ہیں
کس زمیں پر مرے مالک نے اُتارا مجھ کو

اب مَیں ہر مرحلۂ غم سے گزر جاؤں گا
مِل گیا آپ کی آنکھوں کا اشارہ مجھ کو

دوستوں کے جو کرم کا ہے یہی حال سحرؔ
دشمنوں کا ہے ہر اِک ظلم گوارا مجھ کو

نظر سے چھپ رہا ہے ماہتاب آہستہ آہستہ
بکھر جائے نہ سارا شہرِ خواب آہستہ آہستہ

رچے گی رفتہ رفتہ پیار کی خوشبو فضاؤں میں
کِھلیں گے تیرے ہونٹوں کے گلاب آہستہ آہستہ

ترے چہرے کا اِک اِک نقش دنیائے معانی ہے
پڑھوں گا مَیں یہ سربستہ کتاب آہستہ آہستہ

خیال اُس آئینہ پیکر کا دل سے یوں ہوا رخصت
اُفق میں جیسے ڈوبے آفتاب آہستہ آہستہ

سحرؔ ہرگز پریشاں ہو نہ اشکوں کی روانی سے
اتر ہی جائے گا یہ سیلِ آب آہستہ آہستہ

کبھی دھنک کبھی سورج کے قید خانوں میں
زمیں کی خاک بھٹکتی ہے آسمانوں میں

فصیلِ دل کو سپاہِ خیال نے گھیرا
یہ شہر چُھپ گیا بادل کے سائبانوں میں

گُلوں کے رقص میں آنے کا وقت ہے لیکن
خزاں کا رنگ جھلکتا ہے آشیانوں میں

دُھواں اُگلتی ہوئی چمنیاں یہ کہتی ہیں
حیات روز سُلگتی ہے کارخانوں میں

ازل سے تازہ رہا ہے سحرؔ فسانۂ دل
اگرچہ لکھا گیا مختلف زبانوں میں

چاند ڈوبا تو اندھیروں کو برستے دیکھا
برف پگھلی تو ہر اِک سمت اُجالا پھیلا

رات آکاش پہ ایک ایک ستارا رویا
کاش مَیں روشنیٔ غم کا مقدر ہوتا

تیرگی حد سے بڑھی جب ستمِ دوراں کی
افقِ دل پہ تری یاد کا سورج اُبھرا

ساری پیچیدگیاں ختم ہوئیں گلیوں کی
اک دریچے سے کوئی شوخ ستارہ جھانکا

دل کے جنگل میں دھنک اُبھری سحؔر یادوں کی
شام ہوتے ہی خیالات کا منظر بدلا

آنکھ میں گر روشنی کا وہ حسیں پیکر نہ ہو
ظلمتِ شب کی خطر سے پُر مہم یوں سر نہ ہو

میری آوازوں کا اس پر کچھ اثر ہوتا نہیں
مَیں جسے انساں سمجھتا ہوں کہیں پتھر نہ ہو

گوشے گوشے میں ہے رنگا رنگ خوابوں کی دھنک
ذہن بھی اس کے خیالوں کا عجائب گھر نہ ہو

آسماں کے لب پہ اُبھری ہیں شفق کی سُرخیاں
صُبح کہتے ہو جسے وہ شام کا منظر نہ ہو

کیسے ممکن ہے سحؔر تخلیقِ فن کا مرحلہ؟
درد جب تک آدمی کی روح کے اندر نہ ہو

بھول کر تو نے دریچے سے جو دیکھا ہوتا
تپتا سورج تری دیوار کا سایہ ہوتا

ایک مدت سے ہے دل رنج و محن سے خالی
اس سرائے میں مسافر کوئی اترا ہوتا

اے خیالِ رخِ جاناں! ترا ممنوں ہوں مَیں
تُو اگر ساتھ نہ دیتا تو مَیں تنہا ہوتا

آنکھ کھولی تو فسوں ٹوٹ گیا رنگوں کا
کاش خوابوں ہی میں اس شخص کو دیکھا ہوتا

ہم بھی کہتے غمِ ہجراں کا سحؔر افسانہ
اس نے گر حال ہمارا کبھی پوچھا ہوتا

دیوار تھی نہ بام نہ در یاد ہے مجھے
اپنا تھا ایک دشت میں گھر یاد ہے مجھے

بچھڑے ہوئے اگرچہ زمانہ گزر گیا
اب تک جُھکی جُھکی وہ نظر یاد ہے مجھے

اب عُمر شاخِ زرد کی صورت ہے بے ثمر
کیسا ہرا بھرا تھا شجر یاد ہے مجھے

بے آب ہو گئی ہیں اب آنکھوں کی سیپیاں
ان سیپیوں میں کیا تھے گہر یاد ہے مجھے

منزل پہ آ کے بھول گئے سب صعوبتیں
کیسی تھی ابتدائے سفر یاد ہے مجھے

سورج کی ایک ایک کرن جب اُداس تھی
وہ منظرِ طلوعِ سحؔر یاد ہے مجھے

شامِ الم سے صبحِ خوشی کچھ کہتی ہے
تیز ہوا سے کلی کلی کچھ کہتی ہے

کان لگائے رکھنا بپھری لہروں پر
ڈوبنے والی ہر کشتی کچھ کہتی ہے

بادِ صبا کے نرم اور نازک جھونکوں سے
کلیوں کی معصوم ہنسی کچھ کہتی ہے

شہروں کا بھی مستقبل محفوظ نہیں
ہر اُجڑی ویراں بستی کچھ کہتی ہے

شام کی آہٹ پر مت دینا دھیان سحرؔ
شام کبھی کچھ اور کبھی کچھ کہتی ہے

موڑ دے رُخ کوئی بہتے ہوئے دریاؤں کا
فاصلہ بڑھتا چلا جاتا ہے صحراؤں کا

اس قدر شور ہے آواز کوئی صاف نہیں
دل میں محشر سا بپا ہے کئی دنیاؤں کا

جب سے تُو شہر کی پُر شور فضا میں گم ہے
کتنا سنسان ہے ماحول ترے گاؤں کا

پاؤں زخمی ہیں مگر بڑھتے چلے جاتے ہیں
حوصلہ دیکھے کوئی بادیہ پیماؤں کا

دلِ تنہا پہ قیامت سی گزرتی ہے سحرؔ
ذکر چھڑ جائے اگر انجمن آراؤں کا

سرد خموش اندھیرا ہر سُو پھیل گیا
کالی رات کا کالا جادو پھیل گیا

دل میں تیری یاد کا چاند چمک اٹھا
پلکوں پر آوارہ آنسو پھیل گیا

زلف کسی رنگیں چہرے پر لہرائی
ابر سرِ شہرِ رنگ و بُو پھیل گیا

کیسے اپنائیں غم کے افسانے کو؟
یہ افسانہ بھی تو ہر سُو پھیل گیا

کانٹوں کی فریاد رہی محدود سحرؔ
پھول کا نغمہ بن کر خوشبو پھیل گیا

کل تک تھی حسیں شہر کی پُر شور فضا بھی
اب دل پہ گزرتی ہے گراں اپنی صدا بھی

بخشے ہیں شعاعوں نے وہ تاریک اُجالے
آنکھوں میں کھٹکتی ہے ستاروں کی ضیا بھی

آئینے کی آنکھوں سے بھلا کون چھپا ہے؟
تو عکس ہے میرا تو مرے سامنے آ بھی

وہ جس ہے خوشبو کا بدن ٹوٹ رہا ہے
پھولوں کو میسر ہے کہاں موجِ ہوا بھی

سایہ بھی سحرؔ میرے تعاقب میں نہیں اب
سُورج نے مٹائے مرے نقشِ کفِ پا بھی

صدیوں خلوصِ ذہن سے سوچا گیا مجھے
تب لوحِ کائنات پہ لکھا گیا مجھے

لمحہ وہ اوّلین مری زندگی کا تھا
زنجیرِ خواہشات جو پہنا گیا مجھے

کس درجہ میرے ذہن پہ چھایا ہوا ہے وہ
اُس کو بھلانا چاہا تو یاد آ گیا مجھے

سوچا تو درد پھیل گیا دل کے آس پاس
دیکھا اُسے تو اور بھی تڑپا گیا مجھے

برفاب ہو چکے تھے مرے جسم و جاں سحؔر
اُس کا خیال آیا تو گرما گیا مجھے

حُسن میں ڈوبے ہوئے رنگیں نظاروں میں نہیں
گلستانِ دل کی کیفیت بہاروں میں نہیں

درد کی لذت سے ہیں محروم اہلِ آسماں
روشنی کا اصل پرتو چاند تاروں میں نہیں

جو نگاہوں کے حسیں اظہار کی صورت میں ہے
وہ فصاحت وہ بلاغت استعاروں میں نہیں

کشتیِ دل کے مسافر پر ہوا ہے انکشاف
جو سکوں طوفان میں ہے وہ کناروں میں نہیں

کر دیا سب پر عیاں جو درد تھا میرا سحؔر
راز سے واقف ہوں لیکن رازداروں میں نہیں

کوئی بھی روزنِ گردوں نظر نہیں آتا
مجھے تو شب کا یہ افسوں نظر نہیں آتا

جو سوچئے تو ستاروں کا قتل جاری ہے
جو دیکھئے تو یہ شب خوں نظر نہیں آتا

وہ تیرگی ہے کہ ہر ذرہ ٹمٹماتا ہے
وہ روشنی ہے کہ گردوں نظر نہیں آتا

مرے وجود کی بے تاب روشنی کے لئے
یہ خاکداں مجھے موزوں نظر نہیں آتا

گر اس کا چہرہ ہے شفاف آئینے کی طرح
تو میرا عکس مجھے کیوں نظر نہیں آتا؟

بھلائیں بھی تو اُنہیں کس طرح بھلائیں سحرؔ؟
کتابِ دل میں یہ مضموں نظر نہیں آتا

شب کی ظلمت گر افق کی لوح سے چھٹ جائے گی
دن کی پیشانی غموں کی گرد سے اٹ جائے گی

روح کے زخموں کی شادابی کہاں ہے مستقل؟
ایک دن یہ لہلہاتی فصل بھی کٹ جائے گی

وہ بھی دن آئے گا جب بجھتے ہوئے دیپک کی لَو
سخت طوفانِ ہوا کے سامنے ڈٹ جائے گی

روح میری جسم کے زنداں میں ہے تو کیا ہوا
پتھروں میں لعل کی قیمت بھلا گھٹ جائے گی؟

مَیں شعاعوں کے لباسِ نَو میں نکلا ہوں سحرؔ
میرے رستے کی ہر اِک دیوار خود ہٹ جائے گی

موسم کی نیّت پہچان کے نکلا ہوں
ساتھ ہوا کے تیر کمان کے نکلا ہوں

سایوں کی بارش سے بچنے کی خاطر
گھر سے دھوپ کی چھتری تان کے نکلا ہوں

دیتا ہے جو دیس میں بھی روزی سب کو
باہر اس کو رازق مان کے نکلا ہوں

جیت بھی ہو سکتی ہے ہار بھی ممکن ہے
میداں میں یہ سب کچھ جان کے نکلا ہوں

میرا نام ہے قلب و ذہن کا کرب سحرؔ
جنت سے مَیں ساتھ انسان کے نکلا ہوں

شہرِ خواب

Kulliat-E-Hussain

حُسین سحر

0

0

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شہرِ خواب

(غزلیں)

حسین سحرؔ

سحر سنز.....ملتان/لاہور

0

0

ضابطہ

(جملہ حقوق محفوظ)

اشاعت اوّل:.....2009

اہتمام:.....الکتاب گرافکس پل شوالہ ملتان

ناشر:.....سحر سنز لاہور/ملتان

قیمت:.....-/400روپے

بیرونِ ملک:.....25درہم،15یوایس ڈالر

ملنے کا پتہ

کتاب نگر.....حسن آرکیڈ ملتان چھاؤنی

ابومیسون اللہ بخش نے عائشہ پرنٹرز سے چھپوا کر الکتاب گرافکس ملتان سے شائع کی۔

ISBN 978-969-9337-08-6

انتساب

اپنے پیارے بیٹوں

شہزاد سحر اور مہزاد سحر

کے نام

آئینہ

11 ''شہرِ خواب'' پر تأثرات:.....ڈاکٹر عاصی کرنالی

19 حسین سحرؔ وسیع کینوس کا شاعر:.....ڈاکٹر اقبال واجدؔ

غزلیں

27 ۱۔ لفظوں میں خموشی کو بدلنے نہیں دیتے

29 ۲۔ یادوں میں کئی درد کے پہلو نکل آئے

31 ۳۔ ملنا چاہے تو کسی طور بھی مجبور نہیں

33 ۴۔ منزل ہے کوئی اور ہی رستا ہے کوئی اور

35 ۵۔ کوئی حسرت کوئی بھی ارماں نہیں

37 ۶۔ ضبطِ غم میں جو جھلکتے تھے مری آنکھوں سے

39 ۷۔ جب تری یاد چمک اُٹھتی ہے آنسو آنسو

41 ۸۔ دل اسیرِ گردشِ افلاک کیسے ہو گیا؟

43 ۹۔ خبر نہ تھی سفر اس مرحلے میں آئے گا

45 ۱۰۔ حرف جونہی زبان سے نکلا

47 ۱۱۔ حوصلہ خود میں سمندر سے سوا رکھنا تھا

49 ۱۲۔ اب ہم اسیرِ گردشِ دنیا نہیں رہے

51 ۱۳۔ عمر کا ہر لمحہ اک میزان ہونا چاہئے

53 ۱۴۔ یہ کس نے کہ دیا مجھے تنہائی چاہیے

55 ۱۵۔ جب سے آنکھوں میں ہے بسا صحرا

4

۱۶۔ حیرت ہے وہ شخص بھی کتنا پیارا تھا	57
۱۷۔ کوئی خواب تمنا بھی نہیں ہے	59
۱۸۔ بند کانوں کو رکھا ہے ہونٹوں پہ تالے رکھے	61
۱۹۔ اب نہ کسی دستک پر در کی کھاؤں گا میں دھوکے	63
۲۰۔ جس کی بنیاد پہ نفرت کا نہ سایا جائے	65
۲۱۔ دل میں یاد آئی تو جادو کی طرح پھیلے گی	67
۲۲۔ آ گئے دل میں غم و رنج کے سائے کیسے؟	69
۲۳۔ دل میں حسرت دبی رہ گئی	71
۲۴۔ شام تنہائی کو اس طرح گزارا جائے	73
۲۵۔ کسی دن ایسے بھی میں اس سے عرض حال کروں	75
۲۶۔ موجزن ان آنکھوں میں غم کا یوں سمندر ہے	77
۲۷۔ دل میں اس کی یاد کے جگنو کہاں سے آ گئے؟	79
۲۸۔ خیال اس کا دل میں آ کے رہ گیا	81
۲۹۔ عشق میں خود کو اس طرح گرد و غبار کر دیا	83
۳۰۔ محبت ایک دن تخلیق یہ شہکار کر دے گی	85
۳۱۔ مہر و مہ سے بھی کہیں بڑھ کے منور نکلا	87
۳۲۔ سب چین سکوں اپنے دل زار کا کھو کر	89
۳۳۔ ابھی جلاؤ نہ آنکھوں کے طاقچوں میں چراغ	91
۳۴۔ یہ کیا؟ منزل سے جیسے جیسے قربت بڑھتی جاتی ہے	93
۳۵۔ اوڑھ کر سر پہ ترا ریشمی آنچل نکلی	95
۳۶۔ ذرہ و مہ میں مساوات نہیں ہو سکتی	97
۳۷۔ دشت کو مجبوریوں میں گلستاں کہتے ہوئے	99

5

۳۸۔ ترے خیال سے شاداب ہو گیا ہوں میں	101
۳۹۔ غم کے پیچاک سے نہیں اترا	103
۴۰۔ جن کا مزاج سنگ ہے وہ شیشہ گر بھی ہیں	105
۴۱۔ اب میں ہوں وہاں اور جہاں کوئی نہیں ہے	107
۴۲۔ گو وصل کی مے کے ہیں نشے اور طرح کے	109
۴۳۔ جو سفر کی دھول تھی وہ قافلوں میں رہ گئی	111
۴۴۔ لبوں پر دشمنی کے تذکرے اچھے نہیں لگتے	113
۴۵۔ دل میں تری یادوں کا نشاں بھی نہیں ملتا	115
۴۶۔ اک سمندر ہے جو خار مرے سامنے ہے	117
۴۷۔ اَن دیکھے خوشرنگ زمانے اچھے لگتے ہیں	119
۴۸۔ فلک پر اِک ستارہ رہ گیا ہے	121
۴۹۔ اشک آنکھوں سے ٹپکتے نہیں دیکھے جاتے	123
۵۰۔ خلوص کی بے بہا فضاؤں میں آ گیا ہوں	125
۵۱۔ کہنے کو عام ہے یہ مگر کس کے پاس ہے؟	127
۵۲۔ موم کے انداز کیسے پتھروں میں آ گئے؟	129
۵۳۔ مشکل ہے گرچہ کام یہ کرنا مجھے بھی ہے	131
۵۴۔ اس کی کوئی مثال نہ دیکھوں تو کیا کروں؟	133
۵۵۔ ہم سے تا اُمم آشنا لوگ جدھر جدھر گئے	135
۵۶۔ کہاں دریا کوئی جو چشم پُرنم کے برابر ہو	137
۵۷۔ جو تھے دل کی آنکھ کے دھاروں میں کیسے آ گئی	139
۵۸۔ یہ عجب بات ہے دن جیسے گزرتے جائیں	141
۵۹۔ سبھی اطوار اور عادات پیچھے چھوڑ آئے ہیں	143

6		7	
۶۰۔ روشن ہوئے ہوا میں جو بجھتے ہوئے چراغ	145	۸۲۔ ہم اپنے گھر کا رستہ بھول کر صحرا میں آ نکلے	189
۶۱۔ دل میں تھی جو چبھی وہ خوشی کون لے گیا؟	147	۸۳۔ یوں نظر آتا ہے یہ نام کسی اور کے ہیں	191
۶۲۔ گم سفر کی دھول میں سب راستے کیسے ہوئے	149	۸۴۔ زندگی دریا کی خاموشی بھی ہے طوفان بھی	193
۶۳۔ روشنی ہو تیرگی ہو سب ہیں بھاری ایک سی	151	۸۵۔ شکست دل کے ہیں آثار مختلف سب سے	195
۶۴۔ بھرا ہوا تھا جو جامِ حباب ٹوٹ گیا	153	۸۶۔ اس نے گنگ جوابوں کی تصویر بنا رکھی ہے	197
۶۵۔ ہر اک دھڑکتے دل میں محبت بدن کی ہے	155	۸۷۔ کبھی جو لوٹ کے گھر سے مکالمہ کرتے	199
۶۶۔ کہیں عمرِ رواں کا کچھ پتا باقی نہیں رہتا	157	۸۸۔ محبتوں میں ہوا اپنا حال سب سے الگ	201
۶۷۔ یہ آنکھ مری اشک فشاں ہے کہ نہیں ہے؟	159	۸۹۔ کیا کیا اپنی دھن میں باتیں کرتی ہیں	203
۶۸۔ قفس کی تنگ فضاؤں میں سانس لیتے ہیں	161	۹۰۔ کب سے رواں ہیں آج تو تھک جانا چاہئے	205
۶۹۔ بھول جاتا ہے جس کا نام ہمیں	163	۹۱۔ کھلتی ہوئی شاخوں پہ کلی کیوں نہیں آتی ؟	207
۷۰۔ یوں مرے دیدۂ تر جلتے ہیں	165	۹۲۔ آنکھوں میں کہیں اشکوں کا کوئی سیلاب بلا امڈا ہی نہ ہو	209
۷۱۔ عیاں ہے دل کا فسانہ بیان سے پہلے	167	۹۳۔ ہم رواں ہوتے ہیں کب اُس کی طرف؟	211
۷۲۔ یونہی نور کا سلسلہ چل رہا ہے	169	۹۴۔ زمین بھول گئے آسمان بھول گئے	213
۷۳۔ جو اُس کے در پہ رسائی بہت ضروری ہے	171	۹۵۔ کون کہتا ہے کہ پوشاک سلامت رہ جائے؟	215
۷۴۔ اشکوں سے اپنی آنکھ کو تر کر رہے ہیں ہم	173	۹۶۔ چاند چراغ ستارے جگنو میرے ہیں	217
۷۵۔ نفرت سے پُر سیاہ گھٹاؤں کے درمیاں	175	۹۷۔ شکست و فتح کے معنی بدل بھی سکتے ہیں	219
۷۶۔ یہ کیا؟ کہ اس سے جدائی کے خواب دیکھتے ہیں	177	۹۸۔ رات کے اندھیروں میں کیسے خواب میرے ہیں؟	221
۷۷۔ بنوں میں رہتے ہوئے گلشنوں میں رہتے ہوئے	179	۹۹۔ اندھیری شب میں جگنو جاگتے ہیں	223
۷۸۔ ہر اک آنسو بیاں سے کم نہیں ہے	181	۱۰۰۔ بغور ظلمتِ شب کا بیان سنتے ہیں	225
۷۹۔ ہمیشہ درد سے سیراب رکھا	183	۱۰۱۔ آنکھوں کو جب تلک نہ ملے تیرگی کا لمس	227
۸۰۔ نئی صورت میں ڈھلتا جا رہا ہوں	185	۱۰۲۔ اس کو کیا معلوم؟ کیا ہے آرزو کا ذائقہ؟	229
۸۱۔ واقف نہیں وہ کیا ہے بہاروں کا پیرہن	187	۱۰۳۔ گر نہیں سکتا کبھی حالات کی آغوش میں	231

۱۰۴۔ یہ جو نھا سا دیا ہے شام کی دہلیز پر	233
۱۰۵۔ اس طرح ٹوٹے ہیں شیشے خواب کے	235
۱۰۶۔ روح کچھ ایسے ہے پوشاک بدن اوڑھے ہوئے	237
۱۰۷۔ میرے آئینے کی ہر تصویر اس کے پاس ہے	239
۱۰۸۔ زمیں کو دور سے یوں آسماں آواز دیتا ہے	241
۱۰۹۔ فصلِ گل مٹھی میں ہے عہدِ خزاں مٹھی میں ہے	243
۱۱۰۔ کب زر و لعل و گہر باندھ رکھے ہیں ہم نے؟	245
۱۱۱۔ قوت ہے کہاں قوت کردار سے بڑھ کر؟	247
۱۱۲۔ ساحل چشم سے خواب اترتا ہی نہیں	249
۱۱۳۔ ترے در پر ہوا بن کر بکھرنا چاہتا ہوں میں	251
۱۱۴۔ یوں خداداد یہ دولت نہیں حاصل ہوتی	253
۱۱۵۔ میں یوں اپنی شکستِ ذات کا منظر اٹھا لایا	255
۱۱۶۔ ترے جمال کی تابش میں رہنا چاہتے ہیں	257
۱۱۷۔ نہ سورج جگمگاتا ہے نہ تارے جگمگاتے ہیں	259
۱۱۸۔ نشہ عہدِ جوانی سے نکل کر دیکھئے	261
۱۱۹۔ جلووں سے کسبِ نور جو کرنے نہیں دیا	263
۱۲۰۔ مر جائیں نہ کیوں آج کہ مرنا ہے کسی دن	265
۱۲۱۔ کسی کی یاد کو لے کر صبا تو آئے گی	267
۱۲۲۔ کہا کس نے کہ ہم ہیں اپنے بام و در سے وابستہ؟	269
۱۲۳۔ نظارۂ جمال کسی نے نہیں کیا	271
۱۲۴۔ وہ یاد آئیں اگر ہم بھلانے لگتے ہیں	273
۱۲۵۔ ہے آئنے پہ یہ کیا گرد ماہ و سال کے ساتھ؟	275

۱۲۶۔	محوِ تصورِ رخِ جاناں رہا کرو	277
۱۲۷۔	دل فطر کا ذخیرہ تلاش کرتے ہیں	279
۱۲۸۔	جو لوگ اپنی طبیعت کی رو میں رہتے ہیں	281
۱۲۹۔	جمالِ شہرِ تمنا پکارتا ہے مجھے	283
۱۳۰۔	ہر ایک شاخ و گل و برگ و بار سے آگے	285
۱۳۱۔	سلگ رہے تھے قدم سائبان کیا کرتا؟	287
۱۳۲۔	کلیوں کے چٹکنے میں ابھی دیر لگے گی	289
۱۳۳۔	موسم کے بدلنے میں بہت وقت لگے گا	291
۱۳۴۔	سرِ افلاک یہ چھٹتی ہوئی پوہت دیکھو	293
۱۳۵۔	جل جاتے ہیں چپ چاپ زباں ہی نہیں رکھتے	295
۱۳۶۔	یوں انا سے چور ہوتے جا رہے ہیں دوستو!	297
۱۳۷۔	اسیرِ گردشِ حالات ہو بھی سکتی ہے	299
۱۳۸۔	کوئی قامت بڑھانے سے قد آور ہو نہیں سکتا	301
۱۳۹۔	آوازوں کے شور میں اپنے دل کی بھی آواز سنو!	303
۱۴۰۔	رنگت گلوں کی بوئے صبا ہے نئی نئی	305
۱۴۱۔	کوئی جی بھر کے رونے کا بہانہ چاہئے مجھ کو	307
۱۴۲۔	دھوپ کے عالم میں سایوں کی طرح	309
۱۴۳۔	مری تصویر کیا سارا ہی پس منظر کسی کا ہے	311
۱۴۴۔	دیوار کوئی اور ہے، در اور طرح کا	313
۱۴۵۔	ہوائے تازہ بھی ممکن دھواں بھی ممکن ہے	315
۱۴۶۔	دیکھتے ہیں شہر میں جب بزم آرائی بہت	317
۱۴۷۔	چلے جو تیر اندھیرے میں کمانوں تک نہیں آئے	319

''شہرِ خواب'' پر تاثرات

حسین سحر ایک شخصیت کا نام ہے لیکن یہ شخصیت اپنی جگہ ایک ''ادارہ'' ہے۔ اُنہوں نے تنہا اتنا کام، اتنا کام کیا ہے کہ بے شمار لوگ بھی اتنا کام نہیں کر سکتے۔ لوگ انہیں جانتے ہی نہیں بلکہ مانتے بھی ہیں وہ بلا مبالغہ ایک ادبی اور علمی محسن ہیں۔ جس جہت پر نظر ڈالئے اُن کے تخلیقی، تحقیقی، تنقیدی نام کی گرفت میں ہے۔ میں جو بالاختصار اُن کے کام کا جائزہ لوں گا۔ کسی کی معلومات میں اضافہ نہیں کروں گا۔ لوگ یہ باتیں پہلے بھی جانتے ہیں۔ میں صرف تحدیثِ نعمت کے طور پر چند تعارفی سطور لکھوں گا۔ مثلاً انہوں نے بچوں کا ادب لکھا اور اتنا وقیع انداز میں لکھا کہ وہ بچوں کا ادب لکھنے والے علماء ادبا اور شعراء میں ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے حمد و نعت، سلام، منقبت، غزل اور نظم اور دوسری ادبی و شعری اصناف میں جو لکھا لوگ اس سے تحصیلِ علم و ادب کرتے ہیں۔ انہوں نے ۱۹۷۱ء کے بعد خطۂ ملتان میں شعر و ادب کے فروغ میں جو کارنامے سرانجام دیئے اُن کے سبب ملتان کی دیرینہ ادبی و شعری روایت میں جدید اضافے ہوئے۔

انہوں نے 'مکتبۂ اہلِ قلم' قائم کیا اور اس قابلِ قدر طباعتی و اشاعتی ادارے سے بہت سے اہلِ قلم کی تصانیف شائع کیں۔ انہوں نے 'مجلس اہلِ قلم' کے نام سے ایک ادبی انجمن قائم کی جس کی افادیت اپنی جگہ ہے۔ انہوں نے تراجم کا کام کیا جس میں اُن کا ایک بے مثال اور منفرد کارنامہ قرآن مجید کا منظوم اردو ترجمہ ہے جس کا نام ''فرقانِ عظیم'' ہے۔ اس ترجمے کی اہمیت، افادیت اور جامعیت کو انہوں نے بھی تسلیم کیا ہے جو اس سے پہلے منظوم ترجمے کر چکے تھے۔ حال ہی میں انہوں نے ''پھلکاری'' کے نام سے منتخب پنجابی اور سرائیکی ادب کے اردو تراجم شائع کئے ہیں جو اپنے اسلوب اور طرزِ نگارش کے اعتبار سے بھی اور ترجمے کی خصوصیات کے اعتبار سے بھی لائقِ تحسین ہیں۔ یہ ایک طرح سے دوسری پاکستانی زبانوں کے ادب کو اردو بان سے متعارف کرانے اور ان سے استفادے کی

صورت میں اردو زبان کو وسعت دینے اور آپس میں محبت ویگانگت پھیلانے کا ایک وسیلہ ہے۔ان تراجم کو پڑھ کر اردو زبان کے ادیب اس قابلِ قدر سرمائے سے فیضیاب ہوں گے اور پاکستان کے ادب وثقافت کے گلدستے میں اپنے تخلیقی لالہ وگل کا اضافہ کریں گے۔اس طرح حسین سحرؔ نے خالد الفیصل کی عربی نظموں کا اردو میں منظوم ترجمہ بھی کیا ہے۔یہ وحدتِ اسلامیاں کے سلسلے میں ایک علمی وادبی قدم ہے۔حسین سحرؔ اسلامی ممالک میں بھی گئے اور وہاں اپنے ادب کی ترویج وفروغ میں کوشاں رہے۔

حسین سحرؔ کا قلم تیزی سے رواں دواں ہے اور اُن کے ذہن وقلب کی واردات اور اُن کے افکار کی کیفیات کو حوالۂ قرطاس کر رہا ہے اور یوں علمی وادبی خزائن کے انبار لگتے جا رہے ہیں۔

میرے روبرو اُن کی غزلیات کا مسودہ ہے جس کا نام ''شہرِ خواب'' ہے۔اُن کا اصرار ہے کہ میں اپنے تاثرات لکھوں۔میں نے ان سے عرض کی کہ آپ عظمت،شہرت اور مقبولیت کے اُس مرتبۂ بلند پر فائز ہیں کہ آپ پر کچھ لکھنا غیر ضروری ہے۔لیکن اُن کا اصرار جب حکم کی شکل اختیار کر گیا تو میں نے اور میرے قلم نے سرِ تسلیم خم کر لیا۔اگر میرے تاثرات اس کتاب میں شامل ہوتے ہیں تو یہ حسین سحرؔ کا نہیں،خود میرا اعزاز ہے۔جب کوئی کتاب میرے سامنے آتی ہے تو سب سے پہلے میں اُس کا نام دیکھتا ہوں۔اس نام نے یعنی ''شہرِ خواب'' نے مجھ پر سوچ کے دروازے کھول دیئے۔اس نام میں کتنی رمزیت،اشاریت اور پُراسراریت ہے۔ذرا غور کیجئے۔شہرِ خواب شاعر کا وجود بھی ہوسکتا ہے۔شاعر بہت سے خواب دیکھتا ہے۔اُس کی شاعری خود خوابوں کا ایک تسلسل ہے۔شہرِ خواب وہ بستی یا وہ خطہ یا وہ ملک بھی ہوسکتا ہے جہاں کے باشندے خواب دیکھنے میں مگن ہیں۔حالانکہ جب ہم عہدِ غلامی میں تھے اور سو رہے تھے،تب ہم جاگے اور ہم نے تحریک آزادی کا آغاز کیا اور پاکستان کو تشکیل دے کر ہم نے خواب کو تعبیر میں بدل دیا۔بہر حال خواب میں اشاریت یہ ہے کہ وہ تعبیر کی شکل اختیار کرتا ہے۔اس لئے شہرِ خواب کا شاعر چاہتا ہے کہ اُس کے خواب تعبیر کا پیکر اختیار کریں۔گویا اس نام میں رجائیت کا پہلو ہے کہ ہم یاسیت کے مقامات طے کرتے ہوئے منزلِ تعبیر پر اقامت کریں۔مجھے اس نام نے اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے اور میں

نہایت محویت،استغراق،شعور اور وجدان کے ساتھ ان غزلیات کا مطالعہ کر رہا ہوں۔

حسین سحرؔ بحیثیت ایک دانشور یا صاحبِ قلم یا ادیب یا شاعر روایت کی پاسداری کرتے ہیں لیکن روایت سے صرف اس کا عطر نچوڑتے ہیں۔روایت کے صرف اُن عناصر سے رابطہ رکھتے ہیں جو زندہ ہیں اور ان کی زندگی کا ثبوت یہ ہے کہ وہ ہمارے عہد تک پہنچے ہیں اور قابلِ قبول ہیں اِس عطرِ روایت یا حسنِ روایت یا انتخابِ روایت میں حسین سحرؔ عصرِ گزراں یعنی اپنے عہد کا جمال شامل کر دیتے ہیں۔لسانی،فنی،اسلوبیاتی اعتبار سے آج کی زبان اور آج کے قواعد کی پاسداری کرتے ہیں اور اس طرح افکار وخیالات اور مشاہدات وتناظرات آج کے دور سے اخذ کر کے اپنی غزلوں میں جذب کرتے ہیں۔اس لئے ہم حسین سحرؔ کی شاعری کو آج کی شاعری کے طور پر قبول کرتے ہیں۔ایسی شاعری جس میں اتنی استقامت ہے کہ وہ عہدِ آئندہ میں بھی اثر انداز رہے گی۔

حسین سحرؔ کی ان غزلوں کے اشعار میں کہیں اعادہ وتکرار نہیں بالکل ہر جگہ نئے مضمون کی تازگی ہمیں شاداب کرتی ہے۔مضامین کا یہ تنوع اُن کی غزلوں کو پُرکشش بناتا ہے اور ہمیں محسوس ہوتا ہے کہ ہم ایک ایسے باغ کی سیر کر رہے ہیں جہاں رنگ برنگ اور متنوع پھولوں کی کیاریاں جلوہ نما ہیں۔آج کے جو احوال ومسائل ہوسکتے ہیں وہ تمام کے تمام اُن کی غزلوں میں موجود ہیں۔انسان کی ذاتی زندگی،حیاتِ اجتماعی کا جائزہ،ملک وملت کے احوال وکیفیات،عالمی وقوعات ومعاملات سب اُن کی غزلوں میں جلوہ نما ہیں۔پھر وہ اُس نظریۂ ادب کے قائل ہیں جس میں ادب محض سامانِ تفریح نہیں بلکہ اپنے اندر ایک مقصدیت رکھتا ہے۔ادب حالات کا آئینہ دار ہی نہیں بلکہ حالات کے چہرے اور خط وخال کے حسن میں اضافے کا ذمہ دار بھی ہے۔ادب مسافرانِ ہستی کی منظر نگاری ہی نہیں کرتا بلکہ اُن کی راہنمائی کا فریضہ بھی انجام دیتا ہے۔اِس نظریۂ ادب نے حسین سحرؔ کی غزلوں کو پُر از مقاصد،مفید اور اثر پذیر بنا دیا ہے۔

ہمارے یہاں غزل میں یاس وحرماں کا بہت سا ذخیرہ ہے۔حسین سحرؔ کے شعروں میں بھی اگرچہ یاسیت موجود ہے لیکن وہ یاسیت پر قائم نہیں رہتے بلکہ یاسیت کو یقین،امید اور رجائیت

کی منزل پر لے آتے ہیں۔اس امید افزائی نے بھی ان کی غزلوں کو ہمارے لئے نہایت بامعنی ،نہایت پرکشش،نہایت دلکش،دلنشیں اور دلکشا بنادیا ہے،الغرض جس پہلو سے بھی دیکھیں، چاہے فنی جائزہ لیں ،چاہے معنوی تجزیہ کریں،شہرِ خواب کی غزلیں ہم سب کے لئے متاعِ افتخار ہیں ،ہم انہیں پڑھتے ہیں اوران کے مطالعے سے خودکوسنوارتے اورنکھارتے اوربہتر سے بہترین بناتے ہیں۔

شاعری میں ،میری مراد ہے،اچھی اور معیاری شاعری میں ایک سلیقہ مندی، ایک شائستگی اور ایک تہذیب ہوتی ہے۔حسین سحؔر نے اپنے تمام شعروں کو یہ تہذیبی پوشاک عطا کی ہے۔اُن کے یہاں عشق ورومان کی شاعری میں بھی شائستہ اندازِفکر وبیاں ملے گا۔کہیں سستی جذباتیت اور ہوس انگیز خیالات نظرنہیں آئیں گے۔عشقِ مجازی کے کوچۂ ملامت سے سلامت روی کے ساتھ گزرجانا حسین سحؔر کی تہذیب داری کی ایک لائقِ تحسین مثال ہے۔

حسین سحؔر کے یہاں طرزِبیان کی یہ خوبی ہے کہ وہ سادہ وسلیس اشعار کہتے ہیں لیکن اس سادگی اورسلاست کا ایک ادبی جمال ہے۔ان کے یہاں ایک لفظ بھی ایسا مشکل نہ ملے گا جس کے لئے قاری کولغت دیکھنا پڑے۔یہ سلاست اُن کی شاعری میں ابلاغ کی ضامن ہے۔قاری نے شعر پڑھا اور وہ شعر ازدل خیزد بردل ریزد کے طور پر قاری کے ذہن ودل کا حصہ بن گیا۔حسین سحؔر مضامین کے تنوع کے لئے بالعموم نئی ردیفیں ایجادکرتے ہیں اوراُن ردیفوں کا ارتباط متناسب قوافی سے کرتے ہیں۔اُن کا یہ عمل اُس کی غزلوں میں جان ڈالتا ہے۔چند مثالیں دیکھئے:

راہیں باتیں کرتی ہیں،لفیں باتیں کرتی ہیں،کب اُس کی طرف،سب اُس کی طرف نشان بھول گئے ،آسمان بھول گئے،پوشاک سلامت رہ جائے، چاک سلامت رہ جائے،جادوجاگتے ہیں،آنسوجاگتے ہیں، تیرگی کالمس،روشنی کالمس،بام ودر سے وابستہ،گھر سے وابستہ لہوکا ذائقہ،آرزوکا ذائقہ، حالات کی آغوش میں،آفات کی آغوش میں،دیا ہے شام کی دہلیز پر،ضیا ہے شام کی دہلیز پر،بدن اوڑھے ہوئے،چمن اوڑھے ہوئے،عہدِخزاں مٹھی میں ہے،آسماں مٹھی میں ہے،مزاروں کا پیرہن،اشاروں کا پیرہن،(اور بے شمار)

اسی طرح حسین سحؔر بعض نئی تراکیبِ لفظی لاتے ہیں۔اس سے اُن کے ذوقِ ایجاد کا اندازہ ہوتا

ہے۔مثلاً: طاقِ شفق کی کود، ردائے کرب،خنجرِ گرداب خوشبو کے دھارے، وجود کی کرچیاں،گنبدِ احساس،دردکی بھٹی،سحابِ حرماں (اور بے شمار)

عشقیہ اور رومانی شاعری: جیسا کہ اوپر درج ہوا ایسے تمام افکاروخیالات میں ایک متانت،سلیقہ شعاری اورتہذیبِ عشق شامل ہے۔حسین سحؔر حالاتِ فراق میں رہتے ہیں لیکن وصل وقرب کی خواہش بھی رکھتے ہیں۔اکثر یادوں کی فضامیں زندگی گزارتے ہیں۔حُسنِ محبوب کی منظرکشی بے حد شائستگی سے کرتے ہیں۔جسمانیت کا تذکرہ نہیں۔زیادہ تر چہرۂ محبوب کی خوبصورتی کواُجاگر کرتے ہیں۔قاری اُن کے رومانی اشعارکوتقدس کی فضامیں پڑھتا ہے بلکہ اپنے جذبات میں سلیقہ پیدا کرتا ہے۔چند اشعار:

نگاہیں دیکھنے والی اگر ہوں
تری آنکھوں میں جادو جاگتے ہیں

☆

میں نے کبھی چھوا تھا کسی رشکِ ماہ کو
ہاتھوں میں اب تلک ہے مرے چاندنی کا لمس

☆

اُس کے ہونٹوں پر تبسم اس طرح ہے جلوہ ریز
برگِ گل جیسے ستاروں کی کرن اوڑھے ہوئے

☆

ایک رشکِ مہر ومہ پہلو میں ہے میرے سحؔر
ایسے لگتا ہے کہ جیسے کہکشاں مٹھی میں ہے

☆

خوشبو کسی کی یاد کی چھو کر گزر گئی
اور مجھ کو دے گئی ہے نئی زندگی کا لمس

یاسیت کا ذکراور رجائیت کی جانب میلان: اس موضوع کے حوالے سے شاعر اپنے وطن کا

دُکھ، اپنے معاشرے کا کرب اور حیاتِ ذاتی و اجتماعی کا الم بیان کرتا ہے لیکن رجائیت کی نوید سے یاسیت کا ازالہ کر دیتا ہے: مثلاً

سن کر جسے شاخوں پہ چٹک اٹھتی ہیں کلیاں
بچوں کے لبوں پر وہ ہنسی کیوں نہیں آتی

☆

نئی فضا میں نیا خوف تھا پرندوں کو
پروں کے ہوتے ہوئے بھی اڑان بھول گئے

☆

حد سے گزر چکی ہے شبِ غم کی تیرگی
سورج کو اب سروں پہ چمک جانا چاہیے

☆

چاند ، چراغ ، ستارے جگنو میرے ہیں
تاریکی سے لڑتے بازو میرے ہیں

☆

اگر ہو واقعی موجود جذبۂ صادق
چراغ تیز ہواؤں میں جل بھی سکتے ہیں

☆

اک دیا بجھنے کو ہے طاقِ شفق کی کود میں
اک دیا جلنے لگا ہے شام کی دہلیز پر

☆

حالات کو اک رنگ میں رہنا نہیں آتا
اس زلفِ پریشاں کو سنورنا ہے کسی دن

چلے چلو اسی رستے پہ قافلے والو
دکھائی دیتی ہے منزل غبار سے آگے

نفرت سے گریز اور محبت کا درس: یہ بہت اہم موضوع ہے۔ شاعری کا اصل مقصود یہی ہونا چاہئے کہ ہم نفرتوں کو ختم کریں اور وسیع محبت کا پیغام دیں۔ کیونکہ انسانوں کے مابین محبت، امن اور سلامتی کی بہشت کو ارضِ بشر پر تعمیر کرتی ہے: اشعار ملاحظہ کیجئے:۔

ظلم اور نفرت سے میرا کیا سحرؔ رشتہ
امن اور محبت کے سارے خواب میرے ہیں

☆

میرا بس ہو تو کسی کو بھی نہ روتا دیکھوں
پی ہی جاؤں میں دکھوں کی یہ نمی آنکھوں سے

☆

سحرؔ قبیلۂ اہلِ محبت ہے میرا
سچل اور رحمٰن اور باہو میرے ہیں

☆

جس کی بنیاد پہ نفرت کا نہ سایہ جائے
شہر اک ایسا محبت کا بسایا جائے

ایک حقیقی فنکار کا تعارف اور اُس کی ذمہ داریوں کے فرائض کا تعین نیز اُس کو صداقت اور بے باکی کے ساتھ اظہارِ خیال کی ضرورت:

ایک فنکار جو درس معاشرے کو دینا چاہتا ہے پہلے اُسے اپنے آپ کو اُس درس میں ڈھالنا چاہئے۔ ذات اور فن میں تضاد، اُس کی بات کو بے اثر کر دیتا ہے جبکہ شخصیت و فن میں ہم رنگی و ہم آہنگی اُس کی ہر بات میں اثر پیدا کرتی ہے۔ یہ بہت اہم موضوع ہے، اس پر حسین سحرؔ کے انمول اور قابلِ قدر اشعار ملاحظہ کیجئے:

فقط حُسنِ سخن ہی باعثِ توقیر انساں ہے
صدف کی ساری قیمت ہے سحرؔ گوہر سے وابستہ

☆

گرچہ چھن جائے دہن سے یہ زباں میری سحرؔ
اِک مرا لہجۂ بے باک سلامت رہ جائے

☆

عکس ہے مجھ میں یہ سب آئینۂ حالات کا
اِک ردائے کرب ہے جو میرا فن اوڑھے ہوئے

☆

کب زر و لعل و گہر باندھ رکھے ہیں ہم نے
جیب میں حرفِ ہُنر باندھ رکھے ہیں ہم نے

☆

لکھا نہیں قصیدہ کسی بادشاہ کا
ہم نے قلم کی روح کو مرنے نہیں دیا

بھائی حسین سحرؔ! نہایت عجز کے ساتھ میں نے اپنے تاثرات قلم بند کئے ہیں۔ میں آپ کے علم و فضل کا ذرا بھی حق ادا نہیں کر سکا۔ اگر میرے یہ تاثرات آپ ''شہرِ خواب'' میں شامل فرمالیں تو میں سمجھوں گا کہ یہ میرا اعزاز ہے۔

خدا آپ کو سلامت رکھے اور آپ اپنے گنجینۂ شعر و ادب میں نئے نئے لعل و گہر کا اضافہ فرماتے رہیں۔

پروفیسر ڈاکٹر عاصی کرنالی

ملتان

حُسین سحرؔ۔۔۔وسیع کینوس کا شاعر

حسین سحر وسیع کینوس اور آفاقی تصور کے شاعر ہیں۔ ان کی شاعری اپنے موضوعات' معانی' مطلوب اہداف اور جمال کے اعتبار سے اپنے معاصر ادب میں بڑی اہمیت کی حامل ہے۔ وہ شاعری کو آفاق کی ہم نوائی عطا کرتے ہیں اور اسے ایسا اسلوب کویائی عطا کرتے ہیں جو واقعات اور موضوعات کے پس پردہ بھی اپنی ترسیل جاری رکھ سکے۔ وہ منطقی اور فکری تعبیرات کو اپنے مخصوص فکری نہج میں ڈھال لیتے ہیں۔ شعر گوئی کا یہ اسلوب اپنے افکار میں بہت موثر اور ممتاز ہے۔

اردو شاعری میں پے در پے تجربوں اور تبدیلیوں نے اس کے مزاج کو مختلف معنوں میں متاثر کیا اور رفتہ رفتہ یہ عام تاثر قائم ہوتا گیا کہ بحیثیت شعریات اردو شاعری کا کوئی مخصوص اور متعین مزاج نہیں ہے' بلکہ شاعرانہ مزاج کی ترتیب اور تہذیب خود شاعر کے ہاتھوں انجام پاتی ہے۔ اس سے شاعری یعنی شعریات کا بالآخر وہی مزاج تیار ہوتا ہے جو کسی شاعر کا اپنا مزاج ہو۔ اس لئے الفاظ اور نظریات بدل بدل کر اردو شاعری کے مزاج کے رخ کو گاہے بگاہے بدلنے کی کوشش کی گئی ہے لیکن ہمیشہ یہ فراموش کیا گیا ہے کہ اردو شاعری کی اپنی الگ فطرت ہے جو اپنی پیدائش ہی سے نیکی' محبت' خلوص' وفا' درد' ذوق' جمال' ایثار اور احسان جیسے اخلاق سے آراستہ رہی ہے۔ یہی اردو شاعری کی خشتِ اوّل ہے۔

اردو شاعری خواہ کسی حد تک ترقی کر جائے اور اس میں کیسی بھی جدت پیدا ہو جائے مگر یہ اپنی خشتِ اول کی وجہ سے جس کی بنیاد صوفیائے کرام نے رکھی تھی آج بھی محبت' نیکی' وفا' خلوص' درد' ذوق' جمال' ایثار اور احسان جیسے اخلاق وقتاً فوقتاً ظاہر کرتی رہی ہے۔ یہ اردو شاعری کی وہ آفاقی تہذیب ہے جس پر مختلف نظریات' رجحانات' افکار اور مسائل کی گرد پڑتی رہی ہے زمانے کے تغیرات کے ساتھ ساتھ ایسا بھی ہوا ہے کہ اردو میں کوئی حالی پیدا ہو گیا ہے جس نے شاعری سے اخلاق اور جذبات کی تعمیر کا کام لیا ہے اور اس کی بنیادی پہچان کو از سر نو تازہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ زمانے کے اسی تغیر نے کسی اقبال کو پیدا کیا ہے جس نے اردو شاعری کو روح حیات اور آفاقیت کا جامہ پہنایا ہے اور اردو شاعری کی بنیاد میں جو مزاج رکھا گیا تھا اس کی ایسی آفاقی توجیہہ سامنے لائی ہے کہ اس کی

وجہ سے پوری اردو شاعری کا معیار اور وقار بلند ہوا ہے۔

علامہ اقبال نے اردو شاعری کے کینوس کو اس قدر پھیلایا کہ اردو شاعری انسانی جذبات اور احساسات کے اظہار کے ساتھ فطرت اور کائنات سے ہم آہنگ ہوتی ہوئی خدا سے جا ملی۔ اقبال نے معرفت اور حقیقت کے وہ مقام بیان کئے جن کے اظہار سے اردو شاعری قاصر تھی۔ علامہ اقبال نے بیسویں صدی کے اجتماعی لاشعور کو ازحد متاثر کیا۔ ان کا اثر بہت سی نسلوں پر رہا اور آج بھی جاری ہے حتیٰ کہ ترقی پسند تحریک کے بعض علم برداروں پر بھی اقبال کا اثر رہا۔ خود فیض احمد فیض کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ ترقی پسند ہونے کے باوجود جزوی طور پر شعری صوتیاتی آہنگ اور لہجہ کی بالیدگی میں اقبال سے ملتے ہیں۔ اسی طرح جوش، جگر اور حفیظ جالندھری پر بھی یہ اثرات نمایاں رہے۔ پھر ان شعراء کا اپنا مزاج بھی ان کے شعری Diction کی تشکیل میں برابر کا حصہ دار رہا۔ ذرا بعد میں علامہ جمیل مظہری کا بھی نام لیا گیا، کہ ان پر بھی اقبال کا اثر رہا بلکہ اقبال کی روایت کو انہوں نے آگے بڑھانے کی کوشش کی۔ خودی کا فلسفہ ہو یا ہستی کے دیگر مسائل، ان کے یہاں بھی جزوی طور پر اقبال کا آہنگ بولتا ہے۔ علامہ جمیل مظہری کا یہ شعر اقبال کی پیروی کرتا ہے۔

بقدر پیمانۂ تخیل سرور ہر دل میں ہے خودی کا
اگر نہ ہو یہ فریب پیہم تو دم نکل جائے آدمی کا

تاہم بعض ناقدین نے جمیل مظہری کو تشکیک کا شکار ثابت کر کے ان کے اس پہلو کو نظر انداز کرنے کی کوشش کی ہے۔ جدید اردو شاعری میں بھی آپ دیکھیں تو بہت سے ایسے شعراء ملیں گے، جن کے ہاں لب ولہجہ اور ہیئت و اسلوب میں جدت کے باوجود ایسی بازگشت بھی سنائی دیتی ہے جو اقبال کی طرح پر شکوہ آہنگ کی ضامن ہو۔ اس ضمن میں جدید اردو کا ہر بڑا شاعر مثال کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اقبال ہماری آرکی ٹائپ کا حصہ بن چکے ہیں۔ احمد فراز کا یہ مشہور زمانہ شعر دیکھئے۔

رنجش ہی سہی دل ہی دکھانے کے لئے آ
آ پھر سے مجھے چھوڑ کے جانے کے لئے آ

اس شعر کی صوتیات میں اقبال کے ابتدائی دور کا آہنگ صاف نمایاں ہے۔

حسین سحر کی شاعری کے سلسلے میں عرض کرنا ہے کہ حسین سحر بھی دورِ جدید کے ان باوقار

اور معیاری شعراء کی صف سے تعلق رکھتے ہیں جو اپنے اسلوب و ادا اور لب ولہجہ سے پورے طور پر جدید بلکہ جدید تر شاعر کی حیثیت رکھتے ہیں اور اپنے موضوع منصب اور تمثیل کے اعتبار سے جدید اردو شاعری میں ایک وسیع کینوس اور آفاقی تصور مرتب کر رہے ہیں۔ حسین سحر کی شاعری کا یہ وسیع کینوس جدید اسلوب میں پر شکوہ، بلند، وقیع اور صالح روایات و آثار کا متحمل ہے۔ اسی کے ساتھ زندگی کے بہت سارے مسائل درد، اعتبار، محبت، وفا، خلوص، حکمت، شجاعت اور جہد ان کی شاعری کے سفر میں پیش پیش ہیں۔ وہ پر شکوہ لہجہ کے شاعر ہیں جو زندگی کی آفاقی قدروں کی ہم نوائی بھی کرتے ہیں اور اپنے اشعار کے ذریعہ اس کے تہذیبی عمل میں بھی شریک ہو جاتے ہیں۔ حسین سحر کے یہاں ان کا پُر شکوہ آفاقی اسلوب جگہ جگہ نمایاں ہے۔

تمام عمر تخاطب مرا مجھی سے رہا
سوال میں نے کئے ہیں جواب میرے ہیں

☆

جدھر سے گزریں جہاں جائیں سب نگران کے
مسافر اپنی کوئی سرزمیں نہیں رکھتے

☆

میں لہلہاتی شاخ کو سمجھا تھا زندگی
پتا گرا تو درسِ فنا دے گیا مجھے

چاروں طرف سلگتے بگولے ہیں رقص میں
محسوس ہو رہا ہے کہ صحرا سفر میں ہے

☆

دشتِ خلا کی وسعت بے پایاں کیا کروں
مجھ کو تو اپنی ذات کی پہنائی چاہئے

حسین سحر شعریاتِ عصر کی تعمیر اور تسلسل میں اپنے مخصوص پر شکوہ لہجہ اور آفاقی حیثیت کی

وجہ سے غیر معمولی تجربے سے گزرے ہیں۔ وہ اپنی شاعری کے ذریعہ زندگی کی ترتیب وتزئین اور اس کے تمثیلی افکارات میں برابر کے شریک ہیں۔ شاعری کو آفاقی حیثیت سے جوڑنا اور زمین یا خاکی تحدیدات کے ساتھ توافق پیدا کرنا حسین سحر کا کام ہے۔ ان کی نظر وقت کو سمجھنے کی اہلیت رکھتی ہے۔ حسین سحر کے شعری اظہارات میں صرف شاعری برائے شاعری کا عمل نہیں ملتا بلکہ اسی کے ساتھ تعمیر حیات اور شاعری برائے زندگی کی تمثیل ملتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے اشعار میں کوئی حکمت کوئی نکتہ کوئی شکوہ بولتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ قاری صرف اشعار کی صوتی اور معنوی تزئین ہی سے لطف اندوز نہیں ہوتا بلکہ وہ اشعار کی صوتیات اور معانی سے گزرتا ہوا بصیرت تک پہنچتا ہے۔ چنانچہ یہ کہا جائے گا کہ حسین سحر کی شاعری ہمیں صوتیات اور معانی کی مسرت سے گزارتی ہوئی بصیرت تک پہنچاتی ہے۔ مسرت سے بصیرت کا سفر ہی شاعری کے کینوس کو پھیلاتا ہوا اسے آفاقی سرحدوں تک پہنچاتا ہے۔ مسرت اور بصیرت کے اندر ہی جذبات واحساسات کے وہ تمام مضمرات شامل ہیں جن پر شعریات کے مباحث قائم ہوتے ہیں۔ حسین سحر نے نہ صرف یہ کہ اس سفر کو طے کیا ہے بلکہ اس راہ میں انہوں نے دوسروں کے لئے اپنے نشانات قدم بھی چھوڑے ہیں۔

یہاں تو اپنی ہی خوبی ہے ذات کی دشمن
سلگ رہے ہیں کئی پیڑ اپنی چھاؤں میں

جن خوابوں کی کوئی تعبیر نہیں
دیکھنے والے دیکھ رہے ہیں ایسے خواب

☆

ہے میرے چاروں طرف اک ہجوم چہروں کا
حصار ذات میں اس طرح کھو گیا ہوں میں

☆

وصال و ہجر کی ہر کیفیت محبت ہے
کوئی بھی وقت ہو اس دائرے میں آئے گا

☆

میں نے تو کاغذ پہ اس کا نام لکھا تھا سحرؔ
حرف سارے اوڑھ کر خوشبو کہاں سے آ گئے

حسین سحر کی شاعری میں عصری آگہی اور زندگی کی بدلتی ہوئی قدروں کی جمالیات بھی ملتی ہے۔ بیسویں صدی میں صنعتی ترقیات کے ذیل میں محنت، کام اور معاشرہ کی جو جمالیات بدلی ہے اور زندگی، مشینی زندگی سے جس قدر مغلوب ہوتی گئی ہے۔ اس کا وسیع تر احساس ان کے یہاں ملتا ہے۔ جدید احساسات سے بھرے ہوئے ان کے یہاں ایسے بہت سے اشعار ملتے ہیں جو ہمارے اجتماعی لاشعور پر اثر انداز ہوتے رہتے ہیں۔ اس ضمن میں حسین سحر کا یہ شعر۔

دھواں اگلتی ہوئی چمنیاں یہ کہتی ہیں
حیات روز سلگتی ہے کارخانوں میں

اس ''حیات روز سلگتی ہے'' کا جواب نہیں۔ اس ایک شعر میں پورے عہد کو بند کر دیا گیا ہے۔ مشینی زندگی اور محنت کی جمالیات پر یہ شعر ایک ایسا وجدانی کلیہ ہے جو اپنی مثال آپ ہے۔ اسی طرح مشینی زندگی اور اس کے اعمال میں توافق کے سبب انسانی زندگی کس حد تک اپنا غیر مرئی، پیرہن بدلتی ہے اور کس طرح اندرون میں تاریکیوں کا انعکاس نمایاں ہوتا ہے۔ حسین سحر اس احساس کو خبر کے ساتھ نظر کی وسعتوں میں دیکھنا چاہتے ہیں۔ اس لئے خود بخود ان کے یہاں ایک جمالیاتی فعالیت پیدا ہو گئی ہے وہ کہتے ہیں۔

ذہن جب تاریک ہو جائیں مشینوں کے طفیل
جذب دل کی روشنی کو عام کرنا چاہئے

☆

اس قدر راتوں کی تاریکی کے ہم عادی ہوئے
صبح کی پہلی کرن چمکی تو ڈر کر رہ گئے

اسی ذیل میں درج ذیل شعر کو بھی پیش کیا جا سکتا ہے۔

جس کی بنیاد پہ نفرت کا نہ سایہ جائے
ایسا اک شہر محبت کا بسایا جائے

اپنی شعری تمثیلات میں حسین سحر اکثر حال، جذبہ اور عمل کے توافق سے بھی کام لیتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں ان کے اشعار میں دعاوی اور دلائل ایک ہی جگہ بہ آسانی جمع ہوجاتے ہیں۔ بلکہ یہ کہنا چاہئے کہ دعاوی خود دلائل پیدا کردیتے ہیں۔ لہٰذا شعر بغیر کسی قشری قوت کے اپنے آپ میں مکمل معنوی اکائی بن جاتا ہے۔ یہ دلائل کو اپنے آپ سے اس قدر قریب کرلیتا ہے کہ شعر سے ہماری نظر ہی نہیں ہٹتی ہے۔ شعری عمل کی تہذیب کا یہ انوکھا طریقہ ہے۔

میں ہوں گرداب کے حلقے میں مگر چاہتا ہوں
دور تک یونہی مرے ساتھ کنارہ جائے

اب آپ دیکھیں کہ دوسرے مصرعہ میں جو معنی کی تخریج ہے وہ پہلے ہی مصرعہ کے عمل میں موجود ہے یا اس سے لمحاتی طور پر اتفاق قائم کررہی ہے۔ عام طور پر تخلیقی عمل ایسے موقعوں پر ان استعاروں اور تلازموں کی تلاش میں نکل پڑتا ہے جو اجتماعی عادات اور اعمال سے افتراق کے بغیر پیدا ہوں، مگر فوری طور پر شعر کی خوبی ہمیں ایسے افتراق سے بے گانہ کردیتی ہے اور ہماری شعری سوچ کو غیر متوقع معنوی اعماق کی طرف لے چلتی ہے۔ یہ ذائقہ شاعری کے بعید از قیاس اور بے مثل مقامات کی سرحدوں میں جمع ہوتا رہتا ہے۔ اس لئے ایسے میں تمہیات کا دائرہ بھی اپنے حدود کو وسیع کرتا ہوا اپنے مخازن کی طرف پھیلنا شروع کردیتا ہے۔ اس ذیل میں یہ دو اشعار دیکھیں۔

روح کے زخموں کی شادابی کہاں ہے مستقل
ایک دن یہ لہلہاتی فصل بھی کٹ جائے گی

☆

میرے لئے تو سانس بھی لینا محال ہے
یہ کون زندگی کی دعا دے گیا مجھے

حسین سحر اردو شاعری میں 60ء کے بعد تیار ہونے والی جدید نسل سے تعلق رکھتے ہیں

جن میں احمد فراز، ندا فاضلی، مظفر حنفی، ظفر اقبال، عرفان صدیقی، عنوان چشتی، مخمور سعیدی، امجد اسلام امجد، شہزاد احمد، علیم اللہ حالی، لطیف الرحمٰن، مظہر امام، علیم صبا نویدی، اقبال ارشد، ناصر زیدی، انور شعور، پروین شاکر، ساجدہ زیدی، ثروت عثمانی، توصیف تبسم، ظفر کورکھپوری، فرحت قادری، صدیق مجیبی، رفعت سروش، شہریار، بشیر بدر اور احمد عقیل وغیرہ کا نام آتا ہے۔ انہوں نے جدید اردو شاعری کی ہیئتی اور معنوی تشکیل وترتیب میں اپنے فکری اور تخلیقی امتیازات کے ذریعہ آفاقیت کو فروغ دینے کی کوشش کی ہے۔ وہ قابل قبول حد تک جدیدیت کے استشاروں کو قبول کرتے ہوئے اپنے رنگ کو نمایاں کرتے ہیں۔ شعری تہذیب کے عمل میں وہ اپنی شناخت قائم کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ ان کی شناخت خود ان کا اپنا حوالہ ہے۔ وہ اسلوب ہیت اور ادائیگی میں تو جدید تر لہجہ میں بولتے ہیں مگر فکر اور تجربے میں آفاقیت اور شکوہ کو فروغ دیتے ہیں۔

اوپر عرض کیا گیا تھا کہ علامہ اقبال نے ہماری آرکی ٹائپیا لاشعور پر جو اثر ڈالا ہے اس سے جدید سے جدید لہجہ اور ہیئت بھی متاثر ہوئی ہے۔ ایسی صورت میں ادب وفن کی ہر تخلیقی جہت بالواسطہ یا بلاواسطہ، منفی یا مثبت، شعوری یا لاشعوری طور پر اس اثر میں شامل ہے۔ اس لحاظ سے خود فنی تعمیر کا عمل ہی اپنے اظہار میں اس نفسیات کا شاہد ہے۔ ضروری نہیں ہے کہ اس اظہار میں وہ سارے مکالمے اور تحدیدات شامل ہوجائیں جو ادب وزندگی کو امتیاز عطا کرتی ہیں۔ اور اسے ہمہ جہتی حوالوں میں پیش کرتی ہیں۔ چنانچہ اسی کے ساتھ یہ سفارشات بھی قابل عمل بن جاتی ہیں کہ شعری تخلیقات میں اجتماعی لاشعوریت کو شاعر اپنی ذاتی تحدیدات میں پیش کرنے میں کہاں تک کامیاب ہوا ہے۔ حسین سحر کی شعری اور تخلیقی تحدیدات خود ہی ایسے حوالوں کو پیش کرتی ہیں جو انہیں ایک جانب تو جدید عملیات کا نشان عطا کرتی ہیں دوسری جانب ہر قدم پر انہیں اس پر شکوہ آہنگ اور آفاقی تصور کے ساتھ قائم رکھنا چاہتی ہے۔ جدید مزاج اور عملیات کا یہ نشان ان کے پر شکوہ اور بلند لہجہ کو آفاقی توسیع کی طرف لے چلتا ہے۔

حسین سحر کی شاعری کا یہ امتیاز ہمیں زندگی کی جستجو میں کسی قشری قوت پر غیر محسوس طریقے سے اعتماد اور انحصار بھی سکھاتا ہے اور زندگی کی انفعالیت سے آزاد بھی کرتا ہے۔ حسین سحر کی شاعری میں ہمیں ان تمام توقعات سے گزرنا پڑتا ہے جو کسی شاعر کے شعری مزاج اور آہنگ میں مخصوص زاویہ بناتی ہوئی آگے بڑھتی ہیں۔ حسین سحر کی شاعری کی اجمالی تعریف قائم کرنے میں ان کا

اسلوب معاون ہے۔ حسین سحر ایک ایسے Calibre کے شاعر ہیں۔ جو اپنے شعری اظہارات کو مطلوب معیار اور حسیت سے آشنا کرانے کے لئے اسے پے در پے تجربوں سے گزارتے ہیں۔ وہ اکثر اشعار میں ایسے اسالیب استعمال کرتے ہیں جو بہت بلند و بالا ہوں اور اپنے بلند آہنگ کے ذریعہ تخلیق کے عمل کو با رعب اور قابل قدر بناتے ہیں۔ حسین سحر کے یہاں زندگی دراصل تمناؤں جذبوں اور محسوسات کی تحدید ہے۔ کبھی کبھی زیب داستان کے لئے وہ ان حدود سے باہر بھی نکل آتے ہیں مگر جلد اپنی جگہ لوٹ آتے ہیں۔ شعوری عمل اور تخلیقی احساسات کے لئے جس قدر آزاد اور پر وقار ہوکر جینا پڑتا ہے، حسین سحر اس سے زیادہ آزاد اور پر وقار ہیں۔ وہ زندگی اور شاعری کو بہ یک وقت ایک ہی خانے میں رکھتے ہوئے آگے بڑھتے ہیں۔ اس لئے شعری محاظرات بھی انہیں رویوں کو اختیار کرتے ہیں جو زندگی اور فن کے درمیان روابط پیدا کرسکیں۔ حسین سحر اس عمل میں بہت کامیاب ہیں۔ وہ شاعری میں ایسے تلازموں سے بھی کام لیتے ہیں جو تخلیق کی کسی جہت سے خود بخود نمودار ہوتے ہیں۔ لہٰذا واقعاتی سطح پر تو یہ کوئی نئی بنیاد نہیں ہے مگر شعری استعاراتی اسالیب ایسے بیان کو بہت زیب دیتے ہیں۔ مثلاً حسین سحر کا ایک شعر دیکھئے۔

میں تو گرداب بلا میں ڈوب ہی جاتا مگر
اس قدر دریا میں یہ بازو کہاں سے آگئے

گرداب بلا کے اندر ڈوبتے ہوئے شخص کو عموماً کسی خارجی سہارے کی ضرورت پڑتی ہے، مگر یہاں سہاروں کا محل خود ڈوبتے ہوئے شخص کی ذات ہے۔ لہٰذا یہ شعر خود اعتمادی کو مہمیز لگاتا ہوا آگے بڑھ جاتا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ حسین سحر ہمارے دور کے ان بڑے شاعروں میں سے ہیں جو شعری ترغیبات اور تمثیل کو اردو میں بڑے کینوس پر پیش کررہے ہیں۔ جدید اسلوب انسانیت اور اخلاق اپنے مختلف تیور اور تہہ داریت کے ساتھ ان کے یہاں جمع ہیں۔ وہ پر شکوہ لہجہ اور پر وقار آہنگ کے شاعر ہیں۔ ان کی شاعری آفاقی تصور کو پیش کرتی ہے اور اس لحاظ سے وہ اپنے معاصر شعری ادب میں ممتاز ہیں۔

ڈاکٹر سید اقبال احمد واجد
(الجبیل سعودی عرب)

Kulliat-E-Hussain Sahar---WWW.HussainSahar.com----Page 1701 of 2222

لفظوں میں خموشی کو بدلنے نہیں دیتے
اس برف کو کچھ لوگ پگھلنے نہیں دیتے

اس درجہ ہوئے ضبطِ غمِ عشق کے عادی
آنسو بھی ہم آنکھوں سے نکلنے نہیں دیتے

محروم رکھا دل کو تمنا کے لہو سے
اس نخل کو ہم پھولنے پھلنے نہیں دیتے

کس درجہ ستم گار ہیں رہبر یہ ہمارے
دوگام بھی جو قافلہ چلنے نہیں دیتے

یہ کیسے سہارے ہیں سحرؔ ہم کو میسر
گرتے ہیں اگر ہم تو سنبھلنے نہیں دیتے

یادوں میں کئی درد کے پہلو نکل آئے
آیا جو ترا نام تو آنسو نکل آئے

ہم شہر سے نکلے ہیں کچھ اس طرح کہ جیسے
سورج سے کرن پھول سے خوشبو نکل آئے

یوں دشت میں ہر سائے کو میں دیکھ رہا ہوں
شاید کسی جانب کوئی آہو نکل آئے

رستے میں تو تنہا تھا میں لیکن سرِ منزل
دیکھا تو مسافر کئی ہر سو نکل آئے

اس درجہ چراغاں کا سحر شوق تھا مجھ کو
پلکوں پہ سرِ شام ہی جگنو نکل آئے

ملنا چاہے تو کسی طور بھی مجبور نہیں
وہ اسی شہر میں رہتا ہے کہیں دور نہیں

تو نہ ہو گا تری یادوں سے بہل جائے گا
اسقدر بھی تو فسردہ دل رنجور نہیں

وہ تو اپنوں سے بھی بیگانہ صفت ملتا ہے
اس کی عادت ہی کچھ ایسی ہے وہ مغرور نہیں

جس کو دیکھو وہی پژمردہ نظر آتا ہے
کوئی بھی شخص ترے شہر میں مسرور نہیں

کیسے گزریں گے بھلا شام و سحر فرقت کے
زلف شبرنگ نہیں چہرہ پر نور نہیں

منزل ہے کوئی اور ہی رستا ہے کوئی اور
ہم جس کے مسافر ہیں وہ دنیا ہے کوئی اور

دن رات ہے بس آہوئے معنی کا تجسس
ہم جس میں بھٹکتے ہیں وہ صحرا ہے کوئی اور

میں اپنے خدوخال سے خود بھی نہیں واقف
آئینے میں دیکھا ہے جو چہرہ ہے کوئی اور

یہ خون نہیں ہے کہ جو رگ رگ میں رواں ہے
بہتا ہے جو یوں مجھ میں وہ دریا ہے کوئی اور

دیکھا ہے بڑے غور سے افلاک کا دامن
قسمت کا سحر اپنی ستارا ہے کوئی اور

کوئی حسرت کوئی بھی ارماں نہیں
کون کہتا ہے یہ دل ویراں نہیں؟

میری قسمت میں نہیں عکسِ جمال
آئنہ تو ہوں مگر حیراں نہیں

احتیاطِ غم اسی کا نام ہے
دل ہے گریاں اور لب گریاں نہیں

یاد کرنا بھی تجھے مشکل ہوا
بھول جانا بھی تجھے آساں نہیں

اس خرابے میں جہاں دیکھا سحرؔ
آدمی تو ہیں مگر انساں نہیں

ضبطِ غم میں جو جھلکتے تھے مری آنکھوں سے
آج آنسو وہی بہتے ہیں تری آنکھوں سے

میرے ہی دل پہ برستے ہیں وہ قطرہ قطرہ
اشکِ غم روز جو بہتے ہیں کئی آنکھوں سے

میرا بس ہو تو کسی کو بھی نہ روتا دیکھوں
پی ہی جاؤں میں دکھوں کی یہ نمی آنکھوں سے

سانس جاتی ہوئی لوٹ آئی شکستہ جاں کی
ہم نے دیکھی ہے عجب چارہ گری آنکھوں سے

ہم نے اسطرح دیا اپنی محبت کو خراج
چوم لی درد کے نیزے کی انی آنکھوں سے

دل کی بینائی بھی اک نور ہوا کرتی ہے
صرف مخصوص نہیں دیدہ وری آنکھوں سے

جن کی قسمت میں نہیں جلوۂ تعبیر سحرؔ
خواب ہم دیکھ رہے ہیں وہ کھلی آنکھوں سے

جب تری یاد چمک اٹھتی ہے آنسو آنسو
شب کے جنگل میں بکھر جاتے ہیں جگنو جگنو

اسقدر پھیلا ہوا دھوپ کا سناٹا ہے
دل پکار اٹھا ہے بے ساختہ گیسو گیسو

تو کہاں دُور سرابوں میں چھپا بیٹھا ہے
میں نے ڈھونڈا ہے تجھے دشت میں آہو آہو

جب مری کشتیٔ جاں گھرتی ہے گردابوں میں
چار اطراف ابھر آتے ہیں بازو بازو

تجھ کو چھونا تو کُجا دیکھنا ہی کافی ہے
میرے انفاس میں بھر جاتی ہے خوشبو خوشبو

نفرتِ شہر کا جب میں نے مداوا چاہا
میرے اندر سے صدا اٹھی ہے باہو باہو

رنگ بکھرے تو سحر سارا فسوں ٹوٹ گیا
ورنہ وہ شخص نظر آتا تھا جادو جادو

دل اسیرِ گردشِ افلاک کیسے ہو گیا؟
سوچتا ہوں یہ گہر تھا خاک کیسے ہو گیا؟

ہم تو سمجھے تھے کہ مٹ سکتا نہیں داغ فراق
اسقدر جلدی رفو یہ چاک کیسے ہو گیا؟

ایک اک کر کے گرے شاخ و گل و برگ و ثمر
رفتہ رفتہ سب چمن خاشاک کیسے ہو گیا؟

کل تلک جس کے لبوں پر مصلحت کی مہر تھی
آج حیراں ہوں کہ وہ بیباک کیسے ہو گیا؟

دل سے اک اک کر کے ساری خواہشیں رخصت ہوئیں
یہ صنم خانہ بتوں سے پاک کیسے ہو گیا؟

اس کی آنکھوں سے چھلک اٹھے ہیں آنسو کرب کے
اس کو میرے درد کا ادراک کیسے ہو گیا؟

دل دکھاتا ہے پسِ چہرہ بھی کتنے نقش آج
آئنہ یہ اسقدر سفاک کیسے ہو گیا؟

تُو تو خوشیوں کے لباسِ نو میں رہتا تھا سحرؔ
پیرہن غم کا تری پوشاک کیسے ہو گیا؟

خبر نہ تھی سفر اس مرحلے میں آئے گا
کہ اس کا گھر بھی مرے راستے میں آئے گا

رہے گا حُسن کہاں تک گریز پا مجھ سے
وہ عکس ہے تو مرے آئنے میں آئے گا

وصال و ہجر کی ہر کیفیت محبت ہے
کوئی بھی وقت ہو اس دائرے میں آئے گا

جو دن کے جاگتے خوابوں میں مل نہیں سکتا
اک ایسا کیف مجھے رت جگے میں آئے گا

بھڑک رہی ہے جو رہ رہ کے روشنی کی لَو
ہوا کا زور تو جلتے دیئے میں آئے گا

چھپائے چھپتی ہے کب تک دلوں کی کیفیت
سحرؔ یہ کرب تو ہر قہقہے میں آئے گا

حرف جونہی زبان سے نکلا
تیر گویا کمان سے نکلا

کھینچ لائی اسے کشش اسکی
جو بھی اس خاکدان سے نکلا

چھا گئی چار سمت ویرانی
جونہی گاہک دکان سے نکلا

ایسے نکلا ہے آنکھ سے آنسو
جیسے مالک مکان سے نکلا

وہ ستارہ نہ لوٹ کر آیا
جو حدِ آسمان سے نکلا

بت گروں نے بہایا خونِ جگر
تب کہیں بت چٹان سے نکلا

گھر گیا پھر سے مشکلوں میں سحرؔ
میں جو غم کی امان سے نکلا

حوصلہ خود میں سمندر سے سوا رکھنا تھا
اس سے ملنے کے لئے دل بھی بڑا رکھنا تھا

اب پشیماں ہو بہت ترکِ تعلق کر کے
واپسی کا کوئی رستہ تو کھلا رکھنا تھا

ہم نہ کہتے تھے کہ سب برف پگھل جائے گی
دل کو احساس کی گرمی سے جدا رکھنا تھا

جھلملاتا ہے جو اک اشکِ وفا پلکوں پر
یہ گہر سیپ کے دامن میں چھپا رکھنا تھا

عمر کے طاق سے اٹھتا ہے دھواں رہ رہ کر
ایک ننھا سا دیا اس میں جلا رکھنا تھا

شاید آ جاتا کوئی تازہ ہوا کا جھونکا
موسمِ حبس میں دروازہ کھلا رکھنا تھا

دشتِ تنہائی کی حدت میں سحرؔ جلتے ہو
دل میں یادوں کا الگ شہر بسا رکھنا تھا

اب ہم اسیرِ گردشِ دنیا نہیں رہے
طغیانیوں کے شور میں دریا نہیں رہے

پامال کر رہی ہے ہمیں کیوں ہوائے دہر؟
ہم تو کسی کا نقشِ کفِ پا نہیں رہے

ہر دم ہے اپنے ساتھ خیالوں کا اک ہجوم
تنہا بھی رہ کے ہم کبھی تنہا نہیں رہے

اپنی صدائیں گنبدِ ماضی میں رہ گئیں
ہم اپنے دور میں کبھی زندہ نہیں رہے

ہم نے طلب کیا ہے فقط اپنا حق سحرؔ
دامن کسی کے سامنے پھیلا نہیں رہے

عمر کا ہر لمحہ اک میزان ہونا چاہیے
سامنے اک حشر کا میدان ہونا چاہیے

آنکھ جو کچھ بھی کہے سنتے ہی دل میں جذب ہو
پیار کا لہجہ بہت آسان ہونا چاہیے

مشکلیں ساری سروسامان کے ہونے میں ہیں
زندگی کو بے سرو سامان ہونا چاہیے

مل ہی جائے گا خدا کی ذات کا عرفان بھی
پہلے اپنی ذات کا عرفان ہونا چاہیے

زندگی کا ایک پل بھی مجھ سے چھن سکتا نہیں
اسقدر کامل مرا ایمان ہونا چاہیے

چاہتیں یونہی نہیں رہتیں سدا محکم سحرؔ
ترکِ الفت کا بھی کچھ امکان ہونا چاہیے

یہ کس نے کہ دیا مجھے تنہائی چاہیے؟
یادوں کی دل میں انجمن آرائی چاہیے

دشتِ خلا کی وسعت بے پایاں کیا کروں؟
مجھ کو تو اپنی ذات کی پہنائی چاہیے

آنکھوں سے تو دکھائی مجھے دے رہا ہے سب
لیکن مجھے شعور کی بینائی چاہیے

پلکوں پہ کب سے تیر رہا ہے اک اشکِ غم
ایسے گہر کو سیپ کی گہرائی چاہیے

شعر و سخن کی دائمی تاثیر کے لئے
جذبوں کا حسن فکر کی رعنائی چاہیے

اسکے سوا میں کچھ بھی نہیں چاہتا سحرؔ
اس در پہ اپنی آہ کی شنوائی چاہیے

جب سے آنکھوں میں ہے بسا صحرا
ہر گلستاں ہمیں لگا صحرا

بے نشاں، چپ، اجاڑ، بے سایہ
زندگی ہے کہ دھوپ کا صحرا

دل کہ اک گلشنِ تمنا تھا
دیکھتے دیکھتے ہُوا صحرا

کتنا بے حد و بے کنار ہے یہ
میرے غم کا ہے آئنہ صحرا

میں مسافر ہوں شہرِ امکاں کا
ہے مرا ایک نقشِ پا صحرا

دل کے چاروں طرف ہیں آئینے
کن سرابوں میں کھو گیا صحرا

میری ویرانیوں کے ساتھ سحرؔ
دو قدم بھی نہ چل سکا صحرا

حیرت ہے وہ شخص بھی کتنا پیاسا تھا
جس کے دروازے پر دریا بہتا تھا

رنگ برنگے چہروں میں مَیں رہتا تھا
بھرے جہاں میں میں بھی کتنا تنہا تھا

میری آنکھ نے تیرا آنسو جذب کیا
میرا آنسو تیری آنکھ سے ٹپکا تھا

شہر کی رونق میں جی میرا کیا لگتا؟
میرے دل کے اندر تو اک صحرا تھا

اب وہ شجر کی صورت ہے چھتنار سحرؔ
دل میں درد کا ننھا بیج جو بویا تھا

کوئی خواب تمنا بھی نہیں ہے
یہ دل اتنا اکیلا بھی نہیں ہے

اسے کیسے بتاتے حال اپنا؟
کہ اس نے ہم سے پوچھا بھی نہیں ہے

تجھے اے بے وفا ہم بھول جائیں
کبھی ہم نے یہ سوچا بھی نہیں ہے

سمجھ بیٹھے جو پانی ریت کو بھی
مسافر اتنا پیاسا بھی نہیں ہے

نہیں ہے آئنے میں عکس میرا
مگر یہ اس کا چہرہ بھی نہیں ہے

عجب انداز سے نکلا ہے سورج
اجالا کیا اندھیرا بھی نہیں ہے

سحرؔ اس کا تصور کیا کروں میں؟
جو جلوہ میں نے دیکھا بھی نہیں ہے

بند کانوں کو رکھا ہونٹوں پہ تالے رکھے
ہم نے جینے کے سبھی ڈھنگ نرالے رکھے

عمر بھر ہم نے زمانے سے الگ سوچا ہے
عمر بھر ہم نے اصول اپنے نرالے رکھے

آنکھ کو چاہیے سیپی میں رکھے اپنے گہر
آنسوؤں کو نہ ہر اک وقت اچھالے رکھے

کوہ پیمائی کے آداب بھی کچھ ہوتے ہیں
آدمی چلتے ہوئے خود کو سنبھالے رکھے

ظلمتوں میں بھی ہمیں جینے کی کچھ آس رہے
یوں الگ باندھ کے اک سمت اجالے رکھے

زندہ رہنے کا یہی سب سے ہے آساں رستہ
آدمی خود کو مقدر کے حوالے رکھے

دشتِ غم کے ہے مسافر کی یہی شانِ سحرؔ
سر پہ ہو خاکِ سفر پاؤں میں چھالے رکھے

اب نہ کسی دستک پر در کی کھاؤں گا میں دھوکے
ابھی ابھی سوکھی ہیں میری جاگتی آنکھیں رو کے

باہر تو ہے گھپ اندھیارا چاند کہاں نکلا ہے؟
کھلے ہوئے ہیں کس کی آس میں اپنے نین جھروکے

ہجر کی اک اک ٹیس کا یارو اپنا ایک مزا ہے
دیکھو اپنے دل میں اس خنجر کی نوک چبھو کے

دل میں نفرت کی تلخی ہے ہونٹوں پر شیرینی
کیسے پھول اگاؤ گے تم باغ میں کانٹے بو کے

لہو کی خوشبو تو خوشبو ہے دامن سے آئے گی
قاتل چاہے کتنا صاف کرے ہر دھبہ دھو کے

تا کہ قائم بھرم رہے غیروں کی بھی چاہت کا
سوچ سمجھ کر کچھ اپنوں سے کھاتا ہوں میں دھوکے

ہر سننے والے کے دل پر اثر کرے گی دُونا
بات کرو گر لہجے میں تو اپنے درد سمو کے

نہیں سکون وہاں بھی حاصل اپنے شہر سے بڑھ کر
سحرؔ ابھی تو صحراؤں سے آیا ہوں میں ہو کے

جس کی بنیاد پہ نفرت کا نہ سایا جائے
شہر اک ایسا محبت کا بسایا جائے

جن سے خدشہ ہو کہ کچھ اور بڑھے گی ظلمت
ان چراغوں کو نہ محفل میں جلایا جائے

دل میں یادوں کا بسیرا ہی رہے اچھا ہے
یوں پرندوں کو نہ شاخوں سے اڑایا جائے

دیکھتے دیکھتے اب تھک سی گئی ہیں آنکھیں
ایک ہی خواب نہ ہر روز دکھایا جائے

سالہا سال عبادت سے سحرؔ بہتر ہے
چند روٹھے ہوئے لوگوں کو منایا جائے

دل میں یاد آئی تو جادو کی طرح پھیلے گی
اس اندھیرے میں یہ جگنو کی طرح پھیلے گی

صبح ابھرے گی ترے چہرۂ سیمیں کی طرح
شب ترے ریشمی گیسو کی طرح پھیلے گی

دل کی جو بات ہے وہ دل میں چھپی رہنے دو
لب پہ آئے گی تو خوشبو کی طرح پھیلے گی

کہیں ٹھہرے گی نہ اک بوند لہو کی دل میں
نوک مژگاں پہ یہ آنسو کی طرح پھیلے گی

ہم گھریں گے جو بھنور میں تو ہماری خاطر
موجِ طوفاں کسی بازو کی طرح پھیلے گی

یہ تمنا کی صدا ہے نہ دباؤ اسکو
اسکی جھنکار تو گھنگھرو کی طرح پھیلے گی

مرا پیغام محبت کا ہے پیغام سحرؔ
یہ صدا وارث و باہو کی طرح پھیلے گی

آگئے دل میں غم و رنج کے سائے کیسے؟
گھر یہ اپنا ہے تو پھر لوگ پرائے کیسے؟

میری آنکھوں سے ترا درد چھلک اٹھتا ہے
ایک کوزے میں سمندر یہ سمائے کیسے؟

فکر و فن میرا ترے حسن کا آئینہ ہے
میرے شعروں میں ترا عکس نہ آئے کیسے ؟

پرسکوں جتنا بھی چاہے ہو مزاجِ دریا
کوئی ٹوٹی ہوئی کشتی کو بہائے کیسے ؟

دیکھنا ہو تو کبھی شام کا منظر دیکھو
چڑھتے سورج سے کوئی آنکھ ملائے کیسے؟

آگئے اشک جو آنکھوں میں تو بہنے دیجے
سیپ نکلے ہوئے موتی کو چھپائے کیسے؟

اصل قوّت تو سحرؔ جذبۂ پرواز میں ہے
صرف اک پر ہی پرندے کو اڑائے کیسے؟

دل میں حسرت دبی رہ گئی
بات پھر ان کہی رہ گئی

سوچتا ہوں کہ تیرے بغیر
زندگی میں کمی رہ گئی

میں تو چپ ہوں مگر آنکھ میں
آنسوؤں کی نمی رہ گئی

گرچہ ہر سو تھا دریا رواں
پھر بھی اک تشنگی رہ گئی

باغ تو سب کا سب جل گیا
ایک ٹہنی ہری رہ گئی

کتنے آگے نکل آئے ہم
ہم سے پیچھے صدی رہ گئی

دل کے دروازے سب بند تھے
ایک کھڑکی کھلی رہ گئی

کورا کاغذ انہیں جا ملا
اور چٹھی لکھی رہ گئی

خواب تو خواب تھا کٹ گیا
خواب کی روشنی رہ گئی

میرے حصے کی جو تھی سحرؔ
کس طرف وہ خوشی رہ گئی؟

شام تنہائی کو اس طرح گزارا جائے
دل کے آنگن میں کوئی چاند اتارا جائے

زندگی زہر بھرا نقش نظر آتی ہے
کوئی تو رنگ محبت کا ابھارا جائے

تری تصویر کو دیکھیں تری خوشبو ڈھونڈیں
شب فرقت کو اسی طور گزارا جائے

میں ہوں گرداب کے حلقے میں مگر چاہتا ہوں
دور تک یونہی مرے ساتھ کنارا جائے

پھیل ہی جائے گا سورج کا اجالا ہر سو
پہلے آفاق سے یہ صبح کا تارا جائے

خودبخود ٹوٹ گرے پاؤں کی زنجیر سحرؔ
مجھ کو کرتا ہوا موسم وہ اشارا جائے

کسی دن ایسے بھی میں اس سے عرض حال کروں
جواب جس کا نہ ہو اس سے وہ سوال کروں

میں آگے بڑھ کے ملوں کیوں نہ اپنے دشمن سے
تعلقات کی دنیا میں یہ کمال کروں

میں اشک بن کے تری آنکھ سے ٹپک جاؤں
یوں اپنے زخم محبت کا اندمال کروں

سمندروں کو کھنگالوں میں اپنی نظروں سے
ہوا کے نقشِ کفِ پا کو پائمال کروں

تصورات میں اسکی شبیہہ لا کے سحرؔ
فراق میں بھی بسر لمحۂ وصال کروں

موجزن ان آنکھوں میں غم کا یوں سمندر ہے
جیسے دور تک پھیلا نیلگوں سمندر ہے

میرے جسم و جاں میں بھی ہے عجیب سا رشتہ
باہر ایک صحرا ہے اندروں سمندر ہے

ایک ایک قطرے میں شور ہے تلاطم کا
جو رگوں میں بہتی ہے جوئے خوں سمندر ہے

شاید اس نے دیکھا ہے میرے دل کا آئینہ
ورنہ اتنی حیرت میں گم یہ کیوں سمندر ہے؟

کس کی پیاس کے آگے آب آب ہے دریا
ظرف دیکھ کر کس کا سرنگوں سمندر ہے؟

عقل اور جنوں میں ہے فرق اس قدر یارو!
عقل ایک دریا ہے اور جنوں سمندر ہے

جانے کس قدر طوفاں ہیں سحرؔ نہاں دل میں
دیکھئے تو ظاہر میں پُر سکوں سمندر ہے

دل میں اُس کی یاد کے جگنو کہاں سے آگئے؟
شہر میں یہ دشت کے آہو کہاں سے آگئے؟

اُس کی باتوں میں چھنکتی پائلوں کے گیت ہیں
تیغ سے لہجے میں یہ گھنگرو کہاں سے آگئے؟

دل کا ریگستان تو اک عمر سے بے آب تھا
آنکھ میں بے اختیار آنسو کہاں سے آگئے؟

میں تو گردابِ بلا میں ڈوب ہی جاتا مگر
اس قدر دریا میں یہ بازو کہاں سے آگئے؟

روح کے صحرا میں لہرائے ہیں ابرِ نو بہار
دھوپ کے عالم میں یہ گیسو کہاں سے آگئے؟

میں نے تو کاغذ پہ اس کا نام لکھا تھا سحرؔ
حرف سارے اوڑھ کر خوشبو کہاں سے آگئے؟

خیال اس کا دل میں آ کے رہ گیا
دیا سا ایک جھلملا کے رہ گیا

جو اس کا چہرہ آیا میرے دھیان میں
نظر میں چاند جگمگا کے رہ گیا

میں چل سکا نہ خارزارِ عشق میں
بس ایک دو قدم بڑھا کے رہ گیا

چھپا ہوا ہے دھڑکنوں کے شور میں
وہ دل میں اسطرح سما کے رہ گیا

رہی نہ تاب دیدِ جلوہ گاہ کی
میں آستاں پہ سر جھکا کے رہ گیا

جو دوستوں نے دعویٰ وفا کیا
جواب میں میں مسکرا کے رہ گیا

زباں سے کہہ سکا نہ حالِ دل سحرؔ
بس اشک آنکھ سے بہا کے رہ گیا

عشق میں خود کو اس طرح گرد و غبار کر دیا
جاں تھی سو اس پہ واردی دل تھا نثار کردیا

دیکھا جو تیز رو بہت شوق کا اپنے قافلہ
ہم نے بھی اپنے آپ کو نذرِ غبار کر دیا

میں تھا الگ قطار سے اسکی نگاہ جو پڑی
چاہنے والوں میں مرا اس نے شمار کر دیا

غم کو تھی چاہئے ذرا اشکِ رواں کی روشنی
دل سے مژہ کے طاق پر رکھا اتار کر دیا

میں وہ چراغ تھا جسے جلنا تھا دستِ خاک پر
اس نے ہوا کے دوش پر مجھ کر سوار کر دیا

دل تھا وہ زرد رو شجر جو تھا خزاؤں کا ہدف
اسکی سحر نگاہ نے رشکِ بہار کر دیا

محبت ایک دن تخلیق یہ شہکار کر دے گی
کہ ساری دھوپ زیرِ سایۂ دیوار کر دے گی

وفا کے بے پنہ جذبے میں وہ ان دیکھی طاقت ہے
کہ یہ کچے گھڑے کو بھی بھنور سے پار کردے گی

ہمارے دل کے چاروں سمت غم کی یورشِ پیہم
بالآخر یہ عمارت ایک دن مسمار کردے گی

کہو کچھ تو کہو' بولو زباں سے کچھ نہ کچھ بولو
یہ چپ رہنے کی عادت ایک دن بیمار کردے گی

حیات و موت کا جو فاصلہ چشمِ خرد میں ہے
جنوں کی ایک جستِ بے خطر ہموار کردے گی

پہنچنے دے گی منزل تک نہ یہ دنیا کبھی ہم کو
کھڑی ہر ہر قدم پر اک نئی دیوار کر دے گی

حقیقت فاش کر دے گی ہماری زندگی ہم پر
اگر یہ خواب ہے تو خواب سے بیدار کردے گی

سحر صحرائے الفت میں یہ تنہائی سی تنہائی
سرابوں کے سفر کو اور پر اسرار کر دے گی

مہر و مہ سے بھی کہیں بڑھ کے منور نکلا
وہ ستارہ جو مری نوکِ مژہ پر نکلا

دھوپ دنیا کے مصائب کی جو محسوس ہوئی
تان کر سر پہ ترے غم کی میں چادر نکلا

کیا چھپا رکھا تھا ہاتھوں میں نجانے اس نے
پھول ہم جس کو سمجھتے تھے وہ پتھر نکلا

وہی تنہائی ہے بالکل وہی خاموشی ہے
جس کو صحرا میں سمجھتا تھا مرا گھر نکلا

بچ نکلنا ہے مرا ڈوب کے اب ناممکن
کتنا گہرا تری یادوں کا سمندر نکلا

ایسے آنکھوں سے مری اشک سحر ٹپکا ہے
جیسے پنچھی کوئی پنجرے سے ہو باہر نکلا

سب چین سکوں اپنے دل زار کا کھوکر
میں آج ہی آیا ہوں ترے شہر سے ہوکر

ہلکا نہ ہوا کچھ بھی غبارِ دلِ ویراں
دیکھا ہے بہت ہم نے ترے ہجر میں رو کر

آنکھیں تو تری ویسی ہی بے آب پڑی ہیں
ہاتھ آیا مرے کیا ترے دامن کو بھگو کر

سینے میں ہے اک چیز کہ حساس بہت ہے
اس کانچ کے گلدان کو لگ جائے نہ ٹھوکر

کیا کیا نظر آئیں گے تمہیں درد کے پہلو
دیکھو تو سہی نشترِ غم دل میں چبھو کر

کاغذ پہ سحر کیسا مہک اٹھا ہے اک نام
لکھا ہے قلم نے اسے خوشبو میں ڈبو کر

ابھی جلاؤ نہ آنکھوں کے طاقچوں میں چراغ
کہ بجھ نہ جائیں کہیں بہتے پانیوں میں چراغ

ہے گھنگروؤں کی چھنک میں بڑے غضب کی چمک
چھپے ہوئے ہیں کئی تیری پائلوں میں چراغ

ہوا ہے کون شبستانِ دل میں جلوہ فگن؟
کہ جل اٹھے ہیں ہر اک سمت آئنوں میں چراغ

ہے اسکے قدموں تلے شب کی سرد تاریکی
لئے ہوئے ہے اگرچہ وہ بازوؤں میں چراغ

عجیب ظرف ہے ان باکمال لوگوں کا
جو بانٹتے ہیں ہواؤں کی جھولیوں میں چراغ

کھلے ہوئے ہیں ہمارے لبوں پہ درد کے پھول
جلے ہوئے ہیں ہماری ہتھیلیوں میں چراغ

انہی کے دم سے نئی رت میں روشنی ہو گی
جلا رہے ہیں جو تاریک موسموں میں چراغ

بھٹکنے دیں گے نہ شب کے مسافروں کو کبھی
سحر جلائے ہیں ہم نے جو راستوں میں چراغ

یہ کیا؟ منزل سے جیسے جیسے قربت بڑھتی جاتی ہے
مسافر کے لئے راہِ مسافت بڑھتی جاتی ہے

جہانِ نو کی تازہ روشنی کی جگمگاہٹ سے
بصیرت گھٹتی جاتی ہے بصارت بڑھتی جاتی ہے

ہمارے شہر پر سایہ کسی جنگل کا ہے شاید
مہذب ہو گئے اتنے کہ وحشت بڑھتی جاتی ہے

ہوئے ہیں محو اتنے انجمن آرائیوں میں ہم
ہمارے دل کے ویرانے میں خلوت بڑھتی جاتی ہے

گزرتا ہے جو اک سال اک ورق تحریر ہو جیسے
کتابِ زندگی کی یوں ضخامت بڑھتی جاتی ہے

سحرؔ رنگِ تبسم جس قدر ہے عام ہونٹوں پر
دلوں کے درمیاں اتنی ہی نفرت بڑھتی جاتی ہے

اوڑھ کر سر پہ ترا ریشمی آنچل نکلی
رات آنکھوں میں لگائے ہوئے کاجل نکلی

آسماں پر نظر آئی جو چمکتی بجلی
رقص کرتی وہ ترے پاؤں کی پائل نکلی

نظر آتے تھے کئی نقش ادھورے لیکن
غور سے دیکھا تو تصویر مکمل نکلی

دور سے دل نظر آتا تھا بہت ہی بے آب
پاس پہنچے تو یہ بستی بڑی جل تھل نکلی

کبھی انجانے میں اپنائی تھی جو ہم نے سحرؔ
سارے گلشن میں وہی طرزِ سخن چل نکلی

ذرہ و مہ میں مساوات نہیں ہو سکتی
آپ سے میری ملاقات نہیں ہو سکتی

وہ ہیں افلاک نشیں ہم ہیں سرِ خاک مکیں
اتنی دوری پہ کوئی بات نہیں ہو سکتی

لوگ بس نام چراغوں کا لئے جاتے ہیں
دُور یوں ظلمتِ حالات نہیں ہو سکتی

ہستیٔ رب کا بھی عرفان نہیں ہے ممکن
جب تلک معرفتِ ذات نہیں ہو سکتی

مرے پہلو میں ہے اک مہرِ جہاں تاب سحرؔ
مری دنیا میں کبھی رات نہیں ہو سکتی

دشت کو مجبوریوں میں گلستاں کہتے ہوئے
عمر گزری پتھروں کو کہکشاں کہتے ہوئے

اسقدر ظلم وستم ڈھائے زمیں نے دوستو!
ڈر رہا ہوں آسماں کو آسماں کہتے ہوئے

ہے کہاں وہ چین وہ آرام وہ آسودگی
سوچ میں ہوں آشیاں کو آشیاں کہتے ہوئے

غور سے دیکھا جو رخ بام و درو دیوار کا
رک گئے دل کے کھنڈر کو ہم مکاں کہتے ہوئے

وقت پڑنے پر ہوئے ثابت وہ دشمن جان کے
جن کو ہم تھکتے نہ تھے محبوبِ جاں کہتے ہوئے

جب سے دیکھی ہے سحرؔ بے انت دنیا روح کی
اک جھجک ہے بحر کو اب بیکراں کہتے ہوئے

ترے خیال سے شاداب ہو گیا ہوں میں
کہ جیسے ابر سے سیراب ہو گیا ہوں میں

صدا وہ کیسی تھی صد رشکِ نغمۂ فردوس
کہ جس کو سنتے ہی بیتاب ہو گیا ہوں میں

اتر گیا ہے مری موج موج سے طوفاں
کبھی میں بحر تھا پایاب ہو گیا ہوں میں

نہیں ہے عکس کوئی مجھ میں چہرۂ غم کا
اک آئنہ تھا کہ بے آب ہو گیا ہوں میں

ہوا ہوں جب سے عبادت کی روح سے غافل
اسیرِ منبر و محراب ہو گیا ہوں میں

کسی کے حسن کا حاصل ہوا جو قربِ سحر
تو جیسے سایۂ مہتاب ہو گیا ہوں میں

غم کے پیچاک سے نہیں اترا
نشہ ہوں تاک سے نہیں اترا

ہوں ابھی گردشِ مسلسل میں
میں ابھی چاک سے نہیں اترا

ایک بھی چاند میرے آنگن میں
اوجِ افلاک سے نہیں اترا

موسمِ گل کے بعد بھی وہ رنگ
تیری پوشاک سے نہیں اترا

سیر دنیا میں ہوں ابھی مصروف
شہب خاک سے نہیں اترا

نفرتوں کا سیاہ سایہ سحرؔ
وطنِ پاک سے نہیں اترا

جن کا مزاج سنگ ہے وہ شیشہ گر بھی ہیں
کچھ لوگ کور چشم ہیں اور دیدہ ور بھی ہیں

عمریں گزار دی ہیں قفس کی فضاؤں میں
میں بھول ہی گیا تھا مرے بال و پر بھی ہیں

دن کو بھی روشنی کا جہاں سے گزر نہیں
اس جگمگاتے شہر میں کچھ ایسے گھر بھی ہیں

کیسے ملے گا منزلِ مقصود کا سراغ؟
رہزن ہیں جو وہی تو مرے راہبر بھی ہیں

عزت ہر ایک شخص کا مقسوم تو نہیں
دستار جن پہ تنگ ہو کچھ ایسے سر بھی ہیں

مایوس ہو نہ دیکھ کے شمعوں کا یہ دھواں
ہر رات کی جبیں پہ نشانِ سحر بھی ہیں

اب میں ہوں وہاں اور جہاں کوئی نہیں ہے
صد شکر یہاں اپنا نشاں کوئی نہیں ہے

اک در پہ مرے نام کی تختی ہے بھلا کیوں؟
اس شہر میں میرا تو مکاں کوئی نہیں ہے

لتھڑے ہوئے سب خوں میں سرِ خاک پڑے ہیں
جز میرے سرِ نوکِ سناں کوئی نہیں ہے

لب بستہ یہاں لوگ نظر آتے ہیں سارے
میں خوش ہوں کہ میری بھی زباں کوئی نہیں ہے

ملتا ہی نہیں وہ میں جسے ڈھونڈ رہا ہوں
سب یار ہیں اور دشمنِ جاں کوئی نہیں ہے

چہرے سے مرے حرف ٹپکتے ہیں مسلسل
آنکھوں سے مگر اشک رواں کوئی نہیں ہے

یوں روشنی سینے میں ہے اک شعلۂ غم کی
جلتا ہے مگر اس کا دھواں کوئی نہیں ہے

کچھ لفظ ہیں ایسے کہ اتر جائیں دلوں میں
یہ تیر ہیں وہ جن کی کماں کوئی نہیں ہے

معلوم ہے مجھ کو کہ سزا ہی مجھے ہوگی
اب میرا عدالت میں بیاں کوئی نہیں ہے

سوچو تو سفر عمرِ رواں کا ہے بہت تیز
دیکھو تو مسافت کا گماں کوئی نہیں ہے

پہنا ہے سحر میں نے تو کانٹوں کا لبادہ
اب دل کو مرے خوفِ خزاں کوئی نہیں ہے

کو وصل کی مے کے ہیں نشے اور طرح کے
ہیں زہرِ جدائی کے مزے اور طرح کے

اپنوں سے شکایت کا یہ انداز نہیں ہے
ہوتے ہیں محبت میں گلے اور طرح کے

طاقوں میں جو جلتے ہیں وہ بجھنے کے لئے ہیں
جلتے ہیں ہواؤں میں دئے اور طرح کے

اس بار تو پت جھڑ بھی نئے رنگ سے آئی
ہر شاخ سے پتے ہیں گرے اور طرح کے

پہلی سی وہ لذت ہے نہ پہلی سی خلش ہے
کانٹے ہیں مرے دل میں چبھے اور طرح کے

آئیں گے سحر یہ نہ کسی رت کے اثر میں
اس دل میں ہیں کچھ پھول کھلے اور طرح کے

جو سفر کی دھول تھی وہ قافلوں میں رہ گئی
ہم چلے آئے ہیں منزل راستوں میں رہ گئی

کیا غضب ہے ایک ہی بے ذائقہ سی کیفیت
زیست کے سب تلخ و شیریں ذائقوں میں رہ گئی

جانے کیسا خوف تھا جو بال و پر کے باوجود
دور تک اڑنے کی خواہش طائروں میں رہ گئی

آنکھوں آنکھوں میں کہا اس نے مجھے خوش آمدید
اور گلے ملنے کی حسرت بازوؤں میں رہ گئی

لب ترستے ہیں حقیقی زندگی کے رنگ کو
بے مزا خالی ہنسی اب قہقہوں میں رہ گئی

چھوڑ کر جن کے مکیں پردیس رخصت ہو گئے
اک اداسی اور خموشی ان گھروں میں رہ گئی

عمر کے شام و سحر کی تیرگی اور روشنی
گیسوؤں میں رہ گئی کچھ عارضوں میں رہ گئی

لبوں پر دشمنی کے تذکرے اچھے نہیں لگتے
سماعت کو یہ کڑوے ذائقے اچھے نہیں لگتے

مری آنکھوں میں ایسے جھلملاتے ہی رہیں آنسو
چراغوں سے یہ خالی طاقچے اچھے نہیں لگتے

انہیں جلتے ہوئے آندھی کے رخ کو موڑ دینا تھا
ہوا کی زد پہ یوں بجھتے دئے اچھے نہیں لگتے

کسی کے عہد کی ناپائداری یاد آتی ہے
یہ پانی پر ابھرتے بلبلے اچھے نہیں لگتے

تمہارا حال ہم سے بھی کہیں بدتر نہ ہو جائے
ذرا سوچو! تمہیں یہ قہقہے اچھے نہیں لگتے

ملے ہو اتنی مدت بعد پھر بھی وسوسوں میں ہو
یہ اپنوں سے تو اتنے فاصلے اچھے نہیں لگتے

بکھرتے عکس اپنی ذات کے جن میں نظر آئیں
ہمیں ایسے شکستہ آئنے اچھے نہیں لگتے

سحرؔ کتنا عجب ہے حال اپنے دوستوں کا بھی
پرانے مل نہیں سکتے، نئے اچھے نہیں لگتے

دل میں تری یادوں کا نشاں بھی نہیں ملتا
جلتے ہوئے شعلوں کا دھواں بھی نہیں ملتا

دیکھو تو نظر آتے ہیں ہنستے ہوئے چہرے
سوچو تو مسرت کا گماں بھی نہیں ملتا

اس شہر میں ملتا نہیں اک دوست بھی اپنا
حد یہ ہے کوئی دشمنِ جاں بھی نہیں ملتا

میخانے میں تم کیفِ الم ڈھونڈ رہے ہو
یہ ایسا نشہ ہے کہ یہاں بھی نہیں ملتا

کس طرح کسی کو میں سحرؔ راہ دکھاؤں؟
مجھ کو تو مرا اپنا مکاں بھی نہیں ملتا

اک سمندر ہے جو زخار مرے سامنے ہے
ان کا پیرایۂ گفتار مرے سامنے ہے

دے تو سکتا ہوں میں دشنامِ مخالف کا جواب
مرے اسلاف کا کردار مرے سامنے ہے

کس کی زلفوں کا تصور ہے مری راہوں میں؟
دور تک سایۂ اشجار مرے سامنے ہے

کوئی جچتا ہی نہیں آنکھ کو آسانی سے
حُسن کا آخری معیار مرے سامنے ہے

یہ ہے تو کہیں منزل کا نشاں حاصل ہو
اپنی ہی ذات کی دیوار مرے سامنے ہے

کون ہوں کیا ہوں میں کب سے ہوں کہاں ہوں میں سحرؔ
اک سوالات کا انبار مرے سامنے ہے

ان دیکھے خوشرنگ زمانے اچھے لگتے ہیں
سب کو آخر خواب سہانے اچھے لگتے ہیں

چپکے چپکے ہجر کی کالی رات کی تنہائی میں
آنکھوں سے یوں اشک بہانے اچھے لگتے ہیں

ان سے وابستہ ہیں بچپن کی معصوم ادائیں
دل کو سارے یار پرانے اچھے لگتے ہیں

لکھا نہیں انہوں نے جن کو میرے نام ابھی تک
ایسے خط اور مرے سرہانے اچھے لگتے ہیں

کانوں میں رس ٹپکاتے ہیں یادوں کے ساز ینے
اب بھی مجھ کو گیت پرانے اچھے لگتے ہیں

عادی ہیں جو لوگ حقائق کی سنگین فضا کے
ان کے ہونٹوں پر افسانے اچھے لگتے ہیں

سحر مٹا سکتے ہیں شعر بھی ذہنوں کی تاریکی
طاقوں میں کچھ دیپ جلانے اچھے لگتے ہیں

فلک پر اک ستارہ رہ گیا ہے
یہی بس اب سہارا رہ گیا ہے

مسافر آگئے منزل پہ لیکن
سفر سارے کا سارا رہ گیا ہے

گلوں کو دیکھتے ہیں دور ہی سے
یہی بس حق ہمارا رہ گیا ہے

زمانے بھر کے سائل ہم رہے ہیں
فقط اک در تمہارا رہ گیا ہے

بہت آگے نکل آئے سحرؔ ہم
بہت پیچھے کنارا رہ گیا ہے

اشک آنکھوں سے ٹپکتے نہیں دیکھے جاتے
شاخ سے ٹوٹتے پتے نہیں دیکھے جاتے

روشنی کی مری آنکھوں کو ہے عادت اتنی
مجھ سے ڈوبے ہوئے تارے نہیں دیکھے جاتے

میں نے دیکھا ہے بہاروں کا المناک مآل
اس لئے کھلتے شگوفے نہیں دیکھے جاتے

ایک بس ایک ہی میں عکس کا شیدائی ہوں
آئنے میں کئی چہرے نہیں دیکھے جاتے

مسکراتے ہوئے یہ پھول ہیں اچھے لگتے
مجھ سے روتے ہوئے بچے نہیں دیکھے جاتے

جاگتی آنکھوں سے آتے ہیں نظر خوابِ حیات
بند آنکھوں سے یہ سپنے نہیں دیکھے جاتے

کوئی خوشبو نہ صدا ہے نہ کوئی رنگ سحر
ہم سے ویران دریچے نہیں دیکھے جاتے

خلوص کی بے بہا فضاؤں میں آ گیا ہوں
میں چھوڑ کر اپنا شہر گاؤں میں آ گیا ہوں

قریب ان گیسوؤں کے آیا تو یوں لگا ہے
تمازتوں سے نکل کے چھاؤں میں آ گیا ہوں

میں چاہتا ہوں ثبات و ہمت کو آزمانا
عجب دیا ہوں جو یوں ہواؤں میں آ گیا ہوں

ابھی میں نکلا ہی تھا ترے حسن کے اثر سے
کہ پھر تری دلفریب اداؤں میں آ گیا ہوں

جو مشکلوں میں گھرا تو یاد آ گیا کہ شاید
پھر اپنے احباب کی دعاؤں میں آ گیا ہوں

بھلا کے تجھ کو یہ آج محسوس ہو رہا ہے
کہ جیسے میں خود بھی بے وفاؤں میں آ گیا ہوں

سحرؔ مقدر کی بات ہے کیا گلہ کروں میں؟
بہار دیکھی نہیں خزاؤں میں آ گیا ہوں

کہنے کو عام ہے یہ مگر کس کے پاس ہے؟
آنکھیں ہیں سب کے پاس نظر کس کے پاس ہے؟

چل تو رہے ہیں منزلِ مقصود کو سبھی
یہ دیکھنا ہے زادِ سفر کس کے پاس ہے؟

ساحل پہ سوچتا ہوں بڑی دیر سے کھڑا
ہے سیپ میرے پاس گہر کس کے پاس ہے؟

وہ کون ہے جو صاحبِ عزت ہے اصل میں
دستار سب کے پاس ہے سر کس کے پاس ہے؟

دیوار و در میں جس کے ہو اپنائیت سحرؔ
ایسا نگر میں ایک بھی گھر کس کے پاس ہے؟

موم کے انداز کیسے پتھروں میں آ گئے؟
سوچتا ہوں پھول کیسے خنجروں میں آ گئے؟

آسمانوں پر دھنک کے عکس جب اڑنے لگے
رقص کرتے نقش تتلی کے پروں میں آ گئے

اب بہاروں اور خزاؤں میں نہیں کچھ امتیاز
ایک جیسے رنگ سارے منظروں میں آ گئے

اب کہاں باقی زمانے میں نظر کا اعتبار؟
بے بصر جتنے تھے سب دیدہ وروں میں آ گئے

قافلوں کی خیر یا رب منزلوں کی خیر ہو
رہزنوں کے وصف سارے رہبروں میں آ گئے

ریزہ ریزہ ہو گئے خوابوں کے آئینے سحرؔ
پتھروں کے طور جب شیشہ گروں میں آ گئے

مشکل ہے گرچہ کام یہ کرنا مجھے بھی ہے
اس شہر بے وفا سے گزرنا مجھے بھی ہے

گزری ہوئی بہار کی خوشبو ہوں دوستو!
برگِ خزاں کے ساتھ بکھرنا مجھے بھی ہے

وہ پھول ہے تو خوف ہے اس کو ہواؤں کا
شبنم ہوں میں شعاعوں سے ڈرنا مجھے بھی ہے

میں ہوں فلک کے خون کی سرخی شفق نہیں
سورج کے ساتھ ساتھ ابھرنا مجھے بھی ہے

تنہا حباب بن کے تجھے ٹوٹنا نہیں
ساحل کی ریت ہوں میں بکھرنا مجھے بھی ہے

خود سے یہ کہہ رہی ہے ہر اک بوند سانس کی
پیمانۂ حیات کو بھرنا مجھے بھی ہے

وہ تو مکر گیا ہے سحرؔ اپنی بات سے
میں کس طرح کہوں کہ مکرنا مجھے بھی ہے

اس کی کوئی مثال نہ دیکھوں تو کیا کروں؟
پھر قریۂ خیال نہ دیکھوں تو کیا کروں؟

ملتا نہیں ہے آنکھ کو معیار حسن کا
میں اس کے خدوخال نہ دیکھوں تو کیا کروں؟

فردا و دوش میرے نہیں اختیار میں
اب سوئے عہد حال نہ دیکھوں تو کیا کروں؟

اُڑنے کے واسطے مرے پر ہی نہیں رہے
خوابوں میں اپنے جال نہ دیکھوں تو کیا کروں؟

دہلیزِ شام اب ہے سحر سامنے مرے
میں منظرِ زوال نہ دیکھوں تو کیا کروں؟

ہم سے تلاطم آشنا لوگ جدھر جدھر گئے
موجیں مچل مچل اٹھیں دریا بپھر بپھر گئے

حسن کو اپنے دھیان میں کس کا خیال آ گیا؟
چہرہ چمک چمک اُٹھا گیسو سنور سنور گئے

چمکا ہے کس کا عکس یہ آئینۂ خیال میں
مطلعِ فکر پر کئی چاند ابھرا بھر گئے

جانے وہ ایسی کونسی بات تھی خاص راز کی
کہہ کے جسے وہ بار بار آج مکر مکر گئے

بیٹھے ہی تھے ابھی سحر غم سے ذرا سنبھل کے ہم
تیر پھر ان کی یاد کے دل میں اتر اتر گئے

کہاں دریا کوئی جو چشمِ پرنم کے برابر ہو
کوئی ساغر نہیں جو ساغرِ جم کے برابر ہو

کوئی تو بات ایسی ہو کہ ہو وجہِ سکونِ جاں
کوئی تو ایسا نشتر ہو جو مرہم کے برابر ہو

کسی بھی غم کو ایسی پائداری ہے کہاں حاصل؟
کوئی بھی غم نہیں جو اک ترے غم کے برابر ہو

کوئی بالشتیا ہے شہر میں باون گزا کوئی
نہیں ہے ایک بھی جو قدِ آدم کے برابر ہو

سحر دل میں ہمیشہ ہے مرے غم کی ہی کیفیت
کوئی موسم نہیں جو ایسے موسم کے برابر ہو

جوت دل کی آنکھ کے دھاروں میں کیسے آ گئی؟
روشنی گھر کی تھی بازاروں میں کیسے آ گئی؟

ایک سناٹا تھا چھایا کوچہ و بازار پر
یہ خموشی گھر کی دیواروں میں کیسے آ گئی؟

ان کے لہجے میں یہ تبدیلی اچانک کس طرح؟
پھول سی خنکی یہ انگاروں میں کیسے آ گئی؟

رت بدلتے ہی چمن میں خاک اڑاتی ہے ہوا
دشت کی میراث گلزاروں میں کیسے آ گئی؟

آنکھ لب دل وقف ہو کر رہ گئے غم کے لئے
یہ کہانی ڈھل کے کرداروں میں کیسے آ گئی؟

رقص کرتی وحشتیں ہیں چیختی تنہائیاں
عہدِ نو کی نسل پھر غاروں میں کیسے آ گئی؟

چڑھتے سورج کے پجاری ہیں سحرؔ اب اہلِ فن
مکر کی عادت یہ فنکاروں میں کیسے آ گئی؟

یہ عجب بات ہے دن جیسے گزرتے جائیں
خود بخود زخم ترے ہجر کے بھرتے جائیں

اس سے پہلے کہ کبھی ڈوبنا پڑ جائے ہمیں
کچھ ستاروں کی طرح ہم بھی ابھرتے جائیں

کوہساروں کی طرح بات پہ ہم قائم ہیں
کس طرح کر کے کوئی بات مکرتے جائیں

کیسے الفاظ ہیں یہ آج ترے ہونٹوں پر
تیر بن کر جو مرے دل میں اترتے جائیں

ہم پشیماں رہیں ہر جرم و خطا پر اپنے
اور ناکردہ گناہوں سے بھی ڈرتے جائیں

ایک اک کر کے جدا ہو گئے احباب سحرؔ
خشک پتے ہیں کہ شاخوں سے بکھرتے جائیں

سبھی اطوار اور عادات پیچھے چھوڑ آئے ہیں
ہم اپنا آپ اپنی ذات پیچھے چھوڑ آئے ہیں

چلے آئے ہیں ہم تپتے ہوئے صحراؤں میں لیکن
کسی کی آنکھ میں برسات پیچھے چھوڑ آئے ہیں

ہمیں آتا نہیں ہے یاد کچھ بھی دھوپ نگری میں
گھنیرے گیسوؤں کی رات پیچھے چھوڑ آئے ہیں

نظر آتے ہیں منزل پر مسافر مطمئن ایسے
کہ جیسے گردشِ حالات پیچھے چھوڑ آئے ہیں

ہمیں محسوس ہوتا ہے کہ ہم دل ہی نہیں رکھتے
کسی کے پیار کی سوغات پیچھے چھوڑ آئے ہیں

گھرے ہیں ہم سحر نفرت کے احساسات میں ہر سو
محبت کے حسیں جذبات پیچھے چھوڑ آئے ہیں

روشن ہوئے ہوا میں جو بجھتے ہوئے چراغ
کم ہمتوں کو دیں گے نئے حوصلے چراغ

پھیلی ہوئی تھی چاروں طرف جن کی روشنی
سارے نگر میں آج وہی گھر ہیں بے چراغ

آنکھوں سے جگمگاتے ہوئے اشک ہیں رواں
یا آبشار میں ہیں یہ بہتے ہوئے چراغ

جلنا ہے اپنے بس میں نہ بجھنے کا اختیار
ہم طاقِ زندگی پہ ہیں رکھے ہوئے چراغ

چاروں طرف فضا میں اجالا سا چھا گیا
شب کی سیاہیوں پہ جو کھل کر ہنسے چراغ

یہ ہے ہماری آبلہ پائی کا معجزہ
ہر گام پر جو دشت میں ہیں جل اٹھے چراغ

بڑھنے لگی ہے اور بھی کچھ جن سے تیرگی
محفل میں آ گئے ہیں کچھ ایسے نئے چراغ

شامل نہیں ہے میرے قبیلے میں وہ کبھی
ظلمت کو بھی جو اپنے قلم سے لکھے چراغ

ان سے ملے گا منزلِ مقصود کا نشاں
رہ میں جلا گئے ہیں جو یہ قافلے چراغ

کس کا خیال آیا کہ تاریکیاں ہٹیں
آیا ہے کس کا نام کہ جلنے لگے چراغ

تارے ہیں یا ہیں پھول سے کھلتے ہوئے سحرؔ
جگنو ہیں یا فضا میں ہیں اڑتے ہوئے چراغ

دل میں تھی جو چھپی وہ خوشی کون لے گیا؟
اس شاخ پر کھلی تھی کلی کون لے گیا؟

کس شعلہ رو نے دھوپ بکھیری ہے چار سو
اک برف سی تھی دل پہ جمی کون لے گیا؟

بے آب ہو گئے ہیں جزیرے نگاہ کے
آنکھوں سے آنسوؤں کی نمی کون لے گیا؟

یہ آج کیا ہوا مجھے اک چپ سی لگ گئی
ہونٹوں سے کھلکھلاتی ہنسی کون لے گیا؟

یادوں کا اک نشاں بھی نہیں دل میں اے سحرؔ
بستی سی اک یہاں تھی بسی کون لے گیا؟

گم سفر کی دھول میں سب راستے کیسے ہوئے!
آشنا منزل سے پھر بھی قافلے کیسے ہوئے!

ایک اک کر کے ہوا سے گل دیئے کیسے ہوئے
اسقدر ویران سارے طاقچے کیسے ہوئے!

زندگی کیوں اسقدر بے کیف ہو کر رہ گئی
ایک جیسے تلخ و شیریں ذائقے کیسے ہوئے؟

اب تو پہچانی نہیں جاتی ہے صورت شہر کی
یہ ہمارے بعد اتنے حادثے کیسے ہوئے؟

ایک ہی مٹی کی ہم تخلیق ہیں لیکن سحرؔ
مختلف فکر و نظر کے زاویئے کیسے ہوئے؟

روشنی ہو تیرگی ہو سب ہیں بھاری ایک سی
دن ہیں سارے ایک سے راتیں ہیں ساری ایک سی

عاشقوں کے ہے مقدر میں کہ وہ روتے رہیں
آنسوؤں کی ہر جگہ ندی ہے جاری ایک سی

چشم و دل پر ہے ہمارے ایک ہی جلوے کا رنگ
آئنوں میں بٹ گئی صورت تمہاری ایک سی

اس کا ہر تحفہ ہمیں ہے جان سے بڑھ کر عزیز
رنج ہو راحت ہو ہر حالت ہے پیاری ایک سی

دیکھ کر یہ کون کہتا ہے کہ ہم دو شخص ہیں
ہیں جدا قالب مگر جاں ہے ہماری ایک سی

اک اداسی ایک ویرانی سی چھائی ہے سحرؔ
شہرِ دل پر اب تو کیفیت ہے طاری ایک سی

بھرا ہوا تھا جو جامِ حباب ٹوٹ گیا
تمام طنطنۂ سطحِ آب ٹوٹ گیا

وہ رشکِ برق تھا چہرہ کہ دیکھتے ہی جسے
غرورِ نجم و مہ و آفتاب ٹوٹ گیا

گزر گیا ہے کئی خشک کھیت ترساتا
سمندروں پہ اُمنڈتا سحاب ٹوٹ گیا

کسی کی زلف میں سجنے کی آرزو لے کر
لچکتی شاخ سے تازہ گلاب ٹوٹ گیا

سحر گھرا تھا جو اپنی ہی ذات کے اندر
بالآخر اُس پہ انا کا عذاب ٹوٹ گیا

Kulliat-E-Hussain Sahar---WWW.HussainSahar.com----Page 1765 of 2222

ہر اک دھڑکتے دل میں محبت بدن کی ہے
ہر اک چمکتی آنکھ میں حسرت بدن کی ہے

اس کا وجود میری نظر میں ہے اس طرح
گویا کتابِ روح میں آیت بدن کی ہے

دنیائے آب و گِل پہ تسلط ہے جسم کا
گھیرے ہوئے زمین کو وسعت بدن کی ہے

جو سنگ کو گداز کرے موم کی طرح
ساری حرارتوں میں حرارت بدن کی ہے

دل ہے نگار خانۂ نقش و نگارِ حسن
اس آئنے میں ایک ہی حیرت بدن کی ہے

کرتی ہے طے سفر جو لہو بن کے ساتھ ساتھ
سر تا قدم سحر وہ رفاقت بدن کی ہے

کہیں عمرِ رواں کا کچھ پتا باقی نہیں رہتا
کہ اس رہ میں کوئی بھی نقشِ پا باقی نہیں رہتا

یہ ملنے میں دلوں کے درمیاں اتنا تکلف کیوں؟
محبت میں تو کوئی فاصلہ باقی نہیں رہتا

جوانی میں کہاں رہتا ہے کوئی ہوش دنیا کا ؟
اس آندھی میں کوئی جلتا دیا باقی نہیں رہتا

ذرا کچھ سوچ لیں عالم پنہ ! اس حکم سے پہلے
حکومت کا ہمیشہ تو نشہ باقی نہیں رہتا

ضروری ہے غموں کی آب دل کے واسطے ہر دم
چمک جس میں نہ ہو وہ آئنہ باقی نہیں رہتا

اک ایسا وقت بھی راہِ طلب میں آ ہی جاتا ہے
کہ جب لب پر کوئی حرفِ دعا باقی نہیں رہتا

خزاں کی دھوپ ہر سو گھیر لیتی ہے سحاؔب کو
گلوں کے سر پہ گر دستِ صبا باقی نہیں رہتا

یہ آنکھ مری اشک فشاں ہے کہ نہیں ہے؟
بے حرف وصد امیر ابیاں ہے کہ نہیں ہے؟

بلکی سی ذرا ٹھیس لگی ٹوٹ گئے دل
یہ کارگہِ شیشہ گراں ہے کہ نہیں ہے؟

ملاح بھی دشمن تھا ہوا بھی تھی مخالف
کشتی مری دریا میں رواں ہے کہ نہیں ہے؟

اس درجہ بہاروں کا تسلسل ہے چمن میں
یہ سوچ رہا ہوں میں خزاں ہے کہ نہیں ہے؟

دن رات سلگتے ہیں مکیں آتشِ غم میں
اٹھتا ہوا ہر گھر سے دھواں ہے کہ نہیں ہے؟

اک سر کہ جو کٹ کر بھی ہے مشغولِ تلاوت
قرآں یہ سرِ نوکِ سناں ہے کہ نہیں ہے؟

ہم کو تو یقیں ہے کہ جدا ہو نگے ہم اک دن
تجھ کو بھی بچھڑنے کا گماں ہے کہ نہیں ہے؟

ہیں غیر سحرؔ میرے لئے سب در و دیوار
بستی میں کوئی میرا مکاں ہے کہ نہیں ہے؟

قفس کی تنگ فضاؤں میں سانس لیتے ہیں
ہم اپنی اپنی اناؤں میں سانس لیتے ہیں

کڑکتی دھوپ نے جھلسا کے رکھ دیا ہم کو
کسی کی زلف کی چھاؤں میں سانس لیتے ہیں

رسائی عرش علا تک ہے ان پرندوں کی
جو حرف ماں کی دعاؤں میں سانس لیتے ہیں

ہمارے حلق میں کانٹے ہیں پیاس کے مارے
سمندروں کی ہواؤں میں سانس لیتے ہیں

نئی بہار کی خوشبو کے ہیں پیامی ہم
یہ اور بات خزاؤں میں سانس لیتے ہیں

ہمارا اپنی زمیں سے نہیں کوئی رشتہ
کہ جیسے دور خلاؤں میں سانس لیتے ہیں

ہمارے لب پہ صدائیں ہیں قہقہوں کی سحرؔ
اگرچہ غم کی فضاؤں میں سانس لیتے ہیں

بھول جاتا ہے جس کا نام ہمیں
یاد آتا ہے صبح و شام ہمیں

ذہن آزاد دل بھی ہے آزاد
کیسے رکھے گا وہ غلام ہمیں؟

جس سے ہم بات بھی نہ کرتے تھے
اس کو کرنا پڑا سلام ہمیں

دور رہتے تھے جس کے سائے سے
پڑ گیا ہے اسی سے کام ہمیں

آگہی کی جو روشنی بخشے
ایسی مستی نہیں حرام ہمیں

تلخیوں سے سحر ہے یوں معمور
زندگی زہر کا ہے جام ہمیں

یوں مرے دیدہ تر جلتے ہیں
جیسے برسات میں گھر جلتے ہیں

دشت کی دھوپ میں وہ شدت ہے
اپنی چھاؤں میں شجر جلتے ہیں

جب بھی سوچوں مَیں سراپا تیرا
مری تخئیل کے پر جلتے ہیں

آگ ہر موج کی یوں بھڑکی ہے
عین دریا میں بھنور جلتے ہیں

سرسکوں میں ہیں تو تن ہیں بیتاب
تن ہیں خاموش تو سر جلتے ہیں

نام کس شعلہ بدن کا لکھا
حرف کاغذ پہ سحؔر جلتے ہیں

عیاں ہے دل کا فسانہ بیان سے پہلے
کہ اشک بول اٹھے ہیں زبان سے پہلے

شروعِ اخیر کے سارے ورق شکستہ ہیں
کتابِ عمر پڑھیں درمیان سے پہلے

بڑھیں تو کیسے بڑھیں ہم بلندیوں کی طرف
کشش زمین کی ہے آسمان سے پہلے

بھڑکتی آگ مرے دل کی بجھ بھی سکتی ہے
مکین نکلیں تو سارے مکان سے پہلے

اسے خبر تھی کہ رونا پڑے گا آخر میں
ہنسایا خوب ہمیں داستان سے پہلے

سفینہ بازوئے ساحل کو چھو ہی لے گا سحرؔ
ہوا کا رُخ بھی تو ہو بادبان سے پہلے

یونہی نور کا سلسلہ چل رہا ہے
ابھی تک دئے سے دیا جل رہا ہے

اندھیرا ہے شب کا جو ہر سمت چھایا
کسی آنکھ کا کل یہ کاجل رہا ہے

وہیں چاند یادوں کا نکلا ہے پھر سے
خیالوں کا سورج جہاں ڈھل رہا ہے

بیابان دل کا ہے سنسان کتنا
کبھی یہ صداؤں کا جنگل رہا ہے

تری یاد چھائی رہی ہے دلوں پر
سروں پر ہمارے یہ بادل رہا ہے

زر و سیم ہے کارسازِ زمانہ
ہر اک مسئلے کا یہی حل رہا ہے

سحرؔ آج دشتِ تمنا ہے ویراں
کبھی ابرِ غم سے یہ بل تھل رہا ہے

جو اُس کے در پہ رسائی بہت ضروری ہے
تو دل کی راہ نمائی بہت ضروری ہے

خرد کے الجھے مسائل کا حل سمجھنے کو
جنوں کی عقدہ کشائی بہت ضروری ہے

وصال و قرب کی لذت ابھارنے کے لئے
کبھی کبھی تو جدائی بہت ضروری ہے

نجانے کب سے در و بامِ شہر ویراں ہیں
کسی کی جلوہ نمائی بہت ضروری ہے

جو دل میں چاہتے ہو عکسِ جلوۂ جاناں
اِس آئنے کی صفائی بہت ضروری ہے

دلوں کی برف سحر یوں پگھل نہیں سکتی
زباں کی شعلہ نوائی بہت ضروری ہے

اشکوں سے اپنی آنکھ کو تر کر رہے ہیں ہم
آبِ بقا سے اپنا سبو بھر رہے ہیں ہم

زیرِ قدم بس ایک ہی رستے کی خاک ہے
اک دائرے میں گویا سفر کر رہے ہیں

اس پیکرِ حیات میں ڈھلنے سے پیشتر
صدیوں کسی چٹان کے اندر رہے ہیں ہم

کیا ہے کھلی فضاؤں میں اُڑنے کی کیفیت
ہم جانتے نہیں ہیں کہ بے پر رہے ہیں ہم

لمحہ بہ لمحہ سانس ہمارے ہیں گھٹ رہے
لمحہ بہ لمحہ جیسے کہیں مر رہے ہیں ہم

اپنے تو اختیار میں کچھ بھی نہیں سحرؔ
شاید کسی کی عمر بسر کر رہے ہیں ہم

نفرت سے پُر سیاہ گھٹاؤں کے درمیاں
ہم جی رہے ہیں کیسی فضاؤں کے درمیاں

ان کی طرف جو ضد ہے تو اپنی طرف بھی ضد
دونوں گھرے ہوئے ہیں اناؤں کے درمیاں

دنیا و دیں کا خوف بھی اس کا خیال بھی
اک دل ہے کتنے فرماں رواؤں کے درمیاں

کل تک بجھی ہوئی تھیں جو طاقوں کی کود میں
وہ شمعیں جل رہی ہیں ہواؤں کے درمیاں

کس طرح ہو بہار کی خوشبو سے آشنا
وہ پھول جو کھلا ہو خزاؤں کے درمیاں

گم کر چکے ہیں منزلِ مقصود کا نشاں
جب سے گھرے ہیں راہ نماؤں کے درمیاں

اپنی زمین کا بھی انہیں چاہئے خیال
جو سیر کر رہے ہیں خلاؤں کے درمیاں

ہم کو نہیں سفر کے مصائب کا ڈر سحرؔ
رخصت ہوئے ہیں ماں کی دعاؤں کے درمیاں

یہ کیا؟ کہ اس سے جدائی کے خواب دیکھتے ہیں
ہم آج اپنی رہائی کے خواب دیکھتے ہیں

جنہیں شعور نہیں منزل و مسافت کا
ستم ہے راہ نمائی کے خواب دیکھتے ہیں

انہیں نہیں ہے کسی تاج و تخت کی حاجت
جو اس کے در کی گدائی کے خواب دیکھتے ہیں

نہیں ہے اپنے مسائل کی بھی خبر جن کو
جہاں کی عقدہ کشائی کے خواب دیکھتے ہیں

جو آئنے کے کبھی سامنے نہ آتے تھے
وہ اپنی جلوہ نمائی کے خواب دیکھتے ہیں

وہ بت جو ہم نے تراشے تھے اپنے ہاتھوں سے
غضب ہے آج خدائی کے خواب دیکھتے ہیں

نہیں ہے جن کو سحرؔ اختیار خود پر بھی
جہاں پہ فرماں روائی کے خواب دیکھتے ہیں

بنوں میں رہتے ہوئے گلشنوں میں رہتے ہوئے
حیات گزری ترے مسکنوں میں رہتے ہوئے

وہی دکھائی دیا آج بے تعلق سا
زمانہ گزرا جسے دھڑکنوں میں رہتے ہوئے

کہیں ہم ان کو برا کس زبان سے یارو!
ہمارے دوست ہیں وہ دشمنوں میں رہتے ہوئے

کہیں کہیں نظر آتا ہے حُسن کا جلوہ
دکھائی دیتے ہیں وہ چلمنوں میں رہتے ہوئے

کہاں شعور سحرؔ اس کو راہ و منزل کا؟
ہو جس کی عمر کٹی رہزنوں میں رہتے ہوئے

ہر اک آنسو بیاں سے کم نہیں ہے
خموشی بھی زباں سے کم نہیں ہے

رفاقت ہو جو حاصل ہم صفیرو !
قفس بھی آشیاں سے کم نہیں ہے

بظاہر نقشِ پا ہے دیکھنے میں
مگر یہ کہکشاں سے کم نہیں ہے

گماں بھی کم نہیں ہے کچھ یقیں سے
یقیں بھی کچھ گماں سے کم نہیں ہے

اگر عزمِ سفر تازہ ہو دل میں
مسافر کارواں سے کم نہیں ہے

یہاں کچھ لوگ رشکِ مہرومہ ہیں
زمیں بھی آسماں سے کم نہیں ہے

بچھڑنے والے رخصت چاہتے ہیں
یہ لمحہ امتحاں سے کم نہیں ہے

سحرؔ گر غنچۂ دل ہو شگفتہ
بیاباں گلستاں سے کم نہیں ہے

ہمیشہ درد سے سیراب رکھا
دل اس کی موج سے شاداب رکھا

نہیں ممکن کوئی تعبیر جس کی
سجا کر آنکھ میں وہ خواب رکھا

نہ آنکھوں سے بہایا اشک غم کو
چھپا کر ہم نے یہ سیلاب رکھا

بچا کر لائے تھے جس کو جہاں سے
وہی سجدہ سرِ محراب رکھا

کبھی ڈوبے نہیں ہیں ذات میں ہم
ہمیشہ خود کو ہے پایاب رکھا

وہ کیسا شوق تھا آوارگی کا
کہ جس نے عمر بھر بیتاب رکھا

سحؔر تازہ رکھا ذہن و نظر کو
کھلا یوں روح کا ہر باب رکھا

نئی صورت میں ڈھلتا جا رہا ہوں
میں ہر لمحہ بدلتا جا رہا ہوں

سہاروں کی نہیں مجھ کو ضرورت
میں گر گر کر سنبھلتا جا رہا ہوں

کشش کوئی لئے جاتی ہے جیسے
تری حد سے نکلتا جا رہا ہوں

نہیں کوئی خبر منزل کی مجھ کو
مگر پھر بھی میں چلتا جا رہا ہوں

مسلسل چاک پر گردش میں ہوں میں
ترے ہاتھوں میں ڈھلتا جا رہا ہوں

ہوا کا رخ سحؔر اپنا لیا ہے
میں طوفاں میں بھی جلتا جا رہا ہوں

واقف نہیں وہ کیا ہے بہاروں کا پیرہن
جس گل نے اوڑھ رکھا ہو خاروں کا پیرہن

تجھ کو شبِ سیاہ کی ظلمت کا کیا پتا؟
زیبِ بدن ہے تیرے ستاروں کا پیرہن

ہے ڈوبنا ہمارے مقدر میں لازمی
موجوں کے جسم پر ہے کناروں کا پیرہن

جس کو پہن کے آدمی ننگِ لباس ہو
وہ پیرہن ہے آج بھی غاروں کا پیرہن

افسردگی ہے شہر کے لوگوں پہ اس طرح
زندوں کے تن پہ جیسے مزاروں کا پیرہن

کچھ فرق اب رہا نہیں اپنے پرائے میں
پہنا ہے دشمنوں نے بھی یاروں کا پیرہن

میں ڈگمگا رہا ہوں ہر اک گام پر سحرؔ
اوڑھا ہے جب سے میں نے سہاروں کا پیرہن

ہم اپنے گھر کا رستہ بھول کر صحرا میں آ نکلے
بجھانے پیاس اپنی ریت کے دریا میں آ نکلے

کبھی چہرے بھی دیتے ہیں کھلا دھوکا نگاہوں کو
تلاش دوستاں تھی ہم صف اعدا میں آ نکلے

ہزاروں وسوسوں نے شہرِ دل پامال کر ڈالا
کہاں کفار صحنِ مسجدِ اقصیٰ میں آ نکلے؟

زمانے کا سفر گویا سفر اک دائرے کا ہے
گئے جو شہر ماضی میں درِ فردا میں آ نکلے

ٹھکانہ ہی نہیں کوئی ہمارا مستقل یارو !
کبھی گلشن میں آ نکلے کبھی صحرا میں آ نکلے

تمنا تھی نہ خواہش تھی نہ تھی کوئی غرض ہم کو
تماشا دیکھنے بازی گہِ دنیا میں آ نکلے

چراغِ درد تھے ہم کو تو جلنا تھا الگ رہ کر
شبستاں سے چلے اپنے دلِ تنہا میں آ نکلے

غزل کہنے کو جب فکرِ سخن کی ہے سحرؔ ہم نے
غلام الفاظ تھے جو خدمتِ آقا میں آ نکلے

یوں نظر آتا ہے یہ نام کسی اور کے ہیں
اپنے ہاتھوں میں جو ہیں جام کسی اور کے ہیں

اپنی قسمت کو جو دیکھا تو کھلا ہے ہم پر
اضطراب اپنے ہیں آرام کسی اور کے ہیں

عدل فرمائیں سزا دینے سے پہلے مجھ کو
جو مرے سر ہیں وہ الزام کسی اور کے ہیں

غور سے جھانک کے دیکھا ہے تری آنکھوں میں
ان دریچوں میں تو پیغام کسی اور کے ہیں

اجنبیت سی برستی ہے فضائے دل پر
جیسے اس گھر کے درودیوار کسی اور کے ہیں

اس کی زلفوں کی طرح ابر نہیں سایہ فگن
یہ تو گیسوئے سیہ فام کسی اور کے ہیں

گرچہ ہم اس کے غلاموں میں ہیں شامل لیکن
مانتے ہم ہیں جو احکام کسی اور کے ہیں

بے ارادہ جو بسر کرتے ہیں ہم مدت سے
ماہ و سال اور سحر و شام کسی اور کے ہیں

زندگی دریا کی خاموشی بھی ہے طوفان بھی
مسئلہ ہے ذات کا دشوار بھی آسان بھی

وہ ہمارے ذکر سے دامن چھڑا سکتا نہیں
ہم گواہی بھی ہیں اسکی اور ہیں پہچان بھی

ایک مدت بعد بھی کمرہ مرا بدلا نہیں
ہے وہی تصویر بھی اسکی وہی گلدان بھی

یاد کرنے پر بھی اب تو یاد وہ آتا نہیں
بھول جانے کا نہ تھا جس کے ذرا امکان بھی

صرف آنکھوں کے دریچے ہی نہیں کافی سحؔر
روشنی کو کھول دیجے دل کا روشندان بھی

شکستِ دل کے ہیں آثار مختلف سب سے
کہ اس کے ہیں درودیوار مختلف سب سے

بہار میں بھی رہی دل کی شاخ شاخ تہی
مرے چمن کے ہیں اشجار مختلف سب سے

محبتوں کا نہ آغاز ہے نہ ہے انجام
ہیں اس کہانی کے کردار مختلف سب سے

حریف ساتھ لئے چل رہا ہوں منزل کو
سفر میں ہے مرا ایثار مختلف سب سے

عدو کو اپنا بناتا ہوں ایک وار سے میں
ہے میرے ہاتھ میں تلوار مختلف سب سے

جو مجھ کو بھول گیا اس کو یاد کرتا ہوں
مری وفا کا ہے معیار مختلف سب سے

کبھی ہم اس کی تجلی میں ڈوب کر دیکھیں
ہیں اپنی ذات کے انوار مختلف سب سے

سحرؔ وہ خود کو سناتا ہے سب سے چھپ چھپ کر
مری غزل کے ہیں اشعار مختلف سب سے

اس نے گنگ جوابوں کی تصویر بنا رکھی ہے
رخ پر بند کتابوں کی تصویر بنا رکھی ہے

زخمِ وفا لوگوں کو سمجھانے کی خاطر میں نے
تازہ سرخ گلابوں کی تصویر بنا رکھی ہے

ہوش میں رہنا ہو تو اس کی آنکھوں کو مت تکنا
اس نے مست شرابوں کی تصویر بنا رکھی ہے

ایک مصور نے دیکھی ہے یوں اس کی پیشانی
کاغذ پر مہتابوں کی تصویر بنا رکھی ہے

قدم قدم پر سحر ہیں بھٹکے عمر کے صحراؤں میں
دل نے کئی سرابوں کی تصویر بنا رکھی ہے

کبھی جو لوٹ کے گھر سے مکالمہ کرتے
ہر اک دریچہ و در سے مکالمہ کرتے

ہماری آنکھ کو آتی کبھی جو گویائی
تو ہم بھی ان کی نظر سے مکالمہ کرتے

کہیں زبان جو ملتی ہمارے اشکوں کو
تو اپنے دیدۂ تر سے مکالمہ کرتے

جو بول سکتے کہیں یہ ادھورے فن پارے
کمالِ دست ہنر سے مکالمہ کرتے

ہمارے ہاتھ جو اٹھتے نہ آسماں کی طرف
دعا کے حرف اثر سے مکالمہ کرتے

اگر نہ ہوتے کبھی اتنے شب گزیدہ ہم
ضرور نجمِ سحر سے مکالمہ کرتے

محبتوں میں ہوا اپنا حال سب سے الگ
فراق سب سے الگ تھا وصال سب سے الگ

عجیب کرب کا عالم عجیب کیف نشاط
خوشی جدا ہے ہماری ملال سب سے الگ

علاجِ ظلمتِ شب کے لئے دکھا اعجاز
کوئی قمر کوئی تارا اچھال سب سے الگ

جواب بھی مجھے اس کا ملے جدا سب سے
کیا ہے میں نے جو تجھ سے سوال سب سے الگ

ہے رنگِ ظلم میں بھی الفات کی خوشبو
ستم گری میں ہے اُس کی مثال سب سے الگ

ہمارے قصے کا آغاز تھا جدا سب سے
ہوا اسی لئے اپنا مآل سب سے الگ

مرے سخن کی سحر مختلف ہے کیفیت
ہے مرے دشت کا اک اک غزال سب سے الگ

کیا کیا اپنی دھن میں باتیں کرتی ہیں
مجھ سے اس کی آنکھیں باتیں کرتی ہیں

اس کی زلفوں پر شاموں کا سایہ ہے
جس کے رخ پر صبحیں باتیں کرتی ہیں

ہجر کے ماروں کا بھی ہے معمول عجب
دن خاموش ہیں راتیں باتیں کرتی ہیں

کیا معلوم یہ بجھنے والی شمعوں کو؟
کیا کیا تیز ہوائیں باتیں کرتی ہیں؟

سر پہ کڑکتی دھوپ اگر چھا جاتی ہے
دھیان میں اس کی زلفیں باتیں کرتی ہیں

کہاں ہے منزل کس جانب ہیں قدم سحرؔ
ہر راہی سے راہیں باتیں کرتی ہیں

کب سے رواں ہیں آج تو تھک جانا چاہئے
چلتے ہوئے ذرا سا بھٹک جانا چاہئے

یہ کیا کہ ہولے ہولے سلگتے رہیں سدا؟
اک بار آگ بن کے بھڑک جانا چاہئے

دل میں ہوائے شوق ہے ہر سو رواں دواں
اس گل کو اب تو خوب مہک جانا چاہئے

خاموش دل رہے گا ہمارا کہاں تلک؟
سینے میں اس کے اب تو دھڑک جانا چاہئے

حد سے گزر چکی ہے شبِ غم کی تیرگی
سورج کو اب سروں پہ چمک جانا چاہئے

اتنی بھی احتیاط مناسب نہیں سحرؔ
آنکھوں سے اشکِ غم کو ٹپک جانا چاہئے

کھلتی ہوئی شاخوں پہ کلی کیوں نہیں آتی؟
باغوں میں ابھی رُت وہ ہری کیوں نہیں آتی؟

دل میں تو مرے درد کا پھیلا ہے سمندر
حیران ہوں آنکھوں میں نمی کیوں نہیں آتی؟

سن کر جسے شاخوں پر چٹک اٹھتی ہیں کلیاں
بچوں کے لبوں پر وہ ہنسی کیوں نہیں آتی؟

ہوں شہر کے رستوں پہ رواں کب سے مسلسل
حیرت ہے ابھی تک وہ گلی کیوں نہیں آتی؟

رہزن تو ہے مشاق بہت اپنے ہنر میں
رہبر کو مگر راہبری کیوں نہیں آتی؟

ہر سمت ہے بستی میں چراغاں ہی چراغاں
ظلمت میں سحر کوئی کمی کیوں نہیں آتی؟

آنکھوں میں کہیں اشکوں کا کوئی سیلابِ بلا لڈا ہی نہ ہو
ہم جس کو سمجھتے ہیں ٹھہرا وہ بہتا ہوا دریا ہی نہ ہو

جب غور کریں تو ہر شے کا روشن پہلو بھی ہوتا ہے
میں جس کو برا کہتا ہوں کہیں وہ حق میں مرے اچھا ہی نہ ہو

شاید مجھے اپنے بارے میں ہو ایک غلط فہمی اب تک
میں جس کو بھلا بیٹھا ہوں کہیں وہ دل میں مرے رہتا ہی نہ ہو

جو میرا گماں ہے ممکن ہے وہ عین حقیقت بن جائے
میں جیسا سمجھتا ہوں اسکو وہ شخص کہیں ویسا ہی نہ ہو

سچ ہے کہ ہماری آنکھیں بھی اکثر ہمیں دھوکہ دیتی ہیں
جو محفل آرا ہے سب میں وہ شخص کہیں تنہا ہی نہ ہو

منہ پھیر کے جانے کا اس سے کیوں آج ہمیں شکوہ ہے بہت
ہوسکتا ہے راہ چلتے ہوئے کل اس نے ہمیں دیکھا ہی نہ ہو

یہ اس کی آنکھوں کی سرخی یہ اس کے چہرے کی زردی
ممکن ہے کئی راتوں سے سحرؔ وہ میری طرح سویا ہی نہ ہو

ہم رواں ہوتے ہیں کب اُس کی طرف؟
راستے جاتے ہیں سب اُس کی طرف

اپنی منزل کے لئے ہے جا رہا
کاروانِ روز و شب اس کی طرف

مل گیا اُمید سے بڑھ کر کہیں
جب بڑھا دستِ طلب اس کی طرف

چاہتے ہیں روح کی سیرابیاں
دیکھتے ہیں تشنہ لب اس کی طرف

کون ہے میری گواہی کے لئے؟
ہیں یہاں تو سب کے سب اس کی طرف

عکس اپنا ہی نظر آیا سحرؔ
غور سے دیکھا ہے جب اس کی طرف

زمین بھول گئے آسمان بھول گئے
ہم اپنی ذات کے سارے نشان بھول گئے

نئی فضا میں نیا خوف تھا پرندوں کو
پروں کے ہوتے ہوئے بھی اڑان بھول گئے

اگرچہ طاق ہیں ہم نو بہ نو زبانوں میں
مگر جو ماں نے سکھائی زبان بھول گئے

نشاط و عیش میں جو ہر قدم پہ ساتھی تھے
مصیبتوں میں وہی مہربان بھول گئے

وہ سامعین کے اشکوں میں کھو گئے ہوں گے
جو کہتے کہتے مری داستان بھول گئے

ہمارا حافظہ کیا ہے؟ کتاب ہستی کا
شروع اخیر نہیں درمیان بھول گئے

نئی زمین کی تھی دھوپ میں کشش ایسی
کہ اپنے دیس کے ہم سائباں بھول گئے

ستم ظریفیٔ حالات ہی کہیں اس کو
کہ نام رہتا تھا جو حرزِ جان بھول گئے

سحرؔ بھٹکتے ہوئے ہر گلی میں پھرتے ہیں
ہم اپنے شہر میں اپنا مکان بھول گئے

کون کہتا ہے کہ پوشاک سلامت رہ جائے؟
بس گریبان کا اک چاک سلامت رہ جائے

جب شب و روز ہیں رفتار زمیں کے درپے
کس لئے گردشِ افلاک سلامت رہ جائے؟

دل کے چوگرد ہے اب تازہ غموں کی یورش
کاش موجوں سے یہ خاشاک سلامت رہ جائے

گرچہ ہوں بے سروسامان مگر چاہتا ہوں
مرے دشمن پہ مری دھاک سلامت رہ جائے

بے بسی کی وہ ہوا ہے کہ رواں ہے ہر سو
یہ مرا دیدۂ نمناک سلامت رہ جائے

بارشِ سنگِ جنوں ہے کہ ہے جاری ہر دم
اے خدا شیشۂ ادراک سلامت رہ جائے

اپنے ہاتھوں سے اڑاتا ہوں میں خاک اپنی ہی
شاید اس طرح مری خاک سلامت رہ جائے

کعبۂ دل میں تمناؤں کے اصنام نہ پوچھ
یہ مری مملکتِ پاک سلامت رہ جائے

چاہے چھن جائے دہن سے یہ زباں میری سحرؔ
اک مرا لہجۂ بیباک سلامت رہ جائے

چاند چراغ ستارے جگنو میرے ہیں
تاریکی سے لڑتے بازو میرے ہیں

ہر سینے کی آہ کا رشتہ مجھ سے ہے
ہر اک آنکھ سے بہتے آنسو میرے ہیں

خوش بھی ہوں میں خود سے اور بیزار بھی ہوں
اپنی ذات کے کتنے پہلو میرے ہیں

اس کے قرب میں وقت ہے میری مٹھی میں
صبح کے عارض شام کے گیسو میرے ہیں

کانٹے تو پہچان ہیں میرے دشمن کی
پھول جو پھیلاتے ہیں خوشبو میرے ہیں

سحرؔ قبیلۂ اہلِ محبت ہے میرا
سچلؔ اور رحمانؔ اور باہوؔ میرے ہیں

شکست و فتح کے معنی بدل بھی سکتے ہیں
ابھرتے ہی کئی خورشید ڈھل بھی سکتے ہیں

یقیں کی اب بھی حرارت اگر میسر ہو
ضمیر پر ہیں جو پتھر پگھل بھی سکتے ہیں

ہمیشہ ایک سے حالات رہ نہیں سکتے
گرے ہیں آج اگر کل سنبھل بھی سکتے ہیں

اگر ہو واقعی موجود جذبۂ صادق
چراغ تیز ہواؤں میں جل بھی سکتے ہیں

پڑے جو وقت تو زندانِ دہر کے قیدی
حدودِ شام و سحر سے نکل بھی سکتے ہیں

رات کے اندھیروں میں کیسے خواب میرے ہیں؟
روشنی کی لہروں میں بہتے خواب میرے ہیں

کوئی بھی نہیں شامل دوسرے کی خواہش میں
تیرے خواب تیرے ہیں میرے خواب میرے ہیں

ان کی تہہ میں اکثر میں ڈوب ڈوب جاتا ہوں
بیکراں سمندر سے گہرے خواب میرے ہیں

یہ بتا نہیں سکتیں میری ادھ کھلی آنکھیں
میرے سارے خوابوں میں کتنے خواب میرے ہیں

ظلم اور نفرت سے میرا کیا سحرؔ رشتہ؟
امن اور محبت کے سارے خواب میرے ہیں

اندھیری شب میں جگنو جاگتے ہیں
کہ سناٹوں میں گھنگرو جاگتے ہیں

نگاہیں دیکھنے والی اگر ہوں
تری آنکھوں میں جادو جاگتے ہیں

بیاں ہوتا ہے سب احوال دل کا
زباں چپ ہو تو آنسو جاگتے ہیں

اگر سوئی ہوں گلشن کی فضائیں
تو غنچے بن کے خوشبو جاگتے ہیں

زبانیں کاٹ دی جائیں سحر جب
یکایک دست و بازو جاگتے ہیں

بغور ظلمتِ شب کا بیان سنتے ہیں
کہ خامشی کی ہے اپنی زبان سنتے ہیں

فضا میں پھیلی ہوئی ہیں جو کب سے چار طرف
وہ ان سنی سی صدائیں یہ کان سنتے ہیں

چلو سنائیں ستاروں کو ہجر کا احوال
زمیں تو سنتی نہیں آسمان سنتے ہیں

تمام ہیں در و دیوار گوش برآواز
مکیں اگر نہ ہوں،خالی مکان سنتے ہیں

جسے نہ لفظ بیاں کر سکیں وضاحت سے
تو آنسوؤں سے وہی داستان سنتے ہیں

کہاں شعور ہے سننے کا ناخداؤں کو؟
ہوا کی بات مگر بادبان سنتے ہیں

سماعتوں میں جو پیدا کرے گداز سحرؔ
حریمِ روح کی ہم وہ اذان سنتے ہیں

آنکھوں کو جب تلک نہ ملے تیرگی کا لمس
ممکن نہیں کبھی کہ ملے روشنی کا لمس

خوشبو کسی کی یاد کی چھو کر گزر گئی
اور مجھ کو دے گئی وہ نئی زندگی کا لمس

میں نے جو اپنے ہونٹ سمندر پہ رکھ دیئے
پایا وہاں عجیب سی اک تشنگی کا لمس

مانوس ایک لہر لہو میں ہے تیرتی
پاتا ہے آدمی جو کسی آدمی کا لمس

میں نے کبھی چھوا تھا کسی رشکِ ماہ کو
ہاتھوں میں اب تلک ہے مرے چاندنی کا لمس

کانٹے غمِ حیات کے چبھتے ہیں یوں سحرؔ
خون ریز برچھیوں کی ہو جیسے انی کا لمس

اس کو کیا معلوم؟ کیا ہے آرزو کا ذائقہ؟
جس نے چکھا ہی نہیں اپنے لہو کا ذائقہ

حسن ہے ناآشنا خود آگہی کے لطف سے
پھول نے دیکھا کہاں ہے رنگ ربو کا ذائقہ؟

ہر نفس ہے اک مسلسل عزم کی لذت سے پُر
زندگی کیا ہے؟ فقط ہے جستجو کا ذائقہ

زیست کی سب تلخیاں شیرینیوں میں ڈھل گئیں
ہم نے جب پایا کبھی دل کے سبو کا ذائقہ

ہم نے جب بھی خواہش ابر بہاراں کی سحرؔ
اپنے ہونٹوں پر کیا محسوس لُو کا ذائقہ

گر نہیں سکتا کبھی حالات کی آغوش میں
جو پلا ہو رات دن آفات کی آغوش میں

ہر گھڑی بہتے ہوئے اشکوں سے مجھ کو کام ہے
دن گزرتے ہیں مرے برسات کی آغوش میں

منکشف ہوتے ہیں مجھ پر راز ہائے کائنات
جب بھی آتا ہوں میں اپنی ذات کی آغوش میں

روح جب ہو جائے زخمی خنجرِ آلام سے
چین ملتا ہے کہاں نغمات کی آغوش میں

وقت کی تہہ میں جو ہم اترے ہوا محسوس یوں
کتنی صدیاں ہیں سحر لمحات کی آغوش میں

یہ جو ننھا سا دیا ہے شام کی دہلیز پر
ایک لمحے کی ضیا ہے شام کی دہلیز پر

آسماں پر اک ستارہ کانپتا ہے خوف سے
ظلمتوں کا سامنا ہے شام کی دہلیز پر

اک کرن جھک کر یہ کہتی ہے حدِ آفاق سے
چاند دستک دے رہا ہے شام کی دہلیز پر

خشک پتوں کے کھڑکنے کی جو آتی ہے صدا
اک عجب شورِ ہَوا ہے شام کی دہلیز پر

ایک اک لمحہ بیاں کرتا ہے دن کا حال سب
خامشی کی اک صدا ہے شام کی دہلیز پر

اک دیا بجھنے کو ہے طاقِ شفق کی گود میں
اک دیا جلنے لگا ہے شام کی دہلیز پر

چپ کوئی آواز دیتی ہے کہ ہے آواز چپ
غور سے سنتے ہیں کیا ہے ؟شام کی دہلیز پر

یہ جو اک جگنو چمکتا ہے اندھیرے میں سحؔر
شب کے آنے کا پتا ہے شام کی دہلیز پر

اس طرح ٹوٹے ہیں شیشے خواب کے
روح تک چبھتے ہیں ریزے خواب کے

جاگتی آنکھوں میں کابل کی طرح
ہر طرف پھیلے ہیں سائے خواب کے

بل رہے ہیں بھیگی پلکوں پر چراغ
جگمگا اٹھے ہیں رستے خواب کے

آنکھ سے آنسو مسلسل ہیں رواں
پھوٹتے ہیں کیسے چشمے خواب کے

ہم کبھی سیراب ہو سکتے نہیں
ہم ہمیشہ سے ہیں پیاسے خواب کے

چاندنی سی دل میں بکھری ہے سحرؔ
کون یہ اترا ہے زینے خواب کے؟

روح کچھ ایسے ہے پوشاک بدن اوڑھے ہوئے
پھول ہو جس طرح خوشبوئے چمن اوڑھے ہوئے

ہر طرف ہے پھر دھنک کے شوخ رنگوں کی بہار
موسم آیا ہے کسی کا پیرہن اوڑھے ہوئے

پا نہیں سکتی ہماری گرد کو بھی اب خرد
مدتیں گزریں ہمیں دیوانہ پن اوڑھے ہوئے

کل وہ مدت بعد بھی ہم کو ملا اس طور سے
اپنے ماتھے پر تھا نفرت کی شکن اوڑھے ہوئے

بدگمانی کی ہوائیں ہم کو چھو سکتی نہیں
ہم تو پھرتے ہیں ابھی تک حسن ظن اوڑھے ہوئے

اس کے ہونٹوں پر تبسم اس طرح ہے جلوہ ریز
برگِ گل جیسے ستاروں کی کرن اوڑھے ہوئے

عکس ہے مجھ میں یہ سب آئینہ حالات کا
اک ردائے کرب ہے جو میرا فن اوڑھے ہوئے

وقت نے بدلیں ہزاروں کروٹیں لیکن سحرؔ
دل ابھی تک ہے وہی یادِ کہن اوڑھے ہوئے

میرے آئینے کی ہر تصویر اس کے پاس ہے
خواب میرے پاس ہیں تعبیر اس کے پاس ہے

اس کی نظروں میں عجب ہے کیمیا کا سا اثر
میں سراسر خاک ہوں اکسیر اس کے پاس ہے

کب وہ میری ذات کے اک ایک ریزے کو چنے
منتظر ہوں میں ،میری تعمیر اس کے پاس ہے

جب بھی چاہے وقت کو کر لے وہ مٹھی میں اسیر
اڑتے لمحوں کے لئے زنجیر اس کے پاس ہے

اس کے میرے درمیاں ہیں فاصلے ہی فاصلے
شب ہے میرے پاس اور تنویر اس کے پاس ہے

وہ بنا سکتا ہے اب مجھ کو نشانہ بے خطر
میرے ہی ترکش کا اک اک تیر اس کے پاس ہے

خود پہ جو اترا رہا ہے آج میرے سامنے
میری ہی بخشی ہوئی تو قیر اس کے پاس ہے

اپنے ہر نفع و ضرر کا آپ ہی مختار ہوں
کون کہتا ہے مری تقدیر اس کے پاس ہے؟

کس طرح ممکن ہے میری کامیابی اب سحرؔ؟
پاس ہے میرے دعا تاثیر اس کے پاس ہے

زمیں کو دور سے یوں آسماں آواز دیتا ہے
کسی کو جیسے کوئی ہم زباں آواز دیتا ہے

چمن میں خشک پتوں کے کھڑکنے کی صدا سن کر
گلوں کے دور کو عہدِ خزاں آواز دیتا ہے

میں کھو جاتا ہوں اپنی ذات کے جب بھی حصاروں میں
مجھے میرے ہی ہونے کا نشاں آواز دیتا ہے

صدائیں گونجتی رہتی ہیں دیواروں سے ٹکرا کر
مکینوں سے ہو گر خالی، مکاں آواز دیتا ہے

اندھیری شب کے سناٹے میں اک ویراں دریچے سے
صداؤں کا مجھے اک کارواں آواز دیتا ہے

مجھے محسوس ہوتا ہے پکاروں جب سحرؔ اس کو
کہ جیسے ساتھ میرے اک جہاں آواز دیتا ہے

فصلِ گل مٹھی میں ہے عہدِ خزاں مٹھی میں ہے
دیکھئے تو اُس کی سارا گلستاں مٹھی میں ہے

میرے قدموں میں ہے مٹی کوچۂ دلدار کی
ہے زمیں مٹھی میں میری، آسماں مٹھی میں ہے

سامنے اس کے ادا ہوتا نہیں اک حرف بھی
کیسے کہہ سکتا ہوں میں میری زباں مٹھی میں ہے

آشنا ہے وہ ہواؤں کے مزاجِ سخت سے
ناخدا ایسا ہے جس کی بادباں مٹھی میں ہے

ایک رشکِ مہر و مہ پہلو میں میرے ہے سحرؔ
ایسے لگتا ہے کہ جیسے کہکشاں مٹھی میں ہے

کب زر و لعل و گہر باندھ رکھے ہیں ہم نے؟
جیب میں حرفِ ہنر باندھ رکھے ہیں ہم نے

ڈوبنے سے ہمیں اب کون بچا سکتا ہے؟
اپنے پیروں میں بھنور باندھ رکھے ہیں ہم نے

پاؤں اٹھتے ہی نہیں راہ نوردی کے لئے
اسقدر زحمتِ سفر باندھ رکھے ہیں ہم نے

ہم کو معلوم ہے کتنی ہے فضا کی وسعت
بس یہی سوچ کے پر باندھ رکھے ہیں ہم نے

نہیں پردیس میں بھی دیس سے ہم دور کبھی
ہر گھڑی دوش پہ گھر باندھ رکھے ہیں ہم نے

شاخ در شاخ ہیں یوں پھول گریزاں ہم سے
جیسے ہاتھوں پہ شرر باندھ رکھے ہیں ہم نے

آسمانوں کی طرف دستِ دعا کیوں اٹھیں؟
اپنے لفظوں میں اثر باندھ رکھے ہیں ہم نے

سر بھی گر جائیں گے دستار کے گرتے ہی سحرؔ
جیسے دستار میں سر باندھ رکھے ہیں ہم نے

قوت ہے کہاں قوت کردار سے بڑھ کر؟
وار ایسا نہیں کوئی بھی اس وار سے بڑھ کر

ہے ایسے قبیلے سے تعلق مرا جس میں
سر قابلِ عزت نہیں دستار سے بڑھ کر

الفاظ کی دولت سے نہیں بڑھ کے کوئی شے
نعمت نہیں کوئی لبِ گفتار سے بڑھ کر

حاصل جو ہوا ہے ہمیں اپنوں کی زباں سے
کاری ہے بہت زخم پہ تلوار سے بڑھ کر

گھر ہوتا نہیں سنگ و گل و خشت سے منسوب
اک اور بھی شے ہے در و دیوار سے بڑھ کر

کہتا ہے خموشی سے یہ آنکھوں کا تکلم
انکار ہے تیرا کسی اقرار سے بڑھ کر

کہنے کو سحرؔ دل پہ مرے غم کی ہے یورش
تنہا ہے یہ اک لشکرِ جرار سے بڑھ کر

ساحلِ چشم سے خوناب اترتا ہی نہیں
کیسی بستی ہے کہ سیلاب اترتا ہی نہیں

مجھ کو معلوم نہیں چاندنی کیا ہوتی ہے؟
مرے آنگن میں تو مہتاب اترتا ہی نہیں

سچ زمانے کو گوارا نہیں ہوتا ہرگز
حلق سے ساغرِ زہراب اترتا ہی نہیں

صاحبِ مال کوئی ہو بھی تو قارون نہ ہو
ذہن سے نشہ اسباب اترتا ہی نہیں

سطحِ دریا ہی پہ ہے حشر بپا موجوں کا
تہہ میں تو خنجرِ گرداب اترتا ہی نہیں

کب سے ہم جاگتی آنکھوں کو لئے بیٹھے ہیں
آسمانوں سے کوئی خواب اترتا ہی نہیں

مسکراتے ہوئے چہروں نے چھپایا لیکن
رنگِ بے مہریٔ احباب اترتا ہی نہیں

صرف ہے گوشِ سماعت میں سحرؔ گونج اس کی
روح میں نغمۂ مضراب اترتا ہی نہیں

ترے در پر ہوا بن کر بکھرنا چاہتا ہوں میں
مجھے اتنی محبت ہے کہ مرنا چاہتا ہوں میں

غموں میں کود جانے کا مجھے کچھ شوق ہے اتنا
کہ اس دریا کی لہروں سے گزرنا چاہتا ہوں میں

جو خوشبو دیکھنا چاہے مجھے وہ اک نظر دیکھے
لہو کے رنگ میں ایسے نکھرنا چاہتا ہوں میں

کبھی ترکِ تعلق پر بھی ملنا چاہتا ہے دل
کبھی حرفِ وفا کہہ کر مکرنا چاہتا ہوں میں

اگرچہ لفظ ہوں لیکن سحرؔ اک تیر کی صورت
کسی دل میں خموشی سے اترنا چاہتا ہوں میں

یوں خداداد یہ دولت نہیں حاصل ہوتی
مانگنے سے کبھی عزت نہیں حاصل ہوتی

اوجِ قامت کے لئے اور ہی پیمانے ہیں
قد بڑھانے سے تو رفعت نہیں حاصل ہوتی

اتنے مصروف ہوئے عشق کے ہم کاموں میں
ایک لمحے کی بھی فرصت نہیں حاصل ہوتی

دل وہ گوہر ہے کہ انمول ہی بک جاتا ہے
اور خریدار سے قیمت نہیں حاصل ہوتی

یہی کافی ہے کہ ہیں محوِ نظارہ آنکھیں
بات کرنے کی اجازت نہیں حاصل ہوتی

اتنی آسان نہیں ناموری دنیا میں
ایک ہی رات میں شہرت نہیں حاصل ہوتی

دل کا اخلاص ضروری ہے محبت کے لئے
مفت دشمن کی بھی نفرت نہیں حاصل ہوتی

سر کٹانا بھی رہِ حق میں ضروری ہے سحرؔ
جان دینے سے شہادت نہیں حاصل ہوتی

میں یوں اپنی شکستِ ذات کا منظر اٹھا لایا
کہ شیشے چھوڑ کر ہاتھوں میں کچھ پتھر اٹھا لایا

لگی تھی آگ گھر میں ہر طرف تو بدحواسی میں
جو باہر تھا میں وہ سامان بھی اندر اٹھا لایا

فضاؤں میں کچھ اتنا شوق تھا پرواز کا مجھ کو
ملا جب اذن اڑنے کا تو ٹوٹے پر اٹھا لایا

سرِ محشر ہماری مغفرت ہونے ہی والی تھی
فرشتہ ناگہاں اعمال کا دفتر اٹھا لایا

گئے تھے میں سبھی لیکن مقدر اپنا اپنا تھا
کوئی گوہر اٹھا لایا کوئی کنکر اٹھا لایا

نظر کے سامنے جب ایک سیلاب بلا دیکھا
تو میں اس کے مقابل اپنی چشمِ تر اٹھا لایا

جہاں تعبیر کے ملبوس کی تقسیم جاری تھی
وہاں خوابوں کا اپنے میں بھی اک پیکر اٹھا لایا

سخن کے آستانے کی سحر رونق بڑھانے کو
خیالوں کے صنم الفاظ کا آذر اٹھا لایا

ترے جمال کی تابش میں رہنا چاہتے ہیں
ہمیشہ ہم تری خواہش میں رہنا چاہتے ہیں

اے ماہتاب تری چاندنی کے منکر بھی
ترے ہی ہالۂ تابش میں رہنا چاہتے ہیں

خرد کے جہل کی تاریکیوں سے بچ کر ہم
جنوں کے حلقۂ دانش میں رہنا چاہتے ہیں

ترے فراق کی حدت سے تپ رہے ہیں ہم
ترے وصال کی بارش میں رہنا چاہتے ہیں

ہمارا دل ترے قرب و جوار میں ہے کہیں
ہم اپنے دل کی رہائش میں رہنا چاہتے ہیں

ہمیں عزیز جدائی ہے قرب سے بڑھ کر
اسی لئے تو اس آتش میں رہنا چاہتے ہیں

سحرؔ کبھی تو وہ تنقید سے بھی واقف ہوں
سدا جو داد و ستائش میں رہنا چاہتے ہیں

نہ سورج جگمگاتا ہے نہ تارے جگمگاتے ہیں
ہماری ذات کے اپنے نظارے جگمگاتے ہیں

ہمیں موجوں کی ظلمت کی نہیں یکسر کوئی پروا
ہمارے سامنے جب تک کنارے جگمگاتے ہیں

ہماری پیاس کی شدت کا یہ کیسا مداوا ہے
سرِ دشتِ نظر کچھ آبپارے جگمگاتے ہیں

خموشی کی فضا میں جب کلی کوئی چٹکتی ہے
تو گویا شاخ پر خوشبو کے دھارے جگمگاتے ہیں

جلا کر راکھ کر ڈالا ہے گو اس کے تغافل نے
مگر اس راکھ میں کچھ کچھ شرارے جگمگاتے ہیں

فضا میں چاندنی پھیلا رہے ہیں یہ بہاروں کی
کسی کے کان میں جو گوشوارے جگمگاتے ہیں

ہمارے لب پہ اس کا نام آتا ہے سحرؔ جب بھی
نظر میں روشنی کے استعارے جگمگاتے ہیں

نشۂ عہدِ جوانی سے نکل کر دیکھئے
موجِ دریا کی روانی سے نکل کر دیکھئے

ایک بحرِ بیکراں امکان کا ہو گا عیاں
اس حبابِ آسمانی سے نکل کر دیکھئے

دشمنوں کے خار ہوں گے چار سو تنقید کو
دوستوں کی گُل فشانی سے نکل کر دیکھئے

کیسے کیسے ممکناتِ نَو کا ہو گا سامنا
زندگی کی رائیگانی سے نکل کر دیکھئے

مرکزی کردار ہو گا آپ کا سب سے جدا
روز مرّہ کی کہانی سے نکل کر دیکھئے

سامنے دے گا سنائی تیز رو چشموں کا شور
جھیل کے خاموش پانی سے نکل کر دیکھئے

اپنے ہی اسلوب میں ہو گا بیاں اپنا سحرؔ
دوسروں کی ترجمانی سے نکل کر دیکھئے

جلووں سے کسبِ نور جو کرنے نہیں دیا
صد حیف میرا ساتھ نظر نے نہیں دیا

جاتے ہوئے وہ اور بھی اک وار کر گیا
پہلا ابھی جو زخم تھا بھرنے نہیں دیا

چھینا ہے بڑھ کے موج تلاطم کے ہاتھ سے
ہم نے گہر کو تہہ میں اترنے نہیں دیا

حائل رہی ہمارے سفر میں ہماری ذات
اڑنے ہمیں ہمارے ہی پر نے نہیں دیا

مشغول زندگی نے رکھا ہے ادھر ادھر
کرنے کا جو بھی کام تھا کرنے نہیں دیا

لکھا نہیں قصیدہ کسی بادشاہ کا
ہم نے قلم کی روح کو مرنے نہیں دیا

دانستہ اس نے جیت کا موقع عطا کیا
ہرنے کے وقت بھی مجھے ہرنے نہیں دیا

خوش فہمیوں نے رکھا سدا آسمان پر
ہم کو کبھی زمیں پہ اترنے نہیں دیا

رنج والم کے سائے ہیں درد والم کی دھوپ
کیا کچھ ہمیں بھی شام وسحر نے نہیں دیا

مر جائیں نہ کیوں آج کہ مرنا ہے کسی دن
اس رہ سے بہرحال گزرنا ہے کسی دن

حالات کو اک رنگ میں رہنا نہیں آتا
اس زلفِ پریشاں کو سنورنا ہے کسی دن

ان ڈوبنے والوں کو نہ افسوس سے دیکھو
گرداب سے ہی ان کو اُبھرنا ہے کسی دن

دو ٹوک کوئی بات بھلا کیسے کہی جائے
معلوم ہے جب ہم کو مکرنا ہے کسی دن

ہر نے کا ذرا سا بھی ملال آئے نہ دل میں
جیتے ہوئے لوگوں کو بھی ہرنا ہے کسی دن

مایوس نہیں اس کے رویّے سے کبھی ہم
چڑھتے ہوئے دریا کو اترنا ہے کسی دن

مل بیٹھیں نہ کیوں آج ہی جی بھر کے بھلا پھر
پتوں کی طرح ہم کو بکھرنا ہے کسی دن

چلتے ہیں مسلسل جو شب و روز مسافر
آخر انہیں منزل پہ ٹھہرنا ہے کسی دن

کیوں آج نہ ہم بڑھ کے سحرؔ اُن کو منالیں
یہ کام بھی آخر ہمیں کرنا ہے کسی دن

کسی کی یاد کو لے کر صبا تو آئے گی
کھلا رہا جو دریچہ ہوا تو آئے گی

رہیں خموش اگرچہ ہزار لب لیکن
شکستِ شیشۂ دل کی صدا تو آئے گی

کھڑک رہے ہیں جو پتے ہوا کے چلتے ہی
گزرتے لمحوں کی آواز پا تو آئے گی

ہوائے شام چلی ہے تو شمع یادوں کی
اگر جلا نہ سکے گی بجھا تو آئے گی

کسی کے دھیان میں دل جگمگا رہا ہے سحرؔ
طلوعِ مہر اگر ہے ضیا تو آئے گی

کہا کس نے کہ ہم ہیں اپنے بام و در سے وابستہ؟
مسافر کب بھلا ہوتے ہیں اپنے گھر سے وابستہ؟

ہمارے سر کی کچھ عزت نہیں دستار کے دم سے
ہے سب دستار کی عزت ہمارے سر سے وابستہ

دل طائر میں ہونی چاہئے پرواز کی خواہش
اڑانیں کب فقط ہوتی ہیں بال و پر سے وابستہ

چھلکتا ہے ہمارا جام دل بھی گریۂ غم سے
ہمارے اشک کب ہیں صرف چشمِ تر سے وابستہ

اسی کی چاندنی سے ہے منور ایک اک منظر
ہمارے خواب ہیں بس ایک ہی پیکر سے وابستہ

فقط حسن سخن ہی باعثِ توقیر انساں ہے
صدف کی ساری قیمت ہے سحرؔ گوہر سے وابستہ

نظارہ جمال کسی نے نہیں کیا
یہ کام تھا محال کسی نے نہیں کیا

اپنے پرائے زخم ہی دیتے رہے مگر
زخموں کا اندمال کسی نے نہیں کیا

جس کا کوئی جواب کسی سے نہ بن پڑے
ایسا کوئی سوال کسی نے نہیں کیا

صد شکر وسوسوں سے ہے محفوظ دل مرا
یہ شہر پامال کسی نے نہیں کیا

جس کو زوال کا نہ کبھی خوف ہو سکے
ایسا کوئی کمال کسی نے نہیں کیا

جتنا مرے عدو نے کیا ہے مرا خیال
اتنا مرا خیال کسی نے نہیں کیا

میں خود ہی اپنے آپ کا صید و اسیر ہوں
مجھ کو تو یرغمال کسی نے نہیں کیا

وہ کتنا بدنصیب ہے مرنے کے بعد بھی
جس کا کوئی ملال کسی نے نہیں کیا

اس عاشقی نے حال جو میرا کیا سحرؔ
ایسا کسی کا حال کسی نے نہیں کیا

وہ یاد آئیں اگر ہم بھلانے لگتے ہیں
چراغ جلتے ہی اس کو بجھانے لگتے ہیں

جلے ہوئے ہیں کہیں بام و در کہیں دیوار
ہمیں تو اپنے ہی یہ آشیانے لگتے ہیں

عجب طلسم ہے یہ بھی پرانی یادوں کا
چراغ دل میں کئی جگمگانے لگتے ہیں

کبھی جو نام نہ ہونٹوں پہ آ سکے ان کا
ہم اپنا نام ہی خود گنگنانے لگتے ہیں

وفا و مہر و مروت کی بات کیا کیجے
نئے جہاں میں یہ قصے پرانے لگتے ہیں

یہ مرحلہ ہے بھلا اپنی عمر کا کیسا؟
کہ اپنے لکھے ہوئے خط پرانے لگتے ہیں

جو دیکھتے ہیں سلوک اپنے دشمنوں کا سحرؔ
پرانے دوست ہمیں یاد آنے لگتے ہیں

ہے آئنے پہ یہ کیا گرد ماہ و سال کے ساتھ؟
عجیب نقش ہیں اپنے ہی خدوخال کے ساتھ

رواں لہو ہے مرا دھڑکنوں کی تال کے ساتھ
عجیب عالمِ مستی ہے اِس دھمال کے ساتھ

مرے وجود کی کرچی بھی ہاتھ نہ آ سکی
مجھے شکست ہوئی ہے عجیب چال کے ساتھ

پرانے زخم ہرے ہو رہے ہیں کیوں پھر سے؟
نئی جراحتیں شاید ہیں اندمال کے ساتھ

خوشی کے ساتھ یہ کیسا ہے خوف انجانا
فراق کا کوئی لمحہ بھی ہے وصال کے ساتھ

خوشی سے خود ہی پرندے شکار ہونے لگے
شکاریوں نے یہ پھیلایا کیا ہے جال کے ساتھ

کہیں بھی آنکھ میں آنسو نظر نہیں آتے
سحر ہیں گریہ کناں ہم کچھ اس کمال کے ساتھ

محو تصور رخ جاناں رہا کرو
یعنی حریفِ گردشِ دوراں رہا کرو

محسوس ہوگی دوستو! راحت عجیب سی
مانندِ زلفِ یار پریشاں رہا کرو

جھومو شجر کی شاخ کی صورت بہار میں
برگِ خزاں کی طرح نہ لرزاں رہا کرو

اپنا یہ عکس بارہا دیکھا ہوا تو ہے
مت آئنے کے سامنے حیراں رہا کرو

ہر لمحہ نوکِ خار پہ کرتے رہو بسر
ہر آن رشکِ سنبل و ریحاں رہا کرو

چھننے کا کوئی خوف نہ کھونے کا کوئی غم
اچھا یہی ہے بے سروساماں رہا کرو

اپنی صدا بھی اجنبی ٹھہرے نہ ایک دن
خود سے سحرؔ نہ اتنا گریزاں رہا کرو

دل و نظر کا ذخیرہ تلاش کرتے ہیں
چلو ہم اک نئی دنیا تلاش کرتے ہیں

کہیں ملے نہ ملے ہم کو منزلوں کا سراغ
سفر کے واسطے رستا تلاش کرتے ہیں

نظر نہ آئے جنہیں اپنی آنکھ کا شہتیر
وہ میری آنکھ کا تنکا تلاش کرتے ہیں

ہمارے سر پہ بڑی تیز دھوپ ہے یارو !
کسی کی زلف کا سایہ تلاش کرتے ہیں

ڈبونا چاہتے ہیں ان کی ذات میں خود کو
سمندروں کو جو دریا تلاش کرتے ہیں

کہیں ہماری نگاہوں نے کھو دیا جس کو
ہم آئنے میں وہ چہرہ تلاش کرتے ہیں

ہماری آنکھ سے بہتے یہ نور کے دھارے
چراغ و اشک میں رشتہ تلاش کرتے ہیں

گزرنے والے گزر بھی گئے سحرؔ لیکن
ہم ان کا نقشِ کف پا تلاش کرتے ہیں

جو لوگ اپنی طبیعتِ کی رو میں رہتے ہیں
سدا وہ کیفیت نَو بہ نَو میں رہتے ہیں

کسی کی یاد کے ہالے میں آئے ہیں جب سے
عجیب روشنیوں کے جلو میں رہتے ہیں

جسے ہوائے زمانہ کا کوئی خوف نہیں
ہم اُس چراغِ فروزاں کی لو میں رہتے ہیں

سحرؔ ہمارا اندھیروں سے کیا تعلق ہے
ہم آفتابِ محبت کی ضو میں رہتے ہیں

جمالِ شہرِ تمنا پکارتا ہے مجھے
کوئی تو خواب ادھورا پکارتا ہے مجھے

غمِ حبیب جو اپنی طرف بلاتا ہے
تو ساتھ ہی غمِ دُنیا پکارتا ہے مجھے

ہزار چہروں کے بیشک رہوں میں نرغے میں
سدا بس ایک ہی چہرہ پکارتا ہے مجھے

غموں کی دھوپ کڑکتی ہے جب مرے سر پر
کسی کی زلف کا سایا پکارتا ہے مجھے

رہوں جو دشت میں رہ رہ کے گھر بلاتا ہے
چلوں جو گھر کو تو صحرا پکارتا ہے مجھے

میں موج موج بھنور میں اگر ہوں آسودہ
تو کیوں یہ ساحلِ دریا پکارتا ہے مجھے

میں گامزن تو رہوں اپنے راستے پہ سحرؔ
کسی کا نقشِ کفِ پا پکارتا ہے مجھے

ہر ایک شاخ و گل و برگ و بار سے آگے
میں سوچتا ہوں خزاں اور بہار سے آگے

چلے چلو اسی رستے پہ قافلے والو !
دکھائی دیتی ہے منزل غبار سے آگے

نہ تیرگی سے کبھی اس قدر ہراساں ہو
طلوعِ صبح ہے شب کے حصار سے آگے

ہر ایک چاک کا آخر رفو مقدر ہے
میں دیکھتا ہوں گریباں کے تار سے آگے

شکست سے کبھی اتنا نہ دل شکستہ ہو
ملے گا فتح کا مژدہ بھی ہار سے آگے

ملائمت ہے گلوں کی مرے تصور میں
سحر ہر اک خلشِ نوکِ خار سے آگے

سلگ رہے تھے قدم سائبان کیا کرتا؟
زمیں ہی اپنی نہ تھی آسمان کیا کرتا ؟

تھے سونے والے سبھی گہری نیند میں ڈوبے
میں شہرِ خواب میں دے کر اذان کیا کرتا؟

یہ کیا کیا؟ کہ مرے سارے تیر توڑ دیئے
میں لے کے ہاتھ میں خالی کمان کیا کرتا؟

میں اپنی ذات کی تھا سادگی میں مست ایسا
کسی کی بخشی ہوئی آن بان کیا کرتا؟

جہاں ہواؤں سے تھی ناخداؤں کی سازش
وہاں بھنور میں فقط بادبان کیا کرتا؟

بجا گلہ ہے ترا میں جو تجھ کو بھول گیا
مگر میں اسکے سوا میری جان ! کیا کرتا؟

وہاں تو جتنی زبانیں تھیں اتنے قصے تھے
سنا کے اپنی سحرؔ داستان کیا کرتا؟

کلیوں کے چٹکنے میں ابھی دیر لگے گی
گلشن کے مہکنے میں ابھی دیر لگے گی

سینے میں سلگتے ہیں محبت کے شرارے
یہ آگ دہکنے میں ابھی دیر لگے گی

فی الحال تو ہر سمت دھواں سا ہے نظر میں
شعلوں کے بھڑکنے میں ابھی دیر لگے گی

ہے چاروں طرف شب کی سیاہی کا نظارہ
سورج کے چمکنے میں ابھی دیر لگے گی

آتی ہی نہیں یاد مجھے کوئی بھی نیکی
پتھر کے سرکنے میں ابھی دیر لگے گی

ہے خاک مری درد کی بھٹی میں پگھلتی
یہ چاند دمکنے میں ابھی دیر لگے گی

اک جام ابھی بادہ عرفاں کا پیا ہے
رندوں کو بہکنے میں ابھی دیر لگے گی

مشکل سے سحرؔ آئے ہیں ہم راہ یقیں پر
قدموں کو بھٹکنے میں ابھی دیر لگے گی

موسم کے بدلنے میں بہت وقت لگے گا
یہ برف پگھلنے میں بہت وقت لگے گا

فی الحال تو نشہ ہے بہت جاہ و حشم کا
اس دھوپ کے ڈھلنے میں بہت وقت لگے گا

ماحول پہ چھایا ہے گھٹا ٹوپ اندھیرا
سورج کے نکلنے میں بہت وقت لگے گا

جو گردشِ ایام کی آندھی سے بجھی ہیں
ان شمعوں کے جلنے میں بہت وقت لگے گا

جس رہ پہ قدم اپنے کبھی جم نہیں پائے
اس راہ پہ چلنے میں بہت وقت لگے گا

ہم جھوٹ کے عادی ہیں تو سچ کیسے سنیں گے؟
یہ زہر نگلنے میں بہت وقت لگے گا

ہم لوگ ثریا کی بلندی سے گرے ہیں
اب ہم کو سنبھلنے میں بہت وقت لگے گا

اب تک یہ سحرؔ شدتِ غم کے ہے اثر میں
اس دل کے بہلنے میں بہت وقت لگے گا

سرِ آفاق یہ پھٹتی ہوئی پومت دیکھو
اصل میں ہے یہ ستاروں ہی کی ضومت دیکھو

سب سے پہلے یہی گل ہوں گے ہوا کے آگے
ان چراغوں کی بھڑکتی ہوئی لو مت دیکھو

عشق میں دولت جاں جتنی لٹاؤ کم ہے
کام سر آتے ہیں دس بیس کہ سو مت دیکھو

آخرکار مقدر کا لکھا بھی کچھ ہے
جو بھی کرتے ہو مسلسل تگ و دو مت دیکھو

تہہِ گرداب سکوں کا ہے عجب نظارہ
سطحِ دریا پہ جو موجوں کی ہے رومت دیکھو

اصل شے فن میں سخن ہے تو ہے موضوعِ سخن
کوئی انداز کہن ہو کہ ہو نو مت دیکھو

بل جاتے ہیں چپ چاپ زباں ہی نہیں رکھتے
ہم ایسے دئے ہیں کہ دھواں ہی نہیں رکھتے

ہو جو بھی شکایت وہ بیاں کھل کے ہو لیکن
یہ اذن انہیں ہے جو زباں ہی نہیں رکھتے

بیشک ہمیں یہ گردشِ ایام مٹا دے
ہم وہ ہیں کہ احساسِ زیاں ہی نہیں رکھتے

کیسے نہ بہار ان کے بھلا ناز اٹھائے؟
وہ پھول کہ جو خوفِ خزاں ہی نہیں رکھتے

اڑ جائے سحرؔ خاک بھی گر اپنی تو کیا ہے؟
ہم لوگ کوئی نام و نشاں ہی نہیں رکھتے

یوں انا سے چور ہوتے جا رہے ہیں دوستو !
خود سے بھی ہم دور ہوتے جا رہے ہیں دوستو!

چھو لیا ہے جب سے ان کے پاؤں کی تنویر کو
سنگ ریزے طور ہوتے جا رہے ہیں دوستو !

ہاتھ کیا آئی ہمیں مشعل کسی کی یاد کی
سب اندھیرے دور ہوتے جا رہے ہیں دوستو !

ترکِ الفت پر فقط اصرار ان کا ہی نہیں
ہم بھی کچھ مجبور ہوتے جا رہے ہیں دوستو !

جو لگے ہیں دل پہ اپنوں کی زباں کے تیر سے
زخم وہ ناسور ہوتے جا رہے ہیں دوستو !

یوں تو بڑھتی جا رہی ہے خوب چہروں کی چمک
دل مگر بے نور ہوتے جا رہے ہیں دوستو !

خلوتوں کی چار دیواری میں ہم شام و سحر
دم بہ دم محصور ہوتے جا رہے ہیں دوستو !

اسیر گردشِ حالات ہو بھی سکتی ہے
حصارِ غم میں مری ذات ہو بھی سکتی ہے

یقیں نہ آئے تو دیکھو ہماری آنکھوں کو
بغیر ابر کے برسات ہو بھی سکتی ہے

نگاہ و دل کے دریچے کبھی نہ بند کرو
اچانک ان سے ملاقات ہو بھی سکتی ہے

ہمیشہ فتح کے نشے میں رہنا ٹھیک نہیں
کھلاڑیوں کو کبھی مات ہو بھی سکتی ہے

جہاں سحر کے اُجالوں کی حکمرانی ہو
وہاں سیاہ گھنی رات ہو بھی سکتی ہے

کوئی قامت بڑھانے سے قدر آور ہو نہیں سکتا
شجر دو چار شاخوں سے تناور ہو نہیں سکتا

جہاں میں اور ہی ہوتا ہے کچھ معیار عزت کا
کہ ہر مشہور ہرگز نام آور ہو نہیں سکتا

سمندر کی تہوں سے ہر کس و ناکس نہیں واقف
کوئی موجوں کو چھونے سے شناور ہو نہیں سکتا

چمک میں کوئی ذرہ جس قدر بھی چاہے بڑھ جائے
کبھی ہم پایۂ خورشیدِ خاور ہو نہیں سکتا

فقط اک سنگِ در اپنی تمناؤں کا ہے مرکز
یہ دل ہر آستانے پر نچھاور ہو نہیں سکتا

اگر دل میں شجاعت اور ہمت کا نہیں جوہر
قوی جتنا بھی ہو کوئی دلاور ہو نہیں سکتا

سحرؔ میرے مخالف کا مخالف جو نہیں ہرگز
وہ ہو سکتا ہے سب کچھ میرا یاور ہو نہیں سکتا

آوازوں کے شور میں اپنے دل کی بھی آواز سنو!
کیا کہتا ہے چپکے چپکے روح کا دھیما ساز سنو !

وقت کے ہفت افلاک کی اونچی اور بے انت فضاؤں میں
ایک اک اڑ تا لمحہ کیسے ہے محوِ پرواز سنو !

ساحل پر آتی جاتی موجوں کے شور کو مت دیکھو
بیچ بھنور کیسا موجوں کے رقص کا ہے انداز سنو!

سننے کو تو مل جائیں گی رنگ برنگی آوازیں
لیکن ہر آواز میں پنہاں رنگ کا کیا ہے راز سنو!

اک جیسا انجام سحر ہے ساری ہی آوازوں کا
خاموشی کی حد پر کیا آواز کا ہے آغاز سنو !

رنگت گلوں کی بوئے صبا ہے نئی نئی
باغ جنوں کی آب و ہوا ہے نئی نئی

ہم جیسے شب زدوں کو ہو پہچان کس طرح؟
سورج کی آسماں پہ ضیا ہے نئی نئی

ملنے کے بعد آپ سے محسوس یوں ہوا
سانسوں میں زندگی کی ادا ہے نئی نئی

مانوس ہو ہی جائیں گے کچھ دیر بعد ہم
بستی نئی نئی ہے فضا ہے نئی نئی

سوغات کیسے ہم نہ یہ رکھیں سنبھال کے
اسکی طرف سے غم کی عطا ہے نئی نئی

اک خامشی سی چاروں طرف ہے جواب میں
دشتِ وفا میں میری صدا ہے نئی نئی

کچھ دیر تو لگے گی سنبھلنے میں دوستو!
اس راہ میں یہ لغزشِ پا ہے نئی نئی

میرے لئے ہے لذتِ غم اجنبی ابھی
سر پر مرے سحر یہ ردا ہے نئی نئی

کوئی جی بھر کے رونے کا بہانہ چاہئے مجھ کو
جہاں سر رکھ سکوں میں ایسا شانہ چاہئے مجھ کو

میں دنیا کی سمجھ میں آ نہیں سکتا بآسانی
سمجھنے کے لئے بھی اک زمانہ چاہئے مجھ کو

فسانے سے بھی گرچہ رنگ ہے دلکش حقیقت کا
حقیقت سے جو بڑھ کر ہو فسانہ چاہئے مجھ کو

بلندی پر ہوں گرچہ عالمِ پرواز میں ہر دم
نگاہوں میں مگر اک آشیانہ چاہئے مجھ کو

تڑپتے ہیں جو پیشانی میں میری ایک مدت سے
انہی سجدوں کی خاطر آستانہ چاہئے مجھ کو

سحر لعل و جواہر کی نہیں خواہش مجھے ہرگز
چھپا ہے میرے اندر جو خزانہ چاہئے مجھ کو

دھوپ کے عالم میں سایوں کی طرح
آدمی ہیں کچھ درختوں کی طرح

لوٹ کر واپس کبھی آتے نہیں
لمحے اڑتے ہیں پرندوں کی طرح

آندھیوں کو خوف ہے تو ہم سے ہے
ہم جو ہیں بجھتے چراغوں کی طرح

گونجتے ہیں گنبدِ احساس میں
روح کے نغمے اذانوں کی طرح

خوشبوئیں اس کا پتہ دیتی ہیں صاف
وہ گزرتا ہے ہواؤں کی طرح

کیا ضروری ہے کہ وہ زندہ بھی ہوں
سانس جو لیتے ہیں زندوں کی طرح

کسقدر نازک ہیں پیکر خواب کے
ٹوٹ جاتے ہیں جو شیشوں کی طرح

تشنگی لائی وہاں ہم کو سحرؔ
ہے جہاں دریا سرابوں کی طرح

مری تصویر کیا سارا ہی پس منظر کسی کا ہے
یہ جو بھی عکس ہے آئینے کے اندر کسی کا ہے

جو لہراتا ہوا آیا ہے یوں میری طرف یارو!
نہیں ہے کوئی ہرگز پھول وہ پتھر کسی کا ہے

عجب بام و در و دیوار میں ہے اجنبیت سی
مجھے محسوس ہوتا ہے کہ میرا گھر کسی کا ہے

تصور میں اُسی کے رات دن ڈوبا ہوا ہوں میں
خیالوں پر مرے چھایا ہوا پیکر کسی کا ہے

بجھاؤں پیاس میں کس طرح اپنے تشنہ ہونٹوں کی
لبالب ہے جو میرے ہاتھ میں ساغر کسی کا ہے

عدو سے جنگ میں ہرگز نہیں ہے دل مرا شامل
میں جس کے واسطے لڑتا ہوں وہ لشکر کسی کا ہے

کہاں تک میں فضاؤں کی بلندی پر ہوں اُڑسکتا
کہ جس پر ناز کرتا ہوں میں وہ شہپر کسی کا ہے

سحرؔ کیسے بھلا میں ملکیت اپنی کہوں اس کو
صدف ہے میری مُٹھی میں مگر گوہر کسی کا ہے

دیوار کوئی اور ہے، در اور طرح کا
ہم رہتے ہیں جس میں وہ ہے گھر اور طرح کا

اوپر سے ہے ٹھہرا ہوا خاموش سمندر
لیکن ہے تہِ آب بھنور اور طرح کا

منزل کا تعیّن ہے نہ رستہ ہے نظر میں
درپیش ہے اب کے یہ سفر اور طرح کا

رہتا ہے ہمیشہ مرا اک پاؤں وطن میں
دنیا میں ہوں میں شہر بدر اور طرح کا

بے خوف ہوں آئندہ و موجود سے یکسر
ہے ذہن پہ چھایا ہوا ڈر اور طرح کا

ہر خاک بسر کی نہیں قسمت میں بلندی
نیزے پہ چڑھا کرتا ہے سر اور طرح کا

کہتے ہیں کہ ہوتا ہے صلہ صبر کا شیریں
ہم کو تو ملا ہے یہ ثمر اور طرح کا

کس طرح زمانے سے بھلا میری بنے گی؟
میرا ہے جو اندازِ نظر اور طرح کا

ظلمت بھی نہیں اور اُجالا بھی نہیں ہے
نظارہ ہے اک شام و سحر اور طرح کا

ہوائے تازہ بھی ممکن دھواں بھی ممکن ہے
چمن میں موسمِ گل بھی خزاں بھی ممکن ہے

ردائے خاک اگر ہے ہمارے سر پہ تنی
ہمارے زیرِ قدم آسماں بھی ممکن ہے

بلندیوں کے مقدر میں پستیاں ہیں اگر
تو پھر زمیں پہ کوئی کہکشاں بھی ممکن ہے

وفا کی راہ میں یارو ! سنبھل سنبھل کے چلو
کہ اس دیار میں جاں کا زیاں بھی ممکن ہے

ہجومِ غم میں کسی یاد کا بھی ہے امکاں
کڑکتی دھوپ میں اک سائباں بھی ممکن ہے

فسانہ ہائے کہن ہیں جو آج بھی زندہ
محبتوں کی نئی داستاں بھی ممکن ہے

اگر عدو بھی مرے حق میں بول سکتے ہیں
مرے خلاف مرا ہی بیاں بھی ممکن ہے

امید وبیم کے ہم ہیں عجب دوراہے پر
سحرؔ یقیں بھی ہے ممکن گماں بھی ممکن ہے

دیکھتے ہیں شہر میں جب بزم آرائی بہت
دل کو ہوتی ہے وہیں محسوس تنہائی بہت

گردشِ دوراں کسی کی یاد دھندلاتی رہی
پانیوں پر مدتوں جمتی رہی کائی بہت

راستوں کے پیچ و خم نے اس کو پہچانا نہیں
جس مسافر کی تھی منزل سے شناسائی بہت

واقعے ایسے بھی گزرے ہیں نظر کے سامنے
آدمیت دیکھ کر جن کو ہے شرمائی بہت

حسن کا نظارہ آنکھوں کے لئے ہے تازگی
چاند کو دیکھیں تو بڑھ جاتی ہے بینائی بہت

چاہتے ہیں ہم تو آئینے میں ہو بس ایک عکس
کیا کریں لیکن ہمارا دل ہے ہر جائی بہت

تھا دلوں کے درمیاں شاید جدائی کا سماں
دیر تک روتی رہی کل رات شہنائی بہت

پھول سے بڑھ کر سحرؔ راہِ وفا کا خار ہے
لطف دیتی ہے ہمیں یہ آبلہ پائی بہت

چلے جو تیر اندھیرے میں کمانوں تک نہیں آئے
شکایت ہو بھلا پھر کیوں نشانوں تک نہیں آئے

فضاؤں کی فلک پیما بلندی لے گئی ان کو
پرندے جا کے واپس آشیانوں تک نہیں آئے

کشش کچھ بڑھ کے تھی شاید کسی انجانی منزل کی
مسافر لوٹ کر اپنے ٹھکانوں تک نہیں آئے

ابھی آنکھوں ہی آنکھوں میں ہے دل کا راز پوشیدہ
ابھی قصے یہ لوگوں کی زبانوں تک نہیں آئے

ہماری خاک کو بھی خود ضرورت چاندنی کی تھی
زمیں کے چاند تھے ہم آسمانوں تک نہیں آئے

دوبارہ پھر کسی کو عزت و عظمت نہیں ملتی
کئے اک مرتبہ جو سر وہ شانوں تک نہیں آئے

ابھی ہم لوگ ماضی کے طلسمِ خواب میں گم ہیں
ابھی جاگے ہیں آئندہ زمانوں تک نہیں آئے

ہمیں اپنی ہی دہلیزِ محبت سے نہیں فرصت
تعجب کیا جو چل کر آستانوں تک نہیں آئے

کڑکتی دھوپ میں لذت تھی ان کے واسطے کیسی
جو سائے کی طلب میں سائبانوں تک نہیں آئے

کمی کیا ہے سحرؔ دل میں وفا کے لعل و گوہر کی
کبھی ہم اٹھ کے اپنے ہی خزانوں تک نہیں آئے

ستارہ و ہلال

Kulliat-E-Hussai

حُسین سحر

مٹی کی مہکار

مری مٹی مقدس ہے
تقدس نام ہے اس کا
مری مٹی امیں ہے زندگی کے حُسن کی
اور روشنی کی یہ علامت ہے
یہ مٹی کتنی تازہ ہے، جواں ہے اور فروزاں ہے
مہکتی ہے شہیدوں کے لہو کے تازہ پھولوں سے
چمکتی ہے بہادر غازیوں کے سرخرو چہروں کی کرنوں سے
مرے بازو مری آنکھیں مرا چہرہ
اسی کی دین، اسی کا عکس ہیں
یہ روشنی میری رگوں میں جگمگاتی ہے
یہ وہ خوشبو ہے جو پھیلی ہے میرے قریۂ جاں میں
اسی خوشبو میں گُم ہیں نوجوانوں کی وفائیں
ماہ پاروں کی ادائیں
اور بزرگوں کی دعائیں
شوخیاں، کلکاریاں معصوم بچوں کی
چھنکتی چوڑیوں اور سرسراتے آنچلوں کی نغمگی مہکار ہے اس کی
مری مٹی کی شادابی
مری مٹی کی ہریالی
مری ہی روح کے سرسبز آئینے میں پنہاں ہے
مری نس نس میں یہ خوشبو
رواں ہے تازگی بن کر
مری رگ رگ میں یہ خوں
دوڑتا ہے زندگی بن کر
کہ مَیں بھی اس کی اک تخلیقِ زندہ ہوں

تعمیرِ نو

یہ وطن یہ مری آرزو کا چمن
جس سے سیکھا ہے مَیں نے وفا کا چلن
زندگی کا یہ فن
اس کی مٹی مقدس ہے
جس کے ہر اک ذرۂ خاک میں روشنی ہے
شہیدوں کے روشن مہکتے ہوئے خون کی
مَیں بھی اس خاک کی ایک تخلیق ہوں
اس کی عظمت کی مَیں ایک تصدیق ہوں
یہ وطن میری جاں ہے مرا جسم ہے
یہ وطن ذات میری مرا اسم ہے
میرے جسمِ جواں کی توانائیاں اس زمیں کی نمو کے لیے وقف ہیں
یہ وطن میرے بازو کی قوت مرے ذہن کی روشنی ہے
مجھے یہ یقیں ہے
مرے آسماں پر نئے چاند تارے جو روشن ہوئے ہیں
تو میرے چمن کے جواں روز و شب عزم کی چاندنی اور خوشبو کا محور بنیں گے
مجھے یہ یقیں ہے مرے بازوؤں کی توانائیوں سے مری خاک کا ذرہ ذرہ
چمکتے ہوئے جگمگاتے ہوئے ایک سورج کا پیکر بنے گا
کہ مَیں اس مقدس زمیں کا نگہباں ہوں، معمار بھی ہوں
اگر اس کی تہذیب و تزئینِ نو کے لیے
سر سے پا تک مَیں اک دستِ محنت ہوں
اس سرزمیں کی حفاظت کی خاطر
مَیں تلوار ہوں
مَیں کہ فنکار بھی ہوں
اک نئے عزم سے عہد یہ کر رہا ہوں
کہ اس خاک کو مَیں نئی زندگی بخش دوں گا
نئی زندگی جو حقیقت میں اس خاکِ زندہ کی تقدیر ہے
جو مرے خوابِ وحدت کی تعبیر ہے

نشانِ منزل

میں برسوں سے ایک ایسے ویران رستے پہ تنہا رواں تھا
جہاں روشنی کی کرن تھی نہ خوشبو
فقط خاک ہی خاک اُڑتی تھی ہر سُو
مجھے یاد ہے
بے یقینی کی یہ خاک جب بھی اڑی
میری روشن جبیں کے چمکتے ہوئے چاند کو اک گہن لگ گیا
میرے سر پر غم و درد کے تیرہ و تار بادل گرجنے لگے
راستہ اور تاریک و پر پیچ ہوتا گیا
ہاں مجھے یاد ہے
بے یقینی کی تاریک پت جھڑ میں
میرے درخشندہ چہرے کا آئینہ آلام کی گرد سے اَٹ گیا
اور یوں بھی ہوا
آئینہ ٹوٹ جانے سے چہرا مرا دوراہوں میں بٹا
ایک بازو مرا کٹ گیا
اپنے زخمی بدن کو سنبھالے ہوئے
مَیں مگر عزم و ہمت کی راہوں پہ چلتا گیا
عزم و ہمت کا یہ مہرِ نو جلوہ افگن ہوا
تو افقِ ظلم کی تیرہ و تار راتوں کا مدفن ہوا
راستہ جو کہ ویران و تاریک تھا
مہرِ نو کی شعاعوں سے روشن ہوا
ہر طرف نور و خوشبو کے پرچم فضاؤں میں لہرا گئے
مَیں اکیلا نہ تھا
میرے ساتھی مرے ہمسفر آ گئے
کارواں سوئے منزل روانہ ہوا
میرے چہرے کے آئینۂ گرد آلود سے بے یقینی کی سب گرد
اب ڈھل چکی ہے
مرے سر سے تاریک بادل بھی اب چھٹ چکے ہیں
مرے راستے سے مصائب کے پتھر بھی اب ہٹ چکے ہیں
نئی روشنی میں نہائے ہوئے راستے میں
نئے پھول کھلنے لگے ہیں
میں اب سرخرو ہوں
ہزاروں شہیدوں کی روحوں سے مَیں سرخرو ہوں
کہ آخر مجھے زندگی کا یقینِ جواں مل گیا

مجھ کو منزل کا اپنی نشاں مل گیا
یہ یقیں میرے خوابِ تمنا کی تعبیر ہے
یہ یقیں ہی مرا سنگِ تعمیر ہے
اک نئی زندگی کی یہ تفسیر ہے
یہ یقیں میرا آئینِ کردار ہے
یہ یقین ہی مرے کل کا معمار ہے

وطن کے لیے دُعا

ترے چمن کے ہر اک سرو ہر سمن کی خیر
مرے حسین وطن! تیرے بانکپن کی خیر
تُو روشنی ہے زمانے کی ظلمتوں کے لیے
چراغِ عزم و عمل! تیری ہر کرن کی خیر
ہے اس کی خاک میں خوشبو رچی ہوئی خوں کی
خدائے پاک! شہیدوں کے اس چمن کی خیر
ہر ایک چہرہ ہے روشن عمل کی کرنوں سے
الٰہی زندہ دلوں کی اس انجمن کی خیر
اسی کے دم سے سروں پر ہے سایۂ رحمت
فلک مقام مرے پرچمِ وطن کی خیر
انہی کے دم سے وقارِ حیات ہے قائم
مرے وطن کے جوانانِ صف شکن کی خیر
انہی کا نورِ بصیرت ضمیرِ ملت ہے
تمام اہلِ نظر اہلِ فکر و فن کی خیر

تعمیرِ نو کا گیت

آؤ آؤ مل جل کر ہم اپنا گھر تعمیر کریں
اپنا گھر تعمیر کریں
اپنے آنگن کو چمکائیں
اپنے گلشن کو مہکائیں
الفت کے پرچم لہرائیں
نئے سرے سے اس گھر کے دیوار و در تعمیر کریں - اپنا گھر تعمیر کریں

گریں نہ جو طوفانِ بلا سے
مٹیں نہ گردشِ صبح و مسا سے
مرجھائیں نہ تیز ہوا سے
اس انداز سے اپنے چمن کے برگ و شجر تعمیر کریں - اپنا گھر تعمیر کریں

جس میں ہو ایثار کی خوشبو
محنت کے معیار کی خوشبو
ہر جانب ہو پیار کی خوشبو
جنت بھی شرمائے ایسا ایک نگر تعمیر کریں - اپنا گھر تعمیر کریں

نغمہ

نئے افق پر سورج ابھرا پھیل گئیں تنویریں
صبح کا تیشہ چمکا شب کی ٹوٹ گئیں زنجیریں
عزم کے پھول کھلائیں ہم اس گلشن کو مہکائیں

دمک اٹھا ہے ذرہ ذرہ سورج کی کرنوں سے
چمک رہا ہے کونا کونا پھیلا ہے ہر سُو سونا
اور اسے چمکائیں ہم اس گلشن کو مہکائیں

پائل باجے جھنن جھنن جھن کنگنا باجے کھن کھن
نینوں میں ہے پیار کا کاجل لہرایا ہے آنچل
رُت کی مانگ سجائیں ہم اس گلشن کو مہکائیں

کلیاں چٹکیں ڈالی ڈالی مہکی کیاری کیاری
رنگ برنگے پھول کھلے ہیں غم کے چاک سلے ہیں
پیار کی جوت جگائیں ہم اس گلشن کو مہکائیں

خوشیاں ناچیں آنگن آنگن پیار ہے ہر دھڑکن میں
خوابوں کو تعبیر ملی ہے اک تصویر ملی ہے
یہ تصویر سجائیں ہم اس گلشن کو سجائیں

نغمۂ اتحاد

ہم ایک تھے ہم ایک ہیں ہم ایک رہیں گے
خیبر کی فضاؤں میں ہے بولان کی خوشبو
پنجاب پہ ہے چھایا ہوا سندھ کا جادو
جہلم ہو کہ مہران سبھی ساتھ بہیں گے
ہم ایک تھے ہم ایک ہیں ہم ایک رہیں گے
جو سندھ میں رہتے ہیں بلوچوں کے ہیں بھائی
پنجاب کا ہر فرد ہے سرحد کا فدائی
مل جل کے سب اک دوجے کا ہم درد بہیں گے
ہم ایک تھے ہم ایک ہیں ہم ایک رہیں گے
تقسیم کوئی ہم کو کبھی کر نہیں سکتا
وحدت کا یہ احساس کبھی مر نہیں سکتا
ہر دور میں ہر وقت یہی بات کہیں گے
ہم ایک تھے ہم ایک ہیں ہم ایک رہیں گے

نیا دور

نئے دور کی جاں فزا پَو پھٹی
وطن سے اندھیرے کی چادر ہٹی
خزاں کے مٹے سارے نقشِ کہن
بہاروں نے مہکا دیا ہے چمن
نئے گیت ہیں اب ترانے نئے
غم و رنج کے سب زمانے گئے
لبوں پر نئے دور کا نام ہے
خوشی اور مسرت کا پیغام ہے
مسرت جہاں پر ہے چھائی ہوئی
فضا ہے خوشی میں نہائی ہوئی
وطن ہے مرا جگمگایا ہوا
اُجالا ہے ہر سمت چھایا ہوا
وطن سے مٹیں آج سب ظلمتیں
عیاں ہیں نئے دور کی برکتیں
سحر وہ سحر جس کا تھا انتظار
نئے دور کے ساتھ ہے جلوہ بار

محنت کا نغمہ

مزدور کے ماتھے پہ چمکتے ہیں ستارے
یہ پھول ہیں ہر لحظہ مہکتے ہی رہیں گے
موتی ہیں یہ ہر آن دمکتے ہیں رہیں گے
محنت کے پسینے میں جو روشن ہیں شرارے
مزدور کے ماتھے پہ چمکتے ہیں ستارے
محنت ہی سے قائم ہے مشینوں کی روانی
محنت ہی سے زندہ ہے زمینوں کی جوانی
انسان کی عظمت بھی ہے محنت کے سہارے
مزدور کے ماتھے پہ چمکتے ہیں ستارے
ہمت کے مسافر کا ہر اک گام ہے منزل
ہمت کے شناور کے لیے کچھ نہیں مشکل
طوفان کی آغوش میں پلتے ہیں کنارے
مزدور کے ماتھے پہ چمکتے ہیں ستارے

محنت کشوں کا گیت

عزت ہماری دولت ہماری
محنت ہماری محنت ہماری
دولت اگلتی ہیں چلتی مشینیں
سونا بنی ہیں بنجر زمینیں
جب رنگ لائی ہے ہمت ہماری
محنت ہماری محنت ہماری
اپنی ہے شاہی اپنی حکومت
اپنا ہے سکہ اپنی قیادت
اب اوج پر ہے قسمت ہماری
محنت ہماری محنت ہماری
اپنے بھی بچے اب پل سکیں گے
اب سر اٹھا کر ہم چل سکیں گے
بدلی ہوئی ہے حالت ہماری
محنت ہماری محنت ہماری

وصال کا مہرِ جانفزا

(جنگ ۷۱ء کے قیدیوں کی واپسی پر)

تمام چہروں پہ تازگی ہے
تمام آنکھوں میں روشنی ہے
تمام ہونٹوں پہ نغمگی ہے
فضا میں تازہ گلاب ہر سو مہک رہے ہیں
کلی کلی پھول بن کے خوشبو لٹا رہی ہے
زمیں کے ذرے ستارے بن کر چمک رہے ہیں
ہوا میں یوں جلترنگ بجتے ہیں
جیسے ساغر کھنک رہے ہیں
یہ ساری خوشبو یہ جگمگاہٹ یہ نغمگی ہے تمہارے دم سے
مرے جیالو! اے آنے والو!
مجھے یقیں تھا کہ اک نہ اک دن مری شبوں کی سیاہ زنجیر
صبح کے تیشۂ فروزاں سے کٹ رہے گی
مجھے یقیں تھا کہ اک نہ اک دن
مرے دنوں کے افق پہ چھائی ہوئی تھی جو گرد چھٹ رہے گی
مجھے یقیں تھا کہ اک نہ اک دن ضرور تم لوٹ آؤ گے گھر
نئے سرے سے بساؤ گے گھر
ہزار شکر آج شب کا سینہ لہو ہوا ہے
مرا یقیں سرخرو ہوا ہے
تم آ گئے ہو-تم آ گئے ہو
گزر گیا ہے جدائیوں کا طویل تاریک سرد موسم
وصال کا مہرِ جانفزا - روشنی کا پیکر
وصال کا مہرِ جانفزا - زندگی کا پیکر - اُبھر چکا ہے
تم آئے ہو تو گھروں کے سارے چراغ پھر جگمگا اٹھے ہیں
اداس چہروں پہ دل کی خوشیوں کے رنگ پھر تمتما اُٹھے ہیں
ہزار گل لہلہا اٹھے ہیں
سہاگنوں کے حنائی ہاتھوں میں پھر سے کنگن کھنک اٹھے ہیں
ضعیف ماؤں کے بوڑھے ماتھے دمک اٹھے ہیں
جوان بہنوں کے شوخ آنچل دھنک کی صورت چمک اٹھے ہیں
ہزاروں معصوم گودیوں میں ہمک اٹھے ہیں
ہزاروں سینوں میں دل مسرت کی تال پر رقص کرتے پھر سے دھڑک اٹھے ہیں
تم آئے ہو تو چمن پہ آیا نکھار ہر سو
وطن میں آئی بہار ہر سو

مرے جیالو! اے آنے والو!
تم آ گئے ہو تو اک نظر اس چمن کو دیکھو۔ وطن کو دیکھو
جو گھر حوادث کی آندھیوں میں بکھر گیا تھا نئے سرے سے وہ آج تعمیر ہو گیا ہے
تمام دیوار و بام و در اب یقینِ محکم کی روشنی میں چمک رہے ہیں
عمل کی خوشبو سے سارے آنگن مہک رہے ہیں
یہ ساری خوشبو یہ جگمگاہٹ یہ نغمگی ہے تمہارے دم سے
مرے جیالو اے آنے والو!
تمہاری ہمت تمہارے عزمِ جواں کو ہم سب سلام کرتے ہیں
تم نے صبر و رضا کے معیار کو بڑھایا
صعوبتوں کی دہکتی بھٹی میں تپ کے کندن کی شکل میں تم دمک رہے ہو
تمہارے دم سے وطن کی عزت سوا ہوئی ہے
وطن کا نام اور بھی ہوا ہے بلند و بالا
وطن میں آیا نیا اجالا
وصال کے مہر جانفزا کا نیا اجالا
جسے ستاروں کی نرم کرنوں نے اپنے خونِ جگر سے پالا
نیا اجالا

جشنِ آزادی

مبارک جشنِ آزادی

وطن کے آسمانوں پر
افق کے سائبانوں پر
نئی صبحوں کے سورج نے
ردا کرنوں کی پھیلا دی
مبارک جشنِ آزادی

محبت کے شگوفوں سے
مسرت کی شعاعوں سے
مہک اٹھا ہر اک گلشن
چمک اٹھی ہر اک وادی
مبارک جشنِ آزادی

انوکھے رنگ جاگے ہیں
نئے آہنگ جاگے ہیں
دلوں میں رقص کرتی ہے
نئی خوشبو کی شہزادی
مبارک جشنِ آزادی

ہمارا ایک ہے ایماں
ہمارا ایک ہے قرآں
ہمارا ایک ہے رہبر
ہمارا ایک ہے ہادیؐ
مبارک جشنِ آزادی

تجدیدِ عہد

یوں قلزمِ حالات کی تسخیر کریں گے
ہر موجِ بلا خیز کو زنجیر کریں گے
تزئینِ گلستاں کی وہ تدبیر کریں گے
ہر سمت گل و لالہ کی تنویر کریں گے
یہ ارضِ خدادا ہے فیضانِ الٰہی
اس خاک کے ہر ذرے کو اکسیر کریں گے
جس قصر کی بنیاد میں ہے خونِ شہیداں
ہم اپنے لہو سے اُسے تعمیر کریں گے
سینچیں گے لہو دے کے چمن زارِ وطن کو
ہر کنج کو ہم صورتِ کشمیر کریں گے
تہذیبِ گلستاں کا تقاضا بھی یہی ہے
اب نوکِ قلم غیرتِ شمشیر کریں گے
دیکھا تھا جو اقبالؒ کی تابندہ نظر نے
اس خواب کو آسودۂ تعبیر کریں گے

ہم مصطفوی رحمتِ عالم کے امیں ہیں
قائد کے ہم اس قول کی تفسیر کریں گے
آئے نہ کوئی حرف کبھی نامِ وطن پر
ہم نقشِ وفا خون سے تحریر کریں گے
دیکھے گا زمانہ یہ حقیقت بھی کسی دن
جب خاک کو ہم خلد کی تصویر کریں گے

طلبہ کی ایک الوداعی تقریب پر

اے آسمانِ سعادت کے ضوفگن تارو!
زمینِ فکر و تصور میں کل کے معمارو!

تمہارے دم سے ہے قائم بہارِ علم و ہنر
تمہارے دم سے ہے زندہ کمالِ فکر و نظر

تمہارے خونِ جگر سے ہے آگہی کی بہار
تمہارا نورِ بصیرت ہے روشنی کا نکھار

چراغِ علم کی کرنو! تمہارا روشن دل
بہارِ نور کا مرکز ہے حُسن کی محفل

اُٹھو! کہ تم کو بلاتی ہے اک نئی دنیا
چلو! کہ ساتھ تمہارے ہے علم کا نغمہ

بڑھو! کہ چشمِ زمانہ ہے منتظر کب سے
بہاؤ حُسنِ عمل سے خلوص کے چشمے

اُٹھو اور اُٹھ کے زمانے کی تیرہ بختی کو
چراغِ علم و عمل کی ضیا سے دور کرو

اٹھاؤ پرچمِ ایقان خضرِ راہ بنو
خیال و فکرِ زمانہ کی رہنمائی کرو

محبتوں کے ستارے تمہاری راہ میں ہیں
مسرتوں کے نظارے تمہاری راہ میں ہیں

ہمیں یہ غم ہے اگرچہ کہ جا رہے ہوتُم
حریمِ دل سے مگر کب جدا رہے ہوتُم

جدائیوں کا تصور اگرچہ ہے غم خیز
مگر خوشی ہے کہ منزل کو پا رہے ہوتُم

نئی پہچان

(پاکستان کے جوھری دھماکے پر)

تقویمِ مسلسل میں وہ اک لمحہ بھی آیا
جب ہم کو ملی ماضی کی جمعیت و سطوت
اظہار کیا قوتِ جوہر کا جو ہم نے
پائی ہے پھر اسلاف کی کھوئی ہوئی قوت
یہ لمحۂ زریں نہ گراں مایہ ہو کیونکر
اس لمحے سے ہم کو نئی پہچان ملی ہے
دنیا میں بھی ہے اپنے لیے فخر کا باعث
اور دین میں بھی ہم کو نئی شان ملی ہے
اٹھے ہیں نئے عزم سے ہم اہلِ جنوں آج
تنکوں سے یہ سیلاب کبھی رک نہیں سکتا
ہم اورکریں دشمنِ ایماں کی اطاعت؟
کٹ سکتا ہے سر اپنا مگر جھک نہیں سکتا
اے ارضِ وطن! ہم نے یہی عہد کیا ہے
دامن کے ہر اک چاک کو اب خود ہی سئیں گے
قدموں پہ کھڑے ہو کے دکھائیں گے ہم اپنے
غیروں کے سہارے پہ کبھی ہم نہ جئیں گے

پرچم کے لیے ایک نظم

ہمارا پرچم حسین پرچم
افق کی رفعت پہ اڑ رہا ہے کچھ اس ادا سے
کہ رفعتیں آسماں کی
جھک جھک کے کر رہی ہیں سلام اس کو
یہ عظمتوں کا حسین پھریرا
یہ رفعتوں کا نیا سویرا
شفیق سایہ یہ رحمتوں کا
عظیم محور تجلیوں کا
کمال کی ایک کہکشاں ہے
فضائے عظمت کا ہم زباں ہے
جواں امنگوں کا رازداں ہے
یہ اوجِ ملت کا ترجماں ہے
یہ اپنی شوکت کا اک نشاں ہے
ہے اس کا رنگ سفید امن وسکوں کا حامی
تو سبز رنگت ہے گنبدِ سبز کی پیامی
یہ سبز رنگت نمو کا پیغامِ سرمدی ہے
یہ حق کا اعلانِ دائمی ہے
ہماری سوچوں کی سرخوشی ہے
ہمارے سانسوں کی تازگی ہے
ہماری آنکھوں کی روشنی ہے
ہلال اس کا عروجِ ملت کا استعارہ
ستارہ اس کا بلندیوں کا ہے اک اشارہ
زمیں پہ رہتے ہوئے فلک کا یہ اک نشاں ہے
ہمارے سر پر یہ آسماں ہے
کمال وعظمت کا اک جہاں ہے
یہ جاوداں ہے
ہمارا پرچم حسین پرچم
افق کی رفعت پہ اڑ رہا ہے
ہمارے زندہ دلوں کی دھڑکن
نفس نفس کا مہکتا گلشن ہے اس پہ قرباں
یہ جان وتن ہیں نثار اس پر
ہم اس کی جانب جو دیکھتے ہیں
ہماری آنکھوں میں عزمِ نو کی ضیا چمکتی ہے

دل میں تازہ امنگ کی اک صبا مہکتی ہے
دل میں ہے تو یہی تمنا ہے
لب پہ ہے تو یہی دعا ہے
رہے ہمیشہ نشاں ہمارا بلند و بالا
رہے ہمیشہ جہاں میں ہر سو
اسی کا نور آفریں اُجالا

ہم اہلِ پاکستان ہیں

جو قوت امن کی حامی ہے
جو قوت ضدِ غلامی ہے
اس قوت کا اعلان ہیں
ہم اہلِ پاکستان ہیں

جو شوکت شوکتِ رفتہ ہے
جو عظمت عظمتِ رفتہ ہے
اس عظمت کی پہچان ہیں
ہم اہلِ پاکستان ہیں

جو سامنے اپنے آئے گا
وہ دُنیا سے مٹ جائے گا
ہم اک چڑھتا طوفان ہیں
ہم اہلِ پاکستان ہیں

ہر دشمن جس کی حد میں ہے
ہر دشمن جس کی زد میں ہے
ہم ایسی کڑی کمان ہیں
ہم اہلِ پاکستان ہیں

سینوں میں ایسا جذبہ ہے
باطل پر جس سے لرزہ ہے
ہم وہ اہلِ ایمان ہیں
ہم اہلِ پاکستان ہیں

آزادی

آزادی ایسی نعمت ہے
آزادی ایسی دولت ہے
جس پر ہر انسان کا حق ہے
گویا ہر اک جان کا حق ہے
فکر کی بھی اک آزادی ہے
ذکر کی بھی اک آزادی ہے
آزادی تحریر کی بھی ہے
آزادی تقریر کی بھی ہے
آزادی گفتار کی بھی ہے
آزادی کردار کی بھی ہے
آزادی پر حرف نہ آئے
چاہے اپنی جان ہی جائے

نگارِ آزادی

کچھ اس وقار آئی بہارِ آزادی
مہک رہا ہے مرا لالہ زارِ آزادی
کہاں چراغ ہیں؟ چہرے ہیں یہ شہیدوں کے
چمک رہے ہیں جو بن کر منارِ آزادی
جہان بھر کے لیے ہے سکوں کا سرمایہ
دیارِ پاک ہے میرا دیارِ آزادی
خدا کے نام پہ قائم ہے سرزمینِ پاک
یہ میرا خطۂ ایماں حصارِ آزادی
پیامِ قائد اعظم ہے حرزِ جاں ہم کو
کہ اس کے دم سے ہے قائم وقارِ آزادی
مری دعا ہے خدایا کہ میں رہوں نہ رہوں
رہے ہمیشہ سلامت نگارِ آزادی
سحرؔ یہ میرا قلم وقف ہے وطن کے لیے
یہ میری جاں یہ میرا دل نثارِ آزادی

اے وادیٔ کشمیر

اٹھتا ہے دھواں آج ترے قلبِ تپاں سے
شعلے سے بھڑکتے ہیں تیرا شکِ رواں سے
جلتی ہیں ترے سرخ چناروں کی قطاریں
روتی ہیں ہوائیں تو سسکتی ہیں بہاریں
ہر قریہ ترا گوشۂ زنداں کی ہے تصویر
اے وادیٔ کشمیر

لیکن یہ اندھیرا تو نہیں ہے ترا مقسوم
کب تک یہ ستم سہتے رہیں گے ترے معصوم
آخر ستم و جور کو جھکنا ہی پڑے گا
سیلِ شبِ تاریک کو رکنا ہی پڑے گا
ابھرے گی ترے رخ سے نئی صبح کی تنویر
اے وادیٔ کشمیر

اے ضمیرِ جہاں

(جہادِ کشمیر کے تناظر میں)

اے ضمیرِ جہاں! سو رہا ہے کہاں؟
بجلیاں آندھیاں ہر طرف ہے دھواں
زرد رو ہے زمیں سرخ ہے آسماں
آگ اور خون کا کھیل ہے الاماں
اے ضمیرِ جہاں! سو رہا ہے کہاں؟
ہے رواں چار سُو بے گنہ کا لہو
موت کا رقص ہے سو بہ سو کو بہ کو
روحِ طاغوت ہے آدمی کی عدو
اے ضمیرِ جہاں! سو رہا ہے کہاں؟
امن مفقود ہے آس مسدود ہے
شرق سے غرب تک دورِ نمرود ہے
جل رہے ہیں چمن عہدِ بارود ہے
اے ضمیرِ جہاں! سو رہا ہے کہاں؟

وہ تیرے جیالے وہ تری گود کے پالے
آزادی کے پروانے شجاعت کے اجالے
آزاد کرائیں گے تجھے قیدِ عدو سے
لکھیں گے وہ تاریخ نئی اپنے لہو سے
اٹھے ہیں بصد شان لیے ہاتھ میں شمشیر
اے وادیٔ کشمیر

کم ہوئی روشنی چھا گئی تیرگی
موت کی آگ میں سرد ہے زندگی
پھر اب نہر ہے چشمۂ تشنگی
اے ضمیرِ جہاں! سو رہا ہے کہاں؟

ہر قدم سانحہ جبر کا دائرہ
ظلم اور عدل میں مٹ گیا فاصلہ
شاخِ زیتوں پہ ہے خوں میں تر فاختہ
اے ضمیرِ جہاں! سو رہا ہے کہاں؟

پیڑ ہیں بے ثمر سیپ ہیں بے گہر
خونفشاں خونچکاں کیا شجر کیا حجر
خاک پر جسم ہیں اور نیزوں پہ سر
اے ضمیرِ جہاں! سو رہا ہے کہاں؟

ہے زمیں پر بپا اک نئی کربلا
دیکھ چاروں طرف ہو رہا ہے یہ کیا؟
کب تلک یونہی سویا رہے گا بتا؟
جاگ اب تو ذرا جاگ اب تو ذرا
اے ضمیرِ جہاں! سو رہا ہے کہاں؟

اے عروسِ وطن!

اے عروسِ وطن!

زلف تیری گھٹاؤں کی تصویر ہے
تیرا چہرہ شعاعوں کی تنویر ہے
تیرا آنچل ہواؤں کی تحریر ہے
تیری شادابیاں رشکِ سرو و سمن
اے عروسِ وطن!

تیری آواز میں میری آواز ہے
نغمہ زن تجھ سے میرا ہر اِک ساز ہے
تجھ سے قائم مرا حُسنِ انداز ہے
تو مری جانِ فن میری روحِ سخن
اے عروسِ وطن!

تیری سانس میں خوشبو ہے ایمان کی
تیری آنکھوں میں جگمگ ہے ایقان کی
تیرے سر پر ردا نورِ قرآن کی
تو امینِ پیامِ شہِ ذوالمنن
اے عروسِ وطن!

مانگ میں تیری افشاں کی طلعت رہے
حُسن تیرا جواں تا قیامت رہے
تو سلامت رہے تو سلامت رہے
تجھ پہ قرباں مری دولتِ جان و تن
اے عروسِ وطن!

چاند سے بڑھ کے روشن ہے میرا وطن

یہ مقدس زمیں مرکزِ نور ہے
ذرہ ذرہ یہاں رشکِ صد طور ہے
رحمتِ حق کا دامن ہے میرا وطن
چاند سے بڑھ کے روشن ہے میرا وطن

روشنی جس میں پھیلی ہے قرآن کی
جس کی مٹی میں خوشبو ہے ایمان کی
وہ شہیدوں کا گلشن ہے میرا وطن
چاند سے بڑھ کے روشن ہے میرا وطن

جس سے زندہ مری روح کا بانکپن
جس سے قائم مرا رشتۂ جان و تن
مرے دل کی وہ دھڑکن ہے میرا وطن
چاند سے بڑھ کے روشن ہے میرا وطن

جس کے سر پر فلک آئنہ پوش ہے
مامتا کا سکون جس کی آغوش ہے

پیار کا ایسا آنگن ہے میرا وطن
چاند سے بڑھ کے روشن ہے میرا وطن

جس کا ناموس اسلام کا نام ہے
امن اور عافیت کا جو پیغام ہے
دینِ حق کا وہ ماٰمن ہے میرا وطن
چاند سے بڑھ کے روشن ہے میرا وطن

جو مقدر بناتے ہیں صحراؤں کا
موڑتے ہیں جو رخ بہتے دریاؤں کا
اُن جیالوں کا مسکن ہے میرا وطن
چاند سے بڑھ کے روشن ہے میرا وطن

کفر اور ظلم کے لشکروں کے لیے
روشنی کے عدو ظلمتوں کے لیے
ایک دیوارِ آہن ہے میرا وطن
چاند سے بڑھ کے روشن ہے میرا وطن

❁

حرفِ وفا

اے پاک زمیں ارضِ حسیں، حُسنِ دلآرا
بادل تیری زلفیں ہیں تو سورج ترا چہرہ
ہے چاند جبیں تیری شفق تیرا سراپا
کھیتوں کی یہ ہریالی ترا سبز دوشالہ
اے پاک زمیں ارضِ حسیں، حُسنِ دلآرا

تاروں کی یہ جگمگ تیری آنکھوں کی چمک ہے
خوشبوئے گلستاں تیرے ہونٹوں کی مہک ہے
ملبوس یہ تیرا ہے فلک پر جو دھنک ہے
اے پاک زمیں ارضِ حسیں، حُسنِ دلآرا

دریا کی روانی ہے تری سطوتِ رفتار
قامت کی بلندی ہیں فلک بوس یہ کہسار
بازو ہیں لہکتے ہوئے سرسبز یہ اشجار
اے پاک زمیں ارضِ حسیں، حُسنِ دلآرا

اے پیکرِ رعنا تیری رعنائی میں ہے گُم
گاتی ہوئی گھنگھور گھٹاؤں کا ترنم
لہراتی ہوئی برقِ فروزاں کا تبسم
اے پاک زمیں ارضِ حسیں، حُسنِ دلآرا

جو خونِ شہیداں ہے ترا رنگِ حنا ہے
یہ رنگِ حنا ہے کہ ترا رنگِ بقا ہے
اس رنگ سے رخشندہ مرا حرفِ وفا ہے
اے پاک زمیں ارضِ حسیں، حُسنِ دلآرا

نذرِ وطن

نشانِ امن ہے دیوار اور در کی طرح
مرے وطن مجھے محبوب ہے تو گھر کی طرح
تو میرے جسم میں ہے خون کی طرح جاری
تو میری آنکھ میں ضو ریز ہے نظر کی طرح
ہر ایک گام مرا تیری سمت اٹھتا ہے
مرے سفر میں ہے تُو منزلِ سفر کی طرح
تو میری جان سے بڑھ کر عزیز ہے مجھ کو
مرے لیے ہے معزز کُلاہِ سر کی طرح
ثمر ہے میرے بزرگوں کی آرزوؤں کا
مری ہر ایک دعا میں ہے تُو اثر کی طرح
مرا قلم ہے امانت تری وفاؤں کی
مرے شعور مرے فن مرے ہنر کی طرح
مری نظر میں ہے تُو کس قدر گراں مایہ
ہے تیری خاک کا ہر ذرہ اک گُہر کی طرح

مجھے غموں کی کڑی دھوپ کیا ستائے گی؟
تو مجھ پہ سایہ فگن ہے گھنے شجر کی طرح
ترے چمن کا ہر اک خار پھول لگتا ہے
ہے تیری شام بھی میرے لیے سحر کی طرح

بنامِ وطن!

اے وطن! تُو ہے ایسے مکاں کی طرح
بام و در جس کے ہیں آسماں کی طرح
گوشہ گوشہ ترا روشنی کا امیں
ذرہ ذرہ ترا کہکشاں کی طرح
شاخ در شاخ تجھ میں ہے بُوئے وفا
اے وطن! تُو ہے اک گلستاں کی طرح
دشت و صحرا ترے کوہ و میداں ترے
میرے نزدیک باغِ جناں کی طرح
یہ ہلال و ستارہ بلندی پہ ہیں
امن اور عافیت کے نشاں کی طرح
تُو ہے روح و رواں اس بدن کے لیے
مجھ کو پیارا ہے تُو اپنی جاں کی طرح
کشتیِ اہلِ اسلام کے واسطے
تیرا احساس ہے بادباں کی طرح

کس قدر نام میں تیرے تقدیس ہے
گونجتا ہے جو ہر سُو اذاں کی طرح
جگمگاتی ہے صبحِ وطن کی جبیں
نور کے قلزمِ بیکراں کی طرح
اے خدا برق کی زد سے محفوظ ہو
یہ وطن ہے مرے آشیاں کی طرح
سبز پرچم رہے یونہی سایہ فگن
سر پہ میرے سدا سائباں کی طرح

جیوے میرا پاکستان

خیبر سندھ بلوچستان
جسم جدا ہیں ایک ہے جان
ایک ہی عزت ایک ہی شان
جیوے میرا پاکستان
ایک فلک کے یہ تارے ہیں
ایک سمندر کے دھارے ہیں
جہلم راوی اور مہران
جیوے میرا پاکستان
ایک ہی باغ کے گل بوٹے ہیں
ایک ہی شاخ کے سب غنچے ہیں
مہکے پیار کا یہ گلدان
جیوے میرا پاکستان
وحدت ہے اپنا پیغام
مذہب ہے اپنا اسلام
رہبر ہے اپنا قرآن
جیوے میرا پاکستان

وطن کا گیت

جنت کے سکوں بخش نظاروں سے حسیں ہے
میرا وطنِ پاک بہاروں کا امیں ہے

ہے اس میں شہیدوں کے جواں خون کی خوشبو
اک نور ہے ایمان کا پھیلا ہوا ہر سو
اس خاک کا جو ذرہ ہے تابندہ جبیں ہے
میرا وطنِ پاک بہاروں کا امیں ہے

ہیں اس میں ضیا بار مسرت کی ہوائیں
پھیلی ہیں فضاؤں میں محبت کی ردائیں
تاجِ سرِ عالم کا یہ رخشندہ نگیں ہے
میرا وطنِ پاک بہاروں کا امیں ہے

لہراتا ہے افلاک پہ یوں سبز پھریرا
جس طرح بلندی پہ ابھرتا ہے سویرا
یہ چاند ستارے کا نشاں عرش نشیں ہے
میرا وطنِ پاک بہاروں کا امیں ہے

ہر گاؤں میں ہے نامِ خداوند کی عظمت
ہر شہر میں ہے رحمتِ عالمؐ کی محبت
گہوارۂ اسلام یہی پاک زمیں ہے
میرا وطنِ پاک بہاروں کا امیں ہے

یک جہتی کا گیت

خیبر سے لے کر دیبل تک ایک ہی گیت کی لے جاری ہے
سندھی ہو یا پنجابی ہو ایک ہی کیفیت طاری ہے
سرحد اور پنجاب کا خوشہ
سندھ بلوچستان کا ریشہ
پنجابی بلوچ اور سندھی
سب کے سب ہیں محنت پیشہ
ان کی محنت ان کی دولت ہم کو جان سے بھی پیاری ہے
خیبر سے لے کر دیبل تک ایک ہی گیت کی لے جاری ہے
گاؤں کی خاموش فضائیں
شہروں کی رنگیں آبادی
کھیت مکاں باغیچے دفتر
دیتے ہیں درسِ آزادی
آجر اور مزدور کے دل میں آزادی کی بیداری ہے
خیبر سے لے کر دیبل تک ایک ہی گیت کی لے جاری ہے

چاند ستارے کے پرچم سے
ہر اندھیارا دور ہوا ہے
پاک زمیں کا ذرہ ذرہ
نور سے رشکِ طور ہوا ہے
کئی شہیدوں کے یہ خونِ سرخ کی ساری گلکاری ہے
خیبر سے لے کر دیبل تک ایک ہی گیت کی لے جاری ہے

نغمۂ وطن

یہ نئی صبح کتنی روشن ہے
آسماں پر نیا ہے نظارہ
ذرہ ذرہ ہے جیسے مہ پارہ
نور افشاں وطن کا دامن ہے
یہ نئی صبح کتنی روشن ہے
پھول شاخوں پہ مسکراتے ہیں
پیار کے زمزمے سناتے ہیں
رشکِ جنت ہمارا گلشن ہے
یہ نئی صبح کتنی روشن ہے
ہر طرف رنگ سے چمکتے ہیں
خوشبوؤں کے قدم بہکتے ہیں
یہ زمیں رنگ و بو کا مسکن ہے
یہ نئی صبح کتنی روشن ہے
کھیتیاں ہوں کہ مل ہوں یا دفتر
دستِ محنت کا نور ہے گھر گھر
جگمگاتا ہوا ہر آنگن ہے
یہ نئی صبح کتنی روشن ہے

یادِ وطن

وہ خوشبوئے وفا سے پُر ہوائیں یاد آتی ہیں
وطن سے دور بھی اس کی فضائیں یاد آتی ہیں
وہ ان کا گریۂ شب وہ دعائیں یاد آتی ہیں
وہ بہنیں یاد آتی ہیں وہ مائیں یاد آتی ہیں
ہے جن پر سیدہ کی چادرِ تطہیر کا سایہ
سروں پر بیٹیوں کے وہ ردائیں یاد آتی ہیں
دھنک رنگوں کے زیبِ دوش لہراتے ہوئے آنچل
وہ گل پوشوں کے زیبِ تن قبائیں یاد آتی ہیں
دمکتے عارضوں کے رنگ جو سورج کو شرمائیں
سیہ زلفوں کی لہراتی گھٹائیں یاد آتی ہیں
وہ آنکھوں کے ستارے وہ لبوں کی مشعلیں روشن
جبینوں کی وہ مہتابی ضیائیں یاد آتی ہیں
وہ باہم دوستوں کے درمیاں اخلاص کا رشتہ
وہ اپنے اور پرایوں کی وفائیں یاد آتی ہیں

کلامِ نور کی ترتیل سے معمور محرابیں
سرِ منبر عقیدت کی صدائیں یاد آتی ہیں
دیارِ پاک پر وہ روز و شب رحمت کی برساتیں
خدا کی بے حساب و حد عطائیں یاد آتی ہیں
تُو میری جان ہے مَیں تجھ کو کیسے بھول سکتا ہوں؟
نگارِ پاک تیری سب ادائیں یاد آتی ہیں

❁

وطن کا نغمہ

خوشبو سے پُر بہارِ چمن کی ہواؤں کو
میرا سلام اپنے وطن کی فضاؤں کو

ہے جس کے سر پہ تاج کی مانند آسماں
شمس و قمر کے جس میں جواہر ہیں ضو فشاں
جس میں چمک رہی ہے ستاروں کی کہکشاں
اس کہکشاں کی نور بہاتی فضاؤں کو
میرا سلام اپنے وطن کی فضاؤں کو

وہ سادگی کے گاؤں میں دلکش مظاہرے
وہ چاروں سمت کچے مکانوں کے سلسلے
وہ لہلہاتے کھیت وہ نہروں کے آئنے
پیڑوں کی ٹھنڈی ٹھنڈی سکوں بخش چھاؤں کو
میرا سلام اپنے وطن کی فضاؤں کو

شہروں کی وہ بلند سجیلی عمارتیں
دفتر سکول باغ مکاں مسجدیں ملیں
بازار کا وہ شور وہ گلیوں کی رونقیں
دل میں اترتے نغمے لٹاتی صداؤں کو
میرا سلام اپنے وطن کی فضاؤں کو

❁

اک قریہ روشنی کا

ظلمات کے جہاں میں
تاریک خاکداں میں
قریہ ہے روشنی کا
حالاتِ پُر جفا میں
آفات کی فضا میں
خطہ ہے آشتی کا
جگمگ دمک رہا ہے
جھلمل چمک رہا ہے
آئینہ دوستی کا
دیوار و در پہ جس کے
ایک ایک گھر پہ جس کے
سایہ ہے چاندنی کا
دنیائے روز و شب میں
صحرائے روز و شب میں
خیمہ ہے بندگی کا

ایقان کے چمن میں
ایمان کے چمن میں
دروازہ آگہی کا
نس نس میں ہنس رہا ہے
دھڑکن میں بس رہا ہے
سرمایہ زندگی کا
ایسا ہی ایک منظر
ہے میرے دل کے اندر
ایسی ہی گل جبیں ہے
ایسی ہی اک زمیں ہے
ایسا ہی آسماں ہے
ایسا ہی اک جہاں ہے
آفات کی فضا میں
خطہ ہے آشتی کا
جگمگ دمک رہا ہے
آئینہ دوستی کا
دیوار و در پہ جس کے
سایہ ہے چاندنی کا

صحرائے روز و شب میں
خیمہ ہے بندگی کا
ایمان کے چمن میں
دروازہ آگہی کا
دھڑکن میں بس رہا ہے
سرمایہ زندگی کا
ظلمات کے جہاں میں
اک قریہ روشنی کا

قومی نغمہ

میرے گیتوں کا فن
میرے جذبوں کا دھن
میرا تن میرا من
ہے مرے دیس کا

دل میں اور سینے میں
میرے آئینے میں
عکس جلوہ فگن
ہے مرے دیس کا

میرے آنکھوں کا زر
میرے دل کا گہر
میری جاں کا چمن
ہے مرے دیس کا

میرا جذبِ دروں
میرا جوشِ جنوں
میرا زورِ بدن
ہے مرے دیس کا

عظمتِ بے بدل
محنتوں کا یہ پھل
جذبۂ کوہکن
ہے مرے دیس کا

بحرِ موّاج کا
میری افواج کا
ہر جری صف شکن
ہے مرے دیس کا

میرا نورِ سحر
میرا خونِ جگر
میرا طرزِ سخن
ہے مرے دیس کا

میرے وطن! پیارے وطن!

ذرے ترے لعل و گوہر
مٹی تری رشکِ قمر
دریا ترے ہر دم رواں
سرسبز ہیں برگ و شجر
جنت ترے کوہ و دمن
میرے وطن! پیارے وطن!

اللہ کا احسان ہے
تو مرکزِ ایقان ہے
ایماں تری بنیاد میں
تو عظمتِ قرآن ہے
تو سایۂ شاہِ زمنؒ
میرے وطن! پیارے وطن!

دلشاد تو شادب تو
آباد تو سیراب تو
قائد کی اور اقبال کی
ہے سرزمینِ خواب تو
قربان تجھ پر جان و تن
میرے وطن! پیارے وطن!

فنکار و دانشور ترے
نقاش و صورتگر ترے
تیرے لیے زندہ ہیں سب
معمار و دیدہ ور ترے
تو سب کی ہے بنیادِ فن
میرے وطن! پیارے وطن!

قائد کی تصویر دیکھ کر

مرے جسور و غیور رہبر
عظیم قائد!
نشانِ عزمِ صمیم قائد!
میں تیری تصویر دیکھتا ہوں
جو میرے سینے میں جاگزیں ہے
تو سوچتا ہوں
کہ جس کا یہ عکسِ دلربا ہے
وہ شخص خود کس قدر جلیل و جمیل ہوگا
ذہین ہوگا، شکیل ہوگا
مَیں تیرے پُرعزم و تازہ چہرے کو دیکھتا ہوں
تو سوچتا ہوں
عظیم لوگوں کا ایک اک نقش جاوداں ہے
ضیائے عظمت کی کہکشاں ہے
بصیرتِ دل کا آسماں ہے
عزیمتوں کا نیاں جہاں ہے

یہ تیرا چہرہ، حسین چہرہ
ترے خیالوں کا رازداں ہے
ترے اُصولوں کا ترجماں ہے
تری چمکتی ہوئی عقابی نگاہ کی روشنی سے
ہم کو ملا ہے نورِ یقینِ محکم
جو زیست کا ہے نشانِ پیہم
عمل کا پرچم
تری جبیں کی کشادگی
اتحادِ فکر و نظر کا پیغام بخشتی ہے
سکوں کا انعام بخشتی ہے
ترے لبوں کی خموش خوشبو
شعورِ تنظیم دے رہی ہے
ہمیں محبت کے ہفت اقلیم دے رہی ہے
عمل کی تعلیم دے رہی ہے

روحِ قائد سے

بحرِ امواجِ بلا خیز کو تسخیر کیا
تو نے ہر گردشِ ایام کو زنجیر کیا
خواب دیکھا تھا جو اک شاعرِ مشرق نے کبھی
تو نے اس خواب کو آسودۂ تعبیر کیا
افقِ دہر پہ روشن ہے جو سورج کی طرح
تو نے اس حرفِ جہاں تاب کو تحریر کیا
صاحبِ عزم! تری سعی و عمل کے قرباں
تو نے تقدیر کو بھی تابعِ تدبیر کیا
توڑ کر رکھ دیا ظلمت کدۂ باطل کو
کام لہجے نے ترے صورتِ شمشیر کیا
تو نے بخشی ہے ہمیں سوزِ یقیں کی دولت
تو نے ہم ذروں کو خورشید کی تصویر کیا
تری آواز کی مشعل نے فروزاں ہو کر
ہم سیہ بختوں کو شائستۂ تنویر کیا
ہم کہ تھے قعرِ مذلت میں بڑی مدت سے
تیری ہستی نے ہمیں صاحبِ توقیر کیا

عظیم قائد

عظیم قائد!
ترا یہ احسان ہے کہ تو نے
مجھے غلامی کی ظلمتوں سے نجات بخشی
مرے سسکتے تڑپتے دل کو حیات بخشی
مری نگاہوں کو حُسن کی کائنات بخشی
عظیم محسن!
ترا یہ احسان ہے کہ تو نے
وہ حریت کی درخشاں راہیں مجھے دکھائیں
کہ جن کی بے داغ روشنی میں
دھڑک اٹھا ذرے ذرے کا دل
مجھے ملی زندگی کی منزل
مرے غموں کا ثمر مرے رتجگوں کا حاصل
یہ سرزمینِ حسیں
خدائے بزرگ و برتر کے دیں کی حامل
یہ سرزمیں

جس کی خاک کا ذرہ ذرہ
روشن شہادتوں کا امین بن کر دمک رہا ہے
یہ سرزمیں
جس کے سبز کھیتوں، سنہرے کوہوں، روپہلے دریاؤں کے جلو میں
حیاتِ تازہ رواں دواں ہے
یہ سرزمیں
جس کا سبز پرچم فلک نشاں ہے
حسین و شاداب ہے جواں ہے
اسی کے چاند اور ستارے کی روشنی میں
میرا جو کارواں ہے
رواں دواں ہے
یہ سرزمیں یہ وطن
جو میرے حسین خوابوں کی زندگی ہے
ترے ہی عزم و عمل کا اعجازِ دائمی ہے
عظیم قائد!
تری امانت تری حسین سرزمین کے رخ پر
مرے وطن کے حسیں افق پر
نئی سحر کا نیا اجالا چمک رہا ہے

اسی سحر کی حیات افروز روشنی میں
تری قسم، میں یہ عہد کرتا ہوں
سرزمینِ حسیں کی صورت میں
میرے سانسوں کو جو نئی زندگی ملی ہے
مری نگاہوں کو جو نئی روشنی ملی ہے
مَیں اس پہ ظلمت کا کوئی بادل نہ چھانے دوں گا
مَیں اس کی حرمت پہ آنچ کوئی نہ آنے دوں گا
یہ میرا وعدہ ہے میرے قائد
عظیم قائد! عظیم محسن!

مردِ حق آگاہ

وجود اُس کا تھا وجہِ فروغِ شمعِ حرم
کہ پاش پاش کیے اس نے ظلمتوں کے صنم
وہ حریت کا علمدار مردِ حق آگاہ
ڈرا سکا نہ اُسے غیرِ حق کا جاہ و حشم
عجب جہاد تھا اس شخص کا رہِ حق میں
نہ تیغ و تیر و سناں اور نہ طبل و کوس و عَلم
نحیف جسم میں تھی ایک روحِ فولادی
عجیب شعلہ تھا جس کا مزاج تھا شبنم
اُسی کے عزمِ مسلسل نے سعیِ پیہم نے
فصیلِ شب پہ اڑایا ہے صبح کا پرچم
اُسی کی ہمتِ عالی کے سامنے ہے نگوں
سرِ غرورِ شجاعت، جبینِ اہلِ ہمم
وہی ہے شاعرِ مشرق کے خواب کی تعبیر
اُس نے زندہ کیا جذبۂ ''ایقیں محکم''
وہ باغباں تھا کہ جس کے خلوص کا ہے ثمر
یہ گُل زمینِ وطن، رشکِ گلستانِ ارم
اُسی کے حُسنِ عمل کا ہے دائمی اعجاز
رواں ہے قافلۂ حریت رواں ہر دم
عمیق بحر کی صورت بلند کوہ صفت
وہ مردِ حُر جسے کہتے ہیں اپنا قائد ہم
نہ کیسے اُس کو ہو تائیدِ ایزدی حاصل
محمدؐ اور علیؑ اس کے نام میں ہیں بہم
اُسی کا نام ہے وجہِ سکونِ دل ہم کو
اُسی کی یاد ہے ہر زخمِ زیست کا مرہم
سلام اس کی عدیم المثال سیرت پر
وہ قومِ پاک کا رہبر وہ قائد اعظمؒ

قافلہ سالار

سالہا سال غلامی کی شبِ تار
مسلط رہی جان و دل پر
حبسِ دل، حبسِ نظر، ظلمتِ محکومیِ جاں
ایک احساس مگر پھر بھی تھا لرزاں، رقصاں
اک شرارے کی طرح نور فشاں ظلمتِ جان و دل میں
یہی احساس تھا زندہ کبھی ٹیپو کے جواں سینے میں
یہی احساس تھا رخشندہ کبھی جوہر و اقبالؔ کے آئینے میں
آخرِ کار اسی نورِ بصیرت کے طفیل
غم کی زنجیر کٹی، طوق و سلاسل ٹوٹے
پردۂ شب سے ابھرنے لگے ماہ و انجم
در و دیوار کے لب زمزمہ پرداز ہوئے
نغمہ زن ساز ہوئے
پیکرِ گل کی خزاں دیدہ قبا چاک ہوئی
شدتِ ظلمتِ صد سالہ سے
فلکِ جاں کی فضا پاک ہوئی
حبسِ دل ختم ہوا آنکھ جو نمناک ہوئی

عہدِ ظلمت کے المناک فسانے ٹوٹے
شب کی تسبیح کے دانے ٹوٹے
جھلملانے لگے فانوس، ہوا تیز ہوئی
آفتاب اُبھرا، نئی صبح کا روشن چہرہ
افقِ شب سے نمودار ہوا
قافلہ بیدار ہوا
اور اک عزم تھا جو قافلہ سالار ہوا
سبز پرچم لیے یہ قافلہ سالار چلا
عشق کی گرمیِ رفتار لیے
عزم کی دولتِ بیدار لیے
حُسنِ کردار لیے
منزلِ جاں کی جانب
منزلِ جاں کہ مقدر تھی ازل سے اس کا
منزلِ جاں کہ شبِ تار میں مشعل کہیئے
قلزمِ جبر کے گرداب کا ساحل کہیئے
منزلِ جاں کہ جسے حریتِ فکر کی منزل کہیئے
یہ وہ منزل ہے کہ جو خلد کی تصویر ہوئی
نقش بن کر ورقِ دہر پہ تحریر ہوئی
خوابِ اقبال کی اک جاگتی تعبیر ہوئی

قائدؒ

آسمانِ وطن کا ستارہ
نور کا تھا وہ روشن منارہ
ظلمتوں کے لیے اک ستارہ
روشنی کا تھا وہ استعارہ

اس کی آواز آوازِ حق تھی
اس کی پرواز پروازِ حق تھی
گفتگو اس کی غمازِ حق تھی
شخصیت اس کی دم سازِ حق تھی

اس کو حاصل تھی حق کی حمایت
اس کو حاصل تھی ایماں کی قوت
اس کی جدوجہد اس کی ہمت
زندگی کی تھی روشن علامت

اس کے بازو علمدارِ عظمت
اس کے لب تھے گہر بارِ عظمت
اس کا کردار کردارِ عظمت
اس سے قائم ہے معیارِ عظمت

آفریں اس کے عزمِ جواں کو
جس نے گرما دیا کارواں کو
حریت کے چمکتے نشاں کو
ڈھونڈتی ہے زمیں آسماں کو

مشعلِ نور ہر گام اُس کا
آج بھی فیض ہے عام اس کا
سب کے ہونٹوں پہ ہے نام اس کا
یاد ہے ہم کو پیغام اس کا

اتحادِ عمل ہے ضرورت
نظم ہے زندگی کی حقیقت
ہے یقیں ایک بیدار قوت
جس سے قائم رہے گی یہ جنت

قائداعظم

چراغِ شوق کی تنویر قائد اعظم
ہماری قوم کی تقدیر قائد اعظم
جو خواب شاعرِ مشرق کی آنکھ نے دیکھا
اس ایک خواب کی تعبیر قائد اعظم
تمام اہلِ یقیں کی دعاؤں کا حاصل
ہماری آہ کی تاثیر قائد اعظم
ہماری قوم کی تاریخ یہ بتاتی یہ
ورق ورق پہ ہے تحریر قائد اعظم
عدو کے مکر و ریا کو شکست دی جس نے
ہے تیری حکمت و تدبیر قائد اعظم
نہیں تھا اس کی لغت میں کہیں بھی ناممکن
ثبات و عزم کی تفسیر قائد اعظم
ہزار شکر کہ دل میں ہمارے زندہ ہے
ہمارا جذبۂ تعمیر قائد اعظم
صنم کدوں کے لیے برقِ بے اماں کی طرح
جلالِ نعرۂ تکبیر قائد اعظم
ہر آئنے میں جو اب تک سحر ہے تابندہ
یقین کی ہے وہ تصویر قائد اعظم

ملی نغمہ

اللہ سدا سلامت رکھے میرا پاکستان
دنیا بھر میں نام یہی ہے اب میری پہچان
اس کی مٹی سونا اس کا پانی بھی چاندی ہے
یہ وہ شہزادی ہے جس کی خوشحالی باندی ہے
دل و نظر کے لیے یہی ہے راحت کا سامان
اللہ سدا سلامت رکھے میرا پاکستان
عظمت اور بلندی میں ہے کون اس کا ہم پایہ
گنبدِ خضرا کا اس کے پرچم پر رہے گا سایہ
اس کی چھاؤں میں رہنے والے سب اہلِ ایمان
اللہ سدا سلامت رکھے میرا پاکستان
امن و سکوں کا گہوارہ ہیں اس کی نرم ہوائیں
جنت کو شرمائیں اس کی خوشبو بھری فضائیں
کل کے سنہری خوابوں کا ہے ایک نیا امکان
اللہ سدا سلامت رکھے میرا پاکستان

قائد کے نام

ہمارا جذبۂ ملت ہوا جواں تجھ سے
ملا ہے قوم کی پہچان کا نشاں تجھ سے
سب اہلِ شوق ہوئے گامزن سوئے منزل
سفر یہ جاری ہوا میرِ کارواں! تجھ سے
جو بے بصر تھے انہیں دیکھنا نصیب ہوا
جو بے صدا تھے انہیں مل گئی زباں تجھ سے
نفس نفس نے ترے کی عجب مسیحائی
ہمارے پیکرِ مردہ میں آئی جاں تجھ سے
جو بت تھے ظلمتِ باطل کے پاش پاش ہوئے
صنم کدے میں جو گونجی وہ ہے اذاں تجھ سے
ہے جس کی منزلِ مقصود امنِ عالمگیر
ہوا وہ قافلۂ حریت رواں تجھ سے
نہ خوف برقِ بلا کا نہ خطرۂ صیاد
ہوا ہے امن کا مسکن یہ آشیاں تجھ سے

غموں کی دھوپ میں جس سے ملی اماں ہم کو
میسر آیا ہے اک ایسا سائباں تجھ سے
ہماری قوم کا ہر فرد اب ستارہ ہے
یہ خاکِ راہ ہوئی بڑھ کے آسماں تجھ سے
روش روش ترے کردار سے معطر ہے
ہوا ہے رشکِ بہاراں یہ گلستاں تجھ سے
تو آسمانِ وطن کا ہے مہرِ تابندہ
یہ روشنی یہ اجالے یہ کہکشاں تجھ سے
تیر پیام کی کرنیں رہیں گی رخشندہ
ہم اکتساب کریں گے بہر زماں تجھ سے

شاعرِ شرقؒ

شاعرِ شرق یہ اعزاز فقط ہے تیرا
تو نے اک ارضِ خداداد کا سپنا دیکھا
تیرا ہر نقشِ قدم راہ نمائے منزل
کارواں کے لیے پیغام ترا بانگِ درا
تیری آواز غلاموں کے لیے بیداری
تیری آواز شبِ تیرہ میں سورج کی ضیا
برف ذہنوں کو ملی سعی و عمل کی گرمی
بزمِ آفاق میں جب تو ہوا سرگرمِ نوا
تیرے شعروں پہ حکیموں کے مقالات نثار
شعر و حکمت ہیں ترے سازِ سخن میں یکجا
تو ہے پیغامبرِ رمزِ خودی دنیا میں
رومیؔ و سعدیؔ و عطارؔ کا تو ہم پایہ
مردِ درویش ہے تو مردِ قلندر تو ہے
تیری گفتار میں کردار میں اک جوشِ انا

تیرے افکار کی وسعت کا ٹھکانہ کیا ہے؟
تیرے افکار کی وسعت میں ہیں گُم ارض وسما
پرِ جبریل سے آگے تری پروازِ خیال
واقفِ رازِ حقیقت ہے تری فکرِ رسا
تیرے افکار بھی زندہ ہیں ترے نام کے ساتھ
تیرے اقبالؔ کی شاہد ہے تری روحِ بقا

❁

شاعرِ مشرق

دلوں میں ہیں جو ضیا بار شاعرِ مشرق
ترے سخن کے ہیں انوار شاعرِ مشرق
فضائے جبر میں تیرے ہی دم سے زندہ تھا
ہمارا جذبۂ اظہار شاعرِ مشرق
خودی کے رازِ نہاں کو عیاں کیا تو نے
کہ تُو تھا کاشفِ اسرار شاعرِ مشرق
عدو کی فکر کا سیلاب بڑھ کے روک لیا
تھا ایک آہنی دیوار شاعرِ مشرق
جمود توڑ گئی غیر کی غلامی کا
تری حرارتِ گفتار شاعرِ مشرق
ہماری فکر کو آزاد کر دیا تونے
ترا عظیم ہے کردار شاعرِ مشرق
ہے ظلمتوں میں مثالِ سحرؔ درخشندہ
تری تجلیٔ افکار شاعرِ مشرق

❁

بحضورِ اقبالؒ

کیا اُمید کی شمعوں کو فروزاں تُو نے
گھپ اندھیرے میں کیا جشنِ چراغاں تُو نے
اک تصور کو حقیقت کا حسیں روپ دیا
رشکِ تعبیر کیا خوابِ پریشاں تو نے
دیام پیغام ہمیں ہوش کا بیداری کا
ہم تھے غفلت میں کیا ہم پہ یہ احساں تو نے
شعر کے پیکرِ رنگیں میں سمو کر حکمت
کر دیا منزلِ دشوار کو آساں تو نے
تب کہیں لیلیٰ احساس ترے ہاتھ آئی
طے کیا فکر کا اک ایک بیاباں تو نے
ایک اک لفظ کو تاثیر کا اعجاز دیا
ایک دنیائے سخن کو کیا حیراں تو نے
مل گئی جلد اسے منزل مقصود اپنی
قافلہ تیز کیا ایسا حُدی خواں تو نے
ہم خزاں دیدہ تھے مایوس فضائے جاں سے
ایسے موسم کو کیا رشکِ بہاراں تو نے
کتنی راتوں کا جگر خون کیا تب جا کر
کی عطا ہم کو نئی صبحِ درخشاں تو نے
درس دے کر ہمیں ایقان و خود آگاہی کا
رہ دکھائی ہے سوئے منزلِ عرفاں تو نے
راہ گم گشتہ ملی ہم کو بڑی دیر کے بعد
اس طرح موڑ دیا تھا رخِ دوراں تو نے

بنامِ اقبالؒ

گرتے ہوؤں کو ہمتِ شہباز تو نے دی
ہم بے پروں کو قوتِ پرواز تو نے دی
جو بے عمل تھے اُن کو عطا جدّ وجہد کی
سوئے ہوؤں کو روحِ تگ وتاز تو نے دی
ہر مردہ دل کو واقفِ احساس کر دیا
یخ بستگی کو گرمیٔ انداز تو نے دی
منزل کی سمت دیکھ رہے تھے سب اہلِ دل
چلنے لگے جو دور سے آواز تو نے دی
بیٹھا ہوا تھا دیر سے تھک کر جو راہ میں
اس قافلے کو جرأتِ آغاز تو نے دی
جس سے چھٹی جہالت و غفلت کی تیرگی
وہ روشنی اے صاحبِ اعجاز تو نے دی
زندہ کیا ہے جس نے ہمارے شعور کو
وہ گرمیٔ حیات اے دمساز تو نے دی
ہم کو ہمارا کھویا تشخص عطا کیا
گم ہو چکی تھی اپنی جو آواز تو نے دی

پیامِ اقبالؒ

عظمت ترا کلام ہے حکمت ترا پیام
اقبال! سر بسر ہے صداقت ترا پیام
قراں کا درسِ وحدتِ ملت ہے تیری فکر
اسلام کا پیامِ محبت ترا پیام
وہم وگماں کی تیرہ شبی تجھ سے پاش پاش
ایماں کی روشنی سے عبارت ترا پیام
عرفان و آگہی کی تجلی ترا سخن
آئینہ دارِ عشق و حقیقت ترا پیام
رمزِ خودی کو فاش کیا تو نے شعر میں
نوعِ بشر کی عزت و عظمت ترا پیام
سوئے ہوؤں کو بانگِ درا سے جگا دیا
مردہ دلوں میں جوشِ حرارت ترا پیام
ضربِ کلیم وقت کے طاغوت کے لیے
باطل پہ کاری فکر کی ضربت ترا پیام

کنجشکِ کم وجود کو شاہیں ترا سخن
کمزور کو ہے مژدۂ قوت ترا پیام
تیری نظر ہے نیل سے تا خاکِ کاشغر
ہے ترجمانِ سازِ اخوت ترا پیام
مہر و مہ و نجوم تری فکر کے غلام
تسخیرِ کائناتِ مشیت تیرا پیام
ہر اک صدی تری ہے ہر اک دَور ہے ترا
ہر عہد کی ہے زندہ حقیقت ترا پیام

غنائیہ

پاک فوج کو سلام

وطن تحفظ کا اک نشاں ہے
وطن علامت ہے عافیت کی
وطن سکوں کا ہے استعارہ
کبھی یہ بچپن کا بھولپن ہے
کبھی جوانی کا بانکپن ہے
کبھی بڑھاپے کا ہے سہارا
وطن ہے آباد گھر کی صورت
ہمارا یہ گھر، یہ عافیت کا نشان بھی کتنا دلنشیں ہے
یہ سرزمیں کس قدر حسیں ہے
گلاب پیکر ہے مہ جبیں ہے
ہمارے اسلاف کی روایاتِ حریت کی یہی امیں ہے
یہی امیں ہے ہمارے اُن اَن گنت شہیدوں کے
خونِ روشن کی سرخیوں کی
کہ جن سے چہرے ہمارے گلرنگ و لالہ گوں ہیں
وطن کی الفت ہے جزوِ ایماں

وطن ہے ایماں اُن عاشقوں کا
جو اس کی مٹی کے ذرے ذرے سے پیار کرتے ہیں
اس کے صحراؤں اس کے دریاؤں اس کے گاؤں پہ
اس کے شہروں پہ جاں چھڑکتے ہیں
اس کی مٹی میں اپنے خوں سے جو رنگ بھرتے ہیں زندگی کا
وطن ہے ایمان ان جیالوں کا
جو نگارِ وطن کی اک اک ادا پہ مرتے ہیں
اس سے رسمِ وفا نبھانے کا عہد کرتے ہیں
یہ جیالے ہی اس مقدس زمیں کی سرحد کے پاسباں ہیں
یہی سجیلے جری جواں ہیں
کہ جن کی خاطر وطن کے سب نغمہ گر شب و روز نغمہ خواں ہیں

یہی سجیلے جری جواں ہیں
وطن کی عزت کے پاسباں ہیں
وطن کی بہنوں کا پیار، ماؤں کی مامتا اور سہاگنوں کا سہاگ
زندہ ہے ان کے دم سے
انہی کے دم سے جوان سینوں میں دل دھڑکتے ہیں پیار بن کر
انہی کے دم سے حیات بیدار و سرخرو ہے

انہی کے چہرے کی سرخیاں ہی شفق کے رنگوں میں تیرتی ہیں
انہی کے گیتوں کا رس فضا میں رچا ہوا ہے

یہی تو وہ شیر دل جواں ہیں
جو عظمتِ ملک کا نشاں ہیں
رموزِ فطر کے رازداں ہیں
یہی جواں ہیں جو شیرِ یزداں علیؑ کی تلوار کے امیں ہیں
یہی جواں ہیں جو سبطِ مرسل حسینؑ کے صبر و استقامت کا آئنہ ہیں
کبھی یہ قاسم کبھی یہ خالد کبھی یہ طارق کے نقشِ پا پر رواں دواں ہیں
عظیم ٹیپو کی سرفروشی کی داستاں ہیں
یہی جواں ہیں نشانِ حیدر
عزیز، راشد، طفیل، سرور
انہی کے دم سے ہے موت بھی زندگی سے برتر
یہی ہیں وہ صف شکن مجاہد
کہ جن کی اک ضربِ لا الہ سے پہاڑ کا دل لرز اٹھا ہے
سمندروں کا خروش بھی جن کے نعرۂ حق سے کانپتا ہے
فضائیں جن کی بلند پروازیوں میں گم ہیں یہ وہ جری ہیں
یہ وہ جری ہیں جو آسماں سے خراج لیتے ہیں رفعتوں کا

یہ وہ ستارے ہیں جو وطن کے فلک پہ ہر دم چمک رہے ہیں
کبھی رفیق کے روپ میں اور کبھی ہیں یونس حسن کے پیکر میں
ان ستاروں کی روشنی سے ہی تیرگی کا طلسم ٹوٹا
یہ ایسے تارے ہیں ایسے شاہیں ہیں
کہ جن کو فضا بھی جھک کر سلام بھیجے عقیدتوں کا

سلام جو آسماں کی رفعت زمیں کی وسعت کو کر رہی ہے
بلندیاں سجدہ ریز شاہینِ پاک کی خاکِ پا کے آگے
یہ خاکِ پا ہر قدم پہ ہے رہنما ہماری
ہماری آنکھوں کی روشنی ہے
ہمارے ذہنوں کی چاندنی ہے
کہ اس کی نسبت ہے خاکِ طیبہ کی روشنی سے
یہ جس کی سب چاندنی ہے
وہ چاند آسمانِ وطن پہ یوں جگمگا رہا ہے
کہ اس کی کرنوں سے نیم خوابیدہ دھڑکنوں کے سیاہ پتھر پگھل رہے ہیں
یہ چاند سب اہلِ ملک کی آنکھ کا ہے تارا

یہ خوبرو مستعد مجاہد
ثبات و عزم و یقیں کے پیکر
یہ چاق و چوبند صف شکن فوج کے سپاہی
یہ سب خداداد مملکت کی ہیں سرحدِ پاک کے محافظ
فضاؤں میں یہ عظیم شاہین محوِ پرواز
سبز پرچم کے چاند تارے کے پاسباں ہیں
سمندروں میں جو شیر دل غازیوں کے لشکر رواں دواں ہیں
حدودِ بحرِ عرب کے شفاف پانیوں کے مزاج داں ہیں
یہ سب جیالے، یہ سب مجاہد یہ سارے شاہین سارے غازی ہماری جاں ہیں
ہماری روحِ حیات کا جاگتا نشاں ہیں
فضاؤں میں ان کے نام اس طرح گونجتے ہیں
کہ آسمانوں کے سب فرشتے
سلام کرتے ہیں ان کی عظمت کو ان کی جرأت کو ان کی ہمت کو
کہہ رہے ہیں
سلام اے شیر دل جوانو! وطن کی عزت کے پاسبانو!
سلام تم پر کہ تم نے ہر معرکے میں نصرت کا باب کھولا
سلام تم پر کہ تم ہو میدانِ حریت کے دلیر غازی
نفس نفس میں حیاتِ نو کا پیام بن کر
تمہیں صدائے ابد کی خوشبو سلام کہتی ہے

پاسبانوں کو سلام

عزتِ خاکِ وطن کے پاسبانوں کو سلام
شیر دل جانباز جوشیلے جوانوں کو سلام
سرفروشی جن کا ایمان جاں نثاری جن کا دیں
اُن جواں ہمت دلیروں سخت جانوں کو سلام
جو فضاؤں میں محافظ ہیں وطن کے نام کے
اُن جیلے شاہبازوں کی اڑانوں کو سلام
ہر گھڑی سیلِ حوادث میں ہیں جو سینہ سپر
موجِ باطل کے مقابل اُن چٹانوں کو سلام
سر بکف ہو کر چلے ہیں راہِ حق میں جانفروش
غازیوں کے روح پرور کاروانوں کو سلام

مرحبا! پاک افواج کے غازیو!

ارضِ خیبر کی تابانیوں کی قسم
خاکِ مہران کی عظمتوں کی قسم
تم وطن کے لیے فخر ہو ناز ہو
مرحبا! پاک افواج کے غازیو!
آفریں ارضِ پنجاب کے صف شکن
تم دفاعِ وطن میں ہو شعلہ فگن
آفریں جذبۂ عشقِ بیدار کو
مرحبا! پاک افواج کے غازیو!
تم نے ہر دشمنِ دیں کو پسپا کیا
نخوتِ کفر و باطل کو رسوا کیا
اے بہادر جری شیر دل غازیو
مرحبا! پاک افواج کے غازیو!
ارضِ اسلام کے دشمنوں کے لیے
کفر و ظلمات کے لشکروں کے لیے
عزم و ہمت کی تم ایک دیوار ہو
مرحبا! پاک افواج کے غازیو!

نعرۂ حیدری

سر بکف ساتھیو! صف شکن غازیو!
تم روایاتِ حق کے علمدار ہو
حریت کی روایت تمہی سے چلی
نعرۂ حیدری یا علیؑ یا علیؑ

تم پہ سایہ فگن سایۂ ایزدی
ہے تمہاری نظر آگ سی برق سی
دشمنوں کے لیے ذوالفقارِ علیؑ
نعرۂ حیدری یا علیؑ یا علیؑ

کس میں جرأت ہے ٹکرائے اسلام سے
ایک ہیبت سی طاری ہے اس نام سے
لشکرِ کفر میں مچ گئی کھلبلی
نعرۂ حیدری یا علیؑ یا علیؑ

جب بھی دل پر کوئی خوف طاری ہوا
نام مشکل کشا لب پہ جاری ہوا
ہر صعوبت کٹی ہر مصیبت ٹلی
نعرۂ حیدری یا علیؑ یا علیؑ

غازیوں کی کرامات کے ذکر سے
جاگ اٹھیں ولولے تیز ہوں حوصلے
حق کی آواز سے گونج اٹھے ہر گلی
نعرۂ حیدری یا علیؑ یا علیؑ

س وطن کا ہر اک فرد ہشیار ہے
اس گلستاں کی ہر شاخ تلوار ہے
خوں سے گلرنگ ہے اس چمن کی کلی
نعرۂ حیدری یا علیؑ یا علیؑ

بڑھے چلو

دلاورو! مجاہدو!
بڑھے چلو! بڑھے چلو!
وطن کی آن تم سے ہے
وطن کی شان تم سے ہے
تمہارے دم قدم سے ہیں
یہ عظمتیں اے ساتھیو!
دلاورو! مجاہدو! بڑھے چلو! بڑھے چلو!
یہ سبزہ زار کھیتیاں
پہاڑ اور وادیاں
زبانِ خامشی سے سب
پکارتے ہیں کیا سنو!
دلاورو! مجاہدو! بڑھے چلو! بڑھے چلو!
کٹھن اگر ہو راستہ
رواں رہے یہ قافلہ
سپاہیانِ صف شکن
قدم بڑھاؤ مت رکو
دلاورو! مجاہدو! بڑھے چلو! بڑھے چلو!

عساکرِ پاکستان سے

سرحدِ حق کے پاسباں تم ہو
حق پرستوں کا کارواں تم ہو
تم سے قائم جلالِ ملت ہے
عظمتِ ملک کا نشاں تم ہو
جن کو باطل ڈرا نہیں سکتا
وہ بہادر جری جواں تم ہو
کفر و ظلمت کے لشکروں کے لیے
صورتِ خنجرِ رواں تم ہو
تم وطن کے وطن تمہارا ہے
یہ زمیں ہے تو آسماں تم ہو
اس وطن کا وقار تم سے ہے
اس چمن کا نکھار تم سے ہے

مرے وطن کے مجاہد

بہت جری ہیں بہادر ہیں عزم والے ہیں
مرے وطن کے مجاہد بڑے جیالے ہیں
نگاہ ان کی عقابی تو ہیں بدن فولاد
دل ان کے موت کے خوف وخطر سے ہیں آزاد
غرورِ برق ہیں یہ آندھیوں کے پالے ہیں
مرے وطن کے مجاہد بڑے جیالے ہیں
ہیں ان کے دَم سے جنوں کی روائتیں زندہ
وطن کا نام ہے ان کی وفا سے پائندہ
وطن ہے چاند تو یہ روشنی کے ہالے ہیں
مرے وطن کے مجاہد بڑے جیالے ہیں
جو ان کے سامنے آئے وہ پارہ پارہ ہو
پہاڑ بھی ہو مقابل تو ریزہ ریزہ ہو
شبِ سیاہ میں یہ فتح کے اجالے ہیں
مرے وطن کے مجاہد بڑے جیالے ہیں

جَاہِدُو!

اے وطن کے جوانانِ خیبر شکن
باندھ کر آج پھر اپنے سر سے کفن
برسرِ جنگ ہو تم خلافِ عدو
جاہدو! جاہدو! جاہدو! جاہدو!
غازیو ذوق و شوقِ شہادت لیے
اپنے سینوں میں ایماں کی دولت لیے
حق کی خاطر کرو اپنے خوں سے وضو
جاہدو! جاہدو! جاہدو! جاہدو!
کوئی قوت تمہارے مقابل نہیں
ہے تمہارے مقدر میں فتحِ مبیں
حق تعالیٰ کا فرماں ہے لا تقنطو!
جاہدو! جاہدو! جاہدو! جاہدو!

پاکستانی سپاہی

دشمن کے لیے قہر بلا اور تباہی
ہے شیر صفت ارضِ مقدس کا سپاہی
چلتا ہے تو دل کانپنے لگتا ہے زمیں کا
قدموں میں ہے اس مردِ خود آگاہ کے شاہی
کچھ اس کے مقابل نہیں صحرا ہو کہ دریا
ہر جادۂ پُر خوف کا بے خوف ہے راہی
ثابت قدمی ختم ہے اس مردِ خدا پر
دیتی ہے یہ ہر جنگ کی تاریخ گواہی
جانبازی و جرأت کا وہ پیکر ہے کہ جس نے
ہر گام پہ رسم و رہِ محمود نباہی
جس وقت جدھر چاہے زمانے کو بدل دے
اسلام کا غازی ہے کہ تقدیرِ الٰہی
اکرم(۱) ہو کہ شبیر(۲) ہو بھٹی(۳) ہو کہ راشد(۴)
ہے فخر مجھے میرے وطن کا ہے سپاہی

۱۔ میجر محمد اکرم شہید نشانِ حیدر
۲۔ میجر شبیر شریف شہید نشانِ حیدر
۳۔ میجر عزیز بھٹی شہید نشانِ حیدر
۴۔ راشد منہاس شہید نشانِ حیدر

قبلۂ اوّل

معراجِ محمدؐ کا نشاں قبلۂ اول
ہے رشکِ فلک عرش مکاں قبلۂ اول
مشعل کی طرح قلبِ مسلماں میں ہے روشن
ہر سمت ہے تُو نور فشاں قبلۂ اول
تُو ارضِ مقدس کے ہے سینے میں دھڑکتا
دل تیرے لیے سجدہ کناں قبلۂ اول
ثانی کوئی تیرا ہے تو ہے کعبۂ اطہر
اے مسجدِ اقصیٰ مری جاں قبلۂ اول
گو کفر کے نرغے میں نظر آتا ہے ہم کو
سینے میں ہمارے ہے نہاں قبلۂ اول
خنجر سا مسلمانوں کے سینے میں گڑا ہے
ہے غیر کے جو زیرِ عناں قبلۂ اول
تو مرکزِ انوار ہے تو محورِ اسلام
ہم کو مگر احساس کہاں قبلۂ اول؟

افسوس کہ سنتے ہی نہیں ہم کوئی نالہ
ورنہ ہے ابھی محوِ فغاں قبلۂ اول
آنکھیں ہوں تو دیکھو ذرا دلدوز یہ منظر
ہے اب بھی وہی اشک فشاں قبلۂ اول
بے روح عبادات ہوئیں تجھ سے بچھڑ کر
بے کیف دعا کا ہے سماں قبلۂ اول
جب تک نہ ہو آزاد تُو دشمن کے ستم سے
بے جاں ہے نماز اور اذاں قبلۂ اول
جاں دے کے چھڑائیں گے تجھے دستِ عدو سے
پھر عزم ہمارا ہے جواں قبلۂ اول
اے ربِ سحر دے مری آہوں کو وہ تاثیر
ہو قدس کی آزادی مرے خواب کی تعبیر

❁

ملتِ بیضا

جبر و استبداد سے آزاد ہیں
ملتِ بیضا کے ہم افراد ہیں

خاکِ اشک آباد سے تہران تک
خطۂ لاہور سے دہران تک
ساحلِ بحرین سے عمان تک
مشرق و مغرب میں ہم آباد ہیں
ملتِ بیضا کے ہم افراد ہیں

ہم سے قائم عزت و آنِ جہاں
ہم سے قائم سطوت و شانِ جہاں
اڑ رہے ہیں جا بجا اپنے نشاں
ہم ہی جانِ عالمِ ایجاد ہیں
ملتِ بیضا کے ہم افراد ہیں

ہم مسلماں شوکتِ اسلام ہیں
امن و عافیت کا ہم پیغام ہیں
ہم خدائے پاک کا انعام ہیں
قصرِ الا اللہ کی بنیاد ہیں
ملتِ بیضا کے ہم افراد ہیں

❁

صحرائے عرب

رشکِ جناں صحرائے عرب ہے
خُلدِ زماں صحرائے عرب ہے
اللہ کے پیغام کا مرکز
ایمان و اسلام کا مرکز
حق کا نشاں صحرائے عرب ہے
محبوبؐ رحمٰن کا مسکن
سب سے بڑے انسان کا مسکن
عرش مکاں صحرائے عرب ہے
حیراں ہے آئینۂ عالم
لرزاں ہے بت خانۂ عالم
محوِ اذاں صحرائے عرب ہے
سوز ہے اس کے ہر ذرے میں
ایک گداز ہے ہر گوشے میں
عشق بجاں صحرائے عرب ہے
اب بھی رواں ہیں قافلے اس کے
تازہ ہیں اب بھی حوصلے اس کے
اب بھی جواں صحرائے عرب ہے

اللہ اکبر

اظہارِ تکبیر، اللہ اکبر
صوتِ جہانگیر اللہ اکبر
عہد جفا میں، کرب و بلا میں
کردارِ شبیرؑ اللہ اکبر
روزِ ازل سے، خاکِ عمل سے
آدم کی تعمیر اللہ اکبر
خونِ جگر سے، سوزِ نظر سے
بنتی ہے تصویر اللہ اکبر
سوزِ یقیں سے، یک لخت ٹوٹے
ظلمت کی زنجیر اللہ اکبر
کردار کے رخ، گفتار کے رخ
تقدیر و تدبیر اللہ اکبر

ثقافتِ اسلام

گلابِ فکرِ پیمبرؐ ثقافتِ اسلام
چراغِ مسجد و منبر ثقافتِ اسلام
اسی کی روشنی پھیلی ہے سارے عالم میں
ہے نورِ حق سے منور ثقافتِ اسلام
ملوکیت کے تفاخر کو اس سے کیا نسبت؟
امینِ فقرِ ابوذرؓ ثقافتِ اسلام
رہِ تعصب و نفرت سے ہٹ کے دیکھو تو
ہے امن و صلح کا محور ثقافتِ اسلام
یہ کہنہ مردہ روایات کی اسیر نہیں
کہ زندگی کی ہے مظہر ثقافتِ اسلام
ہو فنِ شعر کہ ہو نقش و صوت یا تعمیر
رہی ہے طاہر و اطہر ثقافتِ اسلام
ہمارے فکر و عمل میں کوئی تضاد نہیں
ہے اپنی زیست کی رہبر ثقافتِ اسلام

ہمارا گھر ہو کہ ہو مدرسہ کہ ہو مسجد
ہر ایک جا ہے معطر ثقافتِ اسلام
ہمارا رنگ سحر ہے اخوت و وحدت
اور ایسے رنگ کا پیکر ثقافتِ اسلام

فردوسِ زمیں ایران

شگفتہ تھا یہ پہلے بھی گلستاں
فلک پہلے بھی تھا یہ نور افشاں
مہکتے تھے گلاب اس سر زمیں پر
چمکتے تھے ستارے ہر جبیں پر
یہ خطہ تھا بہاروں کا نظارہ
خزاں سے دور تھا یہ خاک پارہ
یہ گوشہ تھا تمدن کا خزانہ
ثقافت کا تھا یہ رنگیں فسانہ
مگر جو آج ہے یہ تازہ کاری
یہ سب اُس خون کی ہے آبیاری
وہی جو خوں ہے رنگِ لالہ زاراں
جسے کہتے ہیں سب خونِ شہیداں
یہی وہ خون ہے خونِ معطر
ہے جس کے دم سے یہ گلشن منور

اسی خوں کی ہے ساری عطر بیزی
اسی خوں کی ہے ساری جلوہ ریزی
اسی کا رنگ ہے سرو و سمن میں
اسی کا نور ہے کوہ و دمن میں
اسی کا رنگ ہے تازہ ہوا میں
اسی کا عکس ہے روشن فضا میں
جہانِ روشنی ہے اس کے دم سے
جمالِ زندگی ہے اس کے دم سے
لبِ امروز ہے خونِ شہیداں
بہار افروز ہے خونِ شہیداں
رخِ ایقان کا یہ خوں ہے غازہ
دلِ ایماں ہے اس کے دم سے تازہ
اسی خوں کی بدولت ہے یہ منظر
کہ گلشن کی فضا ہے روح پرور
نہالِ حریت ہیں بار آور
جہادِ راہِ حق ہے ان کا رہبر
سروں میں ان کے ہے ذوقِ عبادت
دلوں میں موجزن شوقِ شہادت
جبینوں پر نئی اک روشنی ہے
تو سینوں میں نئی اک زندگی ہے
گلابوں میں مہک آئی ہے ایسی
ستاروں میں چمک آئی ہے ایسی
کہ یہ کنجِ چمن ہے عکسِ جنت
فضا اس چرخ کی ہے رشکِ رفعت
''اگر فردوس بروئے زمین است
ہمین است وہمین است وہمین است''

سنلتقی فی تل ابیب

(عرب اسرائیل جنگ ۱۹۶۷ء کے تناظر میں)

دمشق قاہرہ بغداد جاگ اٹھے ہیں
سنلتقی فی تل ابیب
سب کا نعرہ ہے
ریاض و مکہ و عمان کے در و دیوار
اسی صدا اسی نعرے سے
گونج اٹھے ہیں
یروشلم کی مقدس فضا کے شیدائی
عدو پہ ٹوٹ پڑے ہیں
مثالِ برقِ تپاں
رخِ عرب ہے شہیدوں کے خوں سے لالہ فام
کہ حریت کا علم
اور ہو بلندی پر
سنلتقی فی تل ابیب
سب کا نعرہ ہے

اک نئی کربلا

(جنگِ خلیج ۱۹۹۱ء)

میری آنکھیں یہ کیا دیکھتی ہیں؟
کہ بغداد اور کربلا و نجف
آج ہیں خاک و خوں میں نہائے ہوئے
بام و دیوار و در ہیں مدینے کے نوحہ کناں
اور مکے کا شہر امیں بھی تو گریہ کناں ہے
کہ اسلامیوں کے محافظ یہود و نصاریٰ بنے ہیں
یہود و نصاریٰ کہ اسلام کے دشمنِ دائمی ہیں
وہ آج اپنے ناپاک قدموں سے ہیں سرزمینِ مقدس کو روندے ہوئے

میری آنکھیں یہ کیا دیکھتی ہیں؟
کہ صدیوں کے بعد اس جہانِ تغیر میں
تاریخ پھر خود کو دہرا رہی ہے
نئی کربلا پھر سے ترتیب دی جا رہی ہے
فرات آج خود کتنا تشنہ دہن ہے

زمیں پر اک اک قطرۂ آب کو پھر ترستے ہیں معصوم
اور آسماں سے ہے شعلوں کی بارش
دھواں ہی دھواں ہے جو بارود کا پھیلتا جا رہا ہے
اجل کا دھواں
آندھیاں اٹھ رہی ہیں کراں تا کراں
ظلم کی آندھیاں
وقت کے سب یزید اور نمرود و فرعون ہیں اک طرف
دوسری سمت شبیرؑ کی استقامت
براہیمؑ کی حریت اور علیؑ کی شجاعت کے ہیں نام لیوا سبھی

میری آنکھیں یہ کیا دیکھتی ہیں؟
کہ اصحابِ فیل آج پھر حملہ آور ہوا چاہتے ہیں
ابابیل بھی اپنی چونچوں میں کنکر لیے منتظر ہیں
کہ کب اذنِ یلغار ہو تو کریں ہاتھیوں کو فنا
جبر کی ایک حد ہے تو پھر صبر کی بھی تو حد ہے
کہ اب حشر ہونے کو ہے
اے خدا اے علیم و بصیر و سمیع!
اپنے بندوں کی فریاد سن!

اُن پہ گزری ہے جو اس کی روداد سُن!
اس سے پہلے کہ شیطان کی شیطنت عام ہو
اپنے گھر اپنے بندوں کی خاطر
ابابیل کی فوج کو اذنِ یلغار دے
حکمِ پیکار دے

نئے افق کا سُورج

تیرگی وہ تھی کہ بے نور تھا شب کا منظر
کوئی جگنو نہ ستارہ نہ کوئی شمعِ جمال
کوئی خوشبو نہ کوئی رنگ نہ کوئی نغمہ
ذہن خالی تھے خیلات کی رعنائی سے
زنگ آلود تھا دروازۂ شہرِ احساس
حُسن جذبات تھا باقی نہ علوِ افکار
عظمتِ فن تھی سلامت نہ ہنر کی تقدیس
ایک ہی رنگ کا منظر تھا محیطِ علام
جسمِ افلاک تھا پیراہنِ شب میں ملبوس
تیرہ و تار مناظر تھے زمین کی قسمت

افق شب کہ تھا خوابیدہ و تاریک بہت
یک بیک صبح کی تنویر سے بیدار ہوا
صبح تابندہ ہوائی عارض سیمیں کی طرح
نغمہ و نور کا پیکر ہے فلک کی رفعت
شہرِ احساس میں خوشبو کے مناظر جاگے
جگمگاتی ہیں کچھ اس طرح سحر کی کرنیں
جیسے افلاک کے ماتھے پہ سجا ہو سورج
روشنی پھیل گئی ذہن کے ایوانوں میں
افقِ نو سے نیا مہرِ درخشاں اُبھرا
یہ نیا مہرِ درخشاں ہے نشانِ منزل
جس سے ہر راہروِ راہِ وفا کے دل میں
قربِ منزل کا یقیں اور ہوا ہے راسخ
ہے یہ منزل کا یقیں نظمِ چمن کا آئیں
اسی آئین سے ممکن ہے چمن کی تزئیں

رہبرِ ملت

قائدِ حریت ہے نام ترا
انقلابِ عظیم کام ترا
نقش ہر دل پہ ہے دوام ترا
اے خمینی! اے رہبرِ ملت

شاہی سطوت کے بت گرائے ہیں
جاہ وحشمت کے بت گرائے ہیں
تو نے ظلمت کے بت گرائے ہیں
اے خمینی! اے رہبرِ ملت

عام تو کیا محبت کو
آدمیت کو اور اخوت کو
ریزہ ریزہ کیا ہے نفرت کو
اے خمینی! اے رہبرِ ملت

صبح کی آب و تاب تجھ سے ہے
روشنی کامیاب تجھ سے ہے
یہ نیا انقلاب تجھ سے ہے
اے خمینی! اے رہبرِ ملت

امامِ اہلِ وفا

مئے حیات سے لبریز جام ہے اُس کا
ہر اہلِ درد کے لب پر کلام ہے اُس کا
جو علم و فکر و شعور و نگاہ رکھتے ہیں
وہ جانتے ہیں دلوں میں مقام ہے اس کا
وہ انقلاب کا بانی وہ رہبرِ ملت
امامِ اہلِ وفا اب بھی نام ہے اس کا
جہالتوں کے اندھیرے مٹا دیئے اُس نے
چراغِ علم سے روشن پیام ہے اس کا
کدورتوں کو کیا ختم نرم لہجے سے
نظامِ امن و محبت نظام ہے اس کا
اُسی کا نقشِ قدم حریت کی منزل ہے
جہان بھر میں سحرؔ فیضِ عام ہے اس کا

انقلابِ اسلامی

حسینیت کی صدا انقلابِ اسلامی
ہے حریت کی بقا انقلابِ اسلامی
پیامِ رحمتِ عالمؐ پیام ہے اس کا
نشانِ امن و بقا انقلابِ اسلامی
فروغِ وحدتِ اسلامیانِ عالم را
ظہورِ اہلِ وفا انقلابِ اسلامی
نہالِ فکر کی بالیدگی عمل کا ثمر
جواں دلوں کی نوا انقلابِ اسلامی
ہے کُل جہان کے مستضعفین کا نعرہ
ہمارا راہ نما انقلابِ اسلامی
اندھیری شب میں بھٹکتے مسافروں کے لیے
چراغِ راہ بنا انقلابِ اسلامی
ملوکیت کے صنم پاش پاش کرنے کو
ہے تیغِ صبر و رضا انقلابِ اسلامی
نظامِ کہنہ کے آثار نیست و نابود
نظامِ نو کی بنا انقلابِ اسلامی
ہے روحِ عصر فروزاں اسی کی کرنوں سے
منارِ دینِ خدا انقلابِ اسلامی

کُہرے میں دھنک

Kulliat-E-Hussai

حُسین سحرؔ

آسماں کتنا نیلا ہے

آسماں کتنا نیلا ہے!
نیلاہٹوں کا یہ پھیلا سمندر
افق تا افق موجزن ہے
چمکتے ہوئے چاند کا مرمریں جسم تابندہ تر ہے
ستاروں میں رخشندگی جلوہ گر ہے
فضا کی جبیں پر کہیں تیرگی کا نشاں تک نہیں ہے
خلاؤں کے رستے جو صدیوں سے بے نور تھے
آج نیلاہٹوں سے منور ہیں
یہ روشنی اُس کے نقشِ کفِ پا کا اعجاز ہے
جو کہ خود روشنی ہی کا اک راز ہے
ورنہ پہلے کبھی آسماں اتنا نیلا نہیں تھا

❁

کہرے میں دھنک

سرمئی کہرے کی چادر آسمانوں پر تنی ہے
صبح کے چہرے کے خدوخال گم ہیں اس نقابِ تیرگی میں
نرم آغوشِ افق میں آفتابِ نو کی آنکھیں بند ہیں
اس تیرگی کے آئنے میں عکس لرزاں ہیں ٹھٹھرتے جگنوؤں کے
یک بیک کرنیں چمک اٹھی ہیں میرے پردۂ افکار میں
ذہن کے کہرے میں یادِ جانفزا کس کی یہ چمکی ہے
کہ ساتوں رنگ خوابوں کی دھنک کے جاگ اٹھے ہیں

❁

ہَوا کی شاعری

ہوا کی شاعری بڑی عجیب ہے
ردیف و قافیہ سے بے خبر
یہ شاعری

زمیں کے فرش کی عظیم وسعتوں سے
آسماں کی پُر جلال رفعتوں میں ہے رواں دواں
کہیں نسیم گلستاں کے روپ میں گُہر فشاں
کہیں خزاں کی تیز رو ہوا کی شکل میں الم کناں
کہیں ٹھٹھرتی کانپتی ہوائے سرد کے لباس میں
کہیں سلگتی چیختی کراہتی ہوئی فضائے گرم میں شرر بجاں
کہیں مثالِ صبح، زرد رُو
کہیں شفق کے ساتھ ساتھ ارغواں
کہیں غزل سرا مہکتی ٹہنیوں کے ساتھ ساتھ
کہیں کسی کی زلفِ عنبریں کے ساتھ نغمہ ریز رنگ و بو کے ساز پر
کہیں خنک ہوا کی شکل میں فضائے کوہسار میں ہے ابرِ نو بہار کی قدم قدم
پہ ہمسفر
کہیں بہت ہی خشک، خوفناک جنگلوں میں نوحہ خواں
کہیں خموش، بے زباں،
حقیقتاً یہ خامشی عظیم ہے
ردیف و قافیہ سے بے خبر
ہوا کی شاعری بڑی عظیم ہے

❁

آئنہ

تمام چہرے ہیں ایک جیسے
تمام ناموں کا ایک ہی نام مشترک ہے
تمام شہروں میں ایک سے لوگ رہ رہے ہیں
تمام گلیوں میں ایک سا شور اٹھ رہا ہے
تمام نوحے تمام نغمے تمام نعرے ہیں ایک جیسے
تمام لوگوں کا ایک ہی نقطۂ نظر ہے
تمام باتوں کا ایک ہی حاصلِ سخن ہے
تمام راہوں پہ ایک ہی قافلہ رواں ہے
تمام رنگوں کا ایک ہی عکس
غم کے یک رنگ آئنے میں ابھر رہا ہے
کبھی اگر آئنہ یہ ٹوٹے
تو ریزہ ریزہ ہزار عکسوں میں
دل کا یہ آبلہ بھی پھوٹے

❁

مقتل

قتلِ مہر و ماہ اک رسمِ قدیم
جاری و ساری ازل سے ہے یہ دستورِ عمل
آسماں ہے ظلمتوں کا ریگزار
ایک صحرائے بسیط
ریت کے ذروں کا بے پایاں محیط
تیرگی کا ہم زبان و ہم عناں
روشنی سے بے خبر
موت کی آماجگاہِ مستقل
زندگی سے بے خبر
ظلم کا آتش فشاں
آگ کے شعلوں کا شہر
منظر رنگِ شفق ہے خون کی نہرِ رواں
مقتلِ خورشید و مہتاب و نجوم
غرب سے ہے شرق تک
بس ایک ہی قاتل کا دور
شب زدہ، خونیں قبا، خنجر بکف
منجمد حدِ نظر تک ہیں لہو کے دائرے
کس قدر ویران ہے دشتِ خلا
اک کرن بھی نور و خوشبو کی کہیں پیدا نہیں
روشنی ہے کس قدر بے دست و پا!

❁

آخری رنگ

نیلگوں رنگ پانی کا
اور خشک مٹی کا خاکستری رنگ
شب کے اندھیرے میں سویا ہوا تھا
کہ جب دم ہوا جب چلی
تو یہ رنگوں کی خوابیدہ دنیا
نئی شان سے جاگتی مسکراتی ہوئی لہلہائی
نئی ٹہنیوں پر نیا سبز رنگ آ گیا

پھر ہوا جب چلی
تو نئے پھول خوشبو کا جادو جگانے لگے
سبز سے سرخ تک کا فاصلہ طے ہوا
شام تک جلتے سورج کی کرنوں
ستمگر ہواؤں کی یورش سے
پتے بکھرنے لگے
ہر طرف خاک ہی خاک اڑنے لگی
سرخیِ گل نے زردی کی منزل کی جانب سفر طے کیا
دیکھتے دیکھتے چار سو زرد منظر ہویدا ہوا
تو یہ دل نے کہا
''اب کلر بکس'' میں بس یہی رنگ ہے
غالباً زرد رنگ آخری رنگ ہے

❁

دائرہ

ابد کا آخری نقطہ بھی شاید ہے ازل کا اولیں لمحہ
کہ اس سے متصل ہے
زندگی کا بحرِ بے پایاں
روانی جس کی موجوں میں بلا کی ہے
کبھی جب حرفِ ''کُن'' کی گونج
ٹکراتی ہے ان موجوں سے
تو تخلیق کا در
دائرہ در دائرہ کُھلتا ہے
اس موّاج دریا میں
جسے ہم وقت کہتے ہیں
ازل کی صبح کا وہ اولیں نقطہ
سمٹ کر پھیلتا ہے جب ابد کی شام کی جانب
تو پُرکارِ صدائے کُن
ابد سے پھر ازل کی سمت بڑھتی ہے
محیطِ وقت کی تکمیل کرنے
یہ سفر جاری ہے اور جاری رہیگا
جانے کب تک؟

❁

ایک منظر

آسماں پر بادلوں کا اک ہجوم
بادلوں میں چاند کی کشتی رواں
چاند کی کشتی پہ ٹوٹا بادباں
بادباں کے پاس آوارہ نجوم

کبھی تُم نے دیکھا؟

کبھی تُم نے دیکھا؟
درختوں پہ کھلتے ہوئے رنگ کتنے حسیں ہیں!
سرِ شاخ اڑتی ہوئی تتلیوں کی قطاریں
افق پر لچکتی ہوئی یہ دھنک کی کمانیں
مہکتے ہوئے پنچھیوں کی اڑانیں
مہکتے ہوئے سُرخ اور زرد پھولوں کی بیلیں
فلک سے برستے ہوئے شبنمی آئنوں کی پھواریں
چمکتے ہوئے نیلگوں آسماں کے افق پر
ابھرتے ہوئے شوخ سورج کی کرنیں
دمکتی ہوئی نیلی نیلی فضائیں
بدلتے ہوئے موسموں کی ہوائیں
اُچھلتے ہوئے سبزرُو پانیوں کی ردائیں
یہ سب کس قدر دلنشیں ہیں!
کبھی تم نے سوچا؟
کہ یہ سارے منظر ہیں کیا؟
ایک تصویر ہیں زندگی کی
چمکتی ہوئی دودھیا روشنی کی
مہکتی ہوئی سرمدی تازگی کی
یہ تصویر اب دیکھنا تو کُھلی آنکھ سے دیکھنا
اس کا نقاش، اس کا مصور
تمہارے ہی اندر چھپا ہے
تمہارے ہی رنگوں میں وہ اپنا خونِ جگر گھولتا ہے
تمہاری ہی آواز میں بولتا ہے

سبز پُھولوں کا پیغام

جب فضاؤں میں آلودگی دم بدم پھیلتی جا رہی ہو
کراں تا کراں نفرتوں کا دھواں اٹھ رہا ہو
ہواؤں میں خوشبو
گھٹاؤں میں جادو نہ ہو
جھوٹ کی گرد ہونٹوں پہ جمتی چلی جا رہی ہو
فریب وہوس کی چمکتی ہوئی دھوپ
آنکھوں کو خیرہ کیے دے رہی ہو
دماغوں کو برفاب سوچوں نے شل کر دیا ہو
دلوں پر کدورت کے زہراب کا وہ اثر ہو
کہ اُلفت کے سب پھول مرجھا چکے ہوں
تو ماحول کی روشنی کی
فضاؤں کو تابندگی کی ضرورت ہے
یہ روشنی اور تابندگی قلبِ حساس کی وسعتوں میں بسی ہے
اگر چاہتے ہو
فضاؤں میں پاکیزگی ہو
ہواؤں میں خوشبو
گھٹاؤں میں وہ نغمگی ہو
جو اطراف میں اپنا جادو جگائے
صداقت کی آواز گونجے
تو افلاک کی وسعتوں میں سمائے
دماغوں میں سوچوں کی گرمی
دلوں میں ہو نرمی
تو پھر چاہیئے
سب مہکتے ہوئے سبز پھولوں کا پیغامِ امن وسکوں
چار سو عام ہو

❁

تازہ ہَوا کا جھونکا

رات کی بات ہے
ماحول تھا اس درجہ مرے قریۂ جاں کا شبگوں
تھی فضائے چمنستان زبوں

ظلمتِ شب تھی کہ اُمڈی ہوئی گھنگھور گھٹا
سائے ہی سائے نظر آتے تھے ہر سو گہرے
خوفناک اور عجیب
کسی عفریت کی مانند غضبناک و مہیب
ظلم اور جبر کا پہرہ تھا دل و جاں پہ محیط
زیست ویران تھی جس طرح کوئی دشتِ بسیط
ذہن پر طاری خزاں کا تھا طلسم
روح پابندِ سلاسل تھی جو آزاد تھا جسم
ابر تھا چھایا ہوا درد و الم کا ہر سُو
کوئی آہٹ نہ کوئی رنگ نہ کوئی خوشبو
زرد تھا چہرہ اشجار غبارِ غم سے
اور پژمردہ نظر آتی تھی ہر ایک کلی
برگ بے رنگ و نمو
شاخ بے برگ و ثمر
حبس تھا قریۂ جاں کا موسم
ہر طرف چھایا تھا شب کا عالم
شبِ بے ماہ و نجوم
در و دیوار پہ سایوں کا ہجوم

شب کی شدت میں اضافہ جو اچانک ہوا، دل زور سے دھڑکا میرا
نکل آیا افقِ جاں پہ نیا مہرِ درخشاں ایسے
جیسے یکدم تنِ بے جان میں جاں آ جائے
جیسے بے صوت و صدا کو بھی زباں آ جائے
جیسے بھولے ہوئے کو یاد نشاں آ جائے
اس نئے مہرِ درخشاں سے ہے وابستہ بہار
حبس کے موسمِ بے رنگ و صدا کے رخ پر
زیست کی زندہ علامت کی پکار
گنگناتی ہے نئی شان سے خوشبو کی دلہن
صبح کی پہلی کرن
صبح کی پہلی کرن مرگ زدہ موسم میں
سانس لینے کے لیے
تازہ ہوا کا جھونکا

❁

کلربکس

سیاہ زلفیں ہوا میں لہرا رہی تھیں ابرِ سیاہ بن کر

حسین عارض گلاب کی یاد تازہ کرتے تھے
سرخ ہونٹوں میں اک قیامت تھی
نیلی آنکھوں میں گہری جھیلوں کا بانکپن تھا
دھنک کے رنگوں کا یہ تماشا
عجب نظارہ دکھا رہا تھا
کوئی کلر بکس کھل گیا تھا

مشاہدہ

کوئی تازہ نظارہ دیکھو
تو محسوس ہوتا ہے اکثر
کہ ایسا نظارہ تو پہلے بھی
دیکھا ہوا ہے

جبر

کیا یہی جبر ہے مشیت کا
ہنسنا چاہیں تو ہنس نہیں سکتے
رونا چاہیں تو رو نہیں سکتے

یاد

واقعے کا عکس
میرے ذہن کے آئینے میں
موجود ہے
یاد
کہتے ہیں جسے
وہ ایک لمحہ

آتشیں لمحہ
مرے ہی خانۂ زنجیر میں
پابند ہے

❁

انکشاف

مرے گھر کے آنگن میں
سورج مکھی کا حسیں پھول
کس شان سے مسکرا کر مجھے دیکھتا ہے
مجھے اپنی ہستی کا رہ رہ کے احساس دیتا ہے
لیکن کبھی آج سے پیشتر
مَیں نے اس پر توجہ نہ دی تھی

❁

کلر سکیم

سبز درخت
گلابی کلیاں
نیلی جھیل
اور پیلا چاند
فطرت کے شہکار کے آگے
ساری تصویریں ہیں ماند

❁

بس ایک قطرۂ خوں

فضائے مرگِ مسلسل ہے چار سو طاری
بس ایک قطرۂ خوں زندگی کو کافی ہے
ہوائے ظلمتِ شب ہے رواں دواں ہر سُو
بس ایک قطرۂ خوں روشنی کو کافی ہے
صدائے جہل مرکب ہے ہر طرف جاری
بس ایک قطرۂ خوں آگہی کو کافی ہے
درندگی ہے کہ پھیلی ہے بے حسی بن کر

بس ایک قطرۂ خوں آدمی کو کافی ہے

❁

خواب بھی کتاب ہیں

خواب بھی کتاب ہیں کُھلی ہوئی
خواب سے بھی سیکھتی ہے زندگی
علم کے ظلمات، فن کے مخمسوں کے سلسلے
آگہی کا جہل، عرفاں کا گماں
موت کے امکاں، حیاتِ دائمی کے وسوسے
خواب سے بھی جانتی ہے زندگی
شور کا سکتہ، خموشی کی زباں
دن کی دیوارِ سیہ، شب کے چمکتے آئینے
خواب سے بھی دیکھتی ہے زندگی
فاصلوں کی قربتیں اور قربتوں کے فاصلے
پستیوں کی رفعتیں اور رفعتوں کی پستیاں
موسموں کے آتے جاتے فاصلے
خواب سے بھی سوچتی ہے زندگی
ان چھوئے احساس دل میں، ان کہی اک داستاں
ان سنے کچھ زمزمے اور ان چکھے کچھ ذائقے
زلف سیہ تھی خوب تھیں پلکیں ابرو مثل کمانی
آنکھیں خوب فراخ منور بہت کھلی پیشانی
دانت ستارے چمکیں جوں دُرِ مکنوں قرآنی
خوب تھی لال لبوں پر لالی منہ تھا سب نورانی

دوہڑا

نورِ نقابِ دلبر دیکھ کے ہوئی ہمیں حیرانی
سمجھ نقاب کی جن کو آئی پایا راز نہانی
ناداں بھی پھر دانا ہو کر سیر کریں لاثانی
خیر جہان مکان ہے اس کا اس کی ہے سلطانی

غزل

بہت ہی دل کا امیر ہوں میں
کہ ان کے در کا فقیر ہوں میں

جو ان کے در کو دئے ہیں بوسے
تو کتنا روشن ضمیر ہوں میں

غبار کے ساتھ ہوں میں رقصاں
جنوں کے صحرا کا میر ہوں میں

لیا ہے جان اپنے آپ کو یوں
کہ مخفی راز قدیر ہوں میں

قطعہ

مجھے رکھ غمگیں مجھے شاد نہ کر
مری اجڑی جھوک آباد نہ کر
اس زلف سیہ کے ساتھ سجن
مجھے باندھے رکھ آزاد نہ کر

حسن رضا گردیزی

بحضورِ عشق

آ مرے عشق آ مرے اجڑے ہوئے گھر کی بہار
آ غریبوں کے سہارے' بے کسوں کے غم گسار
آ مرے سینے کی ٹھنڈک' آ مرے دل کے سرور
آ مرے اخلاص کے دیپک' مری آنکھوں کے نور
آ مرے اشکوں کی رم جھم کے رسیلے جلترنگ
آ مرے احساس کے پگھلے ہوئے سونے کے رنگ
آ مری راتوں کے ساتھی آ مرے دن کے حبیب
آ قناعت کے پیمبر آ مروت کے نقیب
تیرے قدموں کی بدولت فقر کا شاہی مزاج
تو رکھے فاقہ کشوں کے سر پہ خودداری کے تاج
آ مرے کنعاں کے یوسف' آ زلیخا کے جمال
آ مرے بازار کی رونق مرے فن کے کمال
بے وسیلوں کے وسیلے بے وقاروں کے وقار
شعر کی دنیا کے خالق' فکر کے پروردگار
یہ اندھیروں کے سمندر' یہ جہالت کے نگر
کون لے تیرے سوا مجبور شاعر کی خبر؟

تنہائی

مجھ کو بے یارو مدد گار نہ تنہا سمجھو
ہر گھڑی ساتھ مرے رہتی ہے محفل میری
تو مری خاک نشینی پہ بہت رحم نہ کھا
تیری سوچوں سے بہت دور ہے منزل میری
مجھ کو انسان کا غم دیتا ہے نغمے غم کے
مجھ کو یہ ایسے مقامات پہ لے جاتا ہے
جہاں لاہوت کی منزل کے پیام آتے ہیں
مجھ کو گزرے ہوئے لوگوں کے سلام آتے ہیں
میرے گھر نور کی برسات کی رت آتی ہے
رات کو عرش سے پریوں کے کھٹولے اتریں
ساز پازیبوں کی جھنکار کی لے پر کونجیں
رنگ اور نور کے ہر سمت ہیولے ناچیں
میری تنہائی کے غم خوار ادھر آتے ہیں
سامنے رومیؔ و اقبالؔ نظر آتے ہیں
اک طرف ہوتے ہیں عرفیؔ بھی نظیریؔ بھی مرے
روز میں حافظ و خیام کی مے پیتا ہوں
میرے گھر وجد کی عرفان کی موج آتی ہے

لگتے ہیں شعر کے اور فن کے سجیلے میلے
طاہرہ درد کے سازوں پہ غزل گاتی ہے
یہ خدا مست یہ خود دار یہ نوری بندے
میری تنہائی کو غیرت کا سبق دیتے ہیں
دیر تک ہوتی ہیں عرفان کی باتیں ان سے
رات ڈھلتی ہے تو یہ لوگ چلے جاتے ہیں
ایسے فنکاروں سے ہو پیار کی سنگت جس کی
کیا ضرورت کہ وہ بے ذوق زمانے میں رہے
کیا غرض اس کو کہ تنہائی کی محفل چھوڑے
کسی زردار کے حاکم کے ٹھکانے جائے
ایسی تنہائی پہ سو محفلیں قربان کروں
ایسی تنہائی پہ صدقے ہوں ہزاروں جلسے
میری تنہائی کو اللہ نے شاہی بخشی
میری تنہائی کی رونق کو سکندر ترسے

ارشد ملتانی

سفر کی ایک رات

جس جانب بھی غور سے دیکھوں
چپ کی چادر منہ پر رکھے
ادھر ادھر سارے ہی مسافر
نیند کے خراٹوں میں گم ہیں
لمبے لمبے سانس ہیں لیتے
یہ آوازیں یوں آتی ہیں
جیسے میرے چاروں جانب
رات کے بشیر ناگ پھنکاریں
کالے کالے دیو پکاریں
میرے مولا میرے ربا
رات بھلا یہ کب بیتے گی؟
گاڑی منزل پر پہنچے گی

غزل

کر فکر تو اس اک پل کا
کیا قصہ ابد ازل کا

تو بات کرے صدیوں کی
یاں جھگڑا ہے پل پل کا

اک غضب ہے آگ بدن کی
دوجا چولا ہے ململ کا

کوئی انت تو آخر ہوگا
اس دنیا کی ہلچل کا

ہے ساتھ ہمیشہ ارشدؔ
اس سوہنے یار چنل کا

نقوی احمد پوری

غزل

ایسا جنوں ہو مجھ کو بالکل رہے نہ ہستی
ساقی پلا دے ایسی اترے نہ جس کی مستی

میں ایسا مٹ گیا ہوں خود حسن بن گیا ہوں
گر یہ ہے بت پرستی چھوٹے نہ بت پرستی

زاہد کو کیا خبر ہے کیسی مری نظر ہے؟
عرفان میری وحشت مستی مری الستی

اَن دیکھی ذات کو تو کرتا ہے روز سجدے
زاہد! عجیب دیکھی تیری خدا پرستی

گرچہ فقیر ہوں میں دل کا امیر ہوں میں
صدقے ہے سربلندی کیسی ہے میری پستی

حیدر گردیزی

غزل

کاغذوں پر عیش کے کچھ غم کی تحریریں بھی ہیں
دل کی دیواروں پہ کچھ رنگین تصویریں بھی ہیں

من پسند اپنے تصور کے اجالے پر نہ جا
زندگی کے خواب کی کچھ اپنی تعبیریں بھی ہیں

لاکھ تو کوشش کرے چھپنے کی ہم سے جانِ جاں
بال سے باریک کچھ نظروں کی زنجیریں بھی ہیں

عشق مقتل کی طرف اک راہ ناہموار ہے
حسن کی زلفوں کی لٹ میں تیز شمشیریں بھی ہیں

ہائیکو

وقت نے اب ہوا کے کاغذ پر
ایسا اک خط بھی تجھ کو لکھا ہے
جس کو پڑھ کر اداس ہے موسم

اب تو آموں پہ بور آیا ہے
اب تو خوشیاں بھی عام ہیں ہر سو
اب تو آ جا کہ مست دھرتی ہے

تیری زلفوں پہ رات اتری ہے
تیرے چہرے نے دھوپ کے رخ کو
روشنی کا لباس بخشا ہے

ہو کا عالم ہے بیقراری ہے
دیکھتا ہوں جو اپنے سینے میں
دل کا ملتا نہیں نشاں مجھ کو

ہاتھوں پہ چاند

کارنس پر رکھا ہوا کاغذ
موم الفاظ سے منور ہے
تیرا خط نور میں نہایا ہے
میری خوشیوں کی حد نہیں کوئی
آنکھیں پروانہ وار ہر جانب
ہو کے قربان چومتی ہیں اُسے
میرے ہاتھوں پہ چاند ابھرا ہے

شرارتی لفظ

یہ لفظ کتنے شرارتی ہیں
کروں جو تعریف حسن کی میں
قلم کے آگے دھمال ڈالیں
یہ جھوک کاغذ کی آ بسائیں
محبتوں کے وہ گل کھلائیں
کہ جن کی خوشبو
کتاب دل کو بکھیرتی ہے
ہوا کی صورت
یہ چھیڑنے بار بار آئیں
یہ لفظ کتنے شرارتی ہیں

دلدار بلوچ

غزل

جب تھام کے روتا ہوں سیہ رات کا دامن
آنکھیں بھی پکڑ لیتی ہیں برسات کا دامن

اب سوچ کے ویران ہوئے سارے سہارے
چھوٹا ہے مرے ہاتھ سے حالات کا دامن

جس رات مرے پاس ہو ساجن مرا مہماں
بھر دوں گا میں خوشبوؤں سے اس رات کا دامن

ہوں شانوں پہ میرے جو پریشان وہ زلفیں
اللہ کی قسم چھوڑوں نہ اس رات کا دامن

چاہے ترے ہر سمت ہوں بکھری ہوئی خوشیاں
دلدار نہ چھوڑ آہوں کی سوغات کا دامن

محسن نقوی

غزل

جو بھی تیرا غلام ہو جائے
وہ وفا کا امام ہو جائے

کیا خبر کل وفا کی بستی میں
پیار سی شے بھی عام ہو جائے

تو اشارہ کرے جو الفت میں
ساری دنیا غلام ہو جائے

وہ تو خوابوں کی سیج پر سوئیں
نیند اپنی حرام ہو جائے

چاند اس کی گلی میں جا دیکھیں
اس بہانے سلام ہو جائے

ممتاز حیدر ڈاہر

غزل

گرچہ خود کو خوار کیا ہے
پھر بھی تجھ سے پیار کیا ہے
جب بھی درد ملا ہے تازہ
رب کا شکر ہزار کیا ہے

تیری زلفیں ہیں شانوں پر
سانپ گلے کا ہار کیا ہے

پھولوں کی بستی میں ہم نے
پتھر کا بیوپار کیا ہے

وصال موسم کا انکار

کیوں اپنے جذبے برف کریں
کیوں خواہش کو بے فیض کریں
کیوں آس کی حدت میں پگھلے
ہم جسم کو اس گرمی سے بھی محروم کریں
کیوں گرتی ہوئی دیوار کو پھر اک آسرا دیں
کیوں ساون رت کو خط بھیجیں

سب کچھ تیرے لئے ہے

میری آنکھیں تیری دید کی خاطر ہیں
تیرے نام ہی میرے سارے جذبے ہیں
میرے حصے میں جو سانسیں آتی ہیں
سب منسوب میں تیرے نام ہی کرتا ہوں
میرا جو کچھ بھی ہے
سب کچھ تیرا ہے

بھرم

بستی کے ہیں چاروں جانب
چپ کے پہرے
ہر اک چپ ہے
تو بھی چپ ہے
میں کیوں بولوں؟
میں کیوں اپنا بھرم گنواؤں
میں بھی چپ ہوں

اقبال سوکڑی

غزل

مرا آسرا یہی ہے مرا آخری سہارا
کوئی زندگی کا حیلہ ہے موت کا اشارا

مرے غرق ہونے کا بھی ہے عجیب حال لوگو!
مجھے لے گیا ہے خود ہی طوفان تک کنارا

تجھے بھول ہی گیا ہے شاید وفا کا وعدہ
مجھ کو الف سے لے کر ی تک ہے یاد سارا

کیسی عجیب دیکھیں جگ میں وفا کی رسمیں
وہی زندگانی کا قاتل وہی جان سے ہے پیارا

روح و بدن میں جلدی اقبال ہو قرابت
اب تو بغیر ان کے ہوتا نہیں گزارا

سرور کربلائی

قطعہ

جنوں کے رنگ آفاقی نہیں ہیں
وہ ساغر اور وہ ساقی نہیں ہیں
جبھی سرور لہو اپنا ہے پیتا
شرابوں میں نشے باقی نہیں ہیں

رشید عثمانی

غزل

قدم قدم پہ محبت کا گیت گاتا چل
بشر بشر کو تو انسانیت سکھاتا چل

اگر ہوا ہے تو چہرے نکھار دے سب کے
اگر بہار ہے گل ہر طرف کھلاتا چل

نہ دیکھ تجھ کو ملے کیا صلہ ترے فن کا
رشید روز نئی اک غزل سناتا چل

احمد خان طارق

دوہڑے

اے جوگی دیکھ کے ہاتھ بتا ہے پیار کی طاق لکیر کہاں؟
ہے جس میں مژدہ وصل کا وہ ہے مالک کی تحریر کہاں؟
سکھ راحت عیش آرام کہاں؟ مرے خواب کہاں تعبیر کہاں؟
یوں طارق نقشہ کھینچ کہ اس کے پاؤں کہاں مرے نیر کہاں؟

ہیں کون کسی کے کیا لگتے، نہیں جاتی جن کی یاد کبھی
ویرانیوں کو وہ کیا جانیں نہیں جن کا گھر برباد کبھی
ہیں پل دو پل کے راہی وہ چھوڑیں نہ جو غم کا زاد کبھی
پر طارق ایسے لوگ بھی ہیں کرتے نہیں جو فریاد کبھی

نصر اللہ خان ناصر

غزل

روٹھ جائے وہ اگر مجھ کو ستانے کے لئے
سر کو سجدے میں گراتا ہوں منانے کے لئے

لوگ ہوتے ہیں فقط عیش و مسرت میں شریک
کون آتا ہے کسی کا غم بٹانے کے لئے

عاشقوں کے کیوں نہ اٹھیں پھر جنازے اس جگہ
تو جو بیٹھے حسن کی دولت لٹانے کے لئے

دل کے زخموں کو چھپاتا ہوں خزانے کی طرح
ہر کسی کو یہ نہیں ہوتے دکھانے کے لئے

طاہر تونسوی

غزل

دکھ درد کیا سجائے ہیں اپنی دکان میں
میں خود ہی قید ہو گیا اندھے مکان میں

تجھ سے یہ کتنی بار کہا ہے نہ پاس آ
دوں گا میں گھول زہر الم تیری جان میں

شیشے کے گھر سے لوگوں پہ پتھر نہ مار تو
ہو جائے گا شکار وگرنہ مچان میں

یادوں کا عکس چھوڑ گیا ہے وہ بے وفا
میں نے مٹایا نقش تھا اپنے گمان میں

پنچھی اک آرزو کا ہے دل کی منڈیر پر
وہ تیر چھوڑ دے جو بچا ہے کمان میں

پاگل ہوں میں جدائی میں تیری اے رشکِ ماہ
طاہرؔ ذرا بھی جھوٹ نہیں اس بیان میں

غزل

تُو محنت کر تو پھر اس کا صلہ جانے خدا جانے
دیئے کو تُو جلا کر رکھ ہوا جانے خدا جانے

خزاں کا خوف تو مالی کو بزدل کر نہیں سکتا
چمن آباد رکھ بادِ صبا جانے خدا جانے

مریض عشق خود کو کر، دوا دل کی سمجھ دلبر
مرض جانے دوا جانے شفا جانے خدا جانے

جو مر کر زندگی چاہے فقیری ٹوٹکا سن لے
وفا میں تُو فنا ہو جا بقا جانے خدا جانے

یہ پوری ہو نہ ہو، ہرگز نہیں بیکار جائے گی
دعا شاکرؔ تُو مانگے رکھ دعا جانے خدا جانے

غزل

برائی جس طرح کی ہو برائی مار دیتی ہے
خدا تو بخش دیتا ہے خدائی مار دیتی ہے

اگر نیت نہ ہو سچی تو مت پڑھنا نمازِ عشق
دکھاوے کی ہمیشہ پارسائی مار دیتی ہے

یہ تُو بھی جانتا ہے ہجر میں کیا حشر ہوتا ہے
جدائی جان کر مت دے جدائی مار دیتی ہے

یہ شہرت نام اور عزت خدا کی مہربانی ہے
بڑائی چھوڑ دے شاکرؔ بڑائی مار دیتی ہے

اکبر ہاشمی

نسخہ

ہر جا عقل
نہیں کام آتی
یہی ہے عقل کی بات

تریاق

زہر کا اثر جو ختم کرے
وہ تلخی بھی
اچھی لگتی ہے

نصیحت

اس جانب مت سفر کرو تم
جا کر جہاں بھلا دو
اپنے گھر کا رستہ

جھوٹی آس

دنیا سے
بے وفا مانگے
کس سے ہے تو
کیا مانگے؟

تیز تیر

اہل ستم کی خاطر
کمزوروں کی آہ ہے کافی
ظلم کی بھٹی میں پکتے ہیں
نفرت کے سب تیر

مطالعہ

میری آنکھیں
پڑھ پڑھ تھک گئیں
کھلی کتاب کی صورت
ہر اک چہرہ سامنے آئے

خالد اقبال

چاند

یوں جیسے آکاش کے دل کو
آئی یاد کس کی

تو جو ہنسے

تو جو ہنسے، تو مسکائے
میں پھول چنوں
تو جو چلے مڑ مڑ دیکھے
میں راہ بنوں
تو جو سوئے پھر جاگے
میں خواب بنوں
تو خوشبو سے پُر ساون
میں ساتھ چلوں

سرمئی بادل

سرمئی بادل
ٹولی ٹولی
نیل گگن پر
جیسے میرے دل آکاش پہ
تیری یادیں

❁❁❁

فیض بلوچ

دوہڑہ

مت توڑ یہ کاسہ سائل کا گر بھرنا نہیں خیرات نہ دے
تیرے حسن کی شاہی قائم ہو مجھے درد بھری سوغات نہ دے
ممکن ہو تو جام وصل پلا مجھے اشکوں کی برسات نہ دے
شیلاں نہیں اہل کرم کے یوں مجھے دکھ کی فیض برات نہ دے

❁❁❁

قیس فریدی

غزل

زرد زرد قربتوں کا کچھ بتا
خون خون حسرتوں کا کچھ بتا

چھوڑ چھوڑ دشمنوں کی بات چھوڑ
خار خار دوستوں کا کچھ بتا

پیاس پیاس زندگی کا کیا بنا؟
زہر زہر شربتوں کا کچھ بتا

اشک اشک خواہشوں کا ذکر چھیڑ
گرم گرم صحبتوں کا کچھ بتا

گرد گرد قافلے کہاں گئے؟
چور چور سنگتوں کا کچھ بتا

مست مست حسن کے وقار کی
داغ داغ عصمتوں کا کچھ بتا

قیس قیس کہہ کے رو رہا ہے کون؟
بین بین نغمتوں کا کچھ بتا

شکیل پتافی

غزل

کہاں نہ تھا مت ڈھونڈ سہارے راتوں کے
جاگ کے اب تو دیکھ نظارے راتوں کے

تو نے بھی تو عہد کیا تھا ملنے کا
میں بھی گنتا ہوں اب تارے راتوں کے

کتنی ہی پلکوں پر تارے ملتے ہیں
آنکھ جلا کر دیکھ نظارے راتوں کے

میری طرح وہ بھی احساس کے نیزے پر
بہت نہیں دو پہر گزارے راتوں کے

پنجابی افسانے

اکبر لاہوری

چودھری کی بیٹی

رات کا ایک پہر بیت چکا تھا۔ میں نے ہیرا منڈی کے ایک اونچے کوٹھے کے زینے کے آگے لوگوں کی بھیڑ دیکھی۔ میں نے اپنے ایک جاننے والے پان والے سے جو دکان سے اتر کر اس بھیڑ میں جا کھڑا ہوا تھا۔ پوچھا۔ ''یار یہ کیسی بھیڑ ہے؟'' اس نے کھل کر کوئی بات نہ کی۔ منہ ہی منہ میں بڑبڑ کرتے ہوئے بتایا..... ''میں نے کوٹھے والی کی ایسی چیخ سنی جیسے وہ کسی کا گلا کاٹ رہی ہو۔ پھر بڑھیا سوٹ پہنے ہوئے ایک نوجوان کو منہ کے بل زینے سے لڑھکتا ہوا دیکھا''۔ پان والے سے اتنی بات سن کر میں بے اختیار آگے بڑھا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ گرنے والا منہ کے بل زمین پر گرا ہوا ہے۔ اس کے ماتھے کا خون سڑک پر جم گیا تھا اچھے لباس والے کچھ لوگ جن میں ایک دو نے وردی بھی پہنی ہوئی تھی نگاہیں نیچی کئے کھڑے ہیں۔ ایسے لگتا تھا جیسے کسی کو یہ نہیں سوجھ رہا کہ وہ کیا کرے؟

اتنے میں کوٹھے پر سے ایک عورت کی گونجدار آواز آئی..... ''اس سؤر کی لاش کو یہاں سے اٹھالو۔ نہیں تو ابھی جلتے ہوئے تیل کی کڑاہی تمہارے اوپر گرا کر تمہیں تماش بینی کا مزا چکھاتی ہوں'' اس سے یہ جھاڑ سن کر وہ بھیڑ اس طرح بکھر گئی جیسے آسمان سے گرتی بجلی کے ڈر سے لوگ بھاگ دوڑتے ہیں۔ سفید پوش ساتھیوں نے گرے ہوئے نوجوان کو ہاتھوں پر اٹھایا اور ذرا دور کھڑی ہوئی لمبی سی کار میں جا لٹایا۔ یوں لگتا تھا جیسے اس کی جان تو بچ گئی ہے مگر کوٹھے سے نیچے گرتے ہوئے اور سیڑھیوں میں قلابازیاں کھاتے ہوئے اس کے تالو نے سڑک کے ساتھ ایسی ٹکر کھائی ہے کہ سر کا سارا خون نچڑ گیا ہے۔ اس کے ساتھیوں میں سرکاری آدمی بھی تھے۔ مگر اس وقت نہ کسی کے منہ سے کوئی حرف شکایت نکلا نہ کسی نے اونچا سانس لیا۔ چپ چاپ اپنے زخمی اور

بے ہوش ساتھی کو اس طرح کار میں ڈال کر لے گئے جیسے کسی پھانسی لگے مجرم کی لاش کو اس کے بد نصیب رشتے دار جیل کے پھاٹک سے دور لے جاتے ہیں۔

میرے دوست پان والے نے میرے لئے پان بناتے ہوئے کہا..... ''دیکھیں جی کتنی حیرت کی بات ہے کہ عام لوگوں کو بھیڑ بکریوں کی طرح ذبح کر دینے والے اور انہیں گائے بھینسوں کی طرح مارنے پیٹنے والے یہاں آ کر خود بھیڑ بن جاتے ہیں۔ اور خاموشی سے مار کھاتے ہیں اور بولتے بھی نہیں۔ آئے دن اس بازار میں یہی تماشا ہوتا ہے۔ بے عزت موری کی اینٹ جیسی دو کوڑی کی طوائفوں اور ان کے غنڈوں سے مار کھانے والے اونچا سانس بھی نہیں لیتے اور منہ سے آواز تک نہیں نکالتے۔ جیسے کوئی مردہ قبر میں منکر نکیر سے ہڈیاں تڑوا رہا ہو۔

میں نے کہا..... ''یار..... یہ کوٹھا تو شہر کی مشہور گانے والی کا ہے۔ یہاں سے تو کبھی ایسا شور وغل یا ہنگامہ کبھی نہیں سنا۔ اس بازار میں کئی عزت دار کوٹھے ہیں۔ جن میں اس گانے والی کا یہ کوٹھا بھی ہے۔ یہاں آج یہ کیا نئی کرتوت ہوئی ہے؟ اس کا پتا لگانا چاہئے''۔

پان والے نے کہا..... ''تو پھر دیر کاہے کی۔ بھیڑ چھٹ گئی ہے۔ شور وغل ختم ہو گیا ہے۔ آگے بڑھیں اور دل کا یہ تجسس دور کر لیں۔''

مجھے اس کی بات سے کچھ حوصلہ ہوا اور میں چپ چاپ سیڑھیاں چڑھ گیا۔ کوئی اکیس بائیس سیڑھیاں ہوں گی۔ جن میں موڑ کوئی نہ تھا۔ میں نے اس سے اندازہ لگایا کہ گرنے والے کا جوڑ جوڑ ٹوٹ چکا ہوگا اور اس کا ملیدہ بن گیا ہوگا اور اگر زندہ بچ بھی گیا تو چھ مہینے تک بستر کے شکنجے میں جکڑا رہے گا۔ پائیدان کے ساتھ بوٹ رگڑتے ہوئے میں نے پوچھا..... ''میں اندر آ سکتا ہوں؟'' دوہرے جسم کی ایک لمبی سانولی سلونی دوشیزہ جو زخمی شیرنی کی طرح لمبے ڈگ بھرتی اور زمین پر زور سے پاؤں مارتی کمرے میں پھر رہی تھی۔ یکدم رک گئی اور کہنے لگی..... ''نہیں آج نہیں پھر کبھی''..... میں نے تپائی پر رکھے ہوئے جگ میں سے برف کا ٹھنڈا پانی گلاس میں انڈیلتے ہوئے کہا ''لیجئے تھوڑا سا ٹھنڈا پانی پی لیں۔ اس سے طبیعت کو سکون مل جائے گا۔ کیا ایک

انسان کی جان لے کر بھی آپ کے غصے کی آگ ٹھنڈی نہیں ہوئی؟'' وہ دیوار کے ساتھ لگے صوفے پر گرتے ہوئے کہنے لگی..... ''کیا وہ مر گیا ہے؟'' میں نے کہا ''مرا تو نہیں۔ مگر میں نے اس کے ساتھیوں کو دیکھا ہے کہ اسے سہارا دے کر کار کی پچھلی سیٹ پر لٹا رہے تھے۔ اسے چوٹیں اتنی لگی ہیں کہ چھ مہینے تک چارپائی سے اٹھ نہیں سکے گا۔'' کہنے لگی..... ''مر بھی جاتا تو میں کہتی کہ دھرتی کا بوجھ ہلکا ہو گیا ہے۔ اس جیسے کئی مردود شراب کے نشے میں دھت چکر کھا کر سیڑھیوں سے گرتے ہیں اور ہڈی پسلی تڑوا بیٹھتے ہیں''۔ میں نے کہا..... ''ایسی باتیں تو روز دیکھتے ہیں۔ مگر آپ کے کوٹھے سے کسی شخص کا اس طرح گرنا بڑی اچنبھے کی بات ہے''۔ کہنے لگی۔ ''ہاں میری سیڑھیوں سے کسی مہمان کا منہ کے بل گرنا اچنبھے کی بات ہے''۔ میں نے کہا ''اس انوکھے واقعے کا سبب پوچھنے ہی میں آیا تھا''۔ وہ ٹھنڈا پانی پیتے ہوئے بولی۔ ''نہیں آج نہیں۔ پھر کبھی آئیں۔ میں آپ کو سب کچھ تفصیل سے بتاؤں گی۔'' میں اس سے وقت طے کر کے اپنے ڈیرے پر آ گیا۔

وقت مقررہ پر میں گیا۔ تو وہ مجھے الگ ایک کوٹھڑی میں لے گئی۔ مجھے چائے پلائی اور پھر اپنی کہانی کچھ اس طرح سنائی۔

اس شہر سے کوئی سو کوس دور ہمارا گھرانا ایک گاؤں میں رہتا تھا۔ یہ گاؤں بہت بڑا تو نہیں تھا مگر اتنا چھوٹا بھی نہیں تھا کہ اس میں گانے بجانے والے دو چار گھروں کا گزارا نہ ہو سکے۔ ہم لوگ گانے بجانے کا دھندا کرتے تھے۔ ان دنوں کوئی بارات مجرے کے بغیر نہیں جاتی تھی۔ دلہن کی ڈولی آنگن میں آتے ہی مجرے کی محفل سجائی جاتی تھی۔ اس لئے میری ماں کو جو اس وقت کی مشہور گانے والی تھی دور دور سے بلاوا آتا تھا۔ انہی دنوں گاؤں کے نمبردار کا میری ماں کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا ہو گیا۔ نمبردار کا بوڑھا باپ زندہ تھا مگر اس نے نمبردار کے کاموں میں دخل دینے کی ضرورت نہ سمجھی۔ دخل دیتا بھی کیسے؟ وہ خود اپنے وقت کا بڑا شوقین اور عیش و عشرت کا دلدادہ رہ چکا تھا۔ ہوتے ہوتے چودھری اور میری ماں ایک دوسرے کے بہت قریب ہو گئے۔ چودھری نے میری ماں کو یہ بھی کہا کہ وہ گناہوں بھری زندگی چھوڑ کے اس کی بیوی بن جائے۔ مگر میری ماں نے

یہ بات نہ مانی۔ دنیا جانتی ہے کہ پیار اور دشمنی ایک دوسرے سے زیادہ دور نہیں ہوتے۔ دونوں میں پیاز کے چھلکے جیسا پردہ ہوتا ہے۔ چند دن پہلے چودھری میری ماں کو دیکھ دیکھ کر جیتا تھا۔ مگر اب وہ اس کی جان کا دشمن ہو گیا۔ سرکار دربار میں اس کی رسائی اور اس کے رعب دبدبے سے ڈرتے ہوئے ہمارے گھرانے نے گاؤں چھوڑ دیا اور ہم اس شہر میں آ چھپے۔ دلوں کا مالک ہی جانتا ہے کہ ان کے اندر کیا کچھ چھپا ہوتا ہے۔

دل دریا سمندروں ڈونگے کون دلاں دیاں جانے

چودھری سمجھتا تھا کہ اسے میری ماں کے ساتھ محبت نہیں رہی۔ مگر اصل بات یہ تھی کہ اسے اپنے دل کا خود بھی پتا نہیں تھا۔ اسی دل کے ہاتھوں تنگ آ کر وہ شہر آ گیا اور آ کر اس نے میری ماں کے پاؤں پر سر رکھ دیا۔ پرانی محبت پھر جاگ اٹھی۔ بیٹھنا اٹھنا شروع ہو گیا۔ میں بدنصیب اسی زمانے کی پیداوار ہوں۔ میری پیدائش پر چودھری نے چاندی کے ہزار روپے میری ماں کی جھولی میں ڈالے۔ اس کے بعد یہ پکی حویلی بنا کر دی۔ میرا بچپن چودھری کے لائے ہوئے کپڑوں، گہنوں اور کھلونوں میں گزرا۔ جوں جوں میں بڑی ہوتی گئی چودھری اپنا زیادہ وقت ہمارے گھر رہنے لگا۔ اس نے کئی بار میری ماں سے کہا کہ وہ مجھے اپنے گھر لے جا کر رکھنے کی حامی بھر لے مگر میری ماں نے اس کی یہ بات نہ مانی۔ وہ اس بات پر اڑی رہی کہ تم اس بچی کو دیکھ دیکھ کر اپنی آنکھیں ٹھنڈی کرتے رہو۔ مگر میں اس پر سے ماں کا حق اٹھانے کو کبھی تیار نہیں ہوں گی۔ کیونکہ یہ طوائف کے کوٹھے پر پیدا ہوئی ہے۔ اس لئے اس کے باپ کو باپ ہوتے ہوئے بھی باپ کا قانونی حق نہیں مل سکتا۔ میری ماں نے میرے لئے صاحب فن اور سمجھدار استاد نوکر رکھے۔ ان استادوں کی تربیت سے میں اپنی ماں کی طرح مشہور گانے والی بن گئی۔ اور سنگیت کلا کو سمجھنے والے دور دور سے میرے پاس آنے لگے۔

قدرت نے یہ عجیب ستم کیا کہ میں شکل صورت بات چیت اور رنگ روپ میں اپنے باپ سے مشابہ تھی۔ مجھے سینکڑوں میں کھڑے ہوئے دیکھ کر چودھری کو جاننے والا کوئی بھی شخص بلا جھجک

مجھے چودھری کی بیٹی کہہ دیتا تھا۔ جیسے جیسے میری شہرت دور دور تک پھیلی۔ چودھری سے ملتی جلتی میری شکل صورت کی بھی دھوم مچ گئی۔ ہوتے ہوتے یہ بات چودھری کے کانوں میں بھی پہنچی کہ جب مجھے چودھریوں کی باراتوں میں بلاتے ہیں تو چودھری اور اس کے باپ دادا کے دشمن ہنستے مسکراتے ہیں کہ اس بارات میں فلاں چودھری کی بیٹی کا مجرا ہوگا۔ چودھری ان باتوں کو سنتا تو اندر ہی اندر کڑھتا۔ میرے دیکھتے دیکھتے اس کا ڈیل ڈول اور قد کاٹھ آدھا بھی نہ رہا۔ میں بھی اسے دیکھ دیکھ کر اندر ہی اندر کڑھتی رہتی اور کئی بار سوتے ہوئے میرا تکیہ آنسوؤں سے بھیگ جاتا۔ چودھری نے میری ماں سے اپنا مطالبہ پھر دہرایا۔ میری ماں نے کہا۔ ”تم نرے احمق ہو۔ میری بیٹی نے تمہارے سماج میں نہ کھپنا ہے اور نہ خوش رہنا ہے“ چودھری نے وقت کے بدلتے ہوئے رنگ۔ لوگوں کی نئی روش پر آگے بڑھتی سوچ کا واسطہ دیا۔ مگر میری ماں پر ان باتوں کا ذرا بھی اثر نہ ہوا۔ آخر ایک دن چودھری دو تولے افیون کڑوے تیل کے ساتھ کھانے لگا تو میری ماں کو بروقت پتا چل گیا اور اس نے افیون کھڑکی سے باہر گلی میں پھینک دی اور رو رو کر چودھری سے اپنی جان نہ گنوانے کی قسم لے لی۔ چودھری کی ایک ہی شرط تھی کہ میری بیٹی کو میرے ساتھ بھیج دو۔ میری ماں نے مجبور ہو کر یہ شرط مان لی اور مجھے رخصت کر کے خود سر پکڑ کر بیٹھ گئی۔ اسی دن سے اس کی صحت گرنے لگی اور رفتہ رفتہ روگ اتنا بڑھا کہ کوئی دوادارو کارگر نہ ہوا اور وہ چارپائی کے ساتھ لگ گئی۔

چودھری بڑے لاڈ اور چاؤ کے ساتھ مجھے لے کر گاؤں آیا اور وہاں مجھے الگ حویلی میں رکھا۔ میری خدمت کے لئے نوکر چاکر اور کام کرنے والی مائیاں اکٹھی کر دیں۔ گاؤں کی لڑکیاں بالیاں، بوڑھی عورتیں اور چودھرانیاں مجھے دیکھنے کے لئے بڑے ذوق شوق سے آتیں۔ ہاں چودھری کی اپنی چودھرانی اور اس کے بیٹے کی دلہن مجھ سے دور ہی رہیں۔ عورتوں کی بھیڑ میں یہ بات بار بار سنی جاتی تھی۔ ”اری دیکھ تو ..... یہ چودھری کی بیٹی کیسے نہیں؟ وہی ناک نقشہ، وہی رنگ ڈھنگ، وہی لمبا قد وہی کھلے ہاتھ پاؤں وہی شکل صورت۔ چودھری کی جیتی جاگتی صورت ہے۔ اس کا رنگ تو اس کے بھائی سے بھی زیادہ صاف ہے۔ ہو بہو چودھری کے رنگ کی طرح۔ جہاں

اتنی عورتیں اکٹھی ہوں وہاں گھر کی ساتویں کوٹھڑی میں کہی ہوئی بات بھی چھپی نہیں رہ سکتی۔ رفتہ رفتہ مجھے پتہ چل گیا کہ چودھری کا بیٹا میرے یہاں آنے پر بڑے غصے میں ہے۔ اس نے مجھے جان سے مار دینے کی قسم کھائی ہے۔ اس کی ماں اور نہیں تو اپنے شوہر کی خاطر ہی مجھے دیکھنے کے لئے ضرور آتی۔ لیکن بیٹے نے اسے ڈانٹا کہ اگر تو اس طوائف کو دیکھنے کے لئے گئی تو پھر کبھی اپنے بیٹے کا منہ نہ دیکھ سکے گی اور اگر تجھے میری زندگی میں موت آ گئی تو میں تجھے اپنے بزرگوں کے قبرستان میں دفن نہیں ہونے دوں گا۔ اور اگر چودھری نے برادری کے زور سے تجھے میرے دادے دادی کے پاس دفن کیا تو میں موقع ملتے ہی تیری ہڈیوں کو سؤر کی ہڈیوں کی طرح کھود کر باہر پھینک دوں گا۔ ماں کا دل یہ باتیں سن کر دہل گیا اور وہ سہمی ہوئی اپنے گھر میں چھپی رہی۔ مجھے کیا وہ کسی کو بھی نہیں ملتی تھی۔ چودھری کے ساتھ بھی اس کا کبھی کبھار میل ہوتا تھا۔ کیوں وہ ہمیشہ اس حویلی کی بیٹھک میں ڈیرا لگائے رکھتے تھے۔ جہاں میں رہتی تھی۔

چودھری کے بیٹے کی خوفناک باتیں سن سن کر میں اندر ہی اندر سہمی تو رہتی تھی مگر ایک چیز جو آج تک میری زندگی میں داخل نہیں ہوئی تھی اب چپ چاپ میرے دل میں گھر کرنے لگ گئی تھی۔ وہ چیز تھی بھائی کا پیار۔ وہ جب بھی ادھر سے گزرتا میں اسے دور سے دیکھ کر صدقے جاتی۔ میرا اس کا ناک نقشہ اتنا ملتا تھا کہ ہمیں کوئی اجنبی بھی دیکھ لیتا تو فوراً بہن بھائی کہہ دیتا۔ میں نمازیں پڑھ پڑھ کر دعائیں مانگتی ”پاک پروردگار! میرے بھائی کے دل کو بدل دے۔ اگر اس کے دل میں میرا پیار جگہ نہیں بنا سکتا تو کم از کم اسے اتنی ہمت دے دے کہ وہ باپ کے خون کی خاطر اس بستی میں میرے وجود کو برداشت کر لے۔ بچوں کی تو دنیا ہی الگ ہے۔ اس کا چار پانچ سال کا بیٹا بھاگا بھاگا آتا۔ دادے کی گود سے نکل کر کہتا۔ مجھے پھوپھی کے پاس جانا ہے۔ دادا اسے گود میں اٹھا کر میرے پاس آتا تو میری روح کھل اٹھتی۔ اس کا منہ سر چومتی اسے کلیجے سے لگاتی۔ اس کے لئے مزیدار کھانے پکاتی اور اسے گود میں بٹھا کر کھلاتی اس کا بڑا بھائی تیسری چوتھی جماعت میں پڑھتا تھا۔ چھپ چھپ کر مجھے ملنے آتا۔ میرے گلے میں بانہیں ڈال کر کہتا۔ ”دیکھ لینا پھوپھی

ایک دن ابا تجھے منا کر لے جائے گا۔تو ہماری پھوپھی بنا۔ہم نے اپنی پھوپھی کو باہر نہیں نکالنا۔ پھوپی کی شادی اسی گاؤں میں کرنی ہے۔ میں نے اپنا پھوپھا بھی دیکھا ہوا ہے۔ میں یہ باتیں سن سن کر خوش بھی ہوتی اور حیرت میں بھی ڈوب جاتی۔اس بچے کی باتوں سے پتا چلتا تھا کہ چودھری کی بیٹھک میں میری شادی کی بات چھڑی رہتی ہے۔شادی کتنا پیارا لفظ ہے۔مگر ہم بازار میں بیٹھنے والیوں کی زندگی سے یہ پاک لفظ اتنا ہی دور ہے جتنا کسی طوائف کے گھر سے زم زم کا چشمہ۔ میں سوچتی میری شادی کس کے ساتھ ہوگی؟ سوچتی سوچتی میں تاروں کی دنیا میں پہنچ جاتی۔وہاں ایک چاندی سپیٹانی والا بڑا سا ستارہ چمکتا دمکتا دیکھتی۔اس تک پہنچنے کے لئے اڑتے اڑتے ہاتھ بڑھاتی۔لیکن میں جتنا آگے بڑھتی وہ اتنا ہی دور ہو جاتا۔مگر اس کی خنک روشنی سے آنکھوں کو ٹھنڈک اور دل کو سکون ملتا۔ میں سوتے جاگتے اپنے دن رات تاروں کی دنیا میں گزارتی تھی۔ہاں کبھی کبھی ایک جھٹکا ایسا لگتا کہ بادلوں کی بلندی سے زمین کی پستی میں جا گرتی۔ میں آپ کو ایک ایسے ہی جھٹکے کا حال سناتی ہوں۔

میرا بھائی کبھی کبھی حویلی کے آگے سے گزرتا تھا۔اس کے لئے گھر سے کھیت کو جاتے ہوئے یہی راستہ نزدیک تھا۔ورنہ وہ یہ راستہ ہی چھوڑ دیتا۔ایک دن اس کا چھوٹا بیٹا مجھے مل کر حویلی کے دروازے سے باہر نکل رہا تھا۔باپ نے دیکھ لیا اور پوچھا ''کہاں سے آئے ہو؟ اگر وہ کہہ دیتا کہ دادے کے پاس سے آیا ہوں تو خیر ہوتی۔مگر اس نے کہا ''اپنی پھوپھی کے پاس سے آیا ہوں۔میری پھوپھی بہت اچھی ہے۔'' اتنا سننا تھا کہ بھائی صاحب غصے سے پاگل ہو گئے۔مار مار کر بچے کو لہولہان کر دیا۔دادے نے چھڑانا چاہا۔مگر بیٹے نے دھکا دے کر اسے بھی گرا دیا۔گرتے ہوئے ان کی پگڑی گندی نالی میں جا پڑی۔ میں نے یہ سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھا۔میرا جی چاہتا تھا کہ وہیں سر کے بل گر کر جان دے دوں۔ مجھ سے اپنے بوڑھے باپ کی بے عزتی نہیں دیکھی جاتی تھی۔ بھائی صاحب چیخ چیخ کر کہہ رہے تھے ''ساری عمر کنجر خانے میں گزاری ہے۔اب گھر کو بھی کنجر خانہ بنا دیا ہے۔بڑا آیا بیٹی کا باپ۔زمین کی آمدنی سے پیٹ نہیں بھرتا۔اب گاؤں

میں پیشے کی کمائی کھانے کے لئے رنڈی لے آیا ہے'' باپ کھڑا کانپ رہا تھا۔یہ بات سنتے ہی نیچے گرا اور بے ہوش ہو گیا۔ بھائی صاحب بیٹے کو گھسیٹتے ہوئے جا چکے تھے۔اس خاندان کی تین پشتیں میرے یہاں آنے سے مصیبت میں پھنس گئیں تھیں۔ میں سوچتی تھی کہ کیا میرے باپ کا یہ خیال نرا جھوٹ ہے کہ اس نے اپنی بیٹی کو بازار سے اپنے بزرگوں کے گاؤں میں لا کر نیکی کی ہے۔اگر نیکی یہی ہے تو اس کا ظاہری روپ بدی سے بھی زیادہ بدصورت ہے۔گلی میں تل دھرنے کو جگہ نہیں تھی۔عورتیں اور مرد، بچے اور بوڑھے اونچا اونچا بول رہے تھے۔ان کی باتوں میں ایک بات مشترک تھی کہ انہوں نے اپنی زندگی میں پہلی بار چودھری کو روتے اور گرتے ہوئے دیکھا ہے۔

ایسے ہی وقت لوگ پرانی پرانی باتیں یاد کرتے ہیں۔ وہ اس گاؤں کی مشہور لڑائی کا نام لے رہے تھے جب سولاٹھیاں چودھری پر برسیں اور اس کا سر لہولہان ہو گیا تھا۔مگر اس نے ڈب میں سے پستول نکال کر اپنے تین دشمنوں کو وہیں ڈھیر کر دیا۔اس کے سر پر جتنے زخم تھے وہی عدالت میں اس کے صاف بری ہونے کا سبب بنے۔کوئی کہتا چودھری اس وقت اتنا بوڑھا نہیں تھا۔کوئی کہتا اب بھی وہ ہرا نہیں۔عمر کا بوڑھا ہے۔مگر حوصلے کا جوان ہے۔آج کی چوٹ اسے بیٹے کے ہاتھوں لگی ہے۔ وہ بھی جسم پر نہیں روح پر لگی ہے۔کوئی کہتا چھوڑو یار ساری عمر وہ بوڑھی طوائف کے ساتھ منہ کالا کرتا رہا ہے۔اب گناہ کے پھل کو بیٹی بنا کر یہاں لے آیا ہے۔مسلمان بیٹا اتنا اندھیر کیسے سہہ سکتا ہے؟ مگر ان سب باتوں سے بڑھ کر چودھری کا اپنا حال تھا۔ میں نے نوکروں سے حویلی کا دروازہ بند کرا دیا۔دیوان خانے میں سے سب لوگ نکلوا دیئے اور باپ کی خدمت کے لئے خود چوبارے سے اتر کر دیوان خانے آ گئی۔وہ برسوں کا روگی لگتا تھا۔پندرہ بیس دن بعد اس میں اتنی سکت آئی کہ وہ بیٹھک سے نکل کر حویلی کے صحن میں ٹہل سکے۔مگر اس کا ہر دم ہائے ہائے کرنا اور آہیں بھرنا ختم نہ ہوا۔بھوک جیسے پر لگا کر اڑ گئی تھی۔ مجھ سے اس کا یہ حال نہیں دیکھا جاتا تھا۔وہ اب مجھ سے زیادہ باتیں بھی نہیں کرتا تھا۔

ایک دن جب اس کی طبیعت سنبھلی اس نے ساتھ کے گاؤں سے اپنے دوست مرزا

صاحب کو بلا بھیجا۔ مرزا صاحب پولیس میں ڈپٹی تھے اور اب پنشن لے کر اپنے گاؤں آ رہے تھے۔ ایک عزت دار سوچ سمجھ اور پہنچ والے آدمی تھے۔ چودھری صاحب نے ان کے کان میں کچھ باتیں کیں۔ وہ اپنے نوکر کو چھوڑ کر چپ چاپ باہر نکل گئے۔ شام کا وقت تھا۔ میں بھی نماز پڑھنے مسجد تک گئے ہیں۔ مگر وہ گھنٹے تک واپس آئے۔ ان کے ساتھ ایک نوجوان تھا۔ اچھے لباس اور پوزیشن والا۔ میں نے اسے پہلے بھی دیوان خانے میں چودھری صاحب کے ساتھ باتیں کرتے دیکھا تھا۔ آج وہ خوب بن ٹھن کر آیا تھا۔ جیسے بارات میں دولہا ہوتا ہے۔ میں چک کے پیچھے بیٹھی سب کچھ دیکھ رہی تھی۔ اور ایک ایک بات کو کانوں میں ڈال رہی تھی۔ پتہ چلا کہ یہ نوجوان چودھری صاحب کا سگا بھتیجا تھا۔ اس کے باپ کے مرنے کے بعد چودھری صاحب نے اسے پالا پوسا اور پڑھایا لکھایا اور اپنے باپ دادا کے نیک کاموں کا واسطہ دے کر سرکار سے اسے تحصیلدار کی نوکری دلوائی اور خود ہی مرزا صاحب کے آنے سے پہلے اسے کہلوا بھیجا تھا کہ اچھی پوشاک پہن کر تیار رہے۔ اسے خاص کام کے لئے بلایا ہے۔ یہ سب باتیں اسی وقت میں نے چودھری کی زبان سے سنیں۔

میں سوچتی تھی کہ چودھری صاحب اس کے ساتھ کیا بات کریں گے؟ چودھری صاحب نے اب بات چھیڑی مگر جیسے کوئی ڈر ڈر کر بولتا ہے" بیٹے! میں نے اب تک تمہاری جتنی خدمت کی ہے آج میں تم سے اس کا صلہ چاہتا ہوں۔ اور امید ہے کہ تم مجھے مایوس نہیں کرو گے۔ میں اپنی بیٹی کا نکاح تم سے کرنا چاہتا ہوں۔ اور ابھی ..... اس لئے میں نے ڈپٹی صاحب کو بھی تکلیف دی ہے۔"

نوجوان کی آواز میں کرودھ چھپا تھا۔ کہنے لگا۔ مگر چچا! وہ تو طوائف کی اولاد ہے۔"

چودھری کا رنگ پیلا پڑ گیا۔ اس نے تکیئے کا سہارا لیتے ہوئے کہا۔" بیٹے! اپنے بوڑھے چچا کو اس سے زیادہ ذلیل نہ کرو۔ مجھ سے زیادہ تمہیں کون جانتا ہے؟ میں تمہارے برے بھلا کو بھی سمجھتا ہوں۔ میں تمہیں کوئی غلط کام کرنے کے لئے کہہ بھی نہیں سکتا۔ وہ میری بیٹی ہے۔ پڑھی لکھی سگھڑ سیانی' وہ پیار کی پتلی ہے میں نے صرف اسی کی خاطر اپنی زندگی کا بڑا حصہ اس کی ماں کے

کوٹھے پر گزارا ہے۔ ہمیشہ اس کی دیکھ بھال کی ہے۔ اپنی آنکھوں کے آگے سے پالا پوسا ہے اسی دن کے لئے۔ دیکھو اور کان کھول کر سن لو۔ میں تمہارے سامنے ایک بات مردوں والی کرنے لگا ہوں۔ بڑی سے بڑی بااعتماد لیڈی ڈاکٹر سے اس کا معائنہ کرا لو۔ اگر تمہاری تسلی کے مطابق سرٹیفکیٹ مل جائے کہ میری بیٹی کو ابھی تک کسی مرد نے ہاتھ نہیں لگایا۔ تو میری خاطر اس کی ماں کے رشتے کو بھول جاؤ اور چپ چاپ اس کے ساتھ نکاح پڑھا لو۔ تمہارا بوڑھا چچا تمہارے آگے اپنی زندگی کی آخری منت کرتا ہے۔ اس کے بعد تمہارے بوڑھے چچا نے کبھی کچھ نہیں کہنا۔ کبھی کوئی تکلیف نہیں دینی اور سنو میں اپنی آدھی جائیداد اس کام کے بدلے تیرے نام کرتا ہوں۔"

نوجوان اٹھ کھڑا ہوا اور گرج کر کہنے لگا۔ میں ایک بڑھے کھوسٹ کے پاگل پن پر اپنی زندگی کی قربانی دینے کے لئے تیار نہیں۔ چودھری نے اپنی سفید پگڑی اتار کر اس کے قدموں میں رکھ دی۔ یہ دیکھ کر ان کے پگڑی بدل بھائی مرزا صاحب کی چیخ نکل گئی۔ انہوں نے دل کے درد کے ہاتھوں چیخ مار کر کہا" اوظالم! خدا کے واسطے یہ تو سمجھ کہ تیرے قدموں میں آج اس مرد نے پگڑی اتار کر رکھی ہے جس کے لئے سر کٹوانا آسان ہے۔ مگر پگڑی کسی کے قدموں میں رکھنا مشکل ہے۔ میں اس کی رگ رگ سے واقف ہوں۔ تو اس کی بات مان لے۔ میں بھی تیری یہ نیکی ساری زندگی نہ بھولوں گا"۔ مگر وہ نوجوان پگڑی کو پاؤں میں روندتا ہوا باہر نکل گیا۔

اب چودھری گر گیا۔ کسی خمیرہ گاؤزبان، کسی مروارید کے نسخے اور کسی ٹیکے سے اس کے دل کو سہارا نہ مل سکا نہ ہی آنسو اس کی آنکھ سے خشک ہو سکے۔ وہ پارے کی طرح تڑپتا تھا۔ آہیں بھرتا تھا اور کہتا تھا او بڈھے! لعنت ہو تجھ پر۔ او بدنصیب! تیری چٹی پگڑی تیرے بیٹے نے موری میں گرا دی۔ تیرے دل کو تیر مارا۔ رہی سہی کسر بھتیجے نے نکال دی۔ تیری پگڑی کو پاؤں کے نیچے روندتا چلا گیا۔ ایک زخم بیٹے کے ہاتھوں لگا تھا۔ بھتیجے نے آخری چوٹ وہ لگائی ہے کہ تو مر گیا ہے۔ اب کیا انتظار کرنا۔ قبر میں کیوں نہیں چلا جاتا؟ اس رسوائے زمانہ چہرے پر مٹی کیوں نہیں پڑنے دیتا؟ تاکہ تیرا بدصورت چہرہ کوئی نہ دیکھ سکے۔

مرزا صاحب ایک پل کے لئے بھی اس کے سرہانے سے الگ نہیں ہوئے تھے۔ چودھری پندرہ بیس دن ایڑیاں رگڑ رگڑ کر اس دنیا کو چھوڑ کر اس دنیا میں چلا گیا جہاں کوئی کسی کو زخم نہیں لگا سکتا۔ جہاں کوئی کسی کے ارمانوں کا خون نہیں کر سکتا۔ جہاں کوئی کسی کی چٹی پگڑی نہیں رول سکتا۔ اسے دفن کر کے اور اس کے قل کر کے مرزا صاحب اپنی موٹر لے کر آئے اور میرے باپ کی وصیت کی تعمیل کرتے ہوئے مجھے موٹر میں بٹھا کر پھر یہیں چھوڑ گئے۔ میری ماں کی حویلی میں۔ جو میرے باپ نے میری ماں کے لئے بنائی تھی۔ تھوڑے دن ہوئے ایک بوڑھا سرکاری اہل کار یہ کہہ گیا تھا ہمارے تحصیلدار صاحب کو بڑا عہدہ ملا ہے۔ وہ مال افسر بن گئے ہیں۔ وہ اپنے دوستوں کے ساتھ یہاں آ کر موج میلہ کریں گے اور راگ رنگ کی محفل سجائیں گے۔" میں نے پیسے طے کر کے وقت دے دیا۔

جب میں مہمانوں کے استقبال کے لئے دروازے پر گئی تو چودھری کا وہی بھتیجا کھڑا دانت نکال رہا تھا۔ اسے دیکھتے ہی میں نے زور سے لات ماری جس کا نتیجہ آپ نے دیکھ ہی لیا۔ مجھے معلوم نہیں کہ اس وقت دانت نکالنا اس کا آخری دانت نکالنا ثابت ہوا یا نہیں مگر اتنی بات ضرور ہے کہ جس دغا باز نمک حرام کتے نے میرے بوڑھے باپ کا مان توڑا تھا اس کی گناہ گار بیٹی نے آخر اس پر اپنا غصہ نکال لیا۔ مجھے پورا یقین ہے کہ میرے اس کام پر جنت میں میرے باپ کی روح کو ضرور خوشی نصیب ہوئی ہوگی۔

آغا اشرف

راجو

راجو پیشہ ور بدمعاش نہیں تھا۔ ایک پیشہ ور بدمعاش بگھو بگھیاڑ کے ساتھ لڑائی نے اسے پیشہ ور بدمعاش بنا دیا۔ ہوا اس طرح کہ راجو سارا دن محنت مزدوری کر کے شام کے وقت اپنے ڈھور ٹھکانے جا رہا تھا۔ ایک جگہ بگھو نے اس کا راستہ روک لیا اور راجو کو چھری دکھا کر کہنے لگا "نکال.....کیا ہے تیرے پاس؟

راجو پیدائشی جی دار تھا۔ چھری کیا وہ بلموں سے بھی ڈرنے والا نہ تھا۔ اس نے بھگو کی کھال ادھیڑ دی۔ اسی چھری سے اسے چھلنی کر کے رکھ دیا۔ دونوں زخمی ہو گئے۔ بھگو ہسٹری شیٹر تھا۔ سماج دشمن، خطرناک بدمعاش، آئی جی پولیس نے راجو کو اس کی جیداری کا انعام و اکرام دے کر چھوڑ دیا اور بھگو پانچ سال کے لئے اندر ہو گیا۔ بستی میں بڑا نام ہو گیا راجو کا۔ بھگو نے شریفوں ہی کا نہیں بستی کے دوسرے بدمعاشوں کا بھی ناک میں دم کر رکھا تھا۔ ان سے بھی غنڈہ ٹیکس وصول کرتا تھا۔ بگھو قید ہو گیا تو وہ بڑے خوش ہوئے۔ راجو کو زبردستی انہوں نے اپنا سردار بنا لیا۔ مگر وہ شریفوں کو تنگ نہیں کرتا تھا۔ سمگلروں اور بلیکیوں کی گردن ناپتا تھا۔ کیا مجال کسی غنڈے بدمعاش کی کہ اس کے علاقے میں کوئی واردات کرے۔ بڑا ہنکا ہو گیا تھا راجو کا۔ اور پھر یوں ہوا کہ راجو کو اپنے علاقے کی ایک لڑکی سے پیار ہو گیا۔ وہ کتابیں اٹھائے کالج آتے جاتے ہر روز راجو کے ڈیرے کے آگے سے گزرتی تھی اور راجو کو بہت اچھی لگتی تھی۔ وہ اس علاقے کے ایک امیر آدمی کی بیٹی تھی۔ صابرہ تھا اس کا نام۔ وہ جب بھی گزرتی راجو چپ چاپ کھڑا اسے ٹکر ٹکر تکتا رہتا۔ لیکن منہ سے کچھ نہ کہتا۔ اسے کوئی اشارہ بھی نہیں کرتا تھا وہ بہت شریف لڑکی تھی۔ مگر جو خود نیک نہ ہوں انہیں کسی کی شرافت کا کیا خیال؟ ایک نو دولتیئے باپ کا لوفر لڑکا صابرہ پر ریشہ خطمی ہو

گیا۔کئی بار اس نے اسے نوٹوں اور نئی کار کی جھلک بھی دکھائی۔مگر صابرہ نے اسے اپنی جوتی کی نوک پر بھی نہ رکھا اور لوفر لڑکے نے تنگ آ کر اسے اغوا کرنے کی کوشش کی۔

ایک دن صبح کو صابرہ کالج جانے کے لئے گھر سے نکلی اور ابھی وہ راجو کے ڈیرے کے قریب پہنچی ہی تھی کہ اتنے میں ایک کار اس کے پاس آ کر رکی۔لوفر لڑکا جلدی سے باہر نکلا اور صابرہ کا بازو پکڑ کر اسے کار کی طرف دھکیلنے لگا۔صابرہ کی چیخ نکل گئی۔آتے جاتے لوگ یہ تماشا دیکھ رہے تھے۔مگر کسی کو آگے بڑھنے کی ہمت نہ ہوئی۔

چیخ راجو نے بھی سنی تھی۔بھاگا آیا اور آتے ہی اس لوفر لڑکے کو اس نے ادھیڑ کر رکھ دیا۔ اسے جان چھڑانی مشکل ہوگئی۔کار میں بیٹھ کر بھاگ گیا۔اس دن کے بعد جب بھی راجو اور صابرہ کا آمنا سامنا ہوتا صابرہ اسے سلام کر کے گزر جاتی۔راجو بھی بس اسے سلام کا جواب ہی دیتا اور کچھ بھی نہ کہتا۔مگر دل اس کا صابرہ کو کچھ اور بھی کہنا چاہتا تھا۔لیکن کہنے کی ہمت نہیں پڑتی تھی۔

آخر ایک دن راجو نے ہمت کر کے دل کی بات زبان پر لانے کی کوشش کی تو اسے خیال آیا کہ صابرہ امیر اور تو غریب ہے۔وہ پڑھی لکھی اور تو ان پڑھ ہے۔وہ شریف ہے اور تو بدمعاش ہے۔تیرا اس کا کیا جوڑ؟ راجو کی جیسے گھگی بندھ گئی۔کچھ بھی نہ کہہ سکا۔اور اس دن سے اس نے صابرہ کا خیال ہی دل سے نکال دیا۔صابرہ کی ایک رئیس زادے کے ساتھ شادی ہوگئی اور ایک سال بعد وہ ایک بچے کی ماں بن گئی۔وقت گزرتا چلا گیا۔پانچ سال بیت گئے۔بھگو قید سے رہا ہو کر آ گیا اور بستی کی رکھ کو اپنی پناہ گاہ بنا کر وارداتیں کرنے لگا۔

ایک دن صابرہ کا بچہ حویلی سے باہر کھیل رہا تھا۔بھگو اسے اٹھا کر لے گیا۔بچے کے باپ نے بڑی بھاگ دوڑ کی۔مگر کچھ پتہ نہ چلا کہ بچہ کہاں چلا گیا ہے؟ آخر تھک ہار کر بیٹھ گیا۔آنسوؤں اور آہوں نے اسے گھیر لیا۔اچانک ٹیلی فون کی گھنٹی بجی۔بچے کے باپ نے جلدی سے ریسیور اٹھا کر کانوں کے ساتھ لگا لیا کہ شاید کوئی خوشخبری ہو۔اور بات بھی ایسی ہی تھی۔دوسری طرف سے کسی نے اسے کہا۔۔۔۔۔"شیخ صاحب! آپ کا بچہ میرے قبضے میں ہے۔اگر حاصل کرنا چاہیں تو کل

شام ایک لاکھ روپیہ لے کر رکھ میں پہنچ جائیے۔ورنہ آپ کے بچے کی خیر نہیں۔اور ہاں کان کھول کر سن لیں کہ اگر آپ پولیس کو لے کر آئے تو بدلے میں اپنے بچے کی لاش ہی لے جائیں گے۔"

بچے کی جدائی میں دھک دھک کرتے دلوں کو کچھ تو حوصلہ ہوا۔جگر کے ٹکڑے کی لاکھ روپیہ بھی تھوڑی قیمت تھی۔اللہ کا دیا سب کچھ تھا ان کے پاس۔ماں باپ دونوں ایک لاکھ روپے دے کر اپنا بچہ حاصل کرنے کے لئے تیار تھے۔دونوں کل آنے والی شام کا بڑی بے چینی سے انتظار کرنے لگے۔بدمعاشوں کے بدمعاش ہی مخبر ہوتے ہیں۔راجو کو ایک بدمعاش نے بتلایا کہ بگھو بگھیاڑ چمڑے کے آڑھتی شیخوں کا بچہ اٹھا کر رکھ میں لے گیا ہے۔لاکھ روپیہ مانگتا ہے۔کل شام کی مہلت دی ہے۔راجو نے اس کی بات یوں سنی جیسے سنی ہی نہیں اور پستول ڈب میں سے نکال کر اس کی نالی صاف کرنے لگا۔

دوسرے دن شام کو صابرہ اور اس کا خاوند لاکھ روپیہ لے کر رکھ پہنچے۔چاند کی چودھویں رات تھی۔دونوں اپنے بچے کو دیکھنے کے شوق میں رکھ کے اندر چلے گئے۔اور ڈھونڈنے لگے کہ وہ ٹیلی فون کرنے والا گمنام آدمی کہاں ہے؟ ان کا بچہ کہاں ہے؟

اچانک ایک فائر ہوا۔وہ دونوں ڈر کر جہاں تھے وہیں کھڑے ہو گئے۔اس ثنا میں اوپر کی طرف فائر ہونے لگ گئے۔ایسے لگتا تھا جیسے آمنے سامنے گولیاں چل رہی ہیں۔اتنے میں بچے کے رونے کی آواز آئی اور اس کے ساتھ ہی خاموشی چھا گئی۔اب نہ بچے کے رونے کی آواز آئی اور نہ فائر ہونے کی۔

صابرہ کی ماں تا نے سمجھا کہ ظالم نے بچے کو مار دیا ہے۔بھاگ کر ادھر چلی گئی۔جہاں سے بچے کے رونے کی آواز آئی تھی۔آگے جا کر دیکھا تو بگھوا ایک بوٹے کے پاس لہو میں بھیگا گرا پڑا تھا۔اس کے سامنے ایک بوٹے کے ساتھ ٹیک لگائے راجو خونم خون کھڑا تھا۔اس کے ایک ہاتھ میں پستول تھی اور دوسرے ہاتھ میں بچہ۔اس نے آج بھی صابرہ سے کوئی بات نہ کی۔اس کا بچہ اسے دے دیا اور گرتا پڑتا ایک طرف چل دیا۔

"راجو۔۔۔۔۔راجو۔۔۔۔۔" صابرہ نے اپنے ہمدرد کو آوازیں دیں۔مگر اب بھی راجو کے منہ سے کوئی بات نہ نکلی۔مڑ کر بجھی بجھی آنکھوں سے اس نے صابرہ کو دیکھا اور دھڑام سے زمین پر گر پڑا۔

رفعت

بتی والا چوک

جب اس کے کانوں میں چاندی کی بالیاں کھلیں تو برکت جیسے ساری زندگی کے دکھ بھول گیا۔ زہرہ نازک سی نیک اور سیدھی سادی یتیم لڑکی تھی۔ اس کی بہن نے اپنے سر کا بوجھ اتار کر برکت کے سر پر رکھ دیا۔ مگر برکت کو یہ بوجھ پھول جیسا لگا۔ اتنی نازک' خوبصورت اور بے زبان لڑکی اس کی بیوی تھی۔ اس کی جھونپڑی اس کے آنگن کی رونق۔ گوٹے والا سرخ دوپٹہ اور پھولدار نائیلون کا سوٹ پہن کر زہرہ خود بھی نائیلون کی بنی ہوئی گڑیا نظر آتی اور باتیں کرتے ہوئے وہ اس کے کانوں میں چاندنی کی نئی نویلی بالیاں ہلتیں اور بالیوں میں لگے ننھے منے پتر ے اور پتروں میں پروئے ہوئے سرخ موتی چمکتے تو اسے یوں لگتا جیسے زہرہ اس کی زندگی کی لال بتی ہے اور اس کے آگے اور کوئی عورت' کوئی لڑکی نہیں۔ ایسی لال بتی کے آگے عورتوں کی راہیں ختم ہو جاتی ہیں۔ یہاں ایک منزل بن جاتی ہے۔

وہی برکت کی منزل تھی۔ برکت چمکتے دمکتے موتیوں کے اشاروں میں مگن اردگرد کو بھول گیا۔ لیکن پانچ سال بعد برکت کو یوں لگا جیسے گھر کی رونق گھٹ گئی ہے اور اس کی کمر بھی ننگی ہے زہرہ کی چھاؤں میں زندگی نہیں اندھیرا ہے۔ گلی محلے والیوں نے بھی جب دیکھا کہ زہرہ ایک ایسا پیڑ ہے جس کی چھاؤں تو ہے مگر پھل نہیں تو انہوں نے بھی برکت کو مشورہ دینا شروع کر دیا۔ ''بھیا! دیئے کی بتی ختم ہو جائے تو اندھیرے میں نہیں بیٹھتے دوسری بتی کا انتظام کرتے ہیں۔'' برکت نے بھی سوچا کہ سڑک کی لال بتی خراب ہو جائے تو مسافر وہاں انتظار میں کھڑے نہیں رہتے۔ اپنی اپنی راہ لیتے ہیں۔ بھلا میں ایسی خراب بتی کے آسرے پر کب تک یونہی بیٹھا رہوں اور ایک دن اس نے زہرہ کو اپنا فیصلہ سنا ہی دیا۔ ''بھاگوان! ہم نے برادری سے ملنا جلنا ہے۔ ہم کب تک شادی بیاہ پر دوسرے لوگوں سے

لین دین کرتے رہیں گے۔ کبھی کوئی ہم سے بھی لین دین کرے گا؟ نیک بخت! یہ سارا سلسلہ بغیر بال بچوں کے کیسے چلے گا؟ تو اگر اجازت دے تو میں دوسری شادی کر لوں؟

زہرہ انکار بھی کرتی تو پھر بھی دوسری بیوی برکت کی ضرورت تھی۔ چنانچہ وہ دوسری لے آیا۔ کہاں زہرہ راج کرتی تھی۔ اب اس کی ہستی کام کاج تک رہ گئی۔ پھر جب دوسری نے پانچ چھ سال میں ہی بچوں سے آنگن بھر دیا۔ تو اسے یہ بھی برداشت نہیں تھا کہ زہرہ اس کے بچوں کو پیار ہی کر لے۔ اسے یہ وہم رہتا تھا کہیں یہ سوتیلی بچوں کو کوئی برا بھلا تعویذ نہ ڈال دے۔ یا برکت کو مجھ سے چھین نہ لے۔ اس لئے روز روز کی مار کٹائی سے تنگ آ کر برکت اسے ایک دن داتا صاحب کے مزار پر لے آیا اور کہنے لگا۔ تیرا میکا تو کوئی ہے نہیں۔ میرے گھر میں بھی تیری کوئی جگہ نہیں۔ اس لئے تو اس جگہ ڈیرہ لگا کر بیٹھ جا۔ میں کبھی کبھی آ کے مل جایا کروں گا۔ پہلے روز وہ اپنی گٹھڑی اپنی جھولی میں رکھ کر زنانہ مسافر خانے کے فرش پر دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کے بیٹھی اور بیٹھے بیٹھے سو گئی۔ اور یوں سوئی کہ اسے ہوش ہی نہ رہی کہ کہاں ہے؟ رات کے وقت اسے ایک عورت نے جگا کر کہا۔ ''بہن! تو کب کی سوئی ہوئی ہے۔ لنگر تقسیم ہو رہا ہے۔ جا کے لے آ۔ لنگر کی تجھے ضرورت نہیں تو لے کر رکھ لے یہاں تو نیاز کے ایک ایک لقمے کے لئے لوگ منتیں کرتے ہیں۔ یہ بات سن کر وہ گٹھڑی کو بغل میں دبا کر لنگر لینے والی قطار میں جا کھڑی ہوئی۔ چنے کی دال اور نان..... اس نے ایک طرف بیٹھ کر کھا لیا۔ پھر ٹونٹی سے پانی پی کر فرش پہ آ کر لیٹ گئی۔ فجر کی نماز پڑھ کر عورتیں آٹھ آٹھ دس دس کی ٹولیوں میں بیٹھ گئیں۔ کچھ قرآن مجید کا درس سننے لگیں۔ کچھ وظیفے کرنے لگیں اور کچھ نے نعتیں شروع کر دیں۔ نعت سن کر وہ اپنی جگہ بیٹھے بیٹھے جھومنے لگی۔ دنیا کے سب رشتے جھوٹے سچا رشتہ ایک..... میرا سوہنا پاک محمد ڈوبی بیڑی پار لگا۔ میرا دل صدقے..... میری جان صدقے..... دنیا کے سب رشتے جھوٹے..... رشتے جھوٹے..... جھوٹے..... زہرہ کو بیٹھے بیٹھے چکر آ گیا..... جھوٹے..... سب جھوٹے..... پر میں صدقے..... میں صدقے..... زہرہ نے نعرہ مار کر اپنی گٹھڑی پرے پھینکی اور کھڑی ہو کر دھمال ڈالنے لگی۔ اس

کے بال بکھر گئے۔اس کا چکن کا تین گز کا دوپٹہ سر سے اتر کر پوری منڈلی پر سایہ بن کر چھا گیا۔اور اس کے کانوں میں چاندی کی میلی کالی بالیاں زور زور سے ہلنے لگیں..... صدقے..... صدقے..... میری جان صدقے..... میرا دل صدقے..... دنیا کے سب رشتے جھوٹے..... ارے جھوٹے..... عورتوں کی آواز اونچی ہو گئی اور وہ جھوم جھوم کر نعرے مارتی رہی..... میں صدقے..... "بڑی معرفت والی عورت ہے..... کسی بڑے پیر فقیر کی نظر ہے اس پر..... حاجی جی! اب بس کرو..... بیٹھ جاؤ۔عورتوں نے اسے کندھوں سے پکڑ کر نیچے بیٹھ جانے کو کہا۔مگر وہ جھومتی رہی۔جھوٹے رشتے..... میں صدقے..... جھومتے جھومتے وہ یکدم گری اور میلے کپڑوں کی گٹھڑی کی طرح ایک ہی جگہ ڈھیر ہو گئی۔عورتوں نے اس کے حصے کے پیسے نیاز کھیر اور چاول اس کے چکن کے دوپٹے میں لپیٹ کر رکھ دیئے۔مگر اسے تو دوپہر تک ہوش نہ آیا۔پانچ چھ دن گزر گئے اور ملتان سے آئی ایک ملنگی بختو نے اسے کہا "میری بات مان..... یہاں کسی کو نہ بتانا کہ تیرا خاوند تجھے یہاں اس لئے چھوڑ گیا ہے کہ تو بے اولاد تھی۔تو نہیں جانتی کہ تو کتنی اچھی دھمال ڈال لیتی ہے۔تجھ پر عورتیں نوٹوں کا مینہ برسا دیتی ہیں۔آ تو مجھ سے شراکت کر لے۔میں داتا کی قسم کھا کر کہتی ہوں میں تیرے بے وفا خاوند کی طرح تجھے کبھی نہیں چھوڑوں گی۔میں یہاں جو سب کو یہ کہانی سناتی ہوں کہ میں سوہنے شکر گنج کے مزار سے یہاں اپنی منزل پوری کرنے آئی ہوں تو یہ سب جھوٹ ہے۔اصل بات یہ ہے کہ میرا خاوند میرے بھائی کے قتل کے جرم میں پھانسی لگ گیا تھا۔میرا ٹھکانہ نہ سسرال میں رہا نہ میکے میں۔وہ دونوں ایک عورت کے لئے لڑ پڑے تھے۔میرا بھائی جوان تھا وہ عورت کو لے کر نکل گیا اور میرے خاوند نے موقع دیکھ کر دونوں کو قتل کر دیا۔میرے باپ اور دشمنوں نے مقدمہ لڑا۔مربع زمین کا بھی بک گیا۔اور میرے گھر والا بھی پھانسی لگ گیا۔میں کالے کپڑے پہن کر چپ چاپ گاؤں سے نکل آئی اور آ کر یہاں بیٹھ گئی۔"تو میری بات مان..... ہاتھوں میں یا علی اور داتا کے نام کے کڑے پہن لے اور موٹے موٹے نگینوں والی انگوٹھیاں یہ لے میرے پاس دو کڑے اور تین چار انگوٹھیاں پڑی ہیں۔تو پہن لے اور چل

نیچے۔وہاں سے جا کر گلے میں پہننے کے لئے منکوں کی مالا۔رنگین تسبیحیں اور ہار لے آتے ہیں۔تو صرف بیٹھ جا یہ چیزیں پہن کر اور عورتوں کو میں تیرے پاس لے کر آؤں گی دعا کرانے کے لئے۔کسی کو اپنے پلے سے یہ پیسے بھی دے دیا کرنا جب وہ اپنے کاروبار کے لئے دعا کرانے آئے اور کہنا یہ داتا کا پیسہ ہے۔برکت والا۔جا اپنے پرس میں رکھ لے۔پھر دیکھنا کیسی لہر بحر لگتی ہے۔ہمیں پھر کسی کی پروا نہیں رہے گی۔بہت ہوا تو ہم یہاں سے نکل کہیں کسی گلی میں اپنا ڈیرہ بنا کر بیٹھ جائیں گے..... آ..... آج سے میں اور تو دونوں دوست ہیں..... ان دونوں نے مزار سے ملی ہوئی نائیلون کی سنہری چنریاں اپنے اپنے سر سے اتار کر ایک دوسرے کے سر پر رکھ دیں۔اب وہ ایک دوسری کی دوست اور پیر بہنیں بن گئیں تھیں۔کچھ دن بعد زہرہ نے چادریں جوڑ کر ایک کھلا سا جھولا سی لیا۔نائیلون کا ہرے رنگ کا جھولا اوپر ہرا دوپٹہ پگڑی کی طرح باندھ لیا۔چاندی کی میلی بالیوں میں موتیئے کے پھول پروڈالے جن کے نیچے لال موتی چھپ گئے۔یوں بھی اب یہ موتی لال نہیں رہے تھے۔میلے میلے ہو کر مٹیالے ہو گئے تھے۔یہ اشارے کرتی لال بتیاں نہیں رہے تھے جو برکت کی منزل تھی۔اب تو زہرہ ایک نئے چوراہے پر آن کھڑی تھی..... وہ دھمال ڈالتی تو عورتیں نوٹوں اور پیسوں کی بارش کر دیتیں۔پھر عورتیں اس کے پاس دعا کرانے کے لئے آنے لگیں۔ملتان والی ملنگنی بختو دو چار عورتیں گھیر گھار کر لے آتی۔"تمہاری تو قسمت اچھی ہے..... یہ بہت پہنچی ہوئی عورت ہے۔کسی کسی پر نظر کرتی ہے....." پھر وہ بے اولاد عورتوں کو اس کے ہاروں میں سے منکے اور کانوں کی بالیوں میں سے پروئے ہوئے پھول توڑ کر دیتی اور کہتی..... "بابا کہتا ہے..... داتا جھولی بھرے گا..... داتا خیر کرے گا....." اور وہ حق اللہ کا نعرہ مارتی اور کہتی "میں داتا کی کتیا رکھ لے لاج مری"..... اس کی آنکھوں میں آنسو آ جاتے اور ملنگنی بختو جلدی سے کہتی اتنا کیوں روتے ہیں بابا جی..... کیا کوئی بڑی شے دیکھی ہے؟ دل لگا کر دعا کرو بیچاری کے لئے..... آنے والی عورت پر بہت اثر ہوتا اور وہ رومال میں بندھے پیسوں میں سے بڑا حصہ ان کے قدموں میں ڈھیر کر دیتی۔سب سے مشکل گھڑی وہ ہوتی جب کوئی عورت اپنا منا سا بچہ لا کر اس کی

جھولی میں ڈال دیتی۔سائیں جی! یہ آپ کی دعا ہے۔آپ نے مجھے اپنی بالی کا پھول دیا تھا"..... زہرہ اس بچے کو جھولی میں سے اٹھا چھاتی سے لگا لیتی اور اسے یوں دیکھتی جیسے وہ کسی اور ہی دنیا کی مخلوق ہو۔پھر اپنے مصلے پر رکھے بتاشوں پر انگلی لگا کر بچے کے ہونٹوں پر لگاتی۔بچہ میٹھا چوستا اور وہ ہنس پڑتی۔"حاجی جی! آپ اللہ کے پہنچے ہوئے بزرگ ہیں۔ہمارے لئے بھی دعا کریں"..... کوئی اور عورت کہتی....."بزرگو! ادھر نظر کرم"....."میرے گھر رب نے دس سال بعد بچہ دیا ہے ان کی دعا سے.....ہمارا کاروبار ٹھیک ہو گیا ہے"....."میرا خاوند بیمار تھا اب تندرست ہو گیا ہے" .....وہ سب کی باتیں سنتی اپنی بڑائی سن کر اسے ہول پڑنے لگتے۔بختو دیکھ لیتی کہ اب بابا جی پھر اپنے برکت کی یاد میں کھو گئے ہیں تو وہ جلدی سے بازار سے شیشے کے گلاس میں چائے لے آتی۔ "پیو بابا جی! آپ نے لوگوں کے غم میں اپنا آپ گنوا لیا ہے۔لو گرم گرم گھونٹ بھرو".....بختو اسے چائے کے دھیان لگا کر خود اس کی بالیوں میں سے پھول اور ہاروں کے منکے عورتوں کو دینے لگ جاتی اور کہتی....."آج بابا جی ساری رات خدا کے ساتھ باتیں کرتے رہے ہیں۔آنکھیں دیکھی ہیں لال؟" پھر اس منڈلی میں سے زہرہ کو اٹھا کر ایک طرف لے جاتی۔مسافر خانے کے آخری زینے پر جا کر زہرہ اونچی اونچی بولنے لگتی....."بیٹا دے دیتا تو کیا تھا؟ ہماری باری ہاتھ اٹھا لیا۔یہ یاری تو نہیں" تو بختو اسے جھنجوڑ کر کہتی "بابا جی! اپنی بختو کی طرف تو دیکھو آج بختو کو بھی بھول گئے ہو" پھر بختو گانے لگ جاتی....."اوئے.....میں نچ کے یار منانا.....میں داتا دی کتی.....داتا خیر دیو....." اور اس کے ساتھ ہی جیسے زہرہ کو کچھ یاد آ جاتا.....وہ اپنے سر پر پگڑی پھر باندھ لیتی اور جھومنے لگ جاتی۔اسے ایسے لگتا جیسے وہ تو خود ہی برکت ہے۔وہ اشارے کرتی چورا ہے میں لگی وہ بتی ہے جس نے یہاں آئے ہوئے تمام مسافروں کو نئی نئی راہیں دکھائی ہیں۔وہ زہرہ نہیں۔وہ برکت بھی نہیں۔وہ بابا بھی نہیں۔وہ تو بتی والا چوک ہے۔اس کی آنکھوں سے آنسو گرتے اور عورتیں اس کی جھولی میں سے آنسوؤں میں بھیگے پھول اور بتاشے چھین کر لیتیں نیاز سمجھ کر تبرک جان کر مگر زہرہ جانتی ہے کہ یہ تو بتی والے چوک کے اشارے ہیں۔نرے اشارے۔

حنیف چودھری

اندھا شیشہ

خورشید جب ہمارے کالج میں داخل ہوا تو کلاس کے لڑکے لڑکیوں نے اس کا کچھ ایسا استقبال کیا کہ وہ روہانسا ہو کر رہ گیا۔کوئی اسے بھوت کہتا۔کسی نے حبشی کا لقب دیا۔کوئی ریچھ کہہ کر پکارتا اور کوئی نائٹ انگیل' بات یہ تھی کہ خورشید کا رنگ کالا سیاہ تھا۔اس کی آنکھیں دیکھنے والے کو ایسے لگتیں جیسے تختہ سیاہ پر چاک کے دو نقطے ہوں۔ناک چپٹا' چھوٹا قد جسم پر بڑے بڑے کالے بال دیکھنے والے اس کی شکل سے نفرت کرتے اور کلاس کے لڑکے لڑکیوں نے اس کا بیٹھنا محال کر دیا۔گھنٹی بجنے پر جب پروفیسر لیکچر دینے کمرے میں آیا تو آتے ہی اس کی نظر خورشید پر پڑی۔اس نے عینک لگا کر دیکھا تو اپنی کرسی کے نزدیک جا کر خورشید کی طرف اشارہ کر کے کہا "تم کب داخل ہوئے بھئی؟"

خورشید جواب کے لئے اٹھا ہی تھا کہ پیچھے کوئی لڑکا "مکھی" کر کے ہنس پڑا اور ساتھ ہی ساری کلاس کے لڑکے لڑکیاں کھلکھلا کے ہنس پڑے۔پروفیسر نے پھر کہا۔

"کیا نام ہے تیرا؟"

"خورشید جناب"

پیچھے سے ایک لڑکے نے طنز کیا "واقعی چاند کا ٹکڑا ہے"۔

وہ ساری کلاس بلکہ سارے کالج کے ہنسی مذاق اور طنز کا نشانہ بنتا رہا۔اس نے ان ساری باتوں کو ذرا بھی محسوس نہ کیا۔محنت لگن اور شوق سے کام کرتا رہا۔سارے کالج نے اس کے نام کے ساتھ "ریچھ" کی چڑ ڈال دی۔لڑکے لڑکیاں منہ پر بھی ریچھ کہتے۔مگر وہ ہنس کر ہی جواب دیتا۔وہ بہت لاپروا تھا۔کبھی وقت پر کالج نہ آتا۔کالج کا کام نہ کرتا۔سب سے پیچھے بیٹھتا اور بہت ہی کم

بات چیت کرتا۔ وہ باپ کا اکلوتا بیٹا تھا۔ باپ ریٹائرڈ تحصیلدار تھا۔ روپے پیسے کی کمی نہیں تھی۔ جائیداد بے شمار تھی۔ رشوت کے مال سے بنائے ہوئے بہت سے مکان تھے۔ خورشید تو پڑھنا نہیں چاہتا تھا مگر باپ پڑھانے کی کوشش کر رہا تھا۔ پہلے اسے لاہور پڑھنے بھیجا۔ لیکن وہاں غلط راستے پر چل نکلا۔ پھر یہاں کالج میں داخل کروایا۔ یہاں لاپروائی سے کام کرتا۔ کالج کے پروفیسروں نے کئی بار جرمانے کئے۔ سزا دی مگر وہ اپنی ڈگر پہ قائم رہا۔ کالج سے اس لئے نہ نکالا گیا کہ وہ بااثر آدمی کا بیٹا تھا۔

ایک دن کالج میں پریکٹیکل کرتے کرتے دیر ہو گئی میں بس سٹاپ پر اکیلی کھڑی بس کا انتظار کر رہی تھی کہ اتنے میں وہ ریچھ بھی آن کھڑا ہوا۔ پہلے تو چپ چاپ کھڑا میری طرف دیکھتا رہا پھر میرے بہت قریب آ گیا۔ میں ڈر گئی وہ مجھ سے پوچھنے لگا "کیا وقت ہے آپ کے پاس؟" جواب دینے سے پہلے میں نے ادھر ادھر دیکھا کہ کوئی مجھے اس کے ساتھ بات کرتے ہوئے دیکھ تو نہیں رہا؟ کالج کے اندر کلاس فیلو لڑکے لڑکیوں سے بات کرنا کچھ اور ہوتا ہے۔ مگر بس سٹاپ یا سڑک پر کھڑے ہو کر بات چیت کرنے کا مطلب کچھ اور لیا جاتا ہے۔ میں نے ذرا سا پیچھے ہٹ کر جواب دیا "ڈھائی بجے ہیں" وہ تھوڑا سا اور آگے بڑھ آیا۔ آپ نے کون سے سٹاپ پر اترنا ہے؟ یہ سوال سن کر میں اور بھی ڈر گئی کہ یہ بدمعاش میرا پیچھا کرنا چاہتا ہے اس کے ساتھ ہی میرے دماغ میں کئی خیال گھومنے لگے۔ مجھے اس وقت اور تو کچھ نہ سوجھا اس سے پیچھا چھڑانے کے لئے اگلے سٹاپ کی طرف چل پڑی۔ جو موڑ سے آگے کوئی ایک فرلانگ پر تھا جہاں ہر وقت مسافر کھڑے رہتے تھے۔ میں ابھی آدھا فرلانگ ہی گئی ہوں گی کہ دو لوفر لڑکوں نے کار میں سے اتر کے مجھے اکیلی کو گھیر لیا۔ ایک نے کہا "سرکار! کتابوں کی جگہ ہمیں سینے سے لگا لو"۔ دوسرے نے آگے بڑھ کے میری کلائی پکڑنے کی کوشش کی۔ تاکہ مجھے اٹھا کر موٹر میں ڈال لے۔ میں بھاگ کھڑی ہوئی میرا دوپٹہ سر سے اتر گیا۔ کتاب بھی گر پڑی۔ مگر میں کسی بھی شے کی پروا کئے بغیر آگے بھاگتی رہی۔ میرا حلق اتنا سوکھ گیا کہ مجھ سے بولا نہ جاتا تھا۔ میں کوئی بیس قدم بھاگی ہوں گی کہ دیکھا اس "ریچھ"

نے ایک لوفر کو اٹھا کر زمین پر دے مارا۔ اتنے میں بس آ گئی اور میں بھاگ کر بس پر چڑھ گئی۔

بس میں بیٹھ کر میں نے اپنے ہوش و حواس پر قابو پایا اور سوچنے لگی کہ اگر "ریچھ" نہ آتا تو پھر نجانے میرے ساتھ کیا گزرتی۔ وہ مجھے کہاں لے جاتے؟ میرے ساتھ کیا کرتے؟ آج پہلی بار خورشید کے بارے میں میرے دل میں احترام کا جذبہ پیدا ہوا۔ اس کی بدصورتی اور کردار میں بہت بڑا فرق نظر آیا۔

اس واقعے کے بعد وہ سات دن تک کالج نہ آیا۔ آٹھویں دن بارہ بجے میرا پیریڈ خالی تھا۔ میں لان میں کنیر کے بوٹے کے نیچے بیٹھی تھی کہ اچانک خورشید میرے سامنے آ کھڑا ہوا میں اس کے احسان کا بدلہ تو نہیں چکا سکتی تھی مگر اپنے محسن کے احترام میں اٹھ کھڑی ہوئی۔ اس نے کتاب اور دوپٹہ دیتے ہوئے کہا۔ اس دن یہ کتاب اور دوپٹہ وہاں گر گئے تھے تو میں اٹھا لایا۔

"شکریہ" اس سے زیادہ میرے منہ سے کچھ نہ نکلا۔ وہ دو قدم آگے جا کر پھر واپس مڑا اور نظریں جھکا کر کہنے لگا۔ میں پانچ سات دن کالج نہیں آیا۔ سنا ہے کہ میرے بعد بہت اہم نوٹس لکھوائے گئے ہیں مجھے وہ نوٹس دے دیں میں نقل کر کے لوٹا دوں گا" "میں کل لیتی آؤں گی۔" "اچھا..... شکریہ" دوسرے دن وہ کالج نہ آیا۔ تیسرے دن جب وہ مجھے کالج میں ملا تو اس نے سفید رنگ کا ٹھنڈا سوٹ پہنا ہوا تھا۔ سر کے بال تیل سے چمک رہے تھے۔ کالی آنکھوں میں سرمہ لگایا ہوا تھا۔ کپڑوں سے خوشبو آ رہی تھی۔ جب وہ میرے پاس آ کر کھڑا ہوا تو میرے کلاس فیلو لڑکیاں ایک دوسرے کو کھنکارتے ہوئے مجھے بڑ بڑ دیکھ رہے تھے۔ میں گھبرا گئی کہ یہ میرے ساتھ بات کرے گا تو میں سب کے سامنے کیا جواب دوں گی۔ اس نے پوچھا نوٹس لے آئی ہو؟ میں نے دل پکڑ کر کے کہا "جی"

"چلو کنٹین میں چل کر بیٹھتے ہیں تم چائے پیا میں نقل کر لوں گا۔" یہ سن کر معلوم نہیں میں کیوں اس کے آگے آگے چل پڑی۔ لیکن وہ میرے پیچھے پیچھے آنے کی بجائے کالج کے اوپر سے چکر لگا کر کنٹین میں آیا۔ جیسے میری بدنامی کے احساس سے واقف ہو۔ اس کے آنے سے پہلے

میں چائے کا آرڈر دے چکی تھی۔ مگر خورشید نے کھانے کے لئے بہت ساری چیزیں منگوالیں۔ وہ نوٹس لکھنے کی بجائے میرے پاس بیٹھ کر چائے پینے لگ گیا۔ وہ باتیں کرتا جا رہا تھا۔ سماج کی باتیں' معاشرے کی ناانصافی کی باتیں۔ ادب اور شاعری کی باتیں۔ اور بہت سی باتیں۔ کالج کے لڑکوں کی باتیں۔ وہ کہہ رہا تھا۔ مجھے اس بات کی حیرانی ہے کہ مجھے حیوان کہنے والے مجھے ریچھ پکارنے والے خود کتنے حیوان ہیں۔ بلکہ حیوانوں سے بھی بدتر۔ استاد لڑکیوں کو بیٹیاں کہتے ہیں۔ لڑکے لڑکیوں کو سب کے سامنے بہنیں کہتے ہیں مگر دیکھتے بری نظروں سے ہیں۔ وہ انسان ہیں؟ اس کا نام انسانیت ہے؟ ہمارا مذہب یہی سکھاتا ہے؟

اس طرح موضوع بدلتے رہے..... میں ہنکارا بھرتی رہی..... یہ باتیں سن کر میرے دل میں اس کا احترام اور بھی بڑھ گیا اور اس کے بارے میں میرے خیالات کا انداز بھی بدل گیا۔ وہ جاتے ہوئے مجھ سے نوٹس بھی لے گیا۔ گھر آتے ہوئے راستے میں میرے ذہن میں عجیب عجیب خیال آنے لگے۔ میں اس میں دلچسپی کیوں لے رہی ہوں؟ مجھے اس کی باتوں پر اعتبار کیوں آ رہا ہے؟ وہ بدصورت ہے۔ کوئی بھی اس کو اچھا نہیں سمجھتا۔ میں ایک لڑکی ہوتے ہوئے اس کی طرف کیوں بڑھتی جا رہی ہوں؟ میں نے اپنے دل میں اس کی بدصورتی سے نفرت کا جذبہ ابھارنے کی کوشش کی مگر شیلے کی سکائی لارک کی طرح میرے خیالات اس کی پاکیزگی میں گم ہوتے گئے۔ میرے ذہن میں اس کی بدصورتی اس کے پاکیزہ خیالات اور بلند کرداری کے تیزاب سے دھلتی گئی۔ مجھے یوں لگا جیسے میرے دل میں اس کے احترام کا جذبہ محبت میں بدلتا جا رہا ہے۔ محبت تو خوبصورت چیز ہوتی ہے میں نے دل سے پوچھا کیا وہ خوبصورت ہے؟ میں اپنی محبت کی تکمیل شادی کر کے کروں گی۔ شادی بھی تو دو روحوں کا ملاپ ہوتا ہے۔ میں ایک فیصلے پر پہنچ گئی۔ میں ساری رات سو نہ سکی۔ میرے خیالوں کی راہ میں خورشید کے قدموں کی آہٹ آتی رہی۔ رات کے اندھیرے میں وہ ایک فرشتے کی طرح میری آنکھوں کے آگے گھومتا رہا۔ میں خیالوں کی دنیا میں دور نکل گئی۔ کبھی سوچتی کہ میرے ماں باپ اس رشتے کے لئے راضی ہو جائیں گے؟ لوگ میری

اس پسند کا مذاق تو نہیں اڑائیں گے؟ کبھی خیال آتا محبت ان سوچوں کی پروا نہیں کرتی۔ صبح جب میں دیر سے اٹھی۔ مجھے یوں محسوس ہوا جیسے سارے خاندان کو میرے اس ارادے کا پتہ چل گیا ہو۔ سب لوگ جیسے مجھے شک سے دیکھ رہے ہوں۔ کالج میں بھی ایسے ہی ہوا۔ میں گھبرا کے کالج سے گھر آ گئی۔ اور اپنے کمرے کا دروازہ بند کر کے سوچنے لگی۔

دن گزرتے گئے۔ میری سوچیں ختم ہو گئیں۔ میرے دل سے کلاس فیلو لڑکیوں کا مذاق اور لوگوں کے طعنوں کا ڈر جاتا رہا۔ ہم دونوں کالج کی کنٹین میں لائبریری کے ریڈنگ روم میں کافی دیر بیٹھے رہتے۔ اب خورشید مجھ سے اپنی نجی زندگی کے بارے میں بھی مشورے لیتا۔ ''شمیم! یہ سوٹ مجھے اچھا لگتا ہے؟..... مرے ابا جی مری جا رہے ہیں۔ مجھے ساتھ لے جانا چاہتے ہیں۔ تمہارا کیا خیال ہے۔ میں جاؤں؟..... اس سال کا داخلہ بھجوا دوں یا نہ۔ کیونکہ میری تیاری مکمل نہیں۔'' جیسے سارے کالج میں میں ہی اس کی ہمدرد ہوں۔ میں خوش تھی کہ مجھے میری منزل مل گئی ہے۔ مگر مجھے ایک پریشانی نے گھیر لیا۔ کہ خورشید کیوں نہیں اپنی محبت کا اظہار کرتا؟ میں کیسے کہہ سکتی ہوں کہ میں اس کی منزل ہوں۔ اس کی پجارن ہوں۔ اس نے شاید احساس کمتری کے باعث اس بات کی پہل نہیں کی۔ میں کئی بار بات چیت اس موڑ پر لاتی۔ مگر وہ چپ ہی رہا۔ امتحان سر پر آ گیا۔ میری نظریں کتاب پر ہوتیں اور دماغ خورشید کے گرد گھومتا رہتا۔ خورشید کھل کر بات کیوں نہیں کرتا؟ میں اس بارے میں اسے خط لکھوں..... پیغام بھیجوں..... کیا کروں؟

دن رات کے قافلے کے پیچھے بھاگتا رہا..... میں سوچوں میں ڈوبی رہی۔ ان سوچوں نے مجھے فیل کرا دیا۔ خورشید پاس ہو گیا۔ میری ناکامی میں میری محبت کا ہاتھ تھا۔ لیکن کالج کے امتحان کی ناکامی زندگی کے امتحان کی کامیابی کا ثبوت تھی۔ جس دن رزلٹ آیا تھا۔ میں نے خورشید کو کالج میں نہ دیکھا۔ شاید کہیں باہر چلا گیا تھا یا بیمار تھا مجھے اپنے فیل ہونے کا غم تو نہیں۔ افسوس یہ تھا کہ خورشید ایک کلاس آگے چلا گیا۔ میرے ساتھ کیوں نہ رہا؟..... ایک ہفتہ گزر گیا نہ وہ خود آیا اور نہ کوئی خبر دی۔ میری تشویش بڑھ گئی دوسرے دن جب میں کالج سے گھر آئی تو نوکر

نے مجھے خورشید کا رقعہ دیا۔ رقعہ لفافے میں بند تھا۔ میں خوشی سے ناچ اٹھی۔ نوکر چلا گیا تو میں نے جلدی جلدی خط کھولا۔ پڑھتے ہی مجھے یوں لگا جیسے مجھ پر برف گر پڑی ہو..... میں زمین پر گڑتی جا رہی ہوں۔ لکھا تھا۔

''پیاری بہن!

تمہارے فیل ہونے کا مجھے اتنا دکھ ہوا کہ افسوس کے لئے لفظ نہیں ملتے کاش اپنی بہن کی جگہ میں فیل ہو گیا ہوتا۔ بہنوں کی خوشی بھائیوں کا مان ہوتی ہے۔ میرا مان ٹوٹ گیا۔ میں افسوس کے لئے اس لئے نہ آ سکا کہ اچانک میری شادی طے ہو گئی۔ میں مصروف ہو گیا۔ میرا یہ خط دعوت نامہ ہے۔ ضرور آنا۔''

یہ پڑھ کر میری آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا گیا۔ شرمندگی سے میں پانی پانی ہو گئی۔ میرے جذبات نے میرے ضمیر کا شیشہ اندھا کیوں کر دیا تھا۔؟ جس میں خورشید کے اندر چھپے ہوئے انسان کو میں نہ دیکھ سکی۔

اقبال خالد

لمبی راہیں

''.....کیمپ والے ہماری ڈال روک لیتے ہیں''۔

میں یہ سن کر ہنس پڑا اور وہ چڑ کر بولا ..... سر کمال ہے آپ میری بات کا یقین نہیں کرتے۔ سر چھ مہینے ہو گئے ہیں اور شانی کا خط ہی نہیں آیا۔ یہ تو ہو نہیں سکتا کہ اس نے خط نہ لکھا ہو۔ ادھر والے ہی گھپلا کرتے ہیں۔''

جس روز ڈاک تقسیم ہوتی لیفٹیننٹ اختر میرے پاس آ کر اس طرح کی باتیں کرتا تھا۔ اس طرح ہمارے کیمپ میں رونق اس کے دم سے تھی۔ ہر کسی سے چھیڑ چھاڑ اور ہنسی مذاق اس کا ہر وقت کا کام تھا۔ مگر جس روز ڈاک تقسیم ہوتی اس روز وہ اداس پھرتا اور چپ چاپ رہتا۔ آج بھی جب ''جنٹلمین!۔ لیٹرز'' کی آواز آئی تو وہ اپنا بنایا ہوا پنجرہ چھوڑ کر بھاگا اور کچھ دیر بعد مایوس اور نامراد واپس آ گیا۔ اس نے پنجرے کے دونوں پرندے آزاد کئے اور نظریں نیچے کئے دوسری طرف چل دیا۔

میں اس کیمپ میں سب سے پہلے آیا تھا۔ اور کچھ دیر اکیلا ہی رہا۔ ہر وقت دعائیں مانگتا تھا۔ الٰہی آزادی دے یا کوئی سنگی ساتھی دے دے۔ دعا کا یہ دوسرا حصہ قبول ہوا اور بہت سے قیدی کیمپ میں آ گئے۔ رنگ برنگے انسان۔ کوئی محفل ساز اور کوئی اپنی ذات میں ہی محفل، ہر ذرہ اپنی جگہ آفتاب۔ یہ دیکھ کر بڑا دکھ ہوتا تھا کہ ایسے منفرد اور رنگ برنگے ساتھی سے یہ خوبصورت محبت قید میں ہی کیوں نصیب ہوئی؟ لیفٹیننٹ اختر کی شخصیت ہشت پہلو ہی نہیں سدا بہار بھی تھی۔ سب سے کم عمر سب سے جونیئر بڑا شوخ ملنسار اور ذہین۔ وہ رگبی جوکس سے لے کر سکھوں اور پٹھانوں کے لطیفے سناتا۔ سلطان باہو سے کیٹس اور حافظ تک کے شعر سناتا اور عالم لوہار سے سہگل تک سب

کی نقلیں اتار کر ہم کو سناتا پھر پنجرے اور پتنگیں بنانے کا ماہر۔اس کے ساتھ رہ کر قید کاٹنا کوئی مشکل نہیں لگتا تھا۔

ویسے تو وہ سب کے ساتھ گھل مل گیا تھا۔لیکن میرے کچھ زیادہ ہی قریب آ گیا تھا۔ایک تو میں اس کیمپ کا پہلا اور اکیلا قیدی رہا تھا اور ہر کسی کو اس بارے میں تجسس تھا۔لیکن ہمارا قرب ہم ذوق ہونے کے سبب تھا۔ابن انشا سے اختری بائی فیض آبادی تک ہماری پسند ایک تھی۔اپنی منگیتر کو خط لکھتے وقت وہ میرے ساتھ شعروں کے بارے میں بحث اور مشورہ کرتا رہتا۔ایک دن میں نے کہا ''یونہی پریشان نہ ہوا کر۔خط آنے یا نہ آنے سے کیا فرق پڑتا ہے؟ پھر ہو سکتا ہے اسے عادت ہی نہ ہو خط لکھنے کی۔''

''سر بہت فرق پڑتا ہے.....ذرا مورال اونچا رہتا ہے۔رہی بات عادت کی تو اکیڈمی روزانہ خط آتا تھا۔ادھر بھی جب پوسٹنگ ہوئی تو تین ہفتے میں دو خط ضرور آتے تھے۔لیکن سر نومبر سے میرے خط آنے بند ہو گئے ہیں'' پھر اس نے جیب سے ایک تصویر نکال کر مجھے دی اور کہا دیکھئے سر.....یہ آنکھیں میرا ہی انتظار کر رہی ہیں۔ہیں نا سر؟'' اس الھڑ لڑکی کی تصویر میں آنکھیں اور ہونٹ بڑے نمایاں تھے۔''سر یہ تصویر اس وقت کی ہے جب ہم بی اے میں پڑھتے تھے۔پھر میں یونیورسٹی داخل ہو گیا اور وہ گھر بیٹھ گئی۔وہ ہمیشہ مجھے آرمی جوائن کرنے کے لئے کہتی تھی۔اسے خاکی وردی بہت پسند تھی۔سر میں تو لیکچرار بننا چاہتا تھا لیکن اس کی ضد اور پسند کی خاطر میں ادھر آ گیا۔وہ مجھے پیار بھی تو ڈھیروں کرتی ہے نا۔پھر مجھ سے ڈرتی بھی تو بہت ہے۔اپنے کالج کے فنکشن میں بھی مجھ سے پوچھے بغیر نہیں جاتی تھی۔اب میں اسے ابن انشا کی نظم لکھوں گا..... اک بار کہو تم میری ہو.....یا پھر آپ کوئی چاند اور چاندنی کے بارے میں نظم سنائیں۔مگر وہ نہیں جو اس طرح ختم ہوتی ہے.....''عارضی تھا چاند بھی اور عارضی تھی چاندنی۔ سر! چاندنی رات میں کسی ٹیلے پہ بیٹھ کر سگریٹ پینے اور شعر سننے سنانے کا مزا ہی اور ہے۔یہ نشہ بادشاہی میں شاید ہو اور کہیں نہیں۔سر ہمارے علاقے میں ریت بہت ہوتی ہے اور رات کو ٹھنڈی ہو جاتی ہے۔ہم رات گئے

تک بیٹھے رہتے تھے۔سر آپ ادھر آئیں گے نا؟ مائی گاڈ! آپ بہت انجوائے کریں گے۔آپ کو میں ہرن اور مرغابی کا شکار کھلانے لے جاؤں گا''۔

اختر مجھے خواجہ فرید کے شعر اور کافیاں سناتا۔جن میں روہی کی تعریفیں ہوتی تھیں۔

ایک دن کہنے لگا.....سر شانی بڑی شکی اور وہمی ہے۔میری پوسٹنگ ادھر ہوئی تو اس نے رو رو کر اپنا برا حال کر لیا۔مجھے پیار بہت کرتی ہے نا اسے ڈر تھا کہ مجھ پر بنگال کا جادو نہ چل جائے۔سر ہم تو وطن کی حفاظت کرنے آئے تھے۔وہ بالکل پگلی ہے۔یہ باتیں نہیں سمجھتی۔کہتی تھی۔تیرا دوست کیپٹن مسعود وہاں ہے۔وہ تجھے بھی بگاڑ دے گا۔سر کیپٹن مسعود بھلا کون سے کیمپ میں ہو گا؟۔کہیں ساتھ والے کیمپ میں ہی ہو تو مزا آ جائے مگر ملنے تو پھر بھی نہیں دیں گے۔اچھا سر! ایک بات پوچھوں سچ بتائیں گے نا؟''

''ہوں'' میں نے کہا

''سر! آپ نے بھی کبھی پیار کیا ہے؟'' اس نے ذرا ڈرتے ڈرتے پوچھا۔

''ہاں.....کئی بار.....اور جی جان سے کیا ہے'' میں نے جواب دیا۔

وہ پریشان ہو گیا اور کہنے لگا Sir dont tell me that آپ تو ہرجائی بالکل نہیں لگتے۔''

بھئی یقین کرو.....میں نے کئی دفعہ محبت کی ہے اور ٹوٹ کر کی ہے میں نے کہا ''مگر کس سے''؟۔

''اچھے انسانوں سے.....اچھی کتابوں سے۔خوبصورت موسیقی سے اور اپنے ملک کے ساتھ میں نے پیار کیا ہے۔پھر سب سے بڑھ کر میں نے اپنے Profession کے ساتھ پیار کیا ہے۔

''اوہ آئی سی'' وہ شرمندہ سا ہو کر بولا ''سر جتنا پیار شانی میرے ساتھ کرتی ہے۔دنیا میں کوئی کسی کے ساتھ نہیں کرتا ہو گا۔کر ہی نہیں سکتا'' میں دل میں ہنس پڑا کہ ہر محبوب ایسے ہی محسوس

کرتا ہےاور یہی کہتا ہے۔

''شانی ایک آئیڈیل بیوی اور ماں ثابت ہوگی۔کہا کرتی تھی کہ ہم اپنے بچوں کو بارہ سال کی عمر میں سکول داخل کرائیں گےاور اس وقت تک وہ انہیں اپنے گھر پڑھایا کرے گی۔عربی' انگریزی' اردو سب کچھ پڑھایا کرے گی۔پڑھانے کا اسے ویسے بھی بڑا شوق ہے مجھے بھی وقت بے وقت روک ٹوک کرتی رہتی تھی۔کبھی کبھی پیار کے ساتھ ڈانٹ بھی لیتی تھی بالکل استانیوں کی طرح''۔

ایک دن میں نے اسے چھیڑا''اختر ہوسکتا ہے وہ تمہیں بھول گئی ہو''

وہ بڑا جذباتی ہو کر کہنے لگا کہ اس کے بغیر شانی جنت بھی قبول نہیں کرے گی۔اور اگر گھر والوں نے اس کی شادی کہیں اور کرنے کی کوشش کی تو وہ چوڑیاں پیس کر کھا لے گی''شانی کا یہ دعویٰ سن کر میں بالکل حیران نہ ہوا۔کیوں کہ اس عمر کا عشق اس طرح کے دعووں اور وعدوں کے علاوہ انسان کو اور کچھ نہیں دیتا۔

ایک دن لیفٹیننٹ اختر نے اعلان کر دیا کہ اگر اس مہینے بھی خط نہ آیا تو وہ فرار ہو جائے گا۔مگر یہ اعلان شانی تک نہ پہنچا۔کیوں کہ اگلے دو مہینے بھی اس کا کوئی خط نہ آیا۔

اختر کے گھر سے تین چار خط ضرور آئے۔ان میں بھی شانی کے بارے میں کوئی بات نہیں لکھی تھی۔

ایک دن افواہ پھیلی کہ کچھ سینئر افسر کیمپ سے جا رہے ہیں۔منزل کا کسی کو پتہ نہیں تھا۔مگر سمجھا یہ گیا کہ وطن واپسی ہو رہی ہے۔اختر نے مجھے مبارک باد دی اور کہا''سر! میرے گھر ضرور جائیں۔انہیں تسلی دیں کہ میں خیریت سے ہوں۔جلدی آ جاؤں گا۔گھبرائیں مت۔اور سر شانی سے ضرور ملیں۔ہمارے سامنے والا گھر ہے ان کا۔نیلے گیٹ پر ہمیشہ ایک چھوٹا سا سفید کتا بیٹھا رہتا ہے۔مگر وہ کسی کو کچھ نہیں کہتا۔شانی کو آپ پہچان ہی لیں گے۔اسے ذرا ڈانٹیں بھی کہ خط کیوں نہیں لکھتی؟

اب لیفٹیننٹ اختر نے پنجرے چھوڑ دیئے تھے اور نہ ہی وہ اخبار''آزادی''اور ''جمہوریت' کی پتنگیں بناتا تھا۔لوگوں سے بھی اس کا میل جول کم ہو گیا تھا وہ چپ چپ اور اداس رہنے لگا تھا۔

کچھ دنوں بعد میرے ساتھ دو اور سینئر افسروں کی روانگی ہوئی۔سب نے مبارک بادیں اور پیغامات دے کر ہمیں کیمپ سے رخصت کیا۔ہمیں وطن کی بجائے ایک اور کیمپ میں انکوائری کے لئے بھیج دیا گیا اور چار ہفتے بعد پھر اسی کیمپ میں واپس لا کے چھوڑ دیا گیا۔یہاں ایک افسوس ناک خبر ہمارا انتظار کر رہی تھی۔پتہ چلا کہ اختر ایک میجر کے ساتھ فرار ہونے کی کوشش میں دنیا سے ہی فرار ہو گیا ہے۔میجر منصور تو پہلے فائر کے ساتھ ہی شہید ہو گیا۔لیفٹیننٹ اختر گولی کھا کر گر پڑا اور فوراً ہی اٹھ کر پھر بھاگا۔سنتری نے بالکل نزدیک جا کر دوسرا برسٹ مارا تو اختر نے وہیں دم توڑ دیا۔

پھر بہت سا وقت گزر گیا۔ان دو شہید افسروں کی برسی عید اور شب برات ہم نے اسی کیمپ میں منائیں کافی دیر بعد جنگی قیدیوں کی واپسی کا سلسلہ شروع ہوا۔آخر ایک دن ہم نے بارڈر پر پہنچ کر اپنے دیس کی مٹی پر سجدہ کیا۔وطن واپسی کے بعد میرے چار مہینے بڑے مصروف گزرے۔کئی بار میں نے لیفٹیننٹ اختر کے گھر جانے کا ارادہ کیا۔لیکن ہمت نہ پڑی۔

میری پوسٹنگ ہوئی تو میں نے راستے میں اس کے گھر جانے کا پروگرام بنا لیا۔اس کے گھر والے مجھے غائبانہ طور پر جانتے تھے۔بڑی محبت اور تواضع سے ملے۔جنگ اور کیمپ کے قصے چھڑ گئے۔اختر کی ماں رونے لگی تو اختر کے ابا جی نے ڈانٹ دیا۔میرے لئے انہیں تسلی دینا مشکل ہو گیا۔اختر کی ماں کہنے لگی۔''مجھے بیٹے کا اتنا دکھ نہیں۔دکھ اس بات کا ہے کہ اتنے بیٹوں کی قربانی بھی ملک کو نہ بچا سکی''۔

ہم چائے پی رہے تھے کہ کیپٹن مسعود آ گیا۔ادھر ادھر کی باتیں ہوتی رہیں۔پھر ہم اختر کے والدین سے اجازت لے کر چل پڑے۔گھر سے نکلتے ہی ہم دونوں کی نظریں ایک ساتھ

سامنے گئیں۔ نیلے گیٹ کے باہر ایک رشین پپ بیٹھا تھا۔ میں نے کہا ''کیپٹن مسعود! پتہ ہے ما
یہاں کون رہتا ہے؟''

''بس سر!'' کیپٹن مسعود نے جواب دیا۔ یہاں ایک لڑکی رہتی تھی جس کو آرمی افسر بہت
پسند تھا۔ اور اب وہ ایک سی ایس پی افسر کی بیوی ہے۔''

نیلما ناہید درانی

قلعہ شبدیو سنگھ کا بابا

لاہور سے فیصل آباد جاتے ہوئے روڈ پر دائیں ہاتھ ایک ڈرائیور ہوٹل تھا۔ اس سڑک پر
دونوں طرف کئی ڈرائیور ہوٹل تھے۔ چھپر والی چھت' بڑا سا تندور۔ بان سے بنی ہوئی لکڑی کے
بڑے بڑے پایوں والی چارپائیاں جن پر مٹی کی مٹکیاں پانی سے بھری رکھی ہوئی تھیں۔ پلاسٹک
کے میلے کچیلے گلاس۔ سارے ڈرائیور ہوٹل ایک جیسے ہی تھے۔ جہاں ٹرک ڈرائیوروں کے لئے
کڑک چائے اور بڑے گوشت کے قورمے کے ساتھ تنور کی لال لال گرم روٹیوں کا انتظام ہوتا
تھا۔ عام گاہکوں کے لئے ماش کی دال' اچار' کچے پیاز اور روٹی۔ جس کا مزا ساری دنیا سے نرالا تھا۔
بڑے بڑے فائیو سٹار ہوٹلوں کے کھانے بھی اس دال روٹی' اچار اور پیاز کے مزے تک نہیں پہنچ
سکتے تھے۔

مگر قلعہ شبدیو سنگھ کا وہ ڈرائیور ہوٹل ایک بابے کی وجہ سے مشہور تھا۔ ایک پچانوے برس کا
بابا۔ جو جوانوں کی طرح چلتا تھا۔ اس کے سر کے بال بھی آدھے چٹے اور آدھے کالے تھے۔
آنکھوں کی روشنی پوری تھی۔ وہ ہر روز شام کے وقت اس ڈرائیور ہوٹل پر آ کر بیٹھ جاتا اور اس کے
انتظار میں بیٹھے لوگوں کے چہروں پر چھائی ہوئی انتظار کی اداسی ختم ہو جاتی۔ اور ہر ایک اس بابے
کے پاس جا کر اپنا مسئلہ بیان کرنے کی کوشش کرتا۔ وہ سب لوگ لاہور فیصل آباد اور دوسرے
شہروں سے آتے تھے۔ اور اس بابے سے صحت تندرستی کے ساتھ لمبی عمر کا راز پوچھنا چاہتے تھے۔
سب کا خیال تھا کہ بابا جی کے پاس کوئی آب حیات کا پیالہ ہے کہ وہ اس عمر میں بھی جوانوں کی
طرح چلتے ہیں۔ اور بغیر نظر کی عینک کے اخبار پڑھ لیتے ہیں۔ قلعہ شبدیو سنگھ کے اس ڈرائیور ہوٹل
کا مالک شیدا تھا جو بابا جی کے گاؤں کا رہنے والا تھا۔

عصر کی نماز کے بعد بابا جی شیدے کے ہوٹل پر آتے۔ اس وقت تک ہوٹل کی ساری

چارپائیاں گاہکوں سے بھر چکی ہوتی تھیں۔ بابا جی ایک چارپائی پر آلتی پالتی مار کر بیٹھ جاتے اور ہوٹل کے ''چھوٹے'' ان کی ٹہل سیوا کرنے لگ جاتے۔ بابا جی چائے وائے پی لیتے تو دوسری چار پائیوں پر بیٹھے گاہک باری باری بابا جی کے پاس آتے۔ بابا جی بھی بڑے ہوشیار تھے۔ بندہ دیکھتے ہی انہیں پتہ چل جاتا کہ وہ کیا چاہتا ہے۔ کون دوسری شادی کرنے کے شوق میں آیا ہے۔ اور کون سدا جوان رہنے کی کوشش میں ہے۔ کسے صرف پہلوانی کا شوق ہے اور کون کسی بیماری سے پریشان ہے۔

ہر شخص بابا جی کو اپنے دل کا حال سناتا اور بابا انہیں اپنی صحت کے کارنامے سنا سنا کر حیران کرتا جاتا اور ساتھ ہی اپنی دھوتی کے پلے بندھی کنجی کھول کر دیوار کے ساتھ لگی لکڑی کی چھوٹی سی الماری کھولتا۔ چھوٹی چھوٹی شیشیاں دکھاتا اور ان کی قیمت بتاتا جاتا۔ ان شیشیوں کے اندر آب حیات تھا۔ سونے چاندی کے کشتے' سدا جوان رہنے کے نسخے۔ بابا لوگوں میں زندگی کی امیدیں اور خواب بانٹتا تھا۔ جوان شیشیوں میں چمکیلی گولیوں کے روپ میں رہتے تھے۔

گاہک ہاتھوں ہاتھ وہ شیشیاں خرید لیتے۔ بابا جی کڑکڑ کرتے نوٹ اپنی جیب میں ڈالتے اور مغرب کی اذان سے پہلے ہی سارے گاہکوں کو نمٹا لیتے۔ ڈرائیور ہوٹل کی چارپائیاں خالی ہو جاتیں اور بابا جی اٹھ کر اپنے گاؤں کی طرف چل پڑتے۔ شیدے کا یہ ڈرائیور ہوٹل بابا جی کے دم سے آباد تھا۔ اسی لئے اس نے اپنے نوکروں کو بابا جی کی ٹہل سیوا کرنے کی خاص ہدایت کی ہوئی تھی۔

سارے ڈرائیور ہوٹوں کے مالک شیدے کی قسمت پر رشک کرتے تھے۔ کیونکہ ساری روڈ کے گاہک صرف اس کے ہی ہوٹل پر رکتے تھے۔ لاہور سے چلتے ہی قلعہ شبد یو سنگھ کا خیال رکھتے کہ کہیں بھول کر آگے نہ گزر جائیں اور یوں بابا جی کے درشن سے محروم نہ ہو جائیں۔

رونق بھی جب لاہور سے سواریاں لے کر فیصل آباد جاتا تو راستے میں قلعہ شبد یو سنگھ کے اس ڈرائیور ہوٹل پر ضرور رکتا۔ کیونکہ اس کی جیبوں میں وہ نوٹ بھی ہوتے تھے جو اس کے ملنے

والوں نے اپنی اپنی فرمائشوں کے لئے دیئے ہوتے۔ وہ بابا جی سے کشتوں سے بھری گولیوں کی شیشیاں لیتا اور اپنے دوستوں کی فرمائشیں پوری کرتا۔ بابا شاید عمر خضر لکھوا کے آیا تھا۔ کئی سال گزر گئے تھے۔ بابا ویسے کا ویسا تھا۔ کبھی کسی نے بابا جی کو بیمار نہیں دیکھا۔ خود ہی چل کر اکیلا آتا اور نوٹوں کو جیب میں بھر کے اکیلا ہی بغیر کسی سہارے کے چل پڑتا۔

رونق ہفتے میں ایک بار ضرور وہاں سے گزرتا تھا۔ مگر اس مرتبہ وہ دو ہفتے تک قلعہ شبد یو سنگھ نہ جا سکا۔ اس کے بڑے بھائی کی شادی تھی۔ کام کاج میں ہی دو ہفتے گزر گئے۔ پندرہ دن بعد وہ اپنی گاڑی لے کر فیصل آباد روڈ کی طرف چل پڑا۔ اس کی جیبوں میں اب بھی لوگوں کی فرمائشوں کی پرچیاں اور نوٹ بھرے ہوئے تھے۔

رونق جب شیدے کے ہوٹل پر پہنچا تو وہاں عجیب سی ویرانی تھی۔ نہ کوئی گاہک تھا نہ ہی تنور پر روٹیاں لگ رہی تھیں۔ رونق نے بان کی چارپائی پر بیٹھ کے مٹی کی چاٹی کو منہ لگا کے ایک ہی گھونٹ میں پانی پی لیا پھر ادھر ادھر دیکھا اور سوچنے لگا کہ کیا یہ قلعہ شبد یو سنگھ ہی ہے۔ رونق نے پاس کھڑے ایک لڑکے سے پوچھا۔ لڑکے نے ہاں میں سر ہلایا تو رونق نے دوسرا سوال کیا۔ کیا بات ہے آج گاہک نظر نہیں آ رہے۔ بابا جی کے آنے کا ٹائم تو ہو گیا ہے۔ یہ سن کر اس لڑکے نے رونق کی طرف دیکھا اور کہنے لگا۔ اب بابا جی نہیں آئیں گے۔ وہ پچھلے ہفتے فوت ہو گئے ہیں۔

''یہ بھلا کیسے ہو سکتا ہے؟ ان کے پاس تو سدا جوان رہنے کے کشتے تھے۔ اور انہیں تو کوئی بیماری بھی نہیں تھی''

اتنی دیر میں ہوٹل کا مالک شیدا بھی آ گیا۔ ''بھائی جی! ہمارا تو ہوٹل ہی بند ہو گیا ہے! اب کوئی گاہک نہیں آتا۔ انسان کتنا ہی جی دار ہو کتنے ہی کشتے کھا لے۔ پر ایک دن موت سے ہار جاتا ہے۔ بابا جی موت سے ہار گئے ہیں۔ مگر ہماری تو روزی ہی ختم کر گئے ہیں۔''

اس سڑک سے اب بھی ہزاروں گاڑیاں گزرتی ہیں۔ پر کوئی قلعہ شبد یو سنگھ نہیں ٹھہرتی۔ کیونکہ وہاں اب زندگی کی امیدیں اور خواب بانٹنے والا بابا نہیں رہا۔

سرائیکی افسانے

غلام حسن حیدر رانی

مشتِ خاک

پوہ ماہ کی رات۔ بادلوں کی گھن گرج طوفان بادوباراں دل کہتا ہے کہ چھت ابھی گری۔ گاموں رضائی لپیٹے حقہ پی رہا ہے۔ یہ حقہ وہ شام سے پی رہا ہے اب تو آدھی رات ڈھل چکی ہے۔ تمباکو جل گیا ہے۔ کچھ اور پشاوری تمباکو مل کر اس نے چلم میں ڈالا اور تیلی سے اسے جلایا ہے۔ زور سے ایک کش لیتا ہے اپنی آنکھیں بھیگی ہوئی لگتی ہیں۔ انگلی آنکھوں کو لگاتا ہے تو انگلی پر خون لگا ہوا دیکھتا ہے۔ ٹھنڈی آہ بھرتا ہے تو سانس میں سے جلے ہوئے گوشت کی بو آتی ہے۔ اس کا حافظہ اسے کئی سال پیچھے کی طرف لے جاتا ہے۔ آہ گاموں جس گلی میں سے گزرتا لڑکیاں ایک دوسرے کو بلا بلا کر کہتی تھیں۔ ''اری آنا۔ دیکھو گاموں جا رہا ہے۔''

اس کے چہرے کا رنگ سنگترے کی طرح تھا۔ جوانی کے دن۔ جسم میں نیا خون۔ گاموں یاروں کا یار۔ دوستوں کا دوست۔ ساتھیوں کا ساتھی۔ دکھوں کا بیلی۔ شادی ہو' نمی ہو۔ کسی جوان کا سہرا ہو۔ اجنبی آدمی کی آنکھ بھی گاموں پر جا کر ٹھہر جاتی تھی۔ ہر محفل کا دولہا۔ مسجد جاؤ تو پکا مولوی۔ اکھاڑے میں دیکھوں تو کشتی کا استاد۔ کبڈی ہو یا کوئی اور کھیل۔ اچھے اچھے گبھرو اس سے دبتے تھے۔ عشق کے معاملے میں سب سے آگے۔ بستی کی ایسی ایسی لڑکیاں اسے چاہتی تھیں۔ جن کی ایک مسکراہٹ کے لئے گبھرو ترستے تھے۔

کئی بار گاموں گھر روٹی کھا رہا ہوتا تو ماں کہتی۔ بیٹے! لوگ بیٹیوں کی شادیاں کر رہے ہیں میں دمے کی مریض ہوں پتہ نہیں کس وقت سانس نکل جائے۔ میں تجھے سیج پہ بیٹھا دیکھ لیتی۔ گاموں جواب دیتا۔ اماں! ابھی وقت نہیں آیا۔''

''میں تیری مرضی کی شادی کروں گی''۔ باپ نے بھی کئی دفعہ گاموں کو کہا فلاں فلاں

لڑکیاں بیٹھی ہوئی ہیں۔ تو شادی کر لے'' مگر گاموں کا ایک ہی جواب تھا۔ ''وقت تو آئے''۔

پتہ نہیں گاموں چچا کی دس سال کی بیٹی بالو سے محبت کرتا تھا یا خاندان کی ..... سب کوئی بھی ہو۔ گاموں کی آنکھ بالو سے ہٹتی نہ تھی۔ وہ یہ تصور بھی نہیں کر سکتا تھا کہ بالو کے سوا کسی اور لڑکی سے اس کی شادی ہو۔ کئی سال اسی طرح گزر گئے۔ ایک دن گاموں کی ماں بہت بیمار ہو گئی۔ گاموں گھر آیا تو ماں نے کہا ''بیٹا! تجھے میرا کوئی خیال نہیں؟ گاموں نے جواب دیا ''اماں! کیسے؟''

''تو شادی کیوں نہیں کرتا؟'' گاموں کی آنکھوں میں بالو کی تصویر گھوم گئی۔

''اماں میں نے کب منع کیا ہے؟ تمہیں صحت ہو جائے تو میں شادی کر لوں گا۔''

گاموں کی بات سن کر گاموں کی ماں کے چہرے پر سرخی آ گئی۔ کہنے لگی۔ ''بیٹا میں ٹھیک ہوں''۔

گاموں نے کہا اچھا اماں! چچا کو کہو ..... میں تمہارا کہا کیسے ٹال سکتا ہوں؟

گاموں کی ماں کا بخار اتر گیا۔ اٹھ کر دیورانی آلو کے پاس گئی۔

''بہن! تم گاموں کو اپنا بیٹا بنا لو'' آلو نے کہا ''بہن گاموں ہمارا بیٹا ہے۔'' گاموں کی ماں نے کہا۔ اچھا پھر بالو ہماری بیٹی ہو گئی۔''

بالو کی ماں ہنس پڑی۔ رات کو گاموں کی ماں نے اپنے گھر والے سے بات کی۔ گاموں کا باپ چار بھائی لے کر بھائی کے پاس گیا۔ ''بھائی! اگر تم مہربانی کرو تو میں گاموں کو تمہیں دینے آیا ہوں۔''

بالو کی ماں اپنے گھر والے سے پہلے بات کر چکی تھی۔ بالو کے باپ نے کہا ''بھائی! مجھے گاموں سے بڑھ کر کون ہے۔ گاموں میرا بیٹا ہے۔''

گاموں کا باپ گاموں کی شادی طے کر کے گھر آ گیا۔ گاموں کی شادی بڑے دھوم دھڑکے سے ہو گئی۔ یوں تو ساری برادری شادی میں شریک ہوئی مگر وہ رشتے دار جو گاموں کو رشتہ

دینا چاہتے تھےاوروہ جوبالوکی خواہش رکھتے تھے۔دل ہی دل میں گاموں سے جل کر رہ گئے ۔اللہ کے کام نرالے ہیں۔بالواپنے خیال میں اپنی سہیلیوں میں بیٹھ کر گاموں کے حسن سلوک کا حال بڑے چاؤ سے بیان کرتی ۔مگر شیطان ہر کسی کے ساتھ ہے۔دور شتے دار لڑکیوں نے گاموں کے قریب ہونے کی کوشش کی۔لیکن گاموں نے ان کو منہ نہ لگایا۔تو وہ الزام تراشی پر اتر آئیں۔ گاموں اگر چہ کوئی فرشتہ تو نہ تھا مگر جس شخص نے خاندان سے باہر شادی کا تصور بھی نہ کیا تھا وہ خاندان کی عزت کا دشمن کیسے ہوسکتا تھا؟۔

عورتوں کی کھوپڑی الٹی ہوتی ہے۔گاموں کے خلاف کئی چکر چلنے لگے۔گاموں اپنی نیک نیتی اور شرافت کے ساتھ ہر دکھ کو ٹالتا رہا۔یہ نہیں کہ گاموں کو ان باتوں کا علم نہیں تھا بلکہ گاموں کانے کو منہ پہ کانا کہنے والوں میں سے نہ تھا۔ایک دو دفعہ اپنی بیوی سے اس نے بات کی کہ لوگ میرے راستے میں کانٹے بچھا رہے ہیں۔تم ذرا خیال رکھنا۔لیکن عقل کی کچی بیوی نے کچھ خیال نہ کیا۔گاموں کو باپ نے الگ کر دیا۔بھائی الگ ہو گئے کچھ رشتے دار اس تاڑ میں رہے کہ کسی طرح گاموں کی عزت جو لوگوں کی نظروں میں بہت تھی ختم ہو جائے۔کچھ جھوٹے سچے مقدمے بھی اس پر بنائے گئے۔گاموں ہنس کھیل کر وقت گزارتا رہا۔مگر تقدیر ابھی کچھ اور امتحان لینے کا فیصلہ کیے بیٹھی تھی۔

گاموں کے بچے بڑے ہو گئے تو سگے بھائی بھی مڑ کر نہ آئے کہ ہم تجھے گلے لگانے کو تیار ہیں۔گاموں نے گھر والی سے بات کی میں تجھے کہتا تھا کہ میرے راستے میں کانٹے بچھ رہے ہیں مگر تیری سستی اور بے پروائی آج رنگ لائی ہے۔گاموں نے مجبور ہو کر اپنے بڑے لڑکے کا رشتہ غیروں میں کر دیا۔شادی میں کوئی عزیز نہ آیا۔بس اپنے تین بیٹے ساتھ رہے۔بیٹوں نے کسی کی کو محسوس نہ ہونے دیا۔وقت اچھا گزر گیا لیکن تقدیر کی باتیں تقدیر ہی جانتی ہے گاموں باہر گیا ہوا تھا پیچھے بیٹے کو سانپ نے ڈس لیا گاموں گھر آیا تو میت کو غسل دیا جا چکا تھا۔بیٹے کو باپ نے کندھا دیا تو دل میں ٹیس اٹھی۔مجھے کندھا کون دے گا؟ دل نے تسلی دی کہ پیارا اور جندو جو ہیں پریشان نہ

ہو۔اللہ کے کیے پر صبر آ ہی جاتا ہے۔مہینہ ڈیڑھ گزرا گاموں باہر تھا واپس آیا تو پیارے کو گاموں کے ایک رشتے دار نے کلہاڑے سے قتل کر دیا۔گاموں نے پیارے کے جنازے کو بڑے حوصلے سے کندھا دیا۔مگر خالی حوصلہ کیا کرتا جب دونوں کندھے ہی نہ رہے۔

آج رات کا پچھلا پہر ہے گاموں پھر تمبا کو حقے میں ڈالتا ہے۔کش لیتا ہے۔دھواں نکالتا ہے دھوئیں کے ساتھ پنجرے کا پنچھی پھڑک کر باہر آ جاتا ہے۔خالی پنجرہ گر جاتا ہے۔صبح کو دنیا گاموں کے جنازے کی طرف دیکھتی ہے۔چارپائی پر گاموں کی جگہ ایک مشت خاک پڑی ہے۔ بس مشتِ خاک۔

دلشاد کلانچوی

رات کی دیوار

زیناں رات کو تھک ہار کر چارپائی پر لیٹ تو گئی لیکن نیند نہیں آ رہی تھی۔ معلوم نہیں اس کا دھیان درختوں کی طرف کیوں چلا گیا۔ درخت کٹ کر گر جاتے ہیں۔ مر جاتے ہیں۔ سوکھ جاتے ہیں۔ کاٹ پیٹ کر انہیں ہل بنا لیا جاتا ہے یا کوٹھے کی چھت کو سہارا دینے والا شہتیر بن جاتے ہیں۔ کچھ نہ کچھ بن ہی جاتے ہیں۔ زیناں کو یوں لگا جیسے وہ کچھ بھی نہیں اور نہ ہی کچھ بن سکی ہے۔ لیکن کیوں؟ عظیماں اس کے سامنے آ کھڑی ہوئی۔ کتنی عظیم عورت ہے عظیماں! ملک رحمٰن کے گھر اس کی حکومت ہے۔ جو مرضی ہو کرتی ہے۔ کتنی آزادی ہے۔ لیکن میں تو بس دیوار کی دیوار ہوں۔ اس نے دیکھا کہ کوٹھے کے شہتیر پر ایک کڑی نے دوسری کڑی کے ساتھ لڑنا شروع کر دیا ہے۔ لڑنا کتنی بڑی جبلت ہے یا علت حیوان بھی نہیں بچ سکا تو انسان کیسے بچ سکتا ہے؟۔ مگر عظیماں سے وہ لڑے تو کیسے لڑے؟

زیناں کا دھیان اپنے بیٹے کی طرف چلا گیا۔ چلا کیا گیا دیوار پار کر گیا۔ وہ جیل میں سویا ہوا ہوگا۔ یہ نیند بھی کیا جادو ہے! کہتے ہیں سولی پر بھی نیند آ جاتی ہے مگر کہاں؟ یہ بات سچ ہوتی تو زیناں پتہ نہیں کہاں کے خواب دیکھ رہی ہوتی' دیوار کہیں کی! اسے خواب دیکھنے کی فرصت ہی کہاں ملتی تھی' پھر بھی اس کی حسرت تھی کہ خواب مول بکتے ہوتے تو مول لے آتی۔ اس کے دل نے کہا شہد بھی میٹھا ہے لیکن آئے کہاں سے؟ اس کی بہن شریفاں کے گھر بوتل بھری ہے جھونپڑی کے شہتیر کے کنارے لٹکی ہوئی ہے پتہ نہیں شریفاں کا جی کیوں نہیں کرتا۔ دنیا میں میٹھی چیزیں بہت ہیں پر مجھے کیا؟ زیناں نے دیکھا کہ کوئی چیسوں کو ہاتھ مار کر اٹھا رہا ہے لیکن وہ آدمی نظر نہیں آتا ہوگا کوئی ضرورت مند۔

ضرورت نہ بھی ہو۔ پیسہ ہے بھی ایسی شے جو ہو تو تب بھی خواہش نہ ہو تو بھی خواہش۔ زیناں کا بیٹا بھی تو اس پیسے کے پیچھے قید ہوا پڑا تھا۔ کم بخت کو بدنصیبی نے آ لیا۔ بھلا گھر میں پیسوں کی کمی ہے؟ باپ سوتیلا ہے میں تو نہیں۔ آج کل کے بیٹے سگی ماؤں سے بھی غیر ہو گئے ہیں۔ کوئی ایسی ہوا چلی ہے کہ ہر کسی نے غربت اور تنہائی کی پوشاک پہن رکھی ہے اور اجنبی بنا پھرتا ہے۔ پھر یہ شور کیسا کہ ہمارا کوئی نہیں ہم اکیلے ہیں۔ مجھے تو تنہائی سے ڈر لگتا ہے۔ پتہ نہیں ان لوگوں نے تنہائی کو گلے سے کیوں لگا لیا ہے؟ کہتے ہیں ایک شخص سونے کا جنگلا بنوا کر اس میں جا بیٹھا اور باہر سے تالا لگا دیا اور پھر دہائی دینے لگا لوگو! میں پنجرے میں ہوں میں تنہا ہوں میں اداس ہوں میں مشکل میں ہوں۔ زیناں کو اپنا بیٹا بھی ان جیسا لگتا تھا۔ پھتو کی دکان میں نقب لگانے کی بجائے مجھ سے پیسے مانگ لیتا۔ ابھی تو ملک صاحب کپاس دے کر منڈی سے پانچ چھ ہزار روپے لے کر آئے تھے' چلو صندوقچی کو تالا لگا ہوا تھا۔ چابی تو میرے ہاتھ میں تھی۔ پتہ ہوتا تو..... اتنے میں دروازے پر دستک ہوئی تو زیناں کے خیال کی زنجیر ٹوٹی' کون ہوگا؟ میرا کھدن تو نہیں ہو سکتا۔ بھلا جیل کے پنجرے میں سے کون نکل کے بھاگ سکتا ہے؟ وہ خیالوں کا لحاف اتار کے اٹھی' دروازہ کھولا تو ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کا جھونکا اندر آ گیا' زیناں نے جلدی سے دروازہ بند کر دیا۔ بندہ بہت بھولا ہے بہرحال ٹھنڈی اور تازہ ہوا کے جھونکے نے اسے تروتازہ کر دیا۔ تازہ ہوا اور تازہ پانی بڑی نعمتیں ہیں۔ بڑے نامک ہیں۔ اسے اپنے خاوند پر غصہ آیا۔ بوتلوں کا پانی پی پی کر ادھ مورا ہوا پڑا تھا۔ پھر فوراً اسے یوں لگا جیسے یہ پانی اور یہ ہوا بھی بناوٹی اور مصنوعی چیزیں ہیں اور بوتلوں والی دوا اصلی اور عمدہ ہے۔ پہلے اسے نیند آ جاتی تھی مگر اب نیند بھی اس سے روٹھ گئی تھی۔ نیند کے روٹھ جانے سے یہ خیالات چھا جاتے ہیں۔ نیند آئے تو کہاں سے آئے؟ پھر یہ خیال کا گھوڑا بھی تو بے لگام ہی دوڑتا ہے اور بے حساب بھی اور ہاتھ نہیں آتا۔ ہاتھ بھی کیا آئے؟ ابھی ہے اور ابھی نہیں' خیالوں کو برا بھلا کہتے کہتے وہ خود خیالوں کا جھولا جھولنے لگ گئی۔ یکدم زیناں کی چیخ نکل گئی چوہا کسی طرح اس کی چارپائی پر آ چڑھا' کپڑا جھٹکا تو چوہے کو دم دباتے بھاگتا دیکھا وہ مسکرا اٹھی شاید

اسے اپنے خاوند ملک صاحب کا خیال آ گیا تھا۔ ایک رات اسے نیند آئی ہوئی تھی۔ ملک صاحب نے اس کے بازو پر گدگدی کر دی تھی۔ ملک صاحب نے زیناں سے دوسری شادی اولاد کی خاطر کی تھی۔ اس خیال نے اس کے بیٹے کھدن کو پکڑ لیا تھا اور زیناں کے آگے لا کھڑا کیا۔ زیناں اسے برا بھلا کہنے لگی۔ کتنے ارمانوں سے اس کو جنم دیا تھا اس نے..... پھر وہ ایک فلسفی بن گئی۔ اور کہنے لگی اگر ماں جننے سے پہلے اپنی اولاد کا کردار دیکھ سکتی تو کیا کرتی؟ کوئی خوفناک خیال سے آیا۔ تو فلسفہ چھوڑ کر زیناں بن گئی اور سونے کی کوشش میں لگ گئی۔

ایک دن ملک صاحب نے اسے نیند کی گولیاں دکھا کر کہا کہ نیند بھی مول بکتی ہے۔ لیکن وہ نیند اصلی تو نہیں ہو سکتی۔ میٹھی من بھاونی! پتہ نہیں وہ کیوں ان گولیوں کو برا بھلا کہنے لگ گئی۔ وہ پھر فلسفی بن چکی تھی۔ نامراد دواؤں اور ایجادوں نے انسان کو انسان نہیں رہنے دیا۔ دواؤں کا فریج بنا دیا ہے۔ دوائیں کھاؤ' کیپسول نگلو' گولیاں چوسو' یہ ختم ہو جائیں تو ٹیکے لگواؤ' سائنس نے کتنی سہولتیں مہیا کر دی ہیں۔ وہ اٹھی' شاید اس کے میاں کے پاس نیند کی گولیاں ہو۔ وہ دواؤں اور بوتلوں کا عادی ہو چکا تھا اور رات کو عام طور پر گولی کھا کے سوتا تھا اور پھر دن چڑھے جاگتا تھا۔ یہ گولی اسے مار دیتی تھی اور پھر سورج کی روشنی اسے نئی زندگی بخشتی تھی اور وہ جی اٹھتا تھا۔ یہ کتنی عجیب بات ہے۔ کہ نیند کی گولی انسان کو صحت بخش نعمتوں سے کتنی محروم کر دیتی ہے۔ یہ سوچ سوچ کر وہ خاوند کی طرف گئی۔ مگر اسے کوئی خیال آیا تو پھر واپس چارپائی پر آ گری۔ اس کے ہاتھ پاؤں سن ہو گئے تھے اس کا جسم شل ہوتا گیا وہ برف کی ٹھنڈی چاٹی بن گئی۔ اس کے خیالات بھی ٹھنڈے پڑ گئے تھے۔ وہ خود بھی شل ہو گئی تھی۔ بھلا کوئی گرمی اس برف کو پگھلانے والی کہاں سے آتی؟ جیسے برف میں بھی کوئی بوٹا اگ آتا ہے ایک خواب اس کے سر لہو میں رینگنے لگا اور اس کے اندر ہل چل مچانے لگا۔ ''اٹھ! میں تجھے جگانے آیا ہوں۔ کب کی سوئی ہوئی ہے۔ رات کتنی گزر گئی ہے! شاید موذن اذان دینے والا ہو گا۔ لیکن چھوڑ ان باتوں کو۔ آ میرے ساتھ مگر تو تو خواب ہے' زندگی کا بدل تو نہیں ہو سکتا۔ اگر ایسا ہوتا تو ہر کوئی خوابوں میں زندگی کے دن گزار لیتا۔ مگر کہاں؟ ان دواؤں نے

تو اسے جینے کے قابل بھی نہیں چھوڑا۔ پتہ نہیں میری ماں کیسے سویا کرتی تھی جب کبھی میں اس کے ساتھ سو جاتی اس کے خراٹے ڈرا دیتے تھے۔

زیناں کہیں جا رہی تھی' دور بہت دور' کوئی درخت اسے بلا رہا تھا' درختوں میں بھی جان پڑ گئی ہے۔ یہ تو صرف پانی پیتے ہیں اور ہوا کھاتے ہیں۔ پتہ نہیں کیوں اس نے ایک لمبی سی شاخ کا سہارا لیا۔ وہ اپنی اس حرکت پر شاید خوش ہوتی لیکن ہوا کے ایک جھونکے نے اس کی چارپائی کے قریب کھڑکی کو دھکا دے کر کھول دیا تھا۔ اس کے کھڑکے نے اسے جگا دیا تھا اور صبح صبح ملک صاحب کے لئے چائے بنانے میں وہ مصروف ہو گئی۔

بشریٰ رحمٰن

کلمہ شہادت

جبار خان نے لڑکی کے منہ پر ہاتھ رکھا اور لڑکی کی چیخ گلے میں ہی گھٹ گئی۔ اس کی آنکھیں ابل کر باہر آ گئیں۔ اسے پتہ نہیں تھا کہ کیا ہونے والا ہے؟ لیکن اس کا خوفزدہ چہرہ بتا رہا تھا کہ بہت اندھا بہت خطرناک واقعہ ہونے والا ہے۔ رات کا پچھلا پہر تھا۔ گلی میں خاموشی تھی۔ پتہ نہیں مانی اماں کہاں تھی؟ تھی تو یہیں کوٹھے میں لیکن نظر نہیں آ رہی تھی۔ اس وقت تو فقط وہ درندہ صفت انسان تھا اور اگلے لمحے اللہ جانے کیا ہونے والا تھا؟ وہ اس کی لال لال آنکھوں کو دیکھ کر خوف سے کانپ رہی تھی۔ وہ تیرہ چودہ سال کی کلی تھی نرم اور نازک ننھی سی جان جو تھوڑی دیر پہلے نیند کے جھولے میں بلکورے لے رہی تھی۔

''میں کیا کروں؟''

جبار خان نے اپنے دل میں سوچا' معصوم ہے' کم عمر ہے' لیکن میری کیا لگتی ہے؟ مجھے تو حساب بیباق کرنا ہے۔ اس نے ایک بار پھر شیطانی نظروں سے اس معصوم لڑکی کو دیکھا۔ روپے پیسے کا حساب عمر اور رشتوں کے لحاظ سے طے نہیں ہوتا۔ جس وقت دو آدمی اکھاڑے میں اترے ہوں اس وقت ہر قسم کا داؤ استعمال کرنے کی اجازت ہوتی ہے۔

اور آج کی گھڑی بڑی انتظار کے بعد ہاتھ آئی تھی۔ جبار خان نے لڑکی کی طرف دیکھا۔ اس وقت وہ اس کوٹھے میں بلی کی طرح چپکے سے آ گیا تھا۔ پتہ نہیں کیسی خوشبو تھی' ناگوار خوشبو تھی۔ خوشبو تو ناگوار نہیں ہوتی۔ ایسی مہک کو بدبو کہتے ہیں لیکن یہ بدبو بھی ہرگز نہ تھی۔ یہ خوشبو تھی۔ تیزی سے آئی اور جیسے جبار خان کے نتھنوں میں گھس گئی۔

''ہا'' جبار خان نے سوچا۔ جب شہر کے مضافات میں مینہ برستا تھا تو گڑھوں میں مینہ کا

پانی کھڑا ہو جاتا تھا۔ کئی کئی دن تک کھڑے پانی کے قریب سے گزرو تو ایسی ہی بو آتی تھی۔ ''ہا'' کبھی کبھی کسی قبرستان کے پاس سے بھی گزریں تو اس قسم کے جھونکے نتھنوں کے اندر گھس جاتے ہیں۔ وقت بہت کم تھا۔ ایسے کاموں میں دیر نہیں کرنی چاہئے۔

جبار خان نے اپنی خبیث نظروں سے اس زرد چہرے والی کانپتی لڑکی کو دیکھا اور پھر حاجی واصف علی کی صورت اس کی نظروں میں گھوم گئی۔ ''کمینہ'' اس نے تصور میں دانتوں کو پیس چھوڑا۔ پچاس ہزار روپے تو تھے اور میں وصول کرنے کے سو طریقے جانتا ہوں۔ حاجی واصف علی کے پاس بہت پیسہ ہے۔ اسے تو پیسے کی چوٹ لگے گی بھی نہیں۔ جسے جہاں درد ہو وہاں چٹکی لینی چاہئے کچھ عرصے پہلے جبار خان اور واصف علی نے مل کر برف کا ایک کارخانہ لگایا تھا۔ کارخانہ تو بہت چلا۔ مگر جس وقت سردیاں شروع ہوئیں تو کاروبار مندا پڑ گیا۔ اس وقت جبار خان نے واصف علی کو مشورہ دیا کہ سردیوں میں یہاں پتی صاف کرنے کی مشینیں لگائیں۔ مشینوں پر سارا دن جبار خان کام کرتا تھا۔ دو چار سال گزرنے کے بعد دونوں نے مل کر قالین ایکسپورٹ کرنے کا کام شروع کر دیا۔ جبار خان پڑھا لکھا نہ تھا۔ اس لئے واصف علی دوسرے ملکوں میں جانے لگا۔ ملک ملک پھرتے پھرتے اسے حج کا خیال آیا اور وہ حاجی واصف علی بن گیا۔ اس کی جائیداد بن گئی۔ بچوں کی شادیاں ہو گئیں۔ مگر جبار خان جبار خان ہی رہا۔ کچھ عرصہ بعد دنوں میں ان بن ہو گئی تو انہوں نے اپنا اپنا پیسہ الگ کر لیا۔

جبار خان حاجی واصف علی کے سلوک سے خوش نہ تھا۔ اس کا خیال تھا کہ پچھلے سال مال کا منافع جو پچاس ہزار بنتا تھا واصف علی نے اسے نہیں دیا۔ جبکہ واصف علی کا خیال تھا کہ وہ پچھلے سال الگ الگ ہو چکے تھے۔ جبار خان مقدمے بازی میں وقت ضائع کرتا رہا اور واصف علی کام کرتا رہا۔ بات بڑھی تو دوستی دشمنی میں بدل گئی۔

حاجی واصف علی کا ایک بیٹا تھا جو امریکہ پڑھنے چلا گیا تھا وہاں باپ کے کاروبار کا بھی خیال رکھتا تھا۔ ایک بیٹی تھی جو ڈی ایس پی کے ساتھ بیاہی ہوئی تھی۔ کئی دن سے جبار خان حاجی

واصف علی سے انتقام لینے کا سوچ رہا تھا۔ حاجی واصف علی جبار خان سے دس پندرہ سال بڑا تھا۔ اس کی لمبی داڑھی اور بزرگی اس کے سامنے آ جاتی تھی۔ مگر اس عمر میں وہ حاجی کو نقصان بھی کیا پہنچائے؟ حاجی کو قتل کرنے سے اس کا مقصد حل نہ ہو سکتا تھا۔ سارے شہر والے جانتے تھے کہ ان کے درمیان مقدمہ چل رہا ہے۔ پھر حاجی کا داماد ڈی ایس پی تھا۔ وہ چاہتا تھا کہ حاجی کو ایسی جگہ پر چوٹ لگائے جہاں نشان نظر نہ آئے مگر درد بہت ہو۔ بوڑھے آدمی کو درد کہاں ہوتا ہے؟ اس کا ایک دن اسے پتہ چل گیا۔ حاجی واصف علی سرگودھا سے واپس آیا تو اس کے ساتھ ایک تیرہ چودہ سال کی لڑکی تھی۔ حاجی کی بیٹی اور داماد اس سال حج پر جا رہے تھے اور انہوں نے بیٹی کو نانے کے پاس چھوڑنے کا فیصلہ کیا تھا۔

حاجی نواسی کو لے کر بازار سے گزر رہا تھا اور جبار خان قریب ہی نال کے چبوترے پر بیٹھا چرس بھرے سگریٹ پی رہا تھا۔ اس دھواں دھار ماحول میں ایک واہیات سے خیال نے پہلو بدلا۔ بس ذرا ہمت کی ضرورت تھی۔ حاجی واصف علی کی دردوالی جگہ اس نے ڈھونڈ لی تھی۔ کسی شریف آدمی کی عزت کا شیشہ ٹوٹ جائے تو اس کی موت ہو جاتی ہے۔

مگر بڑھاپے میں طبعی موت سے پہلے ایک اور طبعی موت سے گزرنا پڑے تو کیسا لگتا ہے؟ اب تک حاجی واصف علی کی کمر جھکی نہ تھی۔ داڑھی لمبی ہو گئی تھی۔ مگر چہرے پر اطمینان کا نور تھا اور یہ نور جبار خان چھین لینا چاہتا تھا۔ جبار خان کو چھین لینے کی عادت تھی۔ پتہ نہیں دس بارہ سال کس طرح اس نے حاجی اصف علی کی بزرگی کو تسلیم کیے رکھا۔ اور پھر اگر وہ حاجی واصف علی کی کچی کلی کو مسل کر سرحد پار کر لے گا تو کون اسے تلاش کر سکے گا۔ وہاں تو حاجی کی روح بھی اس کا پیچھا نہ کر سکے گی۔ حاجی صاحب کو زندگی بھر یہ یاد رہے گا کہ کیسے دوست کو دشمن بنایا جاتا ہے؟ پورے اکیس دن کے بعد اسے یہ رات نصیب ہوئی تھی۔ حاجی صاحب کسی عزیز کی وفات پر کوئے گئے ہوئے تھے۔ گھر میں اماں اور اس کی نواسی تھی۔ ایک نوکرانی کام کرتی تھی اور ایک چوکیدار تھا جس کی چلم میں شام سے ہی جبار خان نے نشے کی دوا ملوا دی تھی۔ وہ اپنی کوٹھڑی میں سویا اور اٹھ نہ سکا۔ بوڑھی نوکرانی کھانا کھا کے شام ہوتے ہی چلی گئی تھی۔

حاجی صاحب اب تک اپنے اس پرانے اندرون شہر والے مکان میں رہتے تھے۔ اس کے چوبارے کے نیچے دکانیں تھیں۔ کم بخت دکانیں بھی بارہ ایک بجے رات بند ہوئیں۔ دو بجے گلی میں بالکل اندھیرا ہو گیا تھا اور جبار خان کھڑکی کا شیشہ توڑ کر اندر آ گیا۔ جسی اماں تین بجے تہجد کے لئے اٹھی تھی لیکن اس شور سے پہلے اٹھ گئی اور گھبرا کے بولی ''کون ہے.....کون ہے؟'' اللہ ڈتہ' اللہ ڈتہ'' انہوں نے چوکیدار کو آوازیں دیں' کوئی آواز نہ آئی تو بولی۔ ''کیا حاجی جی آ گئے ہیں؟''

اس وقت جبار خان نزدیک آ گیا تھا۔ غسل خانے کا ہلکا سبز بلب جل رہا تھا۔ لیکن جبار خان نے اپنے چہرے کو کپڑے سے چھپایا ہوا تھا۔ اگر وہ اپنے آپ کو نہ بھی چھپاتا تب بھی جسی اماں اسے ٹھیک طرح سے نہ دیکھ سکتی تھی۔ وہ اپنی آنکھوں کی بصارت گنوا چکی تھی۔ جبار خان نے اس کے نزدیک پہنچ کر اپنی کھڑی ہتھیلی اس کے سر پر اس زور سے ماری کہ وہ بے ہوش ہو کر گر پڑی۔ احتیاطاً جبار خان نے اسے اس کے دوپٹے کے ساتھ باندھ دیا۔ ساتھ والے پلنگ پر وہ معصوم سوئی ہوئی تھی۔ اور اس نے اس معصوم کو خباثت سے دیکھا۔ سب کچھ ٹھیک ٹھاک ہو گیا تھا۔ کھڑکی کھلی تھی بھاگنے کے لئے' لیکن یہ چھوٹا کیسا تھا؟ شاید اس کھلی کھڑکی میں سے آیا تھا۔

عجیب سی خوشبو تھی۔ اس کے نتھنوں سے گزر کر گریبان سے الجھ گئی تھی۔ ''جلدی کر خان'' اس نے اپنے آپ سے کہا اس نے کھلی کھڑکی کی طرف دیکھا اور پھر اپنے ہاتھ کے زور کو اس نے لڑکی کے ہونٹوں پر سخت کر دیا۔ تاکہ اگر کوئی آواز بھی نکلے تو اس کی ہتھیلی کو توڑ کر باہر نہ آ سکے۔ پھر یکدم کچھ ہلکی سی نامعلوم سی آواز آئی۔ اس نے ہوشیار ہو کر کھڑکی کے باہر گلی میں دیکھا۔ گلی میں اندھیرا تھا اور روزانہ کی طرح خاموشی۔ بہت دور کمیٹی کا ہلکا زرد بلب روشن تھا۔ مگر یہ روشنی راستہ دینے کے لئے کافی نہ تھی۔ کوئی آہٹ نہ تھی۔ یوں لگتا تھا جیسے کوئی آ رہا ہے۔ انجان سی آہٹ اس کی طرف آ رہی تھی۔ آوازوں کا ایک ریلا آیا۔ آوازیں تو زندگی کی علامت ہوتی ہیں۔ جہاں کوئی انسانی آواز جاگ اٹھتی ہے وہاں تو دھرتی کا دل بھی دھڑکنے لگ جاتا ہے۔ مگر یہ بھن بھن کیسی تھی؟ آوازیں تھیں تو زندگی کی علامت کیوں نہ بنی تھیں؟ جس طرح کسی جگہ بہت ساری کھٹی مکھیوں کو یکدم

اڑادیا جائے تو ایک "ا" معلوم سی بھن بھن فضا میں بکھر جاتی ہے۔ مگر اس تاثر کو کوئی نام نہیں دیا جاسکتا۔

''جلدی کر خان''..... اس نے اپنے اندر ہلچل محسوس کی۔ صرف تیرا وہم ہے۔ اس لئے میں نے تجھے کہا تھا۔ دو چار سگریٹ اور پی لے۔ تیرے دل نے تجھے بزدل بنادیا ہے۔ جبار خان کو طیش آ گیا اور طیش سے اس کے اندر کا شیطان بھڑک اٹھا۔ یہ شیطان اس نے خود بھڑکایا ہوا تھا۔ نفس کا شیطان شعلے کی طرح بھڑک اٹھے تو آدمی کے ضمیر کی آوازیں ایک لمحے میں سرد ہو جاتی ہیں۔ اس لمحے کو پار کرنے کے لئے درندہ بن جانے کی ضرورت تھی۔ اور درندوں کے پاس دل اور دماغ نہیں ہوتے۔ درندگی اور انسانیت میں ایک انچ کا فاصلہ تھا کہ آواز آئی۔ ''کلمہ شہادت'' اور پھر کچھ آوازیں ابھریں ''اشہدان لا الہ الا اللہ واشہدان محمد الرسول اللہ'' کلمہ شہادت اونچی آواز میں پڑھا گیا۔ اور قدموں کی آوازیں قریب ہوتی گئیں۔ جبار خان کانپ کر پیچھے ہو گیا۔ شاید گلی سے کوئی جنازہ گزر رہا تھا۔ کافوری خوشبو کا ایک جھونکا کھڑکی سے اندر آ گھسا۔ اس کے ساتھ ہی موتیے اور گلاب کی اداس اداس خوشبو بھی تھی۔ اب اس کی سمجھ میں آیا کہ پہلا جھونکا کونسی خوشبو کا تھا اور کہاں سے آیا تھا۔ جنازہ کھڑکی کے پاس سے گزر گیا۔ کھڑکی کے قریب پھر کسی نے کہا ''کلمہ شہادت'' اور پھر کندھا بدل گیا تھا۔ بہت سے لوگ تھے۔ ایک گیس لیمپ تھا۔ قدموں کی آوازیں دیر تک آتی رہیں۔ سب چپ تھے سب تھکے ہوئے تھے۔ اور آخری سفر بھی کتنا عجیب ہوتا ہے؟ ہر گنہگار اس سفر سے آنکھیں بند رکھتا ہے۔ مگر یہ سونے والوں کو برابر کہتا رہتا ہے۔ اٹھو کچھ کرلو۔ ابھی عمر ہے۔ ورنہ خاک کا بستر ہوگا۔ اور اب بھی کچھ دن اپنے سرہانے بیٹھ کر آنسو بہالو۔ اگر دنیا میں اپنی خوشبو چھوڑ کر جانا چاہتے ہو تو اٹھو۔ راتیں شب بیداروں کے ساتھ گزارو۔ اور اگر عبادت کا بوجھ نہیں اٹھا سکتے تو انسانیت کا بوجھ اٹھالو۔ تم صرف اتنا کرو کہ اپنے بھائی بندوں کے آنسو پونچھو۔ انسانوں کی بھلائی اور فلاح کے لئے اچھے کام کرو۔ اپنے رات دن میں سے کچھ حصہ بندوں کو دو۔ اپنی دولت میں سے تھوڑا سا غریبوں اور یتیموں کو دو اور اگر کچھ بھی نہیں کر سکتے تو پھر انسانیت کو دکھ نہ دو۔ انسانوں کے جسم پر نظر نہ آنے والے نشان نہ لگاؤ کہ اپنی مخلوق پر ظلم کرنے

والوں کو اللہ پسند نہیں کرتا۔ معاف نہیں کرتا۔

جبار خان گھبرا کر کھڑا ہو گیا۔ چلتا ہوا کھڑکی کے پاس آیا اس نے منہ باہر نکال کر دیکھا۔ جنازہ کافی دور نکل گیا تھا۔ خوشبو اس کے پیچھے پیچھے بکھری ہوئی تھی۔ صرف اس گیس کی مدھم سی روشنی ایک نقطے کی طرح نظر آ رہی تھی۔ کھڑے کھڑے جبار خان کو محسوس ہوا جیسے وہ خود لوگوں کے کندھے پر سوار ہوا اور اپنی آخری منزل پر جا رہا ہو اور لوگ اسے اندھیری قبر میں اتار کے بھاگ آئے ہوں۔ جبار خان کو جھرجھری آ گئی۔

ایک دن تو ایسے ہونا ہی ہے..... ''کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ''

دنیا کی ہر شے فانی ہے۔ اسے مسجد کے مولوی صاحب کا وعظ یاد آیا۔ ''تیرے پاس کیا ہے جبار خان؟ جس وقت فرشتے آئے تو تو کیا کہے گا؟ تو نے تو جمعے کے علاوہ کبھی کوئی نماز بھی نہیں پڑھی۔ کوئی اچھا کام نہیں کیا۔ تجھے تو ہمیشہ لوگوں نے خلق خدا کو ستانے کے لئے استعمال کیا ہے'' جبار خان کو یوں لگا جیسے اس کی جان ٹانگوں میں سے نکل رہی ہے اور وہ یہیں گر جائے گا۔ مر جائے گا اور کوئی اس کی بخشش کی دعا بھی نہیں کرے گا۔ وہ ایک انتہائی خبیث فعل کے لئے یہاں آیا تھا۔ ''نہیں'' اس نے کھڑکی کو مضبوطی سے پکڑ لیا۔ میں کون ہوتا ہوں؟ میں کون ہوتا ہوں؟ جبکہ آسمان پر جو خدا ہے وہ حاکم ہے۔ وہ قادر ہے۔ وہ عادل ہے۔ یہ لڑکی میری بیٹی بھی ہو سکتی ہے۔ یہ میری ماں بھی ہو سکتی ہے۔ اس نے کھڑکی کی کنڈی کھول دی اور کوٹھے کی بتی جلادی۔ نازک سی لڑکی ڈر کے مارے بے ہوش ہو گئی تھی۔ جس اماں کے اس نے ہاتھ پاؤں کھول دیئے اور اسے بستر پر سیدھا کر کے لٹا دیا۔ کوٹھے کی بتی جلتے دی۔ باہر والا دروازہ کھول کر وہ گلی میں آیا۔ جنازے کی بتی آسمان پر ایک ننھے تارے کی طرح مدھم نظر آ رہی تھی۔ کافور کی خوشبو حیران و ششدر گلی میں ٹھہری اس کے فیصلے کی منتظر تھی۔

جبار خان نے اپنے دل پر ہاتھ رکھا اور پھر گڑگڑا کر بولا۔ ''خداوندا'' مجھے صرف اس لئے بخش دے کہ آج میں جس ارادے سے آیا تھا اس پر عمل کرنے سے مجھے تیرے نام کی پکار نے روک دیا۔ پھر وہ خوشبو کا ہاتھ پکڑ کر جنازے میں شامل ہونے کے لئے تیز تیز دوڑ پڑا۔

عامر فہیم

ننگی آنکھ اور نیلا کیمرہ

چھوٹا سا ایک کمرہ ہے..... چاروں طرف دیواروں پر نیلا رنگ کیا ہوا ہے..... ہر طرف سامان بکھرا پڑا ہے..... شاید یہاں سے کوئی جانے والا ہے..... دو آدمی سامان باندھ رہے ہیں..... ایک کھول رہا ہے..... بہت سی تصویریں ہیں..... پوری..... کٹی پھٹی..... ادھوری..... اور کچھ تصویروں پر دوسرے نقش ابھر رہے ہیں..... چمک رہے ہیں..... ہوں..... تصویریں اٹھانی اور اکٹھی کرنی شروع کر دیں..... ایک..... دو..... تین..... چار..... چار کیسے ہو گئیں..... عدد تو ہمیشہ طاق رہتے ہیں..... جفت کیسے ہوئیں..... جفت ہو کے اپنا آپ ختم کر بیٹھتے ہیں..... الگ الگ..... دکھ سکھ..... تصویریں سیاہ سفید..... پیلی اور نیلی..... نیلی..... خواب بھی نیلے..... آنکھ بھی نیلی..... کمرہ بھی نیلا..... سامان باندھنے والے..... سفید کالے..... کھولنے والے نیلے یہ کیا ہے؟..... نیلی..... بالکل نیلی تصویر..... میں اسے سب سے نیچے لگا دوں..... کوئی دیکھ نہ لے..... سنا ہے وہی آنکھ نیلی ہوتی ہے..... جو ننگی ہو..... سچ ہے جھوٹ..... اگر جھوٹ بھی ہوا تو کیا؟..... بہت سی جھوٹی باتیں سچ لگتی ہیں..... اور بہت سی سچی باتیں جھوٹی..... پتہ ہے کیا کہانی ہے؟..... ہر بندہ..... ہر پنچھی..... اور ہر پر کہانی ہوتا ہے..... آگے آنے والی چیزوں کے پیچھے بھی..... اور پیچھے جانے والی چیزوں کے آگے بھی ایک شے ہے..... کہانی..... بہت سی باتیں..... ان دیکھی..... ان سنی ہوتی ہیں..... یہ بھی کہانی..... کون سنے کون دیکھے؟..... آنکھ سے..... آنکھ دیکھے..... دیکھنا بھی ایک فن ہے..... مکھ دیکھنے کو ترسیں آنکھیں..... گلے لگانے کو پھڑکیں بانہیں..... دیکھنا پھڑکتا تو وہی ہے..... جو دیکھنے والا دل رکھتا ہو..... اور ماتھے کے نیچے ننگی آنکھ روشن ہو..... حسن تو سارا اسی ننگی آنکھ میں ہے..... ورنہ گھپ اندھیرا..... آنکھ ننگی نہ ہو تو یہی کچھ ہو گا..... نامک ٹوئیاں ماریں..... اندھیرے میں نامک ٹوئیاں مانا رلا دیتا ہے..... کچھ لوگ

اجالے میں الٹا آنکھیں بند کر کے نامک ٹوئیاں مارتے ہیں..... تصویر دیکھو..... نامک ٹوئیاں نہ ماریں گے تو کیا کریں گے..... سامان کیوں نہیں باندھا جا رہا؟..... دروازہ کھلتا ہے..... باندھنا..... کھولنا..... دیکھنے والے پھر ادھر دیکھیں..... کررررڑ..... کر..... رڑ پاؤں تلے کیا ہے؟..... شپ.....

''نہ نہ..... یہ نہ چھین!''

''یہ تصویر کہاں سے آئی ہے؟'' آنے والے نے سوال کیا۔

''کہاں سے آئی ہے''؟ اس نے سوال پر سوال کیا۔

''سوال کا مطلب سوال ہوتا ہے''؟ آنے والے نے پھر سوال کیا۔

''ہاں..... بہت سے سوالوں کا جواب ایک اور سوال ہوتا ہے''..... اس نے جواب دیا۔

''ہوگا..... خیر یہ بتا یہ کہاں سے آئی ہے؟''

''یہیں پڑی تھی''

''اور کیا ہونا ہے یہاں..... نیلے کمرے میں نیلی تصویر نہ ہو گی تو کیا ہو گا؟''

''پھر سوال کیوں کرتا ہے؟''..... اس نے قہقہہ لگایا..... دو جائیں..... ایک آئے کالے چلے جائیں..... نیلا آئے''۔

''نیلا کیوں''؟

''دھرتی کا رنگ جو ہے''

''دھرتی کا رنگ نیلا ہوتا ہے؟'' آنے والا ہنسا۔

تو آنے والا نہیں..... جانے والا ہے..... کودن..... دھرتی کا رنگ نیلا ہے۔

''سارے رنگ گہرے ہو کر نیلے ہو جاتے ہیں''..... اس نے جواب دیا۔

''تو بدتمیز ہو گیا ہے''..... ''اچھا''..... اس کی آنکھیں ماتھے پر آ گئیں..... جواب پاتا ہوں..... جو کچھ سوچتا ہوں وہی کہتا ہوں..... منافقت کوئی نہیں..... اچھا چھوڑ..... اچھا بن.....

تصویر پھاڑ دے"۔۔۔۔۔

"کیوں"؟

"پھر دے دے"

"کس کو"؟

"جس کی تصویر ہے"۔۔۔۔۔

"یہی تو سوال ہے۔۔۔۔تصویر کس کی ہے؟" اس نے ہنس کر پوچھا۔۔۔۔۔

کسی کی تو ہوگی۔۔۔۔بھلے مانس۔۔۔۔آ وَباہر چلیں۔

"تو جا۔۔۔۔میں یہیں ٹھیک ہوں۔۔۔۔"

"یہاں حبس ہے۔۔۔۔گرمی ہے۔۔۔۔مرجائے گا"

"نہیں مرتا۔۔۔۔تو جا۔۔۔۔حبس اور گرمی کوئی شے نہیں۔۔۔۔۔ بھوکا مرنے کا ڈر تجھے ہوگا۔۔۔۔۔

یہاں موت ہنستی ہوئی گھر کے اندر آ جاتی ہے"

"موت ہنستی ہے؟ کودن!"

"میں نہیں موت کودن ہے۔۔۔۔ہنستی جو آ جاتی ہے۔۔۔۔"

میں روٹھ جاؤں گا۔۔۔۔ناراض ہو جاؤں گا۔۔۔۔"

"بہت سے روٹھ کر مان جاتے ہیں۔۔۔۔بہت سارے مان کر روٹھ جاتے ہیں"

"کونسی بات سچی ہے"؟

"جو نیلی ہو"۔۔۔۔وہ ہنسا

"تجھے ہر بات نیلی لگتی ہے۔۔۔۔اجالے میں بھی دیکھا کر"

"اگر میں اندھیر میں آنکھ نگی کروں۔۔۔۔پھر"؟

میں کیا کہہ سکتا ہوں؟ پہلے میری کوئی بات مانی ہے؟

ماننے والی باتیں تو بہت سی ہیں۔۔۔۔ماننے کو دل نہیں مانتا"۔۔۔۔۔

"اچھا دیکھ سامان باندھنے والے چلے گئے ہیں"

بس اب تو جا۔۔۔۔میں سامان کھولتا ہوں۔۔۔۔دیواروں پر کیلنڈر ٹانگتا ہوں۔۔۔۔یہ کیلنڈر سفید چٹے کاغذ ہیں۔۔۔۔آنکھ نگی کر تصویر دیکھ لے"

"پھر وہی مصیبت۔۔۔۔" اس نے غصے سے دروازہ بند کیا اور باہر چل پڑا۔۔۔۔ جان چھٹی۔۔۔۔کیلنڈر ٹانگیں۔۔۔۔دیواروں پر کیل ٹھونکیں۔۔۔۔ٹھک ٹھک۔۔۔۔ٹھک۔۔۔۔دیوار پر۔۔۔۔ دیوار۔۔۔۔اوپر چھت۔۔۔۔پنکھا چلتا ہے۔۔۔۔خالی حبس۔۔۔۔حبس۔۔۔۔لفظ جلتا ہے۔۔۔۔بٹن۔۔۔۔بٹن کھولیں۔۔۔۔نہ۔۔۔۔قمیض اتاریں۔۔۔۔بنیان اتاریں۔۔۔۔بستر کھولیں۔۔۔۔سوئیں۔۔۔۔نیند۔۔۔۔ ادھار دی تھی۔۔۔۔پھر نہیں دی۔۔۔۔اچھا کب تک سانپ پالے گا۔۔۔۔ڈنک مارے گا۔۔۔۔ منہ میں شہد گھلا۔۔۔۔ہونٹ کانچ کانچ مسکرائے۔۔۔۔ٹانگیں پھیلائیں سگریٹ کا ایک کش لیں۔۔۔۔بازو سر کے نیچے۔۔۔۔سر کی طرف۔۔۔۔گھپ اندھیرا۔۔۔۔ننگی آنکھ سے نیلی چھت دیکھیں۔۔۔۔دیوار۔۔۔۔ دیوار دیکھیں۔۔۔۔سفید چٹے۔۔۔۔نیلے کیلنڈر دیکھیں۔۔۔۔کیلنڈر کے پیچھے ایک اور کیلنڈر پھر دیوار۔۔۔۔دیوار سے آگے۔۔۔۔پھول۔۔۔۔باغ بہاریں۔۔۔۔خوشبوئیں۔۔۔۔حسن کا نقطہ روشن ہے۔۔۔۔خوشبو پھیلتی ہے۔۔۔۔سانس کی خوشبو۔۔۔۔جیسے۔۔۔۔گرمی والی حبس والی آدھی رات کو ٹھنڈے پانی کی پھوار ہے۔

سجاد حیدر پرویز

اجالا اندھیری رات کا

میں کون ہوں؟ میں نے اپنے آپ سے پوچھا۔ جواب نہ آیا تو پھر میں نے پوچھا کہ میں کیا ہوں؟ اس بار جو جواب ملا وہ میرے کانوں تک نہ پہنچا۔ اور میں زندگی کے شور میں ہاتھ ملتا رہ گیا۔ سوچا کہ آخر میرا کیا بنے گا؟ کیا میں ایسے ہی آوازیں دیتا رہوں گا۔ میں ایسے ہی اندھیری رات کا مسافر بنا رہوں گا۔ مجھے کوئی اجالے میں نہ لائے گا۔ مجھے بالکل پتہ نہ چلے گا کہ میں کون ہوں اور کیا ہوں؟

میرے بہتے آنسوؤں نے میرے اردگرد سوچوں کا دریا بنا دیا۔ اس کیفیت میں نجانے کتنا وقت گزر گیا۔ اور پھر میری آنکھوں نے دیکھا کہ روشنیاں میرے وجود میں سے نکل کر ہر طرف چل پڑیں اور مجھے پتہ نہ چل سکا کہ آخر یہ روشنیاں کہاں گئیں۔ اور پھر میں نے سوچا کہ آخر میں یہاں کب تک بیٹھا رہوں گا۔ یہ روشنیاں کس وقت واپس آئیں گی۔ میرے سوچنے کی دیر تھی کہ ایک زنانہ آواز آئی ..... ''بھائی فکر نہ کرو..... تیری روشنیاں جلد واپس آ جائیں گی''۔

''مگر تو..... تو ہے کون؟ ..... مجھے تو کچھ دکھائی نہیں دیتا'' ..... ''ہاں ..... تجھے میں کیسے نظر آ سکتی ہوں؟ لیکن سن میں تجھے دیکھ رہی ہوں'' ''تو مجھے دیکھ رہی ہے؟ ..... بتا میں کون ہوں؟ اور کیا ہوں؟''

''تو اجالا ہے'' ..... ''میں اجالا ہوں'' ..... ''ہا ہا ..... تو اجالا ہے اور میں اندھیری رات ..... مجھے تیری ضرورت رہتی ہے اور اب بھی تیری روشنیاں تیرے وجود سے نکل کر میرے وجود میں آ گئی ہیں'' ..... ''مگر کیوں؟'' ..... ''مجھے ان کی ضرورت ہے'' ''تجھے ان کی ضرورت ہے یا نہیں ..... میں نہیں جانتا۔ مجھے میری روشنیاں واپس کر دے۔ ورنہ'' ..... ''ورنہ تو کیا کر لے گا؟''

..... ''میں تجھے پکڑ کر تیرا گلا گھونٹ دوں گا۔ نہ تو ہو گی اور نہ میری روشنیاں مجھ سے جدا ہو نگی۔ تجھے کیا خبر کہ میں روشنیوں کے بغیر کتنا بے سکون ہوں'' ''تو بڑا خود غرض ہے'' ..... ''وہ کیسے؟'' اپنے سکون کی خاطب میرا گلا گھونٹ دے گا۔ یہ بھی نہ سوچے گا کہ میں جس پر وقت آ پڑا ہے اور جو اندھیرے میں ناک ٹوپیاں مارتی پھر رہی ہے اور دھکے کھا رہی ہے۔ میں جوان روشنیوں کے بغیر بالکل مر جاؤں گی۔ ایک لمحہ بھی نہ جی سکوں گی۔

مجھ سے روشنیاں چھین لے گا؟

''چھینوں گا نہ تو کیا میں تجھے بخش دوں گا؟ کیوں بھئی مجھے آخر تجھ سے کیا مفاد ہے''؟

''بھائی! ہر وقت اپنے مفاد کو نہیں دیکھا جاتا۔ دیکھ آج تو میرے کام آ جا۔ ہو سکتا ہے کل میں تیرے کام آ جاؤں''

''جا جا ..... زیادہ بات نہ کر ..... یہ نہیں ہو سکتا۔''

ہاہ ..... بڑا ظالم تھا۔ آخر چلا گیا تو اپنی روشنیاں بھی ساتھ لے گیا۔ اچھا خیر یہ شام کو لوٹے گا تو اس کی ساری روشنیاں میں لے لوں گی ..... ہا ہا ..... رب سوہنے نے بھی کیا ستم کیا ہے ..... مجھے اندھیری رات بنا دیا ہے۔ میں بھی اجالا ہوتی تو کیسی اچھی بات ہوتی۔ مجھے تو کوئی دیکھ نہیں سکتا ..... پتہ نہیں کہ میں کیسی لگتی ہوں گی؟ ..... اجالا کتنا خوبصورت ہے۔ سفید سفید دودھ جیسا۔ روشن روشن آنکھیں ہائے۔ اور جس وقت اس میں سے روشنیاں نکل رہی ہوتی ہیں۔ رب سوہنا! ..... کتنا اچھا ہوتا۔ اگر مجھے بھی اجالا بنا دیتا'' ..... ''تو اجالا تو نہیں بن سکتی لڑکی ..... مگر تجھے اجالے کی روشنیاں ضرور مل سکتی ہیں۔'' ''تم کون ہو؟'' ..... مجھے سورج بادشاہ کہتے ہیں ..... تمہارے ساتھ یہ گول گول منہ اور سونے کے رنگ والا کون ہے؟ ..... یہ ..... ہاہاہا ..... یہ میرا چھوٹا بھائی ..... چندا ماموں ہے ..... ''مگر تم کیا کہہ رہے تھے؟'' ..... یہی کہ تجھے اجالے روشنیاں مکمل کر سکتی ہیں۔ کیوں کہ تو میری بیٹی زمین کی مہمان ہے اور مہمان کی خواہش کو پورا کرنا ہمارا فرض ہے۔''

''لیکن سورج بادشاہ! تم نہیں جانتے اجالا بہت ضدی ہے۔ میں نے اس کے آگے بہت منت زاری کی ہے ہاتھ بھی باندھے ہیں مگر اس نے میری ایک نہیں مانی اور صبح ہوتے ہی چلا گیا ہے۔ وہ بھلا مجھے اپنی روشنیاں کیسے دے گا''؟

''وہ نہ دے گا تو ہم تجھے روشنیاں دے دیں گے۔ گھبرا نہیں۔ ہم جو کہتے ہیں پورا کرتے ہیں۔ شاید تجھے پتہ نہیں۔ اجالا میرا اور میرے بھائی چاند کا مشترکہ دوست ہے۔ دن کو وہ میری خدمت کرتا ہے اور رات کو میرے بھائی کی۔ آئندہ ہم اس کی روشنیاں لے کر تجھے دے دیں گے۔ کیا سمجھی؟''

''سمجھ گئی ہوں..... سورج بادشاہ سائیں! دن کو تم مجھے اجالے سے روشنیاں لے دو گے اور رات کو چندا ماموں۔''

''ہاں..... لڑکی..... ہاں..... چاند بھائی! یاد رکھنا کہ آج سے اجالا اندھیری رات کا ہوگا۔''

''ہا..... ہا..... کیا وقت تھا جب نہ مجھ کو یہ پتہ تھا کہ میں کون ہوں اور میری کرنیں بھی میرے اپنے پاس ہوتی تھیں۔ مزے کی گزر رہی تھی۔ کم بخت جب سے اندھیری رات ملی ہے سکون اور آرام تباہ ہو گیا ہے۔ کچھ سمجھ نہیں آتا کہ کس کی نظر لگ گئی؟''۔ ''تجھے کسی کی نظر نہیں لگی بھائی تو نے اپنے آپ ہی یہ مصیبت مول لی ہے۔'' ''وہ کیسے؟'' ''تو کہتا تھا کہ ساری روشنیوں کا میں اکیلا مالک بنوں اور کسی غریب مسکین کو بالکل کچھ بھی نہ ملے۔ رب سوہنے نے تجھے تیرے لالچ کی سزا دی ہے کہ تیری ساری روشنیاں چھن گئی ہیں۔ میں بچاری جوان روشنیوں کے لئے ترستی تھی۔ آج اکیلی ان کی مالک ہوں۔ کیا سمجھے۔ مگر میں تیری طرح کنجوس نہیں جو اکیلی ان ساری روشنیوں کو اپنے پاس لئے بیٹھی رہوں۔ میں تجھے دکھی نہیں دیکھ سکتی۔ لے آدھی روشنیاں لے لے میں یہی سوچوں گی کہ مجھے آدھی روشنیاں ملی تھیں۔''

''بہن! تیرا کس طرح شکریہ ادا کروں؟ کہ تو نے مجھے تڑپ تڑپ کر مرنے سے بچا لیا

ہے۔ اگرچہ میں نے تجھ سے برا سلوک کیا لیکن تو نے میرے ساتھ ایسا سلوک کیا ہے کہ مجھے ساری عمر کے لئے خرید لیا ہے۔''

''تجھے یاد ہوگا اجالے بھائی! کبھی میں نے تجھے کہا تھا ہو سکتا ہے میں کبھی تیرے کام آؤں۔ دیکھا نا تو نے میری بات نہ مانی تھی لیکن رب سوہنے نے میرے منہ سے نکلی بات پوری کر دی۔''

''بس بہن..... بس..... اب مجھے مزید شرمسار نہ کر..... میں اپنی غلطیاں مانتا ہوں۔ تو نے مجھے جو یہ آدھی روشنیاں دی ہیں..... سائیں چاند ماموں کو کہہ کر میں یہ ہر رات تیری جھولی میں آ ڈالوں گا۔ تاروں کو کہہ کر تجھ تک اپنا یا اجالا ضرور پہنچاؤں گا۔ یہ میرا وعدہ ہے۔ اور اب لوگوں کو پتہ چل جائے گا کہ روشنیاں تو روشنیاں اجالا بھی اندھیری رات کا ہے۔

انوار احمد

آخر تک پہنچانے والے

ایک محقوق تھی خدا کی ..... غرض مند دکھی اور امید وار..... مگر ابھی مخدوم زادہ صاحب جاگے ہی نہیں تھے۔ مخدوم صاحب قبلہ کی ہدایت کے مطابق پرانے نوکروں نے مخدوم زادہ صاحب کی تہجد گزاری اور نماز فجر کے ساتھ قرآن پاک کے ختم اور لاکھ درود کی روزانہ نورانی ریاضت کا ذکر یوں پھیلا دیا تھا کہ وہ اس غرض مند دکھی اور امیدوار محقوق کی تقدیر کی لوح محفوظ پر نقش ہو گیا تھا۔ جیسے یہ بات کہ مالک کی رضا یہی ہے۔ ایک مخدوم ہوں اور دوسرے خادم۔ جو اپنی محنتیں کھیتیاں ..... اولاد ..... رزق اور زندگی گدی کے لئے وقف رکھیں اور سمجھیں..... اچانک دانتوں کے بغیر ایک آواز ..... التجا ..... دہشت اور شکوے میں غوطے کھا کے ابھری ..... مجھے پہنچانا؟ تھوڑی دیر کھسر پھسر ..... تھوڑی بہت کھی کھی کھی ہوئی ..... پھر ایک مذاق بھری آواز آئی ..... پہچانا کیوں نہیں بھائی اللہ بخش؟ تمہارے باپ کے بنائے ہوئے بنچوں پر تو بیٹھے ہیں۔ اللہ بخش اس کے ہاتھ میں بڑی صفائی تھی۔ ایک نے ہمارے ساتھ بیٹھے ہوئے اسی طرح کے ایک اور آدمی کے کان میں بات کی۔ کہ ایک ایک لفظ سنا گیا ..... "سکینہ کا باپ اللہ بخش ..... جس نے کنویں میں چھلانگ لگا دی تھی" ..... مگر مجھے مخدوم صاحب نہیں پہچانتے ..... وہ روز حشر میرے واقف کیسے بنیں گے؟ پھر التجا ..... دہشت اور شکوے میں ڈوبی ہوئی لتھڑی ہوئی آواز آئی ..... عین اس وقت میلی آنکھوں والا شیخ اپنی ٹوپی کو ایک ہاتھ سے پکڑ کر چیل کی طرح اللہ بخش پر جھپٹا ..... اوئے حشر کے کچھ لگتے ..... گردن سے پکڑ کر اس نے اسے پاؤں کی طرف دھکا دیا ..... "اب تو یہاں آیا ..... تو تجھے پولیس کے حوالے کر دیں گے" ..... پولیس؟ ..... وہ وردی والی ..... کنویں میں تو جھانکتی نہیں ..... اللہ بخش تو کنویں میں رہتا ہے ..... "پھر پکار کر کہنے لگا ..... مخدوم صاحب کو کہو ہمیں آخر تک پہنچائیں ..... ہم نے ان کا دامن پکڑا ہے" .....

میلی آنکھ والا شیخ اللہ بخش کو آخر تک چھوڑ آیا تھا اور واپس آیا تو سانس پھولا ہوا تھا ..... ایک دو نے اس سے پوچھا ..... "مخدوم زادہ صاحب"؟ اس نے ہاتھ جھٹکے ..... ایک الماری کا تالہ کھولا ..... صراحی میں سے ٹھنڈا پانی پیا ..... پھر تالا لگا دیا ..... تو اس کی نظر میرے ساتھ بیٹھے ریاض پر پڑی ..... دونوں کے درمیان یونہی علیک سلیک ہوئی ..... ایک غرض مند اور امیدوار نے دستی پنکھا جھلنا شروع کیا ..... اب شیخ کی ہر حرکت محقوق خدا کی بھوکی اور پیاسی نظروں کا مرکز بن گئی ..... البتہ لوگ آنکھوں کو ستانے کے لئے کبھی کبھی ریاض کو بھی دیکھ لیتے تھے ..... میں بہت تنگ ہوا بیٹھا تھا ..... یہ بات نہیں کہ میں کوئی وہابی ہوں ..... بس انسان کی تذلیل اس کے ہاتھوں نہیں دیکھی جاتی ..... یا ممکن ہے مجھے کوئی احساس کمتری ہو ..... جو ایک مصنوعی احساس برتری پیدا کر لیتا ہے ..... میں نے سوچا ..... ریاض نے جس وقت اپنی گاڑی اس طرف موڑی تھی ..... تو مجھے اسی وقت کھٹک گیا تھا ..... کہ وہ مخدوم صاحب کے آستانے پر جا رہا ہے ..... ریاض میرے اضطراب کو پڑھ کر مسکرایا اور کہنے لگا ..... بھائی صاحب! مارشل لاء کے خلاف پمفلٹ لکھنا آسان ہے ..... ہم خیال دوستوں میں جمہوریت کے حق میں تقریریں کرنا آسان ہے شرف آدمیت کی بحالی کے خواب شاگردوں کو دکھانے بھی آسان ہیں ..... مگر یہ زندگی ..... درمیانے طبقے کے آدمی کی زندگی گزارنا بہت مشکل ہے ..... بچے کا داخلہ ..... اپنا تبادلہ ترقی ..... ہاؤس بلڈنگ کا قرضہ ..... گیس ..... بجلی کا کنکشن ..... ٹوٹی ہوئی گلی ..... ماں ٹرک کی مرمت ..... حاسد اور منافق کی سازش کے مقدمے کے چالان' غرض زندگی کی اس گاڑی کا پٹرول کسی نہ کسی مخدوم یا مخدوم زادے کے آستانے کی حاضری کا طلبگار ہے ..... میں نے اپنے ایک دو شاگردوں اور دوستوں کی اقتدار کے ساتھ دوستی کو یاد کیا اور ریاض کو کہا ..... یار کم از کم اب ہم اتنے بے بس بھی نہیں ..... "کیا پوچھتے ہو ..... بابا ..... سسٹم کبھی تبدیل نہیں ہو سکتا ..... تو نے الیکشنوں سے پہلے مخدوم صاحب کو خاندان سمیت کنوینگ کرتے نہیں دیکھا؟ جنہوں نے انہیں یہ کرنے کا اشارہ دیا تھا ان کے ملازم تھے ..... یہ سارے اب تمہیں اقتدار میں نظر آتے ہیں ....." میں تمہاری اور تمہارے اخبار کی ڈس

انفارمیشن مہم سے واقف ہوں ..... تمہارے چیف ایڈیٹر کی کرتوتوں اور اناڑیوں کی جھلک بھی دیکھ چکا ہوں ..... اس لئے تمہاری باتیں میرے آئیڈیلزم کو توڑ نہیں سکتیں ..... ریسٹ ایشور ..... ٹیک اٹ ایزی اولڈ بوائے ..... یاد ہے تمہارے ایک شاگرد کی کمر پر استری کی تھی مارشل لا کی ایک حامی تنظیم کے لیڈروں نے ..... تو تم گئے تھے بڑے زعم کے ساتھ ڈپٹی کمشنر کے پاس ..... جو پوز کرتا تھا کہ وہ ایک ترقی پسند شاعر اور دانشور ہے کیا کہا تھا اس نے تمہیں؟ عجیب طرح کی ہنسی ہنستے ہوئے ریاض نے مجھ سے پوچھا ..... کیا تھا بھلا؟ جسٹ ریلکس اینڈ انجوائے ..... میری جان! یہ سسٹم تمہارے ساتھ یہی کرتا رہے گا ..... بچوں کو اس سے بچانا چاہتے ہو تو آڑھتی بنو ..... کمیشن ایجنٹ بنو ..... اپنے بچوں کو غلام اسحاق خان انسٹیٹیوٹ اور لمس میں پڑھاؤ ..... ایک لاکھ بیس ہزار سال کی فیس دو ..... اور پھر بچوں کو باہر نکالو ..... اس کے بعد چاہے پاکستان کا یوم آزادی چھ چھ جھنڈے لگا کر مناؤ ..... چراغاں کرو ..... تقریریں کرو ..... ٹی وی ڈرامے لکھو ..... قومی نغمے لکھو ..... پاکستان اسٹڈیز کی نصابی کتابیں لکھو ..... بابا جیسٹ ریلکس اینڈ انجوائے .....“

میلی آنکھوں والے شیخ نے ریاض کو اشارہ کیا برآمدے کی طرف آنے کا ..... ریاض نے مجھے بھی ساتھ لیا اور اس برآمدے میں پہنچ گیا ..... جہاں لوگ جوتوں کے بغیر آتے تھے ..... شیخ صاحب نے اپنے پیلے دانتوں کی نمائش کرتے ہوئے کہا ..... مخدوم زادہ صاحب کا گیارہ بجے مخدوم رشید میں جلسہ ہے ..... آپ فرمائیں کیسے آنا ہوا؟ میں پیغام ان تک پہنچا دوں گا اگر ان کے دستخطوں والے رقعے چاہئیں تو ..... ”ریاض نے اس پیشکش کو ہاتھ کے اشارے سے جھٹک دیا ..... بس مخدوم صاحب نے پرسوں جہاز میں مجھے کہا تھا کہ ملاقات ہونی چاہئے“ ..... اچانک ایک بجیرو زوں کر کے صحن میں داخل ہوئی تو مجمع میں ہلچل مچ گئی ..... شیخ نے سب کو شی کر کے چپ کرایا ..... ریاض بڑے اعتماد کے ساتھ بجیرو کے پاس جا کر مخدوم زادہ صاحب کے گن مین کے ساتھ بات چیت کرنے کھڑا ہو گیا ..... اتنی دیر میں مخدوم زادہ صاحب ایک دروازے میں سے بن سنور کر آئے اور تیزی سے بجیرو میں بیٹھ گئے ..... جو پہلے ہی سٹارٹ تھی ..... انہوں نے ریاض

سے ہاتھ ملائے بغیر مسکرا کر کہا ..... کل شام سات بجے ..... میرے دوسرے گھر ..... ”ریاض نے پتہ نہیں کیا بڑبڑ کی ..... مجھے یوں سنائی دیا جیسے کہہ رہا ہو ..... میں تو تمہارے ساتویں گھر بھی پہنچوں گا .....“

اس روز میری نظروں کو دھوکہ سا ہوا کہ مخدوم زادہ کے ساتھ جو شخص بجیرو پر چڑھا تھا ..... وہ جعفر تھا ..... جو مجھ سے چھٹی سے دسویں تک پڑھا تھا ..... اس کی شکل صورت اور وضع قطع بدل گئی تھی ..... لیکن میں یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتا کہ اس روز جعفر ہی ان کے ساتھ تھا جس روز ریاض مجھے ان کے آستانے پر لے گیا تھا ..... اس کے ایک مہینے بعد میں نے اخبار میں شیخ بیچارے کی موت کی خبر پڑھی ..... غسال نے یقیناً اس کی آنکھ کا میل بھی دھو دیا ہو گا ..... اس لئے اب میں اسے میلی آنکھ والا شیخ نہیں کہتا ..... اخبار میں تھا کہ مخدوم زادہ صاحب اپنی ساری مصروفیات چھوڑ کر نتھیا گلی سے اپنے شہر آ گئے ہیں ..... اور شیخ مرحوم کی قل خوانی میں شریک ہوں گے ..... قل خوانی سے اگلے دن مخدوم زادہ صاحب کی جو تصویر چھپی ان کے بائیں طرف مجھے پھر جعفر کی شکل نظر آئی ..... میں نے اپنی خوشی کو چھپاتے ہوئے کہا ..... خبیث ..... نالائق ..... مخدوموں کا چمچہ .....

باہر دروازہ کھڑکا ..... میری بیوی نے کہا ..... کوئی موا آیا کھڑا ہے ..... تمہارے شاگرد تمہیں تو خیر انسان نہیں سمجھتے ..... ہمیں بھی بندہ نہیں جانتے ..... مجال ہے جو ایک بل چین سے بیٹھنے دیں ..... میں تیس سال سے ایسے ہی احتجاجی مراسلے وصول کر کر کے کم از کم اپنی بیوی کے لئے اقوام متحدہ کا دفتر بن گیا ہوں ..... صابر اور خاموش .....

میں نے دروازہ کھولا تو جعفر تھا ..... نئی نویلی موٹر سائیکل پر آیا تھا ..... مجھے پاؤں کو ہاتھ لگا کے ملا ..... میں نے اوپر سے منع کیا ..... لیکن اندر سے مجھے کافی مزا آیا ..... میں نے کہا ..... نالائق ..... بارہ سال بعد شکل دکھائی ہے ..... وہ فخر اور بڑائی کی ہنسی ہنستا رہا ..... استاد جی! ایک مشورہ لینے حاضر ہوا ہوں ..... لیکن پہلے مجھے یہ بتائیے کہ کیا آپ کے علاقے کا کوئی والی وارث بھی ہے یا نہیں؟ گلی میں کھڈے ہیں ..... نالیاں ٹوٹی پڑی ہیں ..... بجلی کا ایک کھمبا ہے ..... وہ بھی

ٹیڑھا ہوا پڑا ہے..... مجھے ذرا اپنے محلے کے لوگوں سے ایک عرضی لکھوا کے دے دیں شاید میں آپ کے پڑھائے ہوئے کچھ لفظوں کا حق ادا کر سکوں.....

''اچھا اچھا..... یہ بھی ہو جائے گا..... حال سناؤ! آج کل کیا ہو رہا ہے''؟''اس روز میں نے آپ کو بجیرو کے اندر سے سلام بھی کیا تھا..... مگر آپ نے دیکھا نہیں..... میں مخدوم زادہ صاحب کی الیکشن کمپین میں شامل تھا..... ان کے ساتھ ہی میں ہوتا ہوں..... آپ کے پاس اب مشورے کے لئے حاضر ہوا ہوں..... شیخ صاحب کی موت کے بعد مخدوم زادہ صاحب کہتے ہیں کہ ان کے آستانے کی منیجری میں سنبھال لوں..... میں نے اپنے ماں باپ سے بھی صلاح کی ہے اور تیسری ذات آپ کی ہے جن سے میں مشورہ لے رہا ہوں''

میں نے اپنی پچھلی تقریروں کے کچھ اقتباسات اس کے سامنے دہرائے پھر خلاصہ یہ نکلا کہ بیٹا! اگر یہ کام کیا تو رل جائے گا..... تمہارا سر چھوٹا ہے اور یہ پگڑی بڑی..... یہ پوسٹ کوئی گھاگ آدمی ہی سنبھال سکتا ہے جو یہ فن جانتا ہو کہ اپنا گھر بھی پورا کرے اور ان کا گھر بھی بھرے..... ان سے ٹھوکریں اور گالیاں کھا کر غرض مندوں سے سلام قبول کرے.....

جعفر! یہ کام کیا تو کچھ عرصے بعد تیری شکل اور عقل بند ہو جائے گی..... بندے والے جلیئے اور وضع میں رہ..... بیٹا! مخدوم صاحب اور مخدوم زادہ صاحب میں سرد اور بھائیوں میں گرم جنگ جاری ہے..... تم کسی نہ کسی کے غضب میں جل کر راکھ ہو جاؤ گے..... بیٹا! ان سے کوئی نوکری لو اور خدمت کرو اپنے ماں باپ کی..... بندے کو حرص نہیں کرنی چاہئے..... اپنے دائرے میں رہنا چاہئے..... اچانک میری بیوی ایک میلی سی چادر سر پر رکھ کر اندر آ گئی اور کہنے لگی..... بیٹا! ان کے کہنے میں نہ آنا..... ساری عمر انہوں نے ہمیں رلایا اور ستایا ہے..... تم بابا ان کا دامن پکڑو..... جو آخر تک پہنچانے والے ہیں..... دوسروں کی بیڑیوں میں سٹے ڈالنے والوں سے کیا صلاح لے رہے ہو؟''

طارق جامی

خانہ بدوش

''ہم سب آگ والے راستے پر چلے جا رہے تھے۔ ہمیں خبر ہی نہ تھی کہ ہم آگ سے بچنے کے لئے جس راستے پر چلے تھے آگ اس کا انجام تھی۔''

میں نے دھیان دیا تو وہ میری بات غور سے سن رہا تھا۔ مجھے بڑی حیرت ہوئی کہ ابھی یہ شخص مجھ سے کتنی گرمجوشی سے بغل گیر ہوا تھا۔ میں آج ہی بلکہ ابھی تھوڑی دیر پہلے ہی اپنے شہر پہنچا تھا۔ بس سے اترا تو پہلے یہی شخص ملا تھا۔ وہ میرا پرانا دوست ہی نہ تھا بلکہ میرا دیوار بہ دیوار ہمسایہ بھی تھا۔ مجھے اترتا دیکھ کر بھاگا آیا تھا۔ بڑی محبت سے حال حوال پوچھا تھا اور اب وہی شخص میری بات پر توجہ نہیں دے رہا تھا۔

میں نے دکھ کی گٹھڑی کو کاندھے پر رکھا اور گھر کی طرف روانہ ہو گیا۔ میرے بھائی' بہنیں' چچا' ماموں فوراً میرے گھر آ پہنچے۔ سب کو میرے گھر واپس آنے پر بے حد خوشی تھی۔ ہر شخص میرے گھر سے باہر رہنے پر دکھی تھا۔ میرے اٹیچی کیس، بستر اور تھیلے کو میری گھر والی نے بند کمرے میں رکھ دیا اور میں لوگوں کو کہانی شروع سے سنانے بیٹھ گیا۔

''سچ بات تو یہ ہے کہ آگ کا کسی کو پتہ ہی نہیں چلا' کوئی کہتا تھا گیس کے سلنڈر پھٹ گئے ہیں کسی کا خیال تھا کہ سگریٹ نے گھر پھونک دیا ہے' ہم بھی لوگوں کی بھیڑ میں چلتے گئے' اچانک افراتفری مچ گئی۔ آنے والے لوگ پیچھے کی طرف بھاگے اور جانے والے آگے'' وہ خوفناک اور مار دینے والا نظارہ میری آنکھوں میں اتر آیا۔ اور میں نے روہانسا ہو کر بات آگے بڑھائی۔ ''میرے بالکل سامنے ایک بوڑھی عورت خود اپنے مرد کو خیمے میں سے کھینچ رہی تھی۔'' میرے بڑے بھائی نے جمائی لی اور کہا ''اچھا باقی باتیں صبح کریں گے اور اس کی نظر کمرے کے

چاروں طرف گھوم گئی جیسے کسی شے کو تلاش کر رہی ہو۔ میں یہ بات نہ سمجھا۔ مگر دوسرے دن جو میری بات میں پھنسے بیٹھے تھے وہ سمجھ گئے اور انہوں نے خالی نظروں سے کمرے کی تلاشی لی اور اٹھ کھڑے ہوئے میں نے اٹھ کر سب کو صبح تک کے لئے سلام دعا کی اور پھر کمرے کی طرف آیا تو لالہ دروازے میں کھڑا تھا۔ اس نے مجھے دیکھتے ہی پوچھا۔ میں نے تجھے کیمرہ لکھا تھا' لے آیا؟ مجھے لالے کی بات عجیب لگی۔ میں نے فوراً کہا" لالہ بتایا تو ہے کہ آگ لگ گئی تھی اور ہم پھنس گئے تھے۔ بڑی مشکلوں سے تو جان بچی اور ہم ....." اس نے میری بات ٹوک دی۔ "اچھا صبح بات کریں گے" ..... مگر صبح پتہ چلا کہ لالہ آدھی رات ہی کو واپس چلا گیا۔ لالے کے بعد جب میں چاچے عمر شاہ کو اس کی عینک نہ دے سکا اور مامے یکم دین کو دو گھوڑا بوسکی کا رومال نہ ملا تو وہ سب ایک ایک کر کے چلتے گئے۔ جبکہ انہوں نے مجھے آتے ہی دعوت کا کہہ دیا تھا۔ مگر ان میں سے کوئی بھی نہ لوٹا۔

باہر مینہ رم جھم رم جھم برس رہا تھا اور میرے اندر مجھے اس طرح لگ رہا تھا جیسے میں آگ والے راستے پر چلا جا رہا ہوں۔ لوگ ہجوم میں پھنس گئے ہیں اور افراتفری مچنے سے انہوں نے رونا اور چلانا شروع کر دیا ہے۔ میں نے سوچا دکھ کی جو پھانس میرے اندر آ لگی ہے اسے دوستوں کے پاس جا کر نکال آؤں۔ میرے دوست ہر وقت مصروف رہتے تھے۔ شام کو میں نے ایک دوست کا دروازہ جا کھٹکھٹایا۔ اس نے دروازے میں سے نکلتے ہوئے کھلے بازوؤں سے میرا استقبال کیا۔ مجھے ایسے لگا جیسے میں اب تک پتھروں پر سر مارتا رہا ہوں۔ اس نے میری بات کا جواب پیار سے دیا اور پوچھا "کب آئے؟" تو میرے آنسو ٹپ ٹپ گرنے لگے۔ اس نے میرے آنسو اپنے رومال میں لے لئے۔

تھوڑی دیر بعد مجھے محسوس ہوا کہ بادل اچھی طرح برس کر چھٹ گئے ہیں اور میرے سینے پر سے ایک بوجھ اتر گیا ہے۔ میں سوچنے لگا چلو دنیا میں کوئی تو ایسا نکلا جسے میرے سکھ کی دیوار گرنے کا پتہ ہے۔ اس نے اچانک میرے خیالوں کی بستی سے آواز دی۔ "تو بچ کر تو آ گیا ہے نا۔ یہی شکر والی بات ہے"۔ تو میں پھر اپنے وہی سادہ خیال سجا کر بیٹھ گیا کہ کسی ایک آدھ کو شاید

میری بخیریت واپسی کی خوشی ہے۔ میں اپنے دھیان میں ڈوبا خوش فہمیوں کے کنویں سے میٹھے پانی کو تلاش کر رہا تھا کہ اس نے پھر کنویں میں جھانک کر مجھ سے پوچھا۔ اچھا وہ تو اچھا ہوا کہ تم آ گئے مگر تمہیں گھڑی لکھی تھی۔ میرے کنویں کا سارا پانی اتر گیا اور میں اچانک نیچے سے اوپر کنارے پر آ کھڑا ہوا۔ کچھ دیر بات میرے ہونٹوں پر رکی رہی اور پھر جو میں بولا تو مجھے اپنی آواز بہت دور سے آتی سنائی دی۔ شاید میں نے اسے یہی کہا۔ کوئی نہیں آگ بہت زوروں پر تھی نا ..... اس نے اپنی آواز کو مدھم کرتے ہوئے کہنے کی کوشش کی۔

"اوہو! اوہو ..... اچھا کوئی بات نہیں۔" مگر مجھے یوں لگا جیسے اس کی کوشش کامیاب نہیں ہو سکی۔ جو کچھ وہ کہہ رہا تھا۔ اس کے دل میں وہ نہ تھا۔ اس نے مجھے چائے پانی تو ضرور پلایا مگر میرے جواب کے بعد اس کے مزاج میں انوکھی تبدیلی آ گئی تھی۔ پھر اس نے خود ہی اپنی بے صبری چھپاتے ہوئے کہا" اچھا یار مجھے ایک کام ہے برا نہ مانو تو مجھے اجازت دو میرا نی اس بات کی ہے کہ گھر میں اسکے بیٹھا میں تھا اور اجازت وہ مجھ سے مانگ رہا تھا۔ میں اٹھ کر آ گیا۔

گلی کے آخری کونے پر میں پہنچا تو جیسے میں اپنے آپ میں آ گیا۔ مجھے خیال ہی نہ رہا کہ میں اس کی بیٹھک سے اس نکڑ تک چل کر کیسے آ گیا۔ میرے اندر آگ والا منظر پھر جلنے بجھنے لگا۔ مجھے سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ یہ وہی لوگ ہیں۔ یہ وہی شہر ہے۔ اور میں وہی انسان ہوں۔ فرق صرف ایک سال کا ہے۔ صرف ایک سال میں لوگ اتنے بدل گئے ہیں۔ بچے اتنے جوان ہو گئے ہیں۔ یہ وہی دوست ہیں جو میرے ساتھ پڑھتے تھے اور جو میرے ساتھ اٹھتے بیٹھتے رہے ہیں۔ ہم چندہ کر کے فلم دیکھا کرتے تھے۔ فٹ پاتھ کے کباب والوں سے لے کر بڑے ہوٹلوں تک اکٹھے جایا کرتے تھے۔ یہ وہی چچا ہے جو مجھے کبھی کتابوں کے پیسے دیا کرتا تھا۔ یہ وہی ماموں ہے ..... مگر میری سوچ کے پر بکھر گئے اور میں اوپر ہی اوپر اڑتا گیا۔

یہ بات میری سمجھ میں بالکل نہ آتی تھی کہ لوگ اتنی جلدی میں کیوں ہیں؟ میں جسے ملنے جاتا ہوں۔ اسے آگے کہیں کام کیوں جانا ہوتا ہے۔ میں جسے کہتا ہوں یار ..... میں نے تجھے خط لکھا

تھا۔وہ کہتا ہے.....ہاں یاد آتا ہے۔اب تو بہت پرانی بات ہے۔اور بات یہ ہے کہ خط لکھنے والی بات بالکل پرانی نہیں۔میں نے دسمبر میں سب کو لکھا تھا کہ میں آگ میں پھنس گیا تھا۔افراتفری میں لوگ صحیح رستے سے بھٹک کر غلط راہ پر چل پڑے تھے اور آگ کے محاصرے میں آ کر بہت سے لوگ جل گئے تھے۔لیکن اللہ کا شکر ہے کہ میں بھاگ کر بچ گیا ہوں۔تو جواب میں سب نے رب کا شکر ادا کرتے ہوئے کیمرے'بوسکی'عینک اور ریڈیو کی فرمائش لکھی تھی۔اور اب میں جس کو اپنی بات سنانا ہوں وہ ہاتھوں سے نکلنے کی کوشش کرتا ہے۔یہ شہر جیسے جنگل ہو اور انسان خانہ بدوش بن کر دن گزار رہے ہیں کہ آج یہاں کل وہاں۔کسی کو فرصت نہیں اور کوئی میری کہانی سننے کو تیار نہیں ہوتا۔

جو دن بھی میں نے شہر میں گزارا وہ دن قطرہ قطرہ بارش بن کر میرے اندر اترتا گیا اور باہر کے سارے راستے آگ کے اونچے اونچے شعلوں کی زد میں آ گئے۔میں ماں کی تسبیح اور بابے سائیں کا مصلا لے آیا تھا اور وہ دونوں اپنے لئے ان چیزوں کو بڑی نعمت سمجھتے ہوئے مجھ پر بہت خوش تھے۔میں نے گھر سے نکلنا بند کر دیا لیکن مجھے لگتا تھا کہ یہ بارش کا موسم میرے لئے اچھا نہیں۔اور پھر ایک رات میں سویا ہوا تھا کہ تڑتڑ ژژالہ باری ہونے لگی۔موسلا دھار بارش ہونے لگی اور مجھے لگا جیسے میں زندہ آدمی اس بارش میں زندہ نہ رہ سکوں گا۔ویسے بھی میں آگ میں سے زندہ گزر کر آیا ہوں۔اگر میں دریا میں جا ڈوبوں تو شاید میری اہمیت بڑھ جائے مگر اس وقت تک میں بے اہم رہوں گا جب تک دریا کنارے کھڑا روتا رہوں گا۔آج اگر میں بازار میں کھڑا ہو کر اپنی دکھ بھری کہانی سنانا شروع کروں تو مجھے کوئی نہ پوچھے گا۔لیکن اگر پولیس گولی مار کے میری لاش اپنی گاڑی میں لے جائے تو سارا شہر میرا وارث بن جائے گا۔اور اگر میں پھر جی پڑوں تو میرے وارث پھر سے پیچھے ہٹ جائیں گے۔

تڑتڑ.....اولے اندر بھی برسنے لگے اور میں اپنا اٹیچی کیس بستر اور تھیلا اٹھا کر گھر سے نکل کھڑا ہوا اور آگ والے رستے پر چل پڑا۔

حفیظ خان

حاصل جمع

بات تو کچھ ایسی نہ تھی لیکن چائے کی پیالی میں طوفان آ گیا۔وہ شیلا سے میری پہلی باقاعدہ ملاقات تھی۔باقاعدہ اس لئے کہ اس سے تعارف اور اظہار خیال کے بعد میں نے اسے کئی بار چائے کی دعوت دی۔مگر وہ ہر مرتبہ بڑی بدصورتی سے ٹال گئی۔یہ اور بات کہ میں ذہنی طور پر بدصورتی کو ناپسند کرتا ہوں۔لیکن میں نے پھر بھی ہار نہ مانی اور آخر شیلا نے چائے کے لئے ریوالونگ ریسٹوران آنے کا وقت دے ہی دیا۔

اسے میری بدقسمتی کہئے کہ چائے آنے پر شیلا نے اصرار کیا کہ چائے وہ بنائے گی۔مجھے کیا انکار ہو سکتا تھا۔اس کی انگلیوں کی حرارت بھی چائے میں حل ہو جاتی مگر بات یہیں بگڑ گئی کہ جس وقت اس نے کپ میں پہلے شکر ڈالی۔پھر دودھ اور پھر اس میں قہوہ ملانا شروع کر دیا میں لاکھ عاشقی پر تلا ہوا سہی پر ذوق بھی کسی شے کا نام ہے۔میری آواز خود بخود اونچی ہو گئی اور برداشت کا نام بھی ذہن میں نہ رہا۔

''مجھے اس طرح چائے بنانا بالکل پسند نہیں''

''مگر کس طرح؟''

''اس طرح کہ قہوے میں دودھ ملانے کی بجائے دودھ میں قہوہ ملایا جائے۔''

''پرنیٹ رزلٹ تو ایک ہی ہوتا ہے کہ چائے بن جاتی ہے۔''

''یہ بھی دیکھنا چاہئے کہ منتج کیسے ہے؟''

''تو پھر ہو کیا گیا؟''

''مجھے کراہت آتی ہے۔گھٹن سی ہوتی ہے'ڈر لگتا ہے''

''یا اللہ..... پر کیوں؟''

اس لئے کہ دودھ اجالے کی علامت ہے اور قہوہ اندھیرے کی۔ اگر اجالے میں اندھیرا ملایا جائے تو شام ہوتی ہے اور پھر رات بن جاتی ہے موت کی علامت اور مجھے رات سے ڈر لگتا ہے۔ اور اگر قہوے میں دودھ ملایا جائے تو اندھیرے میں اجالا گھلتا ہے اور جس وقت اندھیرے میں اجالا گھلے تو صبح ہوتی ہے۔ صبح جو زندگی ہے۔''

''مجھے تو شام اچھی لگتی ہے۔ سانولی سانولی۔ دل چاہتا ہے آشیانوں کی طرف لوٹتے ہوئے پرندوں کی قطار میں رل مل جاؤں''۔

''شاید تمہیں معلوم نہیں کہ اپنے اصل کی طرف جانا موت کہلاتا ہے''۔

''کتنا مکروہ اور گھٹیا ہے تمہارا فلسفہ..... میرا شام کا امیج برباد نہ کرو''۔

''شاید تم نے صبح دیکھی نہیں''۔

ایک مرتبہ دیکھی تھی۔ جس وقت گرمیوں میں اے سی بند ہو گیا تھا۔ بالکل ہی واہیات تھی۔ آنکھیں پوری طرح کھولنے کے لئے بھی پورے جسم کی طاقت خرچ کرنی پڑی تھی۔

جبکہ شام کو ایسے نہیں ہوتا۔

(اُف میرے اللہ اتنا اختلاف) ''سوری..... میں نہ جانتا تھا کہ تم..... میں نے غلطی کی ہے''۔ ''میں لعنت بھیجتی ہوں تمہاری غلطی پر اور تمہارے گلے سڑے فلسفے پر۔'' شیلا ناراض ہو کر اٹھی تو میز الٹ گئی۔ چائے قالین پر گر گئی اور ایک آدھ برتن بھی ٹوٹ گیا۔ چائے نہ پینے کا تو کوئی افسوس نہ تھا۔ مگر ہال میں بیٹھے لوگوں کی نظروں کے وار اپنے جسم پر برداشت کرنا بہت مشکل تھا میں پیدل ہی چل پڑا۔ سامنے نیشنل لائبریری کا بورڈ نظر آیا۔

ہونہہ..... کتنی واہیات جگہ ہے۔ جہاں ہر قسم کے گدھے گھوڑے گھاس کھانے آجاتے ہیں۔ اور وہ شیلا بھی تو پہلی بار مجھے یہیں ملی تھی۔ بدذوق کوڑھ مغز۔ آخر میں نے اس سے تعارف ہی کیوں کیا۔ ہاں یاد آیا کہ وہ اس کے سرخ ٹماٹر جیسے چہرے پر نیلی نیلی آنکھوں کا ہونا تھا۔ وہ یہ

بھی تھی بلکہ یہ تھی کہ میرا رنگ بھی ٹماٹر جیسا ہے اور آنکھیں بھی نیلی ہیں۔ کالج کے زمانے میں ایک لڑکی پر دل آ گیا۔ مگر اس نے یہ کہہ کے لاجواب کر دیا کہ نیلی آنکھوں والے۔ مکار اور دھوکے باز ہوتے ہیں۔ گھر آ کر کافی دیر تک آئینہ دیکھتا رہا۔ مگر اس لڑکی کی بات کا جواب کہیں لکھا ہوا نہ ملا۔

پھر یونیورسٹی میں ایک اور حسینہ سے بات چلانے کی کوشش کی تو قصور آنکھوں کا نکل آیا۔ تنگ آ کر میں نے ڈارک گلاسز پہننے شروع کر دیئے۔ لیکن پھر کہیں کوئی موقع نہ مل سکا۔ آخر ایک دن نیشنل لائبریری میں شیلا کو دیکھ لیا۔ میں ٹھٹکا اس لڑکی سے کسی طرح سلام دعا کر لی جائے تو یہ مجھے طعنہ نہیں دے گی کہ میں مکار اور دھوکے باز ہوں اور پھر ہمت کر کے میں نے کہہ ہی دیا ''سنئے جی!''

اس نے میری آنکھوں کو دیکھا۔ ٹھٹکی اور پھر مسکرا اٹھی۔ ''فرمائیے''

''میں ایم بی اے میں پڑھتا ہوں۔ بس ایک پیپر رہ گیا ہے۔ میں تو فلسفے میں ایم اے کرنا چاہتا تھا مگر ابو نے کہا.....''

میرے بھی ابو نے کہا تھا کہ فلسفہ احمق پڑھتے ہیں۔ لیکن مجھے بہت پسند ہے۔

کون؟ احمق!

نہیں۔ فلسفہ

پھر تو خوشی ہوئی کہ آپ جیسی لڑکی فلسفہ پڑھتی ہے۔

اوں ہونہہ..... میں تو کیمسٹری پڑھتی ہوں۔

''اور وہ فلسفہ''

''میں نے کہا نا ابو.....''

''اچھا اچھا..... ابو.....''

پھر ہم کافی دیر تک باہر لان میں بیٹھ کر مختلف فلسفیوں کا تعارف ایک دوسرے سے کراتے رہے لیکن جس وقت میں گھر واپس آیا تو یاد آیا کہ نہ تو میں نے اپنا نام اسے بتایا اور نہ اس کا پوچھا۔

اتے پتے کا تو ذکر ہی کیا۔ بڑا افسوس ہوا کہ زندگی میں ایک ہی تو اپنے جیسے ملی اور اسے بھی ..... اس طرح نام ونشان پوچھے بغیر ہی کھو بیٹھا۔

اس بے وقوفی کا کفارہ پورے دو مہینے تک نیشنل لائبریری جا کر ادا کرتا رہا پھر جا کر کہیں اس سے آمنا سامنا ہوا۔

''اچھا ..... تو یہ آپ ہیں ..... مگر میں تو آپ کا نام بھول گئی ہوں۔ شاید ..... شاید نہیں ..... یقیناً ..... وہ اس لئے کہ میں نے اپنا نام آپ کو بتلایا ہی نہیں تھا اور نہ آپ سے پوچھا تھا''۔

''اچھا سوری''

تب جا کر ہمیں ایک دوسرے کے نام معلوم ہوئے۔ مگر نام معلوم ہونے سے کیا فرق پڑتا ہے۔ جب تک کہ پتہ معلوم نہ ہو۔ اس کا کہنا تھا کہ اگر اتفاقاً چار ملاقاتیں ہو جائیں تو پھر گھر کا پتہ بتانا چاہئے اور ساتویں اتفاقیہ ملاقات پر چائے کی دعوت قبول کر لینی چاہئے۔

اس طرح سات اتفاقیہ ملاقاتوں کے بعد پہلی باقاعدہ ملاقات ہوئی بھی تو کیا کہ سارا قصہ ہی ختم ہو گیا۔ میں نے خود کو برا بھلا کہنا شروع کر دیا۔ کیوں بلایا تھا اسے چائے پر۔ آئس کریم ہی کھلا دیتا۔ یا وہ مان چھولے ..... وہ نہیں تو ملک شیک یا کوئی جوس ووس ہی ہو جاتا۔

نہ چائے پر بلاتا اور نہ اس طرح اصولوں کی جنگ ہوتی اور نہ یہ شام دیکھنی پڑتی۔ زندگی میں پہلی بار ٹمانٹر جیسی رنگت اور نیلی آنکھیں ملیں۔ مگر اپنی بے وقوفی سے انہیں گنوا بیٹھا۔ لیکن بعد میں یہ سوچ کر تسلی ہوئی کہ کیا ہوا۔ اگر لڑکی چلی گئی لیکن فتح تو اصولوں کی ہوئی ہے۔

اس واقعے کو دو سال گزر گئے۔ نہ وہ کہیں مجھے ملی اور نہ میں نے اسے تلاش کرنے کی کوشش کی۔ ایک دن اچانک کتابوں کی ایک دکان پر شیلا سے ملاقات ہو گئی۔ اس نے مجھے دیکھ کر منہ پھیر لیا۔ مجھے اس کا اسطرح منہ پھیر لینا اچھا لگا۔ اس کے اس اوپرے سلوک میں بھی اپنوں جیسی خوشبو اور حرارت تھی۔ میرا غصہ ہوا ہو گیا۔

''تم ابھی تک اکیلی ہو''؟

''اور تم بھی تو .....''

''ہاں ..... میں بھی ..... مگر تمہارے گورے رنگ پر نیلی آنکھیں ..... مجھے بہت اچھی لگتی ہیں .....''

اس نے سر اٹھا کر میری آنکھوں میں جھانکا۔ اس کی آنکھوں کا رنگ گہرا نیلا ہو گیا۔ وہ کچھ دیر چپ رہی۔

''تمہاری آنکھوں کا رنگ بھی تو نیلا ہے''

''مگر تم نے صبح تو دیکھی نہیں''۔

''مجھے شام اچھی لگتی ہے۔ وسعت ہی وسعت ..... کنواری کے آنچل کی طرح۔

''مگر تم ..... دودھ میں قہوہ ملانا نہیں چھوڑ سکتیں؟''

تمہیں چائے سے غرض ہے یا؟

''پھر بھی قہوے میں دودھ ملانا چاہئے''

''میں تمہاری غلام نہیں ..... میں جا رہی ہوں۔''

''مگر .....''

''صبح میری فلائٹ ہے امریکہ کے لئے ..... پی ایچ ڈی کرنے جا رہی ہوں .....''

شیلا کے جانے کے بعد میں نے چائے پینی چھوڑ دی اور ایک کارخانے میں ملازمت کر لی۔ کارخانے کا مالک تھوڑے دنوں میں ہی مجھ پر مہربان ہو گیا۔ پروموشن پر پروموشن اور ساتھ ..... کار بنگلہ اور ٹھاٹھ باٹھ ..... جو خواب دیکھتا تھا سب پورے ہو گئے سوائے شادی کے۔ پتہ نہیں کیوں اب شادی کرنے کو جی ہی نہیں چاہتا تھا۔ لگتا تھا اگر شادی کر لی تو اصولوں کی جنگ ہار جاؤں گا۔ پتہ نہیں کیسی بیوی آئے۔ اور کہاں کہاں اختلاف برداشت کرنے پڑیں۔ لیکن پھر بھی وہ ہو گیا جو نہ ہونا چاہئے تھا۔

مالک نے ایک طرف ساری جائیداد، بینک بیلنس اور ساتھ اپنی کالی کلوٹی ایک اکلوتی بیٹی رکھ دی اور دوسری طرف نوکری سے نکال دینے کا نوٹس۔

میں نے نوٹس اٹھالیا۔

مالک نے آخری داؤ کھیلا۔ نوٹس کل وصول کر لینا۔ آج شام میرے گھر چائے پر آنا.....

''میں بالکل چائے نہیں پی سکتا اور وہ بھی شام کو''۔

تو پھر صبح ناشتے میں آجانا۔

مگر میں چائے نہیں پیتا۔

''لسی پی لینا''۔

یوں لگا جیسے وہ مجھے ڈھگا ہونے کا طعنہ دے رہا ہو۔ دوسرے دن صبح مالک کے ساتھ اس کی ایک اکلوتی لاڈلی کالی دیگ کے سامنے ناشتہ کر رہا تھا۔

''آپ شکر کتنی لیں گے''؟

اتنی کالی اور بدصورت اور آواز اتنی میٹھی اور رسیلی

میں نے کچھ نہ کہا

اس نے ایک چمچہ شکر کپ میں ڈالی۔ پھر قہوہ ڈالا اور پھر دودھ ملانا شروع کر دیا۔

اس کا نام بھی شائستہ تھا۔

شائستہ سے شادی کے دو سال بعد ہمارے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوا۔ ماں کی طرح کالا اور میری طرح نیلی آنکھیں۔ انوکھا ملاپ تھا۔

کچھ عرصے بعد مالک جواب مالک نہیں رہا تھا۔ بیمار ہو گیا۔ علاج بائی پاس آپریشن تجویز ہوا۔ شائستہ اور میں بھی امریکہ چلے گئے۔

آپریشن کے بعد مالک تو واپس آ گیا اور ہم سیر سپاٹے کے لئے وہیں رہ گئے۔

اس روز امریکہ اور کینیڈا کی سرحد پر دنیا کی سب سے خوبصورت آبشار ''نیاگرا'' دیکھنے کا

موقع ملا۔ میں دیکھنے میں گم ہو گیا۔ پانی کا پانی کے ساتھ ملاپ.....کیسی موسیقی اور کیسے رنگ بکھیر رہا تھا۔ یہ سب کچھ دیکھا تو جا سکتا تھا لیکن محسوس کر کے بیان نہ ہو سکتا تھا۔ شائستہ اور ٹمی پھولوں پر بیٹھی تتلیاں پکڑنے کے لئے دوڑ رہے تھے۔

ہائے اللہ.....دیکھو تو سہی۔

''میں چونک اٹھا.....

بالکل ہمارے ٹمی کی طرح ہے۔ ذرا بھی تو فرق نہیں۔

وہ بالکل ہی ٹمی جتنا تھا اور ویسا ہی کالا رنگ جس پر چمکتی ہوئی نیلی آنکھیں۔ اسی وقت پھولوں کی اونچی کیاری کے پیچھے شیلا ظاہر ہوئی۔ اس نے حیرانی سے ٹمی کو اور پھر اپنے بچے کو دیکھا۔ آنکھیں اوپر اٹھائیں۔ مجھے اور شائستہ کو دیکھا تو مسکرا پڑی۔

''تو جناب یہاں ہیں؟''

میرے منہ سے صرف ''جی'' ہی نکل سکا۔

آؤنا.....تمہیں اپنے ہسبینڈ سے ملواؤں.....نو مسلم ہیں۔ حسین نام ہے۔ میں نے اس سے ہاتھ ملایا۔ وہ نیگرو تھا۔ میں نے ٹمی اور شیلا کے بچے کو دیکھا۔ شائستہ کے ساتھ شادی کے بعد یہ میرے اصولوں کی دوسری ہار تھی۔ شیلا نے میری سوچ کو شاید پڑھ لیا تھا۔ اسی لئے تو مسکرانے لگی۔ جیسے کہہ رہی ہو۔

''میں نہ کہتی تھی کہ نیٹ رزلٹ تو چائے ہی ہوتی ہے''

قاسم سیال

گوٹی اور اسٹرائیکر

جب سے درویش نے مجھ پر عنایت کی تھی ..... میرا عجیب حال تھا ..... دل کہتا تھا کہ ساری دنیا کی مخلوق سے باتیں کروں جب پہلے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی تو میں نے سوچا کہ آج نہیں بچتے۔ آج مارے گئے۔ درویش جو میرے ساتھ بیٹھا تھا بڑے سکون اور اطمینان سے بولا۔ ''کیا بات ہے عزیزم''؟ میں نے خدشہ ظاہر کیا کہ اے بزرگ! جو خواہش ساری دنیا سے باتیں کرنے کی یعنی بہت بولنے کی میرے دل میں پیدا ہوئی ہے مجھے شک ہے کہیں میری بیوی کی روح میرے اندر نہ آ گئی ہو۔

درویش بولا ..... ''نہ بابا ..... یہ اس کلام کا اثر ہے جو میں نے پڑھ کر تجھ پر پھونکا ہے'' میں نے سوچا کاش اگر ایسا ہوتا تو میں اسے بے روح کر دیتا۔ بدحال دل خوش ہوا کہ اب خوب گزرے گی۔ وہ ایک بولنے والی ہوگی۔ اور میں نے جب کلام پڑھ کر پھونکا اور گھر کے ستون' کھڑکیاں' دروازے میرے ساتھ بات کریں گے تو حیرانی سے اس کی گھگھی بندھ جائے گی۔ ممکن ہے اس کی قوت گویائی ہی ختم ہو جائے۔ اگر ایسا ہوا تو میں اسے اس کلام غیبی کی برکت سمجھوں گا جس کو پڑھ کر میں اس دنیا کی ہر چیز چرند' پرند سب سے بات کر سکتا ہوں۔

ہم اس وقت بیٹھے ہوئے کرم بورڈ کھیل رہے تھے۔ میری بیوی نے بورک ڈال کر ساری گوٹیوں کو بورڈ کے درمیان کر دیا۔ اور سٹرائیکر کے ساتھ ان کو نشانہ مارا۔ سٹرائیکر لگنے سے گوٹیاں ادھر ادھر بکھر گئیں اور ایک گوٹی بورڈ کے چاروں کونوں میں بنے ہوئے سوراخوں میں سے ایک میں چلی گئی۔ جونہی سٹرائیکر کے ساتھ گوٹیاں بکھریں ایک شور سا میرے کانوں میں آیا۔ ''خدا تیرا بیڑا غرق کرے''۔ لیکن میں آرام سے بیٹھا رہا۔ وہ کہنے لگی۔ یہاں جنات کا سایہ ہے ..... یہ مکان ہے بھی ایسا ..... میں تو ایک پل بھی یہاں نہ بیٹھوں گی ..... گوٹی کی آواز آئی ..... ''اے انسان!

عورت واقعی ناقص العقل ہوتی ہے ..... نہیں سوچتی کہ جس کو میں نے دکھ پہنچایا ہے ..... اس کے بھی جذبات ہوں گے ..... اس کی بھی آہ نکلے گی۔ مائی جی! یہ ہماری بددعا ہے ..... ہمارا احتجاج ہے ..... تمہارے ظلم کے خلاف ..... یہ چونوں ونوں کا سایہ نہیں'' یہ سن کر میری بیگم بے ہوش ہوتے ہوتے بچی تو میں نے کہا ''بیگم صاحبہ ..... ذرا آج زندگی میں پہلی بار چپ ہوں ..... تو مجھے ان سے بات کرنے دیں ..... میں نے کہا ..... ''اے بورڈ کی گوٹیو! تمہیں کھیلنے کے لئے ہی بنایا گیا ہے ..... تو پھر تمہارے اس احتجاج کا مطلب''؟

ان میں سے ایک نمائندہ گوٹی نے جواب دیا ..... اس بات کا فیصلہ تمہاری صوابدید پر ہے کہ ہمارے ساتھ کھیلو یا ہمیں آپس میں مل جل کر رہنے دو ..... اس نے کہا ..... ہماری بھی کیرم بورڈ کی ایک محدود دنیا ہے ..... جتنا اور جیسا بھی ہے ..... ہمارا وطن ہمیں عزیز ہے اور ہمیں جان سے بھی پیارا ہے اور جب ہم اپنی سرخ جوڑا پہنے ہوئے ملکہ کے چاروں طرف بیٹھتی ہیں تو پھر ہم میں گورے کالے کی تفریق ختم ہو جاتی ہے۔ ہم آپس میں بلا امتیاز رنگ و نسل اتفاق اور اتحاد کے ساتھ رہتی ہیں۔ ہماری سوچ یہ ہوتی ہے کہ ہم کسی کا برا نہیں چاہتیں اور توقع کرتی ہیں کہ ہمیں بھی کوئی نہیں چھیڑے گا۔ مگر جس وقت یہ اسٹرائیکر جو ہمارا ہی بھائی بند بنتا ہے اور ہماری برادری کا ہوتا ہے۔ تمہارے ہاتھوں میں آتا ہے تو اسے یہ بھی یاد نہیں رہتا کہ وہ اپنوں پر ظلم کر رہا ہوتا ہے۔ اس کی کوشش ہوتی ہے کہ ہمیں منتشر کر دے۔ بورڈ کے چاروں طرف جو گہری کھائیاں بنی ہیں ان میں دھکا دے دے تا کہ ہم اپنی محدود دنیا میں آزادی کے ساتھ نہ رہ سکیں۔ وہ اس دنیا کا اکیلا مہاراجا بن کر رہے۔ لیکن اس بے عقل کو کئی بار تجربہ کرنے کے باوجود عقل نہیں آئی کہ ہم زخمی یا مردہ یا الگ الگ ہو کر اپنی طاقت ختم کر بیٹھتے ہیں اور آخر کار بورڈ پر ہماری نسل کی ایک بھی گوٹی نہیں رہتی۔ پھر تمہاری انگلیاں اس ستم ظریف لالچی کو بھی ہمارے ساتھ اس اندھی کھائی میں پھینک دیتی ہیں۔ ہم حیران ہیں کہ یہ دوسروں کے ہاتھ کھلونا کیوں بنا رہتا ہے؟

پھر اس نے پوچھا ''قاسم میاں تمہارا اصل نام کیا ہے''؟

''میرا نام قاسم ہے''میں نے جواب دیا۔

مگر تمہیں میرے نام کا پتہ کیسے لگا؟.....''میں نے تمہیں تمہاری صفت سے پکارا ہے۔تم ہمیں اسٹرائیکر کے ساتھ جمع سے تقسیم کرتے ہو۔اس نسبت سے تمہیں قاسم کہا ہے۔بہر حال تم اسم بامسمی ہو۔ہاں.....تو میں کہہ رہی تھی۔جونہی تم اسٹرائیکر کے ذریعے ہمارا نشانہ لیتے ہو ہم کالی ہوں یا گوری سب ایک دوسرے کو گلے لگائے ہوتی ہیں۔مگر تم ہمیں الگ الگ کر کے مارتے ہو۔اگر ایک کالی گوٹی کو مارتا ہے تو دوسرا کسی گوری کو۔تمہارے اس کھیل میں تو تماشہ ہم دونوں بنتے ہیں۔ نقصان تو دونوں کا ہوتا ہے۔گوٹی نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا.....تم ہمارے راستے میں یہ اسلحہ کیوں بکھیر دیتے ہو جو ہمیں جلدی سے موت کے منہ میں لے جاتا ہے''

میں نے کہا.....''ہم تو صرف بورک استعمال کرتے ہیں''''میں اس کا ذکر کر رہی ہوں جس پر پھسل کر ہم اپنی جان جان آفریں کے سپرد کر دیتے ہیں۔آخر ہماری تمہاری دشمنی کیا ہے؟ کیا ہمارا جرم یہی ہے کہ ہم چھوٹی ہیں۔تم بڑے ہو.....تمہارے پاس بورک ایمنڈ ہے۔ہم اتفاق کو اچھا سمجھتی ہیں۔تم انتشار پسند کرتے ہو۔کیا تم اپنی طاقت کو ان کھائیوں میں پھینکنے کی بجائے ان اندھے کنوؤں کو بند کرنے میں خرچ نہیں کر سکتے ؟تا کہ ہم ان میں گرنے سے بچ سکیں۔''

''ہم ایک ایک کر کے مرتی رہتی ہیں۔اور تمہارے نمبر بڑھتے رہتے ہیں۔کیا تمہیں کبھی ان نمبروں سے بھی چھٹکارا ملے گا؟ جب ہمارے بورڈ پر تم دونوں کھیلتے ہو.....تمہاری انگلیاں اشارے کرتی ہیں۔تم میں سے ایک کالی گوٹی کو نشانہ بناتا ہے تو دوسرا گوری کو۔دوسری بار دونوں اپنے اپنے نشانے تبدیل کر لیتے ہو۔دونوں کھلاڑیوں میں سے جو ایک رنگ کی زیادہ گوٹیاں اس اندھی کھائی میں گرا دیتا ہے اس کے نمبر بڑھ جاتے ہیں۔ایک دفعہ ایک جیتتا ہے۔دوسری دفعہ دوسرا۔دیکھنے والے یہ سمجھتے ہیں کہ تمہارا آپس میں مقابلہ ہے۔اصل میں تمہاری آپس میں کوئی لڑائی بھڑائی نہیں ہوتی۔تمہاری انگلیاں حرکت کرتی ہیں تو ہماری نسل کا طاقت ور باغی اسٹرائیکر ہم پر نشانے باندھتا ہے۔ہم زخمی ہوتی ہیں۔یا تنگ آ کر اپنی سرزمین چھوڑ دیتی ہیں۔مگر تمہیں اس

سے ملتا کیا ہے؟''

میں نے اس کی فضول بور کرنے والی باتیں سنیں تو معاملہ ختم کرتے ہوئے اسے کہا۔

''اگر کوئی پیغام دینا ہو تو بتاؤ''.....گوٹی نے کہا.....''پیغام تو اس صورت میں دوں اگر کوئی ہماری سنتا بھی ہوتا.....تمہیں کچھ کہنا فضول ہے.....تمہارا ہمارا کوئی رشتہ نہیں۔لیکن چونکہ اس میں نادانستہ طور پر بلا سمجھے اپنے انجام سے بے خبر ہمارا اپنا بھائی بند استعمال ہو رہا ہے تو پیغام یہی ہے کہ اسٹرائیکر کو کہنا.....تم نے ہم نے پھر اکٹھے رہنا ہے۔پہلے تجربے سے سبق حاصل کر کے اب پھر ان ہاتھوں میں کھلونا نہ بننا۔''

پروین عزیز

آنسوؤں کا رنگ

فاطمہ کوئی زیادہ خوبصورت نہ تھی۔ سانولا رنگ لیکن نقوش بہت خوبصورت تھے۔ بڑی بڑی روشن آنکھوں نے اس کی شخصیت کو دلکش بنا دیا تھا۔ اگر اس کے چہرے پر سبز آنکھیں اور ان میں سرخ ڈورے نہ ہوتے تو وہ ایک عام سی لڑکی تھی۔

بستی میں گندم کی کٹائی کا موسم آیا۔ تو شہر میں اسکولوں کو دو مہینے کی چھٹیاں ہو گئیں۔ ہر سال کی طرح اس سال بھی نمبردار کی بیٹیاں نیرو اور رینا بستی کی سیر کرنے آئی تھیں۔ ایک دن وہ فاطمہ کے گھر آئیں۔ تو فاطمہ اس وقت نہا دھو کر سبز رنگ کا سوٹ پہنے بیٹھی تھی۔ اور سبز رنگ کا بڑا سا دوپٹہ لپیٹے ہوئے تھی۔ اس کی آنکھوں کے رنگ سے اس کے کپڑوں کا رنگ اتنا مل رہا تھا کہ نیرو اور رینا تو اسے دیکھتی ہی رہ گئیں۔ فاطمہ پہلی ملاقات میں نیرو اور رینو کی سہیلی بن گئی۔ روز روز کے ایک جیسے معمول سے تنگ آ کر نیرو نے اپنے گھر میں ایک شاندار دعوت کا اہتمام کیا۔ دعوت والے دن فاطمہ نے سرخ رنگ کا بالکل سادہ جوڑا اور سرخ رنگ کا دوپٹہ پہنا۔ نیرو اور رینا کو بڑی حیرت ہوئی کہ فاطمہ کو یہ رنگ بھی بہت سج رہا تھا۔ اس کی آنکھیں ایسے چمک رہی تھیں جیسے ان میں کسی نے آگ لگا دی ہو۔

''فاطمہ..... تم تو بس وہی رنگ پہنا کرو جو تمہاری آنکھوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔ نیرو کے اس مشورے پر فاطمہ شرما کر لال سرخ ہو گئی۔

چھٹیاں ختم ہوئیں تو رینا اور نیرو شہر چلی گئیں۔ کچھ عرصے بعد نمبردار نے اپنے بیٹے سلیم کے لئے فاطمہ کا رشتہ مانگا۔ فاطمہ کا باپ بہت خوش ہوا کہ اس کی بیٹی کسی خوشحال گھر میں زندگی گزارے گی۔ آخر کار شادی کا دن آ گیا۔ رینو اور نیرو نے بھائی کی نہایت اعلیٰ بری بنائی

تھی۔ فاطمہ کے کپڑوں میں سرخ اور سبز کپڑوں کی بھرمار تھی۔ شادی کی رات سرخ کناری والا سوٹ پہن کر فاطمہ دہک رہی تھی۔ ولیمے والے دن نیرو نے اسے سبز رنگ کا غرارہ سوٹ پہنایا۔ تو اس کی آنکھوں کا رنگ اور گہرا ہو گیا اور سرخ ڈورے ہلکے گلابی ہو گئے۔ فاطمہ کا حسن دنیا دیکھتی نہ تھکتی تھی۔ مگر اس کے باوجود فاطمہ کے دل میں ایک حسرت تھی خلش تھی ایک کانٹا سا چبھا تھا۔ کہ کاش کبھی سلیم بھی اس کی آنکھوں کی تعریف کرے۔ یا کبھی وہ بھی اسے یہ احساس دلائے کہ یہ رنگ اسے اچھے لگتے ہیں۔ لیکن سلیم کی لاپروائی اپنی جگہ پر برقرار رہی۔

ایک دن سلیم فاطمہ کو اپنے ایک ڈاکٹر دوست کی دعوت پر اس کے گھر لے گیا۔ فاطمہ نے اس روز خوب سنگھار کیا کہ شاید آج سلیم کا دل موم ہو جائے۔ اس نے سبز رنگ کی ساڑھی پر سرخ رنگ کا بلاؤز پہنا تو وہ سر سے پاؤں تک سج گئی۔ دعوت کے بعد ڈاکٹر کی بیوی نے فاطمہ سے کہا ''آپ کو دیکھ کر یوں لگتا ہے جیسے سبز شام پر سرخ چھل لگا ہو'' ''کیوں سلیم ٹھیک ہے ناں؟ اس نے سلیم کو مخاطب کیا۔

''جی..... جی..... جی..... بھابی!'' سلیم نے ہکلاتے ہوئے کہا۔ تو اس کا ڈاکٹر دوست بے اختیار ہنس پڑا۔ اور بیوی کو کہنے لگا۔ انہیں کیا پتہ بیگم۔ یہ صاحب تو کلر بلائنڈ ہیں۔

''اچھا..... اوہو..... تو پھر اس کا مطلب یہ ہے کہ انہیں سرخ اور سبز رنگ میں فرق محسوس نہیں ہو سکتا'' ''جی ہاں..... بالکل نہیں..... محترم کو یہ خصوصیت خیر سے وراثت میں ملی ہے'' ڈاکٹر نے جواب دیا۔

ڈاکٹر اور اس کی بیوی ہنسنے لگے اور فاطمہ کو یوں لگا جیسے زندگی کے سارے رنگ جل کر راکھ ہو گئے ہیں اور ایک رنگ باقی رہ گیا ہے۔ حسرتوں کا رنگ آنسوؤں کا رنگ جو اس وقت اس کی آنکھوں میں امڈ آیا تھا۔

❁❁❁

دُھپّاں

چھانْواں

Kulliat-E-Hussain Sahar---WW

حُسین سحرؔ

دُھپّاں چھاواں

(پنجابی شاعری)

حُسین سحؔر

کتاب نگر حسن آرکیڈ، ملتان

ضابطہ

(سارے حق راکھویں نیں)

اشاعتِ اول	2000ء
کمپوزنگ	کمپوگرافکس، ملتان
طباعت	ملتان آرٹ پریس، ملتان
ناشر	کتاب نگر حسن آرکیڈ، ملتان کینٹ
قیمت	-/100 روپے

انتساب

اپنے والد محترم

حاجی میاں برکت علی مرحوم و مغفور دے ناں

پرچھانویں

سورج ڈب گیا اے
رات دا تیز ہنیرا
سرد ہوا بن کے ہر پاسے پھیل رہیا اے
چن دے مدھم رنگاں دی
برسات اے جاری
سنم سان نظر آندی اے ہر پاسے
پر رات دے پچھلے پہریں
ہن وی دسدے نیں
کجھ گھڈے ودھدے پرچھانویں

پنڈ دی کُڑی

پنڈی دی سڑک تے
اوہ ہر ویلے
دھوڑاں پھکدی رہندی اے
شہر چوں آون والی
ہر لاری نوں تکدی رہندی اے

سمندر

شام دے ٹھہرے تے چپ چاپ سمندر دے وچ
کنے منظر
اک اک کر کے ڈُب رہے نیں
اپنی موت مری جاندے نیں

مَیں کلّا آں

دنیا اک جنگل اے انساناں دا
جتھے ہر انسان اک رُکھ اے
ہریا یاں کملایا
انساناں دے اس جنگل وچ
مَیں کلّا آں

دنیا ریگستان اے
جتھے ریت دے ذرے بن کے بندے
اپنی اپنی منزل نوں اڈے جاندے نیں
مَیں وی اک ذرہ آں
لیکن مَیں کلّا آں

دنیا اک سمندر اے
جس وچ انسان وی لہراں بن کے پے وگدے نیں
انساناں دا ایہہ پُرشور سمندر ٹھاٹھاں مار رہیا اے

کوئی نئیں جو میری سوچ مرے احساس مرے جذبات نوں سمجھے
مَیں کنڈے تے آں
چپ چاپ کھلوتا کلم کلا

ہر انسان اے اپنی ذات دے وچ اک دنیا
ہر کوئی اپنے غم اپنے دکھ درد دے وچ ای مست اے
ٹریا جاندا اے انجانی رہ تے
مَیں وی سچا
اوہ وی سچے
آخر اتھے کدتک کوئی ساتھ کسے دا دے سکدا اے؟

دو بیڑیاں دا مسافر

اگلا پیر جے اگاں ودھاواں
دوجا پچھے رہ جاندا اے
پچھے جیکر تکاں
اگلا پلا پھڑ کے بہہ جاندا اے
اگے میرا عکس اے
پچھے میرا سایہ
دونواں توں بچ کے
مَیں کتھے جا سکنا واں؟

چُپ

وچھڑن ویلے
ایہہ کیہ ہویا؟
دونویں چُپ ساں
نہ اوہ روئی
نہ مَیں رویا

اعراف

لال گلابی نیلے پیلے پُھلاں دی خشبو
ٹھنڈی ٹھنڈی وا دا بُلّا
چن دی نمی نمی لو
کجل بھریاں اکھاں
مہندی رنگے گورے ہتھ
سجرے سجرے بلھاں اتے
کھڑ کھڑ کردے ہاسے
اک پاسے چرخے دی گھوکر
پیار دا گیت سناوے
جنت نوں لے جاوے
اک پاسے جنگاں دا دھواں
کالا شاہ غم دا پر چھانواں
دوزخ دا سرنانواں
اگے ودھدا آوے
سر تے آن ڈراوے

ایس دھوئیں دے ودھن توں پہلاں ای
کجھ جتن کرو
تاں جے زندہ رہن ہمیشہ
پھلاں دی خشبو
تے چن دی نمی نمی لو

اعلان

پُھلاں دی خشبونوں
کوئی روک نئیں سکدا
ٹوک نئیں سکدا
اُچے اُچے محل منارے
کندھاں کوٹھے تے چوبارے
روک نئیں سکدے
ٹوک نئیں سکدے
سورج دی تکھی رشنائی
چن دی نمی نمی لونوں
ست رنگے اسمانی تنبو دی کوئی حد اے؟
ہر پاسے رنگاں دی بارش
ہر پاسے گیتاں دارس اے
رنگاں تے گیتاں نوں
کوئی اُچی کندھ
کوئی چوبارہ
محل منارہ
روک نئیں سکدا
ٹوک نئیں سکدا

چن اے اک اکلا

آہندے نیں جو بارش وسنی
کھیت لئی اے رحمت
پر جے ہووے حدوں باہر
ایہو اے فرزحمت

ڈھیر پھُلاں دا ہے ایہہ نتیجہ
ڈالی سُک جاندی اے
ڈھیر اوہ بھار سہار نئیں سکدی
آخر جھک جاندی اے

اک دو پھُل نیں شاخ دی رونق
اک دو پھُل سہارا
ڈھیر پھُلاں دے نالوں چنگا
اک پھُل دا نظارا

بارش دی کنیاں دا موتی
بنا نئیں سوکھلا
اسماناں تے تارے بہتے
چن اے اک اکلا

حدوں باہر نہ ٹھیک ہنیرا
حدوں باہر ناں چانن
اپنی تھاں تے ٹھیک ہنیرا
چانن دی تھاں چانن

حدوں باہر نہ چنگا سوکا
حدوں باہر ناں پانی
سوکے دی تھاں سوکا چنگا
پانی دی تھاں پانی

اپنی اپنی حد اندر ای
سارے کم نیں چنگے
چادر ودھ جے پیر کھلارو
پیر ہو جاون ننگے

نویں سویر دا سورج

ایہہ کل دی گل اے
مرے ہنیرے اداس گھر وچ
کتھے وی ٹھنڈی ہوا دے بُلّے تے روشنی دا نشان نئیں سی
ہوا دے بُلّے دے پچھے پچھے مَیں نس رہیا ساں
تے روشنی دی کرن کرن نوں ترس رہیا ساں
خبر نئیں جو مَیں رو رہیا ساں کہ ہس رہیا سا
کہ میرا رونا تے میرا ہسنا وی میرا نئیں سی
مَیں پوہ دا کمر تے ہاڑ دی دُھپ سر تے جر کے وی
اپنے لہو نال محنتاں دے چراغ بالے
مگر مرے گھر ہنیرا گھپ تے اداسیاں سن
مرے ای مڑھکے دے سچے موتی مرے نئیں سن
سیاہ راتاں دا ظلم کالک نوں پالدا سی
تے میری محنت دے سچے موتی سیاہ پتھراں چ ڈھالدا سی
مرے لئی تے وسا کھ دا رنگ بھریا موسم وی کال دا سی
پر اج دا سورج تاں اسراں چڑھیا اے
جسر اں سارے ہنیرے دھرتی توں ٹر گئے نیں
مرے ہنیرے اداس گھر وچ وی چانن اے
تے ٹھنڈی وا وچ ملوک پُھلاں دے ہاسیاں دی بہار جہی اے
ایہہ چڑھدے سورج دی روشنی میری روشنی اے
تے ون سونے جوان پُھلاں دا رنگ اے میرا
ایہہ سوہل کلیاں دی نرم خشبو مرے لئی اے
تے میرے بُلھاں تے میرے ای دل دی بولیاں نیں
مَیں اپنے کھیتاں دا آپ ہالی آں
اپنی مٹی دا آپ راکھا آں
ایہہ خزانہ مرے لئی اے
مرے جفاکش تے سخت ہتھاں دی سخت محنت
کِسے لئی نئیں ہن اپنے لئی اے
مَیں اپنی قسمت دا آپ مالک آں
میرے سب دکھ تے سارے سکھ میرے آپنے نیں

اڈیک مک گئی

ہواچ خوشبوآں کہہ رہیاں نیں
گلاب ٹہکے نیں چہریاں تے
فضاچ گیتاں دی روشنی اے
تے رنگ مہکے نیں چہریاں تے
بہار گلشن چ آ رہی اے
بہار دی ہن اڈیک مک گئی
اڈیک مک گئی

وچھوڑیاں دا گیا اے موسم
ملن دی رت آ گئی اے نیڑے
اخیر رانجھے دا جوگ مکیا
تے ہیر نے چھڈے سیدے کھیڑے
اداس بلھاں تے ہوکے مکے
تے وگدے ہنجواں دی نہر سُک گئی
اڈیک مک گئی

جو کونج وچھڑی سی ڈار وچوں
اوہ ڈار دے نال آ رلی اے
ہوا جو پت جھڑچ رُس گئی سی
بہار دے نال آ رلی اے
دلاں‌چ جو روز جُھل رہی سی
جدائی دی اوہ ہنیری رک گئی
اڈیک مک گئی

دھپاں چھانّواں

❁

آ ؤ نی سہیلیو! کپاہ چنن چلئے

چٹے ددھ پھلاں اتے آیا اے نکھار نی
کھیتاں وچ فصلاں تے نویں اے بہار نی
اسیں وی تے نویاں بہاراں نال رلیئے

آ ؤ نی سہیلیو!

کیدی نیں چنیاں تے پھل چٹے چٹے نی
اینہاں اگے دھپاں دے وی رنگ مٹے مٹے نی
انج لگے ہر پھل چانن دی کلی اے

آ ؤ نی سہیلیو!

جھولیاں چ ساڈی جہڑے لشکدے نیں پُھل نی
ساڈے ای ایہہ لہو تے پسینے دا مُل نی
ساڈیاں ای محنتاں دا نور گلی گلی اے

آ ؤ نی سہیلیو!

نیلے نیلے امبر اُتے
چٹے چٹے، کالے کالے، اُودے اُودے گوہڑے بدل
لکن میٹی کھیڈ رہے نیں
سورج دی تکھی اکھاں تے پٹی بنھ کے
سورج اگے بدل پچھے
بدل اگے سورج پچھے
نسدے نسدے اک دوجے توں دور گئے
فر نیڑے آئے

جیون وی اک نیلا امبر
جس تے رنگ برنگے بدل
سورج دے نال
لکن میٹی کھیڈ رہے نیں
دھپاں چھانّواں ونڈ رہے نیں
دکھاں دیاں دھپاں

بے وس

روز کہناواں او تھے نئیں جانا
فروی چلناں مَیں او سے رستے تے
خبرے کیہہ ہوگیا مرے دل نوں؟

سکھاں دیاں چھانْواں
دکھاں دیاں دھپاں
غم دیاں گونگیاں چُپاں
بھکھ دیاں سخر دوپہراں
سڑ دیاں دوزخ لہراں
سکھاں دیاں چھانْواں
خوشیاں دیاں اداواں
مہکدیاں پھُلاں دیاں باہواں
جنت دیاں ہواواں
جیون دے دونواں پکھاں دا
اکو نا نواں
دھپاں چھانْواں

ترے بغیر

ترے بغیر گزر دے نئیں ایہہ دن میرے
خزاں تاں فیر خزاں اے گزر ای جاوے گی
مگر بہار تاں آخر بہار اے سجناں
تیر بغیر ایہہ موسم گزر نئیں سکدا
عجیب رُت اے جو چھائی اے میری سوچاں تے
فضاچ واشنا اے مہندی رنگے ہتھاں دی
کلی کھڑے تاں ترے ہونٹھ مینوں دسدے نیں
کنول جو ویکھاں تاں اکھاں تری نظر آون
گلاب مہکے تاں آندی اے تیری یاد بہت
جے دھپ نکلے تاں گلھاں دی روشنی چمکے
جے ابر چھائے تاں زلفاں سیاہ لہراون
جے چن نکلے تاں دسّے ترا حسین مکھڑا
ہوا دے نال چھما چھم وسن مری اکھاں
پوے جے شام تاں دھک دھک کرے ایہہ دل میرا
بھلا مَیں کٹاں گا کسراں ایہہ لمے اکلاپے
تیری اڈیک دے اتھرو نیں میری اکھاں وچ
گزردیاں نیں کدوں تیرے بن مری راتاں؟
تیر بغیر گزر دے نئیں ایہہ دن میرے
ترا وجود میرے واسطے ضروری اے
ترے بغیرمری زندگی ادھوری اے

پباں بھار

دل وچ ہنجو ہوکے ہاڑے
جاگ رہے آں رات دہاڑے
تن من لو اے عشق دی اگ دی
اکھ وچ آس ملن دی جگ دی
تک تک راہواں اکھاں تکھیاں
کلیاں رہ رہ سدھراں اکیاں
ہجر دے شوہ وچ سٹیا لیکھاں
اڈیاں چک چک کندھ توں ویکھاں
کدی تے آوے گا من ٹھار
عمر گزاری پباں بھار

چنتا چخا برابری

رات دنیں بس اکو فکر اے
اک خیال تے اکو ذکر اے
اس اکو چنتا دے اندر
سڑدی بلدی چخا دے اندر
بھانبڑ میرے چار چوفیرے
دُکھ دیاں لاٹاں اندر میرے
ہر دم ہر پل دھکدا رہناں
غم دیاں تکھیاں چِنگاں سہناں
کیہہ آں مَیں تے کون آں کتھے؟
کہڑا میری ذات نوں متھے؟

چھاں خوشیاں دے رکھ دی غم دی سخر دوپہر
کِسے نہ دل نوں روکیا کسے نہ کہیا ٹھہر

اک اک بندہ کھا گیا اکلاپے دا زہر
پل وچ اجڑ گئے نیں وسدے رسدے شہر

یاداں دے جنگل وچ ٹریا جاواں کلا
سپاں وانگوں شوکدی دریا دی ہر لہر

ایڈی تیز غماں دے سورج دی سی لو
وگدی وگدی سُک گئی اتھرواں دی نہر

پُھلاں دی خشبو دی قیمت لگی پین
آخرکار زمین تے نازل ہویا قہر

جد دھرتی اسمان بنے گی مَیں اوہ روز اڈیکاں
اساماں تے ڈیرے لائے دھرتی دے وسنیکاں

پیلے پتر ٹھنڈی وا دے اگے پے گرلاون
شاخاں دی تلواراں تھلے کلیاں مارن چیکاں

دل دا جرم کرن توں پہلاں سوچ وچار تے کردا
ذہن دی سخت عدالت اگے جا ہُن بُھگت تریکاں

قسمت دی اُچیائی تے ہے ہر بندے دے ہتھیں
ہتھاں دی سبھے ای لیکاں ہن قسمت دیاں لیکاں

لوکاں دی تے عادت ہے ہر خوبی نوں پڑچولن
چن دے چٹے مکھڑے نوں وی سو سو لاون لیکاں

ایہہ نظارے اج وکھائے بھیس وٹاندیاں واواں
کتے نیں ٹھنڈیاں دھپاں یارو کتے نیں تتیاں چھاواں

لوکی کہندے نیں پنڈاں توں شہراں وچ اے رونق
مینوں تے نظری آندا اے بندہ ٹانواں ٹانواں

نویں زمانے دی رشنائی سارے فرق مٹائے
دشمن تے دشمن اے اجکل یار ہو جاندا سانواں

خبرے سورج تے بدل دی لکن میٹی کیہ اے؟
بندے نالوں ودھدا جاوے بندے دا پرچھانواں

ویلے دی اس ٹور نے آخر ایہہ وی رنگ وکھایا
اپنی اپنی چال بدل لئی کیہ ہنساں کیہ کانواں

اُسراں تے میں شعراں راہیں کہہ چکیاں سب قصہ
حالی تیک سحؔر نئیں لکھیا قصے دا سرنانواں

بانہہ بیلی نیں غم دل دے
ہین کول ایہہ ہر دم دل دے

ایہہ اکھاں لبھ رہیاں نیں
کتھے نیں ہمدم دل دے؟

پچھدے نئیں حال اساڈا
جے ملدن محرم دل دے

پت جھڑ ہووے یا ساول
ہین اکو موسم دل دے

ہر تان ای درد بھری اے
جے سنو تاں سرگم دل دے

ہسدے ہسدے رو پیندا
وکھرے نیں سب کم دل دے

اسیں سحؔر ازل دے تتے
پیواں گے زمزم دل دے

دل وچ اساں رنگ برنگی یاداں دی اے ٹور
جساں ہرے بھرے جنگل وچ پیلاں پاون مور

اکھاں اگے تیر رہیا اے خوشبوآں دا زہر
کناں دے وچ شوک رہیا اے تیز ہوا دا شور

رڑھ گئے خوشیاں والے موتی غمیاں والے پتھر
دل وچ نویاں سدھراں دا اوہ ہڑ آیا سر زور

سونے ورگی صورت نوں مَیں مٹی وچ ملایا
مٹی دی اس مورت کولوں ہُن کیہ چاہنیں ہور؟

مَیں سُتاں واہ گھوک تے میری اکھاں جاگ رہیاں نیں
انھ ہنیرے ویکھ رہیا واں سفنے نویں نکور

نچ رہے آں ویلے دی اسٹیج تے پتلی وانگوں
خبر نئیں کجھ سحر اساڈی کس دے ہتھ اے ڈور؟

دھپاں وچ جو ٹھردے پے نیں
چھانواں وچ پنگھر دے پے نیں

موت توں جہڑے مر نئیں سکے
جیون ہتھوں مردے پے نیں

فجر دے بُھلے شام نئیں آئے
گھر آون توں ڈردے پے نیں

لوک نویں نیں یاداں اندر
پچھلے ناں وسردے پے نیں

جہڑے ہر میدانے جتے
عشق دی بازی ہردے پے نیں

کیہ ہویا جو اسیں کھڑے آں
کجھ تاں پار اتر دے پے نیں

ریت نوں تِسے سمجھے پانی
دھوکے صاف نظر دے پے نیں

غیراں نے سانوں نئیں لٹیا
چور تاں اپنے گھر دے پے نیں

واسی نیں ایہہ کس نگری دے؟
دوزخ وچ وی ٹھردے پے نیں

پندھ تاں اوویں دا اوویں اے
اووویں دن گزردے پے نیں

رنگ انہاندے منہ دا دسدَے
کر کے گل مکردے پے نیں

سحؔر مری پلکاں تے ہنجو
سورج وانگ ابھردے پے نیں

پہلے ای جہڑا سدھراں دے سی حجاب وچ
دل دا اوہ شہر ڈب گیا غم دے سلاب وچ

نظراں دے سامنے وی کدی آ کھلووے گا
ہر روز آ کے ملدا اے مینوں جو خواب وچ

فیر کس طراں مَیں تیریاں ہونٹھاں نوں پُھل کہواں؟
جد رنگ اے نہ مہک اوہ سجرے گلاب وچ

یاداں دے قافلے نوں کوئی ودھ کے روک لے
مَیں گھِر گیاں واں بیتے دناں دے عذاب وچ

اوہناں تے مینوں کُجھ وی لکھیا نئیں سحؔر
مَیں سوچنا واں کیہ لکھاں خط دے جواب وچ

بدلاں گے اپنا حال اساں
ایہو آہندے آں ہر سال اساں
بس عشق دے آں لج پال اساں
رانجھے ہنوں مہینوال اساں
رَت دے کے رُت کے کاسے نوں
کیتا اے مالامال اساں
توں چکھیں شالا درداں نوں
فیر پچھئے تیرا حال اساں
ہن کوئی پچھان نئیں سکدا
ایسی بدلی اے چال اساں
بے فکرے ہو کے پھرنے آں
لے سر تے غم دی شال اساں
اساں اج دے دَور دے عاشق آں
کھولے نئیں سر دے وال اساں
لوکاں نال ٹر ٹر تھک گئے آں
ہن پھراں گے اپنے نال اساں

اوہدے آون دی امید نئیں
پاندے آں فر وی فال اس
دل روے گوکاں مار سحر
نئیں جاندے کجھ سُر تال اساں

دل جھلا آئے دن جیوندا نہ مردا
یاداں والے شوہ وچ ڈبدا نہ تردا
دوستاں دی دوستی توں دل ایسا رجیا
اگ کولوں ڈریا ٹٹیہنے توں وی ڈردا
باندراں دے سر نیں بنات دیاں ٹوپیاں
مورکھاں دے کھان لئی قورمہ تے زردا
شاوا اوس دیوے اُتے بلے جو بیرے تے
کلا ای اوہ کالیاں ہنیریاں نوں جردا
اوہنے تے عطا سانوں کیتیاں نیں نعمتاں
اسیں وی تے دیندے کجھ ساتھوں وی تے سردا
اوہناں ڈھڈ سُول جنھاں کھاہدیاں نیں گاجراں
سانوں کیہ جو دل ساڈا اج ہوکے بھردا
اکھ دی پٹاری وچوں جھاکدا اے اتھرو
ایہنوں کویں ڈکئے ایہہ بھیتی ہویا گھر دا
بُھلئے تاں اودوں جدوں یاد سانوں آوے اوہ
یاد اودوں کریئے جے ہووے اوہ وسردا
زندگی دے تھل وچ صدیاں دے پندھ نیں
سفراں چ اوہدا غم ساتھی اے سحؔر دا

اپنے سائے توں وی سنگیا
مَیں اکلاپے دے نال منگیا
دن نے میرا پنڈا پچھیا
رات نے سُولاں اُتے ٹنگیا
زہر اے سارے جُسے اندر
مینوں کسی سپنی نے ڈنگیا
لوں لوں اتے پیلک چھائی
مَیں پت جھڑ دے رنگ اچ رنگیا
اوہدی گلی چوں لنگھن ویلے
وا دا اک اک بُلا کھنگیا
کیہ دساں مَیں ہجر ترے وچ
اک اک پل اے کسراں لنگھیا

شوہ وچ بیڑے دل دے پے نیں
یاداں دے وچ ٹھِلدے پے نیں
غم مدتاں دے وچھڑے دل نوں
اک اک کر کے ملدے پے نیں
ساڈے دل دی حالت اُتے
لوکی ہسدے کھِلدے پے نیں
حُسن دی نگری اندر ہر تھاں
رولے اوہدے تِل دے پے نیں
سحر نئیں کھلدے راز دلاں دے
گنجھل اول مشکل دے پے نیں

اتھرو کیہ آئے اکھاں وچ
لانبو بلدے نیں ککھاں وچ
اوہدے پیار دے غم دے ہتھوں
کلم کلے آں لکھاں وچ
عشق دی شان اے سب توں وکھری
جیون دے سارے پکھاں وچ
سب تو اُچی دَکھ اے اوہدی
حُسن دیاں رنگیں دَکھاں وچ
اُڈن دی عادت ای بُھل گئی
پنجرے دے عادی پکھاں وچ

غم دی تکڑی ٹل گئی اے
جندڑی کہڑے مُل گئی اے؟
ناں لیا اے سجناں دا میں
مصری منہ وچ گھُل گئی اے
یاد رہیاں نیں اوہدیاں گلّاں
صورت اوہدی بُھل گئی اے
ہنجواں دی برسات سی اینی
ساری پوتھی دُھل گئی اے
اوہدی یاد دی وا جو چلی
دل دا ورقہ تُھل گئی اے
سحؔر اساڈی پریم کہانی
چارے پاسے ہُل گئی اے

پیار دی کہانی داستان بن گئی اے
نکی جہی گل دی گلان بن گئی اے
کناں گمنام ساں میں تیتھوں پہلاں سجناں
تیرے نال میری وی پچھان بن گئی اے
ویکھدے ای ویکھدے ایہہ اکھاں کویں وسیاں
ہجر وچ موج وی طوفان بن گئی اے
تیریاں محبتاں چ دل انج لشکیا
کلری زمین اسمان بن گئی اے
سر اُتے رکھ کے ساں زخماں نوں ویچدا
ویکھدیاں ای ویکھدیاں دکان بن گئی اے
اسیں ہن دو نئیں اسیں ہن اک آں
اوہدی جند میرے لئی جان بن گئی اے
کسراں میں چھڈ دیواں سحؔر اوہدی یاد نوں
میریاں تے گیتاں دی او تان بن گئی اے

ہجر دی اگ اوہ لانبو لاوے
دل دی جُھگی ساڑ مکاوے
عشق دی سُولی آپ چڑھے آں
آپ پھسے نوں کون چھڑاوے؟
ٹھدے بھجدے جڑ دے بندے
ہر پاسے مٹی دے باوے
دل دے عرش معلیٰ اندر
ست زمین اسمان سماوے
سانوں ہاواں دے وس پا کے
اوہ کیوں ڈھولے ماہیئے گاوے؟
جناں سادہ من اے ساڈا
چولے اونے سُوہے ساوے

کون کہندا اے ایہہ سویرا اے؟
اجے حالات دا ہنیرا اے
میرے بُلھاں تے ہور ناں کوئی نئیں
ذکر جو وی کراں اوہ تیرا اے
جدھے موہڈے بڑے جھکے ہوئے نیں
سارے پنڈ دا اوہو وڈیرا اے
اوہو نیواں اے ساری وستی وچ
جدھا شملہ بڑا اُچیرا اے
جہڑا لُکیا اے نھیریاں دے وچ
میرے گھر دا اوہو بنیرا اے
کیوں جھگڑنا ایں ایویں دل بارے
نہ ایہہ تیرا اے نہ ایہہ میرا اے
میں کیہ کرنا اے ہُسن خوشی لے کے
میرے لئی اکو غم بتھیرا اے
ہن تے ایہہ گھر نئیں سحؔر کلا
میرے دل وچ غماں دا ڈیرا اے

اکو جہیاں مٹھیاں نیں کجھ کوڑیاں نیں
خوشی غمی بھیناں نیں دونویں جوڑیاں نیں

جسّے دے وچ اگ لگی اے نمی جہی
لہودی تھاں تے رگ رگ چِسنگاں دوڑیاں نیں

کندھاں نال ہر بندہ کھیہ کے لنگھدا اے
شہر ترے دیاں گلیاں کنیاں سوڑیاں نیں

اوہدے اگے اک وی حرف نئیں آندا
کہن نوں دل وچ گلاں لمیاں چوڑیاں نیں

ٹیسی اُتے قسمت والا اپڑے گا
ویکھن نوں تاں سدھیاں عشق دی پوڑیاں نیں

اُسل وٹے بھندیاں گزری رات سحؔر
ایویں تے نئیں ہن تائیں اکھاں کوڑیاں نیں

جدوں دے دل دے بُوہے بھیڑے
سُنجیاں گلیاں سُنجے ویہڑے

جوگی دی یاداں تڑفاون
ہیر نوں چرخے دے ہر گیڑے

عمراں پہاں بھار نیں لنگھیاں
کد آون گے سُکھ سنیہڑے

گھمن گھیری وچوں لنگھ گئے
کنڈھے تے پر ڈب گئے بیڑے

رانجھے دے چارے پاسے نیں
کیدو چوچک سیدے کھیڑے

سامنے فیر اوہ آندا کیوں نئیں؟
جیکر ہے شہ رگ توں نیڑے

قسمت نال تے میل ہویا اے
موت ای سانوں آن نکھیڑے

ویلا گھٹ کھلار اے بہتا
کون اساڈے کم نبیڑے

رہ جنگل وچ سحؔر اکلا
چھڈ دنیا دے جھگڑے جھیڑے

جو اکھاں چوں ڈُلھے نیں
موتی اوہ اَمُلّے نیں
شاخوں کلیاں جو لاہ گے
تیز ہوا دے بُلّے نیں
اج تک اوہدی زلفاں دے
کس توں کنڈل کُھلے نیں؟
کنے راہی تینوں ویکھ
اپنیاں راہواں بُھلے نیں؟
کنے راجے نیں اکبر
کنے بھٹی دُلّے نیں
دل وچ دولت پیار دی اے
سر تے فقر دے جُلّے نیں
سحؔر اساڈی الفت دے
قصے تھاں تھاں بُلّے نیں

شہر ترے دیاں ویکھ اداواں
جی کردَے جنگل نوں جاواں
خوشیاں کیہ نیں غمیاں کیہ نیں؟
عمراں دیاں دھپاں چھانّواں
ہن تے ایہہ جیون دی رہ اے
گل نال لاؤ ٹٹیاں باہواں
جھوک رانجھن دی جاون خاطر
اوکھے پینڈے اوکھیاں راہواں
رات دہاڑے اوہدی راہ وچ
دیوے بالاں اونسیاں پاواں
دل اوہ کلم کلا رُکھ اے
جس تے پتر ٹانواں ٹانواں
شام پئی من پھلواری وچ
چلن لگیاں سیت ہواواں
کتھے جائیے جان چھڑا کے
قیدی کیتا اپنے ساہواں

دل دے چار چوفیرے ویکھے
ہنجو ہاڑے ہوکے ہاواں
دسّو کسراں ہتّے کھیڈے؟
دل تے ہے غم دا پرچھانواں
سحؔر اساڈے قصے اُتے
جچدا اے دُکھ دا سرنانواں

نہ ویرانہ نہ کوئی شہر گُھماں
مَیں اپنے دل دی چوکھٹ کیوں نہ چُماں
کدی تاں ٹر کے ویکھو دل دی رہ تے
نہ منزل آوے ہتھ تے میرا ڈُماں
کویں بُھلاں ازل تے کل دی گل اے
اجے اٹھ دن ہوئے نئیں جُماں جُماں
جتھوں گزری اے سجناں دی سواری
میں کیوں نہ خاک اس رستے دی جمں
اوہو منصف زمانے دا اے قاتل
جدھے انصاف دی پیاں نیں دُھماں
سحؔر جو ناں لیا اے دوستی دا
زباں دا ذائقہ اے کوڑ تُماں

سینے اندر غم دا دیوا بلیا اے
چانن اوہدا چہرے اُتے ملیا اے
وا پُرے دی وگدی اے تاں لگدا اے
سجناں شاید سُکھ سنہڑا گھلیا اے
عجب بہارا اے اوہدے سجرے مکھڑے دی
چٹے ددھ اچ رنگ گلابی رلیا اے
دھوکھا ہوندا اے اوہناں دے آون دا
ذرا جہا دروازہ جد وی ہلیا اے
سدھے سادے دل نوں تیریاں یاداں نے
ہجر دی اگ تے مچھی وانگوں تلیا اے
واقف آں میں اپنے ہر اک سجّن دا
اک اک سپ استین مری وچ پلیا اے
ویہندیاں ویہندیاں تن من جس نے پھوک دتا
چارے پاسے ایسا بھانبڑ بلیا اے
بچ نکلن دا رستہ کوئی لبھدا نئیں
ہر پاسے سُولاں نے مینوں ولیا اے
کھلر پیندی سدھراں دی رشنائی جہی
قلم سحؔر کاغذ تے جد وی چلیا اے

کیہ دساں میں گم سم کیوں آں چپ آں میں کس پاروں؟
ہو کے آیاں ہُنے ہُنے میں منصف دے درباروں

میرا کلا دل ہر ویلے روووے تے کُرلاوے
اک دن نوشیراں بادشہ نوں خیال آیا جو دو جے موساں وچ
وی بہار دا لطف کیوں نہ لیا جاوے؟ سو اوس نے اپنے وزیرنوں بلا
کے کہیا ''اسیں چاہنے آں کہ خزاں دے موسم وچ وی بہار دا لطف
لیا جاوے ۔ کیہہ ایہہ ہوسکدا اے؟

وزیر بہت عقلمند تے سمجھدار سی ۔ اوہنے فوراً عرض کیتا
''جہاں پناہ تسیں جویں چاہندے او اوویں ای ہووے گا وزیر دا
ایہہ جواب سن کے بادشہ مسکرایا ۔ جویں اوہنوں وزیر دی گل دا
یقین نہ آیا ہووے ۔ پر اک ہفتے بعد وزیر نے اعلان کیتا کہ اج
دربار وچ سارے لوکاں نوں بہار دا نظارہ وکھایا جائے گا ۔
ویکھدیاں ویکھدیاں دربار لوکاں نال بھر گیا ۔ جدوں بادشہ آیا

تاں خوشی دے سازوجن لگ پئے تے سٹیج توں پردہ اٹھنا شروع
ہویا ۔ جدوں پردہ اٹھیا تاں ایہہ ویکھ کے لوکی حیران رہ گئے کہ
سامنے اک لمے چوڑے باغ دا منظر سی ۔ جہدے وچ نہراں
وگ رہیاں سن ۔ ہری ہری گھاہ سی ۔ رنگ برنگے پھل سن ۔
پرندے چہک رہے سن ۔ ہرن ایدھر اودھر نس رہے سن تے مور نچ
رہے سن ۔

لوکی سکتے وچ سن کہ وزیر نے اگے ودھ کے بادشہ نوں عرض
کیتا ۔ جہاں پناہ! بہار تہاڈے انتظار وچ اے ۔ اینوں قدم چمن
دی عزت بخشو ۔ ایہہ سن کے بادشہ مسکرایا تے اگے ودھیا جویں ای
اوہنے باغ وچ قدم رکھیا ۔ پردے دے پچھوں کئی کنیزاں سونے
چاندی دے برتناں وچ خوشبو دار شربت تے پھل لے کے نکل
آئیاں ۔ اوتھے بادشہ لئی اک شاندار تخت وچھایا ہویا سی ۔ جس
اتے بادشہ بہہ کے سیر دا لطف لین لگ پیا ۔

کچھ دیر بعد وزیر نے کہیا۔ ''جہاں پناہ! تسیں ویکھیا کہ انسان عقل توں کیہ کچھ کم لے سکدا اے''۔ بادشہ نے کہیا۔ تسیں سچ کہندے او سانوں تہاڈی دانائی اتے فخر اے۔ تسیں واقعی خزاں دے موسم وچ بہار دا سماں پیدا کردتا اے تے ایس طراں ساڈے خواب نوں حقیقت دا روپ دے چھڈیا اے''۔

وزیر نے ادب نال جھک کر کہیا ''جہاں پناہ! تسیں جو کچھ ویکھ رہے او ایہہ اصل نئیں بلکہ نقل اے۔ ایہہ سارا منظر اک قالین اتے بنایا گیا اے جہدا ناں بہار اے تے ایس قالین لئی ملک دے بہترین کاریگراں نے رات دن کم کیتا اے کیوں جے ایس قالین اتے بہار دا موسم وکھایا گیا اے۔ ایس لئی ایہدا ناں وی بہار رکھیا گیا اے۔

ایہہ گلاں سن کے بادشہ بڑا خوش ہویا تے اوہنے حکم دتا کہ ایس عجیب وغریب تے قیمتی قالین نوں چنگی طراں حفاظت نال

رکھیا جاوے تے خاص خاص موقعاں اتے اینہوں دربار وچ وچھایا جاوے۔ سو ایہہ قالین اوس وقت تک محفوظ رہیا جدوں تک عرباں نے ایران نوں فتح نئیں سی کرلیا۔

☆☆☆☆

ہراجھنڈا

سول ڈیفنس دی خاکی وردی وچ ارشد اک شہزادہ نظر آ رہیا سی ۔اوہدا مسکراندا ہویا چہرہ بہت چمک رہیا سی تے اوہدی شوخ اکھیاں وچ شرارت دی جگہ اک وقار تے سنجیدگی سی۔جس دن دشمن ملک نے پاکستان تے حملہ کیتا اوہنے اوسے دن توں سول ڈیفنس دی ٹریننگ لینی شروع کر دتی سی۔ تے ہن تھوڑے ای دناں وچ اوہ اک ٹرینڈ رضا کار بن گیا سی ۔اوہ سارا سارا دن ریڈیو دے نیڑے بیٹھا پروگرام سندا رہندا۔ جنگی ترانے تاں اوہنوں بہت ای پسند سن ۔ جویں خطرے دا سائرن وجدا اوہ اپنی

چھوٹی بہن نجمہ تے امی نوں محلے دی خندق وچ چھڈ کے آپ گشت تے چلا جاندا۔

وارڈن پوسٹ وچ اوہنے رائفل چلان دی جاچ وی سکھ لئی سی ۔نجمہ وی گائیڈ ہاؤس وچ فرسٹ ایڈ دی ٹریننگ لے رہی سی۔ محلے دا ہر بچہ کھیڈ کھوڈ چھڈ کے دفاعی فنڈ اکٹھا کرن وچ رجھیا ہویا سی ۔اک پیسہ اک ٹینک اسکیم دے تحت اپنا اپنا جیب خرچ سارے بچے قوم لئی وقف کرر ہے سن ۔جنگ دا محاذ بھانویں شہر توں کافی دور سی پر انج لگدا سی جویں جنگ شہر دے اندر ای لڑی جا رہی ہووے۔ بچے بڈھے مرد عورتاں سارے ایس جنگ وچ شریک سن ۔نجمہ دی امی نے دفاعی فنڈ وچ اپنے سونے دے کڑے دے دتے تے ابو نے اپنی ادھی تنخواہ۔خود نجمہ نے وی اپنی سونے دیاں والیاں دے دتیاں۔ ہسپتالاں وچ زخمی فوجیاں لئی خون دین والیاں دا رش سی۔ ہر بندے دی خواہش سی کہ اوہدا خون قوم دے

جیالے مجاہداں دے کم آوے ۔ارشد وی خون دین لئی ہسپتال گیا۔
ہر ڈاکٹر نے اوہدے زور دین دے باوجود ایہہ کہہ کے خون لین
توں انکار کردتا کہ اوہ اجے اک بچہ اے تے خون دین دے قابل
نہیں ۔ارشد نوں کافی دیر تک ایسی ناکامی تے افسوس رہیا کہ اوہ
اپنے زخمی مجاہداں دی کوئی مدد نہیں کرسکیا۔فیر او ہنے سوچیا کہ اوہ
اپنے طور تے اوس جنگ وچ حصہ لووے گا جہڑی اوہدے اپنے شہر
دے اندر لڑی جارہی اے ۔سو او ہنے فیصلہ کرلیا کہ اوہ اک رضا کار
بن کے اپنے محلے وچ ای قوم دی خدمت کرے گا۔

اک شام اوہ تے نجمہ ریڈیو توں خبراں سن رہے سن۔
پاکستانی مجاہداں دی بہادری دے کارنامے اک خاص جوش تے
جذبے نال بیان ہورہے سن۔نجمہ تے ارشد نوں انج لگا جویں اوہ
وی محاذ تے اپنے دلیر سپاہیاں دے نال نال پیارے وطن دی
حفاظت لئی دشمن نال جنگ کررہے نیں ۔دشمن نوں ہر محاذ تے بری

طرح شکست ہورہی سی تے ہن اوہ شہری آبادیاں اُتے انھے واہ
بمباری کرکے اپنی شرمندگی مٹا رہیا سی ۔ریڈیو توں اعلان ہویا کہ
اج رات دشمن دی چھاتہ فوج اترن دا خطرہ اے ۔ایس لئی عوام نوں
چوکنا تے ہشیار رہنا چاہیدا اے ۔ارشد تے نجمہ نے جدوں ایہہ
اعلان سنیا تاں دونویں اپنے ابو دی رائفل لے کے شام توں ای
گھر دی چھت تے چڑھ گئے تے دشمن دے پیراشوٹ دا انتظار
کرن لگ پئے ۔اینے وچ سائرن دی آواز آن لگی ۔ارشد جلدی
جلدی وردی پاکے وارڈن پوسٹ چلا گیا پر نجمہ خندق وچ جان دی
تھاں اپر چھت تے ای رائفل لے کے بیٹھی رہی ۔اک گھنٹے بعد
خطرہ ٹلن دا سائرن ہویا تے ارشد واپس گھر آ گیا۔

''نجمہ بھین !توں اجے تیک اُتے چھت تے بیٹھی ایں''؟

''ہاں بھائی جان ۔روز ریڈیو توں سندے ساں کہ ساڈی فوج نے
دشمن دے اینے جہاز مار ڈیگے نیں ۔اج سوچیا چلو اک اَدھ جہاز

اسیں وی مارڈیگئے ۔ پر اوہ تاں دشمن دی قسمت چنگی سی کہ ایدھروں اوہ لنگھیا ای نئیں ۔نہیں تے ۔ خیر چھڈو ۔خطرہ تاں ٹل گیا اے ۔ پر دو جا خطرہ تاں اجے وی باقی اے ۔سنیا اے دشمن دی چھاتہ فوج اج رات ضرور ایدھر کِتے اُترے گی ۔ سانوں ہشیار رہنا چاہیدا اے ۔

''بھائی جان!'' ''ہاں ۔ کیہہ اے؟'' اوہ ویکھو ۔ اوہ سامنے ۔چٹی جہی شے کیہہ اے''؟

''کتھے''؟

''اوہ ۔مسیت دے سجے پاسے''

''ہاں پر ایس بلیک آؤٹ دے ہنیرے وچ ایہہ سفیدی کیسی؟''

کِتے ایہوای دشمن دا پیراشوٹ نہ ہووے''۔

''ہاں ہوسکدا اے ۔ رائفل مینوں دے دے تے آپ

تھلے چلی جا۔''

''واہ بھائی جان! میں بھلا تھلے جا کے کیہہ کراں گی؟''

''اچھا بھئی! ہن چپ چاپ کھلوتی روہ۔''

چٹا دھبہ رات دے ہنیرے وچ اک وڈے گول دائرے کی شکل اختیار کر گیا سی ۔اوہ واقعی اک پیراشوٹ سی ۔ دشمن دا پیرا شوٹ تے ہن اینا نیڑے سی کہ ارشد تے نجمہ اوہنوں آسانی نال ویکھ سکدے سن ۔ارشد نے رائفل نوں مضبوطی نال پھڑیا ۔اوہنے اوس ویلے اپنے آپ وچ اک انجانی جہی طاقت محسوس کیتی تے نشانہ بنھ کے جلدی نال رائفل چلا دتی ۔ گولی عین نشانے اُتے لگی سی ۔اوہ وڈا جیہا غبارہ پھٹ گیا تے چھاتہ بردار بیٹھان زمین تے آن ڈگیا ۔ پر اینے وچ دشمن دی طرفوں اک گولی ارشد دی بجی پئی توں ہو کے گزری ۔اوہنے دردی پرواہ کیتے بغیر دوسری گولی چھاتہ بردار دا نشانہ لے کے چلائی ۔ اک خوفناک چیک دے نال اوہ

ڈھے کر کے زمین تے آ ڈگیا۔

ارشد تے نجمہ ''اوہ ماریا'' دانعرہ لا کے چھت توں تھلے اترے تے سدھے کھتیاں ول ٹرپئے جتھے چھاتہ بردار ڈگیا سی۔ دشمن فوج دا جاسوس مودھڑے منہ لہو وچ لت پت پیا سی۔ ارشد دی پنی زخمی ہو چکی سی۔ پر اوہنوں درد دا کوئی احساس نہیں سی۔ اپنی اس کامیابی تے بہن بھرا نے اک دوجے ول تکیا تے دونواں دی اکھاں وچ اتھرو سن۔ خوشی دے اتھرو۔ کیوں جو اوہناں اپنا فرض ادا کیتا سی۔ نجمہ دا سہارا لے کے ارشد واپس گھر آ رہیا سی اوہدے گھر دی چھت اتے پاکستانی ہرا جھنڈا پوری شان نال لہرا رہیا سی تے اوہدا چن تارا مسکرا مسکرا کے دونواں نکے مجاہداں دی بہادری نوں خراج تحسین پیش کر رہیا سی۔

☆☆☆☆

عجیب سفنا

امجد تے رضیہ سکول دا کم کر کے نانی اماں توں جناں تے پریاں دی کہانیاں سنن لگ پئے۔ نانی اماں نے کہنا شروع کیتا۔ اک سی شہزادہ۔ اک سی پری۔ اک سی جن۔ تے کچھ دیر بعد دونویں بہن بھرا نیند دی گود وچ چلے گئے۔

امجد نوں انج محسوس ہویا جویں اوہ تے رضیہ اک وڈے سارے جزیرے وچ پھر رہے نیں۔ دور توں اوہ کوئی رنگاں و جزیرہ نظر آندا سی۔ اوہدی زمین ہلکی پیلی۔ اسمان گلابی تے پانی بالکل کالا شاہ سی۔ اچے اچے پہاڑاں دا رنگ گوڑھا نیلا تے کتے

کتے سنہرا سی ۔اوتھوں دے پَھل پُھل تے درخت ہرے لال تے
اسمانی رنگ وچ عجیب بہارو کھار ہے سن ۔اسمان اتے اکو ویلے
سورج چن تے تارے روشن سن تے اوہناں وچوں عجیب عجیب
رنگاں دی روشنی آ رہی سی ۔

ایہناں رنگدار روشنیاں وچوں تھوڑے تھوڑے وقفے دے
بعد بڑی مٹھی تے سریلی آوازاں آ رہیاں سن ۔امجد تے رضیہ
ایہناں خوبصورت نظاریاں دی رنگینی وچ گم ہوئے پئے سن کہ
اوہناں دے پچھوں کچھ شور جیہا اٹھدا سنائی دتا ۔اوہناں پچھے مڑ
کے ویکھیا تاں رنگ برنگے لباس وچ کئی خوفناک چہریاں والے
انسان اوہناں ول گھور گھور کے ویکھ رہے سن ۔اوہناں وچوں اک
دا نک کجھ زیادہ ای لماسی ۔اک شخص بہت بڈھا تے لمے قد دا سی ۔
شاید اوہ اوہناں دا بادشہ سی ۔جہڑا سب توں اگے اگے آ رہیا سی ۔
اوہدا نک سارے لوکاں نالوں زیادہ لماسی ۔ایناں لما جو دو رتوں

ہاتھی دی سُنڈ نظر آندا سی ۔امجد تے رضیہ نے جدوں اوہنوں اپنے
ول آندا ویکھیا تاں ڈر دے مارے اوہناں دی چیک نکل گئی ۔

''گھبراؤنئیں ۔اسیں تہانوں کجھ نئیں آکھاں گے'' ۔سب
توں لمے نک والے بڈھے آدمی نے کہیا ۔ایس ملک داناں اے
''سفنیاں دی وادی'' میں ایتھوں دا بادشہ آں تے ایہہ میری ملکہ
اے نیند پری ۔نیند پری بہت نازک تے خوبصورت پری سی ۔پر
نک اوہداوی کچھ لماای سی ۔اوہدے بلھاں چوں مٹھے مٹھے راگ
لوریاں بن کے ابھر رہے سن ۔نیند پری نے جدوں اوہناں ول تکیا
تاں رضیہ نوں نیند جئی آن لگ پئی ۔شاید اوہ لڑکھڑا کے ڈِگ
پیندی پر بادشہ دے بندیاں نے اگے ودھ کے اوہنوں اٹھالیا تے
ایسراں اوہ ہوش وچ آ گئی ۔

بادشہ نے پچھیا ۔''تسیں کون لوک او؟ تے کتھوں دے
رہن والے او؟''

''میرا ناں امجد اے تے ایہہ میری بہن رضیہ اے۔ اسیں دونویں زمین دے رہن والے آں۔ امجد نے جواب دتا۔

''زمین۔ اسیں نئیں جاندے اوہ کیہہ اے؟ ٹھیک ٹھیک دسو'' بادشہ نے ذرا زور نال کہیا۔ امجد نے جواب دتا ''زمین اک بہت وڈی جگہ اے جس وچ جنگل پہاڑ' دریا تے میدان نیں۔ اوتھے ساڈے جیہے انسان رہندے نیں۔ تے''

''ویکھو ٹھیک ٹھیک دسو اتھے جھوٹ بولنا جرم اے۔ تسیں ویکھدے نئیں جو اتھے جو شخص جھوٹ بولدا اے اوہدا نک وڈھن لگ جاندا اے'' بادشہ نے کہیا۔

''پر ساڈی زمین اتے تاں لوک رات دن جھوٹ بولدے نیں تے اوہناں نوں کجھ وی نئیں ہندا۔ امجد نے کہیا۔

''اسیں کجھ نئیں جاندے۔ صاف صاف دسو۔ زمین دا بادشہ کون اے؟'' بادشہ نے پچھیا۔ ضیہ جہڑی ہن تائیں چپ

چاپ کھلوتی ایہہ ساریاں گلاں سن رہی سی۔ بولی ''جی او تھے اک بادشہ نئیں مختلف علاقیاں اتے مختلف بادشہ حکمران نیں۔ جہڑے اپنے اپنے علاقیاں وچ اپنا سکہ چلاندے نیں۔''

بادشہ تے ملکہ ایہہ سن کے مسکرائے تے دونواں نوں نال ٹرن لئی آکھیا۔ امجد تے رضیہ ڈردے مارے تھر تھر کنب رہے سن کہ خبرے اوہناں نال ہن کیہ سلوک ہووے؟ امجد نے ڈردیاں ڈردیاں کہیا۔'' حضور! اپنی زمین بارے اسیں بالکل سچ سچ تہانوں دس دتا اے۔ کیہ تہانوں ساڈے اتے یقین نئیں آیا؟''

''کیوں نہیں؟ پر تسیں ساڈے نال چلو۔ ملکہ نے کہیا تے اک واری فیر دونواں نوں نیند جہی محسوس ہون لگ پئی۔ تھوڑی دیر بعد اوہ اک عالیشان محل وچ سن۔ بادشہ تے ملکہ تخت اتے بیٹھے سن۔ تے درباری اپنی اپنی تھاں ادب نال کھلوتے سن۔ امجد تے رضیہ وی اوتھے کھلو گئے۔ کجھ دیر تاں محل وچ خاموشی رہی۔ فیر بادشہ

اٹھیا تے درباریاں نوں آکھن لگا۔ بھراوو! اسیں اک مدت توں ایہنا جہے انساناں دی تلاش وچ سی۔ جہڑی جھوٹ توں بالکل پاک ہون تے سچ بولدے ہون۔ پر سانوں ایس سلسلے وچ اج تائیں کامیابی حاصل نئیں ہوسکی۔ ساڈی خوش قسمتی اے جواج سانوں دو معصوم انسان مل گئے نیں۔ جہڑے سچ بولدے نیں۔ بھانویں ایہہ اجے بچے نیں۔ پر سانوں ایہناں اتے بھروسہ اے۔ ایہدے بعد بادشہ تے ملکہ تخت توں تھلے لہہ آئے تے اوہناں نے امجد تے رضیہ نوں اپنی تھاں تخت اتے بہا دتا۔ ملکہ نے اگے ودھ کے اوہناں دے سراں اتے دوتاج رکھ دتے۔ دونویں خوشی نال پُھلے نئیں سماندے سن۔

درباریاں نے اوہناں نوں فرشی سلام کیتے تے اگ ودھ کے مبارکاں دتیاں۔

نیندپری نے اونہاں نوں درخواست کتی جوتا جپوشی دے بعد

اوہ عوام نوں خطاب کرن۔ سوامجد اٹھیا تے ایسراں تقریر کرن لگ پیا۔

''بھیو تے بھراوو! اسیں لوک زمین دے رہن والے آں۔ پر ایہہ حقیقت اے جوزمین وی اینی خوبصورت نئیں جنی تہاڈی ایہہ وادی اے۔ زمین دے لوکی کسے گل وچ وی تہاڈا مقابلہ نئیں کرسکدے۔ اوہ رات دن جھوٹ بولدے نیں۔ پر میں میں اج تک جھوٹھ نئیں بولیا۔'' امجد نوں خیال آیا جواوہ جھوٹھ کہہ گیا اے۔ اوہنے فوراً اپنے نک نوں ہتھ لا کے ویکھیا تاں اوہنوں اپنا نک ودھدا ہویا محسوس ہویا۔ نال ای درباریاں دا شور اٹھیا۔ جھوٹھا ای اوئے۔ جھوٹھا ای اوئے۔ ایہدا نک لما ہو رہیا اے۔ ایہہ تاں ساڈے توں وی ودھ کے جھوٹھا اے پھڑ لو۔ جان نہ دیو'' رضیہ نے جدوں بھرا دے چہرے اُتے ایڈا لما نک ویکھیا تاں ڈر دے مارے اوہدی چیک نکل گئی۔ امجد وی شور سن کے تے اپنا نک

ویکھ کے زور زور نال چیکن لگ پیا۔ ''بچاؤ بچاؤ!''

''کہیہ ہویا پتر کوئی برا سفنا ویکھیا اے؟'' نانی اماں امجد نوں پیار کردیاں پچھیا تے امجد دی اَکھ کھل گئی۔

☆☆☆☆☆

بے داغ محل

سلطان سبکتگین داناں تسیں ضرور سنیا ہووے گا۔ مشہور مسلمان فاتح سلطان محمود غزنوی اوہدا ای پتر سی۔ سلطان دا شاہی محل بہت خوبصورت سی تے شہزادہ محمود نوں اوس تے بڑا ناز سی۔ اک دن محل دے نیڑے کجھ بچے کھیڈ رہے سن۔ اوہناں وچ شہزادہ وی شامل سی۔ شہزادے نے اپنے محل نوں ویکھ کے دوستاں نوں کہیا جو ایسا خوبصورت محل دنیا وچ کتے نہیں ہووے گا۔ ایہہ سن کے اوہدا اک دوست ابراہیم ہسن لگ پیا۔ ''کیوں کیہہ گل اے؟ توں میری گل اتے ہس رہیا ایں؟'' شہزادے نے غصے نال

پچھیا۔ ابراہیم نے جواب دتا۔ ''محمود! توں اپنے محل نوں کیہ سمجھنا ایں؟ دنیا وچ ایس توں وی خوبصورت محل موجود نیں۔ ایسے خوبصورت کہ اوہناں اتے کوئی داغ تک نئیں۔ شہزادے نے پچھیا ساڈے محل وچ تینوں کیہ خرابی نظر آندی اے؟'' ابراہیم شہزادے نوں محل دی اک کندھ تھلے لے گیا تے کہن لگا ''ذرا اُپر ویکھ'!شہزادے نے اُپر ویکھیا تاں کندھ اتے اک تھاں اک دھبا نظر آیا۔ شاید کسے بچے نے سیاہی نال بھریا ہتھ ایس اُتے لا دتا سی۔ شہزادہ ایہہ ویکھ کے بڑا شرمندہ ہویا۔ اوہنوں اپنے دوست دی گل اتے بڑا غصہ آیا۔ اوہ اپنے باپ نوں کہہ کے اوہنوں سزا دوانا چاہندا سی۔

دوسرے دن بادشہ نے دسترخوان اتے جدوں شہزادے نوں نہ ویکھیا تاں نوکراں کولوں پچھیا کہ شہزادہ کتھے اے؟ پتہ لگیا کہ اوہدی طبیعت کچھ ٹھیک نئیں۔ ایہہ سن کے بادشہ خود شہزادے

کول گیا تے اوہدی پریشانی دی وجہ پچھی۔ شہزادے نے ساری گل اپنے باپ نوں دس دتی۔ اوہنوں امید سی جو اوہدا باپ ابراہیم نوں اوہدی گستاخی دی سخت سزا دیوے گا۔ پر بادشہ مسکران لگ پیا۔ اوہنے کہیا۔ ''بس اینی کو گل تے ناراض ایں۔ پتر! کندھ دے داغ داخیال نہ کر۔ اہنوں اسیں اجے ای صاف کرا دیاں گے۔ ایہہ کہہ کے بادشہ نے شہزادے دا ہتھ پھڑیا تے اوہنوں دسترخوان اتے لے آیا۔ رات نوں سون لئی جدوں شہزادہ پلنگ تے لما پیا تاں اوہنوں رہ رہ کے ابراہیم دی گستاخی داخیال آندا رہیا۔ اوہ چاہندا سی جو کوئی ایسی ترکیب ہووے کہ جہدے نال اوہ اپنے دوست نوں شرمندہ کر سکے تے اوہدے توں اپنی بےعزتی دا بدلہ لے سکے۔ سوچدیاں سوچدیاں اوہدے ذہن وچ اک ترکیب آئی۔ سویرے اٹھ کے اوہ اپنے باپ سلطان سبکتگین کول گیا تے کہن لگا۔ ابا جان! میں سوچیا اے پئی میں اک نواں محفل بنواواں جہڑا اینا

خوبصورت ہووے کہ اوہنوں ویکھ کے ابراہیم شرمندہ ہو جائے۔"
بادشہ نے کہیا "جویں تیری مرضی"۔

دوسرے دن ای شہزادے نے شہر توں باہر اک عالیشان محل
بنوانا شروع کر دتا۔ او ہنے شاہی مستری نوں کہیا کہ جے ایہہ محل
واقعی خوبصورت ہویا تاں میں خوش ہو کے تینوں مالا مال کر دیاں
گا۔ محل کجھ مہینیاں وچ تیار ہو گیا تے اوہ واقعی ایناں شاندار سی کہ
جووی اوہنوں ویکھدا تعریف کریاں بغیر نہ رہندا۔ ساریاں نے محل
دی تعریف کیتی پر سلطان چپ رہیا۔ اک دن شہزادے نے
سلطان نوں محل ویکھن لئی کہیا۔ شہزادے دے کہن تے سلطان
نویں محل دی سیر لئی ٹر پیا۔ جدوں اوہ محل دے سامنے اپڑیا تاں فیر
وی چپ رہیا۔ پر جدوں محل دے دروازے وچ داخل ہون لگا
تاں اوہ رک گیا تے کہن لگا۔ پتر! توں ایہہ نواں محل ایس لئی بنوایا
اے جو پہلے محل دی اک کندھ اتے داغ پے گیا سی؟

"جی ابا جان! شہزادے نے جواب دیا۔ تاں ایہہ ویکھ!
"ایہہ کہہ کے سلطان نے اپنی چھڑی دی نوک نال کندھ اتے اک
لکیر پا دتی جہدے نال کندھ دی ساری خوبصورتی مک گئی۔
سلطان نے کہیا۔ پتر! جے اوس محل دی اک کندھ اتے داغ پیا
سی۔ تاں ایس نویں محل دی کندھ وی داغ توں محفوظ نہیں۔ دنیا
دے خوبصورت توں خوبصورت محل اتے وی کوئی نہ کوئی داغ پے
سکدا اے۔ میں ایہہ چاہناں کہ توں کوئی ایسا محل تعمیر کریں جہدی
کندھ اتے کوئی داغ نہ پوے"۔ ایہہ سن کے شہزادہ کجھ دیر سوچدا
رہیا۔ فیر کہن لگا۔ "ابا جان! تسیں درست فرماندے او محل کناں
وی خوبصورت کیوں نہ ہووے اک نہ اک دن خراب ہو جاندا اے
میں کوئی ایسا کارنامہ انجام دیاں گا جہڑا اک بے داغ محل دی طراں
ہمیشہ چمکدا رہوے۔

شہزادے نے ایہہ وعدہ اوس ویلے پورا کیتا جدوں اوہ

سلطان محمود غزنوی بن چکیا سی۔ سلطان محمود اپنی بہادری دے کارنامیاں دی وجہ توں تاریخ وچ ہمیشہ زندہ رہوے گا تے اوہدا ناں ہمیشہ بے داغ بن کے چمکدا رہوے گا۔

☆☆☆☆

غریب طالب علم

ایران دے شہر طوس وچ اک غریب منڈا رہندا سی۔ اوہنوں علم حاصل کرن دا بے حد شوق سی۔ سو اپنے شہر چوں تعلیم حاصل کرن توں بعد او ہنے عراق دے دارالحکومت بغداد جان دا ارادہ کرلیا۔ کیوں جے اوہناں دناں وچ بغداد وچ اک بہت وڈا مدرسہ قائم سی۔ بغداد وچ جدوں او ہنے مدرسے وچ داخلہ لینا چاہیا۔ تاں اوہدے پاٹے پرانے کپڑیاں نوں ویکھ کے مدرسے دے منتظم نے صاف انکار کر دتا۔ اصل وچ اوہ کسے ایسے غریب منڈے نوں داخل نئیں کرنا چاہندے سن جہدا لباس معمولی

ہووے تے اوہدے کول کتاباں لئی وی پیسے نہ ہوون۔ پر اوہناں بہانہ ایہہ بنایا کہ اونہاں کول اوہدے رہن لئی کوئی کمرہ خالی نئیں۔ منڈے نے جدوں ایہہ سنیا تاں کہیا۔

جناب عالی! میری رہائش دی تسیں فکر نہ کرو۔ ایہدا بندوبست میں آپ کرلواں گا۔ تسیں صرف مینوں داخلہ دے دیو۔ سو اوہدے شوق نوں وکھدیاں ہویاں اوہنوں مدرسے وچ داخلہ دے دتا گیا۔ اودھر اوس غریب منڈے نے اپنی رہائش لئی شہر وچ اک چھوٹا جیہا مکان کرائے تے لےلیا۔ ایہہ مکان بہت خراب سی۔ اینا خراب جو شاید پورے بغداد وچ ایس توں گندا مکان کوئی نئیں سی۔ گل ایہہ سی کہ اوہدے اُپر اک پرنالہ وگدا سی۔ جہدا گندا پانی اوہدے کمرے اندر وی آجاندا سی تے اُہدے نال اُوہدے کپڑے خراب ہوجاندے سن اوہ روز رات نوں باہر جاکے اپنے کپڑے دھوندا تاں جو سویرے پاکے مدرسے جاسکے۔ ایس

توں وکھ اوہنوں کھانا وی چنگا نصیب نئیں سی۔ وچارہ رکھی سکی کھا کے گزارا کرلیندا۔

اک دن صبح صبح اوہ مدرسے دے دروازے تے اپڑیا تاں مدرسے دے چپراسی نے اوہنوں دسیا۔ پئی منتظم صاحب نے اج اوہنوں مدرسے دے اندر جان توں روک دتا اے۔ اوہدے پچھن تے چپراسی نے دسیا پئی اج ملک دے وزیراعظم نظام الملک طوسی مدرسے دا معائنہ کرن لئی آرہے نیں۔ کیوں جے ایہہ مدرسہ اوہناں نے ای بنوایا سی۔ منتظم صاحب نئیں چاہندے جو وزیراعظم نوں ایہہ علم ہووے پئی اوہناں دے مدرسے وچ کوئی ایسا غریب طالب علم وی پڑھدا اے جہدا لباس معمولی اے۔ منڈے نے جدوں ایہہ سنیا تاں اوہنوں بڑا افسوس ہویا۔ سو اوہ واپس گھر آ گیا تے ہوراوہ کروی کیہ سکدا سی؟ اودھر نظام الملک طوسی مدرسے وچ آئے۔ تاں اوہناں منتظم صاحب نوں کہیا پئی

مدرسے دے سارے ہونہار طالب علماں نوں اتھے بلواؤ۔ میں اوہناں نوں ملنا چاہناں۔ منتظم صاحب نے مدرسے دے اوہناں ساریاں منڈیاں نوں بلالیا۔ جہڑے بڑے ہونہار سمجھے جاندے سن۔ نظام الملک نے ایناں چوں ہر اک نوں اپنے کول بلایا تے پچھیا۔ بیٹا! توں علم حاصل کر کے کیہہ کریں گا؟ کسے نے جواب دتا کہ میں تعلیم حاصل کر کے وڈا افسر بناں گا۔ کسے نے کہیا میں دنیا دی سیر کراں گا تے کسے نے کہیا کہ میں خوبصورت عمارتاں بناواں گا۔ ایہہ گلاں سن کے نظام الملک نوں سخت غصہ آیا۔ اوہناں منتظم نوں کہیا۔ ایہہ کیہو جئے ہونہار طالب علم نیں۔ جنہاں نوں علم نال کوئی محبت ای نئیں۔ میں مدرسہ ایس لئی تاں نئیں سی بنوایا جو منڈے اتھے آ کے اپنا تے اپنے اُستاداں دا وقت ضائع کرن۔ جے کل تک کسے منڈے نے مینوں اپنے علم حاصل کرن دا صحیح مقصد نہ دسیا تاں میں مدرسے نوں بند کرن دا فیصلہ کرلواں گا۔

ایہہ سن کے مدرسے دے منتظم تے استاد سخت پریشان ہوئے کہ ہن کیہہ کریئے؟ مدرسے دے جنہاں ہونہار منڈیاں اتے اونیاں نوں بھروسہ سی اوہ ناکام ہو گئے سن تے عام منڈیاں نوں نظام الملک دے سامنے پیش کرنا فضول سی۔ ہن تاں اوہناں نوں یقین ہو گیا پئی مدرسہ بند ہو جاوے گا۔ تے اوہ سارے بیکار ہو جان گے۔ اجے اوہ ایہہ گلاں سوچ ای رہے سن جو اینے وچ اک استاد نے کہیا۔ میں اک ایسے غریب طالب علم نوں جانناں جیہڑا بڑا محنتی اے اج اوہ مدرسے نہیں آیا۔ میرا خیال اے جو کل اسیں اوس منڈے نوں نظام الملک دے سامنے پیش کریئے شاید اوہ ای صحیح جواب دے سکے۔ پہلے تاں منتظم نے ایہدی مخالفت کیتی۔ پر جدوں دوجے استاداں نے وی پہلے استاد دی تائید کیتی تاں اوہ اوس غریب طالب علم نوں بلان اتے راضی ہو گئے۔ ایہہ اوہو منڈا سی جنہوں اوس دن مدرسے آن توں منع کردتا گیا سی۔

دوجے دن اوس منڈے نوں بلا کے نظام الملک دے سامنے پیش کیتا گیا۔نظام الملک نے اوہنوں وی اوہوسوال کیتا۔ بیٹا!''علم حاصل کر کے توں کیہہ کریں گا؟''

منڈے نے کہیا۔''جناب عالی! علم حاصل کرن دی خواہش مینوں ایتھوں تیک لے کے آئی اے میں اک خاص مقصد لئی علم حاصل کر رہیاں تے اوہ مقصد اے انساناں دی خدمت کرنا۔میں زندگی بھر اپنے علم نال انساناں دی خدمت کراں گا۔

نظام الملک نے ایہہ جواب سنیا تاں خوش ہو کے منڈے نوں گل نال لالیا تے کہیا شاباش بیٹا!توں صحیح جواب دتا اے ہن میں مدرسہ بند نئیں کراں گا۔جتھے تیرے جیہے ہونہار طالب علم پڑھدے ہون اوس مدرسے نوں بند نئیں کیتا جا سکدا۔اوہنوں ہمیشہ جاری رہنا چاہیدا اے سو اوہ مدرسہ جنھوں مدرسہ نظامیہ کہیا جاندا اسی بعد وچ ترقی کر کے اک یونیورسٹی بن گیا۔اگر خدانخواستہ

اوس دن مایوس ہو کے نظام الملک اوہنوں بند کر دیندے تاں علم دا کناں نقصان ہوندا۔

جس غریب طالب علم دے صحیح جواب نال اوہ مدرسہ بند ہون تو بچ گیا۔اوہ بعد وچ امام غزالی دے ناں توں دنیا وچ مشہور ہویا۔امام غزال اسلامی دنیا دی بہت وڈی شخصیت سن۔تے بچپن دے وعدے مطابق آخری دم تک اوہناں اپنے علم نال انساناں دی خدمت کیتی۔

ایس توں ایہہ پتہ لگدا اے جو غریبی امیری کوئی شے نئیں۔ جے انسان چاہوے تے اوہدا شوق سچا ہووے تاں اوہ غربت وچ وی علم دی دولت حاصل کر سکدا اے۔



Kulliat-E-Hussain Sahar---WWW.HussainSah

ہم کلیاں ہم پُھول

بچوں کے لیے
کہانیاں، ڈرامے، نظمیں، گیت

حُسین سحر

کتاب نگر
حسن آرکیڈ - ملتان چھاؤنی

ضابطہ

(جُملہ حقوق محفوظ)

اشاعت اول	2001ء
کمپوزنگ	کمپوگرافکس، ملتان
طباعت	ملتان آرٹ پریس ملتان
ناشر	کتاب نگر ملتان
قیمت	پچاس روپے

یہ سب تحریریں پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن، ملتان سے نشر ہو چکی ہیں۔ لہٰذا کارپوریشن کے شکریے کے ساتھ شائع کی جا رہی ہیں۔

شوذب، رمیشہ،
شہروز اور مہروز کے نام

غریب طالب علم

ایران کے شہر طوس میں ایک غریب لڑکا رہتا تھا۔ اسے علم حاصل کرنے کے بے حد شوق تھا۔ چنانچہ اپنے شہر میں تعلیم پانے کے بعد اس نے عراق کے دارالحکومت بغداد جانے کا تہیّہ کرلیا۔ کیونکہ ان دنوں بغداد میں ایک بہت بڑا مدرسہ قائم تھا۔ بغداد میں جب اس نے مدرسے میں حصہ لینا چاہا تو اس کے پھٹے پرانے کپڑوں کو دیکھ کر مدرسے کے منتظم نے صاف انکار کر دیا۔ اصل میں وہ کسی ایسے غریب لڑکے کو داخل نہیں کرنا چاہتے تھے جس کا لباس معمولی ہو اور اس کے پاس کتابوں کے لیے بھی پیسے نہ ہوں۔ مگر انہوں نے بہانا بنایا کہ ہمارے پاس تمہاری رہائش کے لیے کوئی کمرہ خالی نہیں۔ لڑکے نے جب یہ سُنا تو کہا: ''جنابِ عالی! میری رہائش کی آپ فکر نہ کریں۔ اس کا بندوبست مَیں خود کرلوں گا۔ آپ مجھے صرف داخلہ دے دیں۔'' چنانچہ اس کے شوق کو دیکھ کر اسے مدرسے میں داخلہ دے دیا گیا۔ اُدھر اس غریب لڑکے نے اپنی رہائش کے لیے شہر میں ایک چھوٹا سا مکان کرائے پر لے لیا۔ یہ مکان بہت خراب تھا۔ اتنا خراب کہ شاید پورے بغداد میں اس سے گندا مکان کوئی نہ تھا۔ بات یہ تھی کہ اس کے اوپر ایک پرنالہ بہتا تھا جس کا گندا پانی اس کے کمرے کے اندر بھی آ جاتا تھا۔ اِس سے اُس لڑکے کے کپڑے خراب ہوجاتے تھے اور وہ رات کو باہر جا کر اپنے کپڑے دھوتا تھا تاکہ صبح پہن کر مدرسے جا سکے۔ اس کے علاوہ اسے کھانا بھی اچھا نصیب نہ تھا۔ بے چارہ روکھی سوکھی کھا کر گزارا کرلیتا۔

ایک روز صبح صبح وہ لڑکا مدرسے کے دروازے پر پہنچا تو مدرسے کے چپڑاسی نے اُسے بتایا کہ منتظم صاحب نے آج اسے مدرسے کے اندر جانے سے روک دیا ہے۔ اس کے پوچھنے پر چپڑاسی نے بتایا کہ آج مُلک کے وزیرِاعظم نظام الملک طوسی مدرسے کا معائنہ کرنے کے لیے آ رہے ہیں کیونکہ یہ مدرسہ اُنہوں نے ہی بنوایا تھا۔ منتظم صاحب نہیں چاہتے کہ وزیرِاعظم کو یہ علم ہو کہ ان کے مدرسے میں کوئی ایسا غریب طالب علم بھی پڑھتا ہے جس کا لباس بہت معمولی ہے۔

لڑکے نے جب یہ سُنا تو اسے بہت افسوس ہوا۔ چنانچہ وہ

واپس گھر آ گیا اور وہ کر بھی کیا سکتا تھا؟ اُدھر نظام الملک طوسی مدرسے میں آئے تو انہوں نے منتظم صاحب سے کہا کہ مدرسے کے تمام ہونہار طالب علموں کو یہاں بلوایئے مَیں اُن سے ملنا چاہتا ہوں۔ منتظم صاحب نے مدرسے کے ان تمام لڑکوں کو بُلا بھیجا جو بہت ہونہار سمجھے جاتے تھے۔ نظام الملک طوسی نے ان میں سے ہر ایک کو اپنے پاس بلایا اور پوچھا: ''بیٹا! تم علم حاصل کر کے کیا کرو گے؟'' کسی نے جواب دیا کہ مَیں تعلیم حاصل کر کے بڑا افسر بنوں گا۔ کسی نے کہا کہ مَیں دنیا کی سیر کروں گا اور کسی نے کہا کہ مَیں خوبصورت عمارتیں بناؤں گا۔ یہ باتیں سُن کر نظام الملک کو سخت غصہ آیا۔ انہوں نے منتظم سے کہا:

''یہ کیسے ہونہار طالب علم ہیں جنہیں علم سے کوئی محبت ہی نہیں۔ مَیں نے مدرسہ اس لیے تو نہیں بنوایا تھا کہ لڑکے یہاں آ کر اپنا اور اپنے استادوں کا وقت ضائع کریں۔ اگر کل تک کسی لڑکے نے مجھے اپنے علم حاصل کرنے کا صحیح مقصد نہ بتایا تو مَیں مدرسے کو بند کرنے کا فیصلہ کر لوں گا۔''

یہ سُن کر منتظم اور مدرسے کے اُستاد سخت پریشان ہوئے کہ اب کیا کریں۔ مدرسے کے جن ہونہار لڑکوں پر انہیں بھروسہ تھا وہ ناکام ہو گئے تھے اور عام لڑکوں کو نظام الملک کے سامنے پیش کرنا فضول تھا۔ اب تو انہیں یقین ہو گیا کہ مدرسہ بند ہو جائے گا اور وہ بیکار ہو جائیں گے۔

ابھی وہ یہ باتیں سوچ ہی رہے تھے کہ اتنے میں ایک استاد نے کہا: ''مَیں ایک ایسے غریب طالب علم کو جانتا ہوں جو بہت محنتی بھی ہے۔ آج وہ مدرسے میں نہیں آیا۔ میرا خیال ہے کہ کل ہم اس لڑکے کو نظام الملک کے سامنے پیش کریں۔ شاید وہی صحیح جواب دے سکے۔'' پہلے تو منتظم نے اس کی مخالفت کی مگر جب دوسرے استادوں نے بھی پہلے اُستاد کی تائید کی۔ تو وہ اس غریب لڑکے کو بلانے پر راضی ہو گئے۔ یہ وہی لڑکا تھا جسے اس روز مدرسے میں آنے سے منع کر دیا گیا تھا۔

دوسرے روز اس لڑکے کو بلا کر نظام الملک کے سامنے پیش کیا گیا۔ نظام الملک نے اس سے بھی وہی سوال کیا کہ ''بتاؤ بیٹا! تم علم حاصل کر کے کیا کرو گے؟''

لڑکے نے کہا: ''جنابِ عالی! علم حاصل کرنے کی خواہش مجھے یہاں تک لائی ہے۔ مَیں ایک خاص مقصد کے تحت علم حاصل کر رہا ہوں اور وہ مقصد ہے انسانوں کی خدمت کرنا۔ مَیں زندگی بھر اپنے علم

سے انسانوں کی خدمت کروں گا۔''

نظام الملک نے یہ جواب سنا تو خوش ہوکرلڑکے کو گلے لگالیا اور کہا: ''شاباش بیٹا! تم نے صحیح جواب دیا۔ اب مَیں مدرسہ بند نہیں کروں گا۔ جہاں تم جیسے ہونہار طالب علم پڑھتے ہوں اس مدرسے کو بند نہیں کیا جا سکتا۔ اسے ہمیشہ جاری رہنا چاہیئے۔'' چنانچہ وہ مدرسہ جسے مدرسہ نظامیہ کہا جاتا تھا بعد میں ترقی کر کے ایک یونیورسٹی بن گیا۔ اگر خدانخواستہ اس روز مایوس ہوکر نظام الملک اسے بند کر دیتے تو علم کا کتنا نقصان ہوتا۔

جس غریب طالب علم کے صحیح جواب سے وہ مدرسہ بند ہونے سے بچ گیا وہ بعد میں امام غزالیؒ کے نام سے دنیا میں مشہور ہوا۔ امام غزالی اسلامی دنیا کی بہت بڑی شخصیت تھے اور بچپن کے وعدے کے مطابق آخر دم تک انہوں نے اپنے علم سے انسانوں کی خدمت کی۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ غریبی امیری کوئی چیز نہیں۔ اگر انسان چاہے اور اسے سچا شوق ہو تو وہ غربت میں بھی علم کی دولت حاصل کر سکتا ہے۔

بے داغ محل

سلطان سبکتگین کا نام آپ نے ضرور سنا ہوگا۔ مشہور مسلمان فاتح سلطان محمود غزنوی انہی کا بیٹا تھا۔ سلطان کا شاہی محل بہت خوبصورت تھا اور شہزادہ محمود کو اس پر بہت ناز تھا۔ ایک دن محل کے پاس کچھ لڑکے کھیل رہے تھے۔ ان میں شہزادہ بھی شامل تھا۔ شہزادے نے اپنے محل کو دیکھ کر دوستوں سے کہا کہ ایسا خوبصورت محل دنیا میں کہیں نہ ہوگا۔ یہ سُن کر اس کا ایک دوست ابراہیم ہنسنے لگا۔ ''کیا بات ہے؟ تم میری بات پر ہنس کیوں رہے ہو؟'' شہزادے نے غصے سے پوچھا۔ ابراہیم نے جواب دیا: ''محمود! تم اپنے محل کو کیا سمجھتے ہو؟ دنیا میں اس سے بھی اچھے محل موجود ہیں۔ ایسے خوبصورت کہ ان پر کوئی داغ نہیں۔'' شہزادے نے پوچھا: ''ہمارے محل میں تمہیں کیا خرابی نظر آئی ہے؟'' ابراہیم شہزادے کو محل کی ایک دیوار کے نیچے لے گیا اور اس سے کہا: ''ذرا اوپر دیکھو!'' شہزادے نے اوپر دیکھا تو دیوار پر ایک جگہ دھبہ دکھائی دیا۔ شاید کسی بچے نے روشنائی سے بھرے ہوئے

ہاتھ اس پر لگا دیئے تھے۔شہزادہ یہ دیکھ کر بہت شرمندہ ہوا۔اسے اپنے دوست کی بات پر بڑا غصہ آیا۔وہ اپنے باپ سے کہہ کر اسے سزا دلوانا چاہتا تھا۔

دوسرے دن بادشاہ نے دسترخوان پر جب شہزادے کو نہ دیکھا تو ملازموں سے پوچھا کہ شہزادہ کہاں ہے؟ معلوم ہوا کہ اس کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں۔اس پر بادشاہ خود شہزادے کے پاس گیا اور اس سے پریشانی کی وجہ پوچھی۔شہزادے نے ساری بات اپنے باپ کو بتا دی۔اُسے اُمید تھی کہ اس کا باپ ابراہیم کو اس کی گستاخی پر سخت سزا دے گا۔لیکن بادشاہ مسکرانے لگا۔اس نے کہا: ''بس اتنی سی بات پر ناراض ہو؟ بیٹے! دیوار کے داغ کا خیال نہ کرو۔اسے ہم آج ہی صاف کروالیں گے۔'' یہ کہہ کر بادشاہ نے شہزادے کا ہاتھ پکڑا اور اسے دسترخوان پر لے گیا۔

رات کو سونے کے لیے شہزادہ پلنگ پر لیٹا تو اسے رہ رہ کر ابراہیم کی گستاخی کا خیال آتا رہا۔وہ چاہتا تھا کہ کوئی ایسی ترکیب ہو جس سے وہ اپنے دوست کو شرمندہ کر سکے اور اس سے اپنی بے عزتی کا بدلہ لے سکے۔سوچتے سوچتے اس کے ذہن میں ایک ترکیب آئی۔صبح اٹھ کر وہ اپنے باپ سلطان سبکتگین کے پاس گیا اور اسے کہنے لگا: ''ابا جان! مَیں نے سوچا ہے کہ مَیں ایک نیا محل بنواؤں جو اتنا خوبصورت ہو کہ اسے دیکھ کر ابراہیم شرمندہ ہو جائے۔'' بادشاہ نے کہا: ''جیسے تمہاری مرضی۔'' چنانچہ دوسرے دن ہی شہزادے نے شہر سے باہر ایک عالیشان محل بنوانا شروع کر دیا۔اس نے شاہی معمار سے کہا کہ اگر یہ محل واقعی بہت خوبصورت ہوا تو مَیں خوش ہو کر تمہیں مالا مال کر دوں گا۔محل چند مہینوں میں تیار ہو گیا اور وہ واقعی اس قدر شاندار تھا کہ جو بھی اسے دیکھتا تعریف کیے بغیر نہ رہا۔سب نے محل کی تعریف کی۔لیکن سلطان خاموش رہتا۔ایک روز شہزادے نے سلطان کو محل دیکھنے کی دعوت دی۔بیٹے کے اصرار پر سلطان نئے محل کی سیر کے لیے چل پڑا جب وہ محل کے سامنے پہنچا تو پھر بھی خاموش رہا۔لیکن جب محل کے دروازے میں داخل ہونے لگا تو وہ رک گیا اور کہنے لگا: ''بیٹے! تم نے یہ نیا محل اس لیے بنوایا ہے کہ پہلے محل کی دیوار پر داغ پڑ گیا تھا؟''

''جی ابا جان!'' شہزادے نے جواب دیا۔''تو یہ دیکھو!'' یہ کہہ کر سلطان نے اپنی چھڑی کی نوک سے دیوار پر ایک لکیر ڈال دی جس سے دیوار کی ساری خوبصورتی ختم ہو گئی۔سلطان نے کہا: ''بیٹے!

اگر اُس محل کی ایک دیوار پر داغ پڑا تھا تو اس نئے محل کی دیوار بھی داغ سے محفوظ نہیں۔ دنیا کے خوبصورت سے خوبصورت محل پر بھی کوئی نہ کوئی داغ پڑ سکتا ہے۔ مَیں یہ چاہتا ہوں کہ تم کوئی ایسا محل تعمیر کرو جس کی کسی دیوار پر کوئی داغ نہ پڑے۔'' یہ سُن کر شہزادے نے کچھ دیر تک سوچا۔ پھر کہا: ''ابا جان! آپ درست فرماتے ہیں۔ محل کتنا ہی خوبصورت کیوں نہ ہو ایک نہ ایک دن خراب ہو جاتا ہے۔ مَیں کوئی ایسا کارنامہ انجام دوں گا جو ایک بے داغ محل کی طرح ہمیشہ چمکتا رہے۔''

محمود نے یہ وعدہ اس وقت پورا کیا جب وہ سلطان محمود غزنوی بن چکا تھا۔ سلطان محمود اپنی بہادری کے کارناموں اور علم دوستی کی وجہ سے تاریخ کے صفحات میں ہمیشہ زندہ رہے گا اور اس کا نام ہمیشہ چمکتا رہے گا۔

ہُنر اور سفر

کردار

- ☆ بادشاہ
- ☆ وزیرِ اعظم
- ☆ شہزادہ
- ☆ نانبائی

پہلا منظر

بادشاہ کا محل

بادشاہ: (شہزادے سے) بیٹے! مجھے تم سے ایک ضروری بات کہنی ہے۔

شہزادہ: جی ابا حضور! فرمایئے۔

بادشاہ: ماشاء اللہ! اب تم جوان ہو گئے ہو، تعلیم بھی حاصل کر چکے ہو۔ بہتر ہے کہ اب تم تخت سنبھالو کیونکہ مَیں بوڑھا ہو گیا ہوں۔

شہزادہ: آپ کا سایہ ہمارے سروں پر سلامت رہے۔ مَیں

آپ کی موجودگی میں یہ گستاخی کیسے کرسکتا ہوں؟

بادشاہ: یہ ہماری خواہش ہے۔

شہزادہ: آپ کا ارشاد بجا .....مگر

بادشاہ: مگر کیا؟

شہزادہ: ابا حضور! مَیں نے تعلیم تو حاصل کر لی ہے لیکن میرے اُستاد کا کہنا ہے کہ جب تک کوئی ہنر نہ سیکھا جائے اور گھوم پھر کر دُنیا کی سیر نہ کی جائے انسان مکمل نہیں ہوتا۔

بادشاہ: تو پھر؟

شہزادہ: جی! ابا حضور.....میرا ارادہ ہے کہ کوئی ہنر سیکھ کر دنیا کی سیر کے لیے نکلوں۔

بادشاہ: ٹھیک ہے۔

شہزادہ: تو ابا حضور! مجھے اجازت دیجئے کہ مَیں کوئی ہنر سیکھ لوں۔

بادشاہ: میری طرف سے اجازت ہے۔لیکن ہنر تم کون سا سیکھو گے۔

شہزادہ: ابا حضور! میرے استاد قالین بنانے کا ہنر جانتے ہیں۔میرا ارادہ بھی ان سے یہی ہنر سیکھنے کا ہے۔

بادشاہ: بہت خوب۔

شہزادہ: تو ابا حضور! یہ ہنر سیکھنے کے بعد مجھے دنیا کے سفر پر نکلنے کی اجازت ہے؟

بادشاہ: ٹھیک ہے.....جس طرح تمہاری مرضی۔

دوسرا منظر

نانبائی کی دکان

شہزادہ: (نانبائی سے) بھائی! مَیں بھوکا تھا۔تم نے مجھے کھانا کھلایا۔مَیں تمہارا شکرگزار ہوں لیکن یہ کیا کہ تم نے مجھے اپنی قید میں ڈال دیا ہے؟

نانبائی: نوجوان! مَیں بظاہر تو نانبائی کا کام کرتا ہوں لیکن میرا خفیہ کاروبار غلاموں کی خرید وفروخت ہے۔

شہزادہ: (حیرت سے) جی؟

نانبائی: ہاں ..... (قہقہہ لگاتے ہوئے) اب تم میری قید میں ہو۔میرے غلام ہو اور مناسب وقت آنے پر مَیں تمہیں کسی کے ہاتھ فروخت کردوں گا۔

شہزادہ: یعنی مَیں فروخت کردیا جاؤں گا؟

نانبائی: ہاں .....بہتر یہ ہے کہ خاموشی سے وقت گزاردو۔

شہزادہ: تم مجھے کب تک فروخت کرنے کا ارادہ رکھتے ہو؟

نانبائی: کچھ نہیں کہا جا سکتا .....اس کام میں ایک مہینہ بھی لگ سکتا ہے اور ایک سال بھی۔

شہزادہ: اتنا عرصہ مَیں یہاں بیکار پڑا رہوں گا؟

نانبائی: تو پھر کیا؟

شہزادہ: مَیں اتنا عرصہ بیکار تمہاری روٹیاں توڑتا رہوں گا؟

نانبائی: ہوں۔

شہزادہ: تو پھر بہتر یہ ہے کہ تم میرے ہنر سے فائدہ حاصل کرو۔

نانبائی: تمہارے پاس کیا ہنر ہے؟

شہزادہ: مجھے قالین بنانے کا ہنر آتا ہے۔

نانبائی: (حیرت سے) یہ تو بہت اچھا ہے۔

شہزادہ: تو پھر مجھے سامان لا دو تا کہ مَیں آج سے ہی کام شروع کر دوں۔

نانبائی: ٹھیک ہے .....مَیں آج ہی تمہیں سامان لا دیتا ہوں۔تم اپنے فن کا پورا زور اس قالین پر صَرف کر دو۔ مَیں یہ قالین بادشاہ کے حضور پیش کر کے معقول انعام و اکرام حاصل کروں گا۔

شہزادہ: تم فکر نہ کرو۔انشاءاللہ مَیں ایسا اعلیٰ قالین بناؤں گا کہ اس کی قیمت سے تمہارے تمام دلدر دور ہو جائیں گے۔

تیسرا منظر

بادشاہ کا دربار

بادشاہ: (وزیراعظم سے) وزیراعظم! کوئی ملاقاتی ہو تو اسے پیش کیا جائے!

وزیراعظم: جہاں پناہ! قالینوں کا ایک تاجر آیا ہے۔ وہ آپ کی خدمت میں ایک نادر قالین پیش کرنا چاہتا ہے۔

بادشاہ: پیش کیا جائے۔

(وقفہ)

نانبائی: حضور! مَیں نے یہ قالین خاص طور پر آپ کے لیے بنوایا ہے۔دیکھیے کتنا نادر اور نفیس ہے!

بادشاہ: ٹھیک ہے۔ٹھیک ہے .....وزیراعظم!

وزیراعظم: جی حضور عالی!

بادشاہ: وزیراعظم! قالین کو غور سے دیکھو! اس کے فن کے

مطابق تاجر کو انعام دیا جائے۔

وزیراعظم: (قالین کی طرف غور سے دیکھتے ہوئے) بادشاہ سلامت!

بادشاہ: کہو وزیراعظم!

وزیراعظم: اس تاجر کو فوراً قید کر دیا جائے۔

نانبائی: ح .....ح .....ح حضور! میرا قصور؟

بادشاہ: اس کا جرم کیا ہے؟ وزیراعظم!

وزیراعظم: اس کا جرم؟ اس کا جرم یہ ہے جہاں پناہ! کہ یہ بردہ فروش ہے۔ اس نے اس قالین بنانے والے کے علاوہ بہت سے نوجوان اپنے گھر میں قید کر رکھے ہیں۔

بادشاہ: اس کا ثبوت؟

وزیراعظم: اس کا ثبوت یہی قالین ہے بادشاہ سلامت! یہ دیکھیے قالین پر قالین بُننے والے نے بڑی مہارت سے اپنی رام کہانی لکھ دی ہے۔

بادشاہ: یہ شخص تو بڑا ظالم ہے ..... ہم حکم دیتے ہیں کہ اسے فوراً قید کر دیا جائے۔ اور سپاہیوں کا ایک دستہ اس کے ٹھکانے پر روانہ کر کے قالین بننے والے نوجوان اور دوسرے قیدیوں کو آزاد کرایا جائے۔

وزیراعظم: حکم کی تعمیل ہوگی جہاں پناہ!

(وقفہ)

بادشاہ: قیدیوں کو ہمارے حضور پیش کیا جائے!

وزیراعظم: بہت بہتر حضور!

بادشاہ: (حیرت سے) ئیں ..... یہ کیا؟ ان قیدیوں میں تو ہمارا شہزادہ بھی ہے۔

شہزادہ: جی ابا حضور!

بادشاہ: مگر یہ سب کیا ہے؟

شہزادہ: ابا حضور! وہ قالین میرا ہی بُنا ہوا تھا۔ اور مَیں نے ہی اس میں اپنی قید کا سارا حال لکھا تھا۔

بادشاہ: بہت خوب ..... بہت خوب!

شہزادہ: ابا حضور! یہ سب میرے ہنر کا کمال ہے۔

بادشاہ: واقعی .....ہنر کبھی نہ کبھی ضرور کام آتا ہے اور سفر کیے بغیر انسان ادھورا رہتا ہے۔

بادشاہ کا انصاف

کردار

☆ راوی

☆ جہانگیر

☆ وزیراعظم

☆ غلام

☆ عورت

راوی: ہندوستان میں ایک بادشاہ گزرا ہے۔ اس کا نام جہانگیر تھا۔ دوسری خوبیوں کے علاوہ ایک بڑی خوبی اس میں یہ تھی کہ وہ بہت انصاف پسند تھا۔ اسے اپنے عوام کی بھلائی کا بہت خیال تھا اور وہ چاہتا تھا کہ اس کی رعایا میں سے کسی آدمی کے ساتھ بھی کوئی ظلم یا زیادتی نہ ہو۔ چنانچہ اس نے اپنے محل کے باہر ایک بڑی سی زنجیر لٹکا رکھی تھی کہ جس کسی کو کوئی شکایت ہو وہ اس زنجیر کو ہلائے۔ زنجیر کے آخری سرے پر ایک گھنٹی بندھی تھی۔ جب زنجیر ہلنے لگتی تو گھنٹی بجنا شروع ہو جاتی۔ اس طرح بادشاہ کو معلوم ہو جاتا کہ کوئی فریادی فریاد لے کر آیا ہے۔ ایک دن ایسا ہوا کہ جہانگیر آرام کر رہا تھا۔ اتنے میں زنجیر ہلنے سے گھنٹی بجنے کی آواز آنے لگی۔

پہلا منظر

بادشاہ کا محل

جہانگیر: (تالی بجاتے ہوئے) کوئی ہے؟

غلام: جہاں پناہ! غلام حاضر ہے۔

جہانگیر: دیکھو! کون فریادی اس وقت ہمارے حضور آیا ہے؟

غلام: بہت بہتر حضور!

(وقفہ)

غلام: جہاں پناہ! ایک عورت ہے۔

جہانگیر: اسے ہمارے حضور پیش کیا جائے۔

غلام: بہت بہتر جہاں پناہ!

(وقفہ)

عورت: (روتے ہوئے) دہائی ہے بادشاہ سلامت ..... دہائی ہے۔

جہانگیر: کیا بات ہے خاتون؟

عورت: جہاں پناہ! مَیں لُٹ گئی ..... برباد ہوگئی۔

جہانگیر: صاف صاف بتاؤ ..... کیا بات ہے؟

عورت: میرے ساتھ ظلم ہوا ہے سرکار!

جہانگیر: کُھل کر بتاؤ ..... کیا ظلم ہوا ہے؟

عورت: حضور! (روتے ہوئے) میرا سہاگ لُٹ گیا۔ میرا شوہر مارا گیا ہے۔

جہانگیر: بہت افسوس کی بات ہے۔ لیکن اس کا قاتل کون ہے؟

عورت: حضور! کچھ کہہ نہیں سکتی۔

جہانگیر: بے جھجک ہو کر بتاؤ کہ تمہارے شوہر کا قاتل کون ہے؟ ہم انصاف کریں گے۔

عورت: حضور! آپ سے انصاف ہی کی توقع ہے۔

جہانگیر: پھر کیا ہے؟

عورت: جہاں پناہ! چھوٹا منہ اور بڑی بات ہے۔

جہانگیر: آخر وہ ایسی کون سی بات ہے جو تمہارے ہونٹوں تک نہیں آ سکتی؟

عورت: حضور کا اقبال بلند ہو۔ بات ہی کچھ ایسی ہے کہ مَیں .....

جہانگیر: ڈرو نہیں۔ بتاؤ کہ تمہارے شوہر کا قاتل کون ہے؟

عورت: حضور! بتا تو دوں۔ لیکن ڈرتی ہوں کہ کہیں حضور کا انصاف بھی نہ ڈگمگا اٹھے۔

جہانگیر: نہیں ایسا نہیں ہو سکتا۔ (غصے سے) قاتل کا نام بتا دو۔ ورنہ ہم یہی سمجھیں گے کہ تم جھوٹی ہو۔

عورت: عالی جاہ! کیا بتاؤں؟

جہانگیر: بتاؤ ..... بتاؤ ..... ہم پورا پورا انصاف کریں گے۔

عورت: تو سنیئے جہاں پناہ! میرے شوہر کی قاتل آپ کی ملکہ معظّمہ ہیں۔

جہانگیر: (حیرت سے) ملکہ معظّمہ؟

عورت: جی حضور!

جہانگیر: مگر ..... یہ کیسے؟

عورت: حضور! ملکہ عالیہ اب سے کچھ دیر پہلے شاہی محل کے مغربی برج پر تیر اندازی کی مشق فرما رہی تھیں۔

جہانگیر: (بیتابی سے) پھر کیا ہوا؟

عورت: ایک تیر سنسناتا ہوا آیا اور میرے شوہر کے سینے کے پار ہوگیا۔ اور وہ وہیں اسی وقت مر گیا۔

جہانگیر: تمہارا شوہر اس وقت کہاں تھا؟

عورت: حضور! ہم دھوبی ہیں اور شاہی محل کے باہر دریا کے دوسرے کنارے پر مَیں اور میرا شوہر کپڑے دھو رہے تھے کہ یہ واقعہ پیش آیا۔

جہانگیر: ٹھیک ہے ..... ٹھیک ہے مظلوم عورت! تمہارے ساتھ انصاف ہو گا۔ کل بھرے دربار میں ہم اس مقدمے کا فیصلہ کریں گے۔ اب تم جا سکتی ہو۔

دوسرا منظر

بادشاہ کا دربار

جہانگیر: (وزیراعظم سے) وزیراعظم!

وزیراعظم: جی عالم پناہ!

جہانگیر: فریادی عورت کو حاضر کیا جائے۔

وزیراعظم: بہت بہتر جہاں پناہ!

(مختصر وقفہ)

وزیراعظم: عالم پناہ! فریادی عورت حاضر ہے۔

جہانگیر: فریادی اپنا مقدمہ پیش کرے۔

فریادی عورت: حضور! کل ملکہ عالیہ شاہی محل کے مغربی برج پر کھڑی تیر چلانے کی مشق فرما رہی تھیں کہ ایک تیر آیا اور میرے شوہر کو آ کے لگا جس سے وہ وہیں مر گیا۔

جہانگیر: تمہیں پورا یقین ہے کہ قاتل ہماری ملکہ ہیں؟

عورت: جی حضور!

جہانگیر: تو ہمارا انصاف یہ کہتا ہے کہ خون کا بدلہ خون ہونا چاہیئے۔

عورت: (حیرت سے) جی؟

جہانگیر: ہاں ..... خون کا بدلہ خون ..... ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ملکہ نے چونکہ تمہارا سہاگ اُجاڑا ہے اس لیے جواب میں تم ملکہ کا سہاگ اُجاڑ دو۔

عورت: جی ..... جی .....مگر یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ عالم پناہ!

جہانگیر: انصاف یہی کہتا ہے ..... یہ لو تیر اور کمان اور جس طرح ملکہ نے تیر چلا کر تمہارے شوہر کو قتل کر دیا۔ اسی طرح تم بھی اس کا بدلہ ہم پر تیر چلا کر لے سکتی ہو ..... چلاؤ تیر!

عورت: (روتے ہوئے) نہیں .....نہیں .....حضور! ایسا نہیں ہوسکتا۔ مَیں اپنے سہاگ کی خاطر ملکہ عالیہ کا سہاگ نہیں اجاڑ سکتی۔ ایسے انصاف پسند بادشاہ کا خون نہیں کر سکتی۔

جہانگیر: نہیں ..... یہ نہیں ہوسکتا ..... یہ ہمارا حکم ہے۔

عورت: مگر .....مگر عالم پناہ! مَیں معاف بھی تو کر سکتی ہوں۔

جہانگیر: یہ تمہیں اختیار ہے۔

عورت: تو .....تو مَیں اپنے شوہر کی موت کو تقدیر سمجھ کر قبول کرتی ہوں اور .....اور ملکہ عالیہ کو معاف کرتی ہوں ..... مجھے انصاف مل گیا ہے۔

باپ کی دُعا

کردار

☆ راوی

☆ بابر

☆ ہمایوں

☆ شاہی طبیب

راوی: ہندوستان میں مغلیہ سلطنت کی بنیاد ظہیر الدین بابر نے رکھی۔ 1526ء میں وہ پورے ہندوستان کا بادشاہ بن گیا۔ بابر بچپن ہی سے سخت اور سپاہیانہ زندگی کا عادی ہو گیا تھا۔ وہ بڑے مضبوط جسم اور پکے ارادے کا مالک تھا۔ اتنا طاقتور تھا کہ دو آدمیوں کو اپنی بغلوں میں دبا کر آگرے کے قلعے کی فصیل پر بھاگ سکتا تھا۔ اُسے

تیرنے کا بھی بڑا شوق تھا۔ اس نے برصغیر کے تمام دریا خود تیر کر پار کیے تھے۔ بابر علم و ادب کا سرپرست ہونے کے ساتھ ساتھ خود بھی ترکی زبان کا شاعر اور ادیب تھا۔ اس نے اپنے حالاتِ زندگی تزکِ بابری کے نام سے ایک کتاب میں لکھے ہیں۔ آخر 1530ء میں وہ وفات پا گیا۔ لیکن اس کی موت کا واقعہ بھی عجیب ہے۔

شاھی محل کا منظر

بابر: (اداس اور غمگین آواز میں) شاہی طبیب! ہمارے بیٹے نصیر الدین کا اب کیا حال ہے؟

طبیب: ظلِ سبحانی! کیا عرض کر سکتا ہوں؟

بابر: کیا مطلب؟

طبیب: ظلِ سبحانی! زبان زیب نہیں دیتی۔

بابر: جو کچھ کہنا چاہتے ہو۔ صاف صاف کہو۔

طبیب: جان کی امان پاؤں تو کچھ عرض کروں۔

بابر: جلدی سے کہو۔

طبیب: ظلِ سبحانی! مَیں نے شہزادہ نصیر الدین کا بہت علاج کیا۔ لیکن جو دوا دی جاتی ہے اس کا اثر الٹا ہوتا ہے۔ اس لیے میرے خیال میں اب دوا نہیں دُعا کا وقت ہے۔

بابر: یہ تم کیا کہہ رہے ہو؟ شاہی طبیب!

طبیب: ظلِ سبحانی! مَیں نے جو کچھ عرض کیا ہے دوسرے تمام طبیبوں کا بھی یہی خیال ہے۔

بابر: نہیں .....نہیں ..... ایسا نہیں ہو سکتا۔ ہم مغلیہ سلطنت کے وارث .....اپنے پیارے بیٹے نصیر الدین کو مرنے نہیں دیں گے۔ ہم اپنے آپ کو اس کی جان کے صدقے میں پیش کر دیں گے۔

(وقفہ)

راوی: ایک دن بابر نے شاہی لباس اور تاج اتار کر سادہ لباس پہنا۔ وَضو کیا اور اپنے بیمار بیٹے نصیر الدین ہمایوں کی چارپائی کے گرد تین چکر لگائے اور آخر میں مصلّے پر بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دُعا مانگنے لگا۔

بابر: (روتے ہوئے) اے خدا! اے دونوں جہانوں کے پالنے والے! میرا پیارا بیٹا نصیر الدین سخت بیمار ہے اور

مرنے کے قریب ہے۔ میرے بعد مغلیہ سلطنت کا یہی وارث ہے۔ اگر اسے کچھ ہو گیا تو خاندانِ تیموریہ کا چراغ گُل ہو جائے گا۔ خدایا! اسے بچا لے اور اس کی بیماری مجھے دے دے اور اس کے بدلے میں مجھے موت دے دے۔ مَیں اس کے بدلے میں مرنے کو تیار ہوں۔

(وقفہ)

روای: چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ بابر کی دُعا قبول ہوگئی۔ اس کا صدقہ منظور ہوا۔ ہمایوں صحت یاب ہونے لگا اور بابر بیمار.....آخر ہمایوں بالکل تندرست ہوگیا اور بابر وفات پا گیا۔ بیٹے کے لیے باپ کی یہ قربانی ایک انوکھی مثال ہے جو ہمیشہ یادگار رہے گی۔

❁

نوعمر مجاہد

کردار

☆ راجہ داہر ..... سندھ کا حکمران

☆ جے سنگھ ..... راجہ داہر کا بیٹا

☆ محمد بن قاسم ..... مسلمان فوج کا سپہ سالار

☆ ایلچی

☆ دربان

☆ سندھی سپہ سالار

☆ اور بہت سے سپاہی

پہلا منظر

راجہ داھر کا دربار

راجہ داہر: جے سنگھ! بصرے کے حاکم حجاج بن یوسف کا یہ خط دیکھا ہے؟

جے سنگھ: جی نہیں مہاراج!

راجہ داہر: (مسکراتے ہوئے) لکھا ہے .....عربوں کے جہاز لوٹنے والے ڈاکوؤں کو سخت سزا دی جائے اور تمام عرب قیدیوں کو ان کے مال و اسباب سمیت آزاد کر دیا جائے .....ورنہ۔

جے سنگھ: (بات کاٹتے ہوئے) ورنہ کیا مہاراج؟

راجہ داہر: (قہقہہ لگاتے ہوئے طنزیہ انداز میں) ورنہ ..... نتائج کی ذمہ داری آپ پر ہوگی .....(قہقہہ)

جے سنگھ: خوب ..... تو گویا چند ملک فتح کرنے کے بعد اب مسلمان سندھ کی فتح کا بھی خواب دیکھنے لگے ہیں۔

راجہ داہر: (ہنستے ہوئے) خیر یہ تو بعد میں دیکھا جائے گا ..... جے سنگھ! تم یہ بتاؤ! وہ مسلمان قیدی اس وقت کہاں ہیں؟

جے سنگھ: مہاراج! شاہی قید خانے میں۔

راجہ داہر: ہوں ..... ان کا مزاج درست ہوا یا ابھی تک وہ ہمارے خلاف ہیں؟

جے سنگھ: ان میں سے ایک قیدی کل یہ کہہ رہا تھا کہ ظلم کے دن تھوڑے ہیں۔ خدا کی لاٹھی بے آواز ہے .....ایک نہ ایک دن راجہ کو منہ کی کھانی پڑے گی اور .....

راجہ داہر: (بات کاٹتے ہوئے غصے سے) بس بس ..... اُس بدزبان کی زبان کھینچ دو۔

جے سنگھ: اور ایک قیدی لڑکی ہر وقت حجاج کی دہائی دیتی رہتی ہے۔

راجہ داہر: اُسے کہو! کہ اس کی مدد کے لیے اتنی دور سے حجاج تو کیا ایک چڑیا بھی نہیں پہنچ سکتی۔ (قہقہہ)

جے سنگھ: مہاراج! قیدی کچھ زیادہ ہی حد سے بڑھ رہے ہیں۔

راجہ داہر: انہیں ان کی گستاخی کی پوری پوری سزا دی جائے گی۔ جے سنگھ! ان سب کو کوڑے مار مار کر لہولہان کر دو تاکہ پھر کبھی ایسی گستاخی نہ کر سکیں۔

جے سنگھ: بہت بہتر مہاراج!

(وقفہ)

دربان: مہاراج! ایک ایلچی حاضر ہونا چاہتا ہے۔

راجہ داہر: آنے دو!

(وقفہ)

راجہ داہر: تم کون ہو؟

ایلچی: مَیں مسلمان فوج کے سپہ سالار کا پیغام لے کر آیا ہوں۔

راجہ داہر: کہو!

ایلچی: ہمارے سپہ سالار نے آپ کے لیے یہ خط دیا ہے۔

راجہ داہر: (خط کھول کر پڑھتے ہوئے) اے راجہ! تمہیں اگر اپنے فوجی ساز و سامان پر ناز ہے تو ہمیں صرف خدا پر بھروسہ ہے۔ ہار جیت اسی کے ہاتھ میں ہے۔ بہتر ہے کہ ہمارے قیدی واپس کر دو۔ ورنہ اسی خط کو ہماری طرف سے اپنے خلاف اعلانِ جنگ سمجھو۔ فقط محمد بن قاسم۔ (لہجہ تبدیل کرتے ہوئے غصے سے) ایلچی! ہماری طرف سے انہیں کہہ دو کہ ہم ہر صورتِ حال کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہیں۔

(ایلچی چلا جاتا ہے)

راجہ داہر: (اپنی فوج کے سپہ سالار سے مخاطب ہوتے ہوئے) یہ محمد بن قاسم کون ہے؟

سپہ سالار: مسلمان فوج کا نوعمر سپہ سالار مہاراج! جس نے کچھ عرصہ پہلے دیبل کو فتح کیا تھا۔

راجہ داہر: دیبل کا نام نہ لو ..... وہاں تو ہماری فوجیں بڑی بے جگری سے لڑی ہیں۔ البتہ عربوں کی منجنیق کے پتھروں سے شہر کے مندر کا سرخ جھنڈا اگرا تو وہاں کے لوگوں کے حوصلے پست ہو گئے۔ ورنہ وہاں مسلمانوں کو قدم جمانے کی کبھی جرأت نہ ہوتی۔

سپہ سالار: ٹھیک ہے مہاراج!

راجہ داہر: اور ہاں ..... تم نے دیکھا کہ یہ مسلمان کتنے گستاخ ہیں۔ انہیں یہ معلوم نہیں کہ سندھ کے راجہ کو کس طرح مخاطب کرنا چاہیئے۔

سپہ سالار: مہاراج درست ہے ..... مگر جو قوم قیصر و کسریٰ کے تاج و تخت اپنے پاؤں تلے روند چکی ہو اس کے لیے سندھ کی حکومت کیا معنی رکھتی ہے؟

راجہ داہر: کیا مطلب؟

سپہ سالار: مطلب یہ کہ یہ قوم آسانی کے ساتھ ہم سے ٹکر لے سکتی ہے۔

راجہ داہر: یہ تم کہہ رہے ہو سندھ کے سپہ سالار اعظم؟

سپہ سالار: جی ہاں مہاراج! دیبل کی لڑائی میں ہم ان کی بہادری اور جوانمردی کا لوہا مان چکے ہیں۔ میرے خیال میں تو ہمیں ان کے قیدی واپس کر دینے چاہئیں۔

راجہ داہر: تو تمہارا مطلب ہے ہم ان سے ہار مان لیں۔

سپہ سالار: نہیں مہاراج! میرا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ہماری فوج ان کا مقابلہ نہیں کر سکتی بلکہ ہمیں امن و آشتی سے رہنا چاہیئے تا کہ مسلمانوں کا یہ سیلاب جو عراق سے آیا ہے خاموشی سے لوٹ جائے ورنہ.....

راجہ داہر: (غصے سے بات کاٹتے ہوئے) ورنہ کیا؟

سپہ سالار: مجھے یہ ڈر ہے کہ کہیں مہاراج کا تخت و تاج بھی اس طوفان کی لپیٹ میں نہ آ جائے۔

راجہ داہر: وقت آنے پر دیکھا جائے گا۔

سپہ سالار: اگر مہاراج کا مطلب اعلانِ جنگ سے ہے تو مَیں فوج کو تیاری کا حکم دوں؟

راجہ داہر: نہیں ..... اس کی کوئی ضرورت نہیں۔ ہماری فوج تیاری کے بغیر بھی جب چاہے ان کا مقابلہ کرنے کی طاقت رکھتی ہے۔ پھر تم نے خود ہی تو کہا تھا کہ مسلمان فوج کا سپہ سالار ایک سترہ سالہ لڑکا ہے ..... یہ سترہ سالہ لڑکا بھلا ہمارے ساتھ کیا لڑے گا؟ ہوں ..... (ہنستے ہوئے) سترہ سالہ لڑکا ..... محمد بن قاسم ..... (قہقہے)

(وقفہ)

سپہ سالار: مہاراج! ابھی ابھی ہمارے جاسوسوں نے ایک بہت بُری خبر دی ہے۔

راجہ داہر: کیا ہے؟

سپہ سالار: مہاراج! مسلمانوں کا لشکر اس طرف بڑھتا چلا آ رہا ہے۔

راجہ داہر: تو آنے دو ..... دیکھا جائے گا۔

سپہ سالار: نہیں مہاراج ..... یہ تو بہت برا ہوا۔ بہت بُرا ..... رام کرے وہ دریا کو پار ہی نہ کر سکیں۔

راجہ داہر: ہاں ..... اول تو وہ اس طغیانی میں دریا کو پار ہی نہیں کر سکتے اور اگر کسی طرح کر بھی لیں تو ان کے مقابلے کے لیے ہماری بہادر اور چوکس فوج موجود ہے۔

سپہ سالار: بے شک مہاراج!

دوسرا منظر

دریا کے کنارے

محمد بن قاسم: (اپنے سپاہیوں سے) اسلام کے بہادر سپاہیو!
تمہاری رگوں میں بہادر مسلمانوں کا خون دوڑ رہا ہے۔
تم ایک خدا اور ایک رسول کے ماننے والے ہو۔
تمہارے مقابلے میں وہ لوگ ہیں جو بتوں کو پوجتے ہیں
.....موت اور زندگی اللہ کے ہاتھ میں ہے۔اگر تم زندہ
رہ گئے تو غازی ہو گے۔اور مر گئے تو شہید کہلاؤ گے۔تم
جانتے ہو کہ فتح ہمیشہ حق کا مقدر رہی ہے۔ہم حق پر ہیں
اس لیے فتح بھی یقیناً ہماری ہوگی۔

مسلمان سپاہی: (ایک آواز ہو کر) انشاءاللہ

محمد بن قاسم: ساتھیو! دریا بپھرا ہوا ہے۔مگر تم جانتے ہو کہ اس کو پار
کر کے ہی ہم اسلام کے دشمنوں کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔تم
ایک ایک کشتی کو رسوں سے باندھ کر دریا میں ڈال دو
تا کہ پُل بن جائے۔خدا ہماری مدد کرے گا۔

(وقفہ)

راجہ داہر: (شور سُن کر) یہ کیسا شور ہے جے سنگھ؟

جے سنگھ: مہاراج! مسلمانوں نے رات کو دریا پار کر کے
ہمارے محافظ دستوں کو تہس نہس کر دیا ہے اور اب وہ
قلعے کی طرف بڑھ رہے ہیں۔

راجہ داہر: (غصے سے) ان کی یہ جرأت .....سپہ سالار اعظم! کیا
یہ درست ہے؟

سپہ سالار: جی مہاراج!

راجہ داہر: (حقارت سے) ہوں ..... یہ سترہ سالہ لڑکا ہم سے
جنگ کرے گا۔(غصے سے) اسے اس کی موت یہاں
لے آئی ہے۔اب آیا ہے تو زندہ نہ جانے پائے۔اس کو
وہ مزہ چکھاؤ کہ پھر کبھی ایسی حماقت نہ کرے۔

سپہ سالار: بہت بہتر مہاراج!

تیسرا منظر

میدانِ جنگ

(شور بڑھتا ہوا قریب آ جاتا ہے۔نعرۂ تکبیر کی آوازیں

نمایاں ہونے لگتی ہیں ۔ جنگ کا بگل بجتا ہے ۔تلواروں کی جھنکار اور گھوڑوں کی ٹاپوں کی آواز)

محمد بن قاسم: سپاہیو! آگے بڑھو! وہ دیکھو! ایک سفید ہاتھی پر دشمنِ اسلام راجہ داہر بیٹھا ہے ۔ بچنے نہ پائے ۔شاباش ۔

(شور میں چیخوں کی آوازیں ۔آہستہ آہستہ شور کم ہوتا ہے)

محمد بن قاسم: (فتح کے بعد سندھ کے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے) اے سندھ کے رہنے والو! تم خوف کے مارے کانپ رہے ہو کہ فتح کے بعد نہ جانے تمہارے ساتھ کیا سلوک ہوگا ؟ ڈرنے کی ضرورت نہیں ۔تم ہمارے غلام نہیں ۔ آزاد ہو ..... ہم یہاں کسی کو غلام بنانے نہیں آئے ۔ بلکہ اُس ظلم وستم کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ختم کرنے آئے ہیں جو یہاں کے حاکم تم پر ڈھاتے رہے ہیں ۔ ہمارا مذہب اسلام ذات پات اور اونچ نیچ کے خلاف ہے ۔ ہمارے دین میں سب انسان برابر ہیں ۔

سپاہی: نعرۂ تکبیر .....اللہ اکبر .....محمد بن قاسم زندہ باد!

اتفاق میں برکت

اک گاؤں میں تھا اک بوڑھا
بوڑھا تھا وہ نیک اور دانا
کھیتی باڑی کرتا تھا وہ
اللہ کا دم بھرتا تھا وہ
قدرت نے اس کو بخشے تھے
سات جوان اور گبھرو بیٹے
لیکن آپس میں سب لڑکے
لڑتے تھے وہ اور جھگڑتے
دھینگا مشتی مار کٹائی
رہتی تھی ہر وقت لڑائی
دیکھ کے باپ بہت کڑھتا تھا
اُن کی حالت پر روتا تھا

اُن کو سمجھاتا تھا بوڑھا
نہیں ہے اچھا ہر دم لڑنا
لیکن وہ جھگڑالو لڑکے
اُس کی بات کہاں سنتے تھے؟
یونہی تھے وہ لڑتے رہتے
اک اک بات پہ اڑتے رہتے
آخر اک دن عاجز آیا
بوڑھے نے لڑکوں کو بُلایا
کہنے لگا ''جنگل کو جاؤ
واں سے اک اک ٹہنی لاؤ!''
لڑکے جب جنگل سے آئے
سارے اک اک ٹہنی لائے
بوڑھے نے پھر آگے بڑھ کر
ٹہنیاں لے کر باندھا گٹھر
پاس بلایا اک لڑکے کو
اور کہا یہ اُس بیٹے کو

''بیٹا! توڑو تو یہ گٹھر
اپنا پورا زور لگا کر''
لڑکے نے جب زور لگایا
ایک بھی ٹہنی توڑ نہ پایا
دوسرے کو پھر اس نے بلایا
اُس نے بھی اب زور لگایا
توڑ نہ پایا ہرگز وہ بھی
اُس گٹھر کی ایک بھی ٹہنی
آخر اک اک کر کے سارے
زور لگا کر رہ گئے لڑکے
توڑ نہ پائے ہرگز گٹھر
ہار گئے وہ زور لگا کر
تب بوڑھے نے گٹھر کھولا
پھر وہ اُن لڑکوں سے بولا
''میرے پیارے ناداں بچو!
اک اک ٹہنی لے کر توڑو!''

ہر اک نے لے کر اک ٹہنی
پل بھر میں وہ توڑ کے رکھ دی
اس پر بوڑھا اُن سے بولا
''تم نے غور سے یہ سب دیکھا؟
ٹہنیاں جب سب بندھی ہوئی تھیں
اک گٹھر میں کسی ہوئی تھیں
توڑ نہ پائے تھے تم ان کو
آخر کیا طاقت تھی سوچو؟
ٹہنیاں ساری اک اک کرکے
ٹوٹ گئیں کس آسانی سے
رہو گے جب تک تنہا تنہا
ہر اک تم کو توڑ سکے گا
ہو جاؤ گر یکجا سارے
کوئی تمہیں پھر توڑ نہ پائے
اس سے سبق یہ اچھا سیکھو!
مل جل کر تم رہنا سیکھو!

مل جل کر رہنے میں برکت
مل جل کر رہنے میں طاقت
مل جل کر رہنا ہے دولت
مل جل کر رہنا ہے عزت

لالچ کا انجام

اک دن ایک گھنے جنگل میں
تین مسافر گزر رہے تھے
تینوں راہی آپس میں تھے
دوست نہایت ہی وہ گہرے
سوچا شہر کی جانب جائیں
تا کہ اپنی روزی پائیں
صبح کو تھے وہ گھر سے نکلے
شام ہوئی تو جنگل پہنچے
چلتے چلتے ہوا اندھیرا
اندیشوں نے ان کو گھیرا
برگد کے اک پیڑ کے نیچے
رات بسر کرنے کو ٹھہرے
دیکھا تو اک بڑی سی تھیلی
اُس برگد کے پاس پڑی تھی
پہلے تو وہ ڈرے ذرا سے
بیٹھے اُس سے پرے ذرا سے
پھر تھیلی کا دھیان جو آیا
سب نے اس کو کھولنا چاہا
کھولی جب ہاتھوں سے تھیلی
سونے اور چاندی سے بھری تھی
دیکھ کے اتنا سونا چاندی
آنکھ اُن تینوں کی چندھیائی
رات ہوئی تو ان تینوں کا
بھوک کے مارے حال بُرا تھا
سوچا پہلے کھانا کھا لیں
پھر یہ سونا چاندی بانٹیں
ایک مسافر شہر کو بھیجا
تا کہ واں سے لائے کھانا

باقی دو کے دل پر چھایا
دولت کے لالچ کا سایا
سوچا جب وہ شہر سے آئے
ان کی خاطر کھانا لائے
اُس کو مل کر جان سے ماریں
دولت پھر آپس میں بانٹیں
اُدھر جو شہر گیا تھا تنہا
اُس کو بھی لالچ نے جکڑا
سوچا جو کھانا لے جاؤں
کیوں نہ مَیں اُس میں زہر ملاؤں
زہر ملا یہ کھانا پا کر
مر جائیں گے دونوں کھا کر
پھر تو مَیں ساری دولت کا
مالک ہو جاؤں گا تنہا
کھانے میں پھر زہر ملایا
جلدی جنگل واپس آیا

دونوں نے جب آتے دیکھا
مل کر اُس پر دھاوا بولا
ایک ہی وار میں جان سے مارا
وہ تو اگلے جان سدھارا
باقی دو نے اب یہ سوچا
کیوں نہ وہ پہلے کھائیں کھانا
کھانا جب دونوں نے کھایا
زہر نے اپنا اثر دکھایا
مر گئے تینوں دوست وہ سارے
یوں اپنے انجام کو پہنچے
سچ یہ داناؤں نے کہا ہے
لالچ کا انجام بُرا ہے

جیسے کو تیسا

ایک تھا مرغا ایک تھا کتا
ان کا یارانہ تھا پکا
اک دن ایک گھنے جنگل سے
دونوں ساتھی گزر رہے تھے
شام ہوئی جب چلتے چلتے
دل میں یہ سوچا دونوں نے
نیند آئی ہے کیسے سوئیں؟
کہاں پہ جاکر رات گزاریں؟
اتنے میں اک پیڑ کو دیکھا
پیڑ بھی تھا وہ بہت پرانا
مرغا پیڑ کے اوپر بیٹھا
کُتے نے بھی تنے کو دیکھا
غار تھی گہری اُس کے اندر
کُتا اس میں بیٹھا جا کر
دونوں ساتھی چَین سے سوئے
صبح ہوئی تو اُٹھ کر جاگے
مرغے نے جب پروں کو کھولا
ککڑوں کوں ککڑوں کوں بولا
لومڑی پاس سے گزر رہی تھی
سنی جو یہ آواز تو چونکی
سوچ رہی تھی صبح سویرے
ہاتھ شکار لگا ہے میرے
پیڑ سے جب نیچے آئے گا
بچ کر مرغ کہاں جائے گا؟
مزے مزے سے کھاؤں گی مَیں
مرغا خوب اڑاؤں گی مَیں
مرغے نے بھی جب یہ دیکھا
وہ نہ درخت سے نیچے اترا
لومڑی بولی ''بھائی مرغے!
لگتے ہو تم کتنے اچھے!

کیسی ہے آواز تمہاری!
کیسی ہے پرواز تمہاری!
اُترو بھی اب پیڑ سے نیچے
چاہتی ہوں مَیں ملنا تم سے
مرغا سارا دھوکہ سمجھا
ہنس کر پھر وہ اُس سے بولا
''پیڑ یہ سارا میرا گھر ہے
تنے کے نیچے اس کا در ہے
اس رستے سے اوپر آؤ
ملنا چاہو تو مل جاؤ!''
لومڑی خوش خوش آگے بڑھ کر
جونہی پہنچی غار کے اندر
پھاڑ دیا اُس کو کتّے نے
پہنچی وہ انجام کو اپنے
سچ ہے قول یہ داناؤں کا
جیسے کو ملتا ہے تیسا

لالچی کُتّا

اک دن اک آوارہ کُتّا
شہر کے اک بازار سے گزرا
اپنی دُھن میں وہ جاتا تھا
کچھ کھانے کو ڈھونڈ رہا تھا
فرش پہ اک ہڈی کا ٹکڑا
پڑا ہوا جو اس نے دیکھا
جھپٹا اُس پر آگے بڑھ کر
لے کر بھاگا شہر سے باہر
ہڈی کو یوں منہ میں دبائے
جاتا تھا وہ نہر کنارے
ایک جگہ جب رک کر دیکھا
پانی میں تھا عکس اُسی کا

لیکن وہ نادان یہ سمجھا
ہے یہ کوئی دوسرا کُتّا
اس کے منہ میں جو ہڈی ہے
میری ہڈی سے وہ بڑی ہے
اُس کے جی میں لالچ آیا
دل ہی دل میں اس نے سوچا
یہ ہڈی گر اس سے چھینوں
پھر تو بیٹھ مزے سے کھاؤں
سوچا تو پہلے غُرّایا
منہ کھولا اور اس پر جھپٹا
جونہی اس کے منہ سے چُھوٹی
گر گئی اس کی اپنی ہڈّی
جب یہ نظارہ اس نے دیکھا
رہ گیا کھلا ہوا منہ اُس کا
لالچ کا انجام یہ پایا
کچھ بھی اُس کے ہاتھ نہ آیا

انگور کھٹے ہیں

ایک تھا جنگل ہرا بھرا سا
شیر تھا اس جنگل کا راجا
ریچھ، ہرن، گیدڑ اور ہاتھی
سب کے سب تھے شیر کے ساتھی
لومڑی، زرّافہ اور چیتے
سارے جنگل میں رہتے تھے
گھنے گھنے سب پیڑ تھے اس میں
ہرے بھرے سب پیڑ تھے اس میں
اک دن زرّافے نے آ کر
لمبی سی گردن کو اُٹھا کر
لومڑی کو ایسے بتلایا
''میری پیاری لومڑی آپا

مَیں نے جنگل کے کونے میں
دیکھی ہیں انگور کی بیلیں
آہا! کیا ان کی خوشبو تھی!
خوشبو کیا گویا جادو تھی
انگوروں کا رنگ تھا پیارا
ہَرا ہَرا اور ذرا سنہرا
سارے تھے انگور وہ پکّے
مزے مزے کے میٹھے میٹھے
تم بھی جا کر ان کو دیکھو!
ممکن ہو تو ان کو چکھو!''
سُن کر زرّافے کی زبانی
انگوروں کی نئی کہانی
لومڑی کا بھی جی للچایا
اُس کے منہ میں پانی آیا
کہتی تھی وہ جی میں اپنے
''مل جائیں انگور جو سارے
اک اک کر کے خود کھاؤں گی
سب کے جی کو ترساؤں گی''
یہ سوچا تو دوڑی دوڑی
انگوروں کی بیل پہ پہنچی
دیکھا تو وہ بیل تھی اونچی
اس کے قد سے کہیں بڑی تھی
سوچا کیسے اوپر جاؤں؟
جا کر انگوروں کو پکڑوں
اُچھلی، پھر وہ نیچے آئی
نیچے گِر کر پھر وہ اُچھلی
اُچھل اُچھل کر جب تھک ہاری
کیا کرتی آخر بے چاری
ہاتھ انگور نہ آئے اُس کے
یہی نصیب تھے ہائے اُس کے
کہنے لگی وہ عاجز آ کر
''واپس ہی جاتی ہوں اب گھر

کون یہ کہتا ہے پکے ہیں
مزے مزے کے اور میٹھے ہیں
میرے ہاتھ نہیں جو آئے
یہ سارے انگور ہیں کھٹے''

غرور کا سر نیچا

ایک گھنے جنگل میں تنہا
رہتا تھا اک بارہ سنگھا
اِدھر اُدھر تھا گھومتا رہتا
گھومتا رہتا، پھرتا رہتا
اک دن گرمی کے موسم میں
دھوپ کی شدت کے عالم میں
پیاس ہوئی محسوس جو اُس کو
دئے دکھائی ایک کے دو دو
نظروں میں چھایا تھا اندھیارا
ہوئی زبان بھی سُوکھ کے کانٹا
آخر پانی ڈھونڈنے نکلا
سارا جنگل اُس نے چھانا

ایک طرف جب اُس نے دیکھا
پانی کا چشمہ بہتا تھا
بھاگا وہ چشمے کی جانب
دھوپ سے اک سائے کی جانب
چوکڑی بھرتا دور گیا وہ
اُس چشمے پر جا پہنچا وہ
چشمے کا تھا ٹھنڈا پانی
تازہ تازہ میٹھا پانی
ٹھنڈا ٹھنڈا پانی پی کر
پیاس بجھائی یوں چشمے پر
اب جو غور سے اُس نے دیکھا
پانی تھا آئینے جیسا
پانی میں جو دیکھا اُس نے
اپنے عکس کو دیکھا اُس نے
سینگ نظر جب آئے بارہ
کتنا دلکش تھا نظارہ
اپنا آپ غرور سے دیکھا
دل ہی دل میں اُس نے سوچا
''میرے سینگ ہیں کتنے پیارے
خوب چمکتے اور نوکیلے
جیسے ہوں اک پیڑ کی شاخیں
لمبی لمبی پتلی شاخیں
سر پر جیسے تاج ہے میرا
جنگل بھر میں راج ہے میرا
ان سینگوں کا کیا ہے کہنا
یہ ہیں میرے سر کا گہنا''
ابھی یہ باتیں سوچ رہا تھا
اتنے میں کیا اُس نے دیکھا
اُس جانب اک شیر تھا آتا
غصے میں تھا وہ غرّاتا
شیر ببر جب آتے دیکھا
بھول گیا وہ سارا نشہ

بارہ سنگھا خواب سے جاگا
چشمہ چھوڑ کے سرپٹ بھاگا
بھاگا تیز وہ جب جلدی میں
پھنس گئے سینگ کسی جھاڑی میں
شیر بھی اتنے میں آ پہنچا
آتے ہی وہ اُس پر جھپٹا
خوب شکار کو چیرا پھاڑا
مزے سے شیر نے اُس کو کھایا
جن سینگوں پر ناز تھا اُس کو
وہی مصیبت بن گئے دیکھو!
داناؤں نے سچ یہ کہا ہے
سدا غرور کا سر نیچا ہے

خرگوش اور کچھوا

اک دن اک خرگوش تھا جاتا
راہ میں اس نے کچھوا دیکھا
ہَولے ہَولے قدم اٹھاتا
کچھوا سُست چلا جاتا تھا
دیکھی جب یہ چال تو اُس پر
ہنسنے لگا خرگوش اُچھل کر
جانوروں میں تو ہے کیا شے؟
دیکھ کے تجھ کو گھِن آتی ہے
صورت کیا بیزار ہے تیری
سُست بہت رفتار ہے تیری
کون ہے تو؟ کیا نام ہے تیرا؟
سُستی نے کیوں تجھ کو گھیرا؟

سُن کر اس کی بات کو کچھوا
نرمی اور ادب سے بولا
''کچھوا میرا نام ہے بھائی!
مَیں بھی ہوں مخلوق خدا کی''
بات سُنی جب یہ کچھوے کی
ہنسی بہت خرگوش کو آئی
یہ دیکھا تو کچھوا بولا
''ہنستے ہو کیوں مجھ پر بھیّا؟''
بولا پھر خرگوش ''او کچھوے!
تو میرا بھائی ہے کیسے!
تیری چال ہے دھیمی دھیمی
میری چال ہَوا کی تیزی''
کچھوا بولا ''دوڑ لگائیں
اپنی اپنی چال دکھائیں
اگلے گاؤں میں جو ندی ہے
اپنی دوڑ کی منزل بھی ہے''

بولا یہ خرگوش اُچھل کر
''مجھ کو ہے منظور سراسر''
دونوں نے پھر دوڑ لگائی
آگے تھی اک گہری کھائی
کچھوا آہستہ چلتا تھا
اور خرگوش تو دوڑ رہا تھا
پیڑ تھا اک کھائی کے آگے
اس کی گھنی چھاؤں کے نیچے
پہنچا تو خرگوش نے سوچا
ابھی تو دور ہی ہوگا کچھوا
کیوں نہ یہاں آرام کروں مَیں
اٹھ کر باقی کام کروں مَیں
سو گیا پھر خرگوش مزے سے
لیتا تھا گہرے خراٹے
شام کو پھر خرگوش جو جاگا
پوری طاقت سے وہ بھاگا

ندی پر پہنچا تو دیکھا
پہلے سے کچھوا تھا پہنچا
چلتے چلتے رفتہ رفتہ
دوڑ یہ کچھوا جیت چکا تھا

❁

چار چُوزے

اک بستی میں چار تھے چُوزے
چاروں مل جل کر رہتے تھے
اک دن سیر کی خاطر سارے
چوزے اپنے گھر سے نکلے
اک چوزہ تھا بہت نکمّا
سُستی اور غفلت کا مارا
چلتے چلتے رہ گیا پیچھے
باقی تھے اب تین ہی چوزے
تینوں کو اب جوش جو آیا
لگے سنانے چوں چوں گانا
گاتے گاتے سانس جو پُھولی
اک کو زور کی آئی ہچکی

وہ چوزہ بھی رہ گیا پیچھے
اب تو رہ گئے دو ہی چوزے
دونوں چوزے خوف کے مارے
تھر تھر تھر تھر کانپ رہے تھے
کہتے تھے وہ اک دوجے کو
بھیّا! اب تو گھر کو بھاگو
اک چوزہ تھا ان میں ایسا
نافرمان اور ضد کا پکّا
اُس نے اُس کی بات نہ مانی
رہ گیا اب تو ایک ہی باقی
وہ چوزہ تھا ایک اکیلا
کیا ہو گا؟ یہ سوچ رہا تھا
اتنے میں اک آ گئی بِلّی
اس کو فوراً کھا گئی بِلّی
یہ انجام ہوا چوزوں کا
کام تمام ہوا چوزوں کا

جیسا کرو گے ویسا بھرو گے

اسلم، اکرم دوست تھے دونوں
دوست بھی تھے وہ گہرے دونوں
ایک ہی شہر کے باسی تھے وہ
دکھ اور سکھ کے ساتھی تھے وہ
اک دوجے کے یار بہت تھے
آپس میں غم خوار بہت تھے
دونوں میں اُلفت تھی ایسی
سچّی اُلفت بھائیوں جیسی
دوست تھے دونوں دولت والے
عزت والے، شہرت والے
اک دن اسلم نے یہ سوچا
''کیوں نہ سفر کروں مَیں حج کا؟
حج ہے ایک عظیم عبادت
مل جائے گی مجھے سعادت''

یہ سوچا تو کی تیاری
حج کے دور دراز سفر کی
پھر اپنا سب سونا لے کر
آیا وہ اکرم کے گھر پر
اُس سے لگا یہ کہنے اسلم
''پیارے دوست محمد اکرم!
میری ساری دولت رکھو
اپنے پاس امانت رکھو
مجھے ہے جانا دور سفر پر
لے لوں گا مَیں واپس آ کر''
حج کے بعد جو اسلم آیا
اکرم کو کچھ بدلا پایا
واپس جب مانگا وہ سونا
اکرم نے یہ رویا رونا
اس کے دل میں کھوٹ جو آیا
بولا ''دکھ کی بات ہے بھیا!

کھا گئے سارا سونا چوہے
ریزہ ریزہ کتر کتر کے''
اسلم تھا خاموش یہ سُن کر
سمجھا کھوٹ ہے دل کے اندر
کچھ دن بعد یہ اس نے سوچا
کیسے لوں مَیں اس کا بدلہ؟
اک دن اکرم کے سب گھر کی
اس نے اک دعوت کر ڈالی
اسلم کے گھر کھانے آئے
اکرم اور اس کے سب بچے
اسلم نے موقع پایا جو
اکرم کے چھوٹے بچے کو
دور چھپایا اک کمرے میں
اپنے گھر کے اک کونے میں
اکرم نے جب ڈھونڈا بچہ
کہیں نہ پایا اپنا بچہ

''کہاں ہے؟'' جب پوچھا اسلم سے
سوچا اور لگا وہ کہنے
''لے گئی چیل اڑا کر اُس کو
چونچ میں خوب دبا کر اُس کو''
اکرم بولا ''کیا کہتے ہو؟
کیا یہ ممکن ہے، ایسے ہو؟''
اسلم بولا ''ٹھیک ہے بھائی!
ہو سکتی ہے ہر انہونی
چوہے کھا سکتے ہیں سونا
چیل اڑا سکتی ہے بچہ''
سنی جو سچی بات اسلم کی
رنگت بدلی اب اکرم کی
یاد آئی اپنی نادانی
شرم سے تھا وہ پانی پانی
سچ یہ کہا ہے داناؤں نے
جیسا کرو گے ویسا بھرو گے

لالچ بُری بلا ہے

اک دلچسپ کہانی سن لو
بہت دنوں کی بات ہے بچو!
اک بڑھیا تھی گاؤں میں رہتی
تھی وہ بہت غریب بچاری
کچا خستہ گھر تھا اُس کا
ٹوٹا پھوٹا دَر تھا اس کا
اک دن زور سے بادل گرجا
بجلی چمکی اور مینہ برسا
اس نے دیکھا ٹُک ٹُک کرتی
اس کے سامنے تھی اک مرغی
بارش میں وہ بھیگ چکی تھی
تھر تھر تھر تھر کانپ رہی تھی
ٹُک ٹُک ٹُک ٹُک ٹُک ٹُک کرتی
بڑھیا سے یوں مرغی بولی

''اس موسم میں مجھے پَنہ دو
تھوڑی اپنے پاس جگہ دو''
بڑھیا بولی ''پَنہ نہیں ہے
گھر میں میرے جگہ نہیں ہے''
مرغی بولی ''رہنے دو گر
ہے یہ تمہارے حق میں بہتر''
بڑھیا بولی ''میرا گھر ہے
مجھے پتہ ہے کیا بہتر ہے
گر مَیں تم کو رہنے دوں گی
اپنے ہاتھوں آپ مروں گی
مَیں تو خود بھوکی رہتی ہوں
غربت کے صدمے سہتی ہوں
مجھ سے کیسے ہو گا پورا
روز تمہارا دانا دُنکا''
مرغی بولی ''کچھ مت سوچو
خوف خدا کا مجھ پر کھاؤ
رحم کرو کچھ رحم کرو تم
مجھ کو گھر میں رہنے دو تم
دانا دُنکا بھی پا لوں گی
جو کچھ مل جائے کھا لوں گی''
بڑھیا نے جو رحم دکھایا
قدرت نے پھر پلٹی کایا
مرغی نے جب دیا اک انڈا
انڈا نکلا وہ سونے کا
روز جو انڈا دیتی تھی وہ
سونے ہی کا دیتی تھی وہ
اب تو بڑھیا کے دن بدلے
اس کے پاس بھی آئے پیسے
اس کا گھر اب ہو گیا پکا
لوگ تھے دیکھ کے ہکا بکا
لیکن جوں جوں آیا پیسا
اس کے دل میں لالچ آیا

ہر دم سوچ میں رہتی تھی وہ
اپنے جی میں کہتی تھی وہ
مرغی کے ہیں پیٹ میں جتنے
انڈے ہیں سارے سونے کے
گر سارے انڈے مل جائیں
دل کے سب غنچے کِھل جائیں
گر یہ سارا سونا لے لوں
مَیں بھی پھر دولت میں کھیلوں
دولت اپنے پاس رکھوں مَیں
پھر تو بڑی رئیس بنوں مَیں
یہ سوچا تو چھری اٹھائی
مرغی کے پھر پاس وہ آئی
مرغی نے جب لالچ دیکھا
بڑھیا کو اس نے سمجھایا
بولی ''مت مارو تم مجھ کو
صبر اور شکر سے عمر گزارو
روز جو دیتی ہوں مَیں انڈا
کیا یہ کافی نہیں ہے سونا؟''
لیکن بڑھیا کچھ مت بولی
لالچ میں وہ ہو گئی اندھی
اس نے فوراً پکڑی مرغی
گلے پہ اس کے چھری چلائی
جلدی سے پھر پیٹ کو چیرا
نظر نہ آیا ایک بھی انڈا
اب تو اس کا حال بُرا تھا
آنکھوں میں تھا گھور اندھیرا
ہر دم اس کا غم کھاتی تھی
روتی تھی اور چلاتی تھی
ہوئے نہ اُس کے ارماں پورے
رہ گئے سارے خواب ادھورے
سچ ہی بزرگوں نے یہ کہا ہے
بچو! لالچ بُری بلا ہے

گیت

ہم کلیاں ہم پھول
جائیں سب اسکول
علم ہے کرنوں کا اک دھارا
مٹے جہالت کا اندھیارا
چاند بنے ہر دھول
ہم کلیاں ہم پھول

روشنیوں پر حق ہے اپنا
دیکھیں ایسے دن کا سپنا
رات کو جائیں بھول
ہم کلیاں ہم پھول

پھیلے یوں تعلیم کی خوشبو
مہک اٹھے یہ دنیا ہر سو
بنے یہی معمول
ہم کلیاں ہم پھول

❁

ہر پھول ہو مہکا ہوا
ہر چاند ہو چمکا ہوا
یہ حق ہے ہر انسان کا
ہر روح کا ہر جان کا
صحت کی دولت چاہیئے
یہ ہے خزانہ بے بہا
ہر پھول ہے مہکا ہوا

شفاف پانی پینے کو
خالص غذا ہو جینے کو
اور سانس لینے کے لیے
سب کو ملے تازہ ہوا
ہر پھول ہو مہکا ہوا

کھانسی ہو یا اسہال ہو
خسرہ ہو یا ہو پولیو
ان سے بچاؤ کے لیے
سب کو ملے اچھی دوا
ہر پھول ہو مہکا ہوا

ترتیب

کہانیاں

۱۔ غریب طالب علم
۲۔ بے داغ محل

ڈرامے

۱۔ ہنر اور سفر
۲۔ بادشاہ کا انصاف
۳۔ باپ کی دُعا
۴۔ نوعمر مجاہد

نظم کہانی

۱۔ اتفاق میں برکت
۲۔ لالچ کا انجام
۳۔ جیسے کو تیسا
۴۔ لالچی کُتّا
۵۔ انگور کھٹے ہیں
۶۔ غرور کا سر نیچا
۷۔ خرگوش اور کچھوا
۸۔ چار چوزے
۹۔ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے
۱۰۔ لالچ بری بلا ہے

گیت

۱۔ ہم کلیاں ہم پھول
۲۔ ہر پھول مہکا ہوا

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	
۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	
۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	
۳۰	۳۱	۳۲					
۳۳	۳۴	۳۵	۳۶	۳۷	۳۸	۳۹	۴۰
۴۱	۴۲	۴۳	۴۴	۴۵	۴۶	۴۷	۴۸
۴۹	۵۰	۵۱	۵۲	۵۳	۵۴	۵۵	۵۶
۵۷	۵۸	۵۹	۶۰	۶۱	۶۲	۶۳	۶۴
۶۵	۶۶	۶۷	۶۸	۶۹	۷۰	۷۱	۷۲
۷۳	۷۴	۷۵	۷۶	۷۷	۷۸	۷۹	۸۰

ہمارے قائداعظمؒ

(بچوں کے لئے)

Kulliat-E-Hussain

حسین سحر

ہمارے قائداعظم

(بچوں کے لئے)

حسین سحر

سحر سنز.....لاہور/ملتان

ضابطہ

(جملہ حقوق محفوظ)

اشاعت اوّل 2007

اہتمام .....الکتاب گرافکس پل شوالہ ملتان

ناشر .....سحر سنز لاہور/ملتان

قیمت .....-/50 روپے

ملنے کا پتہ

کتاب نگر.....حسن آرکیڈ ملتان چھاؤنی

انتساب

شہروز۔مہروز

اُسوہ اور عُروہ

کے نام

ترتیب

۱۔	شخصیت	11
۲۔	پیدائش	13
۳۔	بچپن	15
۴۔	تعلیم	17
۵۔	انگلستان کا سفر	20
۶۔	سیاست سے دلچسپی	22
۷۔	واپسی	25
۸۔	وکالت	27

۹۔	عدالت	29
۱۰۔	نئے حالات	31
۱۱۔	شادی	33
۱۲۔	عملی سیاست	37
۱۳۔	بے خوف شخصیت	39
۱۴۔	کانگریس سے علیحدگی	44
۱۵۔	قانونی جنگ	47
۱۶۔	مسلم لیگ کی قیادت	50
۱۷۔	منزل کی جانب	56
۱۸۔	آزمائش کی گھڑی	59
۱۹۔	معمارِ قوم	62
۲۰۔	آخری سفر	64

۲۱۔ اخلاق وعادات	66
۲۲۔ خوراک	68
۲۳۔ لباس	70
۲۴۔ مطالعہ	71
۲۵۔ شگفتگی	72
۲۶۔ مشغلے	75
۲۷۔ ورثہ	76
۲۸۔ ارشادات	77

☆☆☆☆

شخصیت

ہم ہر سال 11 ستمبر کو اپنے پیارے وطن پاکستان کے عظیم محسن اور بابائے قوم حضرت قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کی برسی مناتے ہیں اور ان کی یاد تازہ کرتے ہیں۔ اگر خدانخواستہ قائداعظم جیسے لیڈر ہماری قوم میں نہ ہوتے تو آج ہم ہندوؤں کے غلام ہوتے اور کبھی ایک آزاد اور خود مختار وطن میں سانس نہ لے رہے ہوتے۔ یہ قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ ہی کی بے مثال شخصیت تھی۔ جنہوں نے رات دن

محنت کر کے برصغیر کے تمام مسلمانوں کو ایک جھنڈے تلے جمع کیا اور پھر انگریزوں سے آزادی حاصل کر کے پاکستان کو دنیا کے نقشے پر ابھارا۔

قائداعظم کا مطلب ہے سب بڑا لیڈر، چونکہ وہ ہندوستان کے مسلمانوں کے سب سے بڑے لیڈر تھے۔ اس لئے انہیں قائداعظم کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

☆☆☆

پیدائش

ہمارے پیارے قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ 25 دسمبر 1876ء کو اتوار کے دن کراچی کے محلّہ کھارادر میں پیدائے ہوئے۔ اسی تاریخ یعنی 25 دسمبر کو دنیا بھر کے عیسائی اپنے پیغمبر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا یوم پیدائش یعنی کرسمس مناتے ہیں۔ اس طرح یہ دن عیسائیوں اور مسلمانوں میں یکساں بابرکت سمجھا جاتا ہے۔ آپ کے والد محترم جناح بھائی پونجا چمڑے کے تاجر تھے۔ ماں کا نام

سکینہ تھا۔ ماں باپ نے آپ کا نام رسول کریم ﷺ کے مبارک نام محمد ﷺ اور شیر خدا حضرت علی کرم اللہ وجہ کے متبرک ناموں پر محمد علی رکھا۔ کراچی کے جس مکان میں آپ پیدا ہوئے اسے وزیر منیشن کہا جاتا ہے۔

☆☆☆☆

بچپن

قائداعظم کا خاندان خوشحال تھا۔ اس لئے ان کی پرورش اور تربیت بڑے لاڈ پیار سے ہوئی۔ چونکہ وہ والدین کی پہلی نرینہ اولاد تھے۔ اس لئے خاندان کے سب لوگ انہیں بہت پیار کرتے تھے۔ قائداعظم بہت صفائی پسند تھے۔ یہ صفت آپ میں بچپن ہی سے پائی جاتی تھی۔ چنانچہ محلے کے لڑکوں کے ساتھ آپ گلی ڈنڈا اور گولیاں وغیرہ اس لئے نہیں کھیلتے تھے کہ ان کھیلوں سے کپڑے میلے ہو جاتے

ہیں۔اس کی بجائے آپ کرکٹ بڑے شوق سے کھیلتے تھے
کیونکہ اس سے کپڑے گندے نہیں ہوتے۔

☆☆☆☆

تعلیم

قائداعظم جب پانچ برس کے ہوئے تو آپ کو تعلیم کیلئے
سندھ مدرسہ کراچی میں داخل کرادیا گیا بچپن ہی سے آپ
بڑے ذہین اور لکھنے پڑھنے کے شوقین تھے۔اس کے ساتھ
ساتھ آپ بڑے چاق و چوبند اور پھرتیلے بچے بھی تھے۔
اس لئے کھیل کود میں بھی کسی سے پیچھے نہ رہتے۔آپ کے
ہم عمر لڑکے آپ کو ایک بہترین کھلاڑی مانتے تھے۔آپ
نے مدرسے میں قرآن شریف کی تعلیم کے ساتھ ساتھ اردو
بھی پڑھی۔آپ ذرا بڑے ہوئے تو آپ کو مزید تعلیم کیلئے

بمبئی بھیج دیا گیا۔ جہاں گوکل داس پرائمری سکول سے آپ نے پرائمری پاس کی۔لیکن یہاں کی آب وہوا آپ کوراس نہ آئی ادھر آپ کی جدائی میں آپ کی والدہ بھی اداس رہتی تھیں اس لئے آپ پھر کراچی آ گئے اور یہاں مشن ہائی اسکول میں داخل ہو گئے۔یہیں سے آپ نے پندرہ سال کی عمر میں میٹرک کا امتحان بہت اچھے نمبروں سے پاس کیا۔

آپ کے پڑھنے کے شوق کے بارے میں ایک واقعہ بہت مشہور ہے۔آپ اکثر رات کو دیر تک پڑھتے رہتے تھے۔ایک رات دو بجے کے قریب گھر میں آپ کی ایک رشتے دار عورت کی آنکھ کھل گئی۔انہوں نے دیکھا کہ آپ کے کمرے کی بتی ابھی تک جل رہی ہے۔وہ سمجھیں کہ محمد علی پڑھتے پڑھتے بتی بجھائے بغیر سو گیا ہے۔چنانچہ اٹھ کر بتی

بجھانے کیلئے قائد اعظم کے کمرے میں گئیں تو یہ دیکھ کر حیران رہ گئیں کہ محمد علی سویا نہیں بلکہ بڑی توجہ سے ایک کتاب پڑھ رہا ہے۔انہوں نے آپ کو ہدایت کی کہ اتنی رات گئے تک نہ پڑھا کرو اس سے صحت خراب ہو جائے گی۔قائد اعظم ان کی یہ بات سن کر مسکرائے اور کہا میں بہت ساری کتابیں پڑھ کر بڑا آدمی بننا چاہتا ہوں تا کہ اپنی قوم کا نام روشن کروں۔چنانچہ بڑے ہو کر اپنی محنت اور کوشش سے قائد اعظم بن کر واقعی آپ نے اپنی قوم کا نام روشن کر دیا۔

☆☆☆☆

انگلستان کا سفر

جب آپ نے میٹرک کا امتحان پاس کرلیا تو آپ کے والد کی خواہش تھی کہ آپ کے ان ساتھ کاروبار میں شریک ہوں لیکن اپنے ایک انگریز دوست سر مینڈرک کرافت کے مشورے پر انہوں نے بیٹے کو بیرسٹری یعنی قانون کی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے انگلستان بھیجنے کا ارادہ کیا۔ قائد اعظم بھی دل سے یہی چاہتے تھے چنانچہ 1882ء میں وہ انگلستان پہنچ گئے۔ وہاں لندن میں قانون کی مشہور درسگاہ ''لنکنز ان'' میں آپ کو داخلہ مل گیا۔ آپ نے خوب دل لگا

کر وہاں قانون کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ تعلیم کے بعد جو وقت ملتا آپ لندن کے عجائب گھر کے مشہور کتب خانے میں گزارتے اور وہاں نامور اور مشہور ہستیوں کی سوانح حیات پڑھتے اور وہیں بیٹھے اپنے مستقبل کے بارے میں سوچتے رہتے۔ بڑے لوگوں کی سوانح حیات پڑھنے سے ان کا ذہن مزید روشن ہوا اور ان کے خیالات اور بلند ہوئے۔ آخر 1896ء میں صرف بیس برس کی عمر میں بیرسٹری کا امتحان اعلیٰ نمبروں سے پاس کر کے کراچی واپس آ گئے۔

☆☆☆☆

سیاست سے دلچسپی

لندن کے زمانہ طالب علمی میں ہی انہوں نے ملکی اور بین الاقوامی سیاسی حالات میں دلچسپی لینا شروع کر دی تھی۔ اس عرصے میں جہاں ان کے دوسرے ہم جماعت سیروتفریح میں وقت گزارتے۔ قائداعظم کتابوں کے مطالعے کے ساتھ حالات کا جائزہ لیا کرتے تھے۔ اس دوران میں انہوں نے وہاں بہت سے انگریزوں سے بھی واقفیت پیدا کرلی۔ ہندوستان کے ایک بہت بڑے سیاسی

لیڈر دادا بھائی نوروجی بھی انہی دنوں لندن میں رہتے تھے۔ وہ لندن انڈین سوسائٹی کے صدر تھے۔ انہوں نے قائداعظم کو دیکھا تو بڑے متاثر ہوئے چنانچہ انہیں اس سوسائٹی کا سیکرٹری بنا دیا یہیں سے ان کی عملی سیاست کا آغاز ہوا۔

دادا بھائی نوروجی کی سرگرمیوں سے تنگ آ کر ایک دفعہ انگلستان کے وزیراعظم نے انہیں کالا آدمی کہہ دیا۔ اس سے ہندوستانی طلبہ سخت مشتعل ہوگئے اور انہوں نے دادا بھائی نوروجی کو وہاں کی پارلیمنٹ کے الیکشن میں کھڑا کر دیا۔ قائداعظم نے رات دن ان کے لئے کام کیا اور آخر وہ کامیاب ہوگئے۔ اس واقعے سے قائداعظم کے دل میں سویا ہوا جذبہ آزادی بیدار ہوگیا۔ جو آگے چل کر ہندوستان کے مسلمانوں کیلئے آزادی حاصل کرنے کا

باعث بنا۔ چنانچہ اب آپ وطن واپس آئے تو صرف ایک
قانون دان ہی نہیں بلکہ ایک سیاستدان بھی تھے۔

☆☆☆☆

واپسی

وطن واپس آئے تو آپ کے دڈل میں مستقبل کے
سنہرے خواب تھے لیکن جونہی گھر پہنچے تو حالات بدلے
ہوئے تھے والد کو تجارت میں سخت نقصان اٹھانا پڑا تھا اس
طرح ان کا خاندان مالی پریشانیوں میں گھرا ہوا تھا مگر آپ
ان مشکلات سے گھبرانے کی بجائے ایک نئے عزم اور ہمت
سے اٹھ کر کھڑے ہوئے۔ کراچی میں انہیں اپنی وکالت
کے لئے فضا سازگار نظر نہ آئی تو بمبئی چلے گئے اور وہاں

قسمت آزمائی کا فیصلہ کرلیا۔آپ اپنی دھن کے پکے تھے یہی وجہ ہے کہ انہیں زندگی کے ہر میدان میں کامیابی حاصل ہوئی۔

☆☆☆☆

وکالت

بمبئی میں آپ نے وکالت کے پیشے میں مہارت حاصل کرنے کیلئے دن رات محنت کی۔شروع شروع میں حالات اتنے اچھے نہیں تھے لیکن آپ ہمت نہ ہارے اور مایوس نہیں ہوئے۔ایک دن ان کے والد کے ایک دوست کے ذریعے انہیں ایڈووکیٹ جنرل مسٹر میکفرن سے ملنے کا موقع ملا جو بہت اچھے اور لائق آدمی تھے۔وہ قائداعظم سے مل کر اتنے متاثر ہوئے کہ اپنی قیمتی لائبریری سے فائدہ اٹھانے کی انہیں اجازت دے دی۔آپ نے وہاں نہایت

محنت سے قانون کی اہم کتابوں کا مطالعہ کیا اور آخر اتنے ماہر ہو گئے کہ جو بھی مقدمہ لیتے اسے جیت کر چھوڑتے۔ اور صرف ایک سال کے اندر اندر وہ ایک مشہور وکیل کی حیثیت سے پہچانے جانے لگے۔

☆☆☆☆

عدالت

آپ وکیل کے طور پر کام کر رہے تھے کہ 1910ء میں بمبئی کے پریذیڈنسی مجسٹریٹ مسٹر ہوشنگ دستور تین مہینے کی چھٹی پر چلے گئے۔ ان کی جگہ خالی تھی۔ چنانچہ کئی بیرسٹروں نے اس عہدے کیلئے درخواست دی۔ آپ بھی ان میں شامل تھے، لیکن یہ عہدہ قابلیت کی بجائے سفارش سے حاصل ہو سکتا تھا۔ چنانچہ آپ بے جھجک محکمہ عدالت کے افسر اعلیٰ سر چارلس سے جا کر ملے۔ وہ آپ کے بارے میں پہلے ہی بہت کچھ جانتے تھے۔ انہوں نے فوراً آپ کو اس منصب پر مقرر کر دیا۔ یہ

ملازمت صرف تین مہینے کے لئے عارضی تھی لیکن اس میں مزید تین ماہ اور بڑھا دیئے گئے اور جب یہ مدت ختم ہوگئی تو سرچارلس نے ان کی غیر معمولی قانونی مہارت اور قابلیت کو دیکھتے ہوئے انہیں پندرہ سو روپے مہینے پر دوبارہ ملازمت کی پیش کش کی تو قائداعظم نے مسکراتے ہوئے اس سے انکار کر دیا اور کہا کہ میں اتنے پیسے ایک دن میں کمانے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ سرچارلس یہ سن کر حیران ہوئے۔ انہیں اس کی توقع نہ تھی کیونکہ چند مہینے پہلے انہوں نے خود اس کے لئے درخواست دی تھی آپ نے چند دنوں میں اپنے الفاظ کو سچ ثابت کر دکھایا اور واقعی پندرہ سو روپے روزانہ سے بھی زیادہ کمانا شروع کر دیا۔ اس واقعہ کے کچھ عرصے بعد سرچارلس جب دوبارہ ایک محفل میں آپ سے ملے اور آپ کی آمدنی کا انہیں علم ہوا تو بڑے خوش ہوئے۔

نئے حالات

اب آپ کے مالی حالات بہتر ہو گئے تھے۔ پریشانیاں ختم ہو گئیں اور روز بروز نئے سے نئے کامیابی مل رہی تھی۔ بمبئی کے وکیلوں میں ان کی دھاک بیٹھی ہوئی تھی۔ اب وہ اپنے پرانے مکان کو چھوڑ کر تاج محل ہوٹل کے نزدیک ایک خوبصورت فلیٹ میں رہنے لگے تھے۔ ایک شاندار بگھی بھی لے لی اور نوکر چاکر بھی رکھ لئے۔ لیکن کچھ عرصے بعد انہوں نے محسوس کیا کہ ان کے بلند ارادوں اور حوصلوں کے آگے بمبئی بھی تنگ ہے۔ چنانچہ 1930ء میں آپ برطانیہ چلے

گئے اور وہاں چار برس تک پریوی کونسل میں وکالت کرتے رہے۔ اس عرصے میں انہوں نے وہاں بھی انگلستان کے اونچے حلقوں میں عزت اور شہرت حاصل کرلی۔

☆☆☆☆

شادی

قائداعظم کی پہلی شادی انگلستان جانے سے پہلے سولہ سال کی عمر میں ہوگئی تھی۔ لیکن چونکہ یہ کم سنی کی اور زبردستی کی شادی تھی۔ اس لئے کامیاب نہ ہوسکی۔ آپ جب لندن سے واپس آئے تو خاندان کے خراب مالی حالات اور پریشانی کے باعث وہ اس طرف توجہ نہ دے سکے۔ مگر جونہی حالات بہتر ہوئے انہوں نے سوچنا شروع کیا کہ اب وہ کسی ایسی خاتون کو شریک حیات بنائیں گے۔ جو صورت اور سیرت ہر لحاظ سے انہیں پسند ہو۔ وہ 1914ء میں

کانگریس اور مسلم لیگ دونوں کے سالانہ اجلاس لکھنؤ میں منعقد ہوئے۔ مسلم لیگ کی صدارت قائداعظم کررہے تھے۔ اس کے علاوہ کانگریس کے بھی وہ لیڈر تھے۔ اس اجلاس میں بمبئی کے مشہور پارسی رئیس سرڈنشا پٹیٹ کی صاحبزادی مس رتن بھی شریک تھیں۔ جن کی عمر اگرچہ صرف سولہ سال تھی۔ لیکن شکل وصورت اور سیرت وعادات کے لحاظ سے ایک مثالی خاتون تھیں۔ وہ اعلیٰ تعلیم یافتہ بھی تھیں۔ انہوں نے جب قائداعظم کی فصیح وبلیغ تقریریں سنیں اور ان کی خوبصورت شخصیت کو دیکھا تو اتنی متاثر ہوئیں کہ اپنے دل میں ان سے شادی کا پکا ارادہ کرلیا۔ چنانچہ کوئی دوسال بعد انہوں نے اسلام قبول کرکے ان سے شادی کرلی۔

پارسی غیر مذہب تھے۔ انہوں نے جب دیکھا کہ ان کی لڑکی اپنا مذہب تبدیل کرکے مسلمان ہوگئی ہے۔ تو وہ اسے برداشت نہ کرسکے۔ انہوں نے قائداعظم پر اغوا کا جھوٹا مقدمہ کردیا اور انہیں قتل کرنے کی دھمکیاں بھی دیں۔ لیکن آپ نے اس مخالفت کی ذرا بھی پروا نہیں کی۔ ان کے خلاف یہ مقدمہ ہائیکورٹ میں پیش ہوا تو جج بھی ایک متعصب پارسی تھا۔ اس نے قائداعظم سے پوچھا کہ آپ اس خاتون کے پیچھے کیوں پڑے ہیں؟ صرف اس لئے کہ یہ لاکھوں کی وارث ہے؟ آپ نے جواب دیا یہ بات خود میری بیوی سے پوچھ لیجئے۔ اس پر اس وفا شعار خاتون نے کہا مجھے اپنے خاوند سے محبت ہے اور میں نے خوشی سے اسلام قبول کیا ہے جہاں تک مال ودولت کا تعلق ہے اس کی

نہ مجھے ضرورت ہے اور نہ میرے خاوند کو۔

یہ سن کر جج نے قائداعظم کو باعزت بری کر دیا لیکن قائداعظم کی خوشیاں زیادہ دیر قائم نہ رہ سکیں۔ 1929ء میں مسز جناح اچانک بیمار ہوئیں اور طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔ قائداعظم اکیلے رہ گئے لیکن انہوں نے پھر ساری عمر اور شادی نہیں کی۔ یہ دیکھ کر ان کی ہمشیرہ مس فاطمہ جناح نے انہیں سہارا دیا۔ انہوں نے اپنی زندگی کو اپنے پیارے بھائی کیلئے وقف کر دیا اور دکھ سکھ میں ان کی شریک ہوگئیں۔ بہت کم ایسی بہنیں ہوں گی۔ جنہوں نے بھائی کے لئے اتنی بڑی قربانی دی ہو۔

☆☆☆☆

عملی سیاست

قائداعظم نے جب عملی سیاست کے میدان میں قدم رکھا تو اس وقت برصغیر کی آزادی کیلئے ایک ہی سیاسی جماعت تھی آل انڈیا کانگریس، اس لئے آپ 1900ء میں کانگریس میں شامل ہوگئے۔ 1906ء میں دادا بھائی نوروجی نے جو اس وقت کانگریس کے صدر تھے۔ آپ کو اپنا پرائیویٹ سیکرٹری رکھ لیا۔ اسی سال کلکتے میں کانگریس کا سالانہ اجلاس ہوا تو آپ نے پہلی بار اس کے عوامی اسٹیج پر کھڑے ہو کر خطاب کیا۔ آپ کی تقریر کا انداز اتنا پر جوش

اور مدلل تھا کہ ہر طرف آپ کی دھوم مچ گئی۔ آپ عوام میں اسقدر مقبول ہوئے کہ 1909ء کے انتخابات میں بمبئی سے آپ ہندوستان کی مجلس قانون ساز کے بلا مقابلہ ممبر منتخب ہوگئے۔ آپ نے مرکزی قانون سازی اسمبلی میں مسلسل کئی سال تک بے خوفی، جرأت اور قابلیت سے ملک کی بے لوث خدمت کی۔ اسمبلی میں جب آپ اپنی گرجدار آواز میں خطاب کرتے تو ہر طرف ایک جادو کا سا سماں بندھ جاتا۔ اسمبلی میں عوام کے مفاد کیلئے جو بل بھی پیش ہوتا آپ اس کی پرزور حمایت کر کے اسے پاس کراتے اور اس سلسلے میں آپ کسی کی بھی پروا نہیں کرتے تھے۔

☆☆☆☆

بے خوف شخصیت

اللہ تعالیٰ نے محمد علی جناح کی شخصیت میں وہ تمام خوبیاں جمع کر دی تھی جو ایک عظیم الشان رہنما کیلئے ضروری ہوتی ہیں۔ آپ بے حد صاف گو اور نڈر تھے۔ ہمیشہ حق کی حمایت کرتے اور کسی سے کوئی خوف نہیں کھاتے تھے۔ اپنے اصولوں پر سختی سے قائم رہتے اور اس سلسلے میں کسی قسم کا لالچ آپ کو اپنے راستے سے نہ ہٹا سکتا تھا۔ گویا وہ علامہ اقبال کے اس شعر کی مجسم تصویر تھے۔

آئین جواں مرداں حق گوئی وبیبا کی
اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی

ایک دفعہ بمبئی ہائی کورٹ میں ایک مغرور قسم کے جج کی عدالت میں وہ کسی مقدمے کی پیروی کر رہے تھے۔ جج نے کہیں یہ کہہ دیا..... مسٹر جناح! یہ ایک جج کی عدالت ہے۔ کسی ادنیٰ مجسٹریٹ کی نہیں، آپ نے فوراً جواب میں کہا جناب کو معلوم ہونا چاہئے کہ میں بھی کوئی ادنیٰ بیرسٹر نہیں یہ سن کر جج اور عدالت میں موجود تمام لوگ دنگ ہو کر رہ گئے۔

قائد اعظم کی لارڈ ولنگڈن سے معرکہ آرائی تو بہت مشہور ہے۔ ان دنوں لارڈ ولنگڈن بمبئی کے گورنر تھے اور نہایت بدمزاج اور اکھڑ حاکم تصور کئے جاتے تھے۔ پہلی جنگ عظیم کا زمانہ تھا۔ جرمن فوج انگریزوں کو شکست پہ

شکست دے کر آگے بڑھ رہی تھی۔ لارڈ ولنگڈن نے اسی سلسلے میں ایک جلسہ منعقد کیا۔ جس میں ہندوستان کے تمام بڑے بڑے لیڈروں کو مدعو کیا۔ جلسے کے شروع میں لارڈ ولنگڈن نے مشہور ہندوستانی رہنما مسٹر تلک کو تقریر کی دعوت دی۔ ابھی انہوں نے تقریر شروع ہی کی تھی کہ لارڈ نے اختلاف کے سبب انہیں پلیٹ فارم سے نیچے اتار دیا۔ یہ ایک لیڈر کی کھلی توہین تھی۔ جس سے تمام رہنما پریشان ہو گئے ان کے بعد لارڈ ولنگڈن نے محمد علی جناح کو تقریر کیلئے بلایا تو انہوں نے وہ تمام باتیں بے خوفی اور جرأت کے ساتھ کہہ دیں جو مسٹر تلک بیان کرنا چاہتے تھے لارڈ ولنگڈن نے تقریر کے دوران انہیں کئی بار ٹوکا بھی لیکن محمد علی جناح اپنی تقریر مکمل کر کے ہی اسٹیج سے اترے۔

لارڈ ولنگڈن کے اس قابل اعتراض رویے سے بمبئی کے تمام لوگ اس کے خلاف ہو گئے۔ اور انہوں نے اس کی مذمت میں ایک بڑا جلسہ کیا۔ جس میں خطاب کرتے ہوئے محمد علی جناح نے نہ صرف حکومت کی پالیسی پر سخت تنقید کی بلکہ یہ فیصلہ کیا کہ جس جلسے کی صدارت لارڈ ولنگڈن کریں گے ہم اس میں شرکت نہیں کریں گے۔ پھر لارڈ ولنگڈن کو ان کے غلط طرز عمل پر کھری کھری بھی سنائیں لیکن لارڈ ولنگڈن کو اتنی ہمت نہ ہوئی کہ وہ آپ کے خلاف کوئی کارروائی کرتے۔

کچھ دنوں بعد لارڈ ولنگڈن کی گورنری کی میعاد ختم ہوگئی کچھ خوشامدی لوگوں نے شہر کے ٹاؤن ہال میں لارڈ کو الوداعی دعوت دینا چاہی تو قائداعظم نے اس کی بھرپور

مخالفت کی اور عین جلسے کے دن ٹاؤن ہال پر زبردست احتجاج کیا۔ جس سے جلسہ ناکام ہوگیا اور لارڈ کو اس میں شرکت کی جرأت نہ ہوسکی۔ لوگوں نے آپ کو کندھوں پر بٹھا لیا۔ اور آپ کے اعزاز میں ایک شاندار جلسہ منعقد کیا۔ جس میں محمد علی جناح کی بے مثال اور بے خوف قیادت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس کارنامے کی یاد میں بمبئی میں جناح ہال تعمیر کیا گیا۔ جو آج تک قائم ہے۔

کئی سال بعد جب لارڈ ولنگڈن دوبارہ ہندوستان وائسرائے بن کر آئے تو آپ کی غیرت نے گوارا نہ کیا کہ یہاں ٹھہریں، چنانچہ آپ انگلستان چلے گئے اور جب تک لارڈ ولنگڈن وائسرائے رہے۔ آپ ہندوستان واپس نہ آئے۔

☆☆☆☆

کانگریس سے علیحدگی

قائداعظم اگرچہ کانگریس میں شامل تھے لیکن اس کے باوجود برصغیر کے مسلمانوں کے مفاد اور ان کے حقوق کے محافظ تھے۔ چنانچہ وہ مسلم لیگ میں بھی دلچسپی رکھتے تھے۔ ان کی دلی خواہش تھی کہ ہندوستان میں ہندو اور مسلمان آپس میں بھائی بھائی بن کر رہیں تا کہ آزادی کی تحریک میں زیادہ سے زیادہ زور پیدا ہو۔ 1915ء سے 1920ء تک اسی غرض سے مسلم لیگ اور کانگریس دونوں کے سالانہ اجلاس ایک ہی جگہ پر ہوتے رہے آپ اس عرصے میں

دونوں جماعتوں کے رکن تھے۔ دونوں قوموں کو ایک دوسرے کے قریب لانے کی کوشش میں آپ ملک میں اتنے مقبول ہوئے کہ لوگ آپ کے ہندوستان میں ہندو مسلم اتحاد کا سفیر کہنے لگے۔

1916ء میں آپ کی انتھک کوششوں سے مسلم لیگ اور کانگریس کے درمیان ایک معاہدہ ہوا، جس کے مطابق مسلمانوں کے جداگانہ انتخاب کو تسلیم کرلیا گیا۔ 1917ء میں آپ نے حکومت برطانیہ کو ہندوستان کی حکومت خود اختیاری کی تجاویز کے طور پر ایک منشور بھیجا۔ جو کانگریس کی مخالفت کے باوجود منظور ہوگیا اور 1919ء میں اسے قانونی شکل حاصل ہوگئی۔ کانگریس نے اس کی کھلم کھلا مخالفت کا فیصلہ کیا اور 1920ء میں ناگپور میں اپنا اجلاس

بلایا۔ ہندوستان کے مشہور لیڈر گاندھی جی کی تجویز تھی کہ حکومت سے کسی سلسلے میں تعاون نہ کرتے ہوئے سول نافرمانی کی جائے۔ لیکن محمد علی جناح اس تجویز کے مخالف تھے۔ وہ یہ جانتے تھے کہ یہ تحریک کبھی کامیاب نہ ہوگی اور اس سے مسلمان جو پہلے ہی پسماندہ تھے بالکل تباہ ہو جائیں گے۔ ان کا خیال تھا کہ اگر اس تحریک کو آہستہ آہستہ آئینی طریقے سے چلایا جائے تو اس سے آزادی کی تحریک کو زیادہ فائدہ پہنچے گا۔ کانگریس کے اس اجلاس میں اکیلے محمد علی جناح ہی تھے۔ جنہوں نے اس تجویز کی بھرپور مخالفت کی لیکن جب اس کے باوجود کانگریس نے اسے منظور کرلیا تو آپ کو یقین ہوگیا کہ کانگریس مسلمانوں کی دشمن جماعت ہے اور ہندوؤں کا فائدہ سوچتی ہے تو آپ نے کانگریس کو چھوڑ دیا۔

قانونی جنگ

جیسا کہ محمد علی جناح کا خیال تھا گاندھی جی کی تحریک آخر ناکام ہوئی۔ جس سے ہندو مسلم دونوں قوموں میں ایک دوسرے کے بارے میں بدگمانیاں پیدا ہوگئیں۔ اصل میں بات یہ تھی کہ جب ہندوؤں کو انگریزی حکومت کے سامنے ناکامی ہوئی تو انہوں نے اپنی شرمندگی مٹانے کے لئے مسلمانوں پر اپنا غصہ نکالنا شروع کیا۔ ان کے دو سخت متعصب لیڈروں پنڈت مالویہ اور سوامی شردھانند کی شدھی (مسلمانوں کو ہندو بنانا) سنگھٹن (انہیں ہندو بنا کر

ہندوقوم میں شامل کرنا) اور گاؤ رکھشا (گائے کو ذبح ہونے سے بچانا) جیسی فساد انگیز اور نفرت پر مبنی تحریکوں نے سارے ملک کی فضا خراب کردی۔ جس سے جگہ جگہ فساد اور بلوے ہونے لگے۔ محمد علی جناح نے چار سال تک ہندو مسلم دونوں قوموں میں اتحاد پیدا کرنے کی بھرپور کوشش کی۔ چنانچہ 1926ء میں آپ نے باہمی مفاہمت کے لئے تجاویز بھی پیش کیں جواب میں کانگریس نے نہرو رپورٹ مرتب کی جس میں مسلمانوں کے حقوق اور ان کے مطالبات کا صحیح خیال نہیں رکھا گیا تھا۔ آپ نے اس میں کچھ تبدیلیاں کرنا چاہیں کانگریس نہ مانی اور اس نے یہ رپورٹ منظوری کے لئے حکومت انگلستان کو بھجوادی۔

کانگریس کے اس رویے سے مسلمانوں میں بے چینی اور

بے اطمینانی پھیل گئی، چنانچہ آپ نے باہمی اختلافات مٹانے کیلئے حکومت کو گول میز کانفرنس بلانے کی تجویز پیش کی۔ جسے حکومت نے منظور کرلیا۔ لیکن جب 1930ء میں حکومت کی طرف سے دونوں قوموں کے رہنماؤں کی گول میز کانفرنس بلائی گئی تو کانگریس نے اس میں شرکت سے انکار کردیا البتہ 1931ء میں جب یہ کانفرنس پھر بلائی گئی تو کانگریس کی طرف سے اس میں گاندھی جی شریک ہوئے۔ اس کانفرنس میں قائداعظم نے برصغیر کے مسلمانوں کی نمائندگی کرتے ہوئے ان کے مطالبات اس پرزور طریقے سے پیش کئے کہ حکومت کو وہ تمام مطالبات ماننے پڑے۔

☆☆☆☆

مسلم لیگ کی قیادت

1930ء سے 1934ء تک قائداعظم کا برطانیہ میں قیام رہا اور وہاں وہ پریوی کونسل میں بیرسٹر کی حیثیت سے وکالت کرتے رہے۔ اسی عرصے میں برصغیر کی تحریک آزادی کے مشہور لیڈر مولانا محمد علی جوہر اچانک وفات پا گئے۔اس سانحے سے مسلمان بے سہارا ہو کر رہ گئے۔اب برصغیر میں ان کا کوئی رہنما نہ رہا۔ آخر 1933ء میں مسلمانوں کا ایک بہت بڑا اجتماع ہوا۔ جس میں اتفاق رائے سے یہ فیصلہ ہوا کہ مسلمانوں کی جماعت مسلم لیگ کو

نئے سرے سے منظّم کیا جائے اور محمد علی جناح کو اس کی قیادت قبول کرنے کو کہا جائے۔

چنانچہ قائداعظم واپس ہندوستان آ گئے اور انہوں نے مسلم لیگ کی تنظیم نو شروع کر دی انہوں نے اس قدر انہماک اور خلوص سے کام کیا کہ مسلمان جو سالہا سال سے سیاسی اور مذہبی فرقہ بندیوں کا شکار تھے ایک مرکز پر اکٹھے ہو گئے۔ گویا ایک مردہ قوم میں زندگی کی نئی روح پیدا ہو گئی۔ 1934ء میں آپ مسلم لیگ کے مستقل صدر چنے گئے اسی سال آپ مرکزی قانون ساز اسمبلی کے بھی ممبر منتخب ہوئے۔

حکومت انگلستان نے گول میز کانفرنس کے بعد ہندوستان کے لوگوں کو حکومت خود اختیاری دینے کیلئے انڈیا ایکٹ کے نفاذ کا اعلان کیا تو قائداعظم نے پھر محسوس کیا کہ

دونوں قومیں یعنی ہندو اور مسلمان مل بیٹھ کر کچھ باتیں طے کرلیں لیکن ہندو لیڈر نہ مانے ۔اس کے بعد جب ملک میں انتخابات ہوگئے تو آپ نے کانگریس کے سامنے پھر یہ تجویز پیش کی کہ صوبوں میں کانگریس اور مسلم لیگ دونوں مل کر وزارتیں بنائیں تا کہ ملک کی تعمیر وترقی کیلئے کام کیا جاسکے لیکن کانگریس نے اس سے بھی انکار کردیا اور تو اور کانگریس کے لیڈر پنڈت نہرو نے اقتدار کے نشے میں یہ تک کہہ دیا کہ ملک میں صرف دو قوتیں ہیں ہندو اور برطانیہ، یہ سن کر قائداعظم نے اس کی سختی سے تردید کی اور دوٹوک کہا کہ ایک تیسری قوت بھی ہے اور وہ ہے مسلمان قوم ۔

اب آپ نے محسوس کیا کہ جب تک مسلمان ایک منظّم زندہ اور طاقتور قوم نہیں بنیں گے ۔ہندو اُن کی بات پر توجہ

نہیں دیں گے ۔ چنانچہ اب آپ نے پہلے سے بھی بڑھ کر انتہائی محنت سے مسلمانوں کو متحد اور منظّم کرنا شروع کردیا اب جب 1936ء میں مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس ہوا تو اس میں ایک انقلاب پیدا ہو چکا تھا۔ پہلے وہ جاہ پسند اور خود غرض جاگیرداروں اور وڈیروں کی جماعت تھی ۔اب عام مسلمان دو آنے سالانہ چندہ دے کر اس کا ممبر بن سکتا تھا۔ مسلم لیگ پہلے ایک مردہ جماعت تھی جس کے پاس کوئی خاص پروگرام نہ تھا اور نہ ہی اس کے کارکن منظّم تھے ۔لیکن اب عوامی جماعت بننے کے بعد اس کا نصب العین بھی بدل گیا مخلص اور بے غرض کارکن عام تھے گویا دیکھتے ہی دیکھتے مسلم لیگ ہندوستان کے مسلمانوں کی سب سے بڑی اور نمائندہ جماعت بن گئی ۔اس تبدیلی کا اثر یہ ہوا کہ اب مسلم

لیگ کا سیاسی نظریہ بھی واضح ہوگیا اور لکھنؤ کے مقام پر 1937ء کے سالانہ اجلاس محمد علی جناح کی صدارت میں مسلم لیگ نے مکمل آزادی کو اپنا نصب العین بنالیا۔ یوں مسلم لیگ اب کانگریس کے ہم پلہ ملک کی تیسری بڑی قوت بن کر ابھری۔

اس عرصے میں کانگریسی وزارتوں نے اقلیتی صوبوں میں مسلمانوں پر بے تحاشا ظلم توڑے۔ کانگریس نے اقتدار میں آتے ہی اردو زبان کو بدلنا چاہا۔ مسلمان طالب علموں کو مجبور کیا کہ وہ گاندھی جی کی تصویر کی پوجا کریں اور کانگریسی جھنڈے کو سلامی دیں حمدوثنا کی بجائے بندے ماترم کا مشرکانہ گیت قومی ترانہ قرار دیا گیا۔ شدھی کی تحریک کو سیاسی طور پر دوبارہ زندہ کیا گیا۔ مسلمانوں کو سرکاری ملازمتوں اور

کاروبار سے محروم کرنے کی بھرپور کوششیں کی گئیں اور ان پر جھوٹے مقدمات چلا کر انہیں جیلوں میں بند کیا گیا۔ لوٹ مار اور قتل وغارت سے مسلمانوں کا پیمانۂ صبر جب لبریز ہوگیا تو قائداعظم نے حکومت سے بار بار سخت احتجاج کیا۔ آخر 1939ء میں دوسری جنگ عظیم کے شروع ہونے پر کانگریسی وزارتوں نے انگریزی حکومت کی پالیسی کے خلاف استعفیٰ دے دیا اور ہندوستان کے تمام مسلمانوں نے مل کر ''یوم نجات'' منایا۔

☆☆☆☆

منزل کی جانب

انہی دنوں قائداعظم نے وضاحت کے ساتھ مشہور دوقومی نظریئے پر زور دیا۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ ہندو اور مسلمان دو الگ الگ قومیں ہیں۔ ان کا مذہب، رہن سہن اور زبان بھی الگ ہے۔ اس لئے آزادی ملنے کے بعد برصغیر میں مسلمانوں کو ایک الگ وطن ملنا چاہئے جہاں وہ آزادی اور خودمختاری سے اپنی زندگی بسر کرسکیں۔ انہوں نے بڑی شدت کے ساتھ محسوس کیا کہ اب ہندو جیسی متعصب اور تنگ نظر قوم کے ساتھ مسلمان نہیں چل سکتے۔

چنانچہ آپ نے ہندوستان کے مختلف علاقوں کے دورے کئے اور ہر جگہ مسلم لیگ کی کمیٹیوں کی تنظیم نو کی اور مسلمانوں کو اتحاد یقین اور عمل کا پیغام دیا۔

1940ء میں محمد علی جناح کی صدارت میں لاہور میں مسلم لیگ کا تاریخی سالانہ اجلاس ہوا۔ جس میں پہلی بار قرارداد پاکستان پیش کی گئی۔ لاکھوں کی تعداد میں ہندوستان کے کونے کونے سے مسلمانوں نے اس جلسے میں شرکت کی۔ 23 مارچ کو قرارداد منظور ہوئی تو ہندوؤں نے قرارداد منظور ہوتے ہی ہندو میں ایک ہلچل مچ گئی اور انہوں نے اس کی مخالفت شروع کردی۔ اسی جلسے میں قوم نے محمد علی جناح کو قائداعظم کا لقب دیا۔ قائداعظم نے حوصلہ نہ ہارا اور وہ ہندوؤں کی مخالفت کے سامنے ایک فولادی چٹان

کی طرح ڈٹ گئے۔ انہیں مسلم لیگ کے مستقل صدر کا منصب حاصل ہوگیا تھا۔ چنانچہ انہوں نے اپنی وکالت چھوڑ کر اپنا سارا وقت اب پاکستان کے لئے وقف کردیا۔ یہ اجلاس ایک طرح سے مسلمانوں کی منزل مقصود کے لئے سنگ میل ثابت ہوا۔ مسلمان رہنماؤں کے علاوہ قوم کے بچے بچے کی منزل اب پاکستان تھا یعنی قوم اپنے قائد کی رہنمائی میں ایک قافلے کی صورت میں منزل کی جانب چلنے لگی۔

☆☆☆☆

آزمائش کی گھڑی

حکومت انگلستان نے اگست 1940ء میں اعلان کیا کہ دوسری جنگ عظیم ختم ہوتے ہی وہ ہندوستان کا کوئی ایسا سیاسی حل پیش کرے گی جو ملک کی تمام جماعتوں کیلئے قابل قبول ہو۔ چنانچہ اس نے سر سٹیفورڈ کرپس کو یہاں بھیجا۔ تاکہ کوئی حل تلاش کیا جائے۔ آخر کافی بات چیت کے بعد برصغیر میں مسلمانوں کیلئے ایک الگ وطن کا حق مان لیا گیا۔ قائداعظم نے اپنی خداداد قابلیت اور تدبر سے جس طرح انگریزوں اور ہندوؤں کی چالوں کا اکیلے مقابلہ کیا۔ اس کی

مثال نہیں ملتی ۔آخر یہ فیصلہ ہوا کہ پاکستان کے قیام کا فیصلہ مسلمان عوام خود کریں گے ۔اور اس کے لئے پورے ملک میں رائے شماری ہوگی ۔ چنانچہ جنوری 1947ء میں مرکزی اور صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات ہوئے مسلم لیگ نے ہر جگہ شاندار کامیابی حاصل کی اور یہ سب کچھ قائداعظم کی بے نظیر قیادت کے سبب تھا گویا مسلم لیگ اس آزمائش کی گھڑی میں سرخرو ہوئی ۔

اپریل 1946ء میں انگلستان نے اپنا ایک وزارتی مشن ہندوستان بھیجا۔جس نے دہلی اور شملہ میں مختلف لیڈروں سے بات چیت کی لیکن ہندو لیڈروں کی ضد کے باعث کوئی نتیجہ نہ نکل سکا۔آخرلارڈ مونٹ بیٹن کو وائسرائے بنا کر بھیجا گیا۔ انہوں نے 3 جون 1947ء کو اپنی تجویز

پیش کی ۔جسے ہندو مسلم رہنماؤں نے منظور کرلیا۔اسی تجویز کے مطابق 14 اگست 1947ء کو پاکستان عالم وجود میں آیا۔ ہندوؤں نے جب دیکھا کہ اب ان کی دال نہیں گلے گی تو انہوں نے سکھوں کو اپنے ساتھ ملا کر ملک میں فساد کی آگ بھڑکا دی۔قتل وغارت کا بازار گرم ہوگیا اور لاکھوں کی تعداد میں نہتے مسلمان شہید ہوئے اور مہاجرین کی ایک بڑی تعداد کو پاکستان کی طرف ہجرت کرنا پڑی ۔

☆☆☆☆

معمارِ قوم

قائداعظم پاکستان کے بانی تھے۔ چنانچہ انہیں ہی اس ملک کا پہلا سربراہ مقرر کیا گیا۔ یعنی وہ گورنر جنرل کے عہدے پر فائز ہوئے۔ اس وقت ان کی عمر 71 برس تھی۔ لیکن اس ضعیفی کے باوجود انہوں نے اس نئی مملکت کی تعمیر کیلئے رات دن کام کیا۔ ان کی کوشش تھی کہ پاکستان مضبوط بنیادوں پر کھڑا ہو جائے تا کہ جلد ہی دنیا کے ترقی یافتہ ملکوں میں اس کا شمار ہو۔

مسلسل محنت سے آپ کی صحت پر بُرا اثر پڑا اور وہ بیمار

پڑ گئے تو ڈاکٹروں کے مشورے پر وہ کراچی سے زیارت جیسے صحت افزا مقام پر منتقل ہو گئے لیکن اس کے باوجود وہ تھوڑے دنوں کیلئے سٹیٹ بنک آف پاکستان کے افتتاح کیلئے 29 جون 1948ء کو کراچی تشریف لائے اور 4 جولائی کو واپس زیارت چلے گئے۔ طبیعت کچھ سنبھلی تو آپ پھر ملک کے سرکاری کاموں میں مصروف ہو گئے۔ لیکن آخر کب تک؟ لگاتار محنت سے صحت پھر خراب ہو گئی۔ 11 ستمبر کو بے ہوشی کی حالت میں ہوائی جہاز سے کراچی آئے اور اسی کیفیت میں وہ اللہ کو پیارے ہو گئے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنِ

☆☆☆☆

آخری سفر

11 ستمبر 1948ء کو جب ریڈیو سے آپ کی وفات کی خبر نشر ہوئی تو نہ صرف پورا پاکستان بلکہ سارا عالم اسلام گہرے سوگ میں ڈوب گیا قوم پر یہ المناک خبر بجلی بن کر گری۔ ہر آنکھ رو رہی تھی، ہر دل غمناک تھا، لوگ آنسوؤں اور آہوں کی صورت میں اپنے محبوب قائد کو خراج تحسین پیش پیش کر رہے تھے۔ لاکھوں کی تعداد میں سوگوار جنازے میں شریک تھے اور مسلسل قائداعظم زندہ باد کے ملک شگاف نعرے لگا رہے تھے۔ تقریباً 5 لاکھ افراد نے مولانا شبیر احمد

عثمانی کی امامت میں نماز جنازہ پڑھی۔ جس میں عوام کے علاوہ وزیروں، سفیروں اور سرکاری افسروں نے شرکت کی۔ آخر شام کے وقت آپ کو سپرد خاک کر دیا گیا۔ جہاں آپ کی قبر ہے وہاں اب ایک عظیم الشان مقبرہ تعمیر کیا گیا ہے۔ جو فنِ تعمیر کے لحاظ سے اپنی مثال آپ ہے۔ اس مقبرے پر دور دور سے لوگ آتے ہیں اور فاتحہ خوانی کر کے اپنے عظیم قائد کو نذرانۂ عقیدت پیش کرتے ہیں۔

☆☆☆☆

اخلاق و عادات

قائداعظم بلاشبہ ایک عظیم انسان تھے۔اوران میں وہ تمام خوبیاں موجودتھیں جو بڑے لوگوں میں ہوتی ہیں۔وہ خودنہایت صاف ستھرے رہتے اورصفائی ستھرائی کوزندگی کے ہرمیدان میں عزیز رکھتے تھے۔ایک اصول پرست انسان تھے اورکبھی اصولوں پر سمجھوتا نہیں کرتے تھے۔ ارادے کے اتنے پکے تھے کہ انہیں بڑے سے بڑا لالچ بھی اپنی راہ سے نہیں ہٹا سکتا تھا۔وقت کے پابنداوروعدے کے سچے تھے، ہمیشہ سچ بولتے، جھوٹ سے انہیں نفرت تھی کسی کو

دھوکہ دینایا امانت میں خیانت کاتصور بھی نہیں کر سکتے تھے۔ وہ ایک سیاستدان تھے لیکن سیاست میں بھی انہوں نے اصولوں کی پاسداری کی اور ہمیشہ صاف ستھری سیاست کی تاریخ میں ان جیسے بااصول سیاستدان کم ہی ملیں گے ان کی چمکدار آنکھوں میں ایک مقناطیسی کشش تھی جومخالف کوبھی اپنی طرف کھینچ لیتی تھی۔ ان کی آواز نہایت صاف اور گرجدار تھی اوراس میں بلا کا اعتماد تھا۔وہ چھریرے بدن کے ایک بلند قامت انسان تھے۔جن کی شخصیت میں بے انتہا جاذبیت تھی۔

☆☆☆☆

خوراک

قائداعظم خوراک کے معاملے میں سادگی لیکن نفاست کے قائل تھے چنانچہ وہ مشرقی اور مغربی ہر قسم کے کھانے پسند کرتے تھے۔ شرط صرف یہ تھی کہ وہ صحت بخش اور لذیذ ہوں۔ خود بہت کم کھاتے تھے لیکن دوسروں کو کھلا کر خوش ہوتے تھے۔ ٹوسٹ اور انڈے ان کا پسندیدہ ناشتہ تھا۔ کافی کے ساتھ مچھلی یا بکرے کے پائے بھی انہیں مرغوب تھے۔ کھانے میں چپاتی یا سادہ چاول کے ساتھ دال، پلاؤ، چوزے کی یخنی اور سبزیاں انہیں پسند تھیں۔ میٹھے میں فیرنی یا

پھل کھاتے تھے۔ سہ پہر کو چائے کے ساتھ بسکٹ یا کبھی کبھار کیک اور پکوڑے وغیرہ بھی استعمال کرتے۔ رات کے کھانے میں چپاتی کے ساتھ سبزی مچھلی یا بکرے کا گوشت پسند کرتے، پھلوں میں آم اور سیب انہیں بہت مرغوب تھے۔

☆☆☆☆

لباس

قائداعظم ایک نہایت نفیس اور باذوق شخص تھے۔ بہترین اور خوبصورت لباس پہنتے جو ان پر خوب جچتا تھا۔ عام طور پر انگریزی سوٹ (پینٹ کوٹ ٹائی) پہنتے یا پھر شیروانی کے ساتھ شلوار قمیص اور قراقلی ٹوپی پہنتے جو ان کے نام سے مشہور ہوئی یعنی جناح کیپ۔ اسی طرح وہ جوتوں کے معاملے میں بھی اچھے ذوق کے حامل تھے اور ہر سوٹ کے مطابق خوبصورت جوتے استعمال کرتے۔

☆☆☆☆

مطالعہ

قائداعظم مطالعے کے بہت شوقین تھے اور یہ شوق انہیں آخر عمر تک رہا وہ روزانہ اخبارات کے علاوہ عام کتابیں بھی پڑھتے تھے۔ سیاسی کتابوں عظیم لوگوں کی سوانح عمریوں اور ادبی ڈراموں سے انہیں خاص دلچسپی تھی۔ آخری عمر میں قرآن پاک کے انگریزی ترجمے کا شوق سے مطالعہ کرتے رہتے تھے۔ ہندوستانی سیاست پر کوئی کتاب ایسی نہیں تھی جو ان کی نظر سے نہ گزری ہو۔

☆☆☆☆

شگفتگی

قائداعظم ایک شگفتہ مزاج انسان تھے۔ان کی ذاتی زندگی زندہ دلی اور مزاح سے خالی نہ تھی وہ عموماً اپنے بے تکلف دوستوں کے ساتھ بے تکلفی کا اظہار کرتے لیکن بے انتہا مصروفیت کے باعث انہیں اس کا موقع اکثر بہت کم ملتا تھا۔ البتہ کھانے یا چائے کے وقت وہ اپنے دوستوں سے تھوڑا بہت ہنسی مذاق کرلیا کرتے تھے۔

اخبار دکن ٹائمز کے ایڈیٹر محمود حسن ایک دن ان کے ساتھ کھانا کھا رہے تھے۔قائداعظم نے معمول کے مطابق

تھوڑا سا کھانا کھایا تو محمود حسن کہنے لگے آپ نے تو کچھ کھایا ہی نہیں قائداعظم نے جواب دیا دنیا میں لوگ اسی لئے تکلیفوں میں مبتلا ہیں کہ وہ کھاتے بہت ہیں۔

ایک مرتبہ قائد کار کے ذریعے میسور سے کہیں جا رہے تھے۔ان کے سیکرٹری مطلوب صاحب اور مس فاطمہ جناح بھی ساتھ تھیں کار آہستہ آہستہ چل رہی تھی۔راستے میں قائد نے کہا کار سے اتر کر ذرا ٹانگیں سیدھی کرلیں اور چائے بھی پی لیتے ہیں۔قریب ہی ایک ریلوے اسٹیشن تھا۔وہیں پہنچ گئے مس جناح چائے کے انتظام میں لگ گئیں اور قائداعظم پلیٹ فارم پر اپنے سیکرٹری کے ساتھ ٹہلنے لگے۔لوگوں نے انہیں پہچان لیا اسٹیشن پر ایک ہلچل سی مچ گئی جب سیکرٹری نے انہیں اس طرف متوجہ کیا تو انہوں نے ہنس کر کہا کہ یہ

چائے کا ابال ہے ابھی ختم ہو جائے گا۔

ایک دفعہ قائداعظم لندن میں پریس کانفرنس میں بتا رہے تھے کہ کانگریس کی غلط پالیسی سے مسلمانوں کو کس طرح نقصان پہنچا؟ کسی نمائندے نے کہا کہ لیکن جناب! آپ بھی تو کبھی کانگریس میں تھے۔ اس پر قائد نے کہا کہ ہاں جب میں بچہ تھا تو پرائمری اِسکول میں بھی پڑھتا تھا۔

☆☆☆☆

مشغلے

قائداعظم ایک صحت مند ذہن کے ساتھ صحت مند جسم کے بھی مالک تھے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ انکے مشاغل مثبت اور تعمیری تھے اگرچہ وہ بڑے میدانی کھیلوں مثلاً کرکٹ، فٹ بال، ہاکی وغیرہ میں بہت کم حصہ لیتے تھے لیکن اندرون خانہ کھیلوں مثلاً بلیرڈ وغیرہ میں زیادہ دلچسپی تھے۔ اس کے علاوہ اپنی کوٹھی کے باغ میں چہل قدمی کر لیتے یا کبھی جی چاہتا تو کار میں سمندر کے کنارے ہوا خوری کے لئے چلے جاتے تھیٹر اور فلم دیکھنے کے بھی وہ شوقین تھے۔ کبھی کبھی گاف بھی کھیل لیتے تھے۔

ورثہ

قائداعظم کا سب سے بڑا ورثہ مملکت خداداد پاکستان ہے۔ جو وہ ہمارے لئے چھوڑ گئے ہیں اور جس کی حفاظت، ترقی اور استحکام ہم سب پر فرض ہے۔ جب تک ہمارا یہ پیارا وطن پاکستان قائم ہے۔ اس کے بانی قائداعظم کا نام بھی زندہ رہے گا۔ ہمیں چاہئے کہ ان کے بتائے ہوئے اصولوں اتحاد، ایمان تنظیم پر سختی سے عمل کریں اور پاکستان کو ایک خوشحال مضبوط اور ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے رات دن محنت سے کام کریں۔

☆☆☆☆

ارشادات

قائداعظم کے اس دنیا سے چلے جانے کے بعد ان کے ارشادات ہمارے لئے مشعل راہ سے کم نہیں۔ وہ پاکستان میں اسلامی جمہوریت چاہتے تھے۔ چنانچہ 14 فروری 1948ء کو سبی دربار میں انہوں نے خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔

''میرا ایمان ہے کہ ہماری نجات کا واحد ذریعہ اس سنہری اصولوں والے ضابطۂ حیات پر عمل کرنا ہے۔ جو ہمارے عظیم قانون ساز پیغمبر اسلام نے ہمارے لئے قائم کیا

ہے۔ہمیں اپنی جمہوریت کی بنیادیں سچے اسلامی اصولوں اورنظریوں پر رکھی چاہئیں اللہ نے ہمیں حکم دیا ہے کہ مملکت کے امور ومسائل کے بارے میں فیصلے مشوروں اور باہمی بحث وتمحیص سے کیا کریں''۔

ایک جگہ امریکہ کے لوگوں کے نام ایک پیغام میں آپ نے فرمایا۔

''جمہوریت کا سبق ہم نے اسلام اوراس کے نظریات سے سیکھا ہے۔اسلام نے ہمیں مساوات، انصاف اور ہر ایک سے رواداری کا درس دیا ہے ہم ان عظیم الشان روایات کے وارث اورامین ہیں اور پاکستان کے آئندہ دستور کے معماروں کی حیثیت سے ہم اپنی ذمہ داریوں اورفرائض سے بخوبی آگاہ ہیں''۔

قائداعظم اسلام ہی کو پاکستان میں قومیت کی بنیاد خیال کرتے تھے۔انہیں علم تھا کہ پاکستان کے مسلمانوں کا تعلق مختلف نسلوں سے ہیں۔اس کے باوجود وہ قومی اتفاق و اتحاد اوریک جہتی کی خاطر چاہتے تھے کہ علاقوں،صوبوں، فرقوں اورقبیلوں کے فرق کوختم کیاجائے۔انہوں نے ایک جگہ فرمایا:

''جب تک آپ اپنے سیاسی ڈھانچے سے صوبائیت کے زہر کونکال نہیں پھینکیں گے۔آپ کبھی ایک سچی اورحقیقی قوم کے سانچے میں نہ ڈھل سکیں گے اورآپ متحد ومتفق نہ ہوسکیں گے۔آپ خواہ کچھ بھی ہوں اورخواہ کہیں بھی ہوں اوّل وآخر مسلمان ہیں۔آپ ایک باقاعدہ قوم سے تعلق رکھتے ہیں۔اب آپ نے اپنے لئے ایک وسیع علاقہ حاصل

کرلیا ہے۔ یہ آپ کی سرزمین ہے۔ پاکستان آپ سب کا ہے۔ آپ کی اپنی مرکزی حکومت ہے۔ جس میں مختلف جغرافیائی وحدتوں کو نمائندگی حاصل ہے۔ اس لئے اگر آپ خود کو ایک عظیم قوم کے سانچے میں ڈھالنا چاہتے ہیں تو خدا کیلئے اس صوبائیت کو فوراً ترک کر دیئے۔ صوبائی عصبیت ایک لعنت ہے اسی طرح فرقہ بند بھی یعنی شیعہ سنی وغیرہ''

پاکستان کی سرکاری زبان کے بارے میں آپ نے فرمایا۔ ''پاکستان کی سرکاری زبان اردو ہوگی اور صرف اردو۔ ایک مشترکہ سرکاری زبان کے بغیر کوئی قوم باہم متحد نہیں ہوسکتی اور نہ ہی کوئی کارنمایاں انجام دے سکتی ہے۔

☆☆☆☆